| ۱۶۷۴ | نکاح کرنا اس شرط پر کہ مسلمان ہو جاوے مرد | 〃 |
| ۱۶۷۵ | آزاد کرنے کو مہر ٹھہرا کر نکاح کر لینے کا بیان | ۴۳۴ |
| ۱۶۷۶ | آزاد کرنا لونڈی کو اور پھر نکاح کر لینا اس سے | ۴۳۵ |

www.sirat-e-mustaqeem.com




| نمبر شمار | باب | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| | کیسا ہے اور کتنا اجر رکھتا ہے | |
| ۱۶۷۷ | مہروں میں انصاف اور عدل کرنے کا بیان | ۴۳۵ |
| ۱۶۷۸ | سونے کے ایک نواۃ پر نکاح کرنا | ۴۳۸ |
| ۱۶۷۹ | بغیر مہر کے نکاح کر لینے کی اباحت اور جواز کا بیان | ۴۴۰ |
| ۱۶۸۰ | بیان ایسی عورت کا جس نے ہبہ اور بخشش کر دیا اپنے تئیں کسی مرد کو بغیر مہر کے | ۴۴۲ |
| ۱۶۸۱ | حلال کر دینا فرج کا کسی کے لیے | ۴۴۳ |
| ۱۶۸۲ | متعہ کے حرام ہونے کا بیان | ۴۴۴ |
| ۱۶۸۳ | شہرت نکاح کی آواز سے دف بجانے کے ساتھ | ۴۴۶ |
| ۱۶۸۴ | جس آدمی کا نکاح ہو گیا ہو اُس وقت اُس کو کیا دعا دینی چاہیے | 〃 |
| ۱۶۸۵ | جو شخص حاضر نہ ہوا نکاح کے وقت اس کی دعا دینے کا بیان | ۴۴۷ |
| ۱۶۸۶ | شادی میں زرد چیز لگانے کی رخصت اور اجازت کا بیان | 〃 |
| ۱۶۸۷ | خلوت کی بخشش دینے کا بیان | ۴۴۸ |
| ۱۶۸۸ | عید کے ماہ میں دلہن کو نوشہ کے پاس بھیجنے کا بیان | 〃 |
| ۱۶۸۹ | نو برس کی لڑکی کو خاوند کے گھر بھیجنے کا بیان | 〃 |
| ۱۶۹۰ | مسافری میں دلہن کے پاس جانے کا بیان | ۴۴۹ |
| ۱۶۹۱ | کھیلنا اور گانا کیسا ہے شادی میں | ۴۵۱ |
| ۱۶۹۲ | اپنی بیٹی کو جہیز دینے کا بیان | 〃 |
| ۱۶۹۳ | فرش اور بچھونا رکھنے کا بیان | ۴۵۲ |
| ۱۶۹۴ | حاشیہ اور چادریں رکھنے بیان | 〃 |
| ۱۶۹۵ | نوشہ کو ہدیہ اور تحفہ دینا | 〃 |

| نمبر شمار | باب | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| | **کتاب عورتوں کے ساتھ گذارہ کرنے کا بیان** | ۴۵۴ |
| ۱۶۹۶ | عورتوں سے محبت کرنے کا بیان | 〃 |
| ۱۶۹۷ | ایک عورت سے زیادہ محبت کرنا | 〃 |
| ۱۶۹۸ | ایک عورت کو دوسروں سے زیادہ چاہنا | ۴۵۵ |
| ۱۶۹۹ | رشک اور جلن کا بیان | ۴۵۹ |
| | **کتاب طلاق کے بیان** | ۴۶۴ |
| ۱۷۰۰ | باب بیان میں طلاق دینے کے موافق اس عدت کے جس عدت میں عورتوں کو طلاق دینے کا حکم کیا اللہ نے۔ | 〃 |
| ۱۷۰۱ | باب بیان میں طلاق سنت کے | ۴۶۶ |
| ۱۷۰۲ | اگر حیض کے وقت ایک طلاق دی کسی آدمی نے اس شخص کے لیے کیا حکم ہے | ۴۶۷ |
| ۱۷۰۳ | غیر عدت میں طلاق دینے کا کیا حکم ہے | 〃 |
| ۱۷۰۴ | اگر کوئی شخص طلاق دیوے خلاف عدت کے تو کیا حکم ہے اور آیا یہ طلاق شمار کی جائے گی یا نہیں | ۴۶۸ |
| ۱۷۰۵ | تین طلاق اکٹھا دینے پر سختی اور غصہ کرنے کا بیان | 〃 |
| ۱۷۰۶ | تین طلاق ایک بار دینے کی رخصت کے بیان میں | ۴۶۹ |
| ۱۷۰۷ | تین طلاق متفرق دینے کا بیان | ۴۷۱ |
| ۱۷۰۸ | کوئی شخص طلاق دیوے عورت کو جماع کرنے سے پہلے | 〃 |
| ۱۷۰۹ | طلاق قطعی کا بیان | ۴۷۲ |
| ۱۷۱۰ | امرک بیدک کی تحقیق اور اختلاف کے بیان میں | ۴۷۳ |
| ۱۷۱۱ | باب بیان میں حلال ہونے مطلقہ کے جس کو تین طلاق دی گئی ہوں اور ذکر میں اس نکاح کے جو حلال اور جائز کر دیتا ہے اس کو | ۴۷۴ |

| نمبر شمار | باب | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۷۱۲ | تین طلاق دی گئی عورت سے حلالہ کر لے کا بیان الخ | ۴۷۶ |
| ۱۷۱۳ | باب بیان میں اس بات کے کہ مرد عورت کا منہ دیکھتے ہی طلاق دے | 〃 |
| ۱۷۱۴ | طلاق کہلا بھیجنا کسی آدمی کی زبانی اپنی جورو کو | ۴۷۷ |
| ۱۷۱۵ | اس بات کا بیان کہ اس آیت یا ایہا النبی لم تحرم الخ کے کیا معنی اور اس کے فرمانے سے کیا غرض ہے | 〃 |
| ۱۷۱۶ | اس آیت کی تاویل دوسرے طور پر | ۴۷۸ |
| ۱۷۱۷ | باب بیان میں یوں کہنے کے اپنی جورو کو جا تو اپنے گھر والوں کے ساتھ مل کر رہ | ۴۷۹ |
| ۱۷۱۸ | غلام کی طلاق کا بیان | ۴۸۲ |
| ۱۷۱۹ | لڑکے کا طلاق دینا کس عمر میں معتبر ہوتا ہے | 〃 |
| ۱۷۲۰ | بعض شخص ایسے ہیں کہ ان کا طلاق دینا معتبر نہیں | ۴۸۳ |
| ۱۷۲۱ | جو شخص اپنے جی میں طلاق دے لے اس کا کیا حکم ہے | ۴۸۴ |
| ۱۷۲۲ | طلاق دینا اس اشارے سے جو سمجھ میں آ سکتا ہے | ۴۸۵ |
| ۱۷۲۳ | اس کلام کا بیان جس کے کئی معنی ہوں اگر قصد کیا جائے کسی ایک معنی کا تو وہ قصد کرنا صحیح ہوگا | 〃 |
| ۱۷۲۴ | باب بیان میں اس بات کے کہ اگر کوئی ایک لفظ صاف بولے اور اس سے وہ مطلب مراد لے جو اس سے نہیں نکلتا تو وہ لغو ہوگا اور اس سے کوئی حکم ثابت نہ ہوگا یعنی وہ مطلب جو مراد ہے | ۴۸۶ |
| ۱۷۲۵ | خیار کی حدت معین کرنے کے بیان میں یہ باب ہے | 〃 |
| ۱۷۲۶ | باب بیان میں ان عورتوں کے جن کو اختیار کیا اپنے خاوندوں کو. | ۴۸۸ |
| ۱۷۲۷ | جب خاوند اور جورو دونوں غلام لونڈی ہوں پھر آزاد ہو جائیں تو اختیار ہوگا | ۴۸۹ |
| ۱۷۲۸ | لونڈی کو اختیار دینے کا بیان | 〃 |
| ۱۷۲۹ | باب بیان میں اختیار دینے اس لونڈی کے جو آزاد کی گئی ہو اور خاوند اس کا حر یعنی آزاد ہو۔ | ۴۹۰ |
| ۱۷۳۰ | باب ہے بیان میں اس مسئلہ کے اختیار ہے اس لونڈی کو جس کا خصم غلام ہے آزاد ہونے کے بعد | ۴۹۲ |
| ۱۷۳۱ | باب ایلا کے بیان میں | ۴۹۴ |
| ۱۷۳۲ | باب ظہار کے بیان میں | ۴۹۵ |
| ۱۷۳۳ | باب خلع کے بیان میں | ۴۹۷ |
| ۱۷۳۴ | لعان کے شروع ہونے کا بیان | ۴۹۹ |
| ۱۷۳۵ | لعان کرنا حمل ہونے کے وقت میں | ۵۰۱ |
| ۱۷۳۶ | باب بیان میں لعان کے جس میں نام لے کر چھنالہ ثابت کرے مرد اپنی عورت کے لیے۔ | 〃 |
| ۱۷۳۷ | لعان کس طرح کرتے ہیں | ۵۰۲ |
| ۱۷۳۸ | امام کے اللہم بین کہنے کا بیان | ۵۰۴ |
| ۱۷۳۹ | باب حکم کرنے کا اس بات کے لیے کہ رکھا جاوے ہاتھ منہ پر لعان کرنے والے کے پانچویں بار | ۵۰۵ |
| ۱۷۴۰ | باب بیان میں اس بات کے کہ مرد اور عورت کو امام نصیحت کرے لعان کرنے کے وقت | ۵۰۶ |
| ۱۷۴۱ | لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق اور جدائی الخ | ۵۰۸ |
| ۱۷۴۲ | توبہ لینا لعان کرنے والوں سے بعد لعان | 〃 |

www.sirat-e-mustaqeem.com




| نمبر شمار | باب | صفحہ |
|---|---|---|
| | کرنے کے | |
| ۱۶۴۳ | لعان کرنے والوں کا ملاپ | ۵۰۹ |
| ۱۶۴۴ | نفی اور انکار کرنا لڑکے کا بسبب لعان کے اور سپرد کر دینا لڑکے کو اس کی ماں کے پاس | 〃 |
| ۱۶۴۵ | اگر اشارہ کرے مرد اپنی عورت کی بدکاری کا اپنے لڑکے کے پیرایہ میں لیکن ظاہر میں لڑکے کا انکار نہ کرے اور دل میں مراد ہو انکار کرنا ایسے شخص کا کیا حکم ہے | 〃 |
| ۱۶۴۶ | اولاد سے انکار کرنے والے پر تغلیظ اور سختی کرنے کا باب | ۵۱۱ |
| ۱۶۴۷ | جب کہ کسی عورت کا خاوند بچے کا انکار نہ کرے تو بچہ اس کو دے دینا چاہیے | ۵۱۲ |
| ۱۶۴۸ | لونڈی کے خراش ہونے کے بیان میں | ۵۱۳ |
| ۱۶۴۹ | بیان قرعہ یعنی پانسہ ڈالنے کا جب تنازع اور جھگڑا کریں لوگ کسی بچے میں | ۵۱۴ |
| ۱۶۵۰ | قیافہ جاننے والوں کا بیان | ۵۱۶ |
| ۱۶۵۱ | خصم اور جورو دونوں میں سے کوئی مسلمان ہو جائے اس باب میں اس کا بیان ہے اور لڑکے کو اختیار دینا اس کا بھی بیان ہے | ۵۱۸ |
| ۱۶۵۲ | خلع کرنے والی کی عدت کا بیان | ۵۱۹ |
| ۱۶۵۳ | مطلقہ عورتوں کی عدت کی جو آیت ہے اس میں سے کون کون سی عورتیں مستثنیٰ ہیں | ۵۲۰ |
| ۱۶۵۴ | جس عورت کا خصم مرگیا ہو یہ باب اس کی عدت کے بیان میں ہے | ۵۲۱ |
| ۱۶۵۵ | اس باب میں ہے اس حاملہ عورت کی عدت کا جس کا خاوند مرگیا ہو | ۵۲۲ |
| ۱۶۵۶ | اگر کسی عورت کا خاوند اس کے ساتھ ہم بستر ہونے سے پہلے مرجائے تو اس کی عدت کیا ہے | ۵۳۱ |

| نمبر شمار | باب | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۶۵۷ | باب سوگ کرنے کے بیان میں | ۵۳۱ |
| ۱۶۵۸ | جس کتابیہ کا خاوند مرجائے اس پر سے سوگ کا حکم ساقط ہے | ۵۳۲ |
| ۱۶۵۹ | جس عورت کا خاوند مرجائے اس عورت کو عدت گزرنے تک اپنے گھر میں رہنا چاہیے | 〃 |
| ۱۶۶۰ | باب عدت گذارنے کی رخصت کے بیان میں اس عورت کے لیے جس کا خاوند مرگیا ہو جہاں چاہے وہاں اپنی عدت گذارے | ۵۳۴ |
| ۱۶۶۱ | جس عورت کا خاوند مرجائے اس کی عدت اسی دن سے ہے جس دن سے اس کو خبر آئے | 〃 |
| ۱۶۶۲ | ترک کرنا زینت کا واسطے سوگ کے مسلمان عورت کے لیے ہے نہ یہودیہ اور نصرانیہ کے لیے | 〃 |
| ۱۶۶۳ | سوگ کرنے والی عورت کو رنگیں کپڑے سے پرہیز کرنے کا بیان | ۵۳۶ |
| ۱۶۶۴ | باب سوگ کرنے والی کے خضاب کرنے کے بیان میں | ۵۳۷ |
| ۱۶۶۵ | اس باب میں بیان ہے اس بات کا کہ سوگ والی کے لیے رخصت ہے سر دھونے کی بیری کے پتوں سے | 〃 |
| ۱۶۶۶ | سوگ کرنے والی سرمہ لگانے کی ممانعت کا بیان | ۵۳۸ |
| ۱۶۶۷ | قسط یعنی کٹ اور اظفار کے استعمال کرنے کا بیان سوگ والی کے لیے | ۵۳۹ |
| ۱۶۶۸ | باب ہے بیان میں اس بات کے کہ جس عورت کا خاوند مرجاتا تھا اس کو خرچ دلایا جاتا سال بھر کا پھر وہ منسوخ ہوگیا بسبب مقرر ہونے میراث کے | ۵۴۰ |
| ۱۶۶۹ | رخصت دی گئی ہے تین طلاق والی کو عدت | 〃 |

www.sirat-e-mustaqeem.com




| نمبر شمار | باب | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۷۷۰ | کے دنوں میں اپنے گھر سے دوسری جگہ جانے کی دن کو باہر نکلنا اس عورت کا جس کا خاوند مر گیا ہو یہ باب اس بات کے بیان میں ہے | ۵۴۳ |
| ۱۷۷۱ | اس باب میں بائن کے نفقے کا بیان ہے | 〃 |
| ۱۷۷۲ | حاملہ مبتوتہ کے نفقہ کا بیان | 〃 |
| ۱۷۷۳ | قرء کسے کہتے ہیں اور شارع نے کس معنے کے لیے بولا ہے | ۵۴۴ |
| ۱۷۷۴ | اس باب میں تین طلاق کے بعد رجوع کرنے کے منسوخ ہونے کا بیان ہے | ۵۴۵ |
| ۱۷۷۵ | باب رجوع کرنے کے بیان عورت کی طرف سے | ۵۴۶ |
| ۱۷۷۶ | **کتاب گھوڑوں کے بیان میں** | ۵۴۹ |
| ۱۷۷۷ | یہ باب ہے گھوڑوں کے شوق اور محبت کے بیان میں | ۵۵۱ |
| ۱۷۷۸ | کون سے رنگ کا گھوڑا بہتر ہے | 〃 |
| ۱۷۷۹ | گھوڑوں میں شکال گھوڑا رکھنا کیسا ہے | 〃 |
| ۱۷۸۰ | اس باب میں گھوڑوں کے شوم اور نحس ہونے کا بیان ہے | ۵۵۲ |
| ۱۷۸۱ | اس باب میں گھوڑے کی برکت کا بیان ہے | ۵۵۳ |
| ۱۷۸۲ | گھوڑوں کی پیشانی کو گوندھنے کا بیان | 〃 |
| ۱۷۸۳ | اس بات کا بیان ہے ادب دے آدمی اپنے گھوڑے کو | ۵۵۴ |
| ۱۷۸۴ | گھوڑے کی دعا کا بیان | ۵۵۵ |
| ۱۷۸۵ | گھوڑیوں کو گدھوں سے جفتی کرانا بری بات ہے | 〃 |
| ۱۷۸۶ | گھوڑوں کو دانہ اور گھاس دینے کی خوبی اور اجر کا بیان | ۵۵۶ |
| ۱۷۸۷ | جس گھوڑے کو اضمار نہیں کیا گیا اس کے دوڑانے کی انتہاء کا بیان | ۵۵۶ |
| ۱۷۸۸ | اضمار کرنے کی عادت ڈالنا گھوڑوں کو | ۵۵۷ |
| ۱۷۸۹ | گھوڑ دوڑ کے بیان میں ہے یہ باب | 〃 |
| ۱۷۹۰ | جلب کا بیان | ۵۵۸ |
| ۱۷۹۱ | جنب کا بیان | ۵۵۹ |
| ۱۷۹۲ | گھوڑوں کا دوہرا حصہ ہے | 〃 |
| ۱۷۹۳ | **کتاب بیان میں وقف کرنے کے اپنے مال کو اللہ کی راہ میں** | ۵۶۰ |
| ۱۷۹۴ | اس باب میں اس کا بیان ہے کہ وقف کس طرح پر کرنا چاہیے | 〃 |
| ۱۷۹۵ | جو جائیداد مشترک اور تقسیم نہ ہوئی ہو اس کے وقف کا باب | ۵۶۳ |
| ۱۷۹۶ | باب مسجد کے واسطے وقف کرنے کے بیان | ۵۶۴ |
| | **کتاب وصیتوں کے بیان میں** | ۵۷۰ |
| ۱۷۹۷ | اور اس بات کے بیان میں نہ دبر کرنا وصیت میں مکروہ ہے | ۵۷۰ |
| ۱۷۹۸ | نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کچھ وصیت کی تھی یا نہیں | ۵۷۲ |
| ۱۷۹۹ | باب تہائی مال کی وصیت کرنے کے بیان میں | ۵۷۴ |
| ۱۸۰۰ | قرض ادا کرنا مقدم ہے میراث پر | ۵۷۸ |
| ۱۸۰۱ | وارث کے لیے وصیت کرنا باطل اور | ۵۸۱ |

www.sirat-e-mustaqeem.com




| نمبر شمار | باب | صفحہ |
|---|---|---|
| | ناجائز ہے | |
| ۱۸۰ | جب وصیت کرے کوئی اپنے ناتے والوں کو جو قریب ہو اس کے ناتے ہیں تو کس طرح کرے ان کو اس باب میں اس کا بیان ہے | ۵۸۱ |
| ۱۸۰۲ | اگر کوئی شخص مر جائے اس کے وارثوں کو اس کی طرف سے صدقہ کرنا مستحب ہے یا نہیں اس باب میں اس کا بیان ہے | ۵۸۳ |
| ۱۸۰۳ | بزرگی صدقہ کرنے کی میت کی طرف سے | 〃 |
| ۱۸۰۵ | ذکر اختلاف کا جو واقع ہوا ہے سفیان پر | ۵۸۷ |
| ۱۸۰۶ | یتیم کے مال کا والی ہونے کی ممانعت کے بیان میں | ۵۸۸ |
| ۱۸۰۷ | کیا وصی کو بھی کچھ پہنچ سکتا ہے یتیم کے مال میں سے جب وہ مقرر ہو اس مال پر | ۵۸۹ |
| ۱۸۰۸ | یتیم کا مال کھانے سے پرہیز کرنا چاہیے | ۵۹۰ |

www.sirat-e-mustaqeem.com



# كِتَابُ الصِّيَامِ

# کتاب روزوں کے بیان میں

## ۱۱۴۸۔ بَابُ وُجُوبِ الصِّيَامِ

## روزوں کی فرضیت

۲۰۹۰۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ أَنَّ أَعْرَابِيًّا جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَائِرَ الرَّأْسِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَخْبِرْنِي مَاذَا فَرَضَ اللَّهُ عَلَيَّ مِنَ الصَّلَوٰةِ قَالَ الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ شَيْئًا قَالَ أَخْبِرْنِي بِمَا افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَيَّ مِنَ الصِّيَامِ قَالَ صِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ إِلَّا أَنْ تَطَوَّعَ شَيْئًا قَالَ أَخْبِرْنِي بِمَا افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَيَّ مِنَ الزَّكٰوةِ فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَرَائِعِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ وَالَّذِي أَكْرَمَكَ لَا أَتَطَوَّعُ شَيْئًا وَلَا أَنْقُصُ مِمَّا فَرَضَ اللَّهُ عَلَيَّ شَيْئًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْلَحَ إِنْ صَدَقَ أَوْ دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنْ صَدَقَ۔

حضرت طلحہؓ بن عبیداللہ سے روایت ہے ایک گنوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا جس کے بال پریشان تھے (یعنی سر بکھرا ہوا تھا) اس نے کہا یا رسول اللہ مجھے بتلائیے اللہ نے کتنی نماز مجھ پر فرض کی ہے آپ نے فرمایا پانچ نمازیں اور اس سے زیادہ نفل ہیں پھر اس نے کہا مجھے بتلائیے اللہ نے کتنے روزے مجھ پر فرض کیے ہیں آپ نے فرمایا رمضان کے روزے اور اس کے سوا نفل ہیں پھر اس نے کہا مجھے بتلائیے زکوٰۃ اللہ نے کتنی فرض کی ہے آپ نے اس کو اسلام کے احکام بتلائے وہ بولا قسم اس شخص کی جس نے آپ کو بزرگی دی میں اس سے زیادہ نہیں کروں گا نہ اس سے کم جتنا اللہ نے فرض کیا ہے آپ نے فرمایا اگر اس نے سچ کہا تو نجات پائی یا جنت میں جائے گا۔ ف۱

ف۱۔ اس حدیث سے روزے کی فرضیت ثابت ہوئی اور کلام اللہ کی آیت بھی فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ یعنی جو شخص تم میں سے رمضان کو پاوے وہ روزے رکھے فرضیت پر دال ہے اور اس سے منسوخ ہوگیا وہ حکم جو ابتداء اسلام میں تھا کہ جو شخص مالدار ہو وہ روزے رکھے یا فدیہ دیوے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے یہاں اختیار نہیں دیا اور جو فدیے کا اختیار باقی ہوتا تو مریض اور مسافر زیادہ حقدار تھے ان کو قضا کرنے کا کیوں حکم ہوا اب بعض ملحدوں نے جو روزے کو فرض اختیاری قرار دیا ہے یہ ابطال ہے آیت اور احادیث متواترہ کا اور خرق ہے اجماع اور صحابہ اور تابعین کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۰۹۷ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو
عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ
الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ نُهِينَا
فِي الْقُرْآنِ أَنْ نَسْأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ فَكَانَ يُعْجِبُنَا
أَنْ يَجِيءَ الرَّجُلُ الْعَاقِلُ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ
فَيَسْأَلَهُ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ
فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ أَتَانَا رَسُولُكَ فَأَخْبَرَنَا
أَنَّكَ تَزْعُمُ أَنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ أَرْسَلَكَ
قَالَ صَدَقَ قَالَ فَمَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ قَالَ
اللَّهُ قَالَ فَمَنْ خَلَقَ الْأَرْضَ قَالَ اللَّهُ
قَالَ فَمَنْ نَصَبَ فِيهَا الْجِبَالَ قَالَ
اللَّهُ قَالَ فَمَنْ جَعَلَ فِيهَا الْمَنَافِعَ قَالَ
اللَّهُ قَالَ فَبِالَّذِي خَلَقَ السَّمَاءَ وَالْأَرْضَ
وَنَصَبَ فِيهَا الْجِبَالَ وَجَعَلَ فِيهَا الْمَنَافِعَ
آللَّهُ أَرْسَلَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَزَعَمَ
رَسُولُكَ أَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي
كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ قَالَ صَدَقَ قَالَ
فَبِالَّذِي أَرْسَلَكَ آللَّهُ أَمَرَكَ بِهَذَا قَالَ
نَعَمْ قَالَ وَزَعَمَ رَسُولُكَ أَنَّ
عَلَيْنَا زَكَاةَ أَمْوَالِنَا قَالَ صَدَقَ قَالَ
فَبِالَّذِي أَرْسَلَكَ آللَّهُ أَمَرَكَ بِهَذَا قَالَ
نَعَمْ قَالَ وَزَعَمَ رَسُولُكَ أَنَّ عَلَيْنَا
صَوْمَ شَهْرِ رَمَضَانَ فِي كُلِّ سَنَةٍ قَالَ
صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِي أَرْسَلَكَ آللَّهُ أَمَرَكَ
بِهَذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ وَزَعَمَ رَسُولُكَ
أَنَّ عَلَيْنَا الْحَجَّ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ
سَبِيلًا قَالَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِي أَرْسَلَكَ
آللَّهُ أَمَرَكَ بِهَذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَوَالَّذِي

حضرت انس سے روایت ہے ہم کو ممانعت
تھی قرآن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ پوچھنے
کی (یعنی بلاضرورت سوال کرنے کی اللہ تعالے نے فرمایا
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ اَشْیَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ
(یعنی اسے ایمان والو مت پوچھو وہ باتیں کہ اگر کھولی
جائیں تم پر برا لگے تم کو) تو ہم کو بھلا معلوم ہوتا اگر کوئی
شخص عقلمند گاؤں سے آوے اور آپ سے کچھ پوچھے
اتفاقاً ایک شخص جنگل کا رہنے والا آیا اور بولا اے محمد
(صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارا پیام پہنچانے والا ہمارے پاس
آیا اور کہنے لگا تم کہتے ہو کہ اللہ جل جلالہٗ نے مجھ کو بھیجا
ہے آپ نے فرمایا اس نے سچ کہا وہ شخص بولا آسمان
کو کس نے پیدا کیا آپ نے فرمایا اللہ تعالے نے پھر
وہ بولا پہاڑوں کو زمین میں کس نے جمایا آپ نے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے پھر وہ بولا ان میں فائدے (یعنی طرح طرح
کے پھل اور میوے) کس نے پیدا کیے آپ نے فرمایا
اللہ تعالے نے پھر وہ بولا قسم ہے اس شخص کی جس
نے آسمان اور زمین کو پیدا کیا پھر زمین میں پہاڑ کھڑے
کیے پھر ان میں طرح طرح کے فائدے رکھے کیا اللہ تعالیٰ
نے تم کو بھیجا ہے آپ نے فرمایا ہاں پھر وہ بولا تمہارے
پیام پہنچانے والے نے ہم سے کہا کہ ہم پر پانچ نمازیں
ہیں ہر دن رات میں آپ نے فرمایا سچ کہا وہ بولا قسم
ہے اس ذات کی جس نے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپ کو
حکم کیا ہے ان نمازوں کا آپ نے فرمایا ہاں پھر وہ بولا
آپ کے پیام پہنچانے والے نے کہا ہم پر ہر سال میں
ایک مہینے کے روزے ہیں آپ نے فرمایا سچ کہا وہ بولا قسم
ہے اس ذات کی جس نے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپ کو
حکم کیا ہے روزوں کا آپ نے فرمایا ہاں پھر وہ بولا آپکے
پیام پہنچانے والے نے ہم سے کہا ہم پر حج ہے بیت اللہ
کا جو جانے کا راستہ پاوے آپ نے فرمایا سچ کہا وہ بولا قسم ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَزِيدُ عَلَيْهِنَّ شَيْئًا وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَئِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ۔

اس ذات کی جس نے آپ کو بھیجا کیا اللہ نے آپ کو حج کا حکم کیا ہے آپ نے فرمایا ہاں وہ بولا قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو سچا پیغمبر کر کے بھیجا میں ان باتوں کو پورا کروں گا نہ زیادہ نہ کم جب وہ پیٹھ موڑ کر چلا آپ نے فرمایا اگر سچ بولا تو جنت میں جائے گا۔ ف۱

۲۰۹۲ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ شَرِيكِ بْنِ أَبِي نَمِرٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ بَيْنَا نَحْنُ جُلُوسٌ فِي الْمَسْجِدِ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى جَمَلٍ فَأَنَاخَهُ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ عَقَلَهُ فَقَالَ لَهُمْ أَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ قُلْنَا لَهُ هَذَا الرَّجُلُ الْأَبْيَضُ الْمُتَّكِئُ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَجَبْتُكَ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّي سَائِلُكَ يَا مُحَمَّدُ فَمُشَدِّدٌ عَلَيْكَ فِي الْمَسْأَلَةِ فَلَا تَجِدَنَّ فِي نَفْسِكَ قَالَ سَلْ مَا بَدَا لَكَ فَقَالَ الرَّجُلُ نَشَدْتُكَ بِرَبِّكَ وَرَبِّ مَنْ قَبْلَكَ آللَّهُ أَرْسَلَكَ إِلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ اللَّهَ آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ نُصَلِّيَ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ اللَّهَ آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ تَصُومَ هَذَا الشَّهْرَ مِنَ السَّنَةِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ اللَّهَ آللَّهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْخُذَ هَذِهِ الصَّدَقَةَ مِنْ أَغْنِيَائِنَا فَتَقْسِمَهَا عَلَى فُقَرَائِنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ آمَنْتُ بِمَا جِئْتَ بِهِ وَأَنَا

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں ایک شخص اُونٹ پر سوار آیا اور مسجد میں اُونٹ کو بٹھایا پھر اس کو باندھا پھر لوگوں سے بولا محمد تم میں سے کون ہیں اور آپ صحابہ کے بیچ تکیہ لگائے بیٹھے تھے ہم نے کہا یہ شخص ہیں گورے رنگ کے تکیہ لگائے ہوئے وہ شخص بولا اے عبدالمطلب کے بیٹے آپ نے فرمایا میں نے تجھے جواب دیا (یعنی میں موجود ہوں پکارنا کیا ضرور ہے) وہ شخص بولا اے محمد میں تم سے کچھ پوچھنے والا ہوں اور زور سے پوچھوں گا تو تم بُرا نہ ماننا آپ نے فرمایا پوچھ تو جو چاہے وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں تمھارے پروردگار کی اور تم سے پہلے جو لوگ گزرے ان کے پروردگار کی کیا اللہ نے تم کو سب آدمیوں کی طرف بھیجا ہے آپ نے فرمایا ہاں اے خدا (یعنی خدا کو گواہ کیا اپنے اس کہنے پر) پھر وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں اللہ کی کیا اللہ نے تم کو حکم کیا ہے پانچ نمازیں پڑھنے کا دن رات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں اے خدا پھر وہ بولا میں تم کو قسم دیتا ہوں کیا اللہ نے تم کو حکم کیا ہے ہر سال اس مہینے میں (یعنی رمضان میں) روزے رکھنے کا آپ نے فرمایا ہاں یا اللہ، تب وہ شخص بولا میں نے یقین کیا اُس دین پر جس کو تم لائے اور میں قاصد ہوں اپنی قوم کے لوگوں کا جو میرے پیچھے ہیں اور میں ضمام ہوں ثعلبہ کا بیٹا

ف۱۔ یہ پوچھنے والا ضمام بن ثعلبہ تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صرف فرض ادا کرنا جنت کے استحقاق کیلئے کافی ہے اگرچہ سنت و نوافل ادا نہ کرے

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلُ مَنْ وَّرَائِيْ مِنْ قَوْمِيْ وَاَنَا ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ اَخُوْ بَنِيْ ثَعْلَبَةَ اَخُوْ بَنِيْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ خَالَفَهُ يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ۔

نبی سعدؓ بن بکر کی قوم میں سے۔

۲۰۹۷ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مِنْ كِتَابِهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّيْ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ وَغَيْرُهُ مِنْ اِخْوَانِنَا عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ شَرِيْكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ نَمِرٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُلُوْسٌ فِي الْمَسْجِدِ دَخَلَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ فَاَنَاخَهُ فِي الْمَسْجِدِ ثُمَّ عَقَلَهُ ثُمَّ قَالَ اَيُّكُمْ مُحَمَّدٌ وَهُوَ مُتَّكِئٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ فَقُلْنَا لَهُ هٰذَا الرَّجُلُ الْاَبْيَضُ الْمُتَّكِئُ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَبْتُكَ قَالَ الرَّجُلُ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ سَائِلُكَ فَمُشَدِّدٌ عَلَيْكَ فِي الْمَسْاَلَةِ قَالَ سَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ قَالَ اَنْشُدُكَ بِرَبِّكَ وَرَبِّ مَنْ قَبْلَكَ آللّٰهُ اَرْسَلَكَ اِلَى النَّاسِ كُلِّهِمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكَ اللّٰهَ آللّٰهُ اَمَرَكَ اَنْ تَصُوْمَ هٰذَا الشَّهْرَ مِنَ السَّنَةِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكَ اللّٰهَ آللّٰهُ اَمَرَكَ اَنْ تَاْخُذَ هٰذِهِ الصَّدَقَةَ مِنْ اَغْنِيَائِنَا فَتَقْسِمَهَا عَلٰى فُقَرَائِنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَللّٰهُمَّ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّيْ آمَنْتُ بِمَا جِئْتَ بِهِ وَاَنَا رَسُوْلُ مَنْ وَّرَائِيْ مِنْ قَوْمِيْ وَاَنَا ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ اَخُوْ بَنِيْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ خَالَفَهُ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

۲۰۹۸ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ ... حَدَّثَنَا اَبُوْ عُمَارَةَ حَمْزَةُ بْنُ الْحٰرِثِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِيْ يَذْكُرُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدٍ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ بیٹھے تھے اتنے میں ایک شخص جنگل کا رہنے والا آیا اور پوچھا

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنِ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَصْحَابِهِ جَاءَ رَجُلٌ مِّنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ قَالَ أَيُّكُمْ ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالُوا هٰذَا الْأَمْغَرُ الْمُرْتَفِقُ قَالَ حَمْزَةُ الْأَمْغَرُ الْأَبْيَضُ مُشْرَبٌ حُمْرَةً فَقَالَ إِنِّي سَائِلُكَ فَمُشْتَدٌّ عَلَيْكَ فِي الْمَسْأَلَةِ قَالَ سَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ قَالَ أَسْأَلُكَ بِرَبِّكَ وَرَبِّ مَنْ قَبْلَكَ وَرَبِّ مَنْ بَعْدَكَ آللّٰهُ أَرْسَلَكَ قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ بِهِ آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تُصَلِّيَ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ بِهِ آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تَأْخُذَ مِنْ أَمْوَالِ أَغْنِيَائِنَا فَتَرُدَّهُ عَلَى فُقَرَائِنَا قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ بِهِ آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ تَصُومَ هٰذَا الشَّهْرَ مِنَ اثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكَ بِهِ آللّٰهُ أَمَرَكَ أَنْ يَحُجَّ هٰذَا الْبَيْتَ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي آمَنْتُ وَصَدَّقْتُ وَأَنَا ضِمَامُ بْنُ ثَعْلَبَةَ۔

تم میں سے کون عبدالمطلب کا بیٹا ہے لوگوں نے کہا یہ شخص جو گورے رنگ کے سرخ تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہیں وہ بولا میں تم سے کچھ پوچھنے والا ہوں اور ذرا سختی سے پوچھوں گا آپ نے فرمایا پوچھ جو تیرا جی چاہے وہ بولا میں آپ سے پوچھتا ہوں اس ذات کی قسم دے کر جو آپ کا پروردگار ہے اور آپ سے پہلے لوگوں کا بھی پروردگار ہے اور آپ کے بعد کے لوگوں کا بھی پروردگار ہے کیا اللہ نے آپ کو بھیجا ہے آپ نے فرمایا اے اللہ ہاں پھر وہ بولا میں آپ کو قسم دیتا ہوں اسی ذات کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے ہر دن رات میں پانچ نمازیں پڑھنے کا آپ نے فرمایا اے اللہ ہاں پھر وہ بولا میں آپ کو قسم دیتا ہوں اسی ذات کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے صدقہ لینے کا مالداروں کے مال میں سے اور فقیروں کو بانٹنے کا آپ نے فرمایا یا اللہ ہاں پھر وہ بولا میں آپ کو قسم دیتا ہوں اسی ذات کی کیا اللہ نے آپ کو حکم کیا ہے کہ بیت اللہ کا حج کرے جو شخص وہاں تک جا سکے آپ نے فرمایا اے اللہ ہاں وہ بولا میں ایمان لایا اور سچ جانا اور میں ضمام ثعلبہ کا بیٹا ہوں۔

## ۱۱ بَابُ الْفَضْلِ وَالْجُودِ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ

## رمضان میں زیادہ سخاوت کرنے کا بیان

۲۰۹۹ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجْوَدَ النَّاسِ وَكَانَ أَجْوَدَ مَا يَكُونُ فِي رَمَضَانَ حِينَ يَلْقَاهُ جِبْرِيلُ وَكَانَ جِبْرِيلُ يَلْقَاهُ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَيُدَارِسُهُ الْقُرْآنَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ يَلْقَاهُ

ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب لوگوں سے زیادہ سخی تھے اور سب وقتوں سے زیادہ آپ رمضان میں سخاوت کرتے تھے جب حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ سے ملتے اور حضرت جبرائیل رمضان کی ہر رات میں آپ سے ملا کرتے اور قرآن کا ورد کرتے ۔ راوی نے کہا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت جبرائیل ملتے تو آپ سخاوت کرتے مال کی چھٹی ہوئی

www.sirat-e-mustaqeem.com



جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ مِنَ الرِّيحِ الْمُرْسَلَةِ۔

ہوا سے بھی زیادہ۔ف۔

۲۱۰۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ وَالنُّعْمَانُ بْنُ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ لَعْنَةٍ تُذْكَرُ كَانَ إِذَا كَانَ قَرِيبَ عَهْدٍ بِجِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُدَارِسُهُ كَانَ أَجْوَدَ بِالْخَيْرِ الْمُرْسَلَةِ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَذَا خَطَأٌ وَالصَّوَابُ حَدِيثُ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ وَأَدْخَلَ هَذَا حَدِيثًا فِي حَدِيثٍ۔

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی لعنت ایسی نہیں کی جو بیان کی جائے اور جب حضرت جبرئیل علیہ السلام کے دور کا زمانہ آتا تو آپ چھٹی ہوئی ہوا سے بھی زیادہ سخی ہوتے ابو عبدالرحمٰن نسائیؒ نے کہا یہ روایت غلط ہے اور صحیح انس بن یزید کی روایت ہے جو اوپر گزری اور اس روایت میں ایک دوسری حدیث ملا دی گئی ہے۔

## بَابٌ ۵ فَضْلُ شَهْرِ رَمَضَانَ

## رمضان کی فضیلت کا بیان

۲۱۰۱ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ وَصُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ۔

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

۲۱۰۲ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ الْجُوزَجَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَنْبَأَنَا نَافِعُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ وَصُفِّدَتِ الشَّيَاطِينُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

## بَابٌ ۶ ذِكْرِ الِاخْتِلَافِ عَلَى الزُّهْرِيِّ فِيهِ

## حدیث ہذا میں راویوں نے جو زہری پر اختلاف کیا اس کا بیان

۲۱۰۳ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

ف۔ یعنی جیسی بے روک ہوا نکل جاتی ہے اس طرح مال آپ کے ہاتھ سے نکلتا رہتا جو آتا بانٹ دیتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي نَافِعُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ ۔

ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

۲۱۰۴ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي أَنَسٍ مَوْلَى التَّيْمِيِّينَ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَاءَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

۲۱۰۵ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ فِي حَدِيثِهِ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ أَبِي أَنَسٍ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كَانَ رَمَضَانُ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ جَهَنَّمَ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ رَوَاهُ ابْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

۲۱۰۶ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ فُتِّحَتْ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ أَبْوَابُ النَّارِ وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا يَعْنِي حَدِيثَ ابْنِ إِسْحٰقَ خَطَأٌ وَلَمْ يَسْمَعْهُ ابْنُ إِسْحٰقَ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَالصَّوَابُ مَا تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب رمضان کا مہینہ آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں۔

۲۱۰۷ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ قَالَ وَذَكَرَ مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ أُوَيْسِ بْنِ أَبِي أُوَيْسٍ عَدِيدِ بَنِي تَيْمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ رمضان کا مہینہ آ پہنچا تمہارے اوپر

www.sirat-e-mustaqeem.com



عن انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال هذا رمضان قد جاءكم تفتح فيه ابواب الجنة وتغلق فيه ابواب النار وتسلسل فيه الشياطين قال ابو عبد الرحمن هذا الحديث خطأ۔

اس میں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں ۔

## باب ۱۵۲ ذكر الاختلاف على معمر فيه

## اس حدیث میں معمر پر راویوں کے اختلاف کا بیان

۲۱۰۸ اخبرنا ابو بكر بن علي قال حدثنا ابو بكر ابن ابي شيبة قال حدثنا عبد الاعلى عن معمر عن الزهري عن ابي سلمة عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يرغب في قيام رمضان من غير عزيمة وقال اذا دخل رمضان فتحت ابواب الجنة وغلقت ابواب الجحيم وسلسلت فيه الشياطين ارسله ابن المبارك۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں تراویح پڑھنے کی رغبت دلاتے تھے مگر واجب نہیں کرتے تھے اور فرماتے تھے جب رمضان آتا ہے تو جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں ۔

۲۱۰۹ اخبرنا محمد بن حاتم قال انبانا حبان ابن موسى خراساني قال انبانا عبد الله عن معمر عن الزهري عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دخل رمضان فتحت ابواب الرحمة وغلقت ابواب جهنم وسلسلت الشياطين۔

ترجمہ وہی جو اوپر گذرا
صرف جنت کی جگہ لفظ رحمت کا ہے یعنی جب رمضان آتا ہے تو رحمت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان زنجیروں سے باندھ دیئے جاتے ہیں۔

۲۱۱۰ اخبرنا بشر بن هلال قال حدثنا عبد الوارث عن ايوب عن ابي قلابة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتاكم رمضان شهر مبارك فرض الله عز وجل عليكم صيامه تفتح فيه ابواب السماء وتغلق فيه ابواب الجحيم وتغل فيه مردة الشياطين لله فيه ليلة خير من الف شهر من حرم خيرها فقد حرم۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پاس رمضان آیا مبارک مہینہ ہے اللہ نے اس کے روزے تم پر فرض کیے ہیں اس مہینے میں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شریر شیطان باندھے جاتے ہیں اس میں ایک رات ہے جو ہزار راتوں سے بہتر ہے جو شخص محروم رہا اس کے ثواب سے وہ محروم رہا ۔

۲۱۱۱ اخبرنا محمد بن منصور قال حدثنا

عرفجہ رض سے روایت ہے ہم عتبہ بن فرقد کی

www.sirat-e-mustaqeem.com



سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ عُدْنَا عُتْبَةَ بْنَ فَرْقَدٍ فَتَذَاكَرْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ فَقَالَ مَا تَذَاكَرُونَ قُلْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَتُغْلَقُ فِيهِ أَبْوَابُ النَّارِ وَتُغَلُّ فِيهِ الشَّيَاطِينُ وَيُنَادِي مُنَادٍ كُلَّ لَيْلَةٍ يَا بَاغِيَ الْخَيْرِ هَلُمَّ يَا بَاغِيَ الشَّرِّ أَقْصِرْ۔ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا خَطَأٌ۔

عیادت (بیمار پرسی) کو گئے وہاں رمضان کا ذکر کرنے لگے انہوں نے کہا کس چیز کا ذکر کرتے ہو ہم نے کہا رمضان کے مہینے کا انہوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے رمضان میں جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور شیطان باندھے جاتے ہیں اور ہر رات ایک پکارنے والا پکارتا ہے اے نیکی کے چاہنے والے نیکی کر اور اے بدی کے چاہنے والے بدی کم کر۔ امام نسائی نے کہا اس حدیث میں خطا ہوئی ہے۔

---

۲۱۱۲ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَرْفَجَةَ قَالَ كُنْتُ فِي بَيْتٍ فِيهِ عُتْبَةُ بْنُ فَرْقَدٍ فَأَرَدْتُ أَنْ أُحَدِّثَ بِحَدِيثٍ وَكَانَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّهُ أَوْلَى بِالْحَدِيثِ مِنِّي فَحَدَّثَ الرَّجُلُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي رَمَضَانَ تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ السَّمَاءِ وَتُغْلَقُ فِيهِ أَبْوَابُ النَّارِ وَيُصَفَّدُ فِيهِ كُلُّ شَيْطَانٍ مَرِيدٍ وَيُنَادِي مُنَادٍ كُلَّ لَيْلَةٍ يَا طَالِبَ الْخَيْرِ هَلُمَّ وَيَا طَالِبَ الشَّرِّ أَمْسِكْ۔

حضرت عرفجہ سے روایت ہے میں ایک گھر میں تھا جس میں عتبہ بن فرقد تھے تو میں نے چاہا ایک حدیث بیان کرنا اور ایک شخص تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے وہ زیادہ مستحق تھا حدیث بیان کرنے کا اس نے حدیث بیان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا رمضان کے بارے میں کہ اس میں آسمان کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کیے جاتے ہیں اور ہر ایک شیطان سرکش قید کیا جاتا ہے اور ہر رات ایک پکارنے والا پکارتا ہے اے نیکی چاہنے والے نیکی کر اور اے بدی کے چاہنے والے بدی کم کر۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِي أَنْ يُقَالَ لِشَهْرِ رَمَضَانَ رَمَضَانُ

## رمضان کے مہینے کو صرف رمضان کہنے کی اجازت ف۱

۲۱۱۳ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا يَحْيَى

حضرت ابوبکرہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ

---

ف۱۔ اس مسئلہ میں تین قول ہیں ایک یہ فقط رمضان نہیں کہنا چاہیئے بلکہ ماہِ رمضان کہنا چاہیے اس لیے کہ رمضان اللہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے دوسری یہ کہ جہاں پر قرینہ ہو کہ مراد ماہِ رمضان ہے وہاں صرف رمضان بھی کہنا درست ہے جیسے ہم نے رمضان کے روزے رکھے اور یہ نہیں کہنا چاہیے کہ رمضان آیا یا گیا تیسری یہ کہ صرف رمضان کہنے میں کچھ قباحت نہیں اور یہی مذہب ہے بخاری اور محققین علماء کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمُهَلَّبُ ابْنُ أَبِي حَبِيبَةَ ح وَ
أَنْبَأَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ
الْمُهَلَّبِ بْنِ أَبِي حَبِيبَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ عَنْ أَبِي
بَكْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقُولَنَّ
أَحَدُكُمْ صُمْتُ رَمَضَانَ وَلَا قُمْتُهُ كُلَّهُ وَلَا أَدْرِي
كَرِهَ التَّزْكِيَةَ أَوْ قَالَ لَا بُدَّ مِنْ غَفْلَةٍ وَرَقْدَةٍ
اللَّفْظُ لِعُبَيْدِ اللَّهِ۔

٢١١٤ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا
شُعَيْبٌ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ
قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يُخْبِرُنَا قَالَ قَالَ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ إِذَا كَانَ
رَمَضَانُ فَاعْتَمِرِي فِيهِ فَإِنَّ عُمْرَةً فِيهِ تَعْدِلُ حَجَّةً۔

علیہ وسلم نے فرمایا کوئی تم میں سے یوں نہ کہے کہ
میں نے سارے رمضان کے روزے رکھے اور عبادت
کی راوی نے کہا میں نہیں جانتا آپ نے یہ کہنا
کیوں برا جانا شاید اس وجہ سے کہ اپنی تعریف کرنا برا
سمجھا یا ضرور کچھ نہ کچھ غفلت ہوئی ہوگی (پھر سارے
رمضان میں عبادت کہاں ہوئی۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک انصاری عورت سے فرمایا
جب رمضان آوے تو اس میں عمرہ کر اس لیے
کہ رمضان میں ایک عمرہ حج کے
برابر ہے۔ ف۱

## بَابُ اخْتِلَافِ أَهْلِ الْآفَاقِ فِي الرُّؤْيَةِ

٢١١٥ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ
قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَهُوَ ابْنُ أَبِي حَرْمَلَةَ قَالَ
أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ بَعَثَتْهُ إِلَى مُعَاوِيَةَ
بِالشَّامِ قَالَ فَقَدِمْتُ الشَّامَ فَقَضَيْتُ حَاجَتَهَا وَ
اسْتَهَلَّ عَلَيَّ هِلَالُ رَمَضَانَ وَأَنَا بِالشَّامِ فَرَأَيْتُ
الْهِلَالَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ ثُمَّ قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فِي
آخِرِ الشَّهْرِ فَسَأَلَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ ثُمَّ ذَكَرَ
الْهِلَالَ فَقَالَ مَتَى رَأَيْتُمْ فَقُلْتُ رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ
الْجُمُعَةِ قَالَ أَنْتَ رَأَيْتَهُ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ قُلْتُ
نَعَمْ وَرَآهُ النَّاسُ فَصَامُوا وَصَامَ مُعَاوِيَةُ
قَالَ لَكِنْ رَأَيْنَاهُ لَيْلَةَ السَّبْتِ فَلَا نَزَالُ
نَصُومُ حَتَّى نُكْمِلَ ثَلَاثِينَ يَوْمًا أَوْ نَرَاهُ
فَقُلْتُ أَوَلَا تَكْتَفِي بِرُؤْيَةِ مُعَاوِيَةَ وَ

## اگر چاند کے دیکھنے میں ملکوں میں اختلاف ہو

کریب سے روایت ہے ام الفضل نے ان کو
معاویہ بن ابی سفیان کے پاس بھیجا شام میں انہوں نے
کہا میں شام میں آیا اور ان کا کام پورا کیا اتنے میں
رمضان کا چاند آیا اور میں شام ہی میں تھا تو میں
نے جمعے کی رات کو چاند دیکھا پھر میں مدینے میں آن
پہنچا رمضان کے اخیر میں عبداللہ بن عباس نے مجھ
سے پوچھا اور چاند کا ذکر کیا تم نے کب چاند دیکھا
میں نے کہا ہم نے دیکھا جمعے کی رات کو انہوں نے
کہا تم نے جمعے کی رات کو دیکھا میں نے کہا ہاں
اور لوگوں نے بھی دیکھا اور روزہ رکھا سب نے
اور معاویہ نے انہوں نے کہا ہم نے تو ہفتے کی رات کو
دیکھا اور برابر روزے رکھے جائیں گے یہاں تک کہ
تیس دن پورے ہوں یا چاند دکھلائی دے میں نے کہا

ف۱ ۔ تو ان دونوں حدیثوں میں آپ نے صرف رمضان کہا اور شہر رمضان نہیں فرمایا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَصْحَابِهٖ قَالَ لَا هٰكَذَا أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

تم معاویہ اور ان کے لوگوں کے چاند دیکھنے میں خیال نہ کرو گے انہوں نے کہا نہیں ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی حکم کیا ہے ف۱

## بَابٌ قُبُوْلِ شَهَادَةِ الرَّجُلِ الْوَاحِدِ عَلٰى هِلَالِ شَهْرِ رَمَضَانَ

## ایک شخص کی گواہی رمضان کا چاند دیکھنے پر مقبول ہے

۲۱۱۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ أَبِيْ رِزْمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَأَيْتُ الْهِلَالَ فَقَالَ أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ نَعَمْ فَنَادَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ صُوْمُوْا۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے ایک گاؤں والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میں نے چاند دیکھا آپ نے فرمایا تو گواہی دیتا ہے اس بات کی کہ نہیں کوئی معبود سچا سوا اللہ کے اور محمد اس کے بندے اور بھیجے ہوئے ہیں وہ بولا ہاں آپؐ نے منادی کرا دی کہ روزے رکھو۔

۲۱۱۷۔ أَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَبْصَرْتُ الْهِلَالَ اللَّيْلَةَ قَالَ أَتَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا بِلَالُ أَذِّنْ فِي النَّاسِ فَلْيَصُوْمُوْا غَدًا۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے ایک گنوار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہنے لگا میں نے رات کو چاند دیکھا آپ نے فرمایا تو گواہی دیتا ہے اس بات کی کہ کوئی سچا معبود نہیں سوا اللہ کے اور حضرت محمدؐ اس کے بندے ہیں اور بھیجے ہوئے ہیں وہ بولا ہاں آپ نے فرمایا اے بلال پکار دے لوگوں میں کل روزہ رکھیں۔

۲۱۱۸۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِيْ دَاوُدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلٌ۔

۲۱۱۹۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ نُعَيْمٍ مِصِّيْصِيٌّ قَالَ أَنْبَأَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ مُرْسَلٌ۔

۲۱۲۰ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ شُعَيْبٍ أَبُوْ عُثْمَانَ وَكَانَ شَيْخًا صَالِحًا بِطَرَسُوْسَ

حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن خطاب نے خطبہ پڑھا شک کے روز (یعنی جس دن شبہ تھا کہ یہ پہلی

ف۱۔ کہ چاند دیکھ کر روزے شروع کرو اور چاند دیکھ کر موقوف کرو اگر چاند نہ دکھلائی دے تو تیس دن پورے کر لو۔ مدینے سے شام کا ملک دو سو کوس ہے اور اتنی دور میں اختلاف ہو سکتا ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اور ملکوں کی رویت کا اعتبار نہیں جو فاصلے پر واقع ہوں البتہ اگر نزدیک ہوں تو اعتبار ہو سکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ الْحَارِثِ الْجَدَلِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ أَنَّهُ خَطَبَ النَّاسَ فِي الْيَوْمِ الَّذِي يُشَكُّ فِيهِ فَقَالَ أَلَا إِنِّي جَالَسْتُ أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاءَلْتُهُمْ وَإِنَّهُمْ حَدَّثُونِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ وَانْسُكُوا لَهَا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا ثَلَاثِينَ فَإِنْ شَهِدَ شَاهِدَانِ فَصُومُوا وَأَفْطِرُوا۔

تاریخ ہے یا ماہ کا ختم ہے) تو کہا میں صحبت میں رہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی اور ان سے پوچھا انہوں نے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھ کر اور افطار کرو چاند دیکھ کر اور اسی طرح حج میں عمل کرو اگر آسمان پر ابر ہو تو تیس دن پورے کر لو البتہ اگر دو گواہ گواہی دیں چاند دیکھنے کی (جب آسمان پر ابر ہو) تو روزے رکھو اور روزے چھوڑو ۔

## بَابُ ۱۱۵۶ إِكْمَالِ شَعْبَانَ ثَلَاثِينَ إِذَا كَانَ غَيْمٌ وَذِكْرُ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

## جب ابر ہو تو شعبان کے تیس دن پورے کرنا اور بیان راویوں کے اختلاف کا ابوہریرہ سے

۲۱۲۱ أَخْبَرَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمُ الشَّهْرُ فَعُدُّوا ثَلَاثِينَ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھکر اور روزے موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر ہو تو تیس دن پورے کر لو ۔

۲۱۲۲ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدِرُوا ثَلَاثِينَ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھ کر اور روزے موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر ہو تو تیس دن پورے کر لو ۔

## بَابُ ۱۱۵۷ ذِكْرِ الِاخْتِلَافِ عَلَى الزُّهْرِيِّ فِي هَذَا الْحَدِيثِ

## اس حدیث میں زہری پر اختلاف

۲۱۲۳ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزے رکھو پھر جب چاند دیکھو تو روزے موقوف کرو اگر ابر آجائے تو تیس روزے رکھ لو ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَافْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَصُوْمُوْا ثَلَاثِيْنَ يَوْمًا

٢١٢٤ أَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِذَا رَأَيْتُمُوا الْهِلَالَ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ.

حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جب چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب پھر چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر ابر آجاوے تو اندازہ کر لو یعنی تیس دن پورے کر لو۔

٢١٢٥ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَمَضَانَ فَقَالَ لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ.

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کا بیان کیا تو فرمایا مت روزے رکھو جب تک چاند نہ دیکھو اور مت روزے موقوف کرو جب تک چاند نہ دیکھو اگر ابر آجاوے تو اندازہ کر لو۔

## بَابُ ١٥٨ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

## اس حدیث میں عبیداللہ بن عمر پر راویوں کے اختلاف کا بیان

٢١٢٦ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ.

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزے رکھو یہاں تک کہ چاند دیکھو اور مت روزے موقوف کرو یہاں تک کہ چاند دیکھو اگر ابر آجاوے تو اس کا اندازہ کر لو۔

٢١٢٧ أَخْبَرَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَلِيٍّ صَاحِبُ حِمْصٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرِ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ ذَكَرَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْهِلَالَ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَعُدُّوْا ثَلَاثِيْنَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کا ذکر کیا تو فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب پھر چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر چاند چھپ جاوے تو تیس دن پورے کر لو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۵۹ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ فِيْ حَدِيْثِ ابْنِ عَبَّاسٍ

## راویوں کے اختلاف کا بیان ابن عباسؓ کی حدیث میں عمرو بن دینار پر

۲۱۲۸ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ أَبُو الْجَوْزَاءِ وَهُوَ ثِقَةٌ بَصْرِيٌّ أَخُو أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ أَنْبَأَنَا حَبَّانُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھ کر اور موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر آجاوے تو تیس دن کا شمار پورا کر لو۔

۲۱۲۹ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ عَجِبْتُ مِمَّنْ يَتَقَدَّمُ الشَّهْرَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُوْمُوْا وَإِذَا رَأَيْتُمُوْهُ فَأَفْطِرُوْا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ.

حضرت ابن عباس سے روایت ہے انہوں نے کہا میں تعجب کرتا ہوں اس شخص سے جو مہینہ ہونے سے پہلے روزے رکھتا ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب چاند دیکھو تو موقوف کرو اگر ابر آجاوے تو تیس دن کا شمار پورا کرو۔

## بَابُ ۱۶۰ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى مَنْصُوْرٍ فِيْ حَدِيْثِ رِبْعِيٍّ فِيْهِ

## راویوں کا اختلاف منصور پر ربعیؒ کی روایت میں

۲۱۳۰ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ أَنْبَأَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ بْنِ الْيَمَانِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقَدَّمُوا الشَّهْرَ حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ قَبْلَهُ أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثُمَّ صُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ قَبْلَهُ.

حضرت حذیفہؓ بن الیمان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزے رکھو رمضان کے آگے جب تک چاند نہ دیکھو یا شعبان کے تیس دن پورے نہ کر لو پھر روزے رکھو یہاں تک کہ چاند دیکھو یا تیس روزے پورے کر لو۔

۲۱۳۱ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ رِبْعِيٍّ عَنْ بَعْضِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقَدَّمُوا الشَّهْرَ حَتّٰى تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ أَوْ تَرَوُا الْهِلَالَ ثُمَّ صُوْمُوْا وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ سے روایت ہے آپ نے فرمایا مت روزے رکھو رمضان کے آگے جب تک شمار پورا نہ کرو یا چاند نہ دیکھو پھر روزے رکھو اور موقوف مت کرو روزوں کو جب تک چاند نہ دیکھو

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَوْ تُكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِينَ أَرْسَلَهُ الْحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ۔

یا شمار پورا کرو۔

۲۱۳۲ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ حِبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ رِبْعِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ فَأَفْطِرُوا فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَأَتِمُّوا شَعْبَانَ ثَلَاثِينَ إِلَّا أَنْ تَرَوُا الْهِلَالَ قَبْلَ ذَلِكَ ثُمَّ صُومُوا رَمَضَانَ ثَلَاثِينَ إِلَّا أَنْ تَرَوُا الْهِلَالَ قَبْلَ ذَلِكَ۔

حضرت ربعیؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم چاند دیکھو تو روزے رکھو اور جب چاند پھر دیکھو تو روزے موقوف کرو اگر چاند چھپ جاوے تو شعبان کے تیس دن پورے کرلو مگر جب چاند اس سے پہلے دیکھو پھر رمضان کے تیس روزے رکھو مگر یہ کہ چاند اس سے پہلے دیکھو۔

۲۱۳۳ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ أَبِي صَغِيرَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سَحَابٌ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلَا تَسْتَقْبِلُوا الشَّهْرَ اسْتِقْبَالًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روزے رکھو چاند دیکھ کر اور موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر تمھارے اور چاند کے بیچ میں ابر آجاوے تو تیس دن کا شمار پورا کر لو اور مہینے کے آگے مت روزے رکھو۔

۲۱۳۴ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصُومُوا قَبْلَ رَمَضَانَ صُومُوا لِلرُّؤْيَةِ وَأَفْطِرُوا لِلرُّؤْيَةِ فَإِنْ حَالَتْ دُونَهُ غَيَايَةٌ فَأَكْمِلُوا ثَلَاثِينَ۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزے رکھو رمضان سے پہلے (ایک دو روز رمضان کے استقبال کے لیے) بلکہ روزے رکھو چاند دیکھ کر اور موقوف کرو چاند دیکھ کر اگر ابر حائل ہوجائے تو تیس دن پورے کر لو۔

## بَابُ ۱۱۶ كَمِ الشَّهْرُ وَذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى الزُّهْرِيِّ فِي الْخَبَرِ عَنْ عَائِشَةَ

## مہینہ کتنے روز کا ہوتا ہے اور حضرت عائشہ کی حدیث میں زہری پر راویوں کے اختلاف کا بیان

۲۱۳۵ أَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَقْسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ لَا يَدْخُلَ عَلَى نِسَائِهِ شَهْرًا

ام المومنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھائی کہ اپنی عورتوں کے پاس نہ جائیں گے ایک مہینے تک پھر آپ انتیس روز تک ٹھہرے رہے یہی کہا آپ نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَلَبِثَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ فَقُلْتُ أَلَيْسَ قَدْ كُنْتَ آلَيْتَ شَهْرًا فَعَدَدْتُ الْأَيَّامَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ ۔

۲۱۳۶ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّيْ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ حَدَّثَهُ ح وَأَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ ابْنُ نَافِعٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ ثَوْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمْ أَزَلْ حَرِيْصًا أَنْ أَسْأَلَ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ عَنِ الْمَرْأَتَيْنِ مِنْ أَزْوَاجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّتَيْنِ قَالَ اللّٰهُ لَهُمَا إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا وَسَاقَ الْحَدِيْثَ وَقَالَ فِيْهِ فَاعْتَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ مِنْ أَجْلِ ذٰلِكَ الْحَدِيْثِ حِيْنَ أَفْشَتْهُ حَفْصَةُ إِلَى عَائِشَةَ تِسْعًا وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَ قَالَ مَا أَنَا بِدَاخِلٍ عَلَيْهِنَّ شَهْرًا مِنْ شِدَّةِ مَوْجِدَتِهِ عَلَيْهِنَّ حِيْنَ حَدَّثَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حَدِيْثَهُنَّ فَلَمَّا مَضَتْ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً دَخَلَ عَلَى عَائِشَةَ فَبَدَأَ بِهَا فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ إِنَّكَ قَدْ كُنْتَ آلَيْتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَنْ لَا تَدْخُلَ عَلَيْنَا شَهْرًا وَإِنَّا

قسم کھائی تھی ایک مہینے کے لیے اور شمار سے ابھی انتیس روز ہوئے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے ۔ ف

حضرت ابن عباس سے روایت ہے میں نہایت مشتاق تھا کہ حضرت عمر سے پوچھوں اُن دو بی بیوں کو جن کا ذکر اللہ تعالےٰ نے اس آیت میں کیا ہے إِنْ تَتُوْبَا إِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا یعنی اگر تم توبہ کرو اللہ کی طرف تو تمہارے دل بگڑ گئے ہیں اور بیان کیا حدیث کو آخر تک اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑ دیا اپنی عورتوں کو اس بات کی وجہ سے جو حضرت حفصہ نے ظاہر کر دی حضرت عائشہ سے انتیس راتوں تک حضرت عائشہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ان عورتوں کے پاس نہیں جاؤں گا ایک مہینے تک اس لیے کہ آپ کو بہت غصہ تھا اُن پر جب اللہ نے ان کا حال آپ کو بتلا دیا جب انتیس راتیں گزریں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے حضرت عائشہ کے پاس گئے انہوں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے قسم کھائی تھی ایک مہینے تک نہ آنے کی اور ابھی انتیسویں رات کی صبح ہوئی ہے ہم گنتے جاتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ

ف ۔ ایک بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بھید کی بات حضرت ام المؤمنین حفصہ سے کہی اور ان سے کہا کسی سے ظاہر نہ کرنا انہوں نے حضرت عائشہ سے کہدی اور رفتہ رفتہ وہ بات فاش ہو گئی اللہ تعالےٰ نے آپ کو بتلا دیا کہ ام المؤمنین حفصہ نے اس بات کو ظاہر کر دیا آپ بہت ناراض ہوئے اور ام المؤمنین عائشہ اور حفصہ کو دونوں کو توبہ کا حکم ہوا۔ وہ بات یہ تھی کہ حضرت نے اپنی لونڈی کو اپنے اوپر حرام کر لیا تھا، یا خلافت کی بات کہی تھی کہ بعد میرے ابوبکر کو خلافت ہو گی پھر عمر کو ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَصْبَحْنَا مِنْ تِسْعٍ وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً نَعُدُّهَا عَدَدًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ لَيْلَةً۔

انتیس روز کا ہوتا ہے

## باب ۱۱۴۲ ذِكْرُ خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ فِيْهِ

## اس باب میں ابن عباسؓ کی حدیث کا بیان

۲۱۳۷ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ هُوَ أَبُوْ بُرَيْدٍ الْجَرْمِيُّ بَصْرِيٌّ عَنْ بَهْزٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَتَانِيْ جِبْرِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ يَوْمًا۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت جبرئیل علیہ السلام میرے پاس تشریف لائے انہوں نے کہا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے۔

۲۱۳۸ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ وَذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ قَالَ سَلَمَةُ سَمِعْتُ أَبَا الْحَكَمِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُوْنَ يَوْمًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے۔

## باب ۱۱۴۳ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلَى إِسْمَاعِيْلَ فِيْ خَبَرِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ فِيْهِ

## سعد بن مالک کی روایت میں اسماعیل پر اختلاف

۲۱۳۹ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ بْنِ أَبِيْ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ أَبِيْ وَقَّاصٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى الْأُخْرٰى وَقَالَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَنَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ إِصْبَعًا۔

حضرت سعدؓ بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ دوسرے ہاتھ پہ مارا اور فرمایا مہینہ یہ ہے اور یہ ہے اور یہ ہے۔ اور اخیر میں ایک انگلی کم کر لی (یعنی انتیس روز کا)۔

۲۱۴۰ أَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا يَعْنِيْ تِسْعَةً وَّعِشْرِيْنَ رَوَاهُ يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَغَيْرُهُ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ یہ ہے اور یہ ہے اور یہ ہے (آپ نے انگلیوں سے بتلایا اور تیسری بار میں ایک انگلی کو کم کر لیا) یعنی انتیس روز کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۱۴۱ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ عَنْ مُحَمَّدِ ابْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا وَصَفَّقَ مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ بِيَدَيْهِ يَنْعَتُهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَبَضَ فِي الثَّالِثَةِ الْاِبْهَامَ فِي الْيُسْرٰى قَالَ يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قُلْتُ لِاِسْمٰعِيلَ عَنْ اَبِيهِ ـ

حضرت محمد بن سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ یہ ہے اور یہ ہے اور یہ ہے محمد بن عبید اس حدیث کے راوی نے دونوں ہاتھوں کو ملا کر تین بار بتلایا پھر تیسری بار میں بائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کر لیا۔

## بَابُ ۱۶۲ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ فِي خَبَرِ اَبِي سَلَمَةَ فِيهِ

## ابوسلمہ کی حدیث میں یحییٰ بن ابی کثیر پر اختلاف

۲۱۴۲ اَخْبَرَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا هَارُونُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ هُوَ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ يَكُونُ تِسْعَةً وَّعِشْرِينَ وَيَكُونُ ثَلَاثِينَ فَاِذَا رَاَيْتُمُوهُ فَصُومُوا وَاِذَا رَاَيْتُمُوهُ فَاَفْطِرُوا فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ـ

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے جب تم چاند دیکھو تو روزہ رکھو اور جب چاند دیکھو تو روزے موقوف کرو اگر ابر آجاوے تو شمار پورا کر لو۔

۲۱۴۳ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ ح وَاَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ وَهُوَ ابْنُ عُمَرَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَّعِشْرُونَ ـ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا آپ فرماتے تھے مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے۔

۲۱۴۴ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّا اُمَّةٌ اُمِّيَّةٌ لَا نَكْتُبُ وَلَا نَحْسُبُ الشَّهْرُ هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَهٰكَذَا ثَلَاثًا حَتّٰى ذَكَرَ تِسْعًا وَّعِشْرِينَ ـ

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم امی امت ہیں (یعنی ان پڑھ ہیں) نہ لکھتے ہیں نہ حساب کرتے ہیں مہینہ یہ ہے اور یہ ہے اور یہ ہے انتیس دنوں کو فرمایا۔

۲۱۴۵ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ

حضرت ابن عمر سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْعَاصِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا أُمَّةٌ أُمِّيَّةٌ لَا نَحْسُبُ وَلَا نَكْتُبُ وَالشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا وَعَقَدَ الْإِبْهَامَ فِي الثَّالِثَةِ وَالشَّهْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا وَهَكَذَا تَمَامَ الثَّلَاثِينَ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم لوگ امی امت ہیں نہ حساب کرتے ہیں نہ لکھتے ہیں مہینہ یہ ہے اور یہ ہے اور تیسری بار میں انگوٹھے کو بند کر لیا اور مہینہ یہ ہے اور یہ اور یہ پورے تیس بتلائے یعنی کبھی انتیس روز کا ہوتا ہے اور کبھی تیس روز کا ہوتا ہے۔

۲۱۴۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ سُحَيْمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهْرُ هَكَذَا وَوَصَفَ شُعْبَةُ عَنْ صِفَةِ جَبَلَةَ عَنْ صِفَةِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ فِيمَا حَكَى مِنْ صَنِيعِهِ مَرَّتَيْنِ بِأَصَابِعِ يَدَيْهِ وَنَقَصَ فِي الثَّالِثَةِ إِصْبَعًا مِنْ أَصَابِعِ يَدَيْهِ۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ یہ ہے اور شعبہ نے جبلہ بن سحیم سے نقل کیا انہوں نے ابن عمر سے کہ مہینہ انتیس روز کا ہے اس طرح پر کہ دوبارہ انہوں نے اپنے دونوں ہاتھوں کی انگلیوں سے اشارہ کیا اور تیسری بار میں ایک انگلی بند کر لی۔

۲۱۴۷ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عُقْبَةَ يَعْنِي ابْنَ حُرَيْثٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مہینہ انتیس روز کا ہوتا ہے۔

## بَابُ ۶۵ الْحَثُّ عَلَى السَّحُورِ

## سحری کھانے کی فضیلت

۲۱۴۸ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً وَقَفَهُ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سحری کرو اس لیے کہ سحری میں برکت ہے۔

۲۱۴۹ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ تَسَحَّرُوا قَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ لَا أَدْرِي كَيْفَ لَفْظُهُ۔

اس روایت میں یہ عبداللہ بن مسعود کا قول بیان کیا ہے کہ انہوں نے کہا سحری کرو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۱۵۰ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

## بَابٌ ۶۶ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ فِىْ هٰذَا الْحَدِيْثِ

## اس حدیث میں عبدالملک بن ابی سلیمان پر راویوں کا اختلاف

۲۱۵۱ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ جَرِيْرٍ نَسَائِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيْعِ قَالَ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِي الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۱۵۲ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِىْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً رَفَعَهُ ابْنُ اَبِىْ لَيْلٰى۔

اس روایت میں یہ قول ابوہریرہ کا بیان کیا کہ سحری کرو اس لیے کہ سحری میں برکت ہے۔ ۱؎

۲۱۵۳ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۱۵۴ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَطَاءٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۱۵۵ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَحَّرُوْا فَاِنَّ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

---

۱؎ کیونکہ سحری کھانے سے طاقت ہوتی ہے اور روزہ دار خوش رہتا ہے اور سحری کا وقت عبادت اور دعا کے لیے بھی موزوں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِي السَّحُوْرِ بَرَكَةً " قَالَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدِيْثُ يَحْيَى ابْنِ سَعِيْدٍ هٰذَا إِسْنَادُهُ حَسَنٌ وَهُوَ مُنْكَرٌ وَ أَخَافُ أَنْ يَكُوْنَ الْغَلَطُ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ فُضَيْلٍ "

امام نسائی نے فرمایا یحییٰ بن سعید کی اس حدیث کی سند تو حسن ہے مگر یہ منکر ہے اور مجھے خوف ہے کہ غلطی محمد بن فضیل کی طرف سے ہے

## بَابُ ۱۱۶۷ تَأْخِيْرِ السَّحُوْرِ

## سحری میں دیر کرنے کی فضیلت

۲۱۵۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَيُّوْبَ قَالَ أَنْبَأَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زِرٍّ قَالَ قُلْنَا لِحُذَيْفَةَ أَيَّ سَاعَةٍ تَسَحَّرْتَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هُوَ النَّهَارُ إِلَّا أَنَّ الشَّمْسَ لَمْ تَطْلُعْ ۔

حضرت زر سے روایت ہے ہم نے حذیفہ سے کہا تم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کس وقت سحری کی انہوں نے کہا دن ہو گیا تھا مگر آفتاب نہیں نکلا تھا (مطلب یہ ہے کہ فجر بہت قریب تھی گویا ہو گئی تھی اور بعضوں کے نزدیک طلوع آفتاب تک کھانا درست ہے لیکن یہ قول مردود ہے اور مخالف ہے کتاب اللہ کے)

---

۲۱۵۷ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ زِرَّ بْنَ حُبَيْشٍ قَالَ تَسَحَّرْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ ثُمَّ خَرَجْنَا إِلَى الصَّلٰوةِ فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمَسْجِدَ صَلَّيْنَا رَكْعَتَيْنِ وَأُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسَ بَيْنَهُمَا إِلَّا هُنَيْهَةٌ ۔

حضرت زر بن حبیش سے روایت ہے میں نے سحری کھائی حذیفہ کے ساتھ پھر ہم نکلے نماز کے لیے تو فجر کی سنتیں پڑھیں اتنے میں نماز کی تکبیر ہوئی تھوڑی دیر کے بعد ۔

۲۱۵۸ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُوْ يَعْفُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيْمُ عَنْ وَاصِلَةَ بْنِ زُفَرَ قَالَ تَسَحَّرْتُ مَعَ حُذَيْفَةَ ثُمَّ خَرَجْنَا إِلَى الْمَسْجِدِ فَصَلَّيْنَا رَكْعَتَيِ الْفَجْرِ ثُمَّ أُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَصَلَّيْنَا ۔

حضرت صلہ بن زفر سے روایت ہے میں نے سحری کھائی حذیفہ کے ساتھ پھر ہم نکلے نماز کے لیے تو فجر کی سنتیں پڑھیں اتنے میں نماز کی تکبیر ہوئی ہم نے نماز پڑھی ۔

## بَابُ ۱۱۶۸ قَدْرِ مَا بَيْنَ السَّحُوْرِ وَبَيْنَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ

## فجر کی نماز اور سحری میں کتنا فاصلہ ہو

۲۱۵۹ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ تَسَحَّرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قُمْنَا إِلَى الصَّلٰوةِ قُلْتُ كَمْ كَانَ بَيْنَهُمَا قَالَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِيْنَ آيَةً ۔

حضرت زید بن ثابت سے روایت ہے ہم نے سحری کھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر نماز کو کھڑے ہوئے انس نے کہا میں نے زید بن ثابت سے پوچھا نماز میں اور سحری میں کتنا فاصلہ تھا انہوں نے کہا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۱۶۹ ذِكْرِ اخْتِلَافِ هِشَامٍ وَسَعِيدٍ عَلَى قَتَادَةَ فِيهِ

۲۱۶۰ أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ تَسَحَّرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قُمْنَا إِلَى الصَّلٰوةِ قُلْتُ زُعِمَ أَنَّ أَنَسًا الْقَائِلُ مَا كَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَالَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ الرَّجُلُ خَمْسِينَ آيَةً ۔

۲۱۶۱ أَخْبَرَنَا أَبُو الْأَشْعَثِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ تَسَحَّرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ ثُمَّ قَامَا فَدَخَلَا فِي صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَقُلْنَا لِأَنَسٍ كَمْ كَانَ بَيْنَ فَرَاغِهِمَا وَدُخُولِهِمَا فِي الصَّلٰوةِ قَالَ قَدْرَ مَا يَقْرَأُ الْإِنْسَانُ خَمْسِينَ آيَةً ۔

## بَابُ ۱۱۷۰ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلَى سُلَيْمَانَ بْنِ مِهْرَانَ فِي حَدِيثِ عَائِشَةَ فِي تَأْخِيرِ السُّحُورِ وَاخْتِلَافِ أَلْفَاظِهِمْ ۔

۲۱۶۲ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ فِينَا رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ السُّحُورَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ السُّحُورَ قَالَتْ أَيُّهُمَا الَّذِي يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ السُّحُورَ قُلْتُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَتْ هٰكَذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ ۔

۲۱۶۳ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ فِينَا رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا

## قتادہ کی روایت میں ہشام اور سعید کا اختلاف

حضرت زید بن ثابت سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سحری کی پھر ہم نماز کو اٹھے شائد انس نے کہا کتنا فاصلہ دونوں میں تھا انہوں نے کہا اتنا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے۔

حضرت انس سے روایت ہے زید بن ثابت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کی پھر دونوں کھڑے ہوئے اور صبح کی نماز پڑھنے لگے قتادہ نے کہا میں نے انس سے پوچھا کتنا فاصلہ تھا کھانے سے فراغت اور نماز میں انہوں نے کہا اتنا جتنی دیر میں آدمی پچاس آیتیں پڑھے۔

## اس حدیث میں سلیمان بن مہران پر راویوں کا اختلاف۔

حضرت ابوعطیہ سے روایت ہے میں نے عائشہ سے کہا ہم میں دو آدمی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک تو روزہ جلدی افطار کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے (یعنی قریب فجر کے) اور دوسرا افطار دیر میں کرتا ہے اور سحری جلد کھاتا ہے انہوں نے کہا وہ کون شخص ہے جو افطار جلدی کرتا ہے اور سحر دیر میں کھاتا ہے میں نے کہا عبداللہ بن مسعود رض انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے۔

حضرت ابوعطیہ سے روایت ہے میں نے عائشہ سے کہا ہم میں دو آدمی ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ایک تو روزہ جلدی افطار کرتا ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ السَّحُورَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْفِطْرَ وَيُعَجِّلُ السَّحُورَ قَالَتْ أَيُّهُمَا الَّذِي يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ السَّحُورَ قُلْتُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَتْ هَكَذَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُ.

اور سحری دیر میں کھاتا ہے (یعنی قریب فجر کے) اور دوسرا افطار دیر میں کرتا ہے اور سحری جلد کھاتا ہے انہوں نے کہا وہ کون شخص ہے جو افطار جلدی کرتا ہے اور سحری دیر میں کھاتا ہے میں نے کہا عبداللہ بن مسعودؓ انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایسا ہی کرتے تھے۔

٢١٦٤ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَمَسْرُوقٌ عَلَى عَائِشَةَ فَقَالَ لَهَا مَسْرُوقٌ رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِلَاهُمَا لَا يَأْلُو عَنِ الْخَيْرِ أَحَدُهُمَا يُؤَخِّرُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ وَالْآخَرُ يُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْفِطْرَ قَالَتْ عَائِشَةُ هَكَذَا كَانَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو عطیہؓ سے روایت ہے میں اور مسروق دونوں حضرت عائشہ کے پاس گئے مسروق نے کہا دو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں اور دونوں نیک کام میں کوتاہی نہیں کرتے لیکن ایک نماز بھی دیر سے پڑھتا ہے اور روزہ بھی دیر سے افطار کرتا ہے اور دوسرا نماز بھی جلدی پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے حضرت عائشہ نے کہا وہ کون شخص ہے جو نماز بھی جلد پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے مسروق نے کہا عبداللہ بن مسعود حضرت عائشہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے۔

٢١٦٥ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي عَطِيَّةَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَمَسْرُوقٌ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْنَا لَهَا يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ رَجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَدُهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلَاةَ وَالْآخَرُ يُؤَخِّرُ الْإِفْطَارَ وَيُؤَخِّرُ الصَّلَاةَ فَقَالَتْ أَيُّهُمَا يُعَجِّلُ الْإِفْطَارَ وَيُعَجِّلُ الصَّلَاةَ قُلْنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَتْ هَكَذَا كَانَ يَصْنَعُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْآخَرُ أَبُو مُوسَى رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا.

حضرت ابو عطیہؓ سے روایت ہے میں اور مسروق دونوں حضرت عائشہ کے پاس گئے مسروق نے کہا دو شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے ہیں اور دونوں نیک کام میں کوتاہی نہیں کرتے لیکن ایک نماز بھی دیر سے پڑھتا ہے اور روزہ بھی دیر سے افطار کرتا ہے اور دوسرا نماز بھی جلدی پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے حضرت عائشہ نے کہا وہ کون شخص ہے جو نماز بھی جلد پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے حضرت عائشہ نے کہا وہ کون شخص ہے جو نماز بھی جلد پڑھتا ہے اور روزہ بھی جلد افطار کرتا ہے مسروق نے کہا عبداللہ بن مسعود حضرت عائشہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے دوسرے صحابی ابو موسٰی اشعری تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۱ فَضْلِ السَّحُوْرِ

۲۱۶۶ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ صَاحِبِ الزِّيَادِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ يُحَدِّثُ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَتَسَحَّرُ فَقَالَ اِنَّهَا بَرَكَةٌ اَعْطَاكُمُ اللّٰهُ اِيَّاهَا فَلَا تَدَعُوْهُ ۔

## سحری کھانے کی فضیلت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا آپ سحری کھا رہے تھے آپ نے فرمایا یہ برکت ہے جو اللہ نے تم کو دی ہے تو تم مت چھوڑو اس کو ۔

## بَابُ ۱۷۲ دَعْوَةِ السَّحُوْرِ

۲۱۶۷ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوْسُفَ بَصْرِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ يُوْنُسَ ابْنِ سَيْفٍ عَنِ الْحٰرِثِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ اَبِيْ رُهْمٍ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَدْعُوْ اِلَى السَّحُوْرِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ وَقَالَ هَلُمُّوْا اِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ ۔

## سحری کھانے کے لیے بلانا

حضرت عرباض بن ساریہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ بلاتے تھے سحری کے لیے رمضان کے مہینے میں تو فرماتے آؤ صبح کے مبارک کھانے کے لیے۔

## بَابُ ۱۷۳ تَسْمِيَةِ السَّحُوْرِ غَدَاءً

۲۱۶۸ اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيْدِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بَحِيْرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِ يْكَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَيْكُمْ بِغَدَاءِ السَّحُوْرِ فَاِنَّهُ هُوَ الْغَدَاءُ الْمُبَارَكُ ۔

۲۱۶۹ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ هَلُمَّ اِلَى الْغَدَاءِ الْمُبَارَكِ يَعْنِي السَّحُوْرَ ۔

## سحری کو صبح کا کھانا کہنا

حضرت مقدام بن معدیکرب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لازم کرو اپنے اُوپر صبح کا کھانا یعنی سحری کرو کیونکہ وہ مبارک کھانا ہے صبح کا ۔

حضرت خالد بن معدان سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص سے آ صبح کے کھانے کے لیے جو مبارک ہے (یعنی سحری کے لیے)

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۴ فَضْلِ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ

۲۱۷۰ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي قَيْسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فَصْلَ مَا بَيْنَ صِيَامِنَا وَصِيَامِ أَهْلِ الْكِتَابِ أَكْلَةُ السَّحُورِ۔

## بَابُ ۱۷۵ السَّحُورِ بِالسَّوِيقِ وَالتَّمْرِ

۲۱۷۱ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَلِكَ عِنْدَ السَّحُورِ يَا أَنَسُ إِنِّي أُرِيدُ الصِّيَامَ أَطْعِمْنِي شَيْئًا فَأَتَيْتُهُ بِتَمْرٍ وَإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ وَذَلِكَ بَعْدَ مَا أَذَّنَ بِلَالٌ فَقَالَ يَا أَنَسُ انْظُرْ رَجُلًا يَأْكُلْ مَعِي فَدَعَوْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَجَاءَ فَقَالَ إِنِّي قَدْ شَرِبْتُ شَرْبَةَ سَوِيقٍ وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ فَتَسَحَّرَ مَعَهُ ثُمَّ قَامَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ۔

## بَابُ ۱۷۶ تَأْوِيلِ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى كُلُوا وَاشْرَبُوا حَتَّى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ

۲۱۷۲ أَخْبَرَنِي هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ أَحَدَهُمْ كَانَ إِذَا نَامَ قَبْلَ أَنْ يَتَعَشَّى لَمْ يَحِلَّ لَهُ أَنْ يَأْكُلَ شَيْئًا وَلَا يَشْرَبَ لَيْلَتَهُ وَيَوْمَهُ مِنَ الْغَدِ

## ہمارے اور اہل کتاب (یعنی یہود اور نصاریٰ) کے روزے میں کیا فرق ہے

حضرت عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے اور اہل کتاب کے روزے میں فرق یہی ہے سحری کھانا (وہ سحری نہیں کھاتے)

## ستو اور کھجور کھا کر سحری کرنا!

حضرت انس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سحری کے وقت انس سے کہا اے انس میں روزہ رکھنا چاہتا ہوں مجھے کچھ کھلا میں کھجور لایا اور ایک برتن پانی کا اس وقت بلال اذان دے چکے تھے آپ نے فرمایا اے انس کسی شخص کو ڈھونڈ جو میرے ساتھ کھانے میں نے زید بن ثابت کو بلایا وہ آئے انہوں نے کہا میں نے ایک گھونٹ ستو کا پی لیا ہے اور میری نیت روزے کی ہے آپ نے فرمایا میری بھی نیت روزے کی ہے پھر زید نے آپ کے ساتھ سحری کھائی بعد اس کے آپ اٹھے اور دو رکعتیں پڑھیں پھر نماز کے لیے نکلے۔

## اللہ تعالیٰ کے فرمان کُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ اخیر تک کی تفسیر۔

براء رضی اللہ عنہ بن عازب سے روایت ہے پہلے یہ دستور تھا کہ اگر روزہ دار شام کو کھانا کھانے سے پہلے سو جاتے پھر اس کو رات بھر کھانا پینا درست نہ ہوتا دوسرے دن آفتاب کے ڈوبتے تک یہاں تک یہ آیت اتری وَکُلُوا وَاشْرَبُوا حَتّٰی یَتَبَیَّنَ لَکُمُ الْخَیْطُ الْاَبْیَضُ مِنَ الْخَیْطِ الْاَسْوَدِ یعنی کھاؤ

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَتّٰى تَغْرُبَ الشَّمْسُ حَتّٰى نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا اِلَى الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ قَالَ وَنَزَلَتْ فِيْ اَبِيْ قَيْسِ بْنِ عَمْرٍو اَتٰى اَهْلَهٗ وَهُوَ صَائِمٌ بَعْدَ الْمَغْرِبِ فَقَالَ هَلْ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَتِ امْرَاَتُهٗ مَا عِنْدَنَا شَيْءٌ وَّلٰكِنْ اَخْرُجُ اَلْتَمِسُ لَكَ عَشَاءً فَخَرَجَتْ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ فَنَامَ فَرَجَعَتْ اِلَيْهِ فَوَجَدَتْهُ نَائِمًا وَاَيْقَظَتْهُ فَلَمْ يَطْعَمْ شَيْئًا وَبَاتَ وَاَصْبَحَ صَائِمًا حَتّٰى انْتَصَفَ النَّهَارُ فَغُشِيَ عَلَيْهِ وَذٰلِكَ قَبْلَ اَنْ تَنْزِلَ الْاٰيَةُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ۔

اور پیو یہاںتک کہ دکھلائی دیوے تم کو سفید دھاری فجر کی سیاہ دھاری سے انہوں نے کہا یہ آیت ابوقیس بن عمرو کے باب میں اُتری وہ اپنی بی بی کے پاس آئے مغرب کے بعد اور وہ روزے سے تھے پوچھا کچھ کھانے کو ہے بی بی نے کہا ہمارے پاس کچھ نہیں ہے لیکن میں جاتی ہوں تیرے لیے کچھ کھانا ڈھونڈ لاتی ہوں وہ باہر گئی اور یہ لیٹ کر سوگئے جب وہ لوٹ کر آئی تو ان کو دیکھا سو رہے ہیں اُس نے جگایا لیکن انہوں نے کچھ نہ کھایا (اس وجہ سے کہ سونے کے بعد کھانا پینا درست نہ تھا) اور رات بھر یوں ہی رہے پھر صبح کو روزہ رکھا جب دوپہر ہوئی تو ان کو غش آگیا اس وقت تک یہ آیت نہیں اُتری تھی تب اللہ تعالےٰ نے یہ آیت اُتاری۔

۲۱۷۳ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اَنَّهٗ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ قَالَ هُوَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَبَيَاضُ النَّهَارِ۔

حضرت عدی بن حاتم سے روایت ہے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا سفید دھاری اور سیاہ دھاری سے کیا مُراد ہے اس آیت میں آپ نے فرمایا سیاہ دھاری رات کی سیاہی ہے اور سفید دھاری دن کی سفیدی۔

## بَابُ كَيْفَ الْفَجْرُ

## فجر کیوں کر نکلتی ہے

۲۱۷۴ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ بِلَالًا يُؤَذِّنُ بِلَيْلٍ لِيُنَبِّهَ نَائِمَكُمْ وَيُرْجِعَ قَائِمَكُمْ وَلَيْسَ الْفَجْرُ اَنْ يَقُوْلَ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِكَفِّهٖ وَلٰكِنِ الْفَجْرُ اَنْ يَقُوْلَ هٰكَذَا وَاَشَارَ بِالْمُسَبِّحَتَيْنِ۔

ابن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بلال رات کو اذان دیتے ہیں (یعنی رات باقی رہتی ہے) تاکہ تم میں سے جو سوتا ہو وہ ہوشیار ہو (تہجد پڑھے یا سحری کھائے اور جو جاگتا ہے وہ لوٹ جائے (تھوڑی دیر سونے کے لیے یا کھانا کھانے کے لیے یا وتر پڑھنے کے لیے) اور فجر اس طرح نہیں ہے اور اشارہ کیا اپنی ہتھیلی سے بلکہ فجر اس طرح ہے اور اشارہ کیا دونوں کلمے کی انگلیوں سے ف۱

ف۱۔ پہلے ایک روشنی لمبی ہوتی ہے بھیڑیے کی دم کی طرح وہ فجر نہیں ہے۔ بلکہ صبح کاذب ہے اس وقت روزہ دار کو کھانا پینا درست ہے دوسری روشنی آسمان کے کنارے میں پورب کی طرف پھیلی ہوئی نکلتی ہے وہ صبح صادق ہے اسوقت روزہ دار کو کھانا پینا منع ہوتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۱۷۵ أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَنْبَأَنَا سَوَادَةُ بْنُ حَنْظَلَةَ قَالَ سَمِعْتُ سَمُرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَغُرَّنَّكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ وَلَا هَذَا الْبَيَاضُ حَتَّى يَنْفَجِرَ الْفَجْرُ هَكَذَا وَهَكَذَا يَعْنِي مُعْتَرِضًا قَالَ أَبُو دَاوُدَ وَبَسَطَ بِيَدَيْهِ يَمِينًا وَشِمَالًا مَادًّا يَدَيْهِ۔

حضرت سمرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت دھوکہ دیوے تم کو بلال کی اذان اور نہ یہ سفیدی جب تک فجر کی روشنی نہ پھوٹے اس طرح یعنی چوڑان میں ابو داؤد نے کہا شعبہ نے اپنے دونوں ہاتھ داہنے اور بائیں پھیلائے کھینچ کر۔

## باب ۱۷۸ التَّقَدُّمِ قَبْلَ شَهْرِ رَمَضَانَ

## رمضان کا استقبال کرنا کیسا ہے

۲۱۷۶ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْوَلِيدُ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقَدَّمُوا قَبْلَ الشَّهْرِ بِصِيَامٍ إِلَّا رَجُلٌ كَانَ يَصُومُ صِيَامًا أَتَى ذَلِكَ الْيَوْمُ عَلَى صِيَامِهِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزے رکھو مہینے سے پہلے مگر وہ شخص رکھے جس کا دن روزے کا آجائے یعنی کسی شخص کی عادت تھی ایک دن روزہ رکھنے کی اب وہ دن رمضان سے پہلے آن پہنچا تو روزہ رکھ لے اس لیے کہ اس کی نیت استقبال کی نہیں ہے۔

## باب ۱۷۹ ذِكْرِ الِاخْتِلَافِ عَلَى يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَلَى أَبِي سَلَمَةَ فِيهِ

## اس حدیث میں ابی سلمہ پر راویوں کا اختلاف

۲۱۷۷ أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ أَنْبَأَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَتَقَدَّمَنَّ أَحَدٌ الشَّهْرَ بِيَوْمٍ وَلَا يَوْمَيْنِ إِلَّا أَحَدٌ كَانَ يَصُومُ صِيَامًا قَبْلَهُ فَلْيَصُمْهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت روزہ رکھے کوئی رمضان سے ایک روز یا دو روز آگے مگر وہ شخص جو پہلے سے اس دن روزہ رکھا کرتا تھا وہ رکھے

۲۱۷۸ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقَدَّمُوا الشَّهْرَ بِصِيَامِ يَوْمٍ أَوْ يَوْمَيْنِ إِلَّا أَنْ يُوَافِقَ ذَلِكَ يَوْمًا كَانَ يَصُومُهُ أَحَدُكُمْ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَذَا خَطَأٌ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت رکھو روزہ رمضان سے ایک دن یا دو دن پہلے مگر جب وہ دن آجائے جس دن تم میں سے کوئی روزہ رکھا کرتا تھا تو روزہ رکھے۔ امام نسائیؒ نے کہا یہ حدیث خطا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۸۰ ذكر حديث أبي سلمة في ذلك

۲۱۷۹ أخبرنا شعيب بن يوسف ومحمد بن بشار واللفظ له قالا حدثنا عبد الرحمن قال حدثنا سفيان عن منصور عن سالم عن أبي سلمة عن أم سلمة قالت ما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم شهرين متتابعين إلا أنه كان يصل شعبان برمضان۔

## اس بارے میں ابوسلمہ کی حدیث

حضرت ام سلمہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پے در پے دو مہینے کے روزے رکھتے نہیں دیکھا مگر آپ شعبان کو رمضان سے ملا دیتے (یعنی شعبان میں برابر روزے رکھتے کہ وہ رمضان کے روزوں سے مل جاتا)

## باب ۱۸۱ الاختلاف على محمد بن إبراهيم فيه

۲۱۸۰ أخبرنا إسحق بن إبراهيم قال أنبأنا النضر قال أنبأنا شعبة عن توبة العنبري عن محمد بن إبراهيم عن أبي سلمة عن أم سلمة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصل شعبان برمضان۔

## محمد بن ابراہیم پر راویوں کا اختلاف

حضرت ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کو رمضان سے ملا دیتے۔

۲۱۸۱ أخبرنا الربيع بن سليمان قال حدثنا ابن وهب قال أخبرني أسامة بن زيد أن محمد بن إبراهيم حدثه عن أبي سلمة بن عبد الرحمن أنه سأل عائشة عن صيام رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم حتى نقول لا يفطر ويفطر حتى نقول لا يصوم شعبان أو عامة شعبان۔

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمن نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزوں کو انہوں نے کہا آپ روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے اب افطار نہ کریں گے پھر افطار کرتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے روزے نہ رکھیں گے اور آپ سارے شعبان یا اکثر شعبان میں روزے رکھتے تھے۔

۲۱۸۲ أخبرنا أحمد بن سعد بن الحكم قال حدثنا عمي قال حدثنا نافع بن يزيد أن ابن الهاد حدثه أن محمد بن إبراهيم حدثه أن محمد بن إبراهيم حدثه عن أبي سلمة يعني ابن عبد الرحمن عن عائشة قالت لقد كانت إحدانا تفطر في رمضان فما تقدر على أن تقضي حتى يدخل شعبان وما كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم في شهر ما يصوم في شعبان

حضرت ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے ہم میں سے (یعنی حضرت کی بیویوں میں سے) رمضان میں کوئی افطار کرتی (یعنی روزے نہ رکھتی) پھر اس کو قضا کرنے کی مہلت نہ ملتی یہاں تک کہ شعبان آتا اور جتنے روزے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں رکھتے اتنے کسی مہینے میں نہ رکھتے آپ اکثر شعبان بلکہ سارے شعبان میں روزے رکھتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



كَانَ يَصُومُهُ كُلَّهُ إِلَّا قَلِيلًا بَلْ كَانَ يَصُومُهُ كُلَّهُ ۔

۲۱۸۳ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي لَبِيدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ فَقُلْتُ أَخْبِرِينِي عَنْ صِيَامِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ كَانَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ قَدْ صَامَ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ قَدْ أَفْطَرَ وَلَمْ يَكُنْ يَصُومُ شَهْرًا أَكْثَرَ مِنْ شَعْبَانَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ إِلَّا قَلِيلًا كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ ۔

حضرت ابوسلمہ سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزوں کو انہوں نے کہا آپ روزہ رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب روزے ہی رکھے جائیں گے اور افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب افطار ہی کریں گے اور کسی مہینے میں آپ شعبان سے زیادہ روزے نہ رکھتے آپ اکثر شعبان میں یا کل شعبان میں روزے رکھتے ۔

۲۱۸۴ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَهْرٍ مِنَ السَّنَةِ أَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِي شَعْبَانَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سال کے کسی مہینے میں شعبان سے زیادہ روزے نہ رکھتے آپ شعبان کے سارے مہینے میں روزے رکھتے ۔

۲۱۸۵ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ شَعْبَانَ ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں روزے رکھتے ۔

۲۱۸۶ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ إِسْحَقَ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ فِي لَيْلَةٍ وَلَا قَامَ لَيْلَةً حَتَّى الصَّبَاحِ وَلَا صَامَ شَهْرًا كَامِلًا قَطُّ غَيْرَ رَمَضَانَ ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے میں نہیں جانتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ایک رات میں سارا قرآن پڑھا ہو یا کسی رات میں ساری رات عبادت کی ہو یا کسی مہینے کے پورے روزے رکھے ہوں سوا رمضان کے ف۱

۲۱۸۷ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ حَرَّانِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم

ف۱ . پھر اُوپر کی حدیثوں میں جو آیا ہے کہ آپ سارے شعبان کے روزے رکھتے مراد اس سے یہ ہے کہ اکثر دنوں میں رکھتے اور بہت کم ناغہ کرتے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عن هشام عن ابن سيرين عن عبد الله بن شقيق عن عائشة قال سألتها عن صيام رسول الله صلى الله عليه وسلم قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم حتى نقول قد صام ويفطر حتى نقول قد افطر ولم يصم شهرا تاما منذ اتى المدينة الا ان يكون رمضان ۔

کہتے تھے اب روزے رکھے جائیں گے اور افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب افطار کیے جائیں گے اور آپ نے کسی مہینے کے پورے روزے نہیں رکھے جب سے مدینے میں آئے مگر رمضان میں ۔

۲۱۸۸ اخبرنا اسمعيل بن مسعود قال انبانا خالد وهو ابن الحارث عن كهمس عن عبد الله بن شقيق قال قلت لعائشة اكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي صلوة الضحى قالت لا الا ان يجيء من مغيبه قلت هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم شهرا كله قالت لا ما علمت صام شهرا كله الا رمضان ولا افطر حتى يصوم منه حتى مضى لسبيله ۔

حضرت عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھا کرتے انہوں نے کہا نہیں مگر جب باہر سے آتے (یعنی سفر سے) میں نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مہینے کے پورے روزے رکھتے انہوں نے کہا نہیں مگر رمضان کے اور نہ کسی مہینے میں پورا افطار کرتے (یعنی ایک روزہ بھی نہ رکھیں) یہانتک کہ وفات ہوئی آپ کی ۔

۲۱۸۹ اخبرنا ابو الاشعث عن يزيد وهو ابن زريع قال حدثنا الجريري عن عبد الله بن شقيق قال قلت لعائشة اكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلي صلوة الضحى قالت لا الا ان يجيء من مغيبه قلت هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم له صوم معلوم سوى رمضان قالت والله ان صام شهرا معلوما سوى رمضان حتى مضى لوجهه ولا افطر حتى يصوم منه ۔

حضرت عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چاشت کی نماز پڑھتے تھے انہوں نے کہا نہیں مگر جب سفر سے آتے میں نے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی روزہ معین تھا سوا رمضان کے انہوں نے کہا قسم اللہ کی آپ نے کسی معین مہینے کے روزے نہیں رکھے سوا رمضان کے یہانتک کہ وفات ہوئی اور نہ افطار کیا کسی مہینے میں (بالکل) بلکہ روزہ رکھا ہر ایک مہینے میں ۔

## باب ۱۱۸۲ ذكر الاختلاف على خالد بن معدان في هذا الحديث

## اس حدیث میں خالد بن معدان پر راویوں کا اختلاف

۲۱۹۰ اخبرني عمرو بن عثمان عن بقية قال حدثنا بحير عن خالد عن جبير بن نفير ان رجلا

حضرت جبیر بن نفیر سے روایت ہے ایک شخص نے حضرت عائشہ سے پوچھا روزوں کو انہوں نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



سَأَلَ عَائِشَةَ عَنِ الصِّيَامِ فَقَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ وَيَتَحَرَّى صِيَامَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۔

۲۱۹۱ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا ثَوْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ وَيَتَحَرَّى الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ۔

## بَاب ۱۱۸۳ صِيَامِ يَوْمِ الشَّكِّ

۲۱۹۲ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْأَشَجُّ عَنْ أَبِي خَالِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ صِلَةَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ عَمَّارٍ فَأُتِيَ بِشَاةٍ مَصْلِيَّةٍ فَقَالَ كُلُوا فَتَنَحَّى بَعْضُ الْقَوْمِ قَالَ إِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ عَمَّارٌ مَنْ صَامَ الْيَوْمَ الَّذِي يُشَكُّ فِيهِ فَقَدْ عَصَى أَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۲۱۹۳ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ عَنْ أَبِي يُونُسَ عَنْ سِمَاكٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى عِكْرِمَةَ فِي يَوْمٍ قَدْ أُشْكِلَ مِنْ رَمَضَانَ هُوَ أَمْ مِنْ شَعْبَانَ وَهُوَ يَأْكُلُ خُبْزًا وَبَقْلًا وَلَبَنًا فَقَالَ لِي هَلُمَّ فَقُلْتُ إِنِّي صَائِمٌ قَالَ وَحَلَفَ بِاللّٰهِ لَتُفْطِرَنَّ قُلْتُ سُبْحَانَ اللّٰهِ مَرَّتَيْنِ فَلَمَّا رَأَيْتُهُ يَحْلِفُ لَا يَسْتَثْنِي تَقَدَّمْتُ قُلْتُ هَاتِ الْآنَ مَا عِنْدَكَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُومُوا لِرُؤْيَتِهِ وَأَفْطِرُوا لِرُؤْيَتِهِ فَإِنْ حَالَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سَحَابَةٌ أَوْ ظُلْمَةٌ فَأَكْمِلُوا الْعِدَّةَ عِدَّةَ شَعْبَانَ وَلَا تَسْتَقْبِلُوا الشَّهْرَ اسْتِقْبَالًا وَلَا تَصِلُوا رَمَضَانَ بِيَوْمٍ مِنْ شَعْبَانَ۔

کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سارے شعبان میں روزے رکھتے اور خیال رکھتے پیر اور جمعرات کے روزے کا۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے تھے شعبان اور رمضان میں اور خیال رکھتے تھے پیر اور جمعرات کا

## شک کے دن روزہ رکھنا کیسا ہے یعنی جس دن شبہ ہو کہ یہ رمضان کا پہلا دن ہے یا شعبان کا اخیر دن

حضرت صلہ سے روایت ہے ہم عمار کے پاس بیٹھے تھے اتنے میں ایک بکری بھنی ہوئی آئی انہوں نے کہا کھاؤ بعض لوگوں نے کنارہ کیا اور کہنے لگے ہم روزہ دار ہیں عمار نے کہا جس نے شک کے دن روزہ رکھا اس نے نافرمانی کی ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

حضرت سماکؓ سے روایت ہے میں عکرمہ کے پاس گیا ایک دن جس میں شک تھا رمضان کا ہے یا شعبان کا وہ روٹی اور ترکاری اور دودھ کھا رہے تھے انہوں نے کہا آؤ میں نے کہا میں روزے سے ہوں انہوں نے اللہ کی قسم کھائی تم روزہ توڑو گے میں نے دو بار کہا سبحان اللہ جب میں نے دیکھا وہ قسم کھائے جاتے ہیں اور ان شاء اللہ بھی نہیں کہتے میں نے کہا لاؤ جو تمہارے پاس ہے انہوں نے کہا میں نے ابن عباس سے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے روزہ رکھو چاند دیکھ کر اور افطار کرو چاند دیکھ کر اگر تمہارے اور چاند کے بیچ میں ابر آجائے یا تاریکی تو شعبان کے تیس دن پورے کر لو اور رمضان سے پہلے روزے

www.sirat-e-mustaqeem.com



نہ رکھو نہ رمضان کو شعبان سے ملاؤ۔

## باب ۱۱۸۴ التَّسْهِيلُ فِي صِيَامِ يَوْمِ الشَّكِّ

## شک کے دن روزہ رکھنا کس کو جائز ہے

۲۱۹۴ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ أَخْبَرَنِي شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَقَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ وَابْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ أَلَا لَا تَقَدَّمُوا الشَّهْرَ بِيَوْمٍ أَوِ اثْنَيْنِ إِلَّا رَجُلٌ كَانَ يَصُومُ صِيَامًا فَلْيَصُمْهُ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے مت روزے رکھو رمضان سے ایک یا دو دن پہلے مگر وہ شخص جو ہمیشہ اس دن روزہ رکھا کرتا تھا وہ رکھے۔

---

## باب ۱۱۸۵ ثَوَابِ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ وَصَامَهُ إِيمَانًا وَّ احْتِسَابًا

## جو شخص رمضان میں دن کو روزہ رکھے اور رات کو عبادت کرے ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اسکو کیا ثواب ملے گا

۲۱۹۵ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ اللَّيْثِ قَالَ أَنْبَأَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ أَبِي هِلَالٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت سعید بن المسیب سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان میں رات کو عبادت کرے (یعنی تراویح پڑھے) ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

۲۱۹۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَبَلَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى عَنْ إِسْحَقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُرَغِّبُ النَّاسَ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَأْمُرَهُمْ بِعَزِيمَةِ أَمْرٍ فِيهِ فَيَقُولُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو رغبت دیتے تھے رمضان میں عبادت کرنے کی لیکن زور سے کسی بات کا حکم نہیں کرتے تھے (ورنہ واجب ہو جاتی) آپ فرماتے تھے جو شخص کھڑا ہو رمضان کی راتوں میں (یعنی تراویح پڑھے) ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے سب گناہ بخشے جائیں گے۔

۲۱۹۷ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْحَقُ قَالَ أَنْبَأَنَا

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحٰرِثِ عَنْ يُوْنُسَ الْاَيْلِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ جَوْفِ اللَّيْلِ يُصَلِّيْ فِي الْمَسْجِدِ فَصَلّٰى بِالنَّاسِ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ وَفِيْهِ قَالَتْ فَكَانَ يُرَغِّبُهُمْ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ بِعَزِيْمَةٍ وَيَقُوْلُ مَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ قَالَ فَتُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْاَمْرُ عَلٰى ذٰلِكَ۔

صلی اللہ علیہ وسلم رات کو باہر نکلے مسجد میں نماز پڑھنے کے لیے پھر نماز پڑھائی اور بیان کیا حدیث کو یہاں تک کہ کہا حضرت عائشہ نے آپ لوگوں کو رغبت دیتے تھے رمضان کی راتوں میں کھڑے ہونے کی (نماز تراویح میں) مگر زور سے حکم نہیں دیتے تھے اور فرماتے تھے جو شخص شب قدر میں کھڑا ہو ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی اور حکم ایسا ہی رہا۔ ف۱

۲۱۹۸ اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ رَمَضَانَ مَنْ قَامَهُ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ رمضان کے باب میں فرماتے تھے جو شخص کھڑا ہوا اس مہینہ میں ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

۲۱۹۹ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ فَصَلّٰى فِي الْمَسْجِدِ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ وَقَالَ فِيْهِ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَغِّبُهُمْ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّاْمُرَهُمْ بِعَزِيْمَةِ اَمْرٍ فِيْهِ فَيَقُوْلُ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِيْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دیتے تھے لوگوں کو رمضان میں عبادت کرنے کی مگر زور سے حکم نہیں دیتے تھے آپ فرماتے تھے جو شخص رمضان میں کھڑا ہو ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

۲۲۰۰ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لِرَمَضَانَ مَنْ قَامَهُ

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سنا آپ رمضان کے واسطے فرماتے تھے جو شخص کھڑا ہو ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے

ف۱ یعنی رمضان کا قیام مستحب اور سنت رہا کچھ واجب اور ضرور نہ تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠١ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان میں کھڑا ہوا ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠٢ أَخْبَرَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَغِّبُ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَأْمُرَهُمْ بِعَزِيمَةٍ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دیتے تھے رمضان میں کھڑے ہونے کی مگر زور سے حکم نہ دیتے تھے آپ نے فرمایا جو شخص رمضان میں کھڑا ہوا ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠٣ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص رمضان کے روزے رکھے ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠٤ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کھڑا ہوا رمضان کی راتوں میں ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠٥ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ قَالَ الزُّهْرِيُّ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کھڑا ہوا رمضان کی راتوں میں ایمان کے ساتھ ثواب کے لیے اس کے اگلے گناہ بخشے جائیں گے۔

٢٢٠٦ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَاحِبَ الْحَدِيثِ فَدَلَّنِي عَلَيْهِ فَلَقِيتُهُ فَقَالَ حَدَّثَنِي قَرِيبٌ لِي يُقَالُ لَهُ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِبِلٍ كَانَتْ لِي أُخِذَتْ فَوَافَقْتُهُ وَهُوَ يَأْكُلُ فَدَعَانِي إِلَى طَعَامِهِ فَقُلْتُ إِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ ادْنُ أُخْبِرْكَ عَنْ ذَلِكَ إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصَّوْمَ وَشَطْرَ الصَّلَاةِ۔

میں اس سے ملا اس نے کہا مجھ سے میرے ایک عزیز نے بیان کیا جس کو انس بن مالک کہتے تھے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اپنے اونٹ لینے کر گیا جب میں آپ کے پاس گیا تو آپ کھانا کھا رہے تھے آپ نے مجھے بلایا کھانے کے لیے میں نے کہا میں روزہ دار ہوں آپ نے فرمایا نزدیک آجا میں تجھ سے بیان کروں اللہ تعالیٰ نے مسافر کو آدھی نماز اور روزہ معاف کر دیا ہے۔

---

۲۲۸۱۔ أَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ فَإِذَا هُوَ يَتَغَدَّى قَالَ هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ فَقُلْتُ إِنِّي صَائِمٌ قَالَ هَلُمَّ أُخْبِرْكَ عَنِ الصَّوْمِ إِنَّ اللَّهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ نِصْفَ الصَّلَاةِ وَالصَّوْمَ وَرَخَّصَ لِلْحُبْلَى وَالْمُرْضِعِ۔

ایک شخص سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کام کو آیا آپ صبح کا کھانا کھا رہے تھے آپ نے فرمایا آ کھا میں نے کہا میں روزہ دار ہوں آپ نے فرمایا ادھر آ میں تجھے روزے کا حکم بتاؤں اللہ تعالیٰ نے مسافر کو آدھی نماز معاف کر دی ہے اور روزہ معاف کر دیا ہے اسی طرح حاملہ اور دودھ پلانے والی کو رخصت دی ہے۔

۲۲۸۲۔ أَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ رَجُلٍ نَحْوَهُ۔

۲۲۸۳۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ هَانِئِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَلْحَرِيشِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنْتُ مُسَافِرًا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا صَائِمٌ وَهُوَ يَأْكُلُ قَالَ هَلُمَّ قُلْتُ إِنِّي صَائِمٌ قَالَ تَعَالَ أَلَمْ تَعْلَمْ مَا وَضَعَ اللَّهُ عَنِ الْمُسَافِرِ قُلْتُ وَمَا وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ قَالَ الصَّوْمَ وَنِصْفَ الصَّلَاةِ۔

ہانی بن شخیر سے روایت ہے انہوں نے سنا ایک شخص سے جو بلحریش میں سے تھا اس نے سنا اپنے باپ سے کہا میں مسافر تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں روزے سے تھا آپ کھانا کھا رہے تھے آپ نے فرمایا آ میں نے کہا میں روزہ دار ہوں آپ نے فرمایا آ تو نہیں جانتا جو اللہ تعالیٰ نے معاف کیا ہے مسافر کو میں نے کہا کیا معاف کیا ہے آپ نے فرمایا روزہ اور آدھی نماز۔

---

۲۲۸۴۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ هَانِئِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَلْحَرِيشِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُ مَا شَاءَ اللَّهُ فَأَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ

ہانی بن عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے اس نے سنا بلحریش کے ایک شخص سے اس نے سنا اپنے باپ سے کہا ہم سفر میں رہا کرتے تھے جب تک اللہ چاہتا تو ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَطْعَمُ فَقَالَ هَلُمَّ فَاطْعَمْ فَقُلْتُ اِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُحَدِّثُكُمْ عَنِ الصِّيَامِ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصَّوْمَ وَشَطْرَ الصَّلَاةِ۔

پاس آئے آپ کھانا کھا رہے تھے آپ نے فرمایا آؤ کھانا کھاؤ میں نے کہا میں روزہ دار ہوں آپ نے فرمایا میں تمہیں روزے کے بارے میں بتلاتا ہوں اللہ تعالیٰ نے مسافر کو روزہ معاف کر دیا ہے اور آدھی نماز معاف کر دی ہے۔

۲۲۸۵۔ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ هَانِئِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنْتُ مُسَافِرًا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ وَاَنَا صَائِمٌ فَقَالَ هَلُمَّ قُلْتُ اِنِّي صَائِمٌ قَالَ اَتَدْرِي مَا وَضَعَ اللّٰهُ عَنِ الْمُسَافِرِ قُلْتُ وَمَا وَضَعَ اللّٰهُ عَنِ الْمُسَافِرِ قَالَ الصَّوْمَ وَشَطْرَ الصَّلَاةِ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

۲۲۸۶۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ مُوسَى هُوَ ابْنُ اَبِي عَائِشَةَ عَنْ غَيْلَانَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ اَبِي قِلَابَةَ فِي سَفَرٍ فَقَرَّبَ طَعَامًا فَقُلْتُ اِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِي سَفَرٍ فَقَرَّبَ طَعَامًا فَقَالَ لِرَجُلٍ اُدْنُ فَاطْعَمْ قَالَ اِنِّي صَائِمٌ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ نِصْفَ الصَّلَاةِ وَالصِّيَامَ فِي السَّفَرِ فَادْنُ فَاطْعَمْ فَدَنَوْتُ فَطَعِمْتُ۔

حضرت غیلان سے روایت ہے میں ابو قلابہ کے ساتھ نکلا سفر میں انہوں نے کھانا سامنے رکھا میں نے کہا میں روزے سے ہوں ابو قلابہ نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں نکلے آپ کے سامنے کھانا آیا آپ نے ایک شخص سے کہا آؤ اور کھاؤ وہ بولا میں روزے سے ہوں آپ نے فرمایا اللہ تعالے نے مسافر کو آدھی نماز اور روزہ سفر میں معاف کر دیا ہے تو آ اور کھا میں گیا اور کھایا۔

## بَابُ ۱۹۸ فَضْلُ الْاِفْطَارِ فِي السَّفَرِ عَلَى الصِّيَامِ

## سفر میں روزہ نہ رکھنے کی فضیلت

۲۲۸۷۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرٰهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ فَنَزَلْنَا فِي يَوْمٍ حَارٍّ وَاتَّخَذْنَا ظِلَالًا فَسَقَطَ الصُّوَّامُ وَقَامَ الْمُفْطِرُونَ فَسَقَوُا الرِّكَابَ

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے بعضوں نے ہم میں سے روزہ رکھا اور بعضوں نے افطار کیا ایک دن بہت گرمی تھی ہم اترے اور سائے لگائے روزہ دار تھک کر گر پڑے اور بے روزہ اٹھے اور اونٹوں کو پانی پلایا رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَھَبَ الْمُفْطِرُوْنَ الْیَوْمَ بِالْاَجْرِ۔

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. آج کا ثواب بے روزہ لوگ لے گئے۔

## باب ۱۱۹۹ ذِکْرُ قَوْلِہِ الصَّائِمُ فِی السَّفَرِ کَالْمُفْطِرِ فِی الْحَضَرِ

## روزہ رکھنا سفر میں ایسا ہے جیسے بے روزہ ہونا گھر میں۔

۲۲۸۸- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ الْبَلْخِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ یُقَالُ الصِّیَامُ فِی السَّفَرِ کَالْاِفْطَارِ فِی الْحَضَرِ۔

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بن عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا لوگ کہتے تھے سفر میں روزہ رکھنا ایسا ہے جیسے حضر میں افطار کرنا۔ ف۱۔

۲۲۸۹ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ اَیُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ الْخَیَّاطِ وَاَبُوْ عَامِرٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ الصَّائِمُ فِی السَّفَرِ کَالْمُفْطِرِ فِی الْحَضَرِ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا سفر میں روزہ رکھنا ایسا ہی ہے جیسے حضر (یعنی گھر) میں افطار کرنا۔

۲۲۹۰- اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ یَحْیَی بْنِ اَیُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِیَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّھْرِیِّ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ اَبِیْہِ قَالَ الصَّائِمُ فِی السَّفَرِ کَالْمُفْطِرِ فِی الْحَضَرِ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے کہا سفر میں روزہ رکھنے والا ایسا ہے جیسے حضر میں افطار کرنے والا۔

## باب ۱۲۰۰ الصِّیَامُ فِی السَّفَرِ وَذِکْرُ اخْتِلَافِ خَبَرِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِیْہِ

## سفر میں روزہ رکھنے کا بیان

۲۲۹۱ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ اَنْبَانَا سُوَیْدٌ قَالَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ عَنْ شُعْبَۃَ عَنِ الْحَکَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِیْ رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰی اَتٰی قُدَیْدًا ثُمَّ اُتِیَ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبَ وَاَفْطَرَ ھُوَ وَاَصْحَابُہٗ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں (سفر پر) نکلے تو روزے رکھتے رہے یہاں تک کہ قدید (ایک مقام ہے مدینہ سے سات منزل پر مکہ کی طرف) میں پہنچے پھر دودھ کا ایک پیالہ آپ کے سامنے آیا آپ نے اور آپ کے صحابہ نے پی لیا۔ ف۲۔

---

ف۱۔ یعنی سفر میں روزہ رکھنے کا کچھ ثواب نہیں ہے یا روزہ رکھنا گناہ ہے یعنی جس صورت میں ضرر کا احتمال ہو۔ یہ حدیث ابن ماجہ نے عبدالرحمٰن بن عوف سے مرفوعاً روایت کی ہے۔

ف۲۔ حدیث ہذا سے معلوم ہوا کہ اگر کسی نے سفر میں روزہ رکھا ہو پھر تکلیف معلوم ہو تو توڑ سکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۲۹۲- اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ حَتّٰى اَتٰى قُدَيْدًا ثُمَّ اَفْطَرَ حَتّٰى اَتٰى مَكَّةَ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا جب مدینے سے نکلے یہاں تک کہ قدیر میں پہنچے پھر افطار کیا یہاں تک کہ مکہ میں داخل ہوئے۔

۲۲۹۳- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى قَالَ اَنْبَاَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِيسٰى قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ فِي السَّفَرِ حَتّٰى اَتٰى قُدَيْدًا ثُمَّ دَعَا بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبَ فَاَفْطَرَ هُوَ وَاَصْحَابُهُ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر میں روزہ رکھا۔ یہاں تک کہ قدید میں آئے پھر ایک پیالہ دودھ کا منگوایا آپ نے پیا اور آپ کے اصحاب نے پیا۔

## بَابُ ۱۲۰۱ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى مَنْصُوْرٍ

## منصور پر اختلاف

۲۲۹۴ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مَكَّةَ فَصَامَ حَتّٰى اَتٰى عُسْفَانَ فَدَعَا بِقَدَحٍ فَشَرِبَ قَالَ شُعْبَةُ فِي رَمَضَانَ فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ مَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ اَفْطَرَ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے کی طرف نکلے تو روزے رکھتے رہے یہاں تک کہ عسفان میں پہنچے وہاں ایک پیالہ منگوایا اور پیا رمضان میں ابن عباس کہتے تھے جو چاہے سفر میں روزے رکھے اور جو چاہے افطار کرے۔

۲۲۹۵ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَافَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رَمَضَانَ فَصَامَ حَتّٰى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِاِنَاءٍ فَشَرِبَ نَهَارًا يَرَاهُ النَّاسُ ثُمَّ اَفْطَرَ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کیا رمضان میں تو روزے رکھتے رہے یہاں تک کہ عسفان میں پہنچے پھر ایک برتن منگوایا اور دن کو پانی پیا لوگ دیکھتے رہے پھر روزہ نہیں رکھا۔

۲۲۹۶- اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قُلْتُ لِمُجَاهِدٍ الصَّوْمُ فِي السَّفَرِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ وَيُفْطِرُ۔

حضرت عوام بن حوشب سے روایت ہے میں نے مجاہد سے کہا سفر میں روزہ رکھنا کیسا ہے انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے اور افطار کرتے تھے۔

۲۲۹۷- اَخْبَرَنِي هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ

حضرت مجاہد سے روایت ہے رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ قَالَ اَخْبَرَنِي مُجَاهِدٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ وَاَفْطَرَ فِي السَّفَرِ

صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان میں روزے رکھے پھر افطار کیا سفر میں۔

## باب ۱۲۰۲ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى سُلَيْمَانَ ابْنِ يَسَارٍ فِي حَدِيْثِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو فِيْهِ

## حمزہ بن عمر کی حدیث میں سلیمان بن یسار کے بارے میں راویوں کا اختلاف

۲۲۹۸۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَزْهَرُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ اَنَّهُ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ قَالَ اِنْ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا اِنْ شِئْتَ صُمْتَ وَاِنْ شِئْتَ اَفْطَرْتَ۔

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالٰی عنہ بن عمرو اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا سفر میں روزہ رکھنا کیسا ہے آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے روزہ رکھ جی چاہے نہ رکھ۔

۲۲۹۹۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِثْلَهُ مُرْسَلٌ۔

۲۳۰۰۔ اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ اَنْبَانَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ اَبِي اَنَسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ قَالَ اِنْ شِئْتَ اَنْ تَصُوْمَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ اَنْ تُفْطِرَ فَاَفْطِرْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اُوپر گزرا۔ ان سب روایتوں کا معنٰی ایک ہے لیکن لفظوں میں کچھ کچھ اختلاف ہے۔

---

۲۳۰۱۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ

حضرت حمزہ بن عمرو سے روایت ہے میں پے درپے روزے رکھا کرتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں میں نے کہا

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ أَنْ تَصُومَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ أَنْ تُفْطِرَ فَأَفْطِرْ۔

یا رسول اللہ میں روزے رکھوں برابر سفر میں آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو روزہ رکھ اور جی چاہے تو افطار کر۔

---

۲۳۰۲ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ وَاللَّيْثُ فَذَكَرَ آخَرَ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيِّ قَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَجِدُ قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ قَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۳۰۳ أَخْبَرَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِي السَّفَرِ قَالَ إِنْ شِئْتَ أَنْ تَصُومَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ أَنْ تُفْطِرَ فَأَفْطِرْ۔

حضرت حمزہ بن عمروؓ اسلمی سفر میں روزہ رکھا کرتے تھے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو روزہ رکھ جی چاہے نہ رکھ۔

---

۲۳۰۴ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَحَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَانِي جَمِيعًا عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كُنْتُ أَسْرُدُ الصِّيَامَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَسْرُدُ الصِّيَامَ فِي السَّفَرِ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ۔

حضرت حمزہؓ بن عمرو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا میں اپنے اندر روزے کی طاقت دیکھتا ہوں سفر میں کیا مجھ پر کچھ گناہ ہے (روزہ رکھنے سے)، آپ نے فرمایا یہ ایک رخصت ہے اللہ جل جلالہٗ کی جو شخص اس رخصت کو لیوے تو اچھا ہے اور جو روزہ رکھنا چاہے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔

---

۲۳۰۵ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحَاقَ

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عِمْرَانَ بْنِ أَبِي أَنَسٍ عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ حَمْزَةَ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنِّي رَجُلٌ أَسْرُدُ الصِّيَامَ أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ قَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ۔

پوچھا کیا سفر میں روزہ رکھوں آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو رکھ جی چاہے تو نہ رکھ۔

۲۳۰۶ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحَقَ قَالَ حَدَّثَنِي عِمْرَانُ بْنُ أَبِي أَنَسٍ أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا مُرَاوِحٍ حَدَّثَهُ أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ رَجُلًا يَصُومُ فِي السَّفَرِ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ۔

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا سفر میں روزہ رکھوں آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو رکھ جی چاہے نہ رکھ۔

## ۱۲۰۳ ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى عُرْوَةَ فِي حَدِيثِ حَمْزَةَ فِيهِ

## حمزہ کی حدیث میں عروہ پر اختلاف

۲۳۰۷ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَمْرٌو وَذَكَرَ آخَرَ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ أَبِي مُرَاوِحٍ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو أَنَّهُ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَجِدُ فِيَّ قُوَّةً عَلَى الصِّيَامِ فِي السَّفَرِ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ قَالَ هِيَ رُخْصَةٌ مِنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَمَنْ أَخَذَ بِهَا فَحَسَنٌ وَمَنْ أَحَبَّ أَنْ يَصُومَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ۔

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی سفر میں روزہ رکھا کرتے میں اپنے اندر روزے کی طاقت دیکھتا ہوں سفر میں کیا مجھ پر کچھ گناہ ہے (روزہ رکھنے سے) آپ نے فرمایا یہ ایک رخصت ہے اللہ جل جلالہ کی جو شخص اس رخصت کو لیوے تو اچھا ہے اور جو روزہ رکھنا چاہے تو اس پر کچھ گناہ نہیں۔

## ۱۲۰۴ ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ فِيهِ

## اس حدیث میں ہشام بن عروہ پر اختلاف

۲۳۰۸ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيِّ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصُومُ فِي السَّفَرِ قَالَ إِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَإِنْ شِئْتَ فَأَفْطِرْ۔

حضرت حمزہ بن عمرو اسلمی سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا سفر میں روزہ رکھوں آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو رکھ جی چاہے نہ رکھ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۳۰۹- اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ الْحَسَنِ اللَّاوِیُّ بِالْكُوفَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ الرَّازِیُّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ رَجُلٌ اَصُوْمُ اَفَاَصُوْمُ فِی السَّفَرِ قَالَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۳۱۰- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ حَمْزَةَ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصُوْمُ فِی السَّفَرِ وَكَانَ كَثِیْرَ الصِّیَامِ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔

حضرت عائشہ سے روایت ہے حمزہ نے کہا یا رسول اللہ میں سفر میں روزہ رکھوں اور وہ بہت روزے رکھا کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تیرا جی چاہے تو روزہ رکھ اور جی چاہے تو نہ رکھ۔

۲۳۱۱- اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ حَمْزَةَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَصُوْمُ فِی السَّفَرِ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

۲۳۱۲- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدَةُ اَنَّ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ حَمْزَةَ الْاَسْلَمِیَّ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّوْمِ فِی السَّفَرِ وَكَانَ رَجُلًا یَسْرُدُ الصِّیَامَ فَقَالَ اِنْ شِئْتَ فَصُمْ وَاِنْ شِئْتَ فَاَفْطِرْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

## بَابُ ۱۲۰۵ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰی اَبِیْ نَضْرَةَ الْمُنْذِرِ بْنِ مَالِكِ بْنِ قِطْعَةَ فِیْهِ

## اس حدیث میں ابی نضرہ پر اختلاف

۲۳۱۳- اَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ حَبِیْبِ بْنِ عَرَبِیٍّ قَالَ

حضرت ابوسعید سے روایت ہے ہم

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُ فِي رَمَضَانَ فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ لَا يَعِيبُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا يَعِيبُ الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ۔

رمضان میں سفر کرتے تھے (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ) کوئی ہم میں سے روزہ رکھتا کوئی نہ رکھتا اور کوئی دوسرے کو عیب نہ لگاتا۔

۲۲۱۴۔ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ يَعْقُوبَ الطَّالَقَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْوَاسِطِيُّ عَنْ أَبِي مَسْلَمَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ كُنَّا نُسَافِرُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمِنَّا الصَّائِمُ وَمِنَّا الْمُفْطِرُ وَلَا يَعِيبُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا يَعِيبُ الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ۔

ترجمہ وہی ہے جو اُوپر گزرا۔

۲۲۱۵۔ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَافَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَامَ بَعْضُنَا وَأَفْطَرَ بَعْضُنَا۔

جابر سے روایت ہے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کیا تو بعضوں نے ہم میں سے روزہ رکھا اور بعضوں نے نہیں رکھا۔

۲۲۱۶۔ أَخْبَرَنِي أَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ الْمُنْذِرِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُمَا سَافَرَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَصُومُ الصَّائِمُ وَيُفْطِرُ الْمُفْطِرُ وَلَا يَعِيبُ الصَّائِمُ عَلَى الْمُفْطِرِ وَلَا الْمُفْطِرُ عَلَى الصَّائِمِ۔

حضرت ابوسعید اور جابرؓ بن عبداللہ سے روایت ہے ان دونوں نے سفر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو کوئی روزہ رکھتا تھا کوئی افطار کرتا اور کوئی دوسرے پر عیب نہ لگاتا۔

## بَابُ ۱۲۰۶ الرُّخْصَةُ لِلْمُسَافِرِ أَنْ يَصُومَ بَعْضًا وَيُفْطِرَ بَعْضًا

## مسافر کو اختیار ہے رمضان میں کچھ دن روزے رکھے اور کچھ دن افطار کرے

۲۲۱۷۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ صَائِمًا فِي رَمَضَانَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِالْكَدِيدِ أَفْطَرَ۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس سال مکہ فتح ہوا رمضان میں نکلے (مدینے سے) روزے رکھتے ہوئے جب قدید میں پہنچے تو افطار کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۲۰۷ الرُّخْصَةِ فِي الْإِفْطَارِ لِمَنْ حَضَرَ شَهْرَ رَمَضَانَ فَصَامَ ثُمَّ سَافَرَ

## جو شخص رمضان میں روزہ رکھے پھر سفر کو جاوے تو روزہ توڑ سکتا ہے

۲۲۱۸ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَافَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَامَ حَتَّى بَلَغَ عُسْفَانَ ثُمَّ دَعَا بِإِنَاءٍ فَشَرِبَ نَهَارًا لِيَرَاهُ النَّاسُ ثُمَّ أَفْطَرَ حَتَّى دَخَلَ مَكَّةَ فَافْتَتَحَ مَكَّةَ فِي رَمَضَانَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَصَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السَّفَرِ وَأَفْطَرَ فَمَنْ شَاءَ صَامَ وَمَنْ شَاءَ أَفْطَرَ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کیا تو روزہ رکھا جب عسفان (ایک مقام ہے مکے سے دوسری منزل پر) میں پہنچے تو ایک برتن پانی کا منگوایا اور دن کو پانی پیا اسلیئے کہ لوگ دیکھیں پھر روزہ نہ رکھا یہاں تک کہ مکے میں پہنچے رمضان میں ابن عباس نے کہا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے روزہ رکھا سفر میں اور افطار بھی کیا اب جسکا جی چاہے روزہ رکھے اور جس کا جی چاہے افطار کرے۔

## بَابُ ۱۲۰۸ وَضْعِ الصِّيَامِ عَنِ الْحُبْلَى وَالْمُرْضِعِ

## حاملہ اور دودھ پلانیوالی کو روزے معاف ہونا

۲۲۱۹ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَوَادَةَ الْقُشَيْرِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَجُلٌ مِنْهُمْ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ وَهُوَ يَتَغَدَّى فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلُمَّ إِلَى الْغَدَاءِ فَقَالَ إِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَضَعَ لِلْمُسَافِرِ الصَّوْمَ وَشَطْرَ الصَّلَاةِ وَعَنِ الْحُبْلَى وَالْمُرْضِعِ

حضرت انس بن مالک سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ کھانا کھا رہے تھے دن کا آپ نے فرمایا آؤ کھانا کھاؤ انس نے کہا میں روزہ دار ہوں آپ نے فرمایا اللہ نے معاف کر دیا ہے مسافر کو روزہ اور آدھی نماز اسی طرح پیٹ والی اور دودھ پلانیوالی عورت کو روزہ معاف ہے (جب ضرر کا احتمال ہو) لیکن پھر قضا کرنا ضرور ہے۔

## بَابُ ۱۲۰۹ تَأْوِيلِ قَوْلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ

## آیت وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ آخیر تک کی تفسیر

۲۲۲۰ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ أَنْبَأَنَا بَكْرٌ وَهُوَ ابْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ أَنْ مَنْ أَرَادَ مِنَّا أَنْ يُفْطِرَ وَيَفْتَدِيَ حَتَّى نَزَلَتِ الْآيَةُ الَّتِي بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا۔

حضرت سلمہ بن الاکوع سے روایت ہے جب یہ آیت اتری وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ یعنی جو شخص طاقت رکھتا ہو روزے کی وہ ایک مسکین کا کھانا دے اگر روزہ نہ رکھنا چاہیے تو جو شخص چاہتا روزے رکھتا اور جو چاہتا وہ فدیہ دیتا یہاں تک کہ اس کے بعد کی آیت اتری

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ اور پہلی آیت منسوخ ہو گئی ۔ف۱

٢٣٢١ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ اَنْبَاَنَا وَرْقَاءُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ عَزَّ وَجَلَّ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ يُطِيْقُوْنَهٗ يُكَلَّفُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ وَاحِدٍ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا طَعَامُ مِسْكِيْنٍ آخَرَ لَيْسَتْ بِمَنْسُوْخَةٍ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ لَا يُرَخَّصُ فِيْ هٰذَا اِلَّا لِلَّذِيْ لَا يُطِيْقُ الصِّيَامَ اَوْ مَرِيْضٌ لَا يُشْفٰى ۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ کے معنی یہ ہیں کہ جن لوگوں کو تکلیف ہے روزے کی (یعنی روزہ ان پر فرض ہے) ایک مسکین کو کھانا دینا چاہیے اگر کوئی ایک اور مسکین کو دلوے تو وہ اس کے لیے بہتر ہے لیکن روزہ رکھنا بہتر ہے یہ آیت منسوخ نہیں ہے بلکہ رخصت ہے اس شخص کیلئے جو روزے کی طاقت نہیں رکھتا جیسے ضعیف ناتواں جسکو روزہ ضرر کرتا ہے یا بیمار ہے جو چنگا نہیں ہوتا ۔ف۲

## باب ۱۲۱۰ وَضْعِ الصِّيَامِ عَنِ الْحَائِضِ

## حائضہ عورت کو روزے معاف ہونا

٢٣٢٢ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عَلِيٌّ يَعْنِي ابْنَ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ عَائِشَةَ اَتَقْضِي الْحَائِضُ الصَّلٰوةَ اِذَا طَهُرَتْ قَالَتْ اَحَرُوْرِيَّةٌ اَنْتِ كُنَّا نَحِيْضُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَطْهُرُ فَيَاْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصَّوْمِ وَلَا يَاْمُرُنَا بِقَضَاءِ الصَّلٰوةِ ۔

معاذہ عدویہ سے روایت ہے ایک عورت نے حضرت عائشہ سے پوچھا کیا حائضہ عورت جب حیض سے پاک ہو تو نماز کی قضا کرے انہوں نے کہا تو حروری تو نہیں ۔ف۳ ہم کو حیض آتا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں پھر ہم پاک ہوتی تھیں تو آپ ہم کو حکم کرتے روزے کی قضا رکھنے کی اور نماز کے قضا پڑھنے کا حکم نہ کرتے ۔

---

ف۱۔ اب سب کو روزہ رکھنا ضرور ہے مگر مسافر اور مریض کو رخصت رہی کہ وہ روزہ نہ رکھیں پھر قضا کر لیویں اور بعضوں نے کہا کہ پہلی آیت منسوخ نہیں ہے بلکہ معنی اس کے یہ ہیں کہ جو لوگ پہلے روزے کی طاقت رکھتے تھے لیکن اب بے طاقت ہو گئے ہیں (جیسے بوڑھا) ان کو اختیار ہے فدیہ دیں یا روزہ رکھیں ۔

ف۲۔ اور بعض کہتے ہیں کہ یطیقونہ میں لا مقدر ہے یعنی لا یطیقونہ جیسے اس آیت میں يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا یعنی اِنْ لَا تَضِلُّوْا اور بعض کہتے ہیں کہ یطیقونہ اطاقۃ سے ہے جس کے معنی سلب طاقت ہیں تو معنی یہ ہیں جو لوگ طاقت نہیں رکھتے روزے کی وہ فدیہ دیں یا روزہ رکھیں بہرحال اچھے بھلے چنگے موٹے تازے طاقت وار شخص کو کسی نے رخصت نہیں دی فدیے کی بلکہ بالاتفاق اہل اسلام شرقاً و غرباً اس پر روزہ رکھنا فرض ہے ۔

ف۳۔ حروری نسبت ہے حرور کی طرف جو ایک مقام کا نام تھا قریب کوفے کے خارجی وہیں پر اکٹھے ہوئے تھے اور حضرت علی مرتضیٰ نے ان کو قتل کیا تھا وہ لوگ تشدد کرتے تھے دین کے مسائل میں حد سے زیادہ تو حضرت عائشہ نے اس عورت سے کہا کیا تو بھی حروریہ ہے یعنی خارجی ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۲۲۳۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كَانَ لَيَكُونُ عَلَيَّ الصِّيَامُ مِنْ رَمَضَانَ فَمَا أَقْضِيهِ حَتَّى يَجِيءَ شَعْبَانُ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے مجھ پر رمضان کے روزے ہوتے پھر میں ان کی قضا نہیں کرتی یہاں تک کہ شعبان آجاتا۔

## بَابُ ۱۲۱۱ إِذَا طَهُرَتِ الْحَائِضُ أَوْ قَدِمَ الْمُسَافِرُ فِي رَمَضَانَ هَلْ يَصُومُ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ

## جب عورت حیض سے پاک ہو یا مسافر سفر سے آئے رمضان میں اور دن باقی ہو تو کیا کرے؟

۲۲۲۴۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ أَبُو حَصِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ عَاشُورَاءَ أَمِنْكُمْ أَحَدٌ أَكَلَ الْيَوْمَ فَقَالُوا مِنَّا مَنْ صَامَ وَمِنَّا مَنْ لَمْ يَصُمْ قَالَ فَأَتِمُّوا بَقِيَّةَ يَوْمِكُمْ وَابْعَثُوا إِلَى أَهْلِ الْعَرُوضِ فَلْيُتِمُّوا بَقِيَّةَ يَوْمِهِمْ۔

محمد بن صیفی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عاشورا کے روز کسی نے تم میں سے کچھ کھایا ہے آج کے روز لوگوں نے کہا بعضوں نے ہم میں سے روزہ رکھا ہے اور بعضوں نے نہیں رکھا آپ نے فرمایا تو باقی دن پورا کرو (یعنی اب باقی دن کچھ کھاؤ پیو نہیں) اور کہلا بھیجا ان لوگوں کو جو شہر کے کنارے رہتے ہیں (یعنی قریب قریب گاؤں والوں کو) پورا کریں باقی دن کو۔ ف۱

## بَابُ ۱۲۱۲ إِذَا لَمْ يُجْمِعْ مِنَ اللَّيْلِ هَلْ يَصُومُ ذَلِكَ الْيَوْمَ مِنَ التَّطَوُّعِ

## اگر رات کو روزے کی نیت نہ کی ہو تو کیا دن کو نفلی روزہ رکھ سکتا ہے؟

۲۲۲۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ أَذِّنْ يَوْمَ عَاشُورَاءَ مَنْ كَانَ أَكَلَ فَلْيُتِمَّ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ أَكَلَ فَلْيَصُمْ۔

سلمہ بن الاکوع سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے فرمایا پکار دے عاشورا کے روز جس شخص نے کھانا کھا لیا ہے وہ باقی دن کچھ کھائے پیئے نہیں اور جس شخص نے نہیں کھایا ہے وہ روزہ رکھ لے۔

## بَابُ ۱۲۱۳ النِّيَّةِ فِي الصِّيَامِ وَالِاخْتِلَافِ عَلَى طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ فِي خَبَرِ عَائِشَةَ فِيهِ

## روزے کی نیت کا بیان!

۲۲۲۶۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ طَلْحَةَ

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز میرے پاس تشریف لائے

---

ف۱۔ اس حدیث سے مؤلف نے یہ بات نکالی کہ جب عاشورا میں امساک کا حکم ہوا تو رمضان میں بھی امساک کرنا لازم ہوگا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اِبْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ فَقُلْتُ لَا قَالَ فَإِنِّي صَائِمٌ ثُمَّ مَرَّ بِي بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمَ وَقَدْ أُهْدِيَ إِلَيَّ حَيْسٌ فَخَبَأْتُ لَهُ مِنْهُ وَكَانَ يُحِبُّ الْحَيْسَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّهُ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَخَبَأْتُ لَكَ مِنْهُ قَالَ أَدْنِيهِ أَمَا إِنِّي قَدْ أَصْبَحْتُ وَأَنَا صَائِمٌ فَأَكَلَ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا مَثَلُ صَوْمِ الْمُتَطَوِّعِ مَثَلُ الرَّجُلِ يُخْرِجُ مِنْ مَالِهِ الصَّدَقَةَ فَإِنْ شَاءَ أَمْضَاهَا وَإِنْ شَاءَ حَبَسَهَا۔

اور پوچھا کچھ ہے کھانے کو میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو میں روزے سے ہوں پھر دوسرے دن آئے اور میرے پاس حصّہ آیا تھا حیس کا (حیس ایک قسم کا کھانا ہے جو کھجور اور پنیر اور گھی اور آٹے سے بنتا ہے) میں نے آپ کے لیے چھپا رکھا تھا اسلیئے کہ آپ حیس کو چاہتے تھے میں نے کہا یا رسول اللہ میرے پاس حیس کا حصّہ آیا ہے تو میں نے آپ کے لیے چھپا رکھا ہے آپنے فرمایا لا اس کو میں نے روزہ رکھا تھا پھر آپ نے کھایا اس کو بعد اس کے فرمایا نفل روزے کی مثال ایسی ہے جیسی کوئی اپنے مال میں سے (نفل) صدقہ نکالے اب اسکو اختیار ہے چاہے دیوے یا نہ دیوے۔

۲۳۲۷۔ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ أَنْبَأَنَا شَرِيكٌ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَارَ عَلَيَّ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَوْرَةً قَالَ أَعِنْدَكِ شَيْءٌ قَالَتْ لَيْسَ عِنْدِي شَيْءٌ قَالَ فَأَنَا صَائِمٌ قَالَتْ ثُمَّ دَارَ عَلَيَّ الثَّانِيَةَ وَقَدْ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَجِئْتُ بِهِ فَأَكَلَ فَعَجِبْتُ مِنْهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ دَخَلْتَ عَلَيَّ وَأَنْتَ صَائِمٌ ثُمَّ أَكَلْتَ حَيْسًا قَالَ نَعَمْ يَا عَائِشَةُ إِنَّمَا مَنْزِلَةُ مَنْ صَامَ فِي غَيْرِ رَمَضَانَ أَوْ غَيْرِ قَضَاءِ رَمَضَانَ أَوْ فِي التَّطَوُّعِ بِمَنْزِلَةِ رَجُلٍ أَخْرَجَ صَدَقَةَ مَالِهِ فَجَادَ مِنْهَا بِمَا شَاءَ فَأَمْضَاهُ وَبَخِلَ مِنْهَا بِمَا بَقِيَ فَأَمْسَكَهُ۔

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک پھیرا کیا میرے پاس اور پوچھا کچھ کھانے کو ہے میں نے کہا میرے پاس کچھ نہیں ہے آپ نے فرمایا تو میں روزے سے ہوں پھر دوسرا پھیرا کیا آپنے اس وقت میرے پاس حصّہ آیا تھا حیس کا میں اس کو لے کر آئی آپ نے کھایا میں نے تعجب کیا اور کہا یا رسول اللہ پہلے آپ آئے تھے تو آپ روزے سے تھے اب آپنے حیس کھایا آپنے فرمایا ہاں اے عائشہ جو شخص روزہ رکھے لیکن رمضان کا نہ ہو نہ رمضان کی قضا کا یا نفل روزہ ہو اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی نے اپنے مال میں سے صدقہ نکالا پھر جتنا چاہا سخاوت کر کے اس میں سے دے دیا اور جتنا چاہا بخیلی کر کے اسمیں سے رکھ لیا۔

۲۳۲۸۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الْهَيْثَمِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجِيءُ وَيَقُولُ هَلْ عِنْدَكُمْ غَدَاءٌ فَنَقُولُ لَا فَيَقُولُ إِنِّي صَائِمٌ فَأَتَانَا يَوْمًا

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آتے تھے اور پوچھتے تھے تمہارے پاس کھانا ہے ہم کہتے نہیں آپ فرماتے میں روزے سے ہوں پھر ایک روز آئے تو ہمارے پاس حیس آیا تھا آپ نے پوچھا

www.sirat-e-mustaqeem.com



وقد أهدي لنا حيس فقال هل عندكم شيء قلنا نعم أهدي لنا حيس قال أما إني قد أصبحت أريد الصوم فأكل خالفه قاسم بن يزيد۔

کچھ ہے ہم نے کہا ہاں حیس کا حصہ آیا ہے آپ نے فرمایا میں نے صبح کو روزے کی نیت کی تھی پھر کھایا۔

۲۲۲۹۔ أخبرنا أحمد بن حرب قال حدثنا قاسم قال حدثنا سفيان عن طلحة بن يحيى عن عائشة بنت طلحة عن عائشة أم المؤمنين قالت أتانا رسول الله صلى الله عليه وسلم يوما فقلنا أهدي لنا حيس قد جعلنا لك منه نصيبا فقال إني صائم فأفطر۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس ایک دن تشریف لائے ہم نے کہا ہمارے پاس حیس کا حصہ آیا تھا ہم نے آپ کا حصہ رکھ چھوڑا ہے آپ نے فرمایا میں روزے سے ہوں پھر روزہ توڑ ڈالا۔

۲۲۳۰۔ أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا يحيى قال حدثنا طلحة بن يحيى قال حدثتني عائشة بنت طلحة عن عائشة أم المؤمنين أن النبي صلى الله عليه وسلم كان يأتيها وهو صائم فقال أصبح عندكم شيء تطعمينيه فنقول لا فيقول إني صائم ثم جاءها بعد ذلك فقالت أهديت لنا هدية فقال ما هي قالت حيس قال قد أصبحت صائما فأكل۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس آتے روزہ رکھ کر اور پوچھتے کچھ کھانے کو ہے ہم کہتے نہیں آپ فرماتے میں روزے سے ہوں ایک روز بعد اس کے آئے میں نے کہا ہمارے پاس حصہ آیا ہے آپ نے فرمایا کیا چیز ہے میں نے کہا حیس ہے آپ نے فرمایا میں نے تو روزہ رکھا تھا پھر کھایا۔

۲۲۳۱۔ أخبرنا إسحق بن إبراهيم قال أنبأنا وكيع قال حدثنا طلحة بن يحيى عن عمته عائشة بنت طلحة عن عائشة أم المؤمنين قالت دخل علي رسول الله صلى الله عليه وسلم ذات يوم فقال هل عندكم شيء قلنا لا قال فإني صائم۔

ام المؤمنین عائشہ رضہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز میرے پاس تشریف لائے اور پوچھا تمہارے پاس کچھ ہے ہم نے کہا نہیں آپ نے فرمایا میں روزے سے ہوں۔

۲۲۳۲۔ أخبرني أبو بكر بن علي قال حدثنا نصر بن علي قال أخبرني أبي عن القاسم بن معن عن طلحة بن يحيى عن عائشة بنت طلحة ومجاهد عن عائشة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم أتاها فقال هل عندكم طعام فقلت لا قال إني صائم ثم جاء يوما آخر فقالت عائشة يا رسول الله إنا قد أهدي لنا حيس فدعا به فقال أما إني قد أصبحت

ام المؤمنین عائشہ کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور پوچھا تمہارے پاس کچھ کھانے کو ہے انہوں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا میں روزے سے ہوں پھر ایک اور دن آپ تشریف لائے حضرت عائشہ نے کہا ہمارے پاس ہدیہ آیا ہے حیس کا وہ منگوایا گیا آپ نے فرمایا میں نے تو صبح کو روزے کی نیت کی تھی

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَائِمًا فَأَكَلَ ۔

پھر کھایا آپ نے ۔

۲۳۲۳ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ الْحُرِثِ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيَى عَنْ مُجَاهِدٍ وَأُمِّ كُلْثُومٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ طَعَامٌ نَحْوَهُ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَقَدْ رَوَاهُ سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ ۔

مجاہدؒ اور ام کلثومؓ نے بھی حضرت عائشہؓ سے ایسی ہی روایت بیان کی ہے ۔

۲۳۲۴۔ أَخْبَرَنِي صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي رَجُلٌ عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ عَنْ عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَالَ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ طَعَامٍ قُلْتُ لَا قَالَ إِذًا أَصُوْمُ قَالَتْ وَدَخَلَ عَلَيَّ مَرَّةً أُخْرٰى فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ أُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَقَالَ إِذًا أُفْطِرُ الْيَوْمَ وَقَدْ فَرَضْتُ الصَّوْمَ ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے اور پوچھا تمہارے پاس کچھ کھانا ہے میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو میں روزہ رکھ لیتا ہوں پھر ایک بار اور آئے تو میں نے کہا یا رسول اللہ ہمارے پاس حصہ آیا ہے حیس کا آپ نے فرمایا تو میں افطار کرتا ہوں آج اور میں روزہ کو فرض کر چکا تھا ۔

## بَابُ ۱۲۱۴ ذِكْرِ اخْتِلَافِ النَّاقِلِيْنَ لِخَبَرِ حَفْصَةَ فِي ذٰلِكَ

## حفصہؓ کی حدیث میں راویوں کا اختلاف

۲۳۲۵۔ أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ شُرَحْبِيْلَ قَالَ أَنْبَأَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يُبَيِّتِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهُ

ام المؤمنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص روزے کی نیت نہ کرے فجر نکلنے سے پہلے اس کا روزہ نہ ہوگا ۔ ف

۲۳۲۶۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ حَفْصَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يُبَيِّتِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ فَلَا صِيَامَ لَهُ ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا ۔

ف ۔ ظاہر یہ حدیث مخالف ہے حضرت عائشہ کی حدیث کے جو اوپر گزری مگر شاید یہ فرض روزے میں ہو یا قضا اور کفارے کے روزوں میں اور امام مالک کے نزدیک ہر طرح کے روزے میں رات سے نیت کرنا ضرور ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۳۳۷- اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ اَشْهَبَ قَالَ اَخْبَرَنِی یَحْیَی بْنُ اَیُّوْبَ وَ ذَكَرَ اٰخَرُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ حَدَّثَهُمَا عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ حَفْصَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ یُجْمِعِ الصِّیَامَ قَبْلَ طُلُوْعِ الْفَجْرِ فَلَا یَصُوْمُ۔

ام المؤمنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص روزے کی نیّت نہ کرے فجر نکلنے سے پہلے وہ روزہ نہ رکھے۔

---

۲۳۳۸- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْاَزْهَرِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ یُبَیِّتِ الصِّیَامَ مِنَ اللَّیْلِ فَلَا صِیَامَ لَهٗ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۳۳۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ عُبَیْدَ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ حَفْصَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تَقُوْلُ مَنْ لَمْ یُجْمِعِ الصِّیَامَ مِنَ اللَّیْلِ فَلَا یَصُوْمُ۔

ام المؤمنین حفصہ نے کہا جو شخص روزے کی نیّت رات سے نہ کرے وہ روزہ نہ رکھے۔

۲۳۴۰- اَخْبَرَنَا الرَّبِیْعُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ حَمْزَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَتْ حَفْصَةُ زَوْجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا صِیَامَ لِمَنْ لَمْ یُجْمِعْ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

ام المؤمنین حفصہ نے کہا جو شخص نیّت نہ کرے فجر سے پہلے اس کا روزہ نہیں ہے۔

---

۲۳۴۱- اَخْبَرَنِیْ زَكَرِیَّا بْنُ یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عِیْسٰی قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ لَا صِیَامَ لِمَنْ لَمْ یُجْمِعْ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

ترجمہ وہی ہے جو اُوپر گزرا

۲۳۴۲- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ اَنْبَاَنَا حِبَّانُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْیَانَ بْنِ عُیَیْنَةَ وَمَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ حَمْزَةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ لَا صِیَامَ لِمَنْ لَمْ یُجْمِعِ الصِّیَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

ترجمہ وہی ہے جو اُوپر گزرا۔

۲۳۴۳- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

ام المؤمنین عائشہ اور حفصہ سے روایت ہے ان دونوں نے کہا روزہ نہ رکھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ لَا صِيَامَ لِمَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

مگر وہ شخص جس نے نیت کی ہو روزے کی فجر سے پہلے۔

۲۳۴۴- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ لَا صِيَامَ لِمَنْ لَمْ يُجْمِعِ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ اَرْسَلَهُ مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ

۲۳۴۵- قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَائِشَةَ وَحَفْصَةَ مِثْلَهُ لَا يَصُوْمُ اِلَّا مَنْ اَجْمَعَ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا

۲۳۴۶- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا لَمْ يُجْمِعِ الرَّجُلُ الصَّوْمَ مِنَ اللَّيْلِ فَلَا يَصُمْ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ لَا يَصُوْمُ اِلَّا مَنْ اَجْمَعَ الصِّيَامَ قَبْلَ الْفَجْرِ۔

حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بھی ایسا ہی کہا۔

---

## بَابُ صَوْمِ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ ۲۱۵

## حضرت داؤد علیہ السلام کے روزے کا بیان

۲۳۴۸- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ صِيَامُ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا وَاَحَبُّ الصَّلَاةِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ صَلَاةُ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيَقُوْمُ ثُلُثَهُ وَيَنَامُ سُدُسَهُ۔

عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب روزوں سے زیادہ اللہ کو حضرت داؤد کا روزہ پسند ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے اور سب نمازوں میں سے اللہ کو حضرت داؤد کی نماز پسند ہے وہ آدھی رات تک سوتے تھے اور تہائی رات تک جاگتے پھر چھٹے حصے میں رات کے سوتے (یعنی رات کے بارہ گھنٹوں میں سے چھ گھنٹے تک سوتے پھر تین گھنٹے جاگتے پھر دو گھنٹے سوتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۲۱۶ صَوْمِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَبِي هُوَ وَأُمِّي وَذِكْرُ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ لِلْخَبَرِ فِي ذَلِكَ

۲۳۴۹ أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُفْطِرُ أَيَّامَ الْبِيضِ فِي حَضَرٍ وَلَا سَفَرٍ۔

۲۳۵۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ مَا يُرِيدُ أَنْ يَصُومَ وَمَا صَامَ شَهْرًا مُتَتَابِعًا غَيْرَ رَمَضَانَ مُنْذُ قَدِمَ الْمَدِينَةَ۔

۲۳۵۱ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ مَرْوَانَ أَبِي لُبَابَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتَّى نَقُولَ مَا يُرِيدُ أَنْ يُفْطِرَ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ مَا يُرِيدُ أَنْ يَصُومَ۔

۲۳۵۲ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ عَنْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَا أَعْلَمُ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَأَ الْقُرْآنَ كُلَّهُ فِي لَيْلَةٍ وَلَا قَامَ لَيْلَةً حَتَّى الصَّبَاحِ وَلَا صَامَ شَهْرًا قَطُّ كَامِلًا غَيْرَ رَمَضَانَ۔

۲۳۵۳ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے کا بیان میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں!

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایام بیض میں (یعنی ہر مہینے کی ۱۳۔ ۱۴۔ ۱۵۔ میں افطار نہیں کرتے تھے نہ سفر میں نہ حضر میں۔

حضرت ابن عباس سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے افطار نہ کریں گے پھر افطار کرتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے روزے نہ رکھیں گے اور کبھی آپ نے ایک مہینے تک پے درپے روزے نہیں رکھے سوا رمضان کے جب سے مدینے میں آئے۔ ف۱

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے افطار نہ کریں گے پھر افطار کرتے تھے یہاں تک کہ ہم کہتے تھے اب روزہ نہ رکھیں گے۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے میں نہیں جانتی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سارا قرآن ایک رات میں پڑھا ہو یا ساری رات صبح تک عبادت کی ہو یا کسی مہینے کے پورے روزے رکھے ہوں سوا رمضان کے۔

حضرت عبداللہ بن شقیق سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہ سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے کو انہوں نے کہا آپ روزے رکھتے یہاں تک کہ ہم کہتے اب آپ

ف۱۔ یعنی کسی مہینے کے پورے روزے نہیں رکھے سوا رمضان کے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



يصوم حتى نقول قد صام ويفطر حتى نقول قد
فطر وما صام رسول الله صلى الله عليه وسلم شهرا
كاملا منذ قدم المدينة إلا رمضان .

روزے ہی رکھیں گے پھر افطار کرتے یہانتک کہ ہم کہتے اب افطار ہی نہ کریں گے اور کبھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی مہینے کے پورے روزے نہیں رکھے سوا رمضان کے جب سے مدینے میں تشریف لائے۔

---

۲۲۵۴۔ أخبرنا الربيع بن سليمان قال حدثنا ابن
وهب قال حدثنا معاوية بن صالح أن عبد الله
بن أبي قيس حدثه أنه سمع عائشة تقول كان
أحب الشهور إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن
يصومه شعبان بل كان يصله برمضان .

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سب مہینوں میں روزہ رکھنے کے لیے شعبان کا مہینہ پسند تھا بلکہ آپ اس کو ملا دیتے تھے رمضان کے ساتھ۔

۲۳۵۔ أخبرنا الربيع بن سليمان بن داود قال
حدثنا ابن وهب قال أخبرني مالك وعمرو بن
الحارث وذكر آخر قبلهما أن أبا النضر حدثهم عن
أبي سلمة عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله
عليه وسلم يصوم حتى نقول ما يفطر ويفطر حتى نقول
ما يصوم وما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم في
شهر أكثر صياما منه في شعبان .

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزے رکھتے یہانتک کہ ہم کہتے افطار نہ کریں گے اور افطار کرتے یہاں تک کہ ہم کہتے روزے نہ رکھیں گے اور میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی مہینے میں شعبان سے زیادہ روزے رکھتے نہیں دیکھا۔

---

۲۲۵۔ أخبرنا محمود بن غيلان قال حدثنا أبو
داود قال أنبأنا شعبة عن منصور قال سمعت سالم
بن أبي الجعد عن أبي سلمة أن رسول الله صلى
الله عليه وسلم كان لا يصوم شهرين متتابعين إلا
شعبان ورمضان .

ام المؤمنین ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی دو مہینے پے درپے روزے نہ رکھتے مگر شعبان اور رمضان کے۔

۲۳۵۔ أخبرنا محمد بن الوليد قال حدثنا محمد
قال حدثنا شعبة عن توبة عن محمد بن إبراهيم
عن أبي سلمة عن أم سلمة عن النبي صلى الله عليه
وسلم أنه لم يكن يصوم من السنة شهرا تاما
إلا شعبان ويصل به رمضان .

ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سال بھر میں کسی مہینے کے پورے روزے نہیں رکھتے تھے مگر شعبان کے اس کو رمضان سے ملا دیتے۔

۲۳۵۔ أخبرنا عبيد الله بن سعد بن إبراهيم
قال حدثنا عمي قال حدثنا أبي عن ابن إسحق قال

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مہینے میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمْ يَكُنْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِشَهْرٍ اَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ لِشَعْبَانَ كَانَ يَصُومُهُ اَوْ عَامَّتَهُ۔

شعبان سے زیادہ روزے نہ رکھتے آپ سارے شعبان میں روزے رکھتے یا اکثر شعبان میں ۔

۲۳۵۹- اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ شَعْبَانَ اِلَّا قَلِيلًا۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شعبان میں روزے رکھتے مگر کچھ تھوڑے دن نہ رکھتے ۔

۲۳۶۰- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ قَالَ حَدَّثَنَا بَحِيرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سارے شعبان میں روزے رکھتے ۔

۲۳۶۱- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ اَبُو الْغُصْنِ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ اَرَكَ تَصُومُ شَهْرًا مِنَ الشُّهُورِ مَا تَصُومُ مِنْ شَعْبَانَ قَالَ ذٰلِكَ شَهْرٌ يَغْفُلُ النَّاسُ عَنْهُ بَيْنَ رَجَبٍ وَرَمَضَانَ وَهُوَ شَهْرٌ تُرْفَعُ فِيهِ الْاَعْمَالُ اِلَى رَبِّ الْعَالَمِينَ فَاُحِبُّ اَنْ يُرْفَعَ عَمَلِي وَاَنَا صَائِمٌ۔

حضرت اسامہ بن زید نے کہا یا رسول اللہ میں آپ کو سب مہینوں سے زیادہ شعبان میں روزے رکھتا دیکھتا ہوں آپ نے فرمایا یہ وہ مہینہ ہے جس سے لوگ غافل ہیں رجب اور رمضان کے بیچ میں یہ وہ مہینہ ہے جس میں آدمی کے اعمال پروردگار کے پاس اٹھائے جاتے ہیں میں چاہتا ہوں میرا عمل اس وقت جاوے جب میں روزے سے ہوں ۔

۲۳۶۲- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ اَبُو الْغُصْنِ شَيْخٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّكَ تَصُومُ حَتّٰى لَا تَكَادَ تُفْطِرُ وَتُفْطِرُ حَتّٰى لَا تَكَادَ اَنْ تَصُومَ اِلَّا يَوْمَيْنِ اِنْ دَخَلَا فِي صِيَامِكَ وَاِلَّا صُمْتَهُمَا قَالَ اَيُّ يَوْمَيْنِ قُلْتُ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَيَوْمَ الْخَمِيسِ قَالَ ذَانِكَ يَوْمَانِ تُعْرَضُ فِيهِمَا الْاَعْمَالُ عَلٰى رَبِّ الْعَالَمِينَ فَاُحِبُّ اَنْ يُعْرَضَ عَمَلِي وَاَنَا صَائِمٌ۔

حضرت اسامہ بن زید سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ روزے رکھتے ہیں اس قدر کہ افطار نہیں کرتے پھر افطار کرتے ہیں اس قدر کہ روزے نہیں رکھتے مگر دو دن اگر آپ کے روزوں میں بیچ میں آجاتے ہیں تو بہتر ورنہ آپ ان دونوں میں ضرور روزہ رکھتے ہیں آپ نے فرمایا وہ کونسے دن ہیں میں نے کہا پیر اور جمعرات آپ نے فرمایا یہ وہ دو دن ہیں جن میں اعمال پیش کیے جاتے ہیں پروردگار کے پاس تو میں چاہتا ہوں میرا عمل اس وقت پیش کیا جائے جب میں روزے سے ہوں ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۳۶۳- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ أَخْبَرَنِي ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ الْغِفَارِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْرُدُ الصَّوْمَ فَيُقَالُ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ فَيُقَالُ لَا يَصُومُ۔

حضرت اسامہ بن زید سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برابر روزے رکھتے تھے لوگ کہتے تھے اب افطار نہ کریں گے پھر افطار کرتے تو لوگ کہتے اب روزہ نہ رکھیں گے۔

۲۳۶۴- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ عَنْ بَقِيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا بَحِيرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَتَحَرَّى صِيَامَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۔

ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیال رکھتے تھے پیر اور جمعرات کے روزے کا۔

۲۳۶۵- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ قَالَ أَخْبَرَنِي ثَوْرٌ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرَّى يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۲۳۶۶- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ الْأُمَوِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرَّى الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

۲۳۶۷- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَحَرَّى يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۔

ام المؤمنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیال رکھتے پیر اور جمعرات کا۔

۲۳۶۸- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ سَوَاءٍ الْخُزَاعِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ۔

حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کا روزہ رکھتے۔

---

۲۳۶۹- أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ

ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین تین روزے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ سَوَاءٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ مِنْ هٰذِهِ الْجُمُعَةِ وَالْإِثْنَيْنِ مِنَ الْمُقْبِلَةِ۔

رکھتے دو ایک ہفتے میں پیر اور جمعرات کو اور ایک دوسرے ہفتے کے پیر کو۔

---

٢٣٧٠۔ أَخْبَرَنِي زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ قَالَ أَنْبَأَنَا النَّضْرُ قَالَ أَنْبَأَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ أَبِي النَّجُودِ عَنْ سَوَاءٍ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ يَوْمَ الْخَمِيسِ وَيَوْمَ الْإِثْنَيْنِ وَمِنَ الْجُمُعَةِ الثَّانِيَةِ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ۔

ام المؤمنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کو پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے پھر دوسرے ہفتے کے پیر کو رکھتے۔

---

٢٣٧١۔ أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ جَعَلَ كَفَّهُ الْيُمْنَى تَحْتَ خَدِّهِ الْأَيْمَنِ وَكَانَ يَصُومُ الْإِثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ

ام المؤمنین حفصہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سوتے تو اپنی داہنی ہتھیلی کو داہنے گال کے تلے رکھتے اور پیر اور جمعرات کو روزہ رکھتے۔

٢٣٧٢۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ أَبِي أَنْبَأَنَا أَبُو حَمْزَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ وَقَلَّمَا يُفْطِرُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں غرہ سے (یعنی پہلی تاریخ سے) تین روزے رکھتے تھے اور جمعے کے دن کم افطار کرتے۔

---

٢٣٧٣۔ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَكْعَتَيِ الضُّحٰى وَأَنْ لَا أَنَامَ إِلَّا عَلَى وِتْرٍ وَصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی دو رکعتیں پڑھنے کا مجھے حکم دیا اور فرمایا مت سو جب تک وتر نہ پڑھ لے اور حکم دیا تین روزے رکھنے کا ہر مہینے میں۔

٢٣٧٤۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ وَسُئِلَ

حضرت عبیداللہ سے روایت ہے ابن عباس سے کسی نے پوچھا عاشورا کے روزے کو (یعنی

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ صِيَامِ عَاشُوْرَاءَ قَالَ مَا عَلِمْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ يَوْمًا يَتَحَرّٰى فَضْلَهُ عَلَى الْاَيَّامِ اِلَّا هٰذَا الْيَوْمَ يَعْنِيْ شَهْرَ رَمَضَانَ وَيَوْمَ عَاشُوْرَاءَ۔

محرم کی دسویں تاریخ کو، انہوں نے کہا میں نہیں جانتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی دن کا روزہ اور دنوں سے بہتر جان کے رکھا ہو مگر رمضان کا اور عاشورہ کا

۲۳۷۵۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ اَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ اِنِّيْ صَائِمٌ فَمَنْ شَاءَ اَنْ يَصُوْمَ فَلْيَصُمْ۔

حضرت حمید بن عبدالرحمن بن عوف سے روایت ہے میں نے معاویہ بن ابی سفیان سے سنا عاشورہ کے روز وہ منبر پر تھے اور کہتے تھے اے مدینے والو کہاں ہیں علماء تمہارے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ آج کے دن فرماتے تھے میں روزے سے ہوں جس کا جی چاہے روزہ رکھے۔

۲۳۷۶۔ اَخْبَرَنِيْ زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْحُرِّ بْنِ صَيَّاحٍ عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ امْرَاَتِهِ قَالَتْ حَدَّثَتْنِيْ بَعْضُ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَتِسْعًا مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ وَثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنَ الشَّهْرِ اَوَّلَ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ وَخَمِيْسَيْنِ۔

حضرت ہنیدہ بن خالد نے اپنی بی بی سے سنا انہوں نے کہا مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بی بی نے بیان کیا کہ آپ روزہ رکھتے تھے عاشورا کے روز اور ذوالحجہ کے نو دنوں میں اور ہر مہینے کے تین دنوں میں ایک پہلے پیر کو اور دو جمعراتوں کو۔

## باب ۱۲۱۷۔ ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلٰى عَطَاءٍ فِي الْخَبَرِ فِيْهِ

## اس حدیث میں عطاء پر اختلاف

۲۳۷۷۔ اَخْبَرَنِيْ حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا الْحٰرِثُ بْنُ عَطِيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ اَبِيْ رَبَاحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ فَلَا صَامَ

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے روزہ نہیں رکھا۔ ف۱

۲۳۷۸۔ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ مُسَاوِرٍ عَنِ الْوَلِيْدِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَطَاءٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ح وَاَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ فَلَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمیشہ روزہ رکھے اس نے نہ روزہ رکھا نہ افطار کیا

ف۱۔ بلکہ وہ عادی ہو گیا دن کو بھوکے رہنے کا اور روزے سے جو غرض تھی فوت ہو گئی۔ ہر ایک خواہش توڑنے اور چھوڑنے کا ثواب جب ہی ہے جب اسے خواہش استعمال بھی جاری ہو ورنہ نفس پر دشواری نہ ہو گی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۳۷۹- اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِیْدِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ وَعُقْبَةُ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ قَالَ حَدَّثَنِیْ عَطَاءٌ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَنْ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ یَقُوْلُ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ فَلَا صَامَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ہمیشہ روزہ رکھے اس نے نہ روزہ رکھا نہ افطار کیا۔

۲۳۸۰- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ یَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَنْ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ فَلَا صَامَ۔

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

۲۳۸۱- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهٗ حَدَّثَهٗ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَنْ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ فَلَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے بھی ایسی ہی روایت ہے۔

۲۳۸۲- اَخْبَرَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَیْجٍ سَمِعْتُ عَطَاءً اَنَّ اَبَا الْعَبَّاسِ الشَّاعِرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ بَلَغَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنِّیْ اَصُوْمُ اَسْرُدُ الصَّوْمَ وَسَاقَ الْحَدِیْثَ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ لَا اَدْرِیْ کَیْفَ ذَکَرَ صِیَامَ الْاَبَدِ لَا صَامَ مَنْ صَامَ الْاَبَدَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی میں ہمیشہ روزے رکھتا ہوں پھر بیان کیا حدیث کو عطا نے کہا مجھے یاد نہیں رہا کیونکر بیان کیا ہمیشہ کے روزے رکھنے کو مگر اتنا یاد ہے کہ یوں کہا جس نے ہمیشہ روزے رکھے اس نے روزے نہیں رکھے۔

## بَابُ ۲۱۸ النَّهْیِ عَنْ صِیَامِ الدَّهْرِ وَذِکْرِ الْاِخْتِلَافِ عَلٰی مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ فِی الْخَبَرِ فِیْهِ

## ہمیشہ روزہ رکھنے کی ممانعت

۲۳۸۳- اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمٰعِیْلُ عَنِ الْجُرَیْرِیِّ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الشِّخِّیْرِ عَنْ اَخِیْهِ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ فُلَانًا لَا یُفْطِرُ نَهَارًا الدَّهْرَ قَالَ لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ۔

حضرت عمران سے روایت ہے لوگوں نے کہا یارسول اللہ فلاں شخص کبھی دن کو افطار نہیں کرتا ہے آپ نے فرمایا اس نے نہ روزہ رکھا نہ افطار کیا۔

۲۳۸۴- اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَخْلَدٌ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ أَخْبَرَنِي أَبِي أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذُكِرَ عِنْدَهُ رَجُلٌ يَصُومُ الدَّهْرَ قَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ۔

انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ کے پاس ایک شخص کا ذکر ہوا جو ہمیشہ روزے رکھتا تھا آپ نے فرمایا نہ اس نے روزہ رکھا نہ افطار کیا۔

۲۳۸۵ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ مُطَرِّفَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي صَوْمِ الدَّهْرِ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ۔

حضرت عبداللہ بن شخیر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ روزہ رکھنے کے باب میں نہ وہ روزہ ہے نہ افطار ہے۔

## باب ۱۲۱۹ ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى غَيْلَانَ عَنْ جَرِيرٍ فِيهِ

## اس حدیث میں غیلان پر اختلاف

۲۳۸۶ أَخْبَرَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ أَنْبَأَنَا أَبُو هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ وَهُوَ ابْنُ جَرِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ وَهُوَ ابْنُ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيُّ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ عُمَرَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَرْنَا بِرَجُلٍ فَقَالُوا يَا نَبِيَّ اللَّهِ هَذَا لَا يُفْطِرُ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ۔

حضرت عمر سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک شخص پر سے گزرے لوگوں نے کہا یا رسول اللہ یہ شخص افطار نہیں کرتا اتنی مدت سے آپ نے فرمایا نہ اس نے روزہ رکھا نہ افطار کیا۔

۲۳۸۷ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ غَيْلَانَ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَعْبَدٍ الزِّمَّانِيَّ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ صَوْمِهِ فَغَضِبَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِينَا بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا وَسُئِلَ عَمَّنْ صَامَ الدَّهْرَ فَقَالَ لَا صَامَ وَلَا أَفْطَرَ أَوْ مَا صَامَ وَمَا أَفْطَرَ۔

حضرت ابوقتادہ سے روایت ہے ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ کتنے روزے رکھتے ہیں آپ غصے ہوئے (اسلیئے کہ یہ سوال بے محل تھا پوچھنا یہ چاہیے تھا کہ میں کتنے روزے رکھوں تاکہ اس کی طاقت کے موافق آپ جواب دیتے) حضرت عمر نے آپ کا غصہ کم کرنے کے لیے کہا ہم راضی ہیں اللہ جل جلالہ کے پروردگار ہونے پر اور اسلام کو دین کرنے پر اور محمد کے رسول ہونے پر پھر آپ سے پوچھا گیا ہمیشہ روزے رکھنا کیسا ہے آپ نے فرمایا جو کوئی ایسا کرے اس نے روزہ نہیں رکھا نہ افطار کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۲۲ سَرْدِ الصِّيَامِ

۲۳۸۸- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ حَمْزَةَ بْنَ عَمْرٍو الْأَسْلَمِيَّ سَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي رَجُلٌ أَسْرُدُ الصَّوْمَ أَفَأَصُومُ فِي السَّفَرِ قَالَ صُمْ إِنْ شِئْتَ أَوْ أَفْطِرْ إِنْ شِئْتَ.

### پے درپے روزے رکھنا

حضرت عائشہ سے روایت ہے حمزہ بن عمر واسلمی نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میں ہمیشہ روزے رکھتا ہوں کیا سفر میں بھی رکھوں آپ نے فرمایا تیرا جی چاہے تو رکھ چاہے تو افطار کر۔

## باب ۱۲۳ صَوْمِ ثُلُثَيِ الدَّهْرِ وَذِكْرِ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ لِلْخَبَرِ فِي ذَلِكَ

۲۳۸۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يَصُومُ الدَّهْرَ قَالَ وَدِدْتُ أَنَّهُ لَمْ يَطْعَمِ الدَّهْرَ قَالُوا فَثُلُثَيْهِ قَالَ أَكْثَرَ قَالُوا فَنِصْفَهُ قَالَ أَكْثَرَ ثُمَّ قَالَ أَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَا يُذْهِبُ وَحَرَ الصَّدْرِ صَوْمُ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ.

### دو دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا

حضرت عمرو بن شرحبیل سے روایت ہے انہوں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر آیا ایک شخص کا جو ہمیشہ روزے رکھتا تھا آپ نے فرمایا اگر وہ کبھی کچھ نہ کھاتا تو بہتر تھا (یعنی جب ہمیشہ روزے رکھتا ہے تو رات کو بھی کھانا کیا ضرور ہے) لوگوں نے کہا یا رسول اللہ اگر دو دن روزہ رکھے اور ایک دن افطار کرے آپنے فرمایا یہ بھی زیادہ ہے لوگوں نے کہا یا رسول اللہ اگر ایک دن روزہ رکھے اور ایکدن افطار کرے آپنے فرمایا یہ بھی زیادہ ہے پھر آپنے فرمایا میں تمکو بتاؤں اتنے روزے جن سے سینے کی جلن جاتی رہے (یعنی دل کی بیماریاں کم ہوں جیسے حسد اور بغض اور شہوت) ہر مہینے میں تین روزے ہیں۔

---

۲۳۹۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا اس میں یہ ہے کہ ایک شخص آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا آپ کیا فرماتے ہیں اس شخص کے باب میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



رجل فقال يا رسول الله ما تقول في رجل صام الدهر كله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وددت أنه لم يطعم الدهر شيئا قال فثلثيه قال أكثر قال فنصفه قال أكثر قال أفلا أخبركم بما يذهب وحر الصدر قالوا بلى قال صيام ثلاثة أيام من كل شهر۔

جو ہمیشہ روزے رکھے اخیر تک ۔

۲۳۹۰ أخبرنا قتيبة قال حدثنا حماد عن غيلان بن جرير عن عبد الله بن معبد الزماني عن أبي قتادة قال قال عمر يا رسول الله كيف بمن يصوم الدهر كله قال لا صام ولا أفطر أو لم يصم ولم يفطر قال يا رسول الله كيف بمن يصوم يومين ويفطر يوما قال أو يطيق ذلك أحد قال فكيف بمن يصوم يوما ويفطر يوما قال ذلك صوم داود عليه السلام قال فكيف بمن يصوم يوما ويفطر يومين قال وددت أني أطيق ذلك قال ثم قال ثلاث من كل شهر ورمضان إلى رمضان هذا صيام الدهر كله

ابوقتادہ سے روایت ہے حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ ہمیشہ روزے رکھنا کیسا ہے آپ نے فرمایا نہ روزہ ہے نہ افطار ہے پھر انہوں نے کہا یا رسول اللہ جو شخص دو دن روزہ رکھے اور ایک دن افطار کرے آپ نے فرمایا اس کی کوئی طاقت رکھتا ہے پھر انہوں نے کہا جو شخص ایک دن روزہ رکھے اور ایک دن افطار کرے آپ نے فرمایا یہ روزہ ہے حضرت داؤد پیغمبر کا پھر انہوں نے کہا جو شخص ایک دن روزہ رکھے اور دو دن افطار کرے آپ نے فرمایا میں چاہتا ہوں اتنی طاقت رکھوں پھر آپ نے فرمایا تین روزے ہر مہینے میں رکھنا اور رمضان کے روزے رکھنا ہمیشہ روزے رکھنے کے برابر ہیں ۔

## باب ۲۲۲ صوم يوم وإفطار يوم وذكر اختلاف الناقلين في ذلك الخبر عبد الله بن عمرو فيه

## ایک دن روزہ رکھنا اور ایک دن افطار کرنا

۲۳۹۱ قال وفيما قرأ علينا أحمد بن منيع قال حدثنا هشيم قال أنبأنا حصين ومغيرة عن مجاهد عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم أفضل الصيام صيام داود عليه السلام كان يصوم يوما ويفطر يوما۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر روزوں کا روزہ داؤد کا ہے ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے ۔

۲۳۹۲ أخبرنا محمد بن معمر قال حدثنا يحيى بن حماد قال حدثنا أبو عوانة عن مغيرة عن مجاهد قال قال لي عبد الله بن عمرو أنكحني أبي امرأة ذات حسب فكان يأتيها فيسألها عن بعلها فقالت نعم الرجل من رجل لم يطأ لنا فراشا

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے میرے باپ نے میرا نکاح ایک عالی خاندان کی عورت سے کر دیا تو وہ اس عورت کے پاس آتے اور اسکے خاوند کا حال یعنی میرا حال پوچھتے وہ بولی بہت اچھا آدمی ہے آج تک ہمارے بچھونے کو نہیں روندا اور ہمارے پاخانے کو نہیں ڈھونڈا ف۱

ف۱ یعنی کبھی ہمارے ساتھ سویا بیٹھا نہیں تاکہ بچھونا روندا جاتا اور کبھی کھایا نہیں کہ پاخانے کی حاجت پڑتی ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَلَمْ يُفَتِّشْ لَنَا كَنَفًا مُنْذُ أَتَيْنَاهُ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتِنِي بِهِ فَأَتَيْتُهُ مَعَهُ فَقَالَ كَيْفَ تَصُومُ قُلْتُ كُلَّ يَوْمٍ قَالَ صُمْ مِنْ كُلِّ جُمُعَةٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قُلْتُ إِنِّي أُطِيقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمَيْنِ وَأَفْطِرْ يَوْمًا قَالَ إِنِّي أُطِيقُ أَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ أَفْضَلَ الصِّيَامِ صِيَامَ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صَوْمَ يَوْمٍ وَفِطْرَ يَوْمٍ۔

جب سے ہم اس کے پاس آئے ہیں میرے باپ نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا آپ نے فرمایا اس کو میرے پاس لے آؤ میں اپنے باپ کے ساتھ آپ کے پاس گیا آپ نے فرمایا تو کسطرح روزے رکھتا ہے میں نے کہا ہر روز آپ نے فرمایا ہر ہفتے میں تین روزے رکھا کر میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا تو دو دن روزہ رکھ اور ایکدن افطار کر میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا سب روزوں سے زیادہ افضل روزے رکھ داؤد علیہ السلام کے روزے یعنی ایک دن روزہ اور ایک دن افطار کر۔

۲۳۹۴ أَخْبَرَنَا أَبُو حَصِينٍ عَبْدُ اللهِ بْنُ أَحْمَدَ ابْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ زَوَّجَنِي أَبِي امْرَأَةً فَجَاءَ يَزُورُهَا فَقَالَ كَيْفَ تَرَيْنَ بَعْلَكِ فَقَالَتْ نِعْمَ الرَّجُلُ مِنْ رَجُلٍ لَا يَنَامُ اللَّيْلَ وَلَا يُفْطِرُ النَّهَارَ فَوَقَعَ بِي وَقَالَ زَوَّجْتُكَ امْرَأَةً مِنَ الْمُسْلِمِينَ فَعَضَلْتَهَا قَالَ فَجَعَلْتُ لَا أَلْتَفِتُ إِلَى قَوْلِهِ مِمَّا أَرَى عِنْدِي مِنَ الْقُوَّةِ وَالِاجْتِهَادِ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَكِنِّي أَنَا أَقُومُ وَأَنَامُ وَأَصُومُ وَأُفْطِرُ فَقُمْ وَنَمْ وَصُمْ وَأَفْطِرْ قَالَ صُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَقُلْتُ أَنَا أَقْوَى مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ صَوْمَ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ صُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا قُلْتُ أَنَا أَقْوَى مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اقْرَأِ الْقُرْآنَ فِي كُلِّ شَهْرٍ ثُمَّ انْتَهَى إِلَى خَمْسَ عَشْرَةَ وَأَنَا أَقُولُ أَنَا أَقْوَى مِنْ ذٰلِكَ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے میرے باپ نے میرا نکاح ایک عورت سے کر دیا پھر وہ اس کو دیکھنے کو آئے اور اس سے پوچھا تیرا خاوند کیسا ہے وہ بولی واہ کیا اچھا آدمی ہے رات کو سوتا نہیں دن کو افطار نہیں کرتا وہ مجھ سے لڑنے لگے اور کہنے لگے ایک مسلمان عورت کو تونے تکلیف میں ڈال رکھا ہے میں نے ان کی بات کا خیال نہیں کیا۔ اسلیئے کہ میں اپنے آپ میں بہت قوت اور طاقت پاتا ہوں یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ نے فرمایا میں تو رات کو عبادت بھی کرتا ہوں سوتا بھی ہوں روزہ بھی رکھتا ہوں افطار بھی کرتا ہوں تو بھی عبادت کر اور سو اور روزہ رکھ اور افطار کر آپ نے فرمایا ہر مہینے میں تین روزے رکھ میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھ ایکدن روزہ اور ایکدن افطار میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا ایک مہینے میں قرآن ختم کر پھر آپ (کم کرتے کرتے) پندرہ دن تک پہنچے اور میں یہی کہتا جاتا تھا کہ مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے۔

۲۳۹۵ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ دُرُسْتَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْمٰعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے حجرے میں آئے اور فرمایا مجھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَبَا سَلَمَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجْرَتِي فَقَالَ أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَقُومُ اللَّيْلَ وَتَصُومُ النَّهَارَ قَالَ بَلَى قَالَ فَلَا تَفْعَلَنَّ نَمْ وَقُمْ وَصُمْ وَأَفْطِرْ فَإِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِزَوْجَتِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِضَيْفِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِصَدِيقِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّهُ عَسَى أَنْ يَطُولَ بِكَ عُمُرٌ وَإِنَّهُ حَسْبُكَ أَنْ تَصُومَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثًا فَذَلِكَ صِيَامُ الدَّهْرِ كُلِّهِ وَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا قُلْتُ إِنِّي أَجِدُ قُوَّةً فَشَدَّدْتُ فَشُدِّدَ عَلَيَّ قَالَ صُمْ مِنْ كُلِّ جُمُعَةٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ قُلْتُ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ فَشَدَّدْتُ فَشُدِّدَ عَلَيَّ قَالَ صُمْ صَوْمَ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قُلْتُ وَمَا كَانَ صَوْمُ دَاوُدَ قَالَ نِصْفُ الدَّهْرِ۔

خبر پہنچی ہے تم رات بھر عبادت کرتے ہو اور دن کو روزہ رکھتے ہو میں نے کہا ہاں سچ ہے آپ نے فرمایا ایسا مت کرو سوا ور عبادت کرو اور روزہ رکھو اور افطار کرو اسلیئے کہ تمہاری آنکھوں کا تم پر حق ہے (وہ سونا چاہتی ہیں) اور تمہارے بدن کا تم پر حق ہے وہ آرام چاہتا ہے اور تمہاری بی بی کا تم پر حق ہے اور تمہارے مہمان کا تم پر حق ہے اور تمہاری عمر شاید بہت ہو گی ایسا ہی ہوا (عبداللہ بن عمرو بہت بوڑھے ہو کر مرے) تم کو کافی ہے ہر مہینے میں تین روزے رکھنا (جب عمر بڑی ہے تو اتنے ہی روزے بہت ہو جائیں گے) اور یا برابر ہیں ہمیشہ روزہ رکھنے کے (یعنی اتنا ہی ثواب ہے) اس لیے کہ ہر ایک نیکی کا ثواب دس گن ہوتا ہے (تو تین روزے تیس روزے ہوئے) میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے اور میں نے اپنے اوپر سختی کی آپ نے بھی سختی کی اور فرمایا ہر مہینے میں تین روزے رکھ! میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے اور میں نے اپنے اوپر سختی کی آپنے بھی سختی کی اور فرمایا حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھ میں نے کہا وہ کیسا ہے آپنے فرمایا آدھا زمانہ (یعنی ایکدن روزہ اور ایک دن افطار)

۲۲۹۔ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ ذُكِرَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ يَقُولُ لَأَقُومَنَّ اللَّيْلَ وَلَأَصُومَنَّ النَّهَارَ مَا عِشْتُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْتَ الَّذِي تَقُولُ ذَلِكَ فَقُلْتُ لَهُ قَدْ قُلْتُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّكَ لَا تَسْتَطِيعُ ذَلِكَ فَصُمْ وَأَفْطِرْ وَنَمْ وَقُمْ وَصُمْ مِنَ الشَّهْرِ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے بیان کیا۔ میں کہتا ہوں کہ رات بھر عبادت کرونگا اور دن کو روزہ رکھوں گا جب تک جیوں گا آپ نے مجھ سے فرمایا تو یہ کہتا تھا میں نے کہا یا رسول اللہ بے شک میں نے یہ کہا آپنے فرمایا تو اتنی طاقت نہیں رکھتا روزہ رکھ اور افطار کر اور سو اور عبادت کر اور ہر مہینے میں تین روزے رکھا کر اس لیے کہ نیکی کا ثواب دس گنا ہوتا ہے اور یہ ہمیشہ روزہ رکھنے کے برابر ہے میں نے کہا مجھے اس سے بہتر کی طاقت ہے آپ نے فرمایا

www.sirat-e-mustaqeem.com



ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَاِنَّ الْحَسَنَةَ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا وَذٰلِكَ مِثْلُ صِيَامِ الدَّهْرِ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمَيْنِ فَقُلْتُ اِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَصُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمًا وَذٰلِكَ صِيَامُ دَاوُدَ وَهُوَ اَعْدَلُ الصِّيَامِ قُلْتُ فَاِنِّيْ اُطِيْقُ اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا اَفْضَلَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو لَاَنْ اَكُوْنَ قَبِلْتُ الثَّلَاثَةَ الْاَيَّامَ الَّتِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَهْلِيْ وَمَالِيْ۔

اچھا ایک دن روزہ رکھ اور دو دن افطار کر میں نے کہا مجھے اس سے بہتر کی طاقت ہے آپ نے فرمایا اچھا ایک دن روزہ رکھ اور ایک دن افطار کر حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ یہ بہت معتدل ہے میں نے کہا مجھے اس سے بہتر کی طاقت ہے آپ نے فرمایا اس سے بہتر کچھ نہیں ہے عبداللہ بن عمرو نے کہا اگر میں پہلی بات آپ کی قبول کر لیتا یعنی تین دن ہر مہینے میں روزے رکھتا تو وہ بہت پسند ہوتا مجھے اپنے گھربار اور مال سے۔ ف

۲۳۹۷۔ اَخْبَرَنِيْ اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَهُوَ ابْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قُلْتُ اَيْ عَمِّ حَدِّثْنِيْ عَمَّا قَالَ لَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ اِنِّيْ قَدْ كُنْتُ اَجْمَعْتُ عَلٰى اَنْ اَجْتَهِدَ اجْتِهَادًا شَدِيْدًا حَتّٰى قُلْتُ لَاَصُوْمَنَّ الدَّهْرَ وَلَاَقْرَاَنَّ الْقُرْاٰنَ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ فَسَمِعَ بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَانِيْ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيَّ فِيْ دَارِيْ فَقَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ قُلْتَ لَاَصُوْمَنَّ الدَّهْرَ وَلَاَقْرَاَنَّ الْقُرْاٰنَ فَقُلْتُ قَدْ قُلْتُ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَلَا تَفْعَلْ صُمْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ قُلْتُ اِنِّيْ اَقْوٰى عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَصُمْ مِنَ الْجُمُعَةِ يَوْمَيْنِ الْاِثْنَيْنِ وَالْخَمِيْسَ قُلْتُ فَاِنِّيْ اَقْوٰى عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ فَصُمْ صِيَامَ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَاِنَّهُ اَعْدَلُ الصِّيَامِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمًا صَائِمًا

حضرت عبدالرحمٰن سے روایت ہے میں عبداللہ بن عمرو کے پاس گیا اور کہا اسے چچا بیان کر مجھ سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم سے فرمایا ہو انہوں نے کہا اے بھتیجے میرے میں نے قصد کیا کہ بہت کوشش کروں گا عبادت میں یہانتک کہ میں نے کہا میں ساری عمر روزہ رکھوں گا اور قرآن ہر ایک رات دن میں پڑھا کروں گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ خبر سنی تو میرے پاس آئے اور میرے گھر کے اندر آئے اور فرمایا میں نے سنا ہے تم نے کہا ہے میں ساری عمر روزہ رکھوں گا اور قرآن پڑھوں گا میں نے کہا یا رسول اللہ بیشک میں نے ایسا ہی کہا ہے آپ نے فرمایا ایسا مت کر ہر مہینے کے تین روزے رکھ میں نے کہا مجھ میں اس سے زیادہ کی طاقت ہے آپ نے فرمایا تو ہر ہفتہ میں دو دن پیر اور جمعرات کا روزہ رکھ لیا کر میں نے کہا مجھ میں اس سے زیادہ کی طاقت ہے آپ نے فرمایا تو حضرت داؤد

ف۔ یعنی پہلے تو جوانی اور زور کے جوش میں میں نے آپ کا کہنا نہ مانا اور اپنے نفس پر سختی کی اب قدر معلوم ہوئی اور ایک دن روزہ اور ایک دن افطار بھی شاق ہو گیا اب افسوس آتا ہے کہ میں نے پہلی بات کیوں قبول نہ کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَيَوْمًا مُفْطِرًا وَإِنَّهُ كَانَ إِذَا وَعَدَ لَمْ يُخْلِفْ وَإِذَا لَاقَى لَمْ يَفِرَّ

علیہ السلام کا روزہ رکھ وہ سب روزوں سے زیادہ معتدل ہے اللہ کے پاس وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے اور جب وعدہ کرتے تو خلاف نہ کرتے اور جب لڑائی شروع کرتے تو میدان سے نہ بھاگتے۔

## باب ۱۲۲۳ ذِكْرُ الزِّيَادَةِ فِي الصِّيَامِ وَالنُّقْصَانِ وَذِكْرُ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ لِخَبَرِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو فِيهِ

## روزوں کی کمی اور زیادتی کا بیان

۲۳۹۸- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زِيَادِ بْنِ فَيَّاضٍ سَمِعْتُ أَبَا عِيَاضٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ صُمْ يَوْمًا وَلَكَ أَجْرُ مَا بَقِيَ قَالَ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ يَوْمَيْنِ وَلَكَ أَجْرُ مَا بَقِيَ قَالَ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ وَلَكَ أَجْرُ مَا بَقِيَ قَالَ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ أَرْبَعَةَ أَيَّامٍ وَلَكَ أَجْرُ مَا بَقِيَ قَالَ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ أَفْضَلَ الصِّيَامِ عِنْدَ اللَّهِ صَوْمَ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا.

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان سے ایک روزہ رکھ اور تجھے ثواب ملے گا باقی نو دن کے روزوں کا (یعنی دس دن میں سے ایک دن روزہ رکھ) انہوں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے آپ نے فرمایا دو دن روزہ رکھ اور باقی دنوں کا تجھے ثواب ملیگا انہوں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے آپ نے فرمایا تین دن روزہ رکھ اور تجھے باقی دنوں کا ثواب ملیگا۔ انہوں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے آپ نے فرمایا سب روزوں میں افضل روزہ رکھ داؤد علیہ السلام کا وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایکدن افطار کرتے۔

۲۳۹۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْعَلَاءِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ ابْنِ أَبِي رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ ذَكَرْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّوْمَ فَقَالَ صُمْ مِنْ كُلِّ عَشَرَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا وَلَكَ أَجْرُ تِلْكَ التِّسْعَةِ فَقُلْتُ إِنِّي أَقْوَى مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ مِنْ كُلِّ تِسْعَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا وَلَكَ أَجْرُ تِلْكَ الثَّمَانِيَةِ قُلْتُ إِنِّي أَقْوَى مِنْ ذَلِكَ قَالَ فَصُمْ مِنْ كُلِّ ثَمَانِيَةِ أَيَّامٍ يَوْمًا وَلَكَ أَجْرُ تِلْكَ السَّبْعَةِ قُلْتُ إِنِّي أَقْوَى مِنْ ذَلِكَ قَالَ فَلَمْ يَزَلْ حَتَّى قَالَ صُمْ يَوْمًا وَأَفْطِرْ يَوْمًا.

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روزوں کا بیان کیا آپ نے فرمایا ہر دس دن میں ایک روزہ رکھ اور تجھے باقی نو روزوں کا ثواب ملے گا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا اچھا ہر نو دن میں ایک دن روزہ رکھ اور تجھے ثواب باقی آٹھ روزوں کا ملے گا میں نے کہا میں اس سے زیادہ طاقت رکھتا ہوں آپ نے فرمایا اچھا ہر آٹھ دن میں ایک دن روزہ رکھ اور تجھے باقی سات دنوں کے بھی روزے کا ثواب ملے گا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے پھر آپ اسی طرح فرماتے رہے یہاں تک کہ فرمایا ایک دن روزہ رکھ اور ایک دن افطار کر۔

۲۴۰۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



قال حدثنا يزيد قال حدثنا حماد ح وأخبرني زكريا بن يحيى قال حدثنا عبد الأعلى قال حدثنا عبد الأعلى قال حدثنا حماد عن ثابت عن شعيب بن عبد الله بن عمرو عن أبيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صم يوما ولك أجر عشرة فقلت زدني فقال صم يومين ولك أجر تسعة قلت زدني قال صم ثلاثة أيام ولك أجر ثمانية قال ثابت فذكرت ذلك لمطرف فقال ما أراه إلا يزداد في العمل وينقص من الأجر واللفظ لمحمد.

صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک دن روزہ رکھ دس دن کے روزوں کا ثواب ملے گا میں نے کہا اور زیادہ کیجئے آپ نے فرمایا دو دن روزہ رکھ تجھے نو روزوں کا ثواب ملے گا میں نے کہا اور زیادہ کیجئے آپ نے فرمایا تین دن روزہ رکھ تجھے آٹھ روزوں کا ثواب ملے گا۔

ثابت نے کہا میں نے مطرف سے یہ حدیث بیان کی انہوں نے کہا مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے جتنا عمل بڑھتا جائے گا اتنا ثواب گھٹتا جائے گا ف۔

## باب ۱۲۲۴ صوم عشرة أيام من الشهر واختلاف ألفاظ الناقلين لخبر عبد الله بن عمرو فيه

## مہینے میں دس دن روزے رکھنا

٢٤٠١. أخبرنا محمد بن عبيد عن أسباط عن مطرف عن حبيب بن أبي ثابت عن أبي العباس عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم إنه بلغني أنك تقوم الليل وتصوم النهار قلت يا رسول الله ما أردت بذلك إلا الخير قال لا صام من صام الأبد ولكن أدلك على صوم الدهر ثلاثة أيام من الشهر قلت يا رسول الله إني أطيق أكثر من ذلك قال صم خمسة أيام قلت إني أطيق أكثر من ذلك قال فصم عشرا فقلت إني أطيق أكثر من ذلك قال صم صوم داود عليه السلام كان يصوم يوما ويفطر يوما.

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا میں نے سنا ہے تو رات بھر عبادت کرتا ہے اور ہر دن روزہ رکھتا ہے میں نے کہا یارسول اللہ میری نیت نہ تھی مگر ثواب کی (یعنی بہتر جان کر یہ کرتا ہوں) آپ نے فرمایا جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے روزہ نہیں رکھا لیکن میں تجھ کو ہمیشہ روزے کا ثواب بتاتا ہوں ہر مہینے میں تین دن روزے رکھ میں نے کہا یارسول اللہ مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا ہر مہینے میں پانچ دن روزے رکھ میں نے کہا یارسول اللہ مجھے اس سے بھی زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا ہر مہینے میں دس دن روزے رکھ میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا تو داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھ وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن افطار کرتے تھے۔

---

ف۔ اور مقصود اس سے یہ ہے کہ لوگ روزے کم رکھیں اور افطار زیادہ کریں اس لیے کہ جب بہت روزے رکھیں گے تو نفس کو بھوک اور پیاس کی عادت ہو جائے گی علاوہ اس کے خوف ہے اس بات کا کہ کہیں بہت روزوں سے ضعف نہ ہو جاوے اور پھر دوسری عبادتوں میں خصوصاً کافروں سے جہاد کرنے میں خلل پڑے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۰۲ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُسَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الْعَبَّاسِ وَكَانَ شَاعِرًا وَكَانَ صَدُوقًا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

حضرت عبداللہ بن عمروؓ سے یہ بھی سابقہ روایت کی طرح مروی ہے۔

۲۴۰۳۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الْعَبَّاسِ هُوَ الشَّاعِرُ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَمْرٍو إِنَّكَ تَصُومُ الدَّهْرَ وَتَقُومُ اللَّيْلَ وَإِنَّكَ إِذَا فَعَلْتَ ذَلِكَ هَجَمَتِ الْعَيْنُ وَنَفِهَتْ لَهُ النَّفْسُ لَا صَامَ مَنْ صَامَ الْأَبَدَ صَوْمُ الدَّهْرِ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ صَوْمُ الدَّهْرِ كُلِّهِ قُلْتُ لَهُ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ قَالَ صُمْ صَوْمَ دَاوُدَ كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا وَلَا يَفِرُّ إِذَا لَاقَى۔

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اے عبداللہ تو ہمیشہ روزے رکھتا ہے اور رات بھر عبادت کرتا ہے جب ایسا کرے گا تو آنکھیں اندر بیٹھ جائیں گی اور طبیعت تھک جائے گی جس نے ہمیشہ روزہ رکھا اس نے روزہ نہیں رکھا ہر مہینے میں تین روزے رکھنا ہمیشہ روزے کے برابر ہے میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپ نے فرمایا ایک دن روزہ رکھ اور ایک دن افطار کر جیسے داؤد علیہ السلام کرتے تھے اور وہ لڑائی سے نہ بھاگتے تھے۔

۲۴۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَإِ الْقُرْآنَ فِي شَهْرٍ قُلْتُ إِنِّي أُطِيقُ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ فَلَمْ أَزَلْ أَطْلُبُ إِلَيْهِ حَتَّى قَالَ فِي خَمْسَةِ أَيَّامٍ وَقَالَ صُمْ أَحَبَّ الصِّيَامِ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ صَوْمَ دَاوُدَ كَانَ يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے قرآن کو ایک مہینے میں پڑھ میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے پھر میں آپ سے یہی کہتا رہا یہاں تک کہ آپ نے فرمایا پڑھ پانچ دن میں آپ نے فرمایا ہر مہینے میں تین روزے رکھ میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے پھر میں یہی کہتا رہا یہاں تک کہ آپ نے فرمایا سب روزوں میں اللہ کو حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ پسند ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے۔

۲۴۰۔ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ سَمِعْتُ عَطَاءً يَقُولُ إِنَّ أَبَا الْعَبَّاسِ الشَّاعِرَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ

عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہنچی کہ میں ہمیشہ روزے رکھتا ہوں اور رات کو نماز پڑھتا ہوں

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ بَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ أَنِّي أَصُومُ أَسْرُدُ الصَّوْمَ وَأُصَلِّي اللَّيْلَ
فَأَرْسَلَ إِلَيَّ وَإِمَّا لَقِيَهُ قَالَ أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ
تَصُومُ وَلَا تُفْطِرُ وَتُصَلِّي اللَّيْلَ فَلَا تَفْعَلْ فَإِنَّ
لِعَيْنِكَ حَظًّا وَلِنَفْسِكَ حَظًّا وَلِأَهْلِكَ حَظًّا وَصُمْ
وَأَفْطِرْ وَصَلِّ وَنَمْ وَصُمْ مِنْ كُلِّ عَشَرَةِ
أَيَّامٍ يَوْمًا وَلَكَ أَجْرُ تِسْعَةٍ قَالَ إِنِّي أَقْوَى لِذَلِكَ
يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ صُمْ صِيَامَ دَاوُدَ إِذًا قَالَ وَ
كَيْفَ كَانَ صِيَامُ دَاوُدَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَالَ كَانَ يَصُومُ
يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا وَلَا يَفِرُّ إِذَا لَاقَى قَالَ وَمَنْ
لِي بِهَذَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ ۔

آپ نے مجھ کو بلا بھیجا یا آپ خود مجھ سے ملے آپ نے فرمایا مجھے خبر پہنچی ہے تم روزے رکھتے ہو اور افطار نہیں کرتے اور رات بھر نماز پڑھتے ہو تو ایسا مت کرو اس لیے کہ تمہاری آنکھوں کا بھی ایک حصہ ہے اور تمہارے نفس کا بھی ایک حصہ ہے اور تمہاری بی بی کا بھی ایک حصہ ہے روزہ رکھ اور افطار کر اور سو ہر دس دن میں ایک روزہ رکھ اور تجھے باقی نو دنوں کے روزوں کا بھی ثواب ملے گا میں نے کہا یا رسول اللہ میں اس سے زیادہ طاقت رکھتا ہوں آپ نے فرمایا تو حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھ میں نے کہا ان کا روزہ کیسا تھا اے نبی اللہ کے آپ نے فرمایا وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے اور جب لڑائی میں مقابلہ ہوتا تو نہ بھاگتے میں نے کہا کون ایسا کر سکتا ہے اے نبی اللہ کے۔

## بَابُ ۲۲۵ صِيَامِ خَمْسَةِ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ

۲۴۰۶ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ
ابْنُ بَقِيَّةَ قَالَ أَنْبَأَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ وَهُوَ
الْحَذَّاءُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ قَالَ
دَخَلْتُ مَعَ أَبِيكَ زَيْدٍ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو
فَحَدَّثَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
ذُكِرَ لَهُ صَوْمِي فَدَخَلَ عَلَيَّ فَأَلْقَيْتُ لَهُ وِسَادَةً
أَدَمٍ رِبْعَةً حَشْوُهَا لِيفٌ فَجَلَسَ عَلَى الْأَرْضِ
وَصَارَتِ الْوِسَادَةُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ قَالَ أَمَا
يَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ قُلْتُ يَا رَسُولَ
اللّٰهِ قَالَ خَمْسًا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ سَبْعًا
قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ تِسْعًا قُلْتُ يَا رَسُولَ
اللّٰهِ قَالَ إِحْدَى عَشْرَةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ

## مہینے میں پانچ روزے رکھنے کا بیان

حضرت عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر آیا میرے روزوں کا آپ تشریف لائے میرے پاس میں نے آپ کے لیے ایک تکیہ بچھایا چمڑے کا جس کے اندر خرما کی چھال بھری تھی آپ زمین پر بیٹھے اور تکیہ میرے اور آپ کے بیچ میں ہو گیا آپ نے فرمایا کیا تجھے ہر مہینے میں تین روزے کافی نہیں ہیں میں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے فرمایا پانچ میں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے فرمایا سات میں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے فرمایا نو میں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے فرمایا گیارہ میں نے کہا یا رسول اللہ آپ نے فرمایا حضرت داؤد علیہ السلام کے روزہ سے بڑھ کر کوئی روزہ نہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا صَوْمَ فَوْقَ صَوْمِ دَاوٗدَ شَطْرَ الدَّھْرِ صِیَامُ یَوْمٍ وَ فِطْرُ یَوْمٍ۔

ہے وہ آدھے زمانہ میں روزہ رکھتے تھے اسطرح سے کہ ایکدن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے۔

## باب ۱۲۲۶ صِیَامِ اَرْبَعَۃِ اَیَّامٍ مِّنَ الشَّھْرِ

## مہینے میں چار روزے رکھنا

۲۴۰۷ اَخْبَرَنَا اِبْرَاھِیْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ شُعْبَۃُ عَنْ زِیَادِ ابْنِ فَیَّاضٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عِیَاضٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ ابْنُ عَمْرٍو قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صُمْ مِنَ الشَّھْرِ یَوْمًا وَّلَکَ اَجْرُ مَا بَقِیَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ فَصُمْ یَوْمَیْنِ وَ لَکَ اَجْرُ مَا بَقِیَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ فَصُمْ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ وَلَکَ اَجْرُ مَا بَقِیَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ قَالَ صُمْ اَرْبَعَۃَ اَیَّامٍ وَلَکَ اَجْرُ مَا بَقِیَ قُلْتُ اِنِّیْ اُطِیْقُ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّوْمِ صَوْمُ دَاوٗدَ کَانَ یَصُوْمُ یَوْمًا وَّیُفْطِرُ یَوْمًا

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے ہر مہینے میں ایک روزہ رکھ اور تجھے باقی تو دنوں کا ثواب ملے گا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا تو دو دن روزہ رکھ اور تجھے باقی دنوں کے روزے کا ثواب ملے گا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا تین دن روزے رکھ اور تجھے باقی دنوں کے روزے کا ثواب ملیگا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ طاقت ہے آپنے فرمایا چار دن روزے رکھ اور تجھے باقی دنوں کے روزے کا ثواب ملے گا میں نے کہا مجھے اس سے زیادہ کی طاقت ہے تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سب روزوں میں بہتر داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے اور ایک دن افطار کرتے۔

## باب ۱۲۲۷ صَوْمِ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ مِّنَ الشَّھْرِ

## ہر مہینے میں تین روزے رکھنا

۲۴۰ اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ حَرْمَلَۃَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ اَوْصَانِیْ حَبِیْبِیْ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثَۃٍ لَا اَدَعُھُنَّ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَبَدًا اَوْصَانِیْ بِصَلٰوۃِ الضُّحٰی وَبِالْوِتْرِ قَبْلَ النَّوْمِ وَبِصِیَامِ ثَلَاثَۃِ اَیَّامٍ مِّنْ کُلِّ شَھْرٍ

حضرت ابوذر سے روایت ہے مجھے وصیت کی میرے حبیب نے اللہ ان پر رحمت بھیجے اور سلام تین باتوں کی میں ان کو نہیں چھوڑتا وصیت کی مجھ کو چاشت کی نماز پڑھنے کی اور سونے سے پہلے وتر پڑھ لینے کی اور ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھنے کی۔

۲۴۰ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِیِّ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَمْزَۃَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ ھِلَالٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِثَلَاثٍ بِنَوْمٍ عَلٰی

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین باتوں کا حکم دیا ایک تو وتر پڑھ کر سونا دوسرے جمعے کے دن غسل کرنا تیسرے ہر مہینے میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



وِتْرٍ وَالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَصَوْمِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ.

تین روزے رکھنا۔

۲۴۱۰۔ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ رَجُلٍ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَكْعَتَيِ الضُّحَى وَأَنْ لَا أَنَامَ إِلَّا عَلَى وِتْرٍ وَصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ.

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم کیا دو رکعتیں چاشت کی پڑھنے کا اور بغیر وتر پڑھے نہ سونے کا اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کا۔

۲۴۱۱۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا النَّضْرُ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَوْمٍ عَلَى وِتْرٍ وَالْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ.

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حکم کیا وتر پڑھ کر سونے کا اور جمعے کے دن غسل کرنے کا اور ہر مہینے میں تین روزے رکھنے کا۔

## باب ۱۲۲۸ ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى عُثْمَانَ فِي حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ فِي صِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ.

## ابوہریرہؓ کی حدیث میں عثمان پر اختلاف

۲۴۱۲۔ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ شَهْرُ الصَّبْرِ وَثَلَاثَةُ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ صَوْمُ الدَّهْرِ.

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے کہ رمضان کے مہینے میں اور ہر مہینے میں تین دن روزے رکھنا ہمیشہ روزے رکھنے کے برابر ہے۔

۲۴۱۳۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ اللَّانِيُّ بِالْكُوفَةِ عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ وَهُوَ ابْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ فَقَدْ صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ ثُمَّ قَالَ صَدَقَ اللَّهُ فِي كِتَابِهِ مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهُ عَشْرُ أَمْثَالِهَا.

حضرت ابوذر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص مہینے میں تین روزے رکھے اس نے ہمیشہ روزے رکھے پھر کہا سچ فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں جو کوئی ایک نیکی لاوے اس کو دس گن ثواب ہوگا۔

۲۴۱۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ أَنْبَأَنَا حِبَّانُ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي عُثْمَانَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ أَبُو ذَرٍّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت ابوذر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص مہینے میں تین روزے رکھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ صَامَ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ فَقَدْ تَمَّ صَوْمُ الشَّهْرِ أَوْ فَلَهُ صَوْمُ الشَّهْرِ شَكَّ عَاصِمٌ۔

اس کو پورے مہینے کے روزوں کا ثواب ہے۔

۲۴۱۵۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ أَنَّ مُطَرِّفًا حَدَّثَهُ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ أَبِي الْعَاصِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ صِيَامٌ حَسَنٌ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ مِنَ الشَّهْرِ

حضرت عثمان بن ابی العاص سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اچھے روزے ہر مہینے میں تین روزے ہیں۔

۲۴۱۶۔ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى قَالَ أَنْبَأَنَا أَبُو مُصْعَبٍ عَنْ مُغِيرَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعِيدِ ابْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ نَحْوَهُ مُرْسَلٌ۔

۲۴۱۷۔ أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ شَرِيكٍ عَنِ الْحُرِّ بْنِ صَيَّاحٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے۔

## بَابُ ۱۲۹ كَيْفَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَذِكْرُ اخْتِلَافِ النَّاقِلِينَ لِلْخَبَرِ فِي ذَلِكَ

## ہر مہینے میں تین روزے کس طرح رکھے

۲۴۱۸۔ أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ شَرِيكٍ عَنِ الْحُرِّ ابْنِ صَيَّاحٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ مِنْ أَوَّلِ الشَّهْرِ وَالْخَمِيسِ الَّذِي يَلِيهِ ثُمَّ الْخَمِيسِ الَّذِي يَلِيهِ۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھتے ایک پہلے پیر کو دوسرے اس کے بعد کی جمعرات کو تیسرے اس کے بعد کی جمعرات کو۔

۲۴۱۹۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ عَنْ زُهَيْرٍ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ هُنَيْدَةَ الْخُزَاعِيَّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ سَمِعْتُهَا تَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ

حضرت ہنیدہ خزاعی سے روایت ہے میں ام المؤمنین (حفصہ) کے پاس گیا وہ کہتی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے میں تین روزے رکھتے تھے ایک پہلے پیر کو دوسرے جمعرات کو پھر ایک دوسری

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَوَّلَ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ ثُمَّ الْخَمِيسَ ثُمَّ الْخَمِيسَ الَّذِي يَلِيهِ۔

جمعرات کو۔

٢٤٢٠۔ أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَقَ الْأَشْجَعِيُّ كُوفِيٌّ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ الْخُزَاعِيِّ عَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ أَرْبَعٌ لَمْ يَكُنْ يَدَعُهُنَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صِيَامُ عَاشُورَاءَ وَالْعَشْرِ وَثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَرَكْعَتَيْنِ قَبْلَ الْغَدَاةِ۔

ام المؤمنین حفصہ سے روایت ہے چار باتوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی نہیں چھوڑتے تھے ایک تو عاشورا کے روزے کو دوسرے ذی حجہ کے دس روزوں کو تیسرے ہر مہینے کے تین روزوں کو چوتھے فجر سے پہلے دو رکعتوں کو۔

٢٤٢١۔ أَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى عَنْ أَبِي نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ امْرَأَتِهِ عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ تِسْعًا مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَيَوْمَ عَاشُورَاءَ وَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ أَوَّلَ اثْنَيْنِ مِنَ الشَّهْرِ وَخَمِيسَيْنِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بی بی سے روایت ہے آپ ذالحجہ میں نو روزے رکھتے (پہلی تاریخ سے لے کر نویں تاریخ تک) اور عاشورا کے روز (یعنی دسویں محرم کو) روزہ رکھتے اور ہر مہینے میں تین روزے رکھتے ایک پیر کو اور دو دو جمعراتوں کو۔

٢٤٢٢۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْحُرِّ بْنِ الصَّيَّاحِ عَنْ هُنَيْدَةَ بْنِ خَالِدٍ عَنِ امْرَأَتِهِ عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ الْعَشْرَ وَثَلَاثَةَ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَيْنِ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بی بی سے روایت ہے آپ ذالحجہ کے دس دنوں میں روزہ رکھتے اور ہر مہینے میں تین دن ایک پیر کو اور دو دو جمعراتوں کو۔

٢٤٢٣۔ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ هُنَيْدَةَ الْخُزَاعِيِّ عَنْ أُمِّهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُ بِصِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ أَوَّلِ خَمِيسٍ وَالِاثْنَيْنِ وَالِاثْنَيْنِ۔

ام سلمہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین دن روزہ رکھنے کا حکم کرتے ایک تو جنڈی جمعرات کو دوسرے پیر کو تیسرے پیر کو۔

٢٤٢٤۔ أَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

مَخَاضٍ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ إِلَّا ابْنُ لَبُونٍ
ذَكَرٌ فَإِنَّهُ يُقْبَلُ مِنْهُ وَلَيْسَ مَعَهُ شَيْءٌ
وَمَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ إِلَّا أَرْبَعَةٌ مِنَ الْإِبِلِ
فَلَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا وَفِي صَدَقَةِ
الْغَنَمِ فِي سَائِمَتِهَا إِذَا كَانَتْ أَرْبَعِينَ فَفِيهَا
شَاةٌ إِلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ فَإِذَا زَادَتْ وَاحِدَةٌ
فَفِيهَا شَاتَانِ إِلَى مِائَتَيْنِ فَإِذَا زَادَتْ
وَاحِدَةٌ فَفِيهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ إِلَى ثَلَاثِمِائَةٍ
فَإِذَا زَادَتْ وَاحِدَةٌ فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ
وَلَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ
عَوَارٍ وَلَا تَيْسُ الْغَنَمِ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ الْمُصَّدِّقُ
وَلَا يُجْمَعُ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا يُفَرَّقُ بَيْنَ
مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ وَمَا كَانَ
مِنْ خَلِيطَيْنِ فَإِنَّهُمَا يَتَرَاجَعَانِ بَيْنَهُمَا
بِالسَّوِيَّةِ وَإِذَا كَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ
نَاقِصَةً مِنْ أَرْبَعِينَ شَاةً وَاحِدَةً فَلَيْسَ
فِيهَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ رَبُّهَا وَفِي الرِّقَةِ
رُبُعُ الْعُشْرِ فَإِنْ لَمْ يَكُنِ الْمَالُ إِلَّا تِسْعِينَ
وَمِائَةً فَلَيْسَ فِيهِ شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ
رَبُّهَا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۲۴۲ مَانِعِ زَكٰوةِ الْغَنَمِ

۲۴۶۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنِ الْمَعْرُورِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ إِبِلٍ وَلَا بَقَرٍ وَلَا غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا إِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَعْظَمَ مَا كَانَتْ وَأَسْمَنَهُ تَنْطَحُهُ بِقُرُونِهَا وَتَطَؤُهُ بِأَخْفَافِهَا كُلَّمَا نَفِدَتْ أُخْرَاهَا عَادَتْ عَلَيْهِ أُولَاهَا حَتَّى يُقْضَى بَيْنَ النَّاسِ۔

## بکریوں کی زکوٰۃ نہ دینے والے کا بیان

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اونٹ اور گائے اور بکریاں رکھتا ہو اور ان کی زکوٰۃ نہ دے تو قیامت کے روز وہ جانور خوب بڑے اور موٹے بن کر آئیں گے اور سینگوں سے ماریں گے اور کھروں سے روندیں گے جب اخیر جانور نکل جائے گا تو پھر پہلا آئے گا اسی طرح لوگوں کا فیصلہ ہونے تک۔

## باب ۲۴۳ الْجَمْعِ بَيْنَ الْمُتَفَرِّقِ وَالتَّفْرِيقِ بَيْنَ الْمُجْتَمِعِ

۲۴۶۱ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ مَيْسَرَةَ أَبِي صَالِحٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ أَتَانَا مُصَدِّقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ فَجَلَسْتُ إِلَيْهِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ إِنَّ فِي عَهْدِي أَنْ لَا نَأْخُذَ رَاضِعَ لَبَنٍ وَلَا نَجْمَعَ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَلَا نُفَرِّقَ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ فَأَتَاهُ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ كَوْمَاءَ فَقَالَ خُذْهَا فَأَبَى۔

۲۴۶۲ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ زَيْدِ بْنِ يَزِيدَ يَعْنِي ابْنَ أَبِي الزَّرْقَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَاعِيًا فَأَتَى رَجُلًا فَآتَاهُ فَصِيلًا مَخْلُولًا فَقَالَ

## مال کو ملانا اور ملے ہوئے مال کو جدا کرنا منع ہے

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا مصدق (زکوٰۃ تحصیل کرنے والا) ہمارے پاس آیا میں اس کے پاس جا کر بیٹھا اور سنا وہ کہتا تھا ہم سے قرار لیا گیا ہے کہ ہم دودھ پلانے والے جانور کو نہ لیں گے اور جدا مال کو ایک جگہ نہ کریں گے اور ملے ہوئے مال کو جدا نہ کریں گے زکوٰۃ بڑھانے کیلئے ف۱۔ ایک شخص انکے پاس اونچی کوہان کی اونٹنی زبردستی لیکر آیا اور کہنے لگا لے اس نے انکار کیا۔

حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو بھیجا زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے وہ گیا ایک شخص کے پاس اس نے ایک دبلا اونٹ کا بچہ دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہم نے اللہ اور اس کے رسول کے مصدق کو بھیجا فلانے نے اس کو ایک

ف۱: مثلاً دو اونٹ ایک کے تھے اور تین ایک کے کسی پر زکوٰۃ نہ تھی دونوں کو ملا دیا اور ایک بکری زکوٰۃ کی لے لی یا اسی بکریاں ایک شخص یا دو شخص کی ملی ہوئی تھیں ان میں ایک بکری تھی اب چالیس چالیس الگ کر کے دو بکریاں ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثْنَا مُصَدِّقَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَإِنَّ فُلَانًا أَعْطَاهُ فَصِيلًا مَخْلُولًا اللَّهُمَّ لَا تُبَارِكْ فِيهِ وَلَا فِي إِبِلِهِ فَبَلَغَ ذَلِكَ الرَّجُلَ فَجَاءَ بِنَاقَةٍ حَسْنَاءَ فَقَالَ أَتُوبُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ بَارِكْ فِيهِ وَفِي إِبِلِهِ۔

اونٹ کا دبلا بچہ دیا یا اللہ مت برکت دے اس میں اور اس کے اونٹ میں یہ خبر اس کو پہنچی وہ ایک اچھی اونٹنی لے کر آیا۔ اور کہنے لگا میں نے توبہ کی اللہ اور اس کے رسول کی طرف آپ نے فرمایا یا اللہ برکت دے اس میں اور اس کے اونٹوں میں۔

## بَابُ ۲۴۴ صَلَاةُ الْإِمَامِ عَلَى صَاحِبِ الصَّدَقَةِ

## زکوٰۃ دینے والے کے لیے دُعا کرنا

۲۴۶۳- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ أَخْبَرَنِي قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاهُ قَوْمٌ بِصَدَقَتِهِمْ قَالَ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ فُلَانٍ فَأَتَاهُ أَبِي بِصَدَقَتِهِ فَقَالَ اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَى آلِ أَبِي أَوْفَى

حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی قوم زکوٰۃ لے کر آتی آپ فرماتے یا اللہ رحمت بھیج فلانے کی آل پر میرا باپ زکوٰۃ لے کر آیا تو آپ نے فرمایا یا اللہ رحمت بھیج ابی اوفیٰ کی آل پر۔

## بَابُ ۲۴۵ إِذَا جَاوَزَ فِي الصَّدَقَةِ

## جب صدقہ میں مصدّق زیادتی کرے

۲۴۶۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي إِسْمَاعِيلَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ قَالَ جَرِيرٌ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاسٌ مِنَ الْأَعْرَابِ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ يَأْتِينَا نَاسٌ مِنْ مُصَدِّقِيكَ يَظْلِمُونَ قَالَ أَرْضُوا مُصَدِّقِيكُمْ قَالُوا وَإِنْ ظَلَمَ قَالَ أَرْضُوا مُصَدِّقِيكُمْ ثُمَّ قَالُوا وَإِنْ ظَلَمَ قَالَ أَرْضُوا مُصَدِّقِيكُمْ قَالَ جَرِيرٌ فَمَا صَدَرَ عَنِّي مُصَدِّقٌ مُنْذُ سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا وَهُوَ رَاضٍ۔

حضرت عبدالرحمٰن بن ہلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جریر رضی اللہ عنہ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس عرب کے چند لوگ آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! آپ کی طرف سے مصدق لوگ ہمارے پاس آتے ہیں اور ہم پر ظلم کرتے ہیں آپ نے فرمایا راضی کرو اپنے مصدقوں کو۔ لوگوں نے عرض کیا اگرچہ وہ ظلم کرے آپ نے فرمایا راضی کرو اپنے مصدق کو پھر لوگوں نے کہا اگرچہ وہ ظلم کرے آپ نے فرمایا راضی کرو اپنے مصدقوں کو۔ جریر رضی اللہ عنہ نے کہا اس روز سے کوئی مصدق میرے پاس سے نہیں گیا مگر راضی ہو کر۔ جب سے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا۔

۲۴۶۵- أَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ هُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ أَنْبَأَنَا دَاوُدُ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتَاكُمُ الْمُصَدِّقُ

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَلْيَصْدُرْ وَهُوَ عَنْكُمْ رَاضٍ.

## بَابُ ۱۲۴۶ إِعْطَاءِ السَّيِّدِ الْمَالَ بِغَيْرِ اخْتِيَارِ الْمُصَدِّقِ.

۲۴۶۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا ابْنُ إِسْحَقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ ثَفِنَةَ قَالَ اسْتَعْمَلَ ابْنُ عَلْقَمَةَ أَبِي عَلَى عِرَافَةِ قَوْمِهِ وَأَمَرَهُ أَنْ يُصَدِّقَهُمْ فَبَعَثَنِي أَبِي إِلَى طَائِفَةٍ مِنْهُمْ لِآتِيَهُ بِصَدَقَتِهِمْ فَخَرَجْتُ حَتَّى أَتَيْتُ عَلَى شَيْخٍ كَبِيرٍ يُقَالُ لَهُ سَعْرٌ فَقُلْتُ إِنَّ أَبِي بَعَثَنِي إِلَيْكَ لِتُؤَدِّيَ صَدَقَةَ غَنَمِكَ قَالَ ابْنَ أَخِي وَأَيَّ نَحْوٍ تَأْخُذُونَ قُلْتُ نَخْتَارُ حَتَّى إِنَّا لَنَشْبُرُ ضُرُوعَ الْغَنَمِ قَالَ ابْنَ أَخِي فَإِنِّي أُحَدِّثُكَ أَنِّي كُنْتُ فِي شِعْبٍ مِنْ هَذِهِ الشِّعَابِ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَنَمٍ لِي فَجَاءَنِي رَجُلَانِ عَلَى بَعِيرٍ فَقَالَا إِنَّا رَسُولَا رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْكَ لِتُؤَدِّيَ صَدَقَةَ غَنَمِكَ قَالَ قُلْتُ وَمَا عَلَيَّ فِيهَا قَالَا شَاةٌ فَأَعْمِدُ إِلَى شَاةٍ قَدْ عَرَفْتُ مَكَانَهَا مُمْتَلِئَةً مَحْضًا وَشَحْمًا فَأَخْرَجْتُهَا إِلَيْهِمَا فَقَالَ هَذِهِ الشَّافِعُ وَالشَّافِعُ الْحَائِلُ وَقَدْ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَأْخُذَ شَافِعًا قَالَ فَأَعْمِدُ إِلَى عَنَاقٍ مُعْتَاطٍ وَالْمُعْتَاطُ الَّتِي لَمْ تَلِدْ وَلَدًا وَقَدْ حَانَ وِلَادُهَا فَأَخْرَجْتُهَا إِلَيْهِمَا فَقَالَا نَاوِلْنَاهَا فَرَفَعْتُهَا إِلَيْهِمَا فَجَعَلَاهَا مَعَهُمَا عَلَى بَعِيرِهِمَا ثُمَّ انْطَلَقَا.

## مالک مال خود زکوٰۃ نکال کر دے سکتا ہے اگر مصدق نہ نکالے

حضرت مسلم بن ثفنہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابن علقمہ نے میرے باپ کو اپنی قوم کی عرافت پر مقرر کیا (عرافت ایک خدمت ہے جو ہر ایک قوم میں ایک شخص کو دی جاتی ہے وہ ان کے برے بھلے کی خبر رکھتا ہے اور حاکم سے ہر ایک کا حال کہتا رہتا ہے یہاں اس کو اخباری اور پرچہ نویس کہتے ہیں) اور حکم کیا ان کو صدقہ وصول کرنے کا میرے باپ نے مجھ کو ایک گروہ کی طرف بھیجا ان کی زکوٰۃ لانے کو میں نکلا اور ایک بوڑھے شخص کے پاس گیا جس کو سعر کہتے تھے میں نے کہا میرے باپ نے مجھے تمہارے پاس بھیجا ہے تاکہ تم اپنی بکریوں کا صدقہ ادا کرو وہ بولا اے میرے بھتیجے تم کسطرح صدقہ لیتے ہو میں نے کہا ہم ٹٹولتے ہیں بکریوں کے تھنوں کو یعنی عمدہ مال ڈھونڈ کر لیتے ہیں۔ اس نے کہا اے بھتیجے میرے میں تم سے حدیث بیان کرتا ہوں ایک بار میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں انہی گھاٹیوں میں سے ایک گھاٹی میں اپنی بکریاں لیے رہتا تھا اتنے میں دو شخص ایک اونٹ پر سوار آئے اور کہنے لگے ہم بھیجے ہوئے ہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اس لیے کہ تو اپنی بکریوں کی زکوٰۃ ادا کرے میں نے کہا میرے اوپر ان بکریوں میں کتنی زکوٰۃ ہے انھوں نے کہا ایک بکری میں نے قصد کیا ایک بکری کی طرف جس کا مرتبہ میں جانتا تھا بھری ہوئی تھی دودھ سے (یعنی بہت دودھ دیتی تھی) اور چربی سے اور اس کو نکال لایا ان کی طرف انھوں نے کہا یہ بچے والی ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو منع فرمایا ہے بچے والی بکری لینے سے پھر میں نے قصد کیا ایک اور بکری کی طرف جو ایک برس کی تھی گابھ اس نے کبھی بچہ نہ جنا تھا لیکن جننے والی تھی میں اس کو نکال

www.sirat-e-mustaqeem.com



کر لایا انھوں نے کہا ہمیں دیدو میں نے اٹھا کر ان کو دے دی، انھوں نے اونٹ پر اپنے رکھ لی اور چلے گئے۔

۲۴۶ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ ثَفِنَةَ أَنَّ ابْنَ عَلْقَمَةَ اسْتَعْمَلَ أَبَاهُ عَلَى صَدَقَةِ قَوْمِهِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ.

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

---

۲۴۶ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الزِّنَادِ مِمَّا حَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجُ مِمَّا ذَكَرَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ قَالَ قَالَ عُمَرُ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ فَقِيلَ مَنَعَ ابْنُ جَمِيلٍ وَخَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ وَعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَنْقِمُ ابْنُ جَمِيلٍ إِلَّا أَنَّهُ كَانَ فَقِيرًا فَأَغْنَاهُ اللَّهُ وَأَمَّا خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَإِنَّكُمْ تَظْلِمُونَ خَالِدًا قَدِ احْتَبَسَ أَدْرَاعَهُ وَأَعْتُدَهُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأَمَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَمُّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت عمرؓ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کا حکم کیا تو آپ سے کہا گیا (تین آدمی صدقہ نہیں دیتے) ابن جمیل اور خالد بن الولید اور عباس بن عبدالمطلب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن جمیل ناشکری کرتا ہے پہلے وہ محتاج تھا پھر اللہ نے اس کو مالدار کر دیا (تو زکوٰۃ دینا تھا) اور خالد بن ولید پر تم ظلم کرتے ہو اس لیے کہ انھوں نے اپنی زرہیں اور اسباب اللہ کی راہ میں وقف کر دی ہیں (پھر ان میں زکوٰۃ کہاں ہے) اور عباس بن عبدالمطلب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے چچا ان کی زکوٰۃ رسول اللہ پر ہے اور اتنی اور ف

۲۴۶ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الزِّنَادِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةٍ مِثْلَهُ سَوَاءً

ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایسی ہی ہے۔

أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ هِلَالٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كِدْتُ أُقْتَلُ بَعْدَكَ فِي عَنَاقٍ أَوْ شَاةٍ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَالَ لَوْلَا أَنَّهَا تُعْطَى فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ مَا أَخَذْتُهَا.

حضرت عبداللہ بن ہلال ثقفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یا رسول اللہ قریب تھا کہ میں مارا جاؤں بعد آپ کے ایک بکری کے بچے یا ایک بکری میں (یعنی اس کے لینے میں) زکوٰۃ کے آپ نے فرمایا اگر زکوٰۃ مہاجرین کے فقیروں کو نہ دی جاتی تو میں نہ لیتا (یعنی زکوٰۃ میں اپنے لیے نہیں لینا بلکہ الٰہی کے

## بَابُ ۲۴ زَكَاةِ الْخَيْلِ

## گھوڑوں کی زکوٰۃ کے بیان میں

---

ف: اس لیے کہ آپ ان سے دو سال پیشگی زکوٰۃ لے چکے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۷۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ شُعْبَةَ وَسُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ وَلَا فَرَسِهِ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان پر اس کے غلام اور گھوڑے کی زکوٰۃ نہیں ہے۔

۲۴۷۲- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ الْوَضَّاحِ عَنْ إِسْمٰعِيلَ وَهُوَ ابْنُ أُمَيَّةَ عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا زَكَاةَ عَلَى الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ وَلَا فَرَسِهِ۔

۲۴۷۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ مُوسَى عَنْ مَكْحُولٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ وَلَا فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ۔

۲۴۷۴- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ خُثَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمَرْءِ فِي فَرَسِهِ وَلَا فِي مَمْلُوكِهِ صَدَقَةٌ۔

## بَابُ ۴۸ زَكٰوةِ الرَّقِيقِ

## غلاموں کی زکوٰۃ کا بیان

۲۴۷۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ دِينَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ فِي عَبْدِهِ وَلَا فِي فَرَسِهِ صَدَقَةٌ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۷۶۔ اَخْبَرَنَا قُتَیْبَۃُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ خُثَیْمِ بْنِ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ عَلَی الْمُسْلِمِ صَدَقَةٌ فِیْ غُلَامِهٖ وَلَا فِیْ فَرَسِهٖ۔

ترجمہ وہی جو سابقہ صفحہ پر گزرا۔ یعنی گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ نہیں ہے ف ۱۔

## ۱۲۴۹ بَابُ زَكٰوةِ الْوَرِقِ

## چاندی کی زکوٰۃ کا بیان

۲۴۷۷ اَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ حَبِیْبِ بْنِ عَرَبِیٍّ عَنْ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی وَهُوَ ابْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ یَحْیٰی عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیے سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ وسق غلے سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔ ف ۲۔

۲۴۷۸ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ صَعْصَعَةَ الْمَازِنِیُّ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوْسُقٍ مِنَ التَّمْرِ صَدَقَةٌ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَلَیْسَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے پانچ وسق سے کم کھجوروں میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ اوقیے سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

۲۴۷۹ اَخْبَرَنَا هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِیْدِ بْنِ كَثِیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ صَعْصَعَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ عُمَارَةَ وَعَبَّادِ بْنِ تَمِیْمٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا صَدَقَةَ فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوْسَاقٍ مِنَ التَّمْرِ وَلَا فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَلَا فِیْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةٌ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا۔

ف ۱ : یہ جب ہے کہ خدمت کے لیے ہوں اور جو تجارت کیلئے ہوں تو ان میں زکوٰۃ ہے مگر بعض لوگوں کے نزدیک سوا اونٹ اور گائے اور بکری اور چاندی سونے کے کسی مال میں زکوٰۃ نہیں ہے اگرچہ تجارت کے لیے ہو اور یہ قول شاذ ہے۔

ف ۲ : اوقیے اور وسق کے معنے اوپر گزر رہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۸۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ الطُّوسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ وَكَانَا ثِقَةً عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ بْنِ أَبِي حَسَنٍ وَعَبَّادِ بْنِ تَمِيمٍ وَكَانَا ثِقَةً عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ مِنَ الْوَرِقِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسٍ مِنَ الْإِبِلِ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۲۴۸۱- أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَفَوْتُ عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ فَأَدُّوا زَكَاةَ أَمْوَالِكُمْ مِنْ كُلِّ مِائَتَيْنِ خَمْسَةً۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے معاف کر دی زکوٰۃ گھوڑوں اور غلاموں کی تو ادا کرو زکوٰۃ مالوں کی دوسو میں سے پانچ، (یعنی چالیسواں حصہ۔)

۲۴۸۲- أَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ عَفَوْتُ عَنِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيقِ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ مِائَتَيْنِ زَكَاةٌ۔

حضرت امیر المومنین علیؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے معاف کر دی زکوٰۃ گھوڑوں اور غلاموں کی اور دوسو درہم سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

## ۱۲۵۰ بَابُ زَكٰوةِ الْحُلِيِّ

## زیور کی زکوٰۃ کا بیان

۲۴۸۳- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ أَهْلِ الْيَمَنِ أَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِنْتٌ لَهَا فِي يَدِ ابْنَتِهَا مَسَكَتَانِ غَلِيظَتَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ أَتُؤَدِّينَ زَكَاةَ هٰذَا قَالَتْ لَا قَالَ أَيَسُرُّكِ أَنْ يُسَوِّرَكِ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ سِوَارَيْنِ مِنْ نَارٍ قَالَ فَخَلَعَتْهُمَا فَأَلْقَتْهُمَا إِلَى

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک عورت یمن کی رہنے والی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اس کے ساتھ اس کی بیٹی تھی اس کے ہاتھ دو کنگن تھے موٹے موٹے سونے کے۔ آپ نے فرمایا کیا تم زکوٰۃ دیتی ہو؟ اس نے کہا نہیں۔ آپ نے فرمایا تم کو بھلا معلوم ہوتا ہے کہ اللہ جل جلالہٗ قیامت کے روز تم کو دو کنگن آگ کے پہنا دے اس عورت نے یہ سن کر کنگنوں

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ هُمَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

کو اتارا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ڈال دیا اور کہا یہ اللہ اور اس کے رسول کے لیے ہیں۔

۲۴۸۴۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ حُسَيْنًا قَالَ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَاَةٌ وَمَعَهَا بِنْتٌ لَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِىْ يَدِ ابْنَتِهَا مَسَكَتَانِ نَحْوَهُ مُرْسَلٌ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ خَالِدٌ اَثْبَتُ مِنَ الْمُعْتَمِرِ۔

ترجمہ عمرو بن شعیب سے مرسلاً ایسی ہی روایت ہے۔

## بَابُ مَانِعِ زَكٰوةِ مَالِهٖ [۱۲۵۱]

## جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ نہ دیوے

۲۴۸۵۔ اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِىْ لَا يُؤَدِّىْ زَكَاةَ مَالِهٖ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ قَالَ فَيَلْتَزِمُهٗ اَوْ يُطَوِّقُهٗ قَالَ يَقُوْلُ اَنَا كَنْزُكَ اَنَا كَنْزُكَ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہ نہ کرے قیامت کے روز اس کا مال ایک گنجا سانپ بن کر آئے گا اس کی آنکھوں پر دو نقطے سیاہ ہوں گے (اس قسم کا سانپ بہت زہردار ہوتا ہے) وہ اس سے چمٹ جائے گا یا اس کو لپٹ لے گا اسے کہے گا میں تیرا خزانہ ہوں۔

۲۴۸۶۔ اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَسَنُ ابْنُ مُوْسَى الْاَشْيَبُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ الْمَدَنِىُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ آتَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهٗ مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ زَبِيْبَتَانِ يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَقُوْلُ اَنَا مَالُكَ اَنَا كَنْزُكَ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ الْآيَةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو اللہ تعالیٰ مال دے پھر وہ اس کی زکوٰۃ ادا نہ کرے تو قیامت کے روز اس کا مال ایک گنجا سانپ بن کر آئے گا جس کی آنکھوں پر دو کالے نقطے ہوں گے اور اس کی دونوں باچھیں پکڑ کر کہے گا میں تیرا مال ہوں تیرا خزانہ ہوں پھر آپ نے یہ آیت پڑھی وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ یعنی بخیل نہ سمجھیں کہ بخیلی ان کے لیے بہتر ہے بلکہ بُری ہے ان کے لیے قیامت کے روز جس مال سے بخیلی کرتے تھے وہی ان کا طوق ہوگا۔

## [۱۲۵۲] زَكٰوةُ التَّمْرِ

## کھجوروں کی زکوٰۃ کا بیان

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۸۷- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسَاقٍ مِنْ حَبٍّ أَوْ تَمْرٍ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ وسق غلے سے کم میں زکوٰۃ نہیں یا پانچ وسق کھجور سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

## ۱۲۵۳ بَابُ زَكٰوةِ الْحِنْطَةِ

## گیہوں کی زکوٰۃ کا بیان

۲۴۸۸- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ فِي الْبُرِّ وَالتَّمْرِ زَكَاةٌ حَتَّى تَبْلُغَ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ وَلَا يَحِلُّ فِي الْوَرِقِ زَكَاةٌ حَتَّى تَبْلُغَ خَمْسَةَ أَوَاقٍ وَلَا يَحِلُّ فِي إِبِلٍ زَكَاةٌ حَتَّى تَبْلُغَ خَمْسَ ذَوْدٍ۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گیہوں اور کھجور میں زکوٰۃ نہیں ہوتی جب تک پانچ وسق نہ ہوں اور چاندی میں زکوٰۃ نہیں ہوتی جب تک پانچ اوقیہ نہ ہو اور اونٹوں میں زکوٰۃ نہیں ہوتی جب تک پانچ اونٹ نہ ہوں۔

## ۱۲۵۴ بَابُ زَكٰوةِ الْحُبُوبِ

## غلوں کی زکوٰۃ کا بیان

۲۴۸۹ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمٰعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِي حَبٍّ وَلَا تَمْرٍ صَدَقَةٌ حَتَّى تَبْلُغَ خَمْسَةَ أَوْسُقٍ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی دانے اور کھجور میں صدقہ (زکوٰۃ) نہیں جب تک پانچ وسق نہ ہوں اور پانچ اونٹوں سے کم میں اور پانچ اوقیے سے کم چاندی میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

## ۱۲۵۵ الْقَدْرُ الَّذِي تَجِبُ فِيهِ الصَّدَقَةُ

## کتنے مال میں زکوٰۃ واجب ہے؟

۲۴۹۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا إِدْرِيسُ الْأَوْدِيُّ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ۔

زکوٰۃ نہیں ہے۔

۲۴۷۹۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسِ أَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَلَا فِيمَا دُونَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ وَلَيْسَ فِيمَا دُونَ خَمْسَةِ أَوْسُقٍ صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ اوقیے سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے (یعنی چاندی میں) اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے اور پانچ وسق غلے سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے۔

## ۱۲۵۶ بَابُ مَا يُوجِبُ الْعُشْرَ وَمَا يُوجِبُ نِصْفَ الْعُشْرِ

## دسواں حصّہ کس میں ہے اور بیسواں حصّہ کس میں ہے؟

۲۴۹۱ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْهَيْثَمِ أَبُو جَعْفَرٍ الْأَيْلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْأَنْهَارُ وَالْعُيُونُ أَوْ كَانَ بَعْلًا الْعُشْرُ وَمَا سُقِيَ بِالسَّوَانِي وَالنَّضْحِ نِصْفُ الْعُشْرِ۔

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو غلہ بارش اور نہر اور چشموں کے پانی سے پیدا ہو یا زمین کی تری سے پیدا وار ہو اسمیں دسواں حصہ لیا جائے گا اور جو اونٹوں سے سینچا جاوے یا ڈولوں سے اس میں بیسواں حصّہ لیا جائے گا۔

۲۴۹۱ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادِ بْنِ الْأَسْوَدِ بْنِ عَمْرٍو وَأَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ أَنَّ أَبَا الزُّبَيْرِ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيمَا سَقَتِ السَّمَاءُ وَالْأَنْهَارُ وَالْعُيُونُ الْعُشْرُ وَفِيمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفُ الْعُشْرِ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو پیداوار آسمان یا نہر یا چشموں کے پانی سے ہو اس میں سے دسواں حصّہ لیا جائے اور جو پیداوار جانوروں پر پانی لانے سے ہو اس میں سے دسواں حصّہ لیا جائے گا اور جو پیداوار جانوروں پر پانی لانے سے ہو اس میں بیسواں حصّہ ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۹۴ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْيَمَنِ فَأَمَرَنِي أَنْ آخُذَ مِمَّا سَقَتِ السَّمَاءُ الْعُشْرَ وَفِيمَا سُقِيَ بِالدَّوَالِي نِصْفَ الْعُشْرِ.

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا اور حکم کیا جو بارش کے پانی سے پیدا ہو اس میں سے دسواں حصہ لینے کا اور جو ڈولوں کے پانی سے پیدا ہو اس میں سے بیسواں حصہ لینے کا۔

## ۱۲۵۷ كَمْ يَتْرُكُ الْخَارِصُ

## اندازہ کرنیوالا کتنا چھوڑ دے

۲۴۹۵ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ خُبَيْبَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَسْعُودِ بْنِ نِيَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ أَتَانَا وَنَحْنُ فِي السُّوقِ فَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوا وَدَعُوا الثُّلُثَ فَإِنْ لَمْ تَأْخُذُوا أَوْ تَدَعُوا الثُّلُثَ شَكَّ شُعْبَةُ فَدَعُوا الرُّبُعَ.

حضرت سہل بن ابی حثمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم اندازہ کرو پھلوں کا درختوں پر (معمول ہے کہ جب پھل درخت پر ہوتے ہیں تو ان کا اندازہ کر لیتے ہیں اور اترنے کے بعد اسی کا دسواں حصہ مالک سے لیتے ہیں یا جو مقرر ہو۔) تو تیسرا حصہ چھوڑ دو اگر تیسرا حصہ نہ چھوڑو تو چوتھا حصہ چھوڑ دو (رعایت کے طور پر تاکہ مالک کو گنجائش رہے ہمسایوں اور دوستوں کو کھلانے کی۔

## ۱۲۵۸ بَابُ قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ.

## اس آیت کی تفسیر ولا تیمموا الخبیث

۲۴۹۶ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْجَلِيلِ بْنُ حُمَيْدٍ الْيَحْصُبِيُّ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو أُمَامَةَ بْنُ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ فِي الْآيَةِ الَّتِي قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ قَالَ هُوَ الْجُعْرُورُ وَلَوْنُ حُبَيْقٍ فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُؤْخَذَ فِي الصَّدَقَةِ الرُّذَالَةُ.

حضرت ابو امامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اس آیت میں وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنْفِقُونَ یعنی مت قصد کرو برے مال دینے کا اس کو خرچ کرتے ہو لیکن لیتے نہیں اخیر تک انہوں نے کہا۔ خبیث سے مراد جعرور اور لون حبیق ہیں (یہ دونوں قسمیں کھجور کی جو بہت خراب ہوتی ہیں۔) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا زکوٰۃ میں برے مال کے لینے سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۴۹۷ - أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا يَحْيَى عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ أَبِي عَرِيبٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِيَدِهِ عَصًا وَقَدْ عَلَّقَ رَجُلٌ قِنْوَ حَشَفٍ فَجَعَلَ يَطْعَنُ فِي ذَلِكَ الْقِنْوِ فَقَالَ لَوْ شَاءَ رَبُّ هَذِهِ الصَّدَقَةِ تَصَدَّقَ بِأَطْيَبَ مِنْ هَذَا إِنَّ رَبَّ هَذِهِ الصَّدَقَةِ يَأْكُلُ حَشَفًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے آپ کے ہاتھ میں لکڑی تھی۔ ایک شخص سوکھی بری کھجور لٹکا گیا تھا (مسجد میں دستور تھا کہ صدقے کی کھجور کو مسجد سے لٹکا دیتے تھے مسکین ان کو کھاتے) آپ اس گچھے میں لکڑی مارتے تھے اور فرماتے اگر اس کا مالک چاہتا تو اچھی کھجور دے سکتا تھا بے شک اس کا قیامت کے روز ایسی خراب کھجور کھائے گا۔

## ۱۲۵۹ بَابُ الْمَعْدِنِ

## کان کا بیان

۲۴۹۸ - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَخْنَسِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سُئِلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اللُّقَطَةِ فَقَالَ مَا كَانَ فِي طَرِيقٍ مَأْتِيٍّ أَوْ فِي قَرْيَةٍ عَامِرَةٍ فَعَرِّفْهَا سَنَةً فَإِنْ جَاءَ صَاحِبُهَا وَإِلَّا فَلَكَ وَمَا لَمْ يَكُنْ فِي طَرِيقٍ مَأْتِيٍّ وَلَا فِي قَرْيَةٍ عَامِرَةٍ فَفِيهِ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا پڑی ہوئی چیز کو آپ نے فرمایا جو آمدرفت کی راہ میں یا آباد گاؤں میں ملے تو ایک برس تک اس کو بتلا اگر اس کا مالک آئے دے دے نہیں تو تیری ہے اور جو راستہ آباد نہ ہو یا گاؤں آباد نہ ہو تو اس میں سے اور کان میں سے پانچواں حصہ لیا جائے گا (باقی سب پانے والے کا ہے)

۲۴۹۹ - أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَأَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جانور کے زخم کا بدلہ نہیں اور کنواں کھودنے میں اگر مزدور مر جاوے تو بدلہ نہیں اور اگر کان کھودنے میں مزدور مرے تو بدلہ نہیں اور کافروں کے گڑے خزانے میں (یا کان میں) پانچواں حصہ ہے بیت المال کا۔

۲۵۰۰ - أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدٍ وَعُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ.

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۲۵۰۱ - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَرْحُ الْعَجْمَاءِ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ ۔

۲۵۰۲۔ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَنْبَأَنَا مَنْصُورٌ وَهِشَامٌ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْعَجْمَاءُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا ۔

## بَابُ زَكَاةِ النَّحْلِ [۲۶۰]

۲۵۰۳۔ أَخْبَرَنِي الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ عَنْ مُوسَى بْنِ أَعْيَنَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ جَاءَ هِلَالٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعُشُورِ نَحْلٍ لَهُ وَسَأَلَهُ أَنْ يَحْمِيَ لَهُ وَادِيًا يُقَالُ لَهُ سَلَبَةُ فَحَمَى لَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ الْوَادِيَ فَلَمَّا وَلِيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ كَتَبَ سُفْيَانُ بْنُ وَهْبٍ إِلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ يَسْأَلُهُ فَكَتَبَ عُمَرُ إِنْ أَدَّى إِلَيْكَ مَا كَانَ يُؤَدِّي إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُشْرِ نَحْلِهِ فَاحْمِ لَهُ سَلَبَةَ ذَلِكَ وَإِلَّا فَإِنَّمَا هُوَ ذُبَابُ غَيْثٍ يَأْكُلُهُ مَنْ شَاءَ ۔

## شہد کے چھتوں کی زکوٰۃ

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہلال آیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس شہد کا دسواں حصہ لے کر اور درخواست کی آپ کو ایک جنگل مقرر کر دینے کی جس کا نام سلبہ تھا اپنے لیے (یعنی اور کوئی وہاں کے چھتے نہ لے سکے۔) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ جنگل اس کے لیے مقرر کر دیا جب حضرت عمر خلیفہ ہوئے تو سفیان بن وہب نے ان کو لکھا پوچھتے تھے (اسی بات کو کہ وہ جنگل اس پر مقرر رہے یا نہ رہے) حضرت عمرؓ نے جواب لکھا اگر وہ تجھ کو دیتا رہے دسواں حصہ شہد کا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیتا تھا تو وہ جنگل اسی کے علاقے میں رہنے دے اور جو نہ دے تو مکھیاں بارش کی شہد دیتی ہیں جس کا جی چاہے لے کھائے (بارش کی مکھیاں اس لیے کہ وہ بارش سے جو پھول اور گھانس اور درخت اگتے ہیں ان کو کھاتی ہیں پھر ان کے منہ سے شہد نکلتا ہے ۔

## بَابُ فَرْضِ زَكَاةِ رَمَضَانَ [۲۶۱]

۲۵۰۴۔ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ رَمَضَانَ عَلَى الْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ

## رمضان کی زکوٰۃ (یعنی صدقہ فطر) کا بیان

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رمضان کی زکوٰۃ فرض کی۔ آزاد اور غلام اور مرد اور عورت پر ایک صاع کھجور کا یا ایک صاع جو کا پھر لوگوں نے آدھا صاع گیہوں کا ٹھہرا لیا (کیونکہ وہ قیمت میں جو

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ فَعَدَلَ النَّاسُ بِهِ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ۔

کے ایک صاع کے برابر ہے اور ابن عمر کا یہی مذہب ہے اور ایک ضعیف روایت میں گیہوں کا آدھا صاع بھی حضرت سے منقول ہے)

۱۲۶۲
## بَابُ فَرْضِ زَكٰوةِ رَمَضَانَ عَلَى الْمَمْلُوكِ

## رمضان کی زکوٰۃ غلام لونڈی پر فرض ہے

۲۵۰۸ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى الذَّكَرِ وَالْأُنْثٰى وَالْحُرِّ وَالْمَمْلُوكِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ قَالَ فَعَدَلَ النَّاسُ إِلَى نِصْفِ صَاعٍ مِنْ بُرٍّ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۱۲۶۳
## فَرْضُ زَكٰوةِ رَمَضَانَ عَلَى الصَّغِيرِ

## چھوٹے نابالغ پر رمضان کی زکوٰۃ

۲۵۰۹۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَرَضَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ رَمَضَانَ عَلَى كُلِّ صَغِيرٍ وَكَبِيرٍ حُرٍّ وَعَبْدٍ ذَكَرٍ وَأُنْثٰى صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کی رمضان کی زکوٰۃ ہر چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام مرد اور عورت پر ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جَو سے (لیکن نابالغ اگر مالدار ہو تو اس کے مال میں سے زکوٰۃ دی جائے اور جو مفلس ہو تو اس کا ولی دے اسی طرح لونڈی غلام کی طرف سے اس کا مالک دے۔

۱۲۶۴
## فَرْضُ زَكٰوةِ رَمَضَانَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ دُونَ الْمُعَاهِدِينَ

## رمضان کی زکوٰۃ مسلمانوں پر ہے نہ کافروں پر۔

۲۵۱۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ زَكَاةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ عَلَى النَّاسِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى كُلِّ حُرٍّ أَوْ عَبْدٍ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثٰى مِنَ الْمُسْلِمِينَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر فرض کیا لوگوں پر ایک صاع کھجور یا ایک صاع جَو ہر آزاد اور غلام مرد اور عورت پر مسلمانوں میں سے ف۔

---

ف: تو اگر غلام لونڈی کافر ہوں ان کی طرف سے صدقہ دینا ضروری نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٥٠٠- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ نَافِعٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكَاةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ عَلَى الْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَأَمَرَ بِهَا أَنْ تُؤَدّٰى قَبْلَ خُرُوجِ النَّاسِ إِلَى الصَّلَاةِ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فطر کی زکوٰۃ مقرر کی ایک صاع کھجور کا یا ایک صاع جَو کا آزاد اور غلام اور مرد اور عورت اور چھوٹے اور بڑے پر مسلمانوں میں سے اور حکم کیا اس کو ادا کرنے کا عید کی نماز کو جانے سے پہلے۔

## ١٢٦٥ كَمْ فُرِضَ

## صدقۂ فطر کتنا فرض ہے

٢٥٠٩- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيرِ وَالْكَبِيرِ وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا۔

## ١٢٦٦ بَابُ فَرْضِ صَدَقَةِ الْفِطْرِ قَبْلَ نُزُولِ الزَّكٰوةِ

## زکوٰۃ فرض ہونے سے پہلے صدقۂ فطر فرض تھا

٢٥١٠- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ كُنَّا نَصُومُ عَاشُورَاءَ وَنُؤَدِّي زَكَاةَ الْفِطْرِ فَلَمَّا نَزَلَ رَمَضَانُ وَنَزَلَتِ الزَّكَاةُ لَمْ نُؤْمَرْ بِهِ وَلَمْ نُنْهَ عَنْهُ وَكُنَّا نَفْعَلُهُ۔

حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم عاشورے کا روزہ رکھتے اور عید الفطر کا صدقہ ادا کرتے یہاں تک کہ رمضان کے روزے فرض ہوئے اور زکوٰۃ فرض ہوئی اس روزے سے نہ ہم کو حکم ہوا عاشورے کے روزے اور صدقہ فطر کا نہ ممانعت ہوئی۔ ف۔

٢٥١١- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ

حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم کیا صدقہ فطر کا زکوٰۃ فرض ہونے

ف: بلکہ دونوں چیزیں سُنّت رہ گئیں جیسے بعض علماء کا مذہب ہے لیکن جمہور علماء کے نزدیک صدقہ فطر کی فرضیت باقی ہے اور ابوحنیفہ کے نزدیک واجب ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



كُهَيْلٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ أَبِي عَمَّارٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ قَبْلَ أَنْ تَنْزِلَ الزَّكَاةُ فَلَمَّا نَزَلَتِ الزَّكَاةُ لَمْ يَأْمُرْنَا وَلَمْ يَنْهَنَا وَنَحْنُ نَفْعَلُهُ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَبُو عَمَّارٍ اسْمُهُ عَرِيبُ بْنُ حُمَيْدٍ وَعَمْرُو بْنُ شُرَحْبِيلَ يُكْنَى أَبَا مَيْسَرَةَ وَسَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ خَالَفَ الْحَكَمَ فِي إِسْنَادِهِ وَالْحَكَمُ أَثْبَتُ مِنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ۔

سے پہلے پھر جب زکوٰۃ فرض ہوئی تو نہ ہم کو حکم کیا نہ منع کیا ہم اسی کو کرتے رہے۔

## ۱۲۶ مَكِيلَةُ زَكٰوةِ الْفِطْرِ

## صدقہ فطر میں کتنا اناج دینا چاہیے

۲۵۱۱ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ وَهُوَ ابْنُ الْحٰرِثِ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَهُوَ أَمِيرُ الْبَصْرَةِ فِي آخِرِ الشَّهْرِ أَخْرِجُوا زَكَاةَ صَوْمِكُمْ فَنَظَرَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ فَقَالَ مَنْ هٰهُنَا مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ قُومُوا فَعَلِّمُوا إِخْوَانَكُمْ فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ إِنَّ هٰذِهِ الزَّكَاةَ فَرَضَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى كُلِّ ذَكَرٍ وَأُنْثٰى حُرٍّ وَمَمْلُوكٍ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ تَمْرٍ أَوْ نِصْفَ صَاعٍ مِنْ قَمْحٍ فَقَامُوا خَالَفَهُ هِشَامٌ فَقَالَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ۔

حضرت حسن بصری ؒ روایت ہے عبداللہ بن عباس جب امیر تھے بصرہ کے تو انھوں نے رمضان کے اخیر مہینے میں کہا اپنے روزوں کی زکوٰۃ نکالو لوگوں نے دیکھنا شروع کیا ایک کو ایک نے۔ انھوں نے کہا یہاں مدینے والوں میں سے کون ہے اٹھو اور اپنے بھائیو کو سکھاؤ وہ نہیں جانتے اس زکوٰۃ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرض کیا ہر مرد اور عورت آزاد اور غلام پر ایک صاع جو سے اور ایک صاع کھجور سے یا آدھا صاع گیہوں سے پھر وہ لوگ اٹھے (سب لوگوں کو سمجھانے کیلئے)۔

۲۵۱۳ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ عَنْ مَخْلَدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ ذَكَرَ فِي صَدَقَةِ الْفِطْرِ قَالَ صَاعًا مِنْ بُرٍّ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ سُلْتٍ۔

حضرت ابن سیرین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابن عباس نے صدقہ فطر میں بیان کیا ایک صاع گیہوں کا یا ایک صاع کھجور کا یا ایک صاع جو کا ایک صاع سُلت کا (ایک قسم ہے جو کی)۔

۲۵۱۴ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَخْطُبُ عَلٰى مِنْبَرِكُمْ يَعْنِي مِنْبَرَ الْبَصْرَةِ يَقُولُ صَدَقَةُ الْفِطْرِ صَاعٌ مِنْ طَعَامٍ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا أَثْبَتُ الثَّلَاثَةِ۔

حضرت ابورجاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے میں نے سنا وہ خطبہ پڑھتے تھے تمہارے منبر پر یعنی بصرے کے منبر پر کہتے تھے صدقہ فطر ایک صاع ہے غلے کا۔

## بَابُ التَّمْرِ فِي زَكَاةِ الْفِطْرِ ۱۲۷

## صدقہ فطر میں کھجور دینا

۲۵۱۵ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ الْوَضَّاحِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ وَهُوَ ابْنُ أُمَيَّةَ عَنِ الْحٰرِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي ذُبَابٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَرْحٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ فَرَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ صَاعًا مِنْ شَعِيرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ أَوْ صَاعًا مِنْ أَقِطٍ۔

حضرت ابوسعید خدری سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر مقرر کیا ایک صاع جو سے یا ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع پنیر سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ١٢٦٩ اَلزَّبِيْبُ

٢٥١- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سَرْحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ زَكَاةَ الْفِطْرِ اِذْ كَانَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِنْ اَقِطٍ

## انگور صدقہ فطر میں دینا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم صدقہ فطر نکالتے تھے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم میں موجود تھے ایک صاع گیہوں کا ایک صاع جو کا یا ایک صاع انگور کا یا ایک صاع پنیر کا۔ ف۱

٢٥- اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ وَكِيْعٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ صَدَقَةَ الْفِطْرِ اِذْ كَانَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ اَقِطٍ فَلَمْ نَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰى قَدِمَ مُعَاوِيَةُ مِنَ الشَّامِ وَكَانَ فِيْمَا عَلَّمَ النَّاسَ اَنَّهُ قَالَ مَا اَرٰى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَاءِ الشَّامِ اِلَّا تَعْدِلُ صَاعًا مِنْ هٰذَا قَالَ فَاَخَذَ النَّاسُ بِذٰلِكَ۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے زکوٰۃ نکالتے تھے ایک صاع گیہوں سے یا ایک صاع کھجور سے یا ایک صاع جو سے یا ایک صاع پنیر سے پھر ہمیشہ ایسے ہی کرتے رہے یہاں تک کہ معاویہ شام سے آئے اور انھوں نے لوگوں کو جو سکھایا اس میں یہ بھی ایک تھا کہ شام کے گیہوں کے دو مد (یعنی نصف صاع کیونکہ صاع کے چار مد ہوتے ہیں) اس کے ایک صاع کے برابر ہیں (جس کو تم نکالتے ہو قیمت میں) اس روز سے لوگوں نے اس پر عمل شروع کیا (گیہوں کا آدھا صاع دینے لگے)

## ١٢٧٠ اَلدَّقِيْقُ

٢٥١- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ قَالَ سَمِعْتُ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُخْبِرُ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمْ نُخْرِجْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِنْ دَقِيْقٍ اَوْ صَاعًا مِنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِنْ سُلْتٍ ثُمَّ شَكَّ سُفْيَانُ فَقَالَ دَقِيْقٍ اَوْ سُلْتٍ۔

## آٹا صدقہ فطر میں دینا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نہیں نکالتے تھے صدقہ فطر میں مگر ایک صاع کھجور کا یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع خشک انگور کا یا ایک صاع آٹے کا یا ایک صاع پنیر کا یا ایک صاع جو کا۔

---

ف۱: طعام کا ترجمہ گیہوں صحیح ہے اس لیے کہ اہل حجاز کی عرف میں طعام گیہوں کو کہتے ہیں اور جمہور علماء جیسے شافعی اور مالک وغیرہم کا یہی قول ہے کہ صدقہ فطر ایک صاع سے کم نہیں ہے اگرچہ گیہوں ہوں یا انگور ہوں اور ابو حنیفہ کے حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۲۷۱ اَلْحِنْطَةُ

۲۵۱۹ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ خَطَبَ بِالْبَصْرَةِ فَقَالَ اَدُّوْا زَكَاةَ صَوْمِكُمْ فَجَعَلَ النَّاسُ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ فَقَالَ مَنْ هٰهُنَا مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قُوْمُوْا اِلٰى اِخْوَانِكُمْ فَعَلِّمُوْهُمْ فَاِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَضَ صَدَقَةَ الْفِطْرِ عَلَى الصَّغِيْرِ وَالْكَبِيْرِ وَالْحُرِّ وَالْعَبْدِ وَالذَّكَرِ وَالْاُنْثٰى نِصْفَ صَاعِ بُرٍّ اَوْ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ شَعِيْرٍ قَالَ الْحَسَنُ فَقَالَ عَلِيٌّ اَمَّا اِذَا اَوْسَعَ اللّٰهُ فَاَوْسِعُوْا اَعْطُوْا صَاعًا مِنْ بُرٍّ اَوْ غَيْرِهٖ۔

## صدقہ فطر میں گیہوں دینا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے خطبہ پڑھا بصرے میں تو کہا ادا کرو زکوٰۃ اپنے روزوں کی لوگ یہ سن کر ایک دوسرے کی طرف دیکھنے لگے (حیران ہو کر روزوں کی زکوٰۃ کیسی) انھوں نے کہا کہ یہاں مدینے والوں میں کون کون ہے۔ اٹھو اور اپنے بھائیوں کو سکھاؤ وہ نہیں جانتے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرض کیا صدقہ فطر کو چھوٹے اور بڑے اور آزاد اور غلام پہ اور مرد اور عورت پر آدھا صاع گیہوں کا۔ یا ایک صاع کھجور کا یا جو کا حسن رضؓ نے کہا حضرت علی رضؓ نے کہا جب اللہ نے تم کو گنجائش دی تو تم بھی گنجائش کرو۔ ایک صاع دو گیہوں کا یا اور چیزوں کا اور نہیں سُنا بصری نے حضرت علی رضؓ سے کچھ بھی۔

## ۱۲۷۲- اَلسُّلْتُ

۲۵۲- اَخْبَرَنَا مُوْسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِيْ رَوَّادٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّاسُ يُخْرِجُوْنَ عَنْ صَدَقَةِ الْفِطْرِ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ تَمْرٍ اَوْ سُلْتٍ اَوْ زَبِيْبٍ۔

## سلت صدقہ فطر میں دینا (سلت ایک قسم کا جو ہے سفید اس کا پوست نہیں ہوتا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے لوگ صدقہ فطر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نکال لیتے تھے ایک صاع جو یا ایک صاع کھجور یا ایک صاع خشک انگور۔

---

## ۱۲۷۳- اَلشَّعِيْرُ

۲۵۲ - اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيَاضٌ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ فِيْ عَهْدِ

## جو صدقہ فطر میں دینا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک صاع جو یا کھجور یا انگور یا پنیر کا نکالتے پھر ایسا ہی کرتے رہے یہاں

کے نزدیک گیہوں اور انگور میں نصف صاع اور باقی چیزوں میں ایک صاع ہے "حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ تَمْرٍ اَوْ زَبِيْبٍ اَوْ اَقِطٍ فَلَمْ نَزَلْ كَذٰلِكَ حَتّٰى كَانَ فِيْ عَهْدِ مُعَاوِيَةَ قَالَ مَا اَرٰى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَاءِ الشَّامِ اِلَّا تَعْدِلُ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ۔

تک کہ معاویہ کا زمانہ ہوا انھوں نے کہا میرے نزدیک شام کے گیہوں کے دو مد (یعنی نصف صاع) جو کے ایک صاع کے برابر ہے۔

## ۱۲۷۴۔ اَلْاَقِطُ

## صدقہ فطر میں پنیر دینا

۲۵۲۲۔ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ اَنَّ عِيَاضَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَهُ اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ فِيْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَاعًا مِنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِنْ اَقِطٍ لَا نُخْرِجُ غَيْرَهٗ۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک صاع کھجور کا نکالتے یا ایک صاع جو کا یا ایک صاع پنیر (صدقہ فطر میں) ان کے سوا اور چیزیں نہ دیتے۔

## ۱۲۷۵۔ كَمِ الصَّاعُ

## صاع کتنا ہوتا ہے۔

۲۵۲۳۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا الْقَاسِمُ وَهُوَ ابْنُ مَالِكٍ عَنِ الْجُعَيْدِ سَمِعْتُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ الصَّاعُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدًّا وَثُلُثًا بِمُدِّكُمُ الْيَوْمَ وَقَدْ زِيْدَ فِيْهِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَحَدَّثَنِيْهِ زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے صاع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تمہارے ایک مد اور تہائی مد کا تھا۔ اب مد زیادہ ہو گیا ہے۔ ف۔

ف: صاع دو ہیں ایک حجازی اور ایک عراقی۔ ہر ایک صاع چار مد کا ہوتا ہے لیکن ابو حنیفہؒ کے نزدیک عراقی مد کا اعتبار ہے اور جمہور علماء کے نزدیک وہی مد معتبر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تھا۔ آپ کے زمانے میں مد ایک رطل اور تہائی رطل کا تھا جس کے تخمیناً اٹھاون تولے چھ ماشے ہوتے اسی حساب سے صاع دو سو چونتیس تولہ کا ہوا یعنی اسی تولہ کے سیر سے چھ تولہ کم تین سیر مگر تین سیر رکھ لو اس لیے کہ کبھی تولہ ۱۱ ماشہ کا ہوتا ہے اور کبھی سیر اسی روپیہ کا اور روپیہ تولے سے کم ہوتا ہے۔ ابو حنیفہؒ کے نزدیک مد دو رطل کا ہوتا ہے تو صاع کے آٹھ رطل ہوئے یعنی چار سیر۔ حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ مد اب بڑھ گیا ہے۔ تمہارے زمانے میں اتنا کہ صاع نبوی ایک مد اور تہائی مد کا ہو گیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۵۱ قَالَ اَبُوْعَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَحَدَّثَنِیْهِ زِیَادُ بْنُ اَیُّوْبَ وَ اَحْمَدُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ حَنْظَلَةَ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمِكْیَالُ مِكْیَالُ اَهْلِ الْمَدِیْنَةِ وَالْوَزْنُ وَزْنُ اَهْلِ مَكَّةَ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ماپ مدینے کا معتبر ہے اور تول مکے والوں کی۔

## بَابُ الْوَقْتِ الَّذِیْ یُسْتَحَبُّ اَنْ تُؤَدّٰی صَدَقَةُ الْفِطْرِ فِیْهِ

## کون سے وقت صدقہ فطر ادا کرنا بہتر ہے۔

۲۵۲ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ بْنِ عِیْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ حَدَّثَنَا مُوْسٰی ح قَالَ وَاَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِیْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَیْلُ قَالَ حَدَّثَنَا مُوْسٰی عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِصَدَقَةِ الْفِطْرِ اَنْ تُؤَدّٰی قَبْلَ خُرُوْجِ النَّاسِ اِلَی الصَّلٰوةِ قَالَ ابْنُ بَزِیْعٍ بِزَكٰوةِ الْفِطْرِ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا صدقہ فطر ادا کرنے کا نماز کو جانے سے پہلے۔

## ۱۲۷ اِخْرَاجُ الزَّكٰوةِ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ

## ایک شہر کی زکوٰۃ دوسرے شہر میں بھیجنا کیسا ہے

۲۵۳ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِیَّا بْنُ اِسْحٰقَ وَكَانَ ثِقَةً عَنْ یَحْیَی بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَیْفِیٍّ عَنْ اَبِیْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اِلَی الْیَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِیْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ اِلٰی شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ افْتَرَضَ عَلَیْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِیْ كُلِّ یَوْمٍ وَلَیْلَةٍ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْكَ فَاَعْلِمْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فَدِ افْتَرَضَ عَلَیْهِمْ صَدَقَةً فِیْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَائِهِمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے معاذ بن جبل کو یمن کی طرف بھیجا اور فرمایا تم جاتے ہو ایک قوم کے پاس جو اہل کتاب ہیں تو بلانا ان کو گواہی دینے اس بات کی کہ کوئی معبود برحق نہیں ہے سوا اللہ کے اور میں اللہ کا رسول ہوں اگر وہ تیرا کہنا مان لیں پھر ان کو بتلا کہ اللہ نے ان پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں ہر دن اور ہر رات میں اگر وہ مان لیں پھر ان کو بتلا کہ اللہ نے ان پر صدقہ فرض کیا ہے ان کے مالوں میں جو لیا جائے گا ان کے مالدار لوگوں سے اور دیا جائے گا ان کے محتاجوں کو ف اگر وہ مان لیں ایسی کو تو بچ ان کے عمدہ مالوں سے اور بچ مظلوم کی بد دعا سے اس لیے کہ مظلوم کی دعا اور اللہ تعالیٰ کے بیچ میں کوئی

ف۔ اس سے معلوم ہوا کہ ہر ملک اور شہر کی زکوٰۃ وہیں کے محتاجوں کو دینا بہتر ہے البتہ دوسرے شہر میں بھیجے اگر وہاں محتاج نہ ہوں یا ان سے بھی زیادہ مستحق ہوں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



تُرَدُّ فِي فُقَرَائِهِمْ فَإِنْ هُمْ أَطَاعُوكَ لِذَلِكَ فَإِيَّاكَ وَكَرَائِمَ أَمْوَالِهِمْ وَاتَّقِ دَعْوَةَ الْمَظْلُومِ فَإِنَّهَا لَيْسَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ حِجَابٌ۔

آڑ نہیں ہے

## ۱۲۷۸ بَابُ إِذَا أَعْطَاهَا غَنِيًّا وَهُوَ لَا يَشْعُرُ

۲۵۲۷ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو الزِّنَادِ مِمَّا حَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْأَعْرَجُ مِمَّا ذَكَرَ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ بِهِ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَالَ رَجُلٌ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ سَارِقٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى سَارِقٍ فَقَالَ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى سَارِقٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ زَانِيَةٍ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلَى زَانِيَةٍ فَقَالَ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ لَأَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِي يَدِ غَنِيٍّ فَأَصْبَحُوا يَتَحَدَّثُونَ تُصُدِّقَ عَلَى غَنِيٍّ قَالَ اللَّهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلَى زَانِيَةٍ وَعَلَى سَارِقٍ وَعَلَى غَنِيٍّ فَأُتِيَ فَقِيلَ لَهُ أَمَّا صَدَقَتُكَ فَقَدْ تُقُبِّلَتْ أَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا أَنْ تَسْتَعِفَّ بِهِ مِنْ زِنَاهَا وَلَعَلَّ السَّارِقَ أَنْ يَسْتَعِفَّ بِهِ عَنْ سَرِقَتِهِ وَلَعَلَّ الْغَنِيَّ أَنْ يَعْتَبِرَ فَيُنْفِقَ مِمَّا أَعْطَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

## جب زکوٰۃ مالدار کو دیدے اور معلوم نہ ہو کہ یہ مالدار ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک شخص نے کہا کہ میں صدقہ دوں گا پھر وہ اپنا صدقہ لے کر نکلا اور ایک چور کے ہاتھ میں رکھ آیا فجر کو لوگ کہنے لگے چور کو صدقہ ملا وہ شخص بولا اللہ تیرا شکر ہے چور کے صدقے پر (یعنی اگرچہ چور کو پہنچا پر میں تیرا شکر کرتا ہوں تو نے مجھ کو صدقے کی توفیق دی) میں اور صدقہ دوں گا پھر وہ اپنا صدقہ لے کر نکلا اور ایک بدکار عورت کے ہاتھ رکھ آیا۔ صبح کو لوگ کہنے لگے رات کو ایک بدکار عورت کو صدقہ ملا وہ شخص بولا یا اللہ تیرا شکر ہے بدکار عورت کے صدقے پر میں اور صدقہ دوں گا پھر وہ صدقہ لے کر نکلا اور ایک مال دار کے ہاتھ رکھ آیا صبح کو لوگ کہنے لگے ایک مالدار کو صدقہ ملا اس شخص نے کہا یا اللہ تیرا شکر ہے بدکار اور چور اور مالدار کی خیرات پر، پھر خواب میں اس سے کہا گیا تیرا صدقہ قبول ہوگیا۔ بدکار کا اس لیے کہ شاید وہ بدکاری سے بچے اور چور کا اس لیے کہ شاید وہ چوری سے بچے۔ اور مالدار کا اس لیے کہ شاید وہ سوچے اور شرماوے اور خرچ کرے اس مال میں سے جو اللہ نے اس کو دیا ہے ف

## ۱۲۷۹ بَابُ الصَّدَقَةِ مِنَ الْغُلُولِ

۲۵۲۸- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّارِعُ قَالَ

## چوری کے مال میں سے صدقہ دینا

حضرت ابوالملیح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے

ف: معلوم ہوا کہ صدقے اور خیرات کا ثواب کسی طرح ضائع نہیں ہوتا اگرچہ ناواقفی سے غیر مستحق ''حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں''

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ وَأَنْبَأَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ وَهُوَ ابْنُ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ وَاللَّفْظُ لِبِشْرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْمَلِيحِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَا يَقْبَلُ صَلَاةً بِغَيْرِ طُهُورٍ وَلَا صَدَقَةً مِنْ غُلُولٍ.

سنا اپنے باپ سے انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے اللہ جل جلالہٗ نہیں قبول کرتا نماز بغیر طہارت کے اور نہ صدقہ چوری کے مال میں سے۔

---

۲۵۲۹ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَصَدَّقَ أَحَدٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ طَيِّبٍ وَلَا يَقْبَلُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا الطَّيِّبَ إِلَّا أَخَذَهَا الرَّحْمَنُ عَزَّ وَجَلَّ بِيَمِينِهِ وَإِنْ كَانَتْ تَمْرَةً فَتَرْبُو فِي كَفِّ الرَّحْمَنِ حَتَّى تَكُونَ أَعْظَمَ مِنَ الْجَبَلِ كَمَا يُرَبِّي أَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ أَوْ فَصِيلَهُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی صدقہ دیوے حلال میں سے اور اللہ نہیں قبول کرتا مگر حلال مال کو تو پروردگار اس کو اپنے داہنے ہاتھ میں لیتا ہے اگرچہ ایک ہی کھجور ہو پھر وہ بڑھتا ہے اس کی ہتھیلی میں یہاں تک کہ پہاڑ سے بڑا ہو جاتا ہے جیسے کوئی تم میں سے اپنے بچھیرے کو پالتا ہے۔ ف

---

## ۱۲۸۰۔ جُهْدُ الْمُقِلِّ

## کم مال والا کوشش کر کے صدقہ دے تو اس کا ثواب

۲۵۳۰۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ حَجَّاجٍ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عُثْمَانُ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيٍّ الْأَزْدِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ حُبْشِيٍّ الْخَثْعَمِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ إِيمَانٌ لَا شَكَّ فِيهِ وَجِهَادٌ لَا غُلُولَ فِيهِ وَحَجَّةٌ مَبْرُورَةٌ قِيلَ فَأَيُّ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ قَالَ طُولُ الْقُنُوتِ قِيلَ فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ قِيلَ فَأَيُّ الْهِجْرَةِ أَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قِيلَ فَأَيُّ

حضرت عبد اللہ بن حبشی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کون سا کام افضل ہے آپ نے فرمایا ایمان جس میں کسی طرح کا شک نہ ہو اور جہاد جس میں چوری نہ ہو غنیمت کے مال کی اور حج مبرور (یعنی جس میں گناہ نہ ہو۔ پھر پوچھا گیا کون سی نماز افضل ہے آپ نے فرمایا جس میں قیام دیر تک ہو پھر پوچھا گیا کون سا صدقہ افضل ہے آپ نے فرمایا جو کم مال والا (غریب) محنت اٹھا کر دیوے۔ پھر پوچھا گیا کونسی ہجرت افضل ہے آپ نے فرمایا جو چھوڑ دے حرام کاموں کو پھر پوچھا گیا کونسا جہاد افضل

---

کو دیوے بشرطیکہ نیت خالص ہو اور چور بچے گا چوری سے بسبب اس مال کے اور غنی نصیحت پکڑے گا اور خرچ کرے گا اس مال سے جو دیا اس کو اللہ جل جلالہٗ نے۔ " حاشیہ صفحہ سابقہ "

ف: یعنی اگر حلال مال تھوڑا سا بھی خدا کی راہ میں دے تو اس کا ثواب بہت ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَالِهٖ وَنَفْسِهٖ قِيْلَ فَاَيُّ الْقَتْلِ اَشْرَفُ قَالَ مَنْ اُهْرِيْقَ دَمُهٗ وَعُقِرَ جَوَادُهٗ۔

ہے فرمایا جو شخص جہاد کرے مشرکوں سے اپنے مال اور جان کو صرف کر کے پھر پوچھا گیا کونسا مارا جانا افضل ہے فرمایا جس کا خون بہایا گیا اور اس کا گھوڑا مارا گیا۔

۲۵۳۱- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ وَالْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَبَقَ دِرْهَمٌ مِائَةَ اَلْفِ دِرْهَمٍ قَالُوْا وَكَيْفَ قَالَ كَانَ لِرَجُلٍ دِرْهَمَانِ تَصَدَّقَ بِاَحَدِهِمَا وَانْطَلَقَ رَجُلٌ اِلٰى عُرْضِ مَالِهٖ فَاَخَذَ مِنْهُ مِائَةَ اَلْفِ دِرْهَمٍ فَتَصَدَّقَ بِهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک درم لاکھ درم سے زیادہ ہے لوگوں نے کہا کیسے آپ نے فرمایا ایک شخص کے دو درم ہوں اور وہ ایک درم صدقہ دے (تو یہ ایک درم بہتر ہے) اور ایک شخص اپنے مال کے ایک طرف جائے اور لاکھ درم نکالے اور صدقہ دے یعنی مال دار آدمی کے لاکھ درم کے برابر محتاج کا ایک درم ہے۔

۲۵۳۲- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَقَ دِرْهَمٌ مِائَةَ اَلْفٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ قَالَ رَجُلٌ لَهٗ دِرْهَمَانِ فَاَخَذَ اَحَدَهُمَا فَتَصَدَّقَ بِهٖ وَرَجُلٌ لَهٗ مَالٌ كَثِيْرٌ فَاَخَذَ مِنْ عُرْضِ مَالِهٖ مِائَةَ اَلْفٍ فَتَصَدَّقَ بِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک درم لاکھ درم سے بڑھ گیا لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیونکر آپ نے فرمایا ایک شخص کے پاس دو درم تھے اس نے ایک درم لے کر صدقہ دیا اور ایک شخص کے پاس بہت مال تھا اس نے اپنے مال کے ایک حصہ میں سے لاکھ درم اٹھائے اور صدقہ دیئے (تو اس کے لاکھ درم سے اس کا ایک درم بہتر ہے۔

۲۵۳۳- اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ اَنْبَاَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ الْحُسَيْنِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا بِالصَّدَقَةِ فَمَا يَجِدُ اَحَدُنَا شَيْئًا يَتَصَدَّقُ بِهٖ حَتّٰى يَنْطَلِقَ اِلَى السُّوْقِ فَيَحْمِلَ عَلٰى ظَهْرِهٖ فَيَجِيْءَ بِالْمُدِّ فَيُعْطِيَهٗ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَعْرِفُ الْيَوْمَ رَجُلًا لَهٗ مِائَةُ اَلْفٍ مَا كَانَ لَهٗ يَوْمَئِذٍ دِرْهَمٌ۔

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو صدقہ کا حکم کرتے اور ہمارے پاس کچھ نہ ہوتا جو صدقہ دیں تو ہم میں سے کوئی بازار میں جاتا۔ اور بوجھ اٹھاتا پھر ایک مد کھانا لاتا (مزدوری کر کے) اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیتا۔ ابومسعود نے کہا میں ایک شخص کو جانتا ہوں جس کے پاس اب ایک لاکھ درم ہیں اور اس وقت ایک درم نہ تھا۔

۲۵۳۴- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَمَّا اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّدَقَةِ فَتَصَدَّقَ اَبُوْ عَقِيْلٍ بِنِصْفِ صَاعٍ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب ہم کو صدقے کا حکم کیا تو ابوعقیل نصف صاع لیکر آئے اور ایک شخص زیادہ لے کر آیا منافقوں نے کہا اس کے (یعنی ابوعقیل) کے صدقے سے تو اللہ غنی

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَجَاءَ إِنْسَانٌ بِشَيْءٍ أَكْثَرَ مِنْهُ فَقَالَ الْمُنَافِقُونَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ لَغَنِيٌّ عَنْ صَدَقَةِ هٰذَا وَمَا فَعَلَ هٰذَا الْآخَرُ إِلَّا رِيَاءً فَنَزَلَتِ الَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقَاتِ وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ إِلَّا جُهْدَهُمْ۔

ہے یعنی تھوڑے صدقے کی اس کو کیا پرواہ ہے) اور دوسرے نے لوگوں کو دکھلانے کیلئے صدقہ دیا ہے تب یہ آیت پڑھی: اَلَّذِیْنَ یَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِیْنَ اخیر تک، یعنی جو لوگ طعن کرتے ہیں دل کھول کر خیرات دینے والے مسلمانوں پر اور ان پر جو نہیں رکھتے مگر اپنی محنت اور مزدوری پھر ان پر ٹھٹھے کرتے ہیں اللہ نے ان سے ٹھٹھہ کیا اور ان کو دکھ کی مار کی۔ ف ۱

---

## ۱۲۸۱ اَلْيَدُ الْعُلْيَا

۲۵۲ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِيْ سَعِيْدٌ وَعُرْوَةُ سَمِعَا حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ يَقُوْلُ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيْبِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

## اوپر والا ہاتھ (یعنی دینے والا) کیسا ہے؟

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ نے مجھے دیا پھر مانگا پھر آپ نے دیا پھر فرمایا مال سر سبز اور شیریں ہے جو شخص اس کو خوشی سے لے گا اس کو برکت ہو گی اور جو شخص حرص سے لے گا (یعنی اس کا انتظار کر کے طمع سے) اس کو برکت نہ ہو گی وہ اس کی طرح ہو گا جو کھاتا ہے لیکن اس کا پیٹ نہیں بھرتا۔ اور اوپر والا ہاتھ (دینے والا) نیچے کے ہاتھ (لینے والے) سے بہتر ہے۔ ف ۲۔

## ۱۲۸۲ بَابُ أَيَّتُهُمَا الْيَدُ الْعُلْيَا؟

۲۵۳۶ أَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى قَالَ أَنْبَأَنَا

## اوپر والا ہاتھ کونسا ہے؟

حضرت طارق محاربی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم مدینے

---

ف ۱: وہ دوسرے شخص عبدالرحمن بن عوف تھے جو چار ہزار درم لے کر آئے تھے کافروں نے کہا انھوں نے ریا کے لیے دیا ہے)

ف ۲: بخاری میں حضرت نے جب یہ حدیث فرمائی تو میں نے کہا قسم ہے اس کی جس نے آپ کو پیغمبر کیا میں زندگی بھر کبھی کسی سے کچھ نہ مانگوں گا چنانچہ حکیم نے اپنا حصہ بیت المال سے بھی نہ لیا ابو بکر اور عمر اپنی اپنی خلافت میں انکو بلاتے حصہ لینے کو اور وہ نہ لیتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زِيَادِ ابْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ طَارِقٍ الْمُحَارِبِيِّ قَالَ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ النَّاسَ وَهُوَ يَقُولُ يَدُ الْمُعْطِي الْعُلْيَا وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ أُمَّكَ وَأَبَاكَ وَأُخْتَكَ وَأَخَاكَ ثُمَّ أَدْنَاكَ أَدْنَاكَ مُخْتَصَرٌ۔

ہیں آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر کھڑے ہوئے خطبہ پڑھ رہے تھے آپ فرماتے تھے دینے والے کا ہاتھ اوپر ہے اور شروع کر صدقہ ان لوگوں سے جن کی روٹی تجھ پر ہے ان کی اور باپ کی اور بہن کی اور بھائی کی پھر اسی طرح اور رشتے والے کی اور نزدیک کی (یہ حدیث مختصر ہے بڑی حدیث سے)

---

## بَابُ ۱۲۸۳ الْيَدُ السُّفْلَى

## نیچے والا ہاتھ

۲۵۳۷۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَهُوَ يَذْكُرُ الصَّدَقَةَ وَالتَّعَفُّفَ عَنِ الْمَسْأَلَةِ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَالْيَدُ الْعُلْيَا الْمُنْفِقَةُ وَالْيَدُ السُّفْلَى السَّائِلَةُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صدقے کا ذکر کرتے تھے اور سوال سے بچنے کا تو فرمایا اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور اوپر والا ہاتھ وہ ہے جو خرچ کرے اور نیچے والا ہاتھ وہ ہے جو مانگے۔

## بَابُ ۱۲۸۴ الصَّدَقَةُ عَنْ ظَهْرِ غِنًى

## ایسا صدقہ دینا کہ آدمی مالدار رہے بہتر ہے!

۲۵۳۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا بَكْرٌ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُولُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جو آدمی اس کے بعد مالدار رہے (یعنی سب مال نہ ڈبوئے بلکہ بقدر اپنی حاجت کے رکھ لے تاکہ خود اس کو مانگنا نہ پڑے) اور بلند ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے اور شروع کر اس سے جس کی پرورش تجھ پر ہے۔

---

## بَابُ ۱۲۸۵ تَفْسِيرُ ذَلِكَ

## اس حدیث کی تفسیر

۲۵۳۹۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَصَدَّقُوا فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ عِنْدِي دِينَارٌ قَالَ تَصَدَّقْ بِهِ عَلَى نَفْسِكَ قَالَ عِنْدِي آخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ دو ایک شخص بولا یا رسول اللہ! میرے پاس ایک اشرفی ہے۔ آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنے اوپر (یعنی اپنے کاموں میں صرف کر) وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنے لڑکے پر وہ بولا ایک اور ہے آپ نے فرمایا صدقہ کر اپنے خدمت گار پر وہ بولا ایک اور ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



ی زَوْجَتِكَ قَالَ عِنْدِي اٰخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى
كَ قَالَ عِنْدِي اٰخَرُ قَالَ تَصَدَّقْ بِهٖ عَلٰى خَادِمِكَ
عِنْدِي اٰخَرُ قَالَ اَنْتَ اَبْصَرُ ۔

آپ نے فرمایا اب تو خود سمجھ لے (یعنی جو مستحق ہو اس کو دے)

## بَابُ ۱۲۸۶ اِذَا تَصَدَّقَ وَهُوَ مُحْتَاجٌ اِلَيْهِ هَلْ يُرَدُّ عَلَيْهِ

۲۵۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى
حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ عِيَاضٍ عَنْ اَبِي
يْدٍ اَنَّ رَجُلًا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ
وْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ
صَلِّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَاءَ الْجُمُعَةَ الثَّانِيَةَ
بِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ
اءَ الْجُمُعَةَ الثَّالِثَةَ فَقَالَ صَلِّ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ
قُوْا فَتَصَدَّقُوْا فَاَعْطَاهُ ثَوْبَيْنِ ثُمَّ قَالَ تَصَدَّقُوْا
حَ اَحَدَ ثَوْبَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
لَّمَ اَلَمْ تَرَوْا اِلٰى هٰذَا اِنَّهُ دَخَلَ الْمَسْجِدَ
ئَةٍ بَذَّةٍ فَرَجَوْتُ اَنْ تَفْطُنُوْا لَهُ فَتَصَدَّقُوْا
لَمْ تَفْعَلُوْا فَقُلْتُ تَصَدَّقُوْا فَتَصَدَّقْتُمْ
طَيْتُهُ ثَوْبَيْنِ ثُمَّ قُلْتُ تَصَدَّقُوْا فَطَرَحَ اَحَدَ
يْهِ خُذْ ثَوْبَكَ وَانْتَهَرَهُ

## اگر کوئی شخص صدقہ دیوے اور خود محتاج ہو تو صدقہ اس کا پھیر دیا جائے

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص مسجد میں جمعے کے روز آیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خطبہ پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا دو رکعتیں پڑھ پھر وہ دوسرے جمعے میں آیا اور آپ خطبہ پڑھ رہے تھے آپ نے فرمایا دو رکعتیں پڑھ پھر فرمایا صدقہ دو لوگوں نے صدقہ دیا آپ نے اس شخص کو دو کپڑے دیئے پھر آپ نے لوگوں سے فرمایا صدقہ دو اس شخص نے ایک کپڑا نکال کر ڈال دیا اُن دو کپڑوں سے جو ابھی آپ نے اسکو دیئے تھے؛ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم نہیں دیکھتے اس شخص کو یہ مسجد میں آیا پھٹے حال سے تو میں سمجھا تم اس کا حال دیکھ کر پہچان لوگے اور اس کو صدقہ دوگے لیکن تم نے نہ دیا تو میں نے ہی کہا صدقہ دو جب تم نے صدقہ دیا تو میں نے اس کو دو کپڑے دیئے پہننے کو پھر میں نے کہا صدقہ دو تو اس نے ایک کپڑا نکال کر ڈالا لے اپنا کپڑا اٹھا اور جھڑکا آپ نے اس کو ف

## بَابُ ۱۲۸۷ صَدَقَةِ الْعَبْدِ

۲۵۱ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ عَنْ
يدَ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَيْرًا مَوْلٰى اَبِي
حْمِ قَالَ اَمَرَنِي مَوْلَايَ اَنْ اُقَدِّدَ لَحْمًا فَجَاءَ
كِيْنٌ فَاَطْعَمْتُهُ مِنْهُ فَعَلِمَ بِذٰلِكَ مَوْلَايَ فَضَرَبَنِي

## غلام صدقہ دیوے

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو غلام تھا ابی اللحم کا مجھ کو میرے مالک نے حکم کیا گوشت بھوننے کا اتنے میں ایک مسکین آیا میں نے اس کو تھوڑا سا گوشت کھلایا جب مالک کو یہ خبر ہوئی تو اس نے مجھ کو مارا۔ میں رسول اللہ صلے

ف: اس وجہ سے کہ وہ خود محتاج تھا اس کے پاس کپڑے نہ تھے پھر اس کو صدقہ دینا بے جا تھا کیونکہ پہلے اپنی ضرورت رفع [کرنا] ضرور ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَعَاهُ فَقَالَ لِمَ ضَرَبْتَهُ فَقَالَ يُطْعِمُ طَعَامِي بِغَيْرِ أَنْ آمُرَهُ وَقَالَ مَرَّةً أُخْرَى بِغَيْرِ أَمْرِي قَالَ الْأَجْرُ بَيْنَكُمَا۔

اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا آپ نے میرے مالک کو بلا بھیجا اور پوچھا تو نے کیوں مارا اس کو وہ بولا میرا کھانا لوگوں کو کھلا دیتا ہے بغیر میرے پوچھے یا بغیر میرے حکم کے' آپ نے فرمایا ثواب اسکا تم دونوں کو ملے گا یعنی جب غلام مالک کے مال میں سے یا جورو خاوند کے مال میں سے صدقہ دیوے تو ثواب غلام اور مالک اور جورو اور خاوند دونوں کو ملے گا۔

۲۵۴۲- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي بُرْدَةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ قِيلَ أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَجِدْهَا قَالَ يَعْتَمِلُ بِيَدِهِ فَيَنْفَعُ نَفْسَهُ وَيَتَصَدَّقُ قِيلَ أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يُعِينُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوفَ قِيلَ فَإِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يَأْمُرُ بِالْخَيْرِ قِيلَ أَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يُمْسِكُ عَنِ الشَّرِّ فَإِنَّهَا صَدَقَةٌ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مسلمان پر صدقہ ہے لوگوں نے کہا یا رسول اللہؐ اگر نہ پاوے (یعنی مقدور نہ ہو) آپ نے فرمایا اپنے ہاتھوں سے محنت کرے پھر اپنے تئیں فائدہ پہنچاوے یہ بھی صدقہ ہے اپنے نفس پر) لوگوں نے کہا یا رسول اللہؐ اگر ایسا بھی نہ کرے آپ نے فرمایا مدد کرے محتاج پریشان کی۔ لوگوں نے کہا اگر ایسا بھی نہ کرے۔ آپ نے فرمایا حکم کرے نیک باتوں کا لوگوں نے کہا اگر یہ بھی نہ کرے فرمایا باز رہے برائیوں سے یہ بھی ایک صدقہ ہے۔

## باب ۱۲۸۸ صَدَقَةِ الْمَرْأَةِ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا

## عورت اپنے خاوند کے مال سے صدقہ دیوے

۲۵۴۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْأَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا كَانَ لَهَا أَجْرٌ وَلِلزَّوْجِ مِثْلُ ذَلِكَ وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذَلِكَ وَلَا يَنْقُصُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ أَجْرِ صَاحِبِهِ شَيْئًا لِلزَّوْجِ بِمَا كَسَبَ وَلَهَا بِمَا أَنْفَقَتْ۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب جورو خاوند کے مال میں سے صدقہ دیوے تو اس کو ثواب ملے گا اور اتنا ہی ثواب اس کے خاوند کو ملے گا اور اتنا ہی ثواب تحویلدار کو ملے گا اور کوئی ان میں سے دوسرے کا ثواب کم نہ کرے گا خاوند کو کمانے کی وجہ سے اور عورت کو خرچ کرنے کی وجہ سے ثواب ملے گا۔

## باب ۱۲۸۹ عَطِيَّةِ الْمَرْأَةِ بِغَيْرِ إِذْنِ زَوْجِهَا

## عورت بغیر اجازت خاوند کے نہ دیوے

۲۵۴۴- أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلعم نے مکہ کو فتح کیا تو خطبہ کے لیے کھڑے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ قَامَ خَطِيْبًا فَقَالَ فِيْ خُطْبَتِهِ لَا يَجُوْزُ لِامْرَاَةٍ عَطِيَّةٌ اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا - مُخْتَصَرٌ

ہوئے اور فرمایا خطبہ میں عورت کو صدقہ دینا جائز نہیں ہے مگر اپنے خاوند کی اجازت سے

## بَابُ ۱۲۹۰ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

## صدقے کی فضیلت

۲۵۴۵ - اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ اَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْتَمَعْنَ عِنْدَهُ فَقُلْنَ اَيَّتُنَا بِكَ اَسْرَعُ لُحُوْقًا فَقَالَ اَطْوَلُكُنَّ يَدًا فَاَخَذْنَ قَصَبَةً فَجَعَلْنَ يَذْرَعْنَهَا فَكَانَتْ سَوْدَةُ اَسْرَعَهُنَّ بِهِ لُحُوْقًا فَكَانَتْ اَطْوَلَهُنَّ يَدًا فَكَانَ ذٰلِكَ مِنْ كَثْرَةِ الصَّدَقَةِ -

ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بیویاں آپ کے پاس اکٹھی ہوئیں ہم نے کہا کونسی بیوی آپ سے جلد ملے گی آپ نے فرمایا جو تم میں سے لمبے ہاتھ والی ہے (یعنی بہت سخی ہے) انھوں نے ایک لکڑی لی اور ہاتھ ناپنے لگیں (وہ سمجھیں کہ مراد آپ کی یہی ہے جس کا ہاتھ لمبا ہو) تو سب سے جلدی (حضرت کی بیویوں میں) سودہؓ آپ سے ملیں (یعنی ان کی وفات سب بیویوں سے پہلے ہوئی وہ سب میں لمبے ہاتھ والی تھیں یعنی صدقہ بہت دیتی تھیں لیکن دوسری روایتوں میں ہے کہ سب بیویوں میں پہلے آں حضرتؐ کی بیوی حضرت زینب کا انتقال ہوا اور وہ سب میں زیادہ سخی تھیں اور یہی صحیح ہے۔

## بَابُ ۱۲۹۱ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ

## کون سا صدقہ افضل ہے؟

۲۵۴۶ اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ اَنْ تَصَدَّقَ وَاَنْتَ صَحِيْحٌ شَحِيْحٌ تَاْمُلُ الْعَيْشَ وَتَخْشَى الْفَقْرَ -

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے کہا یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کونسا صدقہ بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا تیرا صدقہ دینا اس وقت جب تو تندرست ہو مال کی حرص رکھتا ہو عیش کی آرزو رکھتا ہو محتاجی سے ڈرتا ہو۔ ف

۲۵۴۷ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ اَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ حَدَّثَهُ قَالَ قَالَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جس کے بعد آدمی مالدار رہے اور اوپر والا ہاتھ بہتر ہے نیچے والے ہاتھ سے اور شروع

ف: اور نہیں تو بیماری میں یا مرتے وقت جب سب آرزوئیں پوری ہو جاتی ہیں سب ہی صدقہ دیتے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَۃِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی وَالْیَدُ الْعُلْیَا خَیْرٌ مِّنَ الْیَدِ السُّفْلٰی وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ

کہ صدقہ ان سے جن کی پرورش تجھ پر ہے۔

۲۵۴۸۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ وَھْبٍ قَالَ اَنْبَاَنَا یُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِھَابٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ الْمُسَیَّبِ اَنَّہٗ سَمِعَ اَبَا ھُرَیْرَۃَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ الصَّدَقَۃِ مَا کَانَ عَنْ ظَھْرِ غِنًی وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مرد صرف کرے اپنی بیوی پر ثواب کے واسطے (یعنی خدا کے حکم کو بجالانے کی نیت سے) تو اس کو صدقہ کا ثواب حاصل ہوگا۔

۲۵۴۹۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَدِیِّ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ یَزِیْدَ الْاَنْصَارِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَنْفَقَ الرَّجُلُ عَلٰی اَھْلِہٖ وَھُوَ یَحْتَسِبُھَا کَانَتْ لَہٗ صَدَقَۃً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہتر صدقہ وہ ہے جس کے بعد آدمی مالدار رہے اور شروع کر صدقہ اس سے جس کی پرورش تجھ پر ہے

۲۵۵۰۔ اَخْبَرَنَا قُتَیْبَۃُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَعْتَقَ رَجُلٌ مِّنْ بَنِیْ عُذْرَۃَ عَبْدًا لَّہٗ عَنْ دُبُرٍ فَبَلَغَ ذٰلِکَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَکَ مَالٌ غَیْرُہٗ قَالَ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ یَّشْتَرِیْہِ مِنِّیْ فَاشْتَرَاہُ نُعَیْمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الْعَدَوِیُّ بِثَمَانِمِائَۃِ دِرْھَمٍ فَجَاءَ بِھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَدَفَعَھَا اِلَیْہِ ثُمَّ قَالَ ابْدَأْ بِنَفْسِکَ فَتَصَدَّقْ عَلَیْھَا فَاِنْ فَضَلَ شَیْءٌ فَلِاَھْلِکَ فَاِنْ فَضَلَ شَیْءٌ عَنْ اَھْلِکَ فَلِذِیْ قَرَابَتِکَ فَاِنْ فَضَلَ عَنْ ذِیْ قَرَابَتِکَ شَیْءٌ فَھٰکَذَا وَھٰکَذَا یَقُوْلُ بَیْنَ یَدَیْکَ وَعَنْ یَّمِیْنِکَ وَعَنْ شِمَالِکَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے بنی عذرہ میں سے اپنے غلام کو آزاد کیا اپنے مرنے کے بعد۔ یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی۔ آپ نے فرمایا تیرے پاس اور کچھ مال ہے سوا اس غلام کے۔ وہ بولا نہیں۔ آپ نے فرمایا کون خریدتا ہے اس غلام کو نعیم بن عبداللہ نے آٹھ سو درہموں کو وہ غلام خریدا۔ آپ ان درہموں کو اس شخص کے پاس لائے دینے کو (جس کا غلام تھا) پھر فرمایا شروع کر اپنی ذات سے پہلے اس پر صدقہ کر (یعنی اپنے نفس کو آرام دے) اگر اس سے کچھ بچے تو اپنی بیوی کو دے اگر اس سے کچھ بچے تو اپنے ناتے والے کو دے اگر اس سے کچھ بچے تو اس طرح اور اس طرح یعنی سامنے سے اور داہنی طرف سے اور بائیں طرف سے (فقیروں کو دے)

## باب ۱۲۹۲ صَدَقَۃِ الْبَخِیْلِ

## بخیل کے صدقے کا بیان

۲۵۵۱۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خرچ کرنے والے خیرات کرنے والے

www.sirat-e-mustaqeem.com



طَاوُسٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ ثُمَّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مَثَلَ الْمُنْفِقِ الْمُتَصَدِّقِ وَالْبَخِيْلِ كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ اَوْ جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ مِنْ لَدُنْ ثُدِيِّهِمَا اِلٰى تَرَاقِيْهِمَا فَاِذَا اَرَادَ الْمُنْفِقُ اَنْ يُنْفِقَ اتَّسَعَتْ عَلَيْهِ الدِّرْعُ اَوْ مَرَّتْ حَتّٰى تُجِنَّ بَنَانَهُ وَتَعْفُوَ اَثَرَهُ وَاِذَا اَرَادَ الْبَخِيْلُ اَنْ يُنْفِقَ قَلَصَتْ وَلَزِمَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَوْضِعَهَا حَتّٰى اِذَا اَخَذَتْهُ بِتَرْقُوَتِهٖ اَوْ بِرَقَبَتِهٖ يَقُوْلُ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَشْهَدُ اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوَسِّعُهَا فَلَا تَتَّسِعُ قَالَ طَاوُسٌ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُشِيْرُ بِيَدِهٖ وَهُوَ يُوَسِّعُهَا وَلَا تَتَوَسَّعُ۔

کی اور بخیل کی مثال ایسی ہے جیسے دو مردوں کی جن پر دو کرتے ہوں یا دو زرہیں ہوں لوہے کی چھاتی سے لے کر ہنسلی تک۔ اب خرچنے والا (سخی) جب خرچنا چاہے تو اس کی زرہ کشادہ ہو جاتی ہے اور چلی جاتی ہے یہاں تک کہ اس کے پوروں کو ڈھانپ لیتی ہے پھر اس کے چلنے کا نشان مٹ جاتا ہے بوجہ اس کے ڈھیلے ہونے کے یعنی زمین پر اس کے قدم کا نشان نہیں رہتا) اور بخیل جب خرچنے کا قصد کرتا ہے تو وہ زرہ سمٹ جاتی ہے اور ہر ایک چھلہ اس کے دوسرے چھلے کو پکڑ لیتا ہے یہاں تک کہ اس کی ہنسلی یا گردن پکڑ لیتی ہے۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں گواہ ہوں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اس کو کشادہ کرتے تھے وہ کشادہ نہ ہوتی تھی۔ طاؤس نے کہا میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا دونوں ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے کشادہ کرنے کے لیے وہ کشادہ نہ ہوتی تھی۔ ف

۲۵۵۲۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ مَثَلُ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُنَّتَانِ مِنْ حَدِيْدٍ قَدِ اضْطَرَّتْ اَيْدِيَهُمَا اِلٰى تَرَاقِيْهِمَا فَكُلَّمَا هَمَّ الْمُتَصَدِّقُ بِصَدَقَةٍ اتَّسَعَتْ عَلَيْهِ حَتّٰى تُعَفِّيَ اَثَرَهُ وَكُلَّمَا هَمَّ الْبَخِيْلُ بِصَدَقَةٍ تَقَبَّضَتْ كُلُّ حَلْقَةٍ اِلٰى صَاحِبَتِهَا وَتَقَلَّصَتْ عَلَيْهِ وَانْضَمَّتْ يَدَاهُ اِلٰى تَرَاقِيْهِ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ فَيَجْتَهِدُ اَنْ يُوَسِّعَهَا فَلَا تَتَّسِعُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مثال بخیل کی اور صدقہ دینے والے کی (یعنی سخی کی) ان دو شخصوں کی سی ہے جو لوہے کے دو جبے پہنے ہوں اور ان کے ہاتھ چمٹائے گئے ہوں ہنسلی سے تو جب صدقہ دینے والا قصد کرتا ہے صدقہ دینے کا وہ جبہ کشادہ ہو جاتا ہے یہاں تک کہ اس کے پاؤں کا نشان مٹاتا ہے (بوجہ کشادہ ہونے کے اور زمین پر اس کے لٹکنے کے) اور جب بخیل قصد کرتا ہے صدقے کا تو ہر ایک حلقہ اس کا دوسرے سے پیوست ہو جاتا ہے اور جبہ سمٹ جاتا ہے اور دونوں ہاتھوں کو ہنسلی پر جوڑ دیتا ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے وہ کوشش کرتا ہے کشادہ کرنے کی لیکن کشادہ نہیں ہوتا۔

ف: اس حدیث کے الفاظ اور معانی میں اور ترتیب میں راویوں کا بہت اختلاف ہوا ہے یہاں تک کہ بعض روایتوں میں بوجہ تقدیم اور تاخیر اور تحریف الفاظ کے مطلب بگڑ گیا ہے مگر جو روایت اوپر مذکور ہوئی ہے قریب صواب کے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ١٢٩٣ اَلْاِحْصَاءِ فِي الصَّدَقَةِ

## بغیر گننے کے (بے حساب) صدقہ دینا

٢٥٥٣- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِي هِلَالٍ عَنْ اُمَيَّةَ بْنِ هِنْدٍ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ كُنَّا يَوْمًا فِي الْمَسْجِدِ جُلُوسًا وَنَفَرٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ فَاَرْسَلْنَا رَجُلًا اِلَى عَائِشَةَ لِيَسْتَاْذِنَ فَدَخَلْنَا عَلَيْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ سَائِلٌ مَرَّةً وَعِنْدِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرْتُ لَهُ بِشَيْءٍ ثُمَّ دَعَوْتُ بِهِ فَنَظَرْتُ اِلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا تُرِيْدِيْنَ اَنْ لَا يَدْخُلَ بَيْتَكِ شَيْءٌ وَلَا يَخْرُجَ اِلَّا بِعِلْمِكِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مَهْلًا يَا عَائِشَةُ لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكِ۔

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم ایک روز مسجد میں بیٹھے تھے اور کئی مہاجر اور انصار بیٹھے تھے ایک شخص کو ہم نے بھیجا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس اجازت چاہنے کو پھر ہم گئے ان کے پاس انھوں نے کہا ایک بار ایک فقیر میرے پاس آیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے میں نے حکم کیا اس کو کچھ دینے کا پھر میں نے منگوا کر اس کو دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو چاہتی ہے تیرے گھر میں کچھ نہ آوے نہ جاوے بغیر تیرے جانے ہوئے میں نے کہا ہاں آپ نے فرمایا چھوڑ اسے عائشہ مت گن پھر اللہ بھی تجھے گن کر دے گا (یعنی بے حساب آمدنی گھٹ جائے گی)۔

---

٢٥٥٤- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكِ۔

اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا مت گن نہیں تو اللہ بھی تجھے گن کر دے گا۔

---

٢٥٥٥- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ حَجَّاجٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ اَنَّهَا جَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَيْسَ لِي شَيْءٌ اِلَّا مَا اَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ فِي اَنْ اَرْضَخَ مِمَّا يُدْخِلُ عَلَيَّ

اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور کہنے لگیں اے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس کچھ نہیں ہے مگر جو (زبیر (ان کے خاوند) مجھے دیتے ہیں (کھانے کو یا خرچ کرنے کو) کیا مجھے گناہ ہوگا اگر میں اس سے کچھ دیا کروں (فقیروں کو اور محتاجوں کو) آپ نے فرمایا دیا کر جہاں تک تجھ سے ہو سکے

---

اور حاصل اس کا یہ ہے کہ سخی خرچ کرنے میں خوش رہتا ہے اور دل اسکا کشادہ ہوتا ہے اور نشان مٹنے سے یہ غرض ہے کہ مال کا نقصان صدقے سے مٹ جاتا ہے اور وہ مال بڑھ کر ویسا ہی یا اس سے بھی زیادہ ہو جاتا ہے برخلاف بخیل کے وہ خرچ کرنے میں دل تنگ ہوتا ہے بقول شخصے کہ چمڑی جائے پر دمڑی نہ جائے۔ "در حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقَالَ ارْضَخِي مَا اسْتَطَعْتِ وَلَا تُوكِي فَيُوكِيَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكِ ۔

اور مت جھڑک (یعنی مت روک) نہیں تو اللہ بھی روک رکھے گا تجھ پر۔

## بَابُ ۱۲۹۴ الْقَلِيلُ فِي الصَّدَقَةِ

## تھوڑے صدقے کا بیان

۲۵۵۶- أَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ خَالِدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُحِلِّ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ ۔

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بچو تم جہنم سے صدقہ دے کر اگرچہ کھجور کا ایک ہی ٹکڑا ہو۔

۲۵۵۷- أَنْبَأَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَنَّ عَمْرَو بْنَ مُرَّةَ حَدَّثَهُمْ عَنْ خَيْثَمَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ ذَكَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّارَ فَأَشَاحَ بِوَجْهِهِ وَتَعَوَّذَ مِنْهَا ذَكَرَ شُعْبَةُ أَنَّهُ فَعَلَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ التَّمْرَةِ فَإِنْ لَمْ تَجِدُوا فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جہنم کا ذکر کیا تو اپنے منہ کو سرکایا (ہم سمجھے کہ آپ جہنم کو دیکھ رہے ہیں) اور پناہ مانگی جہنم سے۔ شعبہ نے کہا تین بار آپ نے ایسا ہی کیا پھر فرمایا بچو تم آگ سے اگرچہ کھجور کا ٹکڑا دے کر اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو اچھی بات کہہ کر۔

## بَابُ ۱۲۹۵ التَّحْرِيضُ عَلَى الصَّدَقَةِ

## صدقے کی فضیلت

۲۵۵۸- أَخْبَرَنَا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ وَذَكَرَ عَوْنُ بْنُ أَبِي جُحَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْمُنْذِرَ بْنَ جَرِيرٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَدْرِ النَّهَارِ فَجَاءَ قَوْمٌ عُرَاةٌ حُفَاةٌ مُتَقَلِّدِي السُّيُوفِ عَامَّتُهُمْ مِنْ مُضَرَ بَلْ كُلُّهُمْ مِنْ مُضَرَ فَتَغَيَّرَ وَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَا رَأَى بِهِمْ مِنَ الْفَاقَةِ فَدَخَلَ ثُمَّ خَرَجَ فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَذَّنَ فَأَقَامَ الصَّلَاةَ فَصَلَّى ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ وَخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا

حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے تھے ابھی دن شروع تھا اتنے میں کچھ لوگ آئے ننگے بدن ننگے پاؤں تلواریں لٹکائے ہوئے اکثر ان میں مضر کے قبیلے سے تھے بلکہ سب مضر تھے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا چہرہ بدل گیا ان کی محتاجی دیکھ کر پہلے اندر گئے پھر نکلے پھر بلال رض کو حکم دیا اذان دینے کا انھوں نے اذان دی نماز تیار ہوئی آپ نے نماز پڑھی پھر خطبہ پڑھا اور فرمایا يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ اخیر تک۔ اے ایمان والو ڈرو اپنے مالک سے جس نے تم کو پیدا کیا ایک جان سے پھر اس کی بیوی اسی میں سے پیدا کی پھر پھیلایا ان دونوں سے بہت مردوں اور عورتوں کو مطلب یہ ہے کہ انسانی ہمدردی

ف ۱: یعنی سائل جب سوال کرے اگر کچھ میسر ہو تو دیدے تھوڑا ہو یا بہت جو کچھ نہ ہو سکے تو جواب دیدے مگر نرمی سے کہ سائل کا جی خوش رہے اس میں بھی صدقے کا ثواب ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



رِجَالًا كَثِيرًا وَنِسَاءً وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا وَاتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَا قَدَّمَتْ لِغَدٍ تَصَدَّقَ رَجُلٌ مِنْ دِينَارِهِ مِنْ دِرْهَمِهِ مِنْ ثَوْبِهِ مِنْ صَاعِ بُرِّهِ مِنْ صَاعِ تَمْرِهِ حَتَّى قَالَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ بِصُرَّةٍ كَادَتْ كَفُّهُ تَعْجِزُ عَنْهَا بَلْ قَدْ عَجَزَتْ ثُمَّ تَتَابَعَ النَّاسُ حَتَّى رَأَيْتُ كَوْمَيْنِ مِنْ طَعَامٍ وَثِيَابٍ حَتَّى رَأَيْتُ وَجْهَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَهَلَّلُ كَأَنَّهُ مُذْهَبَةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْئًا۔

پر لوگ مستعد ہوں یہ خیال کر کے کہ آدمی سب ایک دوسرے کے بھائی ہیں ڈرو اس اللہ سے جس کے نام کے ذریعہ سے تم مانگتے ہو ایک دوسرے سے اور ناتوں کے ذریعے سے بلاشبہ اللہ تمہیں دیکھ رہا ہے ڈرو اللہ سے اور دیکھے ہر آدمی جو اس نے بھیجا ہے کل کے روز کے لیے (یعنی قیامت کے لیے کیا سامان کیا ہے) صدقہ آدمی کا اشرفی سے ہے روپیہ سے ہے کپڑے سے ہے ایک صاع گیہوں سے ہے ایک صاع جو سے ہے یہاں تک کہ کھجور کے ٹکڑے سے۔ پھر ایک شخص انصاری ایک تھیلی روپوں کی لایا) جو اس کی تھیلی میں نہیں سماتی تھی پھر اور لوگوں کا تار بندھ گیا یہاں تک کہ دو ڈھیر اونچے اونچے کھانے اور کپڑے کے ہو گئے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ کو دیکھا چمک رہا تھا جیسے سونا (خوشی سے اور فرحت سے اس لیے کہ آپ کی نصیحت کی تاثیر ہوئی اور غریبوں کا کام نکلا واہ سچی فصاحت اور بلاغت اسی کا نام ہے جو آپ میں تھی) تب آپ نے فرمایا جو شخص اسلام میں نیک راہ نکالے (جس سے مسلمانوں کا فائدہ ہو اسلام کی ترقی ہو) اس کو اس کے نکالنے کا ثواب ہے اور ان لوگوں کا ثواب بھی ملے گا جو اس پر عمل کرتے جاویں گے مگر عمل کرنے والے کا ثواب کچھ کم نہ ہوگا اور جو شخص اسلام میں بری بات نکالے (جس سے مسلمانوں کو نقصان پہنچے اسلام کو ضعف ہو) تو اس پر اس کے نکالنے کا عذاب ہے اور ان لوگوں کا عذاب بھی اسی پر ہے جو اس پر عمل کریں گے مگر عمل کرنے والوں کا عذاب کم نہ ہوگا۔ف۱

۲۵۵۹ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ حَارِثَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ تَصَدَّقُوا فَإِنَّهُ سَيَأْتِي عَلَيْكُمْ

حضرت حارثہ بن وہب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے صدقہ کرو اس لیے ایک زمانہ ایسا آئے گا جب آدمی اپنا صدقہ ایک شخص کو دینے جائے گا وہ کہے گا کل لاتا تو میں لے لیتا آج

ف۱: یہاں بھی انصاری نے راہ نکالی کہ سب سے پہلے صدقہ لایا پھر اور لوگ بھی اس کے دیکھا دیکھی لائے چونکہ یہ بات نیک تھی، اس انصاری کو اپنے صدقے کا ثواب بھی ملا اور ان کا بھی ثواب ٹھہرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



زَمَانٌ يَمْشِي الرَّجُلُ بِصَدَقَتِهِ فَيَقُولُ الَّذِي يُعْطَاهَا لَوْ جِئْتَ بِهَا بِالْأَمْسِ قَبِلْتُهَا فَأَمَّا الْيَوْمَ فَلَا

نہیں لوں گا (اس لیے کہ آج مالدار ہو گیا ہوں مطلب یہ ہے کہ روپیہ اخیر زمانے میں بہت جلد ہاتھ آئے گا بوجہ بے انتظامی اور لوٹ کھسوٹ اور فساد کے یا زمین کے خزانے کھل جائیں گے اور دولت کو بہت ترقی ہو گی لینے لینے والے کم ہوں گے۔

## بَابُ ۱۲۹۶ الشَّفَاعَةِ فِي الصَّدَقَةِ

## صدقہ دینے کی سفارش کرنا

۲۵۶۰ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو بُرْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اشْفَعُوا تُشَفَّعُوا وَيَقْضِي اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى لِسَانِ نَبِيِّهِ مَا شَاءَ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سفارش کرو اور سفارش قبول کرو۔ (کسی مسلمان کے فائدے کے لیے) اللہ اپنے پیغمبر کی زبان سے جو چاہے گا حکم کرے گا (یعنی ہو گا وہی جو خدا کا حکم ہے پھر سفارش میں کیا نقصان ہے؟

۲۵۶۱ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ ابْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَخِيهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الرَّجُلَ لَيَسْأَلُنِي الشَّيْءَ فَأَمْنَعُهُ حَتَّى تَشْفَعُوا فِيهِ فَتُؤْجَرُوا وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اشْفَعُوا تُؤْجَرُوا۔

حضرت معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ سے کوئی شخص مانگتا ہے میں نہیں دیتا جب تک تم سفارش نہیں کرتے جب تم سفارش کرتے ہو تم کو ثواب ہوتا ہے تو سفارش کرو ثواب پاؤ گے۔

## بَابُ ۱۲۹۷ الْاِخْتِيَالُ فِي الصَّدَقَةِ

## صدقے میں فخر کرنا

۲۵۶۲ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى ابْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنَ الْخُيَلَاءِ مَا يُحِبُّ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فَأَمَّا الْغَيْرَةُ الَّتِي يُحِبُّ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک غیرت وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور ایک غیرت وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے اسی طرح ایک فخر وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے دوسرا فخر وہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ غیرت جو اللہ کو پسند ہے یہ ہے کہ انسان غیرت کرے تہمت کی جگہ میں (یعنی اس جگہ جہاں بدنامی کا خوف ہو جیسے شراب خانہ میں بیٹھنا غیر محرم عورت کے ساتھ تنہا رہنا جب غیرت کرے گا تو گناہوں سے بچے گا) اور جو ناپسند ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَالْغَيْرَةُ فِي الرِّيبَةِ وَأَمَّا الْغَيْرَةُ الَّتِي يُبْغِضُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَالْغَيْرَةُ فِي غَيْرِ رِيبَةٍ وَالْاِخْتِيَالُ الَّذِي يُحِبُّ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِخْتِيَالُ الرَّجُلِ بِنَفْسِهِ عِنْدَ الْقِتَالِ وَعِنْدَ الصَّدَقَةِ وَالْاِخْتِيَالُ الَّذِي يُبْغِضُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ الْخُيَلَاءُ فِي الْبَاطِلِ۔

وہ یہ ہے کہ انسان غیرت کرے اس مقام میں جہاں تہمت کا خوف نہیں ہے اور جو فخر اللہ کو پسند ہے وہ یہ ہے کہ انسان فخر کرے اپنے ساتھ لڑائی کے وقت تاکہ شجاعت زیادہ ہو اور دوسرے لوگوں کو بھی رغبت ہو (لڑنے پر) یا صدقہ دیتے وقت اور جو فخر اللہ کو ناپسند ہے وہ یہ ہے کہ انسان لغو یا گناہ کے کاموں میں فخر کرے۔ ف

۲۵۶۳ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا وَتَصَدَّقُوا وَالْبَسُوا فِي غَيْرِ إِسْرَافٍ وَلَا مَخِيلَةٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کھاؤ اور صدقہ دو اور کپڑا پہنو لیکن اسراف (یعنی بے فائدہ خرچ کرنا) اور غرور سے بچو۔

## بَابُ ۱۲۹۸ أَجْرِ الْخَازِنِ إِذَا تَصَدَّقَ بِإِذْنِ مَوْلَاهُ

## جب نوکر یا غلام اپنے مالک کی اجازت سے صدقہ دیوے

۲۵۶۴ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَيْثَمِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ جَدِّهِ عَنْ أَبِي مُوسٰى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُؤْمِنُ لِلْمُؤْمِنِ كَالْبُنْيَانِ يَشُدُّ بَعْضُهُ بَعْضًا وَقَالَ الْخَازِنُ الْأَمِينُ الَّذِي يُعْطِي مَا أُمِرَ بِهِ طَيِّبًا بِهَا نَفْسُهُ أَحَدُ الْمُتَصَدِّقِينَ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان دوسرے مسلمان کے لیے مثل عمارت کے ہے جیسے اس میں ایک اینٹ دوسری اینٹ کو مضبوط کیے رہتی ہے (اسی طرح ہر مسلمان کو چاہیے دوسرے مسلمان کو سنبھالے رہے اور مضبوط کیے رہے) اور فرمایا خزانچی امانت دار جو اپنے مالک کے حکم سے خوش ہو کر دیتا ہے (خدا کی راہ میں) صدقہ دینے والے کے برابر ہے۔

## بَابُ ۱۲۹۹ الْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ

## چپکے سے صدقہ دینے والا۔

۲۵۶۵ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

---

ف: یہ حدیث حکمت کے چشموں سے ایک بڑا چشمہ ہے جس سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ پیغمبر حکمت میں بڑے اعلیٰ درجے پر ہوتے ہیں۔ نیک باتوں میں فخر اور ناموری سب کو جائز کر دیا تاکہ ہر نیکی کی ترقی ہو اور لوگ رغبت کریں اور دین پھیلے اور برے کاموں میں فخر کرنے سے منع کرتا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَاهِرُ بِالْقُرْآنِ كَالْجَاهِرِ بِالصَّدَقَةِ وَالْمُسِرُّ بِالْقُرْآنِ كَالْمُسِرِّ بِالصَّدَقَةِ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن پکار کر پڑھنے والا ایسا ہے جیسے سب کے سامنے صدقہ دینے والا یعنی اس کا ثواب کم ہے) اور آہستہ قرآن پڑھنے والا ایسا ہے جیسے چھپا کر صدقہ دینے والا۔

## بَابُ ۱۳۰ الْمَنَّانِ بِمَا أَعْطَى

## صدقہ دے کر احسان جتانے والا

۲۵۶۶۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يَنْظُرُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَالْمَرْأَةُ الْمُتَرَجِّلَةُ وَالدَّيُّوثُ وَثَلَاثَةٌ لَا يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ الْعَاقُّ لِوَالِدَيْهِ وَالْمُدْمِنُ عَلَى الْخَمْرِ وَالْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں کی طرف اللہ نہیں دیکھے گا قیامت کے روز ایک وہ جو نافرمانی کرے (دنیا کے کاموں میں) والدین کی (ماں باپ کی) دوسری وہ عورت جو مردوں کا بھیس بناوے۔ تیسرے دیوث (جو اپنی عورت کو دوسرے کے پاس لے جاوے) اور تین آدمی جنت میں نہ جاویں گے ایک تو نافرمانی کرنے والا ماں باپ کی اور دوسرے ہمیشہ شراب پینے والا اور تیسرا احسان کر کے جتانے والا۔

۲۵۶۷۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُدْرِكِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فَقَرَأَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَبُو ذَرٍّ خَابُوا وَخَسِرُوا قَالَ الْمُسْبِلُ إِزَارَهُ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ وَالْمَنَّانُ عَطَاءَهُ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں سے اللہ بات نہیں کریگا قیامت کے روز ان کی طرف دیکھے گا نہ ان کو پاک کرے گا۔ اور ان کو دکھ کا عذاب ہوگا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی۔ ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا وہ لوگ ٹوٹے میں پڑے اور ان کو نقصان ہوا آپ نے فرمایا ازار لٹکانے والا (ٹخنوں سے نیچے غرور سے) اور اپنے اسباب کو خرچنے والا جھوٹی قسم کھا کر اور دیکر احسان رکھنے والا۔

۲۵۶۸۔ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ وَهُوَ الْأَعْمَشُ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ الْمَنَّانُ بِمَا أَعْطَى وَالْمُسْبِلُ إِزَارَهُ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ الْكَاذِبِ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۳۰۱ رَدِّ السَّائِلِ

۲۵۶۔ اَخْبَرَنِیْ هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَاَنْبَأَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنِ ابْنِ بُجَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ جَدَّتِهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ فِيْ حَدِيْثِ هٰرُوْنَ مُحْرَقٍ۔

## بَابُ ۱۳۰۲ مَنْ يُسْأَلُ وَلَا يُعْطِيْ

۲۵۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ بَهْزَ بْنَ حَكِيْمٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَاْتِيْ رَجُلٌ مَوْلَاهُ يَسْاَلُهٗ مِنْ فَضْلٍ عِنْدَهٗ فَيَمْنَعُهٗ اِيَّاهُ اِلَّا دُعِيَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعٌ اَقْرَعُ يَتَلَمَّظُ فَضْلَهُ الَّذِيْ مَنَعَ۔

## بَابُ ۱۳۰۳ مَنْ سَاَلَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

۲۵۷۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ فَاَعِيْذُوْهُ وَمَنْ سَاَلَكُمْ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوْهُ وَمَنِ اسْتَجَارَ بِاللّٰهِ فَاَجِيْرُوْهُ وَمَنْ اَتٰى اِلَيْكُمْ مَعْرُوْفًا فَكَافِئُوْهُ فَاِنْ لَمْ تَجِدُوْا فَادْعُوْا لَهٗ حَتّٰى تَعْلَمُوْا اَنْ قَدْ كَافَاْتُمُوْهُ۔

## بَابُ ۱۳۰۴ مَنْ سَاَلَ بِوَجْهِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

۲۵۷ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ بَهْزَ بْنَ حَكِيْمٍ يُحَدِّثُ عَنْ

## مانگنے والے کو جو میسّر ہو دیوے

حضرت ابن بجید انصاری رضی اللہ عنہ سے اپنی دادی سے سُنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا رخصت کرو مانگنے والے کو کچھ دے کر اگرچہ کھر ہو جلا ہوا۔

## جس سے مانگا جائے اور وہ نہ دے

حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے سُنا اپنے باپ سے انھوں نے دادا سے انھوں کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جو شخص اپنے مالک کے پاس آوے اور فاضل یعنی (حاجت سے بچی ہوئی بیکار) چیز مانگی پھر نہ دے تو وہ قیامت کے روز ایک گنجا سانپ بن کر آئیگا جو اپنی زبان سے اس چیز کو چباتا ہوگا۔

## جو شخص اللہ کے نام پر مانگے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص پناہ مانگے اللہ کی اس کو پناہ دو اور جو شخص امان چاہے تم سے اللہ کے نام پر اس کو امان دو اور جو شخص امان چاہے اللہ کے نام پر اس کو امان دو اور جو شخص تمہارے ساتھ سلوک کرے تو اس کا بدلہ دو۔ اگر بدلہ نہ دے سکو تو اس کے لیے دعا کرو یہاں تک کہ تم سمجھو بدلہ ہو چکا۔

## اللہ کی ذات کا وسیلہ دیکر سوال کرنا

حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اسنے اپنے باپ سے اس نے دادا سے اس نے کہا میں نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ مَا اَتَیْتُكَ حَتّٰی حَلَفْتُ اَكْثَرَ مِنْ عَدَدِ هِنَّ لِاَصَابِعِ یَدَیْهِ اَلَّا اٰتِیَكَ وَلَا اٰتِیَ دِیْنَكَ وَاِنِّیْ كُنْتُ امْرَاً لَا اَعْقِلُ شَیْئًا اِلَّا مَا عَلَّمَنِیَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَاِنِّیْ اَسْاَلُكَ بِوَجْهِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ بِمَا بَعَثَكَ رَبُّكَ اِلَیْنَا قَالَ بِالْاِسْلَامِ قَالَ قُلْتُ وَمَا اٰیَاتُ الْاِسْلَامِ قَالَ اَنْ تَقُوْلَ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ اِلَی اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَتَخَلَّیْتُ وَتُقِیْمَ الصَّلٰوةَ وَتُؤْتِیَ الزَّكٰوةَ كُلُّ مُسْلِمٍ عَلٰی مُسْلِمٍ مُحَرَّمٌ اَخَوَانِ نَصِیْرَانِ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْ مُشْرِكٍ بَعْدَ مَا اَسْلَمَ عَمَلًا اَوْ یُفَارِقَ الْمُشْرِكِیْنَ اِلَی الْمُسْلِمِیْنَ ۔

عرض کیا اے نبی اللہ کے میں آپ کے پاس نہیں آیا یہاں تک کہ میں نے اپنے ہاتھوں کی انگلیوں سے زیادہ قسمیں کھائی تھیں کہ آپ کے پاس نہ آؤں گا نہ آپ کا دین قبول کروں گا اور میں ایک بے عقل آدمی تھا اب بھی کچھ نہیں جانتا مگر جو اللہ اور اس کے رسول نے سکھلایا میں اللہ تعالیٰ کے منہ مبارک کا وسیلہ دے کر آپ سے پوچھتا ہوں اللہ نے کیا حکم دے کر بھیجا ہے آپ نے فرمایا اسلام کا میں نے کہا اسلام کی نشانیاں کیا ہیں آپ نے فرمایا تو کہو میں نے اپنا منہ رکھ دیا اللہ جل جلالہ کے سامنے (جو فرما دیگا اسکو مانوں گا) اور خالی ہوا میں اللہ کے سوا اور کسی کے خیال سے (یعنی شرک سے بیزار ہوا) اور ادا کرے تو نماز کو اور زکوٰۃ دیوے ہر مسلمان دوسرے مسلمان پر حرام ہے وہ مسلمان ایک دوسرے کے بھائی ہیں اور ایک دوسرے کے مددگار اللہ نہیں قبول کرے گا مشرک کا کوئی کام اگرچہ وہ مسلمان ہو جاوے جب تک وہ مشرکوں کو چھوڑ کر مسلمانوں میں نہ چلا جاوے ف۱۔

## بَاب ۱۳۰۵ مَنْ یُسْاَلُ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَلَا یُعْطِیْ بِهٖ

## جو شخص اللہ کے نام پر نہ دیوے

۲۵۷۲ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ خَالِدِ الْقَارِظِیِّ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ یَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَیْرِ النَّاسِ مَنْزِلًا قُلْنَا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَجُلٌ اٰخِذٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ حَتّٰی یَمُوْتَ اَوْ یُقْتَلَ وَاُخْبِرُكُمْ بِالَّذِیْ یَلِیْهِ قُلْنَا نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَجُلٌ مُعْتَزِلٌ فِیْ شِعْبٍ یُقِیْمُ الصَّلٰوةَ وَیُؤْتِی الزَّكٰوةَ وَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تم کو نہ بتلاؤں وہ شخص جو اللہ کے نزدیک سب لوگوں سے زیادہ بہتر ہے ہم نے کہا کیوں نہیں بتائیے یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا جو شخص اپنے گھوڑے کو لیے ہوئے اللہ کی راہ میں جائے۔ (یعنی کافروں سے جہاد کے لیے) یہاں تک کہ مر جاوے یا قتل کیا جاوے پھر میں اس شخص کو بتاؤں جو اس کے قریب ہے ہم نے کہا ہاں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا جو شخص لوگوں سے جدا ہو کر ایک گھاٹی میں مر جاوے اور نماز ادا کرے اور زکوٰۃ دیوے

ف۱: اس حدیث سے ہجرت کا فرض ہو جانا پایا جاتا ہے۔ بعضوں نے کہا یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا جب مسلمانوں کی تعداد کم تھی اور ان کا ایک جگہ ہونا ضرور تھا تاکہ سب مل کر کافروں کا مقابلہ کریں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَعْتَزِلُ شُرُوْرَ النَّاسِ وَأُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ قُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللهِ قَالَ الَّذِيْ يُسْأَلُ بِاللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا يُعْطِيْ بِهِ۔

## باب ۳۰۶۔ ثَوَابُ مَنْ يُعْطِيْ

۲۵۷۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ رِبْعِيًّا يُحَدِّثُ عَنْ زَيْدِ بْنِ ظُبْيَانَ رَفَعَهُ إِلٰى أَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَمَّا الَّذِيْنَ يُحِبُّهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ فَرَجُلٌ أَتٰى قَوْمًا فَسَأَلَهُمْ بِاللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَمْ يَسْأَلْهُمْ بِقَرَابَةٍ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُمْ فَمَنَعُوْهُ فَتَخَلَّفَهُ رَجُلٌ بِأَعْقَابِهِمْ فَأَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ إِلَّا اللهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالَّذِيْ أَعْطَاهُ وَقَوْمٌ سَارُوْا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى إِذَا كَانَ النَّوْمُ أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِمَّا يُعْدَلُ بِهِ نَزَلُوْا فَوَضَعُوْا رُءُوْسَهُمْ فَقَامَ يَتَمَلَّقُنِيْ وَيَتْلُوْ آيَاتِيْ وَرَجُلٌ كَانَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَلَقُوا الْعَدُوَّ فَهُزِمُوْا فَأَقْبَلَ بِصَدْرِهِ حَتّٰى يُقْتَلَ أَوْ يَفْتَحَ اللهُ لَهُ وَالثَّلَاثَةُ الَّذِيْنَ يُبْغِضُهُمُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ الشَّيْخُ الزَّانِيْ وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ وَالْغَنِيُّ الظَّلُوْمُ۔

## باب ۳۰۷۔ تَفْسِيْرُ الْمِسْكِيْنِ

۲۵۷۵۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْمٰعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِيْ تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَاللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ إِنَّ الْمِسْكِيْنَ الْمُتَعَفِّفُ اقْرَءُوْا إِنْ شِئْتُمْ لَا يَسْأَلُوْنَ النَّاسَ إِلْحَافًا۔

اور لوگوں کی برائیوں سے بچے، پھر میں تم کو بتاؤں جو سب سے بدتر ہے، ہم نے کہا ہاں یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا وہ شخص جو اللہ کے نام پر اس سے مانگا جاوے اور وہ نہ دیوے۔

## دینے والے کا ثواب

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں کو اللہ چاہتا ہے اور تین سے دشمنی رکھتا ہے جن کو چاہتا ہے وہ یہ ہیں ایک شخص لوگوں کے پاس آیا اور اللہ کے نام پر ان سے کچھ مانگا کچھ رشتہ ناتہ نہ رکھتا تھا ان سے، ان لوگوں نے نہ دیا ایک شخص ان میں سے چپکے سے اٹھا اور لوگوں کو پیچھے چھوڑ کر چپکے سے اس کو کچھ دے آیا جس کو کوئی نہیں جانتا مگر اللہ یا وہ دینے والا کچھ لوگ ساری رات چلے جب نیند سب برابر والی چیزوں سے ان کو بھلی معلوم ہوئی تو اتر کر سو رہے ایک شخص ان میں سے اٹھا اور میرے سامنے گڑگڑانے لگا اور آیتیں پڑھنے لگا۔ ایک وہ شخص جو لشکر کے ایک ٹکڑے میں تھا جب دشمن سے لڑائی ہوئی تو سب بھاگ گئے مگر وہ سینہ سامنے کر کے آیا یہاں تک کہ مارا گیا یا اللہ نے اس کو فتح دی۔ وہ تین لوگ جن سے اللہ تعالے کو دشمنی ہے یہ ہیں۔ ایک بوڑھا بدکار۔ دوسرے مفلس غرور کرنے والا۔ تیسرے مالدار ظلم کرنے والا۔

## مسکین کسے کہتے ہیں!

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین وہ نہیں ہے جو ایک نوالہ دو نوالے یا ایک کھجور یا دو کھجور اس کو پھیرا دیتے ہیں بلکہ مسکین وہ ہے جو سوال نہیں کرتا پڑھو اگر چاہو تم اس آیت کو: لَا یَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا نہیں مانگتے لوگوں سے گڑگڑا کر۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٥٧٦۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الْمِسْكِينُ بِهَذَا الطَّوَّافِ الَّذِي يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ قَالُوا فَمَا الْمِسْكِينُ قَالَ الَّذِي لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيهِ وَلَا يُفْطَنُ لَهُ فَيُتَصَدَّقَ عَلَيْهِ وَلَا يَقُومُ فَيَسْأَلَ النَّاسَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین وہ نہیں ہے جو لوگوں کے پاس مانگتا پھرتا ایک نوالہ یا دو نوالے ایک کھجور یا دو کھجور اس کو پھراتے ہیں۔ لوگوں نے عرض کیا پھر مسکین کون ہے؟ مسکین وہ ہے جس کے پاس دولت نہیں ہے جو اسکو بے پرواہ کرے نہ اس کا حال کسی کو معلوم ہے تاکہ لوگ اس کو صدقہ دیں نہ وہ کھڑا ہوتا ہے لوگوں سے مانگنے کیلئے۔

٢٥٧٧۔ أَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ الْمِسْكِينُ الَّذِي تَرُدُّهُ الْأُكْلَةُ وَالْأُكْلَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ قَالُوا فَمَا الْمِسْكِينُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الَّذِي لَا يَجِدُ غِنًى وَلَا يَعْلَمُ النَّاسُ حَاجَتَهُ فَيُتَصَدَّقَ عَلَيْهِ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

٢٥٧٨۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ بُجَيْدٍ عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ بُجَيْدٍ وَكَانَتْ مِمَّنْ بَايَعَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمِسْكِينَ لَيَقُومُ عَلَى بَابِي فَمَا أَجِدُ لَهُ شَيْئًا أُعْطِيهِ إِيَّاهُ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ لَمْ تَجِدِي شَيْئًا تُعْطِينَهُ إِيَّاهُ إِلَّا ظِلْفًا مُحْرَقًا فَادْفَعِيهِ إِلَيْهِ۔

ام بجید رضی اللہ عنہا سے روایت ہے اس نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عورتوں کے ساتھ بیعت کی تھی، عرض کیا یا رسول اللہ مسکین میرے دروازے پر کھڑا ہوتا ہے اور میرے پاس کچھ نہیں ہوتا اس کے دینے کو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تیرے پاس کچھ نہ ہو اسکے دینے کو سوا ایک جلے کھر کے تو وہی دیدے اس کو (یعنی حتی المقدور سائل کو محروم نہ کر جو کچھ ہو سکے دے)۔

## بَابُ ١٣٨ الْفَقِيرِ الْمُخْتَالِ

## متکبر فقیر کا بیان

٢٥٧٩۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الشَّيْخُ الزَّانِي وَالْعَائِلُ الْمَزْهُوُّ وَالْإِمَامُ الْكَذَّابُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین آدمیوں سے اللہ بات نہیں کرے گا قیامت کے روز ایک بوڑھا بدکار (زنا کرنے والا) دوسرے بال بچے والا مغرور کہ باوجود محتاجی کے نوکری اور محنت نہ کرے گھمنڈ سے تیسرے بادشاہ جھوٹا۔

٢٥٨٠۔ أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَارِمٌ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللهُ عَزَّوَجَلَّ الْبَيَّاعُ الْحَلَّافُ وَالْفَقِيْرُ الْمُخْتَالُ وَالشَّيْخُ الزَّانِيْ وَالْاِمَامُ الْجَائِرُ۔

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار آدمیوں کو اللہ دشمن رکھتا ہے ایک تو بیچنے والا قسمیں کھا کر دوسرے محتاج مغرور تیسرے بوڑھا بدکار۔ چوتھے حاکم ظلم کرنے والا۔

## بَابُ ۱۳۰۹ فَضْلِ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمِلَةِ

## بیوہ عورتوں کیلئے محنت کرنیوالے کی فضیلت

۲۵۸۱ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ ثَوْرِ بْنِ زَيْدٍ الدِّيْلِيِّ عَنْ اَبِي الْغَيْثِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّاعِيْ عَلَى الْاَرْمِلَةِ وَالْمِسْكِيْنِ كَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ عَزَّوَجَلَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا محنت کرنے والا بیوہ عورتوں کے لیے (جو محتاج ہوں ان کا پرورش کرنے والا کوئی نہ ہو) مثل اس شخص کے ہے ثواب میں جو جہاد کرتا ہے اللہ کی راہ میں۔

## بَابُ ۱۳۱۰ الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوْبُهُمْ

## ان کافروں کا بیان جن کو ملانے کے لیے روپیہ دیا جاتا تھا[ف]

۲۵۸۲ اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ نُعْمٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ بَعَثَ عَلِيٌّ وَهُوَ بِالْيَمَنِ بِذُهَيْبَةٍ بِتُرْبَتِهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَرْبَعَةِ نَفَرٍ الْاَقْرَعِ بْنِ حَابِسٍ الْحَنْظَلِيِّ وَعُيَيْنَةَ بْنِ بَدْرٍ الْفَزَارِيِّ وَعَلْقَمَةَ بْنِ عُلَاثَةَ الْعَامِرِيِّ ثُمَّ اَحَدِ بَنِيْ كِلَابٍ وَزَيْدٍ الطَّائِيِّ ثُمَّ اَحَدِ بَنِيْ نَبْهَانَ فَغَضِبَتْ قُرَيْشٌ وَقَالَ مَرَّةً اُخْرٰى صَنَادِيْدُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت علیؓ نے یمن سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک سونے کا ٹکڑا بھیجا مٹی کے ساتھ (یعنی کچا سونا مٹی ملا ہوا) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو بانٹ دیا چار آدمیوں میں اقرع بن حابس اور عیینہ بن بدر اور علقمہ بن علاثہ عامری کو جو بنی کلاب میں سے تھا اور زید طائی کو جو بنی نبہان میں سے تھا یہ دیکھ کر قریش کے لوگ غصے ہوئے اور کہنے لگے تم نجد کے سرداروں کو دیتے ہو اور ہم کو چھوڑ دیتے ہو۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

ف: ابتدائے اسلام میں کافر مسلمانوں کے دشمن تھے اور مسلمان شمار میں بہت کم تھے بعض کافر ایسے تھے کہ اگر ان کو روپیہ دیا جاتا تو وہ مسلمانوں کو تکلیف نہ دیں اور بعض ایسے بھی تھے کہ روپیہ کے طمع سے مسلمان ہو جائیں اور بعض ایسے تھے کہ مسلمان برائے نام ہو چکے تھے لیکن ڈگمگاتے تھے اگر روپیہ ان کو نہ ملتا تو وہ پھر کافروں میں شریک ہو جاتے آں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے کمال حکمت سے ان سب قسم کے کافروں کو روپیہ دے کر ملایا اور اموال غنیمت اور صدقات میں سے ایک حصّہ ان کے لیے بھی مقرر کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قُرَيْشٍ فَقَالُوا تُعْطِي صَنَادِيدَ نَجْدٍ وَتَدَعُنَا قَالَ إِنَّمَا فَعَلْتُ ذَلِكَ لِأَتَأَلَّفَهُمْ فَجَاءَ رَجُلٌ كَثُّ اللِّحْيَةِ مُشْرِفُ الْوَجْنَتَيْنِ غَائِرُ الْعَيْنَيْنِ نَاتِئُ الْجَبِينِ مَحْلُوقُ الرَّأْسِ فَقَالَ اتَّقِ اللَّهَ يَا مُحَمَّدُ قَالَ فَمَنْ يُطِعِ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ إِنْ عَصَيْتُهُ أَيَأْمَنُنِي عَلَى أَهْلِ الْأَرْضِ وَلَا تَأْمَنُونِي ثُمَّ أَدْبَرَ الرَّجُلُ فَاسْتَأْذَنَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فِي قَتْلِهِ يَرَوْنَ أَنَّهُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مِنْ ضِئْضِئِ هَذَا قَوْمًا يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ حَنَاجِرَهُمْ يَقْتُلُونَ أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَيَدَعُونَ أَهْلَ الْأَوْثَانِ يَمْرُقُونَ مِنَ الْإِسْلَامِ كَمَا يَمْرُقُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ لَئِنْ أَدْرَكْتُهُمْ لَأَقْتُلَنَّهُمْ قَتْلَ عَادٍ -

فرمایا میں نے ان کو دیا دل ملانے کے لیے (کیونکہ یہ ابھی نئے مسلمان ہیں ان کا اعتبار نہیں تو شاید مال کے طمع سے اسلام پر جمے رہیں) اتنے میں ایک شخص آیا گھنی داڑھی والا گال ابھرے ہوئے آنکھیں بیٹھی ہوئی پیشانی بلند سر گھٹا ہوا اور کہنے لگا خدا سے ڈر اے محمدؐ۔ آپ نے فرمایا پھر کون اللہ کی تابعداری کرے گا اگر میں اس کی نافرمانی کروں اللہ نے مجھے امین (یعنی اپنا معتمد بنایا ہے) زمین والوں پر اور تم مجھے امین نہیں سمجھتے (میرا اعتبار نہیں کرتے) پھر وہ شخص پیٹھ موڑ کر چلا ایک شخص نے آپ سے اجازت مانگی اس کے مار ڈالنے کی لوگ جانتے ہیں وہ خالد بن الولید تھے (یا عمر بن الخطاب انھوں نے کہا یا رسول اللہ یہ منافق معلوم ہوتا ہے فرمایئے تو قتل کریں آپ نے فرمایا نہیں لوگ کہیں گے محمد اپنے لوگوں کو قتل کرتے ہیں) پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کی نسل سے ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو قرآن پڑھیں مگر حلق کے نیچے نہ اترے گا (یعنی دل میں ان کے قرآن کی کوئی تاثیر نہ ہوگی) قتل کریں گے مسلمانوں کو اور چھوڑ دیں گے بت پرستوں کو نکل جائیں گے وہ لوگ اسلام سے جیسے تیر شکار سے نکل جاتا ہے (یعنی جانور کے لگ کر اس میں سے پار ہو جاتا ہے اور تیر میں کچھ نہیں لگتا وہ صاف کا صاف رہتا ہے اسی طرح یہ لوگ بھی اسلام میں آئے اور پھر نکلے مگر اسلام کا ذرا نشان بھی ان پر نہ پڑا، اگر میں ان لوگوں کو پاؤں گا تو ایسا قتل کروں گا جیسے عاد کی قوم قتل ہوئی۔ (کہ ان کا نام و نشان تک نہ رہا) ف

---

ف: مراد ان لوگوں سے خارجی تھے جو حضرت علی مرتضٰے کی خلافت میں ظاہر ہوئے۔ ظاہر میں بڑے متقی پرہیزگار تھے۔ قرآن پر عمل کرنے کا دعویٰ کرتے مگر دلوں میں ایمان کا نور نہ تھا مسلمانوں سے لڑنے کو مستند ہوئے ان کو کافر کہتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۳۱۱ الصَّدَقَةِ لِمَنْ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةٍ

## جو شخص کسی کے قرض کا ضامن ہو جائے (پھر اُس سے نہ ہو سکے) تو اس کو صدقہ دینا درست ہے۔

۲۵۸۳۔ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي كِنَانَةُ ابْنُ نُعَيْمٍ ح وَاَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ هَارُونَ عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلْتُهُ فِيهَا فَقَالَ اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةٍ بَيْنَ قَوْمٍ فَسَاَلَ فِيهَا حَتّٰى يُؤَدِّيَهَا ثُمَّ يُمْسِكَ۔

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے ایک قرض اپنے ذمے پر لیا پھر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے سوال کیا اس کے ادا ہونے کے لیے۔ آپ نے فرمایا سوال درست نہیں ہے مگر تین آدمیوں کے لیے ایک وہ شخص جس نے ضمانت کی ایک قوم کے قرضے کی پھر مانگ کر اس کو ادا کیا پھر باز رہا سوال سے جب قرضہ ادا ہو گیا۔

---

۲۵۸۴۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي كِنَانَةُ بْنُ نُعَيْمٍ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً فَاَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُهُ فِيهَا فَقَالَ اَقِمْ يَا قَبِيصَةُ حَتّٰى تَاْتِيَنَا الصَّدَقَةُ فَنَاْمُرَ لَكَ قَالَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا قَبِيصَةُ اِنَّ الصَّدَقَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ اَوْ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَاجْتَاحَتْ مَالَهُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَهَا ثُمَّ يُمْسِكَ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يَشْهَدَ ثَلَاثَةٌ مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ قَدْ اَصَابَتْ فُلَانًا فَاقَةٌ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ اَوْ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ فَمَا سِوٰى هٰذَا مِنَ الْمَسْاَلَةِ يَا قَبِيصَةُ سُحْتٌ يَاْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا۔

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ضامن ہوا میں ایک قرضے کا تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا مانگنے کو آپ نے فرمایا ٹھہر جا اے قبیصہ جب تک ہمارے پاس صدقہ آئے ہم تجھے دلوائیں گے بعد اس کے آپ نے فرمایا اے قبیصہ صدقہ کسی کے لیے درست نہیں مگر تین میں سے ایک کے لیے ایک تو وہ شخص جو ضامن ہوا قرضے کا (مثلاً دیت اپنے ذمے کر لی لوگوں کو قتل اور خون سے بچانے کے لیے) اس کو صدقہ درست ہے یہاں تک کہ حاجت اس کی نکل جائے اور ایک وہ شخص جس کو آفت آئی اور اس کا مال تباہ کر دیا اس کو سوال کرنا درست ہے یہاں تک کہ اس کی مصیبت رفع ہو۔ ایک وہ شخص جس کو کوئی احتیاج پیش آئے اور تین عقلمند آدمیوں نے اس کی قوم میں سے گواہی دی کہ بیشک یہ محتاج ہے اس کو بھی سوال درست ہے یہاں تک کہ حاجت روائی ہو اس کی اور گزران کا ایک ذریعہ حاصل کرے اس کے سوا سوال کرنا حرام ہے اور جو کوئی سوال کرتا ہے حرام کھاتا ہے۔

---

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۳۱۲: الصَّدَقَةُ عَلَى الْيَتِيمِ

۲۵۸۵- أَخْبَرَنِي زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَ أَخْبَرَنِي هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي هِلَالٌ عَنْ عَطَاءِ ابْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ جَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ فَقَالَ إِنَّمَا أَخَافُ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِي مَا يُفْتَحُ لَكُمْ مِنْ زَهْرَةٍ وَذَكَرَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَقَالَ رَجُلٌ أَوَ يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ فَسَكَتَ عَنْهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيلَ لَهُ مَا شَأْنُكَ تُكَلِّمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يُكَلِّمُكَ قَالَ وَرَأَيْنَا أَنَّهُ يُنْزَلُ عَلَيْهِ فَأَفَاقَ يَمْسَحُ الرُّحَضَاءَ وَقَالَ أَشَاهِدٌ السَّائِلُ إِنَّهُ لَا يَأْتِي الْخَيْرُ بِالشَّرِّ وَإِنَّ مِمَّا يُنْبِتُ الرَّبِيعُ يَقْتُلُ أَوْ يُلِمُّ إِلَّا آكِلَةَ الْخَضِرِ فَإِنَّهَا أَكَلَتْ حَتَّى إِذَا امْتَدَّتْ خَاصِرَتَاهَا اسْتَقْبَلَتْ عَيْنَ الشَّمْسِ فَثَلَطَتْ ثُمَّ بَالَتْ ثُمَّ رَتَعَتْ وَإِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ وَنِعْمَ صَاحِبُ الْمُسْلِمِ هُوَ إِنْ أَعْطَى مِنْهُ الْيَتِيمَ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَإِنَّ الَّذِي يَأْخُذُهُ بِغَيْرِ حَقِّهِ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَيَكُونُ عَلَيْهِ شَهِيدًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

## یتیم کو صدقہ دینے کا بیان

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم منبر پر بیٹھے اور ہم بھی آپ کے گرد بیٹھے۔ آپ نے فرمایا میں ڈرتا ہوں جو تم پر کھولی جاوے گی دنیا کی خوبی اور زینت سے (یعنی بعد میرے جو فتوحات تم کو حاصل ہونگی اور مال و دولت ملے گا) ایک شخص بولا کیا نیکی برائی لائے گی) (یعنی ہم مال پیدا کریں گے تو نیک ذریعوں سے جہاد سے یا تجارت سے پھر اس سے برائی کیونکر پیدا ہوگی) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ سن کر چپ ہو رہے لوگوں نے اس شخص سے کہا تجھے کیا ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے باتیں کرتا ہے اور آپ بات نہیں کرتے ہم دیکھ رہے تھے کہ اس وقت آپ پر وحی اتر رہی تھی جب وحی موقوف ہوئی تو آپ نے پسینہ پونچھا اور فرمایا وہ پوچھنے والا حاضر ہے بے شک نیکی سے برائی نہیں ہوتی (یعنی حلال مال برا نہیں) مگر دیکھو فصل جن گھانسوں کو اگاتی ہے وہ مار ڈالتے ہیں یا قریب مارنے کے کر دیتے ہیں (حالانکہ گھانس بہتر چیز ہے مگر جب جانور بہت کھا جاتا ہے تو بدہضمی ہو کر مرنے لگتا ہے یا مر جاتا ہے مگر دواب) یعنی ہری نرم گھانس کھانیوالا جانور کھاتا ہے جب اس کی کھوکھیں ابھر جاتی ہیں تو آفتاب کے سامنے جاتا ہے اور ہگتا موتتا ہے پھر چرتا ہے۔ (اسی طرح مال حلال ہے جب اس کو اعتدال سے موقع دیکھ کر حاصل کرے گا تو کام آئے گا اور جو حرص کرے گا تو ضرور بدہضمی ہوگی آفت لائے گا) کیا اچھا ساتھی ہے مسلمان کا مال حلال اگر اس میں دیا جائے یتیم اور مسکین اور مسافر کو جو شخص ناحق مال حاصل کرے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی کھانا کھاتا ہے مگر اس کا پیٹ نہیں بھرتا اور وہ مال قیامت کے روز اس پر گواہی دیگا۔

## بَابُ ۱۳۱۳: الصَّدَقَةُ عَلَى الْأَقَارِبِ

۲۵۸۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا

## عزیزوں کو صدقہ دینا

حضرت سلیمان بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول

www.sirat-e-mustaqeem.com



خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ الرَّائِحِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ وَعَلَى ذِي الرَّحِمِ اثْنَتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ۔

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسکین پر صدقہ کرنے کا ایک ثواب اور ناتے والے پر صدقہ کرنا جو مسکین ہو دو ثواب رکھتا ہے ایک صدقہ دوسرے ناتے ملانے کا۔

۲۵۸۷ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ قَالَتْ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ خَفِيْفَ ذَاتِ الْيَدِ فَقَالَتْ لَهُ أَيَسَعُنِي أَنْ أَضَعَ صَدَقَتِي فِيْكَ وَفِي بَنِي أَخٍ لِي يَتَامَى فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ سَلِي عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِذَا عَلَى بَابِهِ امْرَأَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهَا زَيْنَبُ تَسْأَلُ عَمَّا أَسْأَلُ عَنْهُ فَخَرَجَ إِلَيْنَا بِلَالٌ فَقُلْنَا لَهُ انْطَلِقْ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلْهُ عَنْ ذٰلِكَ وَلَا تُخْبِرْهُ مَنْ نَحْنُ فَانْطَلَقَ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ هُمَا قَالَ زَيْنَبُ قَالَ أَيُّ الزَّيَانِبِ قَالَ زَيْنَبُ امْرَأَةُ عَبْدِ اللّٰهِ وَزَيْنَبُ الْأَنْصَارِيَّةُ قَالَ نَعَمْ لَهُمَا أَجْرَانِ أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَأَجْرُ الصَّدَقَةِ۔

حضرت زینب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جو بیوی تھیں عبداللہ بن مسعودؓ کی کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ دو اے عورتو اگرچہ اپنے زیوروں میں سے ہو۔ زینب نے کہا عبداللہ میرے خاوند مفلس تھے میں نے ان سے کہا کیا ہو سکتا ہے کہ میں اپنا صدقہ تم کو اور اپنے بھائی کے یتیم لڑکوں کو دوں۔ عبداللہ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھ میں آپ کے پاس آئی دیکھا تو ایک عورت جس کا نام بھی زینب تھا آپ کے دروازے پر یہی مسئلہ پوچھنے کو کھڑی ہے اتنے میں بلال اندر سے نکلے میں نے کہا تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ اور آپ سے یہ مسئلہ پوچھو لیکن ہمارا نام مت لینا وہ گئے اور آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا وہ عورتیں کون ہیں۔ انھوں نے کہا ایک زینب تو عبداللہ کی جورو اور دوسری ایک زینب انصار کی قوم میں سے ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک یہ صدقہ درست ہے اور ان کو دوہرا ثواب ہے ایک رشتے کا اور دوسرے صدقے کا۔

## بَابُ ۱۳۱۴ الْمَسْأَلَةِ

## سوال کرنا کیسا ہے

۲۵۸۸ أَخْبَرَنَا أَبُوْ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا عُبَيْدٍ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَزْهَرَ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَأَنْ يَحْتَزِمَ أَحَدُكُمْ حُزْمَةَ حَطَبٍ عَلَى ظَهْرِهِ فَيَبِيْعَهَا خَيْرٌ مِنْ أَنْ يَسْأَلَ رَجُلًا فَيُعْطِيَهُ أَوْ يَمْنَعَهُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی ایک گٹھا لکڑیوں کا اپنی پیٹھ پر اٹھا کر بیچے تو بہتر ہے اس سے کہ سوال کرے پھر کوئی دیوے کوئی نہ دیوے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٥٨٩- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ ابْنِ أَبِي جَعْفَرٍ قَالَ سَمِعْتُ حَمْزَةَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَسْأَلُ حَتَّى يَأْتِيَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَيْسَ فِي وَجْهِهِ مُزْعَةٌ مِنْ لَحْمٍ ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمیشہ آدمی مانگتا رہے یہاں تک کہ قیامت کے روز آئے گا اور اس کے منہ پر گوشت کا ایک ٹکڑا بھی نہ ہوگا (یعنی قیامت کے روز ذلیل وخوار ہو کر آئے گا۔)

٢٥٩٠- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي صَفْوَانَ الثَّقَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ بِسْطَامِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنْ عَائِذِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَأَعْطَاهُ فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ عَلَى أُسْكُفَّةِ الْبَابِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا فِي الْمَسْأَلَةِ مَا مَشَى أَحَدٌ إِلَى أَحَدٍ يَسْأَلُهُ شَيْئًا ۔

حضرت عائذ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے کچھ مانگا آپ نے دیا جب پاؤں چوکھٹ پر رکھا (یعنی لوٹ کر چلا) تو آپ نے فرمایا اگر تم جانتے جو مانگنے میں خرابی ہے البتہ کوئی کسی کے پاس مانگنے نہ جاتا۔

## بَابُ ١٣١٥ سُؤَالِ الصَّالِحِينَ

## نیک لوگوں سے مانگنا چاہیئے

٢٥٩١- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ بَكْرِ بْنِ سَوَادَةَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ مَخْشِيٍّ عَنِ ابْنِ الْفِرَاسِيِّ أَنَّ الْفِرَاسِيَّ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ لَا وَإِنْ كُنْتَ سَائِلًا لَا بُدَّ فَاسْأَلِ الصَّالِحِينَ ۔

حضرت ابن فراسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فراسی نے کہا یا رسول اللہ میں مانگوں آپ نے فرمایا نہیں اگر بے مانگے نہ ہو سکے تو نیک لوگوں سے مانگ۔ ف ۱۔

## بَابُ ١٣١٦ الِاسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْأَلَةِ

## سوال سے بچنا کیسا ہے

٢٥٩٢- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ نَاسًا مِنَ الْأَنْصَارِ سَأَلُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کچھ انصار کے لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ آپ نے ان کو دیا پھر سوال کیا پھر دیا جب آپ کے پاس کچھ نہ رہا

ف ۱: کیونکہ وہ رحم کریں گے اور تیرا راز فاش نہ کریں گے اور احسان نہ جتائیں گے مثل مشہور ہے خدا چھچھورے کے احسان سے بچاوے۔ فراسی جو راوی ہے اس حدیث کا صحابی ہے پر اس کا نام معلوم نہیں ہوا نہ اس کے بیٹے کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَسَلَّمَ فَأَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَأَلُوهُ فَأَعْطَاهُمْ حَتَّى إِذَا أَنْفَدَ مَا عِنْدَهُ قَالَ مَا يَكُونُ عِنْدِي مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ أَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ وَمَنْ يَسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنْ يَصْبِرْ يُصَبِّرْهُ اللَّهُ وَمَا أُعْطِيَ أَحَدٌ عَطَاءً هُوَ خَيْرٌ وَأَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ۔

تو آپ نے فرمایا میرے پاس جو مال ہوگا ہیں تم سے اٹھا نہ رکھوں گا اور جو شخص سوال سے بچے اللہ اس کو بچائے گا اور جو شخص صبر کرے اللہ اس کو صبر دے گا اور کوئی بخشش بہتر اور بڑی صبر سے زیادہ نہیں ہے۔

۲۵۹۳- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ شُعَيْبٍ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْنٌ قَالَ أَنْبَأَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَنْ يَأْخُذَ أَحَدُكُمْ حَبْلَهُ فَيَحْتَطِبَ عَلَى ظَهْرِهِ خَيْرٌ لَهُ مِنْ أَنْ يَأْتِيَ رَجُلًا أَعْطَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ فَضْلِهِ فَيَسْأَلَهُ أَعْطَاهُ أَوْ مَنَعَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر کوئی تم میں سے اپنی رسی لے کر لکڑیوں کا گٹھا اپنی پیٹھ پر لادے تو یہ بہتر ہے اس سے کہ ایک شخص کے پاس جاوے جس کو اللہ نے اپنے فضل سے دیا ہے اور اس سے مانگے پھر وہ دیوے یا نہ دیوے۔

## بَابُ ۱۳۱ فَضْلِ مَنْ لَا يَسْأَلُ النَّاسَ شَيْئًا

## جو شخص لوگوں سے کچھ نہ مانگے اس کی فضیلت

۲۵۹۴ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَضْمَنُ لِي وَاحِدَةً وَلَهُ الْجَنَّةُ قَالَ يَحْيَى هَهُنَا كَلِمَةٌ مَعْنَاهَا أَنْ لَا يَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا۔

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ضامن ہو میرے لیے ایک بات کا اسے جنت ملے گی وہ یہ ہے کہ لوگوں سے کچھ نہ مانگے۔

۲۵۹۵- أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي الْأَوْزَاعِيُّ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ أَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِي بَكْرٍ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا تَصْلُحُ الْمَسْأَلَةُ إِلَّا لِثَلَاثَةٍ رَجُلٍ أَصَابَتْ مَالَهُ جَائِحَةٌ فَيَسْأَلُ حَتَّى يُصِيبَ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ ثُمَّ يُمْسِكُ وَرَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَيَسْأَلُ حَتَّى يُؤَدِّيَ إِلَيْهِمْ حَمَالَتَهُمْ ثُمَّ يُمْسِكُ عَنِ الْمَسْأَلَةِ وَرَجُلٍ يَحْلِفُ ثَلَاثَةُ نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ

حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے سوال درست نہیں مگر تین آدمیوں کو ایک تو وہ شخص جس کے مال پر آفت آئی وہ مانگے یہاں تک کہ گزران کا ایک مضبوط ذریعہ حاصل کرے پھر باز رہے اور ایک وہ شخص جس نے کسی کا قرض اپنے ذمے لیا وہ مانگے یہاں تک کہ وہ قرضہ ادا ہو پھر باز رہے سوال سے اور ایک وہ شخص جس کی قوم کے تین عقل مند آدمی گواہی دیں اللہ کا نام لے کر بے شک اس کو مانگنا درست ہے وہ مانگے یہاں تک کہ گزران چلنے لگے اس کی پھر باز رہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



مِنْ ذَوِي الْحِجَا بِاللّٰهِ لَقَدْ حَلَّتِ الْمَسْأَلَةُ لِفُلَانٍ فَيَسْأَلُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ مَعِيشَةٍ ثُمَّ يُمْسِكُ عَنِ الْمَسْأَلَةِ فَمَا سِوٰى ذٰلِكَ سُحْتٌ۔

سوال سے اس کے سوا مانگنا حرام ہے۔

## بَابُ ۱۳۱۸ حَدُّ الْغِنٰى

## مالدار کس کو کہتے ہیں

۲۵۹۶- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَأَلَ وَلَهُ مَا يُغْنِيهِ جَاءَتْ خُمُوشًا أَوْ كُدُوحًا فِي وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَاذَا يُغْنِيهِ أَوْ مَاذَا أَغْنَاهُ قَالَ خَمْسُونَ دِرْهَمًا أَوْ حِسَابُهَا مِنَ الذَّهَبِ قَالَ يَحْيَى قَالَ سُفْيَانُ وَسَمِعْتُ زُبَيْدًا يُحَدِّثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوال کرے اور اس کے پاس اتنا مال ہو جس کی وجہ سے وہ غنی ہو تو اس کا منہ چھلا ہوا ہو گا قیامت کے روز لوگوں نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کتنا مال اس کو غنی کرتا ہے آپ نے فرمایا پچاس درم یا اس کی قیمت کا سونا، ف۔

## بَابُ ۱۳۱۹ الْإِلْحَافُ فِي الْمَسْأَلَةِ

## چمٹ کر مانگنا

۲۵۹۷- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ أَخِيهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُلْحِفُوا فِي الْمَسْأَلَةِ وَلَا يَسْأَلُنِي أَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا وَأَنَا لَهُ كَارِهٌ فَيُبَارَكُ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتُهُ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مت گڑگڑا کر اور چمٹ کر مانگو جو کوئی تم میں سے مجھ سے مانگتا ہے اور میں دل میں ناراض ہوتا ہوں تو اللہ برکت نہ دے گا اس میں جو میں اس کو دیتا ہوں اس کے چمٹنے کی وجہ سے۔

## بَابُ ۱۳۲۰ مَنِ الْمُلْحِفُ

## چمٹ کر مانگنے والا کون ہے

۲۵۹۸- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ أَنْبَأَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ دَاوُدَ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص سوال کرے

ف: پچاس درم کے پندرہ روپے کے قریب ہوئے جس کے پاس اتنا مال ہو اس پر سوال حرام ہے اگرچہ بے سوال کے اس کو زکوٰۃ لینا درست ہے دوسری حدیث میں ہے کہ اگر صبح شام کا کھانا بھی اس کے پاس موجود ہے تو سوال جائز نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ِن شَابُوْرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ
ال قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ
ـلَهٗ اَرْبَعُوْنَ دِرْهَمًا فَهُوَ الْمُلْحِفُ۔

اور اس کے پاس چالیس درم ہوں تو وہ الحاف سے سوال کرتا ہے (جس کا ذکر اللہ تعالےٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا الحاف کے معنے مبالغہ کرنا اور گڑگڑا کر پیچھے پڑ کر مانگنا۔

۲۵۹۹ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الرِّجَالِ
ن عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ
الْخُدْرِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَرَّحَتْنِيْ اُمِّيْ اِلٰى رَسُوْلِ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهٗ وَقَعَدْتُ فَاسْتَقْبَلَنِيْ
وَقَالَ مَنِ اسْتَغْنٰى اَغْنَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنِ
اسْتَعَفَّ اَعَفَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنِ اسْتَكْفٰى
كَفَاهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَمَنْ سَاَلَ وَلَهٗ قِيْمَةُ اُوْقِيَّةٍ
فَقَدْ اَلْحَفَ فَقُلْتُ نَاقَتِي الْيَاقُوْتَةُ خَيْرٌ مِّنْ اُوْقِيَّةٍ
فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَسْاَلْهُ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میری ماں نے مجھ کو روانہ کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس میں آیا اور بیٹھا آپ میرے سامنے منہ کر کے بیٹھے اور فرمایا جو شخص بے پرواہی کرے گا لوگوں سے اللہ اس کو بے پرواہ کرے گا اور جو شخص سوال سے بچے گا اللہ اس کو بچائے گا اور جو تھوڑے پر کفایت کرے گا اللہ اس کو کفایت دے گا اور جو شخص سوال کرے گا اور اس کے پاس ایک اوقیہ (چالیس درم) برابر مال ہوگا تو اس نے الحاف کیا میں نے دل میں کہا میری اونٹنی یاقوتہ ایک اوقیہ سے بہتر ہے میں لوٹ کر آیا اور آپ سے سوال نہیں کیا۔

---

## بَابٌ ۱۳۲ اِذَا لَمْ يَكُنْ لَّهٗ دَرَاهِمُ وَكَانَ لَهٗ عِدْلُهَا

## جس شخص کے پاس روپیہ نہ ہو لیکن مال ہو۔

۲۶۰۰۔ اَخْبَرَنَا قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً
عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَالِكٌ
عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ
رَجُلٍ مِّنْ بَنِيْ اَسَدٍ قَالَ نَزَلْتُ اَنَا وَاَهْلِيْ
بِبَقِيْعِ الْغَرْقَدِ فَقَالَتْ لِيْ اَهْلِي اذْهَبْ اِلٰى
رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلْهُ لَنَا شَيْئًا
نَاْكُلُهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ فَوَجَدْتُ عِنْدَهٗ رَجُلًا يَسْاَلُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا اَجِدُ مَا اُعْطِيْكَ
فَوَلَّى الرَّجُلُ عَنْهُ وَهُوَ يَقُوْلُ لَعَمْرِيْ اِنَّكَ
لَتُعْطِيْ مَنْ شِئْتَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ اِنَّهٗ لَيَغْضَبُ عَلَيَّ اَنْ لَّا اَجِدَ مَا اُعْطِيْهِ مَنْ
سَاَلَ مِنْكُمْ وَلَهٗ اُوْقِيَّةٌ اَوْ عِدْلُهَا فَقَدْ سَاَلَ اِلْحَافًا
قَالَ الْاَسَدِيُّ فَقُلْتُ لَلَقْحَةٌ لَّنَا خَيْرٌ مِّنْ اُوْقِيَّةٍ

ایک شخص سے روایت ہے جو بنی اسد میں سے تھا میں اور میرے گھر کے لوگ بقیع الغرقد (مدینہ منورہ کے مقبرہ کا نام ہے) میں اترے میری بی بی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا اور کچھ مانگ کر لا جس کو ہم کھاویں۔ میں گیا آپ کے پاس ایک شخص کو دیکھا جو مانگ رہا تھا۔ آپ فرماتے تھے میرے پاس نہیں ہے جو تجھ کو دوں وہ شخص پیٹھ موڑ کر غصے سے چلا اور کہتا تھا قسم ہے مجھے عمر دینے والے کی تم اسی کو دیتے ہو جس کو چاہتے ہو۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ غصے ہوتا ہے اس بات پر کہ میرے پاس نہیں ہے جو اس کو دوں جو شخص تم میں سے سوال کرے اور اس کے پاس چالیس درہم ہوں یا اتنا مال ہو تو اس نے ناحق سوال کیا میں نے کہا میرے پاس تو ایک اونٹ چالیس دینار سے بہتر ہے پھر میں لوٹا اور آپ سے کچھ نہ مانگا بعد اس کے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جو اور سوکھے انگور آئے آپ نے ہم کو بھی

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَالْأُوقِيَّةُ أَرْبَعُونَ دِرْهَمًا فَرَجَعْتُ وَلَمْ أَسْأَلْهُ فَقُدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ شَعِيرٌ وَزَبِيبٌ فَقَسَمَ لَنَا مِنْهُ حَتَّى أَغْنَانَا اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ ۔

اس میں سے ایک حصہ دیا یہاں تک اللہ نے مالدار کر دیا ہم کو۔

۲۶۰۱ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صدقہ درست نہیں ہے مالدار کو اور نہ اچھے ہٹے کٹے تندرست کو (جو محنت مزدوری کر سکے۔

## باب ۱۳۲۲ مَسْأَلَةِ الْقَوِيِّ الْمُكْتَسِبِ

## جو شخص طاقتور کما سکتا ہو اس کو سوال کرنا کیسا ہے؟

۲۶۰۲- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَدِيِّ بْنِ الْخِيَارِ أَنَّ رَجُلَيْنِ حَدَّثَاهُ أَنَّهُمَا أَتَيَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلَانِهِ مِنَ الصَّدَقَةِ فَقَلَّبَ فِيهِمَا الْبَصَرَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ بَصَرَهُ فَرَآهُمَا جَلْدَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتُمَا وَلَا حَظَّ فِيهَا لِغَنِيٍّ وَلَا لِقَوِيٍّ مُكْتَسِبٍ ۔

حضرت عبید اللہ بن عدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دو شخصوں نے ان سے بیان کیا کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے صدقے میں سے کچھ مانگتے تھے آپ نے ان کو گھور کر دیکھا معلوم کیا کہ وہ طاقتور ہیں فرمایا اگر تم چاہو تو لو لیکن صدقے میں کوئی حصّہ نہیں ہے مالدار کا اور نہ طاقتور کماؤ کا۔

## باب ۱۳۲۳ مَسْأَلَةِ الرَّجُلِ ذَا سُلْطَانٍ

## حاکم سے مانگنا!

۲۶۰۳- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الْمَسَائِلَ كُدُوحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ فَمَنْ شَاءَ كَدَحَ وَجْهَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ ذَا سُلْطَانٍ أَوْ شَيْئًا لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا ۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مانگنے والا زخمی کرتا ہے اپنے منہ کو جس شخص کا جی چاہے زخمی کرے اور جس کا جی چاہے زخمی نہ کرے اور جس کا جی چاہے چھوڑ دے مگر وہ جو حاکم سے کوئی چیز مانگے یا ایسی چیز مانگے جس کے بغیر علاج نہ ہو۔ (یعنی ضروری ہو)۔

## باب ۱۳۲۴ مَسْأَلَةِ الرَّجُلِ فِي أَمْرٍ لَا بُدَّ لَهُ مِنْهُ

## ضروری چیز کے لیے سوال کرنا

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۶۰۴- أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْأَلَةُ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ إِلَّا أَنْ يَسْأَلَ الرَّجُلُ سُلْطَانًا أَوْ فِي أَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مانگنا ایک زخم ہے مانگنے والا اپنے منہ کو زخمی کرتا ہے مانگ کر مگر جو شخص حاکم سے مانگے یا ایسی چیز مانگے جس کے بغیر چارہ نہ ہو۔

۲۶۰۵- أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَكِيمُ إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِطِيبِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ نے دیا پھر مانگا پھر دیا پھر مانگا پھر دیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے حکیم یہ مال سبز ہے (یعنی دیکھنے میں بھلا معلوم ہوتا ہے) شیریں ہے جو شخص اس کو خوشی سے لے گا اس کو برکت دی جائے گی اور جو شخص طمع سے لے گا اس کو برکت نہ ہو گی وہ ایسا ہو گا جیسے کوئی کھا دے لیکن اس کا پیٹ نہ بھرے۔

## بَابُ ۲۲۵ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى

## اوپر والا ہاتھ نیچے کے ہاتھ سے بہتر ہے

۲۶۰۶- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْكِينُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَكِيمُ إِنَّ هَذَا الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ مَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ النَّفْسِ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى۔

حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مانگا۔ اخیر تک وہی حدیث ہے جو اوپر گزری، اتنا زیادہ ہے کہ اوپر والا ہاتھ (یعنی دینے والا) بہتر ہے نیچے والے ہاتھ (یعنی مانگنے والے) سے۔!

۲۶۰۷- أَخْبَرَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا اتنا زیادہ ہے کہ حکیم نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قسم ہے اس ذات کی جس نے آپ کو بھیجا

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِي ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِي ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَكِيمُ إِنَّ هَذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلَى قَالَ حَكِيمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا أَرْزَأُ أَحَدًا بَعْدَكَ حَتَّى أُفَارِقَ الدُّنْيَا بِشَيْءٍ۔

سچائی کے ساتھ ہیں اب کسی سے آپ کے بعد نہ لوں گا کوئی چیز یہاں تک کہ دُنیا سے اٹھ جاؤں۔ ایسا ہی ہوا حکیم بن حزام نے پھر زندگی بھر کسی سے کچھ نہ لیا یہاں تک کہ حضرت ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما ان کو بلاتے مال غنیمت میں سے ان کا حصّہ دینے کے لیے اور وہ نہ لیتے)

## بَابُ ۲۲۶ مَنْ آتَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَالًا مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ

## جس شخص کو اللہ تعالیٰ کوئی چیز دیوے بغیر سوال کے

۲۶۰۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ الْمَالِكِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى الصَّدَقَةِ فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَأَدَّيْتُهَا إِلَيْهِ أَمَرَ لِي بِعُمَالَةٍ فَقُلْتُ لَهُ إِنَّمَا عَمِلْتُ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَجْرِي عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ خُذْ مَا أَعْطَيْتُكَ فَإِنِّي قَدْ عَمِلْتُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ قَوْلِكَ فَقَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُعْطِيتَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ أَنْ تَسْأَلَ فَكُلْ وَتَصَدَّقْ۔

حضرت عبداللہ بن الساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت عمرؓ نے مجھ کو مقرر کیا صدقہ تحصیل کرنے کے کام پر جب میں فارغ ہوا اور صدقہ ان کو دے دیا۔ انھوں نے حکم کیا میرے لیے اجرت دینے کا میں نے کہا یہ کام میں نے خدا کے لیے کیا تھا میرا اجر بھی اللہ دے گا۔ انھوں نے کہا جو میں دیتا ہوں لے لے اس لیے کہ میں نے بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک کام کیا تھا پھر میں نے بھی کہا تھا جو تو نے کہا آپ نے فرمایا جب تجھے کوئی چیز ملے بن مانگے تو کھا اس میں سے اور صدقہ دے۔

۲۶۰۹۔ أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَبُو عُبَيْدِ اللَّهِ الْمَخْزُومِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ حُوَيْطِبِ بْنِ عَبْدِ الْعُزَّى قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ السَّعْدِيِّ أَنَّهُ قَدِمَ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ مِنَ الشَّامِ فَقَالَ أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَعْمَلُ عَلَى عَمَلٍ مِنْ أَعْمَالِ

حضرت عبداللہ بن سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ حضرت عمرؓ کے پاس آئے شام سے انھوں نے کہا میں نے سُنا ہے تم کام کرتے ہو مسلمانوں کا اور جو اجرت ملتی ہے وہ نہیں لیتے عبداللہ نے کہا ہاں صحیح ہے میرے پاس گھوڑے ہیں اور غلام ہیں اور میں اچھا ہوں میں چاہتا ہوں کہ جو مال مجھ کو اجرت میں ملتا ہے۔ وہ مسکینوں کے صدقے میں صرف ہو حضرت

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْمُسْلِمِينَ تُعْطِي عَلَيْهِ عُمَالَةً فَلَا تَقْبَلُهَا قَالَ أَجَلْ إِنَّ لِي أَفْرَاسًا وَأَعْبُدًا وَأَنَا بِخَيْرٍ وَأُرِيدُ أَنْ يَكُونَ عَمَلِي صَدَقَةً عَلَى الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِنِّي أَرَدْتُ الَّذِي أَرَدْتَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِينِي الْمَالَ فَأَقُولُ أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَفْقَرُ إِلَيْهِ مِنِّي وَإِنَّهُ أَعْطَانِي مَرَّةً مَالًا فَقُلْتُ لَهُ أَعْطِهِ مَنْ هُوَ أَحْوَجُ إِلَيْهِ مِنِّي فَقَالَ مَا آتَاكَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ هَذَا الْمَالِ مِنْ غَيْرِ مَسْأَلَةٍ وَلَا إِشْرَافٍ فَخُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ أَوْ تَصَدَّقْ بِهِ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔

عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے بھی یہی چاہا تھا جو تو چاہتا ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھ کو مال دیتے میں کہتا اس کو دیجئے جو مال کی حاجت مجھ سے زیادہ رکھتا ہے۔ ایک بار آپ نے مجھ کو مال دیا میں نے کہا جو مجھ سے زیادہ محتاج ہے اس کو دیجئے آپ نے فرمایا جو اللہ تعالیٰ تجھے دیوے دنیا کے مالوں میں سے بغیر سوال کے اور طمع کیے تو اس کو لے لے اور کام میں لا اور صدقہ دے اور جو مال تجھے نہ دیوے اس کے پیچھے اپنی جان مت لگا (یعنی اس کے حاصل کرنے کے لیے بے فائدہ رنج اور غصہ مت کر۔)

۲۶۱۰- أَخْبَرَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ حُوَيْطِبَ بْنَ عَبْدِ الْعُزَّى أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ السَّعْدِيِّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَدِمَ عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي خِلَافَتِهِ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ أَلَمْ أُحَدَّثْ أَنَّكَ تَلِي مِنْ أَعْمَالِ النَّاسِ أَعْمَالًا فَإِذَا أُعْطِيتَ الْعُمَالَةَ رَدَدْتَهَا فَقُلْتُ بَلَى فَقَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَمَا تُرِيدُ إِلَى ذَلِكَ فَقُلْتُ لِي أَفْرَاسٌ وَأَعْبُدٌ وَأَنَا بِخَيْرٍ وَأُرِيدُ أَنْ يَكُونَ عَمَلِي صَدَقَةً عَلَى الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ فَلَا تَفْعَلْ فَإِنِّي كُنْتُ أَرَدْتُ مِثْلَ الَّذِي أَرَدْتَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِينِي الْعَطَاءَ فَأَقُولُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ أَوْ تَصَدَّقْ بِهِ مَا جَاءَكَ مِنْ هَذَا الْمَالِ وَأَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔

ترجمہ۔ عبداللہ بن سعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۲۶۱۱- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



السَّائِبُ بْنُ يَزِيدَ أَنَّ حُوَيْطِبَ بْنَ عَبْدِ الْعُزّٰى أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ السَّعْدِيِّ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ قَدِمَ عَلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فِي خِلَافَتِهِ فَقَالَ عُمَرُ أَلَمْ أُخْبَرْ أَنَّكَ تَلِي مِنْ أَعْمَالِ النَّاسِ أَعْمَالًا فَإِذَا أُعْطِيتَ الْعُمَالَةَ كَرِهْتَهَا قَالَ فَقُلْتُ بَلٰى قَالَ فَمَا تُرِيدُ إِلٰى ذٰلِكَ فَقُلْتُ إِنَّ لِي أَفْرَاسًا وَأَعْبُدًا وَأَنَا بِخَيْرٍ وَأُرِيدُ أَنْ يَكُونَ عَمَلِي صَدَقَةً عَلَى الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ عُمَرُ فَلَا تَفْعَلْ فَإِنِّي كُنْتُ أَرَدْتُ الَّذِي أَرَدْتَ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِينِي الْعَطَاءَ فَأَقُولُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّي حَتّٰى أَعْطَانِي مَرَّةً مَالًا فَقُلْتُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ فَمَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَأَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔

---

۲۶۱۲- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِينِي الْعَطَاءَ فَأَقُولُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّي حَتّٰى أَعْطَانِي مَرَّةً مَالًا فَقُلْتُ لَهُ أَعْطِهِ أَفْقَرَ إِلَيْهِ مِنِّي فَقَالَ خُذْهُ فَتَمَوَّلْهُ وَتَصَدَّقْ بِهِ وَمَا جَاءَكَ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَأَنْتَ غَيْرُ مُشْرِفٍ وَلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ۔

ف۱: پھر منع کرنا حضرت عمر رضؓ اور عثمان رضؓ کا تمتع سے کسی خاص وجہ سے ہوگا ورنہ قرآن میں خود تمتع کا جواز موجود ہے بعضوں نے کہا کہ یہ نہی تنزیہی ہے نہ تحریمی اس لیے کہ افراد افضل ہے اور حج کے دنوں میں حج کرنا بہتر ہے اور بعضوں نے کہا کہ مقصود ممانعت سے اس تمتع سے ہے جس میں حج کا احرام فسخ کر کے عمرہ کیا جاوے اور آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو رخصت دی صحابہ کو اس امر کی وہ ان کے ساتھ خاص تھی جیسے حضرت ابوذر رضؓ سے مروی ہے کہ متعہ حج اور متعہ نساء دونوں ہمارے ساتھ خاص تھے (واللہ اعلم)۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّهٗ كَانَ يُفْتِيْ بِالْمُتْعَةِ فَقَالَ لَهٗ رَجُلٌ رُوَيْدَكَ بِبَعْضِ فُتْيَاكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِيْ مَا اَحْدَثَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي النُّسُكِ بَعْدُ حَتّٰى لَقِيْتُهٗ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ عُمَرُ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ فَعَلَهٗ وَلٰكِنْ كَرِهْتُ اَنْ يَظَلُّوْا مُعْرِسِيْنَ بِهِنَّ فِي الْاَرَاكِ ثُمَّ يَرُوْحُوْا بِالْحَجِّ تَقْطُرُ رُءُوْسُهُمْ۔

بعد جب تک تم ان سے نہ ملو ابوموسیٰ نے کہا میں عمرؓ سے ملا اور ان سے پوچھا انھوں نے کہا میں جانتا ہوں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا لیکن مجھے برا معلوم ہوا کہ لوگ رات کو اراک[1] کے تلے اپنی عورتوں کے ساتھ رہیں اور صبح کو حج کو جاویں سر میں سے پانی ٹپکتا ہوا (یعنی غسل جنابت کر کے)۔

www.KitaboSunnat.com

۲۷۴۰۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيْقٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبِيْ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَنْهَاكُمْ عَنِ الْمُتْعَةِ وَاِنَّهَا لَفِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَقَدْ فَعَلَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي الْعُمْرَةَ فِي الْحَجِّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے سنا حضرت عمرؓ سے وہ کہتے تھے قسم خدا کی میں تم کو منع کرتا ہوں تمتع سے (حالانکہ تمتع اللہ کی کتاب میں موجود ہے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے پھر منع کرنا حضرت عمرؓ کا بے فائدہ ٹھہرا اور صحابہؓ نے اس طرف التفات نہ کیا۔

۲۷۴۱۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوٗسٍ قَالَ قَالَ مُعَاوِيَةُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اَعَلِمْتَ اَنِّيْ قَصَّرْتُ مِنْ رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْمَرْوَةِ قَالَ لَا يَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذَا مُعَاوِيَةُ يَنْهَى النَّاسَ عَنِ الْمُتْعَةِ وَقَدْ تَمَتَّعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت طاؤسؒ سے روایت ہے معاویہؓ نے ابن عباسؓ سے کہا کیا تم جانتے ہو کہ میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کترے مروے کے پاس۔ انھوں نے کہا ابن عباسؓ یہ نہ کہیں کہ معاویہ لوگوں کو منع کرتا ہے تمتع سے حالانکہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا ہے[2]۔

۲۷۴۲۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسٍ وَهُوَ ابْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بِالْبَطْحَاءِ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا بطحاء میں، آپ نے فرمایا تو نے کاہے کا احرام باندھا میں نے کہا جس چیز کا آپ نے احرام باندھا۔ آپ نے فرمایا تو ہدی ساتھ لایا۔ میں نے

---

[1]: ایک درخت کا نام ہے۔ ۱۲،

[2]: مگر یہ دلیل معاویہؓ کی ٹھیک نہیں اس لیے کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا تھا لیکن آپ قربانی ساتھ لائے تھے اس وجہ سے آپ نے عمرہ کر کے احرام نہ کھولا اور بال نہ کترائے پر جو لوگ قربانی ساتھ نہیں لائے تھے ان کو آپ نے احرام کھولنے کا حکم دیدیا اور فرمایا اگر مجھ کو پیشتر ایسا معلوم ہوتا تو ہدی ساتھ نہ لاتا جیسے دوسری روایتوں میں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقَالَ بِمَا أَهْلَلْتَ قُلْتُ أَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هَلْ سُقْتَ مِنْ هَدْيٍ قُلْتُ لَا قَالَ فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حِلَّ فَطُفْتُ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً مِنْ قَوْمِي فَمَشَطَتْنِي وَغَسَلَتْ رَأْسِي فَكُنْتُ أُفْتِي النَّاسَ بِذٰلِكَ فِي إِمَارَةِ أَبِي بَكْرٍ وَإِمَارَةِ عُمَرَ وَإِنِّي لَقَائِمٌ بِالْمَوْسِمِ إِذْ جَاءَنِي رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي شَأْنِ النُّسُكِ قُلْتُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ بِشَيْءٍ فَلْيَتَّئِدْ فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَائْتَمُّوا بِهِ فَلَمَّا قَدِمَ قُلْتُ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا هٰذَا الَّذِي أَحْدَثْتَ فِي شَأْنِ النُّسُكِ قَالَ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ وَأَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ نَبِيِّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ نَبِيَّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى نَحَرَ الْهَدْيَ۔

۲۷۴۳۔ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ قَالَ لِي عِمْرَانُ ابْنُ حُصَيْنٍ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَمَتَّعَ وَتَمَتَّعْنَا مَعَهُ قَالَ فِيهَا قَائِلٌ بِرَأْيِهِ۔

## ۱۳۸۱۔ تَرْكُ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ الْإِهْلَالِ

۲۷۴۴۔ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى ابْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ

کہا نہیں آپ نے فرمایا طواف کر لے اور صفا مروہ دوڑ لے پھر احرام کھول ڈال۔ میں نے طواف کیا اور صفا مروہ دوڑا پھر اپنی قوم کی ایک عورت کے پاس آیا اس نے میرے سر میں کنگھی کی اور میرا سر دھویا میں لوگوں کو ایسا حکم دیتا رہا حضرت ابو بکرؓ اور عمرؓ کی خلافت تک۔ پھر ایک بار میں حج کے موسم میں کھڑا تھا اتنے میں ایک شخص آیا اور کہنے لگا تم نہیں جانتے جو امیر المومنین نے نیا حکم دیا ہے حج کے باب میں۔ میں نے کہا اے لوگو تم میں سے جس شخص کو میں نے کچھ حکم دیا ہو وہ تامل کرے اس لیے کہ امیر المومنین خود آنیوالے ہیں ان کی پیروی کرو۔ جب وہ آئے تو میں نے کہا اے امیر المومنین تم نے کون سی بات نکالی ہے حج میں انھوں نے کہا یہ نئی بات ہے کہ عمل کرو اللہ کی کتاب پر اللہ فرماتا ہے پورا کرو حج اور عمرے کو اللہ کے لیے اور عمل کرو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت پر اس لیے کہ ہمارے پیغمبرؐ نے احرام نہیں کھولا جب تک ہدی کو نحر نہیں کیا۔ ف۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ تمتع کیا لیکن ایک شخص نے اپنی عقل سے اس باب میں کچھ کہا (اس پر عمل کرنا ضروری نہیں وہ شخص حضرت عمرؓ ہیں۔)

## احرام کے وقت حج یا عمرے کا نام نہ لینا۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے سُنا اپنے والد بزرگوار امام محمد باقرؓ سے، فرمایا کہ

ف: مگر ان دونوں باتوں سے تمتع کی ممانعت ثابت نہیں ہوتی اور خود اللہ کی کتاب میں ہے فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ إِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ اور پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے احرام نہیں کھولا ہدی کے ساتھ ہونے کی وجہ سے لیکن اور صحابہؓ کو حکم دیا احرام کھولنے کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ بِالْمَدِينَةِ تِسْعَ حِجَجٍ ثُمَّ أُذِّنَ فِي النَّاسِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَاجٍّ هَذَا الْعَامَ فَنَزَلَ الْمَدِينَةَ بَشَرٌ كَثِيرٌ كُلُّهُمْ يَلْتَمِسُ أَنْ يَأْتَمَّ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَفْعَلَ مَا يَفْعَلُ فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِينَ مِنْ ذِي الْقَعْدَةِ وَخَرَجْنَا مَعَهُ قَالَ جَابِرٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَظْهُرِنَا عَلَيْهِ يَنْزِلُ الْقُرْآنُ وَهُوَ يَعْرِفُ تَأْوِيلَهُ وَمَا عَمِلَ بِهِ مِنْ شَيْءٍ عَمِلْنَا فَخَرَجْنَا لَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ.

میں جابر بن عبداللہ انصاری کے پاس گیا اور ان سے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حج کو انھوں نے کہا آپ نو سال تک مدینے میں رہے حج کے دنوں میں، پھر لوگوں کو اطلاع کی گئی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس سال حج کو تشریف لے جاویں گے تو بہت لوگ مدینے میں آئے اس خیال سے کہ آپ کی پیروی کریں حج کے کاموں میں۔ پھر آپ نکلے جب ذیقعدہ کے پانچ روز باقی رہے ہم بھی آپ کے ساتھ نکلے۔ جابرؓ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر ہماری بیچ میں قرآن اترا آپ اس کا مطلب سمجھتے ہیں لیکن ہم تو جو آپ کرتے وہی کرتے اور جب ہم نکلے تو حج کی نیت سے نکلے۔

۲۷۴۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا لَا نَنْوِي إِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا كُنَّا بِسَرِفَ حِضْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقَالَ أَحِضْتِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ إِنَّ هَذَا شَيْءٌ كَتَبَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى بَنَاتِ آدَمَ فَاقْضِي مَا يَقْضِي الْمُحْرِمُ غَيْرَ أَنْ لَا تَطُوفِي بِالْبَيْتِ.

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم نکلے حج ہی کی نیت سے جب سرف (ایک مقام ہے مکے سے چھ کوس پر) میں پہنچے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس آئے میں رو رہی تھی۔ آپ نے فرمایا شاید تجھ کو حیض آیا۔ میں نے کہا جی ہاں۔ آپ نے فرمایا یہ تو وہ چیز ہے جو اللہ نے لکھ دی آدم کی بیٹیوں کے حصے میں تو کر سب کام جو احرام والے کرتے ہیں مگر طواف نہ کر بیت اللہ کا (جب تک پاک نہ ہو لے۔)

## ۱۲- الْحَجُّ بِغَيْرِ نِيَّةٍ يَقْصِدُهُ الْمُحْرِمُ

## دوسرے کی نیت پر حج کا احرام باندھنا

۲۷۴۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ أَخْبَرَنِي قَيْسُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ سَمِعْتُ طَارِقَ بْنَ شِهَابٍ قَالَ قَالَ أَبُو مُوسَى أَقْبَلْتُ مِنَ الْيَمَنِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنِيخٌ بِالْبَطْحَاءِ حَيْثُ حَجَّ فَقَالَ أَحَجَجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ كَيْفَ قُلْتَ قَالَ قُلْتُ لَبَّيْكَ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں یمن سے آیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اونٹ بٹھائے ہوئے تھے بطحا میں جہاں حج کیا تھا۔ مجھ سے پوچھا تو نے حج کیا میں نے کہا ہاں آپ نے فرمایا تو نے کیا کہا، میں نے کہا لبیک باہلال کاہلال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی میں وہی احرام باندھتا ہوں جیسے رسول

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِإِهْلَالٍ كَإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَطُفْ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَأَحِلَّ فَفَعَلْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ امْرَأَةً فَفَلَتْ رَأْسِي فَجَعَلْتُ أُفْتِي النَّاسَ بِذٰلِكَ حَتّٰى كَانَ فِي خِلَافَةِ عُمَرَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا أَبَا مُوسٰى رُوَيْدَكَ بَعْضَ فُتْيَاكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي مَا أَحْدَثَ أَمِيرُ الْمُؤْمِنِينَ فِي النُّسُكِ بَعْدَكَ قَالَ أَبُو مُوسٰى يَا أَيُّهَا النَّاسُ مَنْ كُنَّا أَفْتَيْنَاهُ فَلْيَتَّئِدْ فَإِنَّ أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَادِمٌ عَلَيْكُمْ فَائْتَمُّوا بِهِ وَقَالَ عُمَرُ إِنْ نَأْخُذْ بِكِتَابِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ يَأْمُرُنَا بِالتَّمَامِ وَإِنْ نَأْخُذْ بِسُنَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحِلَّ حَتّٰى بَلَغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهُ۔

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے باندھا ہے۔ آپ نے فرمایا طواف کر بیت اللہ کا اور دوڑ صفا اور مروے میں پھر احرام کھول ڈال میں نے ایسا ہی کیا بعد اس کے میں ایک عورت کے پاس گیا اس نے میرے سر کی جوئیں نکالیں میں لوگوں کو ایسا ہی حکم دیتا رہا یہاں تک کہ عمرؓ کی خلافت ہوئی ایک شخص نے ابو موسیٰؓ سے کہا تم اپنا فتویٰ چھوڑ دو تم کو معلوم نہیں امیر المومنینؓ نے کیا حکم دیا ہے حج کے کاموں میں۔ ابو موسیٰؓ نے کہا اے لوگو! جس کو میں نے فتویٰ دیا ہو وہ توقف کرے اس لیے کہ امیر المومنینؓ خود آنے والے ہیں ان کی پیروی کرو۔ حضرت عمرؓ نے کہا ہم کو اللہ کی کتاب پر عمل کرنا چاہیے اللہ حکم کرتا ہے پورا کرنے کا (حج یا عمرے کو) اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی سنت پر۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے احرام نہیں کھولا (جب تک ہدی اپنے ٹھکانے نہیں پہنچی یعنی کاٹی نہیں گئی منا میں) ف۔

۲۷۴۷۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا أَنَّ عَلِيًّا قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ بِهَدْيٍ وَسَاقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ هَدْيًا قَالَ لِعَلِيٍّ بِمَا أَهْلَلْتَ قَالَ قُلْتُ اللّٰهُمَّ إِنِّي أُهِلُّ بِمَا أَهَلَّ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعِيَ الْهَدْيُ قَالَ فَلَا تَحِلَّ۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے مجھ سے بیان کیا میرے والد امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم جابر بن عبد اللہؓ کے پاس آئے اور ان سے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حج کو۔ انھوں نے کہا حضرت علیؓ تشریف لائے یمن سے ہدی لے کر اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مدینے سے ہدی لے گئے تھے۔ آپ نے فرمایا علیؓ سے تم نے کاہے کا احرام باندھا انھوں نے کہا میں نے کہا یا اللہ میں احرام باندھتا ہوں اس چیز کا جس کا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے باندھا اور میرے ساتھ ہدی ہے آپ نے فرمایا تو احرام نہ کھول (جب تک حج سے فارغ نہ ہو)

۲۷۴۸۔ أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ قَدِمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت علیؓ صدقے کا کام کر کے آئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

ف: اس روایت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمرؓ نے اسی تمتع سے منع کیا جس میں حج کو فسخ کر کے عمرہ بنایا جائے اور یہ ممانعت بھی تنزیہاً تھی نہ تحریماً۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلِيٌّ مِنْ سِعَايَتِهِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا أَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ قَالَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا أَنْتَ قَالَ وَأَهْدَى عَلِيٌّ لَهُ هَدْيًا ۔

۲۷۴۹۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ كُنْتُ مَعَ عَلِيٍّ حِينَ أَمَّرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْيَمَنِ فَأَصَبْتُ مَعَهُ أَوَاقِيَ فَلَمَّا قَدِمَ عَلِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَلِيٌّ وَجَدْتُ فَاطِمَةَ قَدْ نَضَحَتِ الْبَيْتَ بِنَضُوحٍ قَالَ فَتَخَطَّيْتُهُ فَقَالَتْ لِي مَا لَكَ فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَمَرَ أَصْحَابَهُ فَأَحَلُّوا قَالَ قُلْتُ إِنِّي أَهْلَلْتُ بِإِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي كَيْفَ صَنَعْتَ قُلْتُ إِنِّي أَهْلَلْتُ بِمَا أَهْلَلْتَ قَالَ فَإِنِّي قَدْ سُقْتُ الْهَدْيَ وَقَرَنْتُ ۔

## ۱۳۸۵۔ إِذَا أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ هَلْ يَجْعَلُ مَعَهَا حَجًّا

۲۷۵۰۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ أَرَادَ الْحَجَّ عَامَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ فَقِيلَ لَهُ إِنَّهُ كَائِنٌ بَيْنَهُمْ قِتَالٌ وَأَنَا أَخَافُ أَنْ يَصُدُّوكَ قَالَ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ إِذًا أَصْنَعَ كَمَا صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً ثُمَّ خَرَجَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِظَاهِرِ الْبَيْدَاءِ قَالَ مَا شَأْنُ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ إِلَّا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي وَأَهْدَى هَدْيًا اشْتَرَاهُ

نے پوچھا تم نے کاہے کا احرام باندھا اے علیؓ، انھوں نے کہا جو آپ نے باندھا۔ آپ نے فرمایا تو ہدی دے اور احرام باندھے رہ جیسے تو باندھے ہے۔ جابرؓ نے کہا علیؓ بھی اپنے لیے ہدی لائے تھے۔

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں حضرت علیؓ کے ساتھ تھا جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو مقرر کیا یمن پر۔ میں نے ان کے ساتھ کئی اوقیے کمائے (ایک اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے) جب وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے (مکہ میں) تو فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو دیکھا انھوں نے گھر میں خوشبو پھیلائی ہے علیؓ نے کہا میں نے ان سے کہا تم نے برا کیا۔ انھوں نے کہا تمھیں کیا ہوا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو حکم کیا انھوں نے احرام کھول ڈالا۔ میں نے کہا میں نے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرح احرام باندھا ہے پھر میں آپ کے پاس آیا آپ نے فرمایا تو نے کیا کیا ہے؟ میں نے کہا آپ کی طرح احرام باندھا ہے آپ نے فرمایا میں نے قران کیا ہے اور ہدی ساتھ لایا ہوں۔

## اگر عمرے کا احرام باندھے تو اس کے ساتھ حج بھی کر سکتا ہے

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ابن عمرؓ نے حج کا ارادہ کیا جس سال حجاج بن یوسف لڑنے آیا تھا عبداللہ بن زبیرؓ سے۔ لوگوں نے کہا وہاں لڑائی ہونے والی ہے ایسا نہ ہو لوگ تم کو روکیں۔ انھوں نے کہا اللہ فرماتا ہے تم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا بہتر ہے اس وقت میں وہی کروں گا جیسا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا صلح حدیبیہ کے زمانے میں جب کافروں نے آپ کو مکے میں آنے سے روکا تھا آپ نے مجبور ہو کر قربانی کاٹ ڈالی اور بال منڈ واڈالے احرام کھول ڈالا پھر دوسرے سال

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِقُدَيْدٍ ثُمَّ انْطَلَقَ يُهِلُّ بِهِمَا جَمِيعًا حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ فَطَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَلَمْ يَزِدْ عَلَى ذٰلِكَ وَلَمْ يَنْحَرْ وَلَمْ يَحْلِقْ وَلَمْ يُقَصِّرْ وَلَمْ يَحِلَّ مِنْ شَيْءٍ حَرُمَ مِنْهُ حَتَّى كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَنَحَرَ وَحَلَقَ فَرَأَى أَنْ قَدْ قَضَى طَوَافَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ بِطَوَافِهِ الْأَوَّلِ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ كَذٰلِكَ فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

آپ نے عمرے کی قضا کی) میں نے تم کو گواہ کیا میں نے اپنے اوپر عمرہ واجب کیا پھر نکلے جب بیدا میں پہنچے تو کہا حج اور عمرہ ایک ہی ہیں تم کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے حج واجب کیا عمرے کے ساتھ اور ہدی لے گئے جسکو قدید (ایک مقام کا نام ہے) میں خریدا تھا پھر دونوں کو پکارتے ہوئے مکے میں آئے اور طواف کیا بیت اللہ کا اور صفا مروہ دوڑے بس اس سے زیادہ نہ کیا نہ قربانی کو نحر کیا نہ سر منڈایا نہ بال کترائے نہ کسی چیز کا استعمال کیا جو احرام میں درست نہیں جب دسویں تاریخ ہوئی تو نحر کیا سر منڈوایا اور خیال کیا کہ پہلے طواف سے حج اور عمرہ دونوں کا طواف ہو گیا ف۔ ابن عمر رضی نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسا ہی کیا تھا۔

## ۳۸۶۔ كَيْفَ التَّلْبِيَةُ

## لبیک کیونکر کہے

۲۷۵۱۔ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ إِنَّ سَالِمًا أَخْبَرَنِي أَنَّ أَبَاهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ يَقُولُ لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَإِنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُولُ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَعُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ النَّاقَةُ قَائِمَةً عِنْدَ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ أَهَلَّ بِهٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پکارتے سنا آپ فرماتے تھے لبیک اللھم لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لا شریک لک یعنی حاضر ہوتا ہوں تیری خدمت میں یا اللہ حاضر ہوں حاضر تیرا کوئی ساتھی نہیں شکر اور احسان تیرا ہے سلطنت تیری ہے کوئی تیرا ساجھی نہیں۔ عبد اللہ بن عمر رضی نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ میں دو رکعتیں پڑھتے پھر جب اونٹ آپ کو لے کر کھڑا ہوتا مسجد کے پاس تو آپ ان کلموں کو پکار کر کہتے۔

۲۷۵۲۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ زَيْدًا وَأَبَا بَكْرٍ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُمَا سَمِعَا نَافِعًا يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

---

ف شافعی رح کا یہ مذہب ہے اور ابوحنیفہ رح کے نزدیک قارن کو دو طواف اور دو سعی کرنا چاہیے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ.

۲۷۵۳- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لبیک یوں کہتے: لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ۔

۲۷۵۴- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَنْبَأَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَتْ تَلْبِيَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَزَادَ فِيهِ ابْنُ عُمَرَ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لبیک یوں کہتے: لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اتنا زیادہ کیا اس میں لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِي يَدَيْكَ وَالرَّغْبَاءُ إِلَيْكَ وَالْعَمَلُ یعنی حاضر ہوں تیری خدمت میں میری سعادت ہے تجھ پاس آنے میں بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے رغبت تیری طرف ہے اور عمل بھی تیرے لیے ہے۔

۲۷۵۵- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ كَانَ مِنْ تَلْبِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لبیک یوں کہتے: لبیک اللھم لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک۔

۲۷۵۶- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ مِنْ تَلْبِيَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّيْكَ إِلَهَ الْحَقِّ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَ هَذَا عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ إِلَّا عَبْدَ الْعَزِيزِ رَوَاهُ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ عَنْهُ مُرْسَلًا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے: لَبَّيْكَ إِلَهَ الْحَقِّ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۳۸۷۔ رَفْعُ الصَّوْتِ بِالْإِهْلَالِ

## بلند آواز سے لبیک کہنا

۲۷۵۷۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ خَلَّادِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاءَنِيْ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لِيْ يَا مُحَمَّدُ مُرْ أَصْحَابَكَ أَنْ يَرْفَعُوْا أَصْوَاتَهُمْ بِالتَّلْبِيَةِ۔

حضرت خلاد بن السائب سے روایت ہے انھوں نے سُنا اپنے باپ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبرئیل آئے اور کہا اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم حکم کرو اپنے اصحاب کو پکار کر لبیک کہنا۔

## ۱۳۸۸۔ اَلْعَمَلُ فِي الْإِهْلَالِ

## احرام کب باندھے

۲۷۵۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ فِيْ دُبُرِ الصَّلَاةِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا نماز پڑھ کر۔

۲۷۵۹۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ أَنْبَأَنَا النَّضْرُ قَالَ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ بِالْبَيْدَاءِ ثُمَّ رَكِبَ وَصَعِدَ جَبَلَ الْبَيْدَاءِ وَأَهَلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ حِيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ظہر کی بیداء میں۔ (ایک میدان ہے ذوالحلیفہ کے پاس جو مدینے سے چند میل پر ہے) پھر سوار ہوئے اور بیداء کے پہاڑ پر چڑھے اور حج اور عمرے کی لبیک پکاری ظہر پڑھ چکے تھے۔

۲۷۶۰۔ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ جَعْفَرَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ فِيْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ صَلَّى وَهُوَ صَامِتٌ حَتّٰى أَتَى الْبَيْدَاءَ۔

حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے باپ سے سُنا انھوں نے جابر رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حج کے بیان میں۔ آپ ذوالحلیفہ میں آئے اور نماز پڑھی پھر چپ رہے یہاں تک کہ بیداء میں آئے۔

۲۷۶۱۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَاهُ يَقُوْلُ بَيْدَاؤُكُمْ هٰذِهِ الَّتِيْ تَكْذِبُوْنَ فِيْهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا مِنْ مَسْجِدِ ذِي الْحُلَيْفَةِ۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ نے سُنا اپنے باپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے وہ کہتے تھے یہ تمہارا بیداء ہے جس میں تم جھوٹ بولتے ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے پر آپ نے احرام نہیں باندھا مگر ذوالحلیفہ کی مسجد سے۔

۲۷۶۲۔ أَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ إِبْرَاهِيْمَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ سَالِمَ بْنَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكَبُ رَاحِلَتَهُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ يُهِلُّ حِيْنَ تَسْتَوِيْ بِهٖ قَائِمَةً۔

سوار ہوتے تھے اپنی اونٹنی پر ذوالحلیفہ میں پھر لبیک پکارتے تھے جب اونٹنی آپ کو لے کر سیدھی کھڑی ہوتی۔

۲۷۶۳۔ اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعَيْبٌ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ ح وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ يَعْنِيْ ابْنَ يُوْسُفَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يُخْبِرُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهَلَّ حِيْنَ اسْتَوَتْ بِهٖ رَاحِلَتُهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لبیک پکارتے جب اونٹنی آپ کو لے کر سیدھی ہوتی۔

۲۷۶۴۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَابْنِ جُرَيْجٍ وَابْنِ اِسْحٰقَ وَمَالِكِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَاَيْتُكَ تُهِلُّ اِذَا اسْتَوَتْ بِكَ نَاقَتُكَ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُهِلُّ اِذَا اسْتَوَتْ بِهٖ نَاقَتُهُ وَانْبَعَثَتْ۔

حضرت عبداللہ بن جریج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے ابن عمرؓ سے کہا تم لبیک پکارتے ہو جب اونٹنی تم کو اٹھاتی ہے۔ انھوں نے کہا رسول اللہ علیہ وسلم لبیک پکارتے تھے جب اونٹنی آپ کو لے کر کھڑی ہوتی۔

## ۱۳۸۹۔ اِهْلَالُ النُّفَسَاءِ

## نفاس والی عورت کیا کرے؟

۲۷۶۵۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ سِنِيْنَ لَمْ يَحُجَّ ثُمَّ اَذَّنَ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ فَلَمْ يَبْقَ اَحَدٌ يَقْدِرُ اَنْ يَاْتِيَ رَاكِبًا اَوْ رَاجِلًا اِلَّا قَدِمَ فَتَدَارَكَ النَّاسُ لِيَخْرُجُوْا مَعَهُ حَتّٰى جَاءَ ذَا الْحُلَيْفَةِ فَوَلَدَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ ابْنَ اَبِيْ بَكْرٍ فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اغْتَسِلِيْ وَاسْتَثْفِرِيْ بِثَوْبٍ ثُمَّ اَهِلِّيْ فَفَعَلَتْ مُخْتَصَرٌ۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نو برس تک مدینے میں رہے حج نہیں کیا پھر لوگوں کو خبر دی گئی حج کے لیے کوئی شخص باقی نہ رہا جس کو طاقت تھی سوار یا پیدل آنے کی مگر آیا لوگ آگے پیچھے ہوئے نکلنے کے لیے یہاں تک کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ میں تشریف لائے وہاں اسماء بنت عمیس جنیں محمد بن ابی بکر کو انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کہلا بھیجا۔ آپ نے فرمایا غسل کر پھر لنگوٹ باندھ اور لبیک پکار انھوں نے ایسا ہی کیا (یہ حدیث مختصر ہے ایک بڑی حدیث سے)۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٧٦٦- اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اِسْمَاعِیْلُ وَهُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ نَفِسَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَیْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِیْ بَكْرٍ فَاَرْسَلَتْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسْاَلُهٗ كَیْفَ تَفْعَلُ فَاَمَرَهَا اَنْ تَغْتَسِلَ وَتَسْتَثْفِرَ بِثَوْبِهَا وَتُهِلَّ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اسماء بنت عمیس جنیں محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھوا بھیجا میں کیا کروں آپ نے فرمایا غسل کرے اور ایک کپڑے کا لنگوٹ کس لے۔

---

## ١٣٩٠- فِی الْمُهِلَّةِ بِالْعُمْرَةِ تَحِیْضُ وَتَخَافُ فَوْتَ الْحَجِّ

## ایک عورت نے عمرے کا احرام باندھا ہو پھر اس کو حیض آجاوے اور حج کے جاتے رہنے کا ڈر ہو تو کیا کرے؟

٢٧٦٧- اَخْبَرَنَا قُتَیْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقْبَلْنَا مُهِلِّیْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِحَجٍّ مُفْرَدٍ وَاَقْبَلَتْ عَائِشَةُ مُهِلَّةً بِعُمْرَةٍ حَتّٰی اِذَا كُنَّا بِسَرِفَ عَرَكَتْ حَتّٰی اِذَا قَدِمْنَا طُفْنَا بِالْكَعْبَةِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ یَحِلَّ مِنَّا مَنْ لَمْ یَكُنْ مَعَهٗ هَدْیٌ قَالَ فَقُلْنَا حِلُّ مَاذَا قَالَ الْحِلُّ كُلُّهٗ فَوَاقَعْنَا النِّسَاءَ وَتَطَیَّبْنَا بِالطِّیْبِ وَلَبِسْنَا ثِیَابَنَا وَلَیْسَ بَیْنَنَا وَبَیْنَ عَرَفَةَ اِلَّا اَرْبَعُ لَیَالٍ ثُمَّ اَهْلَلْنَا یَوْمَ التَّرْوِیَةِ ثُمَّ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی عَائِشَةَ فَوَجَدَهَا تَبْكِیْ فَقَالَ مَا شَاْنُكِ فَقَالَتْ شَاْنِیْ اَنِّیْ قَدْ حِضْتُ وَقَدْ حَلَّ النَّاسُ وَلَمْ اُحْلِلْ وَلَمْ اَطُفْ بِالْبَیْتِ وَالنَّاسُ یَذْهَبُوْنَ اِلَی الْحَجِّ الْاٰنَ فَقَالَ اِنَّ هٰذَا اَمْرٌ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَلٰی بَنَاتِ اٰدَمَ فَاغْتَسِلِیْ ثُمَّ اَهِلِّیْ بِالْحَجِّ فَفَعَلَتْ وَوَقَفَتِ الْمَوَاقِفَ حَتّٰی اِذَا طَهُرَتْ طَافَتْ بِالْكَعْبَةِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ قَالَ قَدْ حَلَلْتِ مِنْ

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم لبیک پکارتے ہوئے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف حج کی اور عائشہ رضی اللہ عنہا آئیں لبیک پکارتی ہوئیں عمرے کی جب ہم سرف میں پہنچے تو ان کو حیض آگیا یہاں تک کہ ہم لوگ مکے میں پہنچے اور طواف کیا کعبے کا اور صفا مروہ دوڑے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو حکم کیا احرام کھول ڈالنے کا جس کے ساتھ ہدی نہ ہو ہم نے کہا کیا کیا چیزیں ہم کو حلال ہوں گی (جو احرام میں منع تھیں) آپ نے فرمایا ہر چیز پھر ہم نے عورتوں سے جماع کیا اور خوشبو لگائی اور کپڑے پہنے اور نویں تاریخ میں صرف چار راتیں باقی تھیں پھر آٹھویں تاریخ ہم نے احرام باندھا حج کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے دیکھا تو وہ رو رہی ہیں۔ آپ نے فرمایا تجھے کیا ہوا وہ بولیں مجھ کو حیض آگیا اور لوگوں نے احرام کھول ڈالا میں نے نہیں کھولا نہ طواف کیا بیت اللہ کا (تو ابھی تک میں عمرے سے فارغ نہیں ہوئی) اور لوگ اب حج کو جا رہے ہیں (میرا حج گیا) آپ نے فرمایا یہ تو وہ چیز ہے جو اللہ نے لکھ دی ہے آدم کی بیٹیوں کے لیے

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَجَّتِكِ وَعُمْرَتِكِ جَمِيعًا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أَجِدُ فِي نَفْسِي أَنِّي لَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ حَتَّى حَجَجْتُ قَالَ فَاذْهَبْ بِهَا يَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ فَأَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيمِ وَذٰلِكَ لَيْلَةَ الْحَصْبَةِ.

اب تو غسل کر اور حج کا لبیک پکار انھوں نے ایسا ہی کیا اور سب جگہوں میں ٹھہریں (یعنی منا اور عرفات اور مزدلفے میں) جب حیض سے پاک ہوئیں تو طواف کیا کعبے کا اور صفا اور مروے کا۔ پھر فرمایا اب تو حلال ہو گئی حج اور عمرہ دونوں سے انھوں نے کہا میرے دل میں کھٹکتا ہے میں نے طواف نہیں کیا کعبے کا حج سے پہلے (تو عمرہ کیسے ادا ہوا) آپ نے فرمایا اچھا عبدالرحمٰن (حضرت عائشہ رضی کے بھائی تھے) ان کو لے جاؤ اور عمرہ کرا لاؤ تنعیم سے (جو ایک مقام ہے مکے سے تین کوس پر اب عمرے کا احرام اکثر وہیں سے باندھتے ہیں) اور یہ واقعہ لیلۃ المحصب میں ہوا (یعنی جس رات محصب میں اترتے ہیں (محصب ایک مقام ہے مکے سے ایک میل پر وہاں منا سے لوٹتے ہوئے ٹھہرتے ہیں بارھویں یا تیرھویں تاریخ کو)

۲۷۶۸۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَأَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ ثُمَّ لَا يَحِلَّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَأَنَا حَائِضٌ فَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَأَهِلِّي بِالْحَجِّ وَدَعِي الْعُمْرَةَ فَفَعَلْتُ فَلَمَّا قَضَيْتُ الْحَجَّ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ إِلَى التَّنْعِيمِ فَاعْتَمَرْتُ قَالَ هٰذِهِ مَكَانُ عُمْرَتِكِ فَطَافَ الَّذِينَ أَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حجۃ الوداع میں تو ہم نے عمرے کا احرام باندھا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے ساتھ ہدی ہو تو وہ حج اور عمرے کا احرام دونوں باندھے پھر احرام نہ کھولے۔ جب تک دونوں سے فارغ نہ ہو۔ میں جب مکے میں پہنچی تو مجھ کو حیض آ گیا میں نے طواف نہیں کیا کعبے کا نہ صفا مروہ دوڑی پھر میں نے شکایت کی اس کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا سر کھول ڈال اور کنگھی کر اور حج کا احرام باندھ اور عمرہ چھوڑ دے میں نے ایسا ہی کیا جب حج کر چکی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو عبدالرحمٰن بن ابی بکر کے ساتھ تنعیم کو بھیجا میں نے عمرہ کیا آپ نے فرمایا یہ تیرے عمرے کا مقام ہے تو جن لوگوں نے عمرے کا احرام باندھا تھا انھوں نے طواف کیا اور سعی کی پھر احرام کھول ڈالا پھر جب (حج کر کے) منا سے لوٹے تو دوسرا طواف کیا حج کا اور جن لوگوں

www.sirat-e-mustaqeem.com



دَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلُّوا ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ بَعْدَ أَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى لِحَجِّهِمْ وَأَمَّا الَّذِينَ جَمَعُوا الْحَجَّ

نے جمع کیا تھا حج اور عمرے کو (یعنی قران کیا تھا) انھوں نے ایک ہی طواف کیا۔

## ۱۳۹۱۔ اَلْاِشْتِرَاطُ فِي الْحَجِّ

## حج میں شرط کر لینا ف

۲۷۶۹۔ أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا حَبِيبٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ هَرِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ وَعِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ ضُبَاعَةَ أَرَادَتِ الْحَجَّ فَأَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَشْتَرِطَ فَفَعَلَتْ عَنْ أَمْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ضباعہ نے ارادہ کیا حج کا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم کیا شرط کر لینے کا اور اس نے ایسا ہی کیا آپ کے حکم سے۔

الجزء الخامس والعشرون (؟) تنهیات ...

## ۱۳۹۲۔ كَيْفَ يَقُولُ إِذَا اشْتَرَطَ

## شرط کرتے وقت کیا کہے

۲۷۷۰۔ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ الْأَحْوَلُ قَالَ حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ خَبَّابٍ قَالَ سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الرَّجُلِ يَحُجُّ يَشْتَرِطُ قَالَ الشَّرْطُ بَيْنَ النَّاسِ فَحَدَّثْتُهُ حَدِيثَهُ يَعْنِي عِكْرِمَةَ فَحَدَّثَنِي عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ ضُبَاعَةَ بِنْتَ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَكَيْفَ أَقُولُ قَالَ قُولِي لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ وَمَحِلِّي مِنَ الْأَرْضِ حَيْثُ تَحْبِسُنِي فَإِنَّ لَكِ عَلَى رَبِّكِ مَا اسْتَثْنَيْتِ۔

حضرت ہلال بن خباب سے روایت ہے میں نے سعید بن جبیرؓ سے پوچھا آدمی حج میں شرط کرے انھوں نے کہا شرط لوگوں میں ہوتی ہے میں نے ان سے حدیث بیان کی عکرمہ کی انھوں نے حدیث بیان کی ابن عباسؓ سے کہ ضباعہ بنت زبیر بن عبد المطلب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں اور عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرا قصد ہے حج کروں تو کیا کہوں آپ نے فرمایا: لبیک اللّٰھم لبیک اور میری جگہ احرام کھولنے کی وہی ہے جہاں تو مجھے روک دیوے کیونکہ جو تو نے شرط کی وہ تیرے پروردگار کے اوپر ہے۔

۲۷۷۱۔ أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَنْبَأَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ضباعہ بنت زبیر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے

ف: یعنی احرام کے وقت اسی طرح پکارنا کہ اگر مجھ سے مکے تک پہونچنا نہ ہوگا تو جہاں تک پہنچ سکوں گا وہیں احرام کھول ڈالوں گا اس شرط کا فائدہ یہ ہے کہ اس کو احرام کھول ڈالنا درست ہوگا جہاں وہ بیماری کی وجہ سے مجبور ہو جاوے اور آگے نہ جا سکے اور ہدی کے ذبح ہونے کا منتظر نہ رہنا پڑے گا جیسے اور احصار میں ہوتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنَّهُ سَمِعَ طَاوُسًا وَعِكْرِمَةَ يُخْبِرَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ ضُبَاعَةُ بِنْتُ الزُّبَيْرِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي امْرَأَةٌ ثَقِيلَةٌ وَإِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَكَيْفَ تَأْمُرُنِي أَنْ أُهِلَّ قَالَ أَهِلِّي وَاشْتَرِطِي أَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي.

پاس آئی اور عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں بیمار ہوں اور میری نیت حج کی ہے تو کیا حکم فرماتے ہیں آپ مجھ کو حکم کیا احرام باندھنے میں آپ نے فرمایا احرام باندھ اور شرط کر لے میرے کھولنے کی جگہ وہی ہے جہاں تو مجھ کو روک دیوے۔

۲۷۷۲۔ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى ضُبَاعَةَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي شَاكِيَةٌ وَإِنِّي أُرِيدُ الْحَجَّ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُجِّي وَاشْتَرِطِي أَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ تَحْبِسُنِي قَالَ إِسْحَقُ قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّزَّاقِ كِلَاهُمَا عَنْ عَائِشَةَ هِشَامٌ وَالزُّهْرِيُّ قَالَ نَعَمْ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ لَا أَعْلَمُ أَحَدًا أَسْنَدَ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الزُّهْرِيِّ غَيْرَ مَعْمَرٍ وَاللَّهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ.

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ضباعہ کے پاس آئے وہ بولی یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں بیمار ہوں اور حج کرنا چاہتی ہوں آپ نے فرمایا حج کر اور شرط کر لے کہ میرے احرام کھولنے کی وہی جگہ ہے جہاں تو روک دیوے۔

## ۱۴۔ مَا يَفْعَلُ مَنْ حُبِسَ عَنِ الْحَجِّ وَلَمْ يَكُنِ اشْتَرَطَ

## جو شخص حج سے رک جاوے لیکن اس نے شرط نہ کی ہو تو کیا کرے؟

۲۷۷۳۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ يُنْكِرُ الِاشْتِرَاطَ فِي الْحَجِّ وَيَقُولُ أَلَيْسَ حَسْبُكُمْ سُنَّةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ حُبِسَ أَحَدُكُمْ عَنِ الْحَجِّ طَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ حَلَّ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى يَحُجَّ عَامًا قَابِلًا وَيُهْدِي وَيَصُومُ إِنْ لَمْ يَجِدْ هَدْيًا.

حضرت سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ انکار کرتے تھے حج میں شرط کرنے سے اور کہتے تھے کیا بس نہیں تم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا طریقہ۔ اگر اس میں سے کوئی رک جاوے حج سے تو طواف کرے کعبے کا اور صفا مروہ دوڑے پھر ہر چیز اس کو درست ہو جاوے گی یہاں تک کہ حج کرے دوسرے سال اور ہدی دیوے اور جو ہدی نہ ہو تو روزے رکھے۔

۲۷۷۴۔ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا

حضرت سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ كَانَ يُنْكِرُ الْاِشْتِرَاطَ فِي الْحَجِّ وَيَقُولُ مَا حَسْبُكُمْ سُنَّةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُ لَمْ يَشْتَرِطْ فَإِنْ حَبَسَ أَحَدَكُمْ حَابِسٌ فَلْيَأْتِ الْبَيْتَ فَلْيَطُفْ بِهِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ ثُمَّ لِيَحْلِقْ أَوْ يُقَصِّرْ ثُمَّ لِيَحِلَّ وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ۔

نے سُنا اپنے باپ سے وہ انکار کرتے تھے حج میں شرط کرنے کا اور کہتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شرط نہیں کی اگر تم میں سے کسی کو روکنے والا روک دیوے تو بیت اللہ میں آوے اور طواف کرے اور صفا مروہ دوڑے پھر سر منڈاوے یا بال کترا دے پھر احرام کھول ڈالے اور دوسرے سال حج کرے۔

## ۱۲۹۴۔ إِشْعَارُ الْهَدْيِ

## ہدی کو اشعار کرنا

۲۷۷۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ح وَأَنْبَأَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَمَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَا خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي بِضْعَ عَشْرَةَ مِائَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِذِي الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَأَشْعَرَ وَأَحْرَمَ بِالْعُمْرَةِ مُخْتَصَرٌ۔

حضرت مسور بن مخرمہ اور مروان بن الحکمؓ سے روایت ہے دونوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حدیبیہ کے سال کئی سو اصحاب لے کر نکلے جب ذوالحلیفہ میں پہنچے تو ہدی کی تقلید دگلے میں ڈالنا کسی چیز کا جیسے جوتی یا رومال وغیرہ نشانی کے لیے) کی اور اشعار کیا اور احرام باندھا عمرے کا۔

۲۷۷۶۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ أَنْبَأَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنِي أَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْعَرَ بُدْنَهُ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اشعار کیا اپنی اونٹنی کا۔

## ۱۲۹۵۔ أَيُّ الشِّقَّيْنِ يُشْعِرُ

## کس طرف سے اشعار کرے

۲۷۷۷۔ أَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي حَسَّانَ الْأَعْرَجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْعَرَ بُدْنَهُ مِنَ الْجَانِبِ الْأَيْمَنِ وَسَلَتَ الدَّمَ عَنْهَا وَأَشْعَرَهَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اشعار کیا اپنی اونٹنی کا داہنی طرف سے اور پونچھ ڈالا خون اس سے۔

ف: یعنی ایک طرف سے کوہان کے ایک زخم کر دینا اور یہ نشانی ہے اس بات کی کہ وہ جانور ہدی کا ہے عرب لوگ جب یہ نشانی دیکھتے تو اس جانور کو نہ لوٹتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب سلت الدم عن البدن

۲۷۷۸۔ اخبرنا عمرو بن علی قال حدثنا یحیی قال حدثنا شعبة عن قتادة عن ابی حسان الاعرج عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم لما کان بذی الحلیفة امر ببدنته فاشعر فی سنامها من الشق الایمن ثم سلت عنها وقلدها نعلین فلما استوت به علی البیداء اهل۔

## ۱۲۹۷۔ فتل القلائد

۲۷۷۹۔ اخبرنا قتیبة قال حدثنا اللیث عن ابن شهاب عن عروة وعمرة بنت عبد الرحمن عن عائشة انها قالت کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یهدی من المدینة فافتل قلائد هدیه ثم لا یجتنب شیئا مما یجتنبه المحرم۔

۲۷۸۰۔ اخبرنا الحسن بن محمد الزعفرانی قال انبانا یزید قال انبانا یحیی بن سعید عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابیه عن عائشة قالت کنت افتل قلائد هدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیبعث بها ثم یاتی ما یاتی الحلال قبل ان یبلغ الهدی محله۔

۲۷۸۱۔ اخبرنا عمرو بن علی قال حدثنا یحیی قال حدثنا اسمعیل قال حدثنا عامر عن مسروق عن عائشة قالت ان کنت لافتل قلائد هدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم یقیم ولا یحرم۔

۲۷۸۲۔ اخبرنا عبد اللہ بن محمد الضعیف قال حدثنا ابو معاویة قال حدثنا الاعمش عن ابراهیم عن الاسود عن عائشة قالت کنت افتل

## بدن سے خون پونچھ ڈالنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب ذوالحلیفہ میں تھے تو حکم کیا اپنی اونٹ کے کوہان چیرنے کا داہنی طرف سے پھر خون پونچھا وہاں سے اور گلے میں اس کے دو جوتیاں لٹکائیں جب اونٹنی آپ کو لے کر سیدھی ہوئی بیداء پر تو لبیک پکاری۔

## اونٹوں کے گلے ہار بٹنا

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہدی بھیجتے مدینے سے تو میں نے ہار گوندھا آپ کے ہدی کا پھر پرہیز نہ کیا کسی چیز سے (اس لیے کہ ہار بٹنے سے احرام نہیں ہوتا جب تک ہدی کے ساتھ روانہ نہ ہو) جن چیزوں سے محرم پرہیز کرتا ہے۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے ہار بٹتی پھر آپ ہدی کو روانہ کر دیتے اور جو کام حلال (بے احرام) لوگ کرتے ہیں وہ کرتے یہاں تک کہ ہدی اپنی جگہ پہنچے۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے ہار بٹتی تھی پھر آپ ٹھہرے رہتے اور احرام نہ باندھتے۔

---

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْقَلَائِدَ لِهَدْيِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَلِّدُ هَدْيَهُ ثُمَّ يَبْعَثُ بِهَا ثُمَّ يُقِيمُ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ۔

۲۷۸۳۔ أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ عَنْ عَبِيدَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَأَيْتُنِي أَفْتِلُ قَلَائِدَ الْغَنَمِ لِهَدْيِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَمْكُثُ حَلَالًا۔

ترجمہ وہی جو سابقہ صفحہ پہ گزرا۔

## ۱۳۹۸۔ مَا يُفْتَلُ مِنْهُ الْقَلَائِدُ

۲۷۸۴۔ أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ حَسَنٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ قَالَتْ أَنَا فَتَلْتُ تِلْكَ الْقَلَائِدَ مِنْ عِهْنٍ كَانَ عِنْدَنَا ثُمَّ أَصْبَحَ فِينَا فَيَأْتِي مَا يَأْتِي الْحَلَالُ مِنْ أَهْلِهِ وَمَا يَأْتِي الرَّجُلُ مِنْ أَهْلِهِ۔

## ہار کس چیز کے بٹنا چاہیے

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے ان ہاروں کو بٹا تھا روئی سے جو ہمارے پاس تھے پھر صبح ہوئی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب کام کرتے رہے جو بن احرام لوگ کرتے ہیں اور جو لوگ اپنی بی بیوں سے کرتے ہیں۔

## ۱۳۹۹۔ تَقْلِيدُ الْهَدْيِ

۲۷۸۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ حَفْصَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا شَأْنُ النَّاسِ قَدْ حَلُّوا بِعُمْرَةٍ وَلَمْ تَحْلِلْ أَنْتَ مِنْ عُمْرَتِكَ قَالَ إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي وَقَلَّدْتُ هَدْيِي فَلَا أَحِلُّ حَتَّى أَنْحَرَ۔

## ہدی کے گلے میں کچھ لٹکانا

حضرت ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! لوگوں کو کیا ہوا انھوں نے عمرہ کر کے احرام کھول ڈالا اور آپ نے عمرے کا احرام نہیں کھولا۔ آپ نے فرمایا میں نے سر کے بالوں کو جمایا اور ہدی کے گلے میں ہار لٹکایا میں احرام نہیں کھولوں گا جب تک نحر (قربانی) نہ کر دوں۔

۲۷۸۶۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي حَسَّانَ الْأَعْرَجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ أَشْعَرَ الْهَدْيَ فِي جَانِبِ السَّنَامِ الْأَيْمَنِ ثُمَّ أَمَاطَ عَنْهُ الدَّمَ وَقَلَّدَهُ نَعْلَيْنِ ثُمَّ رَكِبَ نَاقَتَهُ فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءَ لَبَّى وَأَحْرَمَ عِنْدَ الظُّهْرِ وَأَهَلَّ بِالْحَجِّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ذوالحلیفہ میں تشریف لائے اور ہدی کا اشعار کیا داہنی طرف کوہان میں اور جوتیاں اس کے گلے میں لٹکائیں پھر سوار ہوئے اپنی اونٹنی پر جب بیداء میں اونٹنی آپ کو لے کر سیدھی ہوئی اس وقت آپ نے لبیک کہی اور ظہر کے وقت احرام باندھا اور حج کا لبیک پکارا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۴۰۰ تَقْلِيدُ الْإِبِلِ

۲۷۸۷۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا قَاسِمٌ وَهُوَ ابْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا أَفْلَحُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيَّ ثُمَّ قَلَّدَهَا وَأَشْعَرَهَا وَوَجَّهَهَا إِلَى الْبَيْتِ وَبَعَثَ بِهَا وَأَقَامَ فَمَا حَرُمَ عَلَيْهِ شَيْءٌ كَانَ لَهُ حَلَالًا۔

۲۷۸۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَتَلْتُ قَلَائِدَ بُدْنِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَمْ يُحْرِمْ وَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا مِنَ الثِّيَابِ۔

## اونٹ کے گلے میں ہار لٹکانا

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے ہار اپنے ہاتھ سے بٹے پھر آپ نے ان کے گلے میں لٹکائے اور ان کو اشعار کیا اور روانہ کر دیا بیت اللہ کی طرف اور آپ ٹھہرے رہے اور کوئی چیز آپ پر حرام نہیں ہوئی جو حلال تھی۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں کے ہار بٹے پھر آپ محرم نہیں ہوئے نہ کپڑے پہننا چھوڑے۔

## بَابُ ۱۴۰۱ تَقْلِيدُ الْغَنَمِ

۲۷۸۹۔ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا۔

۲۷۹۰۔ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُهْدِي الْغَنَمَ۔

۲۷۹۱۔ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْدَى مَرَّةً غَنَمًا وَقَلَّدَهَا۔

۲۷۹۲۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ

## بکریوں کے ہار لٹکانا

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بکریوں کے جو ہدی ہوتی تھیں (یعنی کعبے کو بھیجی جاتی تھیں قربانی کے لیے) ہار میں بٹتی تھی۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدی بھیجتے تھے بکریاں کی۔

---

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار بکریوں کو ہدی کیا اور ان کے گلے میں ہار لٹکائے۔

---

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بکریوں کے ہار بٹتی تھی جو ہدی بھیجی جاتی تھیں پھر آپ محرم نہ ہوتے

www.sirat-e-mustaqeem.com



هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا ثُمَّ لَا يُحْرِمُ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا

۲۷۹۳۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَمًا ثُمَّ لَا يُحْرِمُ۔

۲۷۹۴۔ اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيْسٰى ثِقَةٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ ح وَاَنْبَاَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نُقَلِّدُ الشَّاةَ فَيُرْسِلُ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَلَالًا لَمْ يُحْرِمْ مِنْ شَيْءٍ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم ہار لٹکاتے تھے بکری کے گلے میں پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس کو بھیج دیتے تھے اور حلال رہتے تھے کسی چیز سے پرہیز نہیں کرتے۔

## بَابُ ۱۴۰۲ تَقْلِيْدُ الْهَدْيِ نَعْلَيْنِ

## ہدی کے گلے میں دو جوتیاں لٹکانا

۲۷۹۵۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ حَسَّانَ الْاَعْرَجِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَتٰى ذَا الْحُلَيْفَةِ اَشْعَرَ الْهَدْيَ مِنْ جَانِبِ السَّنَامِ الْاَيْمَنِ ثُمَّ اَمَاطَ عَنْهُ الدَّمَ ثُمَّ قَلَّدَهُ نَعْلَيْنِ ثُمَّ رَكِبَ نَاقَتَهُ فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهِ الْبَيْدَاءَ اَحْرَمَ بِالْحَجِّ وَاَحْرَمَ عِنْدَ الظُّهْرِ وَاَهَلَّ بِالْحَجِّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب ذوالحلیفہ میں آئے اشعار کیا ہدی کا داہنی طرف سے پھر خون صاف کیا پھر دو جوتیاں لٹکائیں پھر سوار ہوئے اونٹنی پر جب وہ سیدھی ہوئی بیداء میں آپ کو لے کر تو حج کا احرام باندھا ظہر کے وقت اور لبیک پکاری حج کی۔

## بَابُ ۱۴۰۳ هَلْ يُحْرِمُ اِذَا قَلَّدَ

## جب ہدی کے گلے میں ہار لٹکا دے تو احرام باندھے یا نہیں

۲۷۹۶۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُمْ كَانُوْا اِذَا كَانُوْا حَاضِرِيْنَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِيْنَةِ بَعَثَ بِالْهَدْيِ فَمَنْ شَاءَ اَحْرَمَ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہدی بھیجی تو سب لوگ مدینے میں موجود تھے جس نے چاہا احرام باندھا اور جس نے چاہا نہ باندھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۴۰۴ هَلْ يُوجِبُ تَقْلِيدُ الْهَدْيِ إِحْرَامًا

## کیا ہدی کو تقلید کرنے سے احرام بندھ جاتا ہے

۲۷۹۷۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي ثُمَّ يُقَلِّدُهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ ثُمَّ يَبْعَثُ بِهَا مَعَ أَبِي فَلَا يَدَعُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَحَلَّهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ حَتّٰى يَنْحَرَ الْهَدْيَ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے ہار بٹتی اپنے ہاتھوں سے پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ سے وہ ہار ان کے گلے میں ڈالتے اور روانہ کر دیتے ان کو میرے باپ کے ساتھ اور آپ کوئی چیز نہ چھوڑتے جس کو اللہ نے حلال کیا آپ کے لیے یہاں تک کہ ہدی کی جاتی۔ ف۱

---

۲۷۹۸۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَقُتَيْبَةُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ لَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا مِمَّا يَجْتَنِبُهُ الْمُحْرِمُ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے ہار بٹتی تھی پھر آپ کسی چیز سے پرہیز نہ کرتے جس سے محرم پرہیز کرتا ہے۔

---

۲۷۹۹۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ كُنْتُ أَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا يَجْتَنِبُ شَيْئًا وَلَا نَعْلَمُ الْحَجَّ يُحِلُّهُ إِلَّا الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہدی کے ہار بٹتی تھی پھر آپ کسی چیز سے پرہیز نہ کرتے اور ہم نہیں جانتے کہ حج کرنے والا حلال ہوتا ہے سوا طواف کے اور کسی چیز سے۔ ف۲

۲۸۰۰۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنْ كُنْتُ لَأَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَخْرُجُ بِالْهَدْيِ مُقَلَّدًا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقِيمٌ مَا يَمْتَنِعُ مِنْ نِسَائِهِ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہدی کے ہار بٹتی تھی پھر ہدی روانہ ہو جاتی ہار پہن کر اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گھر میں رہتے اپنی عورتوں سے پرہیز نہیں کرتے۔

---

۲۸۰۱۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت

---

ف۱: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص ہدی کے جانوروں کو قربانی کے لیے مکے کو روانہ کر دے لیکن خود ان کے ساتھ نہ جاوے یا احرام کی نیت نہ کرے تو محرم نہیں ہوتا۔

ف۲: یعنی طواف الزیارت کرنے تو احرام کھل جاتا ہے اور سب چیزیں جن کا احرام میں منع تھا درست ہو جاتی ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ رَاَيْتُنِيْ اَفْتِلُ قَلَائِدَ هَدْيِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَنَمِ فَيَبْعَثُ بِهَا ثُمَّ يُقِيْمُ فِيْنَا حَلَالًا۔

ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ہدی کے ہار بٹتی تھی پھر ہدی روانہ ہو جاتی ہار پہن کر اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم گھر میں رہتے اپنی عورتوں سے پرہیز نہیں کرتے۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ہدی کے ہار بٹتی پھر آپ اس کو روانہ کر دیتے اور گھر میں رہتے حلال یعنی بغیر احرام کے۔

## ۱۴۰۵ بَابُ سَوْقِ الْهَدْيِ

## ہدی کو اپنے ساتھ لیجانا

۲۸۰۲۔ اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحٰقَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاقَ هَدْيًا فِيْ حَجِّهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہدی اپنے ساتھ لے گئے حج میں۔

## بَابُ ۱۴۰۶ رُكُوْبِ الْبَدَنَةِ

## ہدی کے جانور پر سوار ہونا

۲۸۰۳۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَسُوْقُ بَدَنَةً قَالَ ارْكَبْهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ ارْكَبْهَا وَيْلَكَ فِي الثَّانِيَةِ اَوْ فِي الثَّالِثَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا ہدی کا اونٹ ہانک رہا تھا (اور چلتے چلتے تھک گیا تھا)۔ آپ نے فرمایا سوار ہو جا اس پر وہ بولا ہدی کا اونٹ ہے آپ نے فرمایا سوار ہو جا خرابی ہو تیری یہ دوسری یا تیسری بار آپ نے فرمایا۔

۲۸۰۴۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَسُوْقُ بَدَنَةً فَقَالَ ارْكَبْهَا قَالَ اِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ ارْكَبْهَا قَالَ اِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ فِي الرَّابِعَةِ ارْكَبْهَا وَيْلَكَ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا ہدی کا اونٹ ہانکتے ہوئے فرمایا سوار ہو جا اس پر وہ بولا ہدی ہے آپ نے فرمایا سوار ہو جا وہ بولا ہدی ہے آپ نے چوتھی بار میں فرمایا سوار ہو جا خرابی ہو تیری۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۴۰۷ رُكُوبِ الْبَدَنَةِ لِمَنْ جَهَدَهُ الْمَشْيُ

۲۸۰۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَجُلًا يَسُوقُ بَدَنَةً وَقَدْ جَهَدَهُ الْمَشْيُ قَالَ ارْكَبْهَا قَالَ إِنَّهَا بَدَنَةٌ قَالَ ارْكَبْهَا وَإِنْ كَانَتْ بَدَنَةً۔

## جو چلتے چلتے تھک جاوے وہ ہدی کے جانور پر چڑھ لیوے

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا اونٹ ہانک رہا تھا ہدی کا اور چلتے چلتے تھک گیا تھا آپ نے فرمایا سوار ہو جا اس پر وہ بولا ہدی کا اونٹ ہے آپ نے فرمایا سوار ہو جا اگرچہ ہدی کا ہے۔

## بَابُ ۱۴۰۸ رُكُوبِ الْبَدَنَةِ بِالْمَعْرُوفِ

۲۸۰۶- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُسْأَلُ عَنْ رُكُوبِ الْبَدَنَةِ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ارْكَبْهَا بِالْمَعْرُوفِ إِذَا أُلْجِئْتَ إِلَيْهَا حَتَّى تَجِدَ ظَهْرًا۔

## ہدی کے جانور پر ضرورت کے وقت چڑھے

حضرت ابوالزبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جابر سے پوچھا گیا ہدی کے جانور پر چڑھنا کیسا ہے؟ انھوں نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے آپ فرماتے تھے چڑھ اس پر دستور کے مطابق (یعنی زیادتی مت کر اور معمول سے زیادہ اس کو مت ستا) جب جب تو لاچار ہو یہاں تک کہ دوسری سواری پا دے۔

## بَابُ ۱۴۰۹ إِبَاحَةِ فَسْخِ الْحَجِّ لِمَنْ لَمْ يَسُقِ الْهَدْيَ

۲۸۰۷- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نُرَى إِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طُفْنَا بِالْبَيْتِ أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ أَنْ يَحِلَّ فَحَلَّ مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ وَنِسَاؤُهُ لَمْ يَسُقْنَ فَأَحْلَلْنَ قَالَتْ عَائِشَةُ فَحِضْتُ فَلَمْ أَطُفْ بِالْبَيْتِ فَلَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ يَرْجِعُ النَّاسُ بِعُمْرَةٍ وَحَجَّةٍ وَأَرْجِعُ أَنَا بِحَجَّةٍ قَالَ أَوَمَا كُنْتِ طُفْتِ لَيَالِيَ قَدِمْنَا

## جو شخص ہدی ساتھ نہ لیجاوے وہ حج کا احرام فسخ کر کے عمرہ کر کے احرام کھول سکتا ہے

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے اور نیت نہیں تھی مگر حج کی جب مکے میں آئے تو طواف کیا بیت اللہ کا اور آپ نے حکم دیا اس شخص کو جو ہدی نہ لایا ہو احرام کھول ڈالنے کا تو احرام کھول ڈالا ان لوگوں نے جو ہدی نہ لائے تھے اور آپ کی بی بیاں بھی ہدی نہیں لائی تھیں انھوں نے بھی احرام کھول ڈالا۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا مجھ کو حیض آ گیا اسی وجہ سے میں نے طواف نہیں کیا بیت اللہ کا جب محصب کی رات ہوئی (یعنی تیرھویں یا بارھویں شب) میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَكَّةَ قُلْتُ لَا قَالَ فَاذْهَبِي مَعَ أَخِيكِ إِلَى التَّنْعِيمِ فَأَهِلِّي بِعُمْرَةٍ ثُمَّ مَوْعِدُكِ مَكَانُ كَذَا وَكَذَا ۔

علیہ وسلم لوگ عمرہ اور حج کر کے اپنے گھروں کو جاویں گے اور میں صرف حج کر کے جاؤں۔ آپ نے فرمایا کیا تو نے طواف کیا ان راتوں میں جب ہم مکے میں آئے۔ میں نے کہا نہیں (اس وجہ سے کہ میں حائضہ ہو گئی تھی) آپ نے فرمایا تو جا اپنے بھائی کے ساتھ تنعیم تک اور عمرے کا احرام باندھ پھر فلاں مقام پر ہم سے ملنا۔

۲۸۰۸۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ يَحْيَى عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرَى إِلَّا أَنَّهُ الْحَجُّ فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ أَنْ يُقِيمَ عَلَى إِحْرَامِهِ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ أَنْ يَحِلَّ ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حج کی نیت سے جب مکے کے قریب پہنچے تو آپ نے حکم دیا جس کے ساتھ ہدی تھی وہ احرام باندھا رہے اور جس کے ساتھ ہدی نہیں ہے وہ احرام کھول ڈالے۔

۲۸۰۹۔ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَهْلَلْنَا أَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ خَالِصًا لَيْسَ مَعَهُ غَيْرُهُ خَالِصًا وَحْدَهُ فَقَدِمْنَا مَكَّةَ صَبِيحَةَ رَابِعَةٍ مَضَتْ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَحِلُّوا وَاجْعَلُوهَا عُمْرَةً فَبَلَغَهُ عَنَّا أَنَّا نَقُولُ لَمَّا لَمْ يَكُنْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ إِلَّا خَمْسٌ أَمَرَنَا أَنْ نَحِلَّ فَنَرُوحَ إِلَى مِنًى وَمَذَاكِيرُنَا تَقْطُرُ مِنَ الْمَنِيِّ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَنَا فَقَالَ قَدْ بَلَغَنِي الَّذِي قُلْتُمْ وَإِنِّي لَأَبَرُّكُمْ وَأَتْقَاكُمْ وَلَوْلَا الْهَدْيُ لَحَلَلْتُ وَلَوِ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا أَهْدَيْتُ قَالَ وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِنَ الْيَمَنِ فَقَالَ بِمَا أَهْلَلْتَ قَالَ بِمَا أَهَلَّ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَأَهْدِ وَامْكُثْ حَرَامًا كَمَا أَنْتَ قَالَ وَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ عُمْرَتَنَا هَذِهِ لِعَامِنَا هَذَا أَوْ لِلْأَبَدِ قَالَ هِيَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم نے یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے احرام باندھا صرف حج کی نیت سے فقط حج ہی کے واسطے پھر ہم مکے میں پہنچے ذیحجہ کی چوتھی تاریخ صبح کو تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احرام کھول ڈالو اور عمرہ کر لو (یعنی حج کو موقوف رکھو اور عمرہ کر کے احرام کھول ڈالو) آپ کو ہماری یہ بات پہنچی ہم کہتے تھے جب عرفے کے پانچ دن باقی ہیں اور ہم نے احرام کھول ڈالا تو منا کو ہم جاویں گے اپنے اعضائے تناسل سے منی بہاتے ہوئے (یعنی ابھی جماع سے فارغ ہوں گے کہ حج کا احرام باندھا تو گویا منی ذکر سے بہہ رہی ہے) آپ خطبے کو کھڑے ہوئے اور فرمایا میں نے تمہاری بات سنی میں تم سے زیادہ نیک اور پرہیزگار ہوں اگر میں ہدی نہ لاتا تو احرام کھول ڈالتا اور اگر پہلے مجھے معلوم ہوتا جو اب معلوم ہوا تو میں ہدی نہ لاتا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے آئے آپ نے فرمایا تم نے کس کا احرام باندھا انہوں نے کہا جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے باندھا آپ نے فرمایا تو

www.sirat-e-mustaqeem.com



لِلْاَبَدِ ۔

ہدی دے اور احرام باندھے رہ جیسے باندھا ہے سراقہ بن مالک نے کہا یا رسول اللہ یہ عمرہ ہمارا اس سال کے لیے ہے یا ہمیشہ کے لیے آپ نے فرمایا ہمیشہ کیلئے ۔

۲۸۱۰ ۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ سُرَاقَةَ ابْنِ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ عُمْرَتَنَا هٰذِهٖ لِعَامِنَا اَمْ لِاَبَدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هِيَ لِاَبَدٍ ۔

حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ عمرہ اسی سال کے لیے ہے یا ہمیشہ کے لیے آپ نے فرمایا ہمیشہ کے لیے ۔

---

۲۸۱۱ ۔ اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ عَبْدَةَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ سُرَاقَةُ تَمَتَّعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَمَتَّعْنَا مَعَهُ فَقُلْنَا اَلَنَا خَاصَّةً اَمْ لِاَبَدٍ قَالَ بَلْ لِاَبَدٍ ۔

حضرت سراقہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تمتع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ہم نے بھی تمتع کیا آپ کے ساتھ پھر ہم نے کہا کیا یہ ہمارے لیے خاص ہے یا ہمیشہ کیلئے ہے آپ نے فرمایا نہیں ہمیشہ کیلئے ہے ۔

۲۸۱۲ ۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ وَهُوَ الدَّرَاوَرْدِيُّ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحٰرِثِ بْنِ بِلَالٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَسْخُ الْحَجِّ لَنَا خَاصَّةً اَمْ لِلنَّاسِ عَامَّةً قَالَ بَلْ لَنَا خَاصَّةً ۔

حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا حج کا فسخ کرنا خاص ہمارے لیے ہے یا سب لوگوں کے لیے آپ نے فرمایا نہیں خاص ہم لوگوں کے لیے ۔

---

۲۸۱۳ ۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ وَعَيَّاشٍ الْعَامِرِيِّ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ فِيْ مُتْعَةِ الْحَجِّ قَالَ كَانَتْ لَنَا رُخْصَةً ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تمتع حج میں خاص ہمارے لیے تھا ۔

---

۲۸۱۴ ۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْوَارِثِ بْنَ اَبِيْ حَنِيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرٰهِيْمَ التَّيْمِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ فِيْ مُتْعَةِ الْحَجِّ لَيْسَتْ لَكُمْ وَلَسْتُمْ مِنْهَا فِيْ شَيْءٍ اِنَّمَا كَانَتْ رُخْصَةً لَنَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے کہا حج کا متعہ تمہارے واسطے نہیں ہے نہ تم کو اس سے علاقہ ہے وہ خاص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کے لیے رخصت تھی ۔

---

۲۸۱۵ ۔ اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ اَنْبَاَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے متعہ خاص رخصت تھی ہمارے لیے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ كَانَتِ الْمُتْعَةُ رُخْصَةً لَنَا۔

۲۸۱۶۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُهَلْهَلٍ عَنْ بَيَانٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ كُنْتُ مَعَ اِبْرٰهِيْمَ النَّخَعِيِّ وَاِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ فَقُلْتُ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَجْمَعَ الْعَامَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ فَقَالَ اِبْرٰهِيْمُ لَوْ كَانَ اَبُوْكَ لَمْ يَهُمَّ بِذٰلِكَ قَالَ وَقَالَ اِبْرٰهِيْمُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اِنَّمَا كَانَتِ الْمُتْعَةُ لَنَا خَاصَّةً۔

حضرت عبدالرحمٰن بن شعثا سے روایت ہے میں ابراہیم نخعی اور ابراہیم تیمی کے ساتھ تھا میں نے کہا میرا مقصد ہے اس سال حج اور عمرہ ایک ساتھ کرنے کا ابراہیم نے کہا اگر تیرا باپ ہوتا تو ایسا قصد نہ کرتا، ابراہیم تیمی نے اپنے باپ سے روایت کی انھوں نے ابوذرؓ سے سنا کہ متعہ خاص ہمارے لیے تھا۔

۲۸۱۷۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ وُهَيْبِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّ الْعُمْرَةَ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ مِنْ اَفْجَرِ الْفُجُوْرِ فِي الْاَرْضِ وَيَجْعَلُوْنَ الْمُحَرَّمَ صَفَرًا وَيَقُوْلُوْنَ اِذَا بَرَاَ الدَّبَرْ وَعَفَا الْوَبَرْ وَانْسَلَخَ صَفَرْ اَوْ قَالَ دَخَلَ صَفَرْ فَقَدْ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرْ فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ صَبِيْحَةَ رَابِعَةٍ مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ فَاَمَرَهُمْ اَنْ يَجْعَلُوْهَا عُمْرَةً فَتَعَاظَمَ ذٰلِكَ عِنْدَهُمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الْحِلِّ قَالَ الْحِلُّ كُلُّهُ۔

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے لوگ سمجھتے تھے (جاہلیت میں) کہ حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا بڑا گناہ ہے اور محرم کو صفر کہتے تھے اور کہتے تھے جب اونٹ کی پیٹھ کا زخم اچھا ہوا اور بال اس کے بڑھ جاویں اور صفر گذر جاوے یا صفر آجاوے تو عمرہ حلال ہوا عمرہ کرنے والے کے لیے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب چوتھی تاریخ ذی الحجہ کی صبح کو (مکے میں) آئے حج کی لبیک پکارتے ہوئے پھر آپ نے صحابہ کو حکم دیا حج کو عمرہ کرنے کا یہ ان لوگوں کو ایک بڑا کام معلوم ہوا (اس لیے کہ جاہلیت سے ان کا عقیدہ یہ تھا کہ حج کے مہینوں میں عمرہ درست نہیں ہے)۔ انھوں نے کہا یارسول اللہؐ عمرہ کر لینے سے کون کون سی چیزیں درست ہوں گی آپ نے فرمایا سب چیزیں (جو احرام میں درست نہ تھیں)۔

۲۸۱۸۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُسْلِمٍ وَهُوَ الْقُرِّيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ اَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْعُمْرَةِ وَاَهَلَّ اَصْحَابُهُ بِالْحَجِّ وَاَمَرَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ اَنْ يَحِلَّ وَكَانَ فِيْمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرے کا احرام باندھا اور آپ کے اصحاب نے حج کا پھر جن لوگوں کے ساتھ ہدی نہ تھی ان کو آپ نے حکم دیا احرام کھول ڈالنے کا اور طلحہ بن عبید اللہ اور ایک شخص اور ان لوگوں میں سے تھے جن کے پاس ہدی نہ تھی ان دونوں نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَرَجُلٌ آخَرُ فَأَحَلَّا۔

۲۸۱۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهِ عُمْرَةٌ اسْتَمْتَعْنَاهَا فَمَنْ لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهُ فَقَدْ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ۔

احرام کھول ڈالا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ عمرہ ہے جس سے فائدہ اٹھایا ہم نے سو جس کے پاس ہدی نہ ہو وہ حلال ہو جاوے سب طرح سے اور عمرہ حج میں داخل ہو گیا۔

## بَابُ ۱۴۱ مَا يَجُوزُ لِلْمُحْرِمِ أَكْلُهُ مِنَ الصَّيْدِ

## محرم کو کونسا شکار کھانا درست ہے

۲۸۲۰- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي النَّضْرِ عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰى أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِبَعْضِ طَرِيقِ مَكَّةَ تَخَلَّفَ مَعَ أَصْحَابٍ لَهُ مُحْرِمِينَ وَهُوَ غَيْرُ مُحْرِمٍ وَرَأَى حِمَارًا وَحْشِيًّا فَاسْتَوٰى عَلٰى فَرَسِهِ ثُمَّ سَأَلَ أَصْحَابَهُ أَنْ يُنَاوِلُوهُ سَوْطَهُ فَأَبَوْا فَسَأَلَهُمْ رُمْحَهُ فَأَبَوْا فَأَخَذَهُ ثُمَّ شَدَّ عَلَى الْحِمَارِ فَقَتَلَهُ فَأَكَلَ مِنْهُ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبٰى بَعْضُهُمْ فَأَدْرَكُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلُوهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ إِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ أَطْعَمَكُمُوهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک بار مکے کے راستے میں اپنے یاروں کے ساتھ پیچھے رہ گئے جو احرام باندھے تھے لیکن ابو قتادہ کو احرام نہ تھا انھوں نے ایک گورخر دیکھا اپنے گھوڑے پر چڑھے اور یاروں سے کوڑا مانگا انھوں نے نہ دیا پھر نیزہ مانگا انھوں نے نہ دیا انھوں نے آپ لے لیا اور گورخر کا پیچھا کیا آخر اس کو مارا تو بعضے اصحاب نے رجو احرام باندھے تھے اس کا گوشت کھایا اور بعضوں نے نہ کھایا۔ جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ملے تو آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا یہ ایک لقمہ تھا جو اللہ نے تم کو کھلایا۔ ف۱۔

۲۸۲۱- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ وَنَحْنُ مُحْرِمُونَ فَأُهْدِيَ لَهُ طَيْرٌ وَهُوَ رَاقِدٌ فَأَكَلَ بَعْضُنَا وَتَوَرَّعَ بَعْضُنَا فَاسْتَيْقَظَ طَلْحَةُ فَوَفَّقَ مَنْ أَكَلَهُ وَقَالَ أَكَلْنَاهُ

حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ تیمی سے روایت ہے ہم طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے احرام باندھے ہوئے ان کو تحفہ آیا پرندے کا گوشت اور وہ سو رہے تھے تو بعضوں نے ہم میں سے کھایا اور بعضوں نے پرہیز کیا جب طلحہ جاگے تو وہ موافق ہوئے ان لوگوں سے جنہوں نے کھایا تھا اور کہا ہم نے رسول

ف۱: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محرم اگر مدد نہ کرے شکار کرنے میں نہ بتلا وے نہ دکھاوے اور کوئی شکار کر لا دے تو اس کو کھانا درست ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۲۸۲۲۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهٗ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ بْنِ الْحٰرِثِ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَلَمَةَ الضَّمْرِيِّ اَنَّهٗ اَخْبَرَهٗ عَنِ الْبَهْزِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يُرِيْدُ مَكَّةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا بِالرَّوْحَاءِ اِذَا حِمَارُ وَحْشٍ عَقِيْرٌ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعُوْهُ فَاِنَّهٗ يُوْشِكُ اَنْ يَّاْتِيَ صَاحِبُهٗ فَجَاءَ الْبَهْزِيُّ وَهُوَ صَاحِبُهٗ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَسَلَّمَ شَاْنَكُمْ بِهٰذَا الْحِمَارِ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ فَقَسَمَهٗ بَيْنَ الرِّفَاقِ ثُمَّ مَضٰى حَتّٰى اِذَا كَانَ بِالْاُثَايَةِ بَيْنَ الرُّوَيْثَةِ وَالْعَرْجِ اِذَا ظَبْيٌ حَاقِفٌ فِيْ ظِلٍّ وَفِيْهِ سَهْمٌ فَزَعَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا يَقِفُ عِنْدَهٗ لَا يُرِيْبُهٗ اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى يُجَاوِزَهٗ۔

اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کو کھایا ہے۔

حضرت زید بن کعب بہزی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نکلے مکے کے قصد سے احرام باندھے ہوئے جب روحا میں پہنچے (روحا ایک مقام ہے درمیان مکے اور مدینے کے) تو ایک گورخر زخمی دیکھا لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا آپ نے فرمایا اس کو پڑا رہنے دو اس کا مالک آجاوے گا اتنے میں بہزی آیا وہی اس کا مالک تھا وہ بولا اے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس گورخر کے آپ مختار ہیں آپ نے ابوبکرؓ کو حکم دیا انھوں نے اس کا گوشت تقسیم کیا سب ساتھیوں کو پھر آپ آگے بڑھے جب اثایہ میں پہنچے درمیان رویثہ اور عرج کے (اثایہ اور رویثہ اور عرج سب مقاموں کے نام ہیں) تو دیکھا کہ ایک ہرن اپنا سر جھکائے ہوئے سائے میں کھڑا ہے اور تیر اس کو لگا ہوا ہے تو بہزی نے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کھڑا رہے اس کے پاس تاکہ کوئی اس کو نہ چھیڑے یہاں تک کہ آپ آگے بڑھ جاویں۔ ف

## بَابُ ۱۴۱۱ مَا لَا يَجُوْزُ لِلْمُحْرِمِ اَكْلُهٗ مِنَ الصَّيْدِ

## جس شکار کا کھانا محرم کو درست نہیں

۲۸۲۳۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ اَنَّهٗ اَهْدٰى لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارَ وَحْشٍ وَهُوَ بِالْاَبْوَاءِ اَوْ بِوَدَّانَ

حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک گورخر بھیجا اور آپ ابواء یا ودان میں تھے (دونوں مقاموں کے نام ہیں) آپ نے پھیر دیا پھر جب آپ نے دیکھا جو میرے

ف: شکار گوشت یعنی جنگل کے شکار کا محرم کے لیے حرام ہے مطلقاً بعضوں کے نزدیک اس لیے کہ اللہ نے فرمایا وحرم علیکم صید البر ما دمتم حرما یعنی حرام ہے تم پر شکار خشکی کا جب تک تم احرام باندھے ہو اور شافعی اور مالک اور احمد اور امام داؤد ظاہری کے نزدیک حرام ہے اگر محرم خود شکار کرے یا مدد کرے شکار کرنے میں یا اس کے لیے شکار کیا جاوے اور ابوحنیفہ کے نزدیک اگر محرم کیلیے شکار کیا جاوے لیکن اس نے مدد نہ کی ہو تو درست ہے، واللہ اعلم۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَرَدَّهُ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فِي وَجْهِي قَالَ أَمَا إِنَّهُ لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكَ إِلَّا أَنَّا حُرُمٌ ۔

منہ پر نمودار ہوا (یعنی رنج) تو فرمایا ہم نے اس لیے پھیرا کہ ہم احرام باندھے ہیں۔ ف۔

۲۸۲۴۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقْبَلَ حَتَّى إِذَا كَانَ بِوَدَّانَ رَأَى حِمَارَ وَحْشٍ فَرَدَّهُ عَلَيْهِ وَقَالَ إِنَّا حُرُمٌ لَا نَأْكُلُ الصَّيْدَ ۔

حضرت صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول صلے اللہ علیہ وسلم تشریف لائے جب ودان میں پہنچے تو ایک گورخر دیکھا آپ نے پھیر دیا اور فرمایا ہم احرام باندھے ہیں شکار نہیں کھاتے۔

۲۸۲۵۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لِزَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ مَا عَلِمْتَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُهْدِيَ لَهُ عُضْوُ صَيْدٍ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَلَمْ يَقْبَلْهُ قَالَ نَعَمْ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے زید بن ارقم رض سے کہا تم کو معلوم نہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ بھیجا گیا شکار کے جانور کا ایک ٹکڑا آپ نے قبول نہ کیا انھوں نے کہا ہاں۔

۲۸۲۶۔ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى وَسَمِعْتُ أَبَا عَاصِمٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ زَيْدُ بْنُ أَرْقَمَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ يَسْتَذْكِرُهُ كَيْفَ أَخْبَرْتَنِي عَنْ لَحْمِ صَيْدٍ أُهْدِيَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ حَرَامٌ قَالَ نَعَمْ أَهْدَى لَهُ رَجُلٌ عُضْوًا مِنْ لَحْمِ صَيْدٍ فَرَدَّهُ وَقَالَ إِنَّا لَا نَأْكُلُ إِنَّا حُرُمٌ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ زید بن ارقم آئے تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ان کو یاد دلانے کے لیے پوچھا تم نے کیا بیان کیا تھا شکار کے گوشت میں جو ہدیہ دیا گیا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو جب آپ احرام باندھے تھے۔ زید نے کہا ہاں ایک شخص نے آپ کو ایک پارچہ شکار کے گوشت کا بھیجا آپ نے پھیر دیا اور فرمایا ہم نہیں کھاتے ہم احرام باندھے ہیں۔

۲۸۲۷۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَهْدَى الصَّعْبُ بْنُ جَثَّامَةَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِجْلَ حِمَارِ وَحْشٍ تَقْطُرُ دَمًا وَهُوَ مُحْرِمٌ وَهُوَ بِقُدَيْدٍ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے صعب بن جثامہ رض نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے گورخر کی ران بھیجی جس میں سے خون ٹپک رہا تھا قدید میں (ایک مقام ہے) آپ احرام باندھے ہوئے تھے آپ نے پھیر دیا۔

ف: شاید صعب نے حضرت ہی کیلئے شکار کیا ہوگا اس واسطے آپ نے پھیر دیا ورنہ اوپر گزرا کہ بہزی کا گورخر آپ نے قبول کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۸۲۸۔ أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ حَمَّادٍ الْمَعْنِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ابْنُ حَبِيبٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ وَحَبِيبٌ وَهُوَ ابْنُ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ الصَّعْبَ بْنَ جَثَّامَةَ أَهْدَى لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِمَارًا وَهُوَ مُحْرِمٌ فَرَدَّهُ عَلَيْهِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے صعب بن جثامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گورخر بھیجا آپ احرام باندھے تھے آپ نے پھیر دیا۔

## بَابُ ۱۴۱۲ إِذَا ضَحِكَ الْمُحْرِمُ فَفَطِنَ الْحَلَالُ لِلصَّيْدِ فَقَتَلَهُ أَيَأْكُلُهُ أَمْ لَا

## محرم شکار کو دیکھ کر ہنسے اور حلال سمجھ جاوے تو اسکا کھانا درست ہے یا نہیں

۲۸۲۹۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ قَالَ انْطَلَقَ أَبِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فَأَحْرَمَ أَصْحَابُهُ وَلَمْ يُحْرِمْ فَبَيْنَمَا أَنَا مَعَ أَصْحَابِي ضَحِكَ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ فَنَظَرْتُ فَإِذَا حِمَارُ وَحْشٍ فَطَعَنْتُهُ فَاسْتَعَنْتُهُمْ فَأَبَوْا أَنْ يُعِينُونِي فَأَكَلْنَا مِنْ لَحْمِهِ وَخَشِينَا أَنْ نُقْتَطَعَ فَطَلَبْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرَفِّعُ فَرَسِي شَأْوًا وَأَسِيرُ شَأْوًا فَلَقِيتُ رَجُلًا مِنْ غِفَارٍ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ فَقُلْتُ أَيْنَ تَرَكْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَرَكْتُهُ وَهُوَ قَائِلٌ بِالسُّقْيَا فَلَحِقْتُهُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أَصْحَابَكَ يَقْرَءُونَ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَرَحْمَةَ اللَّهِ وَإِنَّهُمْ قَدْ خَشُوا أَنْ يُقْتَطَعُوا دُونَكَ فَانْتَظِرْهُمْ فَانْتَظَرَهُمْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَصَبْتُ حِمَارَ وَحْشٍ وَعِنْدِي مِنْهُ فَقَالَ لِلْقَوْمِ كُلُوا وَهُمْ مُحْرِمُونَ

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میرے باپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گئے جس سال صلح حدیبیہ ہوئی (یعنی چھٹے سال ہجرت کے) تو ان کے ساتھیوں نے احرام باندھا میرے باپ نے کہا اپنے یاروں کے ساتھ تھا اتنے میں ایک دوسرے کو دیکھ کر ہنسنے لگے میں نے دیکھا تو ایک گورخر ہے میں نے اس کے برچھا مارا اور اپنے یاروں سے مدد چاہی انھوں نے مدد نہ دی پھر سب نے اس کا گوشت کھایا اور ہم کو ڈر ہوا کہیں ہم لوٹے نہ جاویں تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈھونڈنا شروع کیا میں اپنے گھوڑے کا ایک قدم رکھتا تھا اور ایک اٹھاتا تھا یہاں تک کہ ایک شخص قبیلہ غفار میں سے رات کو مجھے ملا۔ میں نے کہا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ کو کہاں چھوڑا ہے؟ وہ بولا میں نے آپ کو چھوڑا جب آپ کا ارادہ سقیا (ایک گاؤں کا نام ہے) میں ٹھہرنے اور سونے کا تھا میں آپ سے جاکر ملا اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے اصحاب نے آپ کو سلام عرض کیا ہے اور رحمت اللہ کی اور برکت اس کی اور وہ ڈرتے ہیں کہیں لٹ نہ جاویں بغیر آپ کے تو ان کا انتظار کیجئے۔ بس آپ نے انتظار کیا میں نے کہا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے ایک گورخر مارا

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۸۳۰۔ اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰہِ بْنُ فَضَالَۃَ بْنِ اِبْرَاھِیْمَ النَّسَائِیُّ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدٌ وَھُوَ ابْنُ الْمُبَارَکِ الصُّوْرِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَۃُ وَھُوَ ابْنُ سَلَّامٍ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِیْ کَثِیْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ اَبَاہُ اَخْبَرَہٗ اِنَّہٗ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَزْوَۃَ الْحُدَیْبِیَۃِ قَالَ فَاَھَلُّوْا بِعُمْرَۃٍ غَیْرِیْ فَاصْطَدْتُ حِمَارَ وَحْشٍ فَاَطْعَمْتُ اَصْحَابِیْ مِنْہُ وَھُمْ مُحْرِمُوْنَ ثُمَّ اَتَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاَنْبَاْتُہٗ اَنَّ عِنْدَنَا مِنْ لَحْمِہٖ فَاضِلَۃً فَقَالَ کُلُوْہُ وَھُمْ مُحْرِمُوْنَ۔

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے جہاد کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حدیبیہ میں تو سب لوگوں نے عمرے کا احرام باندھا سوا ان کے ابوقتادہ نے کہا میں نے ایک گورخر شکار کیا اور ساتھیوں کو کھلایا اور وہ احرام باندھے ہوئے تھے پھر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کیا میرے پاس اتنا گوشت اس کا بچا ہوا ہے آپ نے فرمایا کھاؤ اس کو حالانکہ وہ احرام باندھے ہوئے تھے۔

## بَابُ ۱۳۱۳ اِذَا اَشَارَ الْمُحْرِمُ اِلَی الصَّیْدِ فَقَتَلَہُ الْحَلَالُ

## جب محرم شکار کی طرف اشارہ کرے پھر غیر محرم اسکو مارے تو کیا حکم ہے

۲۸۳۱۔ اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَیْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَۃُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَوْھَبٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ اَبِیْ قَتَادَۃَ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْہِ اَنَّھُمْ کَانُوْا فِیْ مَسِیْرٍ لَّھُمْ بَعْضُھُمْ مُحْرِمٌ وَبَعْضُھُمْ لَیْسَ بِمُحْرِمٍ قَالَ فَرَاَیْتُ حِمَارَ وَحْشٍ فَرَکِبْتُ فَرَسِیْ وَاَخَذْتُ الرُّمْحَ فَاسْتَعَنْتُھُمْ فَاَبَوْا اَنْ یُّعِیْنُوْنِیْ فَاخْتَلَسْتُ سَوْطًا مِّنْ بَعْضِھِمْ فَشَدَدْتُ عَلَی الْحِمَارِ فَاَصَبْتُہٗ فَاَکَلُوْا مِنْہُ فَاَشْفَقُوْا قَالَ فَسُئِلَ عَنْ ذٰلِکَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ھَلْ اَشَرْتُمْ اَوْ اَعَنْتُمْ قَالُوْا لَا قَالَ فَکُلُوْا۔

حضرت عبداللہ بن ابی قتادہ رضی اللہ عنہ سے اپنے باپ ابوقتادہؓ سے سنا لوگ سفر میں تھے بعضوں نے احرام باندھا تھا اور بعضوں نے نہیں باندھا تھا میں نے ایک گورخر دیکھا اور برچھے لے کر اپنے ساتھیوں سے مدد چاہی لیکن انھوں نے انکار کیا مدد دینے سے میں نے ایک کاکوڑا لے لیا اور گورخر کے پیچھے لگا آخر اس کو مارا انھوں نے اس کا گوشت کھایا پھر ڈرے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا آپ نے فرمایا کیا تم نے اشارہ کیا یا مدد کی۔ انھوں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو کھاؤ۔

۲۸۳۲۔ اَخْبَرَنَا قُتَیْبَۃُ بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ وَھُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْمُطَّلِبِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ صَیْدُ الْبَرِّ لَکُمْ حَلَالٌ مَا لَمْ تَصِیْدُوْہُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے خشکی کا شکار حلال ہے تمہارے لیے جب تم خود شکار نہ کرو اور نہ تمہارے لیے شکار کیا جاوے۔ امام نسائیؒ نے کہا

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَوْ يُصَادُ لَكُمْ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيثِ وَإِنْ كَانَ قَدْ رَوَى عَنْهُ مَالِكٌ۔

اس حدیث کی اسناد میں عمرو بن ابی عمرو ہے جو قوی نہیں ہے اگرچہ روایت کیا ہے اس سے امام مالکؒ نے۔

---

## بَابُ ۱۴۱۴ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ مِنَ الدَّوَابِّ

محرم کو کون کون سے جانور مارنا درست ہے!

## قَتْلُ الْكَلْبِ الْعَقُورِ

## کٹنے کتّے کا مارنا درست ہے

۲۸۳۳۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ لَيْسَ عَلَى الْمُحْرِمِ فِي قَتْلِهِنَّ جُنَاحٌ الْغُرَابُ وَالْحِدَأَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْفَأْرَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانور ہیں جن کے مار ڈالنے میں محرم پر کچھ گناہ نہیں ایک کوّا دوسری چیل تیسری بچھو چوتھے چوہا پانچویں کاٹنے والا کتا۔

## بَابُ ۱۴۱۵ قَتْلُ الْحَيَّةِ

## سانپ کا مارنا درست ہے

۲۸۳۴۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ يَقْتُلُهُنَّ الْمُحْرِمُ الْحَيَّةُ وَالْفَأْرَةُ وَالْحِدَأَةُ وَالْغُرَابُ الْأَبْقَعُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانوروں کو محرم مار ڈالے سانپ اور چوہا اور چیل اور کوا چت کبرا اور کاٹنے والا کتا۔

---

## بَابُ ۱۴۱۶ قَتْلُ الْفَأْرَةِ

## چوہے کا مارنا درست ہے

۲۸۳۵۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَذِنَ فِي قَتْلِ خَمْسٍ مِنَ الدَّوَابِّ لِلْمُحْرِمِ الْغُرَابُ وَالْحِدَأَةُ وَالْفَأْرَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ وَالْعَقْرَبُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی پانچ جانوروں کو مارنے کی محرم کے لیے کوّا اور چیل اور چوہا اور کاٹنے والا کتا اور بچھو۔

---

## بَابُ ۱۴۱۷ قَتْلُ الْوَزَغِ

## گرگٹ کا مارنا درست ہے

۲۸۳۶۔ أَخْبَرَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ

حضرت سعید بن المسیب سے روایت ہے ایک عورت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اس کے ہاتھ میں ایک لکڑی تھی حضرت عائشہ رضؓ نے پوچھا

www.sirat-e-mustaqeem.com



بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ امْرَاَةً دَخَلَتْ عَلٰى عَائِشَةَ وَ بِيَدِهَا عُكَّازٌ فَقَالَتْ مَا هٰذَا فَقَالَتْ لِهٰذِهِ الْوَزَغِ لِاَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اِلَّا يُطْفِئُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَّا هٰذِهِ الدَّابَّةَ فَاَمَرَنَا بِقَتْلِهَا وَ نَهٰى عَنْ قَتْلِ الْجِنَّانِ اِلَّا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَ الْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يُطْمِسَانِ الْبَصَرَ وَ يُسْقِطَانِ مَا فِيْ بُطُوْنِ النِّسَاءِ۔

یہ کیا ہے وہ بولی یہ گرگٹ مارنے کے لیے ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سب جانور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ کو بجھانے تھے مگر یہ جانور تو حکم کیا ہم کو اس کے مار ڈالنے کا اور منع کیا آپ نے سفید سانپ کے مارنے سے (اس لیے کہ اس میں زہر نہیں ہوتا) اور حکم کیا دو لکیر والے اور دم کٹے ہوئے سانپ کو مارنے کا کیونکہ وہ دونوں آنکھ پھوڑ ڈالتے ہیں اور حاملہ عورتوں کے پیٹ گرا دیتی ہیں۔

## بَاب ۱۴۱۸ قَتْلِ الْعَقْرَبِ

## بچھو کا مارنا درست ہے

۲۸۳۷۔ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ اَبُوْ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُنَّ اَوْ فِيْ قَتْلِهِنَّ وَهُوَ حَرَامٌ الْحِدَاَةُ وَالْفَاْرَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ وَالْعَقْرَبُ وَالْغُرَابُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانوروں کو مار ڈالنے میں گناہ نہیں احرام کی حالت میں چیل اور چوہا اور کٹنا کتا اور بچھو اور کوا۔

## بَاب ۱۴۱۹ قَتْلِ الْحِدَاَةِ

## چیل کا مارنا درست ہے

۲۸۳۸۔ اَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا نَقْتُلُ مِنَ الدَّوَابِّ اِذَا اَحْرَمْنَا قَالَ خَمْسٌ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُنَّ الْحِدَاَةُ وَالْغُرَابُ وَ الْفَاْرَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے پوچھا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم کون سے جانوروں کو ماریں جب احرام باندھے ہوں آپ نے فرمایا پانچ جانوروں کو مارنے میں گناہ نہیں چیل اور کوے اور چوہے اور بچھو اور کٹنے کتے ہیں۔

## بَاب ۱۴۲۰ قَتْلِ الْغُرَابِ

## کوے کا مارنا درست ہے

۲۸۳۹۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ مَا يَقْتُلُ الْمُحْرِمُ قَالَ يَقْتُلُ الْعَقْرَبَ وَالْفُوَيْسِقَةَ وَالْحِدَاَةَ وَالْغُرَابَ وَالْكَلْبَ الْعَقُوْرَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کون سے جانوروں کو محرم مارے بچھو اور چوہا اور چیل اور کوا اور کٹنا کتا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۸۴۰۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا جُنَاحَ فِي قَتْلِهِنَّ عَلَى مَنْ قَتَلَهُنَّ فِي الْحَرَمِ وَالْإِحْرَامِ الْفَأْرَةُ وَالْحِدَأَةُ وَالْغُرَابُ وَالْعَقْرَبُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانوروں کے مارنے میں گناہ نہیں اگرچہ حرم میں ملے یا احرام کی حالت میں چوہا چیل کتا بچھو کاٹنے والا کتا۔

## بَابُ ۱۴۲۱ مَالَا يَقْتُلُهُ الْمُحْرِمُ !

## جس جانور کا مارنا محرم کو درست نہیں

۲۸۴۱۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عَمَّارٍ قَالَ سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الضَّبُعِ فَأَمَرَنِي بِأَكْلِهَا قُلْتُ أَصَيْدٌ هِيَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَسَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔

حضرت ابن ابی عمار سے روایت ہے میں نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے پوچھا ضبع (کفتار ہندی میں ہنڈار) کو انھوں نے حکم دیا اس کے کھانے کا میں نے کہا کیا وہ شکار ہے انھوں نے کہا ہاں میں نے کہا تم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا انھوں نے کہا، ہاں۔

## بَابُ ۱۴۲۲ الرُّخْصَةِ فِي النِّكَاحِ لِلْمُحْرِمِ

## محرم کو نکاح کرنے کی اجازت

۲۸۴۲۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ عَنْ عَمْرٍو وَهُوَ ابْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الشَّعْثَاءِ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَزَوَّجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اور آپ احرام باندھے تھے۔

۲۸۴۳۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّ أَبَا الشَّعْثَاءِ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ حَرَامًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اور آپ احرام باندھے تھے۔

۲۸۴۴۔ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُونُسَ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور دونوں احرام باندھے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُمَا مُحْرِمَانِ ۔

۲۸۴۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور آپ احرام باندھے تھے۔

۲۸۴۶۔ أَخْبَرَنِي شُعَيْبُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ إِسْحَاقَ وَصَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو الْحِمْصِيُّ قَالاَ حَدَّثَنَا أَبُو الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا الأَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

## باب ۱۲۲۳ النَّهْيُ عَنْ ذَلِكَ

## محرم کو نکاح کرنے سے ممانعت

۲۸۴۷۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ أَنَّ أَبَانَ بْنَ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلاَ يَخْطُبُ وَلاَ يُنْكِحُ ۔

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ نکاح کرے اپنا محرم نہ پیام بھیجے نکاح کا نہ نکاح کرے دوسرے کا۔

۲۸۴۸۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ مَالِكٍ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى أَنْ يَنْكِحَ الْمُحْرِمُ أَوْ يُنْكِحَ أَوْ يَخْطُبَ ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۲۸۴۹۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ أَرْسَلَ عُمَرُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ مَعْمَرٍ إِلَى أَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ يَسْأَلُهُ أَيَنْكِحُ الْمُحْرِمُ فَقَالَ أَبَانُ إِنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ حَدَّثَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لاَ يَنْكِحُ الْمُحْرِمُ وَلاَ يَخْطُبُ ۔

حضرت نبیہ بن وہب سے روایت ہے عمر بن عبید اللہ نے ابان کے پاس بھیجا کسی کو دریافت کرنے کے لیے کہ محرم نکاح کرے۔ ابان رضی اللہ عنہ نے کہا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا محرم نہ نکاح کرے نہ پیام بھیجے نکاح کا۔

## باب ۱۲۲۴ الْحِجَامَةُ لِلْمُحْرِمِ

## محرم کو پچھنے لگانا

۲۸۵۰۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



الزُّبَيْرِ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگوائے اور آپ احرام باندھے تھے۔

۲۸۵۱۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ وَعَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

۲۸۵۲۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ احْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ ثُمَّ قَالَ بَعْدُ أَخْبَرَنِي طَاوُسٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ يَقُولُ احْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

## بَابُ ۱۴۲۵ حِجَامَةِ الْمُحْرِمِ مِنْ عِلَّةٍ تَكُونُ بِهِ

## محرم کا کسی بیماری کی وجہ سے پچھنے لگانا

۲۸۵۳۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ مِنْ وَثْءٍ كَانَ بِهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگائی احرام میں ایک درد کی وجہ سے۔

## بَابُ ۱۴۲۶ حِجَامَةِ الْمُحْرِمِ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ

## پاؤں پر پچھنے لگانا

۲۸۵۴۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرٰهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ مِنْ وَثْءٍ كَانَ بِهِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگائے پاؤں پر ایک درد کی وجہ سے۔

## بَابُ ۱۴۲۷ حِجَامَةِ الْمُحْرِمِ وَسْطَ رَأْسِهِ

## محرم کو اپنی چندیا پر پچھنے لگانا کیسا ہے

۲۸۵۵۔ أَخْبَرَنِي هِلَالُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ وَهُوَ ابْنُ عَثْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ قَالَ قَالَ عَلْقَمَةُ بْنُ أَبِي عَلْقَمَةَ أَنَّهُ سَمِعَ الْأَعْرَجَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ بُحَيْنَةَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ

حضرت عبد اللہ بن بحینہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پچھنے لگائے احرام میں لحی جمل (ایک مقام کا نام ہے) میں مکے کی راہ میں سر کے بیچ میں [1]

[1] یہ بسبب ضرورت کے ہو گا اس لیے کہ سر پر پچھنے لگانے میں بال نکلیں گے اور بال نکالنا احرام میں جائز نہیں ہے مگر جب ضرورت ہو تو دم

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ وَسْطَ رَأْسِهِ وَهُوَ مُحْرِمٌ بِلَحْيِ جَمَلٍ مِنْ طَرِيْقِ مَكَّةَ۔

## بَابُ ۱۴۲۸ فِي الْمُحْرِمِ يُؤْذِيْهِ الْقَمْلُ فِي رَأْسِهِ

## محرم کو اگر جوؤں سے تکلیف ہو

۲۸۵۶۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ بْنِ مَالِكٍ الْجَزَرِيِّ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحْرِمًا فَاٰذَاهُ الْقَمْلُ فِي رَاْسِهِ فَاَمَرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَحْلِقَ رَاْسَهُ وَقَالَ صُمْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ اَوْ اَطْعِمْ سِتَّةَ مَسَاكِيْنَ مُدَّيْنِ مُدَّيْنِ اَوِ انْسُكْ شَاةً اَيَّ ذٰلِكَ فَعَلْتَ اَجْزَاَ عَنْكَ۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احرام باندھے ہوئے تھے ان کے سر میں جوئیں پڑ گئیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا سر منڈانے کا اور فرمایا تین روزے رکھ یا چھ مسکینوں کو کھانا کھلا دو دو مُد (ایک مد دو رطل کا یا سوا دو رطل کا) یا ایک بکری کاٹ جو تو اس میں سے کرے تجھے کافی ہوگا۔

۲۸۵۷۔ اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ سَعِيْدٍ الرِّبَاطِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ وَهُوَ الدَّشْتَكِيُّ قَالَ اَنْبَاَنَا عَمْرٌو وَهُوَ ابْنُ اَبِي قَيْسٍ عَنِ الزُّبَيْرِ وَهُوَ ابْنُ عَدِيٍّ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ اَحْرَمْتُ فَكَثُرَ قَمْلُ رَاْسِي فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَانِي وَاَنَا اَطْبُخُ قِدْرًا لِاَصْحَابِي فَمَسَّ رَاْسِي بِاِصْبَعِهِ فَقَالَ انْطَلِقْ فَاحْلِقْهُ وَتَصَدَّقْ عَلٰى سِتَّةِ مَسَاكِيْنَ۔

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے احرام باندھا تو سر میں جوئیں پڑ گئیں بہت۔ یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ میرے پاس آئے میں اپنے ساتھیوں کی ہانڈی پکا رہا تھا آپ نے میرا سر اپنی انگلی سے چھوا پھر فرمایا جا اور منڈا سر کو اور صدقہ دے چھ مسکینوں کو۔

## بَابُ ۱۴۲۹ غَسْلِ الْمُحْرِمِ بِالسِّدْرِ اِذَا مَاتَ

## اگر محرم مر جاوے تو اسکو بیری پانی سے غسل دینا

۲۸۵۸۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَصَتْهُ نَاقَتُهُ وَهُوَ مُحْرِمٌ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوْهُ فِي ثَوْبَيْهِ وَلَا تُمِسُّوْهُ بِطِيْبٍ وَلَا تُخَمِّرُوْا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اس کی اونٹنی نے اس کی گردن توڑ ڈالی اور وہ احرام باندھے تھا وہ مر گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو غسل دو پانی اور بیری سے اور کفن دو اسی دو کپڑوں میں (جو پہنے ہے) اور مت خوشبو لگاؤ اس کے اور مت

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا۔

ڈھانپو سر اس کا اس لیے کہ وہ قیامت کے روز لبیک کہتا ہوا اٹھے گا۔

## بَابُ ۱۴۳۰ فِي كَمْ يُكَفَّنُ الْمُحْرِمُ إِذَا مَاتَ

## محرم جب مر جاوے تو کتنے کپڑوں میں دفن کیا جاوے

۲۸۵۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا مُحْرِمًا صُرِعَ عَنْ نَاقَتِهِ فَأُوقِصَ ذُكِرَ أَنَّهُ قَدْ مَاتَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ ثُمَّ قَالَ عَلَى إِثْرِهِ خَارِجًا رَأْسُهُ قَالَ وَلَا تُمِسُّوهُ طِيبًا فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا قَالَ شُعْبَةُ فَسَأَلْتُهُ بَعْدَ عَشْرِ سِنِينَ فَجَاءَ بِالْحَدِيثِ كَمَا كَانَ يَجِيءُ بِهِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَلَا تُخَمِّرُوا وَجْهَهُ وَرَأْسَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص محرم گرا اپنی اونٹنی پر سے اس کی گردن ٹوٹ گئی وہ مر گیا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو غسل دو پانی اور بیری سے اور کفن دو دو کپڑوں میں پھر اس کے بعد کہا اس کا سر باہر رہے اور مت خوشبو لگاؤ اس کے اس لیے کہ وہ قیامت میں لبیک کہتا ہوا اٹھے گا۔ شعبہ نے کہا (جو راوی ہے اس حدیث کا) میں نے یہ حدیث ابو بشر سے دس برس کے بعد پھر پوچھی انھوں نے اسی طرح بیان کیا جیسے بیان کرتے تھے اتنا زیادہ کیا مت چھپاؤ اس کا منہ اور سر۔

## بَابُ ۱۴۳۱ النَّهْيُ عَنْ أَنْ يُحَنَّطَ الْمُحْرِمُ إِذَا مَاتَ

## محرم جب مر جاوے تو اس کے خوشبو نہ لگانا!

۲۸۶۰- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ وَاقِفٌ بِعَرَفَةَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهِ فَأَقْعَصَهُ أَوْ قَالَ فَأَقْعَصَتْهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَكَفِّنُوهُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوهُ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَبْعَثُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص عرفات میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑا تھا اتنے میں اپنے اونٹ پر سے گرا اس کی گردن ٹوٹ گئی تب آپ نے فرمایا اس کو پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور ان ہی دو کپڑوں میں جو پہنے ہے دفن کر دو اور خوشبو مت لگاؤ اور سر مت ڈھانپو اس لیے کہ اللہ جل جلالہ قیامت کے روز اس کو اٹھاوے گا لبیک کہتا ہوا۔

۲۸۶۱- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَقَصَتْ رَجُلًا مُحْرِمًا نَاقَتُهُ فَقَتَلَتْهُ فَأُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص محرم کی اس کی اونٹنی نے گردن توڑ ڈالی وہ مر گیا پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئے فرمایا اسے غسل دو اور کفن دو اور اس کا سر مت ڈھانپو اور اس

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقَالَ اغْسِلُوْهُ وَكَفِّنُوْهُ وَلَا تُغَطُّوْا رَأْسَهُ وَلَا تُقَرِّبُوْهُ طِيْبًا فَإِنَّهُ يُبْعَثُ يُهِلُّ۔

کے خوشبو مت لگاؤ وہ لبیک پکارتا ہوا اٹھے گا۔

## بَابُ ۱۴۲۲ النَّهْيُ عَنْ أَنْ يُخَمَّرَ وَجْهُ الْمُحْرِمِ وَرَأْسُهُ إِذَا مَاتَ

۲۸۶۲۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا خَلَفٌ يَعْنِي ابْنَ خَلِيفَةَ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا كَانَ حَاجًّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَّهُ لَفَظَهُ بَعِيرُهُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُغَسَّلُ وَيُكَفَّنُ فِي ثَوْبَيْنِ وَلَا يُغَطَّى رَأْسُهُ وَوَجْهُهُ فَإِنَّهُ يَقُومُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا۔

## محرم جب مر جاوے تو اس کا منہ اور سر نہ ڈھانپیں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص حج میں تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کے اونٹ نے اسے گرا دیا وہ مرگیا آپ نے فرمایا اس کو غسل دیا جاوے اور کفن دو کپڑوں میں اور اس کا سر اور منہ نہ ڈھانپا جاوے وہ قیامت کے روز لبیک کہتا ہوا اٹھے گا۔

## بَابُ ۱۴۲۳ النَّهْيُ عَنْ تَخْمِيرِ رَأْسِ الْمُحْرِمِ إِذَا مَاتَ

۲۸۶۳۔ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ قَالَ أَقْبَلَ رَجُلٌ حَرَامًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَرَّ مِنْ فَوْقِ بَعِيرِهِ فَوُقِصَ وَقْصًا فَمَاتَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوهُ بِمَاءٍ وَسِدْرٍ وَأَلْبِسُوهُ ثَوْبَيْهِ وَلَا تُخَمِّرُوا رَأْسَهُ فَإِنَّهُ يَأْتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُلَبِّي۔

## محرم جب مر جاوے تو اس کا سر نہ ڈھانپا جاوے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص احرام باندھے ہوئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آیا وہ اونٹ پر سے گرا اس کی گردن ٹوٹ گئی اور مر گیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو غسل دو پانی اور بیری کے پتے سے اور پہنا دو اس کے دونوں کپڑے اور مت ڈھانپو سر اس کا اسلیے کہ وہ قیامت کے روز آوے گا لبیک کہتا ہوا۔

## بَابُ ۱۴۲۴ فِيمَنْ أُحْصِرَ بِعَدُوٍّ

۲۸۶۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ وَسَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَاهُ أَنَّهُمَا كَلَّمَا عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ لَمَّا نَزَلَ الْجَيْشُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ قَبْلَ أَنْ يُقْتَلَ فَقَالَا

## جو شخص روکا جاوے حج سے بسبب دشمن کے

حضرت نافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبید اللہ بن عبد اللہ اور سالم بن عبد اللہ نے ان سے بیان کیا ان دونوں نے اپنے باپ عبد اللہ بن عمر سے گفتگو کی جب لشکر (حجاج بن یوسف ظالم) کا عبد اللہ بن الزبیر پر آیا جو مکے کے حاکم تھے) ان کے مارے جانے سے

www.sirat-e-mustaqeem.com



لَا يَضُرُّكَ أَنْ لَا تَحُجَّ الْعَامَ إِنَّا نَخَافُ أَنْ يُحَالَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْبَيْتِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُونَ الْبَيْتِ فَنَحَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيَهُ وَحَلَقَ رَأْسَهُ وَأُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ عُمْرَةً إِنْ شَاءَ اللَّهُ أَنْطَلِقُ فَإِنْ خُلِّيَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْبَيْتِ طُفْتُ وَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَعَلْتُ مَا فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ ثُمَّ سَارَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا شَأْنُهُمَا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجَّةً مَعَ عُمْرَتِي فَلَمْ يَحِلَّ مِنْهُمَا حَتَّى أَحَلَّ يَوْمَ النَّحْرِ وَأَهْدَى۔

پہلے تو دونوں نے کہا اگر اس سال آپ حج نہ کیجئے تو کچھ نقصان نہیں کیونکہ ہم کو ڈر ہے بیت اللہ سے روکے جانے کا عبداللہ بن عمرؓ نے کہا ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے (حج کرنے کو) قریش کے کافروں نے آپ کو روکا بیت اللہ سے آپ نے اپنی ہدی کا نحر کیا اور سر منڈایا اور میں تم کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے حج کے ساتھ عمرے کو بھی واجب کر لیا اگر خدا چاہے میں چلتا ہوں اگر مجھے راستہ بیت اللہ جانے کا ملا تو طواف کروں گا اور جو روک ہوگی تو جیسا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا ویسا ہی کروں گا میں بھی آپ کے ساتھ تھا پھر آپ تھوڑی دیر چلے بعد اس کے فرمایا حج اور عمرہ دونوں ایکساں ہیں میں تم کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے عمرہ کے ساتھ حج کو بھی واجب کر لیا پھر آپ نے احرام نہیں کھولا یہاں تک کہ دسویں تاریخ ہوئی اس روز احرام کھولا اور ہدی کو نحر کیا۔

۲۸۶۵۔ أَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَهُوَ ابْنُ حَبِيبٍ عَنِ الْحَجَّاجِ الصَّوَّافِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ ابْنِ عَمْرٍو الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ عَرِجَ أَوْ كُسِرَ فَقَدْ حَلَّ وَعَلَيْهِ حَجَّةٌ أُخْرَى فَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا هُرَيْرَةَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَا صَدَقَ۔

حضرت حجاج بن عمرو انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے جو شخص لنگڑا ہو جاوے یا اس کی ہڈی ٹوٹ جاوے تو اس کا احرام کھل جاوے گا اب دوسرے سال حج کرے۔ عکرمہؓ نے کہا میں نے عبداللہ بن عباسؓ اور ابو ہریرہؓ سے پوچھا انھوں نے کہا سچ کہا حجاج نے۔

۲۸۶۶۔ أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ يُوسُفَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ الصَّوَّافِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كُسِرَ أَوْ عَرِجَ فَقَدْ حَلَّ وَعَلَيْهِ حَجَّةٌ أُخْرَى وَسَأَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا هُرَيْرَةَ فَقَالَا صَدَقَ وَقَالَ شُعَيْبٌ فِي حَدِيثِهِ وَعَلَيْهِ الْحَجُّ مِنْ قَابِلٍ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۴۳۵ دُخُولِ مَكَّةَ

۲۸۶۷- أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ أَنْبَأَنَا سُوَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي نَافِعٌ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْزِلُ بِذِي طُوًى يَبِيتُ بِهِ حَتَّى يُصَلِّيَ صَلَاةَ الصُّبْحِ حِينَ يَقْدَمُ إِلَى مَكَّةَ وَمُصَلَّى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ عَلَى أَكَمَةٍ غَلِيظَةٍ لَيْسَ فِي الْمَسْجِدِ الَّذِي بُنِيَ ثَمَّ وَلَكِنْ أَسْفَلَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى أَكَمَةٍ خَشِنَةٍ غَلِيظَةٍ۔

## مکے میں داخل ہونے کا بیان

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم (جب مکے کے قریب پہنچے) ذی طوی (ایک مقام کا نام ہے حرم کی حد کے اندر) میں رات کو ٹھہرتے پھر صبح کی نماز پڑھ کر مکے میں آتے اور آپ کی نماز کی جگہ وہ مسجد نہیں ہے جو اب بن گئی ہے، وہاں بلکہ اس کے نیچے ایک سخت ٹیلے پر۔

## بَابُ ۱۴۳۶ دُخُولِ مَكَّةَ لَيْلًا

۲۸۶۸- أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ شُعَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مُزَاحِمُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ لَيْلًا مِنَ الْجِعِرَّانَةِ حِينَ مَشَى مُعْتَمِرًا فَأَصْبَحَ بِالْجِعِرَّانَةِ كَبَائِتٍ حَتَّى إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ خَرَجَ عَنِ الْجِعِرَّانَةِ فِي بَطْنِ سَرِفَ حَتَّى جَامَعَ الطَّرِيقَ طَرِيقَ الْمَدِينَةِ مِنْ سَرِفَ۔

## رات کو مکے میں داخل ہونا

حضرت محرش کعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رات کو نکلے جعرانہ (جو ایک مقام ہے عرفات کے پاس) میں سے عمرے کے لیے (پھر مکے میں رات کو آئے اور عمرہ ادا کیا اور رات ہی کو چلے گئے) اور صبح کی جعرانہ میں جیسے رات کو وہیں رہے جب دوپہر ڈھلی تو جعرانہ سے نکل کر بطن سرف پہنچے اور وہاں مدینے کی راہ میں گئے۔

۲۸۶۹- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ مُزَاحِمٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ أَسِيدٍ عَنْ مُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْجِعِرَّانَةِ لَيْلًا كَأَنَّهُ سَبِيكَةُ فِضَّةٍ فَاعْتَمَرَ ثُمَّ أَصْبَحَ بِهَا كَبَائِتٍ

حضرت محرش کعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم رات کو جعرانہ میں سے نکلے جیسے کھری چاندی دودھیا (یعنی ایسا آپ کا رنگ چمکتا تھا) اور عمرہ کیا پھر صبح کو وہیں آگئے جیسے رات کو وہیں رہے۔

## بَابُ ۱۴۳۷ مِنْ أَيْنَ يَدْخُلُ مَكَّةَ

۲۸۷۰- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى

## مکے میں کدھر سے آوے

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ مِنَ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا الَّتِيْ بِالْبَطْحَاءِ وَخَرَجَ مِنَ الثَّنِيَّةِ السُّفْلٰى۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں داخل ہوئے گھاٹی کی طرف (یعنی جنتہ المعلیٰ کی طرف سے) اور نکلے گھاٹی سے)

---

## بَابُ ۱۴۳۸ دُخُوْلِ مَكَّةَ بِاللِّوَاءِ

## مکّے میں جھنڈا لیکر جانا

۲۸۷۱۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا يَحْيٰى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَلِوَاؤُهُ اَبْيَضُ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں داخل ہوئے اور نشان آپ کا سفید تھا۔

---

## بَابُ ۱۴۳۹ دُخُوْلِ مَكَّةَ بِغَيْرِ اِحْرَامٍ

## مکّے میں بغیر احرام باندھے جانا

۲۸۷۲۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ الْمِغْفَرُ فَقِيْلَ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ اقْتُلُوْهُ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں داخل ہوئے اور آپ کے سر پر خود تھا (اس سے معلوم ہوا احرام نہ تھا) لوگوں نے کہا ابن خطل کعبے کے پردوں سے لپٹا ہوا ہے آپ نے فرمایا مار ڈالو اس کو (اور قصور اس کا یہ تھا کہ مسلمان ہو کر پھر اسلام سے پھر گیا تھا اور زکوٰۃ کا مال لیکر بھاگ گیا اور اپنے خادم کو ناحق قتل کیا۔

---

۲۸۷۳۔ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ بْنِ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں داخل ہوئے جس سال مکہ فتح ہوا اور آپ کے سر پر خود تھا۔

---

۲۸۷۴۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ الْمَكِّيُّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ بِغَيْرِ اِحْرَامٍ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں داخل ہوئے جس دن مکہ فتح ہوا اور آپ کے سر پر عمامہ تھا سیاہ بغیر احرام کے۔

## بَابُ ۱۴۴۰ الْوَقْتِ الَّذِيْ وَافٰى فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ

## رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکّے میں کب داخل ہوئے

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٨٧٥- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ لِصُبْحِ رَابِعَةٍ وَهُمْ يُلَبُّوْنَ بِالْحَجِّ فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَحِلُّوْا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب ذیحجہ کی چوتھی تاریخ صبح کو مکے میں آئے اور وہ لبیک پکارتے تھے حج کی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم کیا (عمرہ کر کے) احرام کھول ڈالنے کا۔

---

٢٨٧٦- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ كَثِيْرٍ اَبُوْ غَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ وَقَدْ اَهَلَّ بِالْحَجِّ فَصَلَّى الصُّبْحَ بِالْبَطْحَاءِ وَقَالَ مَنْ شَاءَ اَنْ يَجْعَلَهَا عُمْرَةً فَلْيَفْعَلْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ ذیحجہ کے چار دن گزر گئے تھے جب مکے میں آئے اور فجر کی نماز بطحا میں پڑھی اور حج کا احرام باندھا تھا پھر فرمایا جس کا جی چاہے وہ حج کو عمرہ کر دیوے

---

٢٨٧٧- اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعَيْبٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ عَطَاءٌ قَالَ جَابِرٌ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ صَبِيْحَةَ رَابِعَةٍ مَضَتْ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکے میں چوتھی ذیحجہ کی صبح کو آئے۔

---

## بَابُ ١٢٢١ اِنْشَادُ الشِّعْرِ فِي الْحَرَمِ وَالْمَشْيُ بَيْنَ يَدَيِ الْاِمَامِ

## حرم میں شعر پڑھنا اور امام کے آگے چلنا

٢٨٧٨- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ اَصْرَمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَوَاحَةَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ۔
خَلُّوْا بَنِي الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيْلِهِ ؛ اَلْيَوْمَ نَضْرِبْكُمْ عَلَى تَنْزِيْلِهِ
ضَرْبًا يُزِيْلُ الْهَامَ عَنْ مَقِيْلِهِ ؛ وَيُذْهِلُ الْخَلِيْلَ عَنْ خَلِيْلِهِ
فَقَالَ لَهُ عُمَرُ يَا ابْنَ رَوَاحَةَ بَيْنَ يَدَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي حَرَمِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ تَقُوْلُ الشِّعْرَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلِّ عَنْهُ فَلَهُوَ اَسْرَعُ فِيْهِمْ مِنْ نَضْحِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکے میں داخل ہوئے عمرۃ القضا کے سال میں (جو سنہ ہجری میں ہوا) اور عبداللہ بن رواحہ آپ کے آگے چلتے تھے اور کہتے جاتے تھے یہ شعر (جن کی معنی یہ ہیں) کافروں کے لڑکو ہٹو راہ سے ؛ ہم تمہیں ماریں گے اس کے حکم سے ؛ جس سے سر گردن سے ہووے گا جدا ؛ دوست اپنے دوست کو بھولے مبتلا۔ حضرت عمرؓ نے کہا اے ابن رواحہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے اللہ کے حرم میں تم شعر پڑھتے ہو۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھوڑ دو اس کو اے عمر یہ اشعار کافروں کے دلوں میں تیر مارنے سے زیادہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



التَّيْلِ -

جلد اثر کرتے ہیں:

## بَابُ ۱۴۴۲ حُرْمَةِ مَكَّةَ

۲۸۷۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ هٰذَا الْبَلَدُ حَرَّمَهُ اللهُ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يُعْضَدُ شَوْكُهٗ وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهٗ وَلَا يَلْتَقِطُ لُقَطَتَهٗ اِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاهُ قَالَ الْعَبَّاسُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اِلَّا الْاِذْخِرَ فَذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا اِلَّا الْاِذْخِرَ-

## مکے کی تعظیم کا بیان

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس دن مکہ فتح ہوا یہ شہر وہ ہے جس کو اللہ نے حرام کیا جس دن آسمان اور زمین کو پیدا کیا تو یہ حرام ہے اللہ کی حرمت سے قیامت تک یہاں کا کانٹا نہ کاٹا جاوے یہاں کا شکار نہ بھگایا جاوے یہاں کی پڑی ہوئی چیز نہ اٹھائی جاوے مگر جو شخص مشہور کرے مگر جو اپنی چیز پہچانے اور یہاں کی گھانس نہ کاٹی جاوے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مگر اذخر کاٹنے کی اجازت دیجئے (جو ایک خوشبو دار گھاس ہے جو کام میں آتی ہے آپ نے کچھ ایسا فرمایا جس کا مطلب یہی تھا یعنی اذخر کاٹنے کی اجازت دی۔

---

## بَابُ ۱۴۴۳ تَحْرِيْمِ الْقِتَالِ فِيْهِ

۲۸۸۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ طَاؤُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَامٌ حَرَّمَهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَحِلَّ فِيْهِ الْقِتَالُ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَاُحِلَّ لِيْ سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ فَهُوَ حَرَامٌ بِحُرْمَةِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ -

## مکے میں لڑائی حرام ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس دن مکہ فتح ہوا یہ شہر حرام ہے اللہ نے اس کو حرام کیا اس میں لڑائی کسی کو درست نہیں ہوئی مجھ سے پہلے اور میرے لیے صرف ایک گھڑی لڑنا درست ہوا پھر یہ حرام ہے اللہ کی حرمت سے قیامت تک۔

---

۲۸۸۱- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ شُرَيْحٍ اَنَّهٗ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ سَعِيْدٍ وَهُوَ يَبْعَثُ الْبُعُوْثَ اِلٰى مَكَّةَ ائْذَنْ لِيْ اَيُّهَا الْاَمِيْرُ اُحَدِّثْكَ قَوْلًا قَامَ بِهٖ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَدَ مِنْ يَوْمِ الْفَتْحِ

حضرت ابو شریح سے روایت ہے انھوں نے عمرو بن سعید بن العاص رضی اللہ عنہ سے کہا (جو امیر تھا مدینے کا معاویہ کی طرف سے) جب وہ لشکر بھیج رہا تھا مکے کو اے امیر مجھ کو اجازت دے میں تجھ سے بات کہتا ہوں جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مکے کے فتح کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



سَمِعَتْهُ اُذُنَایَ وَوَعَاهُ قَلْبِیْ وَاَبْصَرَتْهُ عَیْنَایَ حِیْنَ تَکَلَّمَ بِهٖ حَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ مَکَّةَ حَرَّمَهَا اللّٰهُ وَلَمْ یُحَرِّمْهَا النَّاسُ وَلَا یَحِلُّ لِامْرِیءٍ یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ یَّسْفِكَ بِهَا دَمًا وَّلَا یَعْضُدُ بِهَا شَجَرًا فَاِنْ تَرَخَّصَ اَحَدٌ لِقِتَالِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهَا فَقُوْلُوْا لَهٗ اِنَّ اللّٰهَ اَذِنَ لِرَسُوْلِهٖ وَلَمْ یَاْذَنْ لَکُمْ وَاِنَّمَا اَذِنَ لِیْ فِیْهَا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ وَقَدْ عَادَتْ حُرْمَتُهَا الْیَوْمَ کَحُرْمَتِهَا بِالْاَمْسِ وَلْیُبَلِّغِ الشَّاهِدُ الْغَائِبَ۔

دوسرے روز فرمایا تھا میں نے کانوں سے سنا اور دل سے یاد رکھا اور آنکھوں سے دیکھا جب آپ نے فرمایا آپ نے اللہ کی تعریف اور ثنا کی پھر فرمایا مکے کو اللہ نے حرام کیا اور لوگوں نے اس کی حرمت نہ کی جو شخص یقین نہ کرے اللہ پر اور قیامت پر اس کو درست نہیں۔ مکے میں خون کرنا یا وہاں کا درخت کاٹنا اگر کوئی کہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہاں لڑنے کی اجازت ہوئی تھی تو تم کہو اللہ نے اپنے رسول کو اجازت دی اور تم کو اجازت نہیں دی اور مجھے بھی صرف دن میں ایک گھڑی کے لیے اجازت ہوئی پھر اس کی حرمت ایسی ہوئی جیسے کل تھی یہ بات جو حاضر ہے وہ غائب کو پہنچا دیوے
کی حرمت۔

## بَابُ ۱۴۴۴ حُرْمَةُ الْحَرَمِ

## حرم کی حرمت

۲۸۸۲۔ اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ اَخْبَرَنِیْ اَبِیْ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَخْبَرَنِیْ سُحَیْمٌ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَغْزُوْ هٰذَا الْبَیْتَ جَیْشٌ فَیُخْسَفُ بِهِمْ بِالْبَیْدَاءِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیت اللہ سے لڑنے ایک لشکر آدے گا پھر وہ دھنس جاوے گا بیداء میں۔

---

۲۸۸۳۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِدْرِیْسَ اَبُوْ حَاتِمٍ الرَّازِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ حَفْصِ بْنِ غِیَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ طَلْحَةُ بْنُ مُصَرِّفٍ عَنْ اَبِیْ مُسْلِمٍ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَنْتَهِی الْبُعُوْثُ عَنْ غَزْوِ هٰذَا الْبَیْتِ حَتّٰی یُخْسَفَ بِجَیْشٍ مِّنْهُمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کبھی باز نہ آویں گے لشکر اس گھر پر لڑنے سے یہاں تک کہ ایک لشکر ان میں سے دھنس جاوے گا۔

---

۲۸۸۴۔ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصِّیْصِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَابِقٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنِ الدَّالَانِیِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ اَخِیْهِ

حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک لشکر بھیجا جاوے گا اس حرم کی طرف جب بیداء میں پہنچیں گے تو لشکر کا پہلا اور پچھلا حصہ دھنس جاوے گا اور بیچ کا حصہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي رَبِيعَةَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبْعَثُ جُنْدٌ إِلَى هَذَا الْحَرَمِ فَإِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوَّلِهِمْ وَآخِرِهِمْ وَلَمْ يَنْجُ أَوْسَطُهُمْ قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فِيهِمْ مُؤْمِنُونَ قَالَ تَكُونُ لَهُمْ قُبُورًا۔

نہ بچے گا میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس لشکر میں مسلمان بھی ہوں گے آپ نے فرمایا ان کے لیے قبریں ہو جاویں گی اور کافروں کے لیے عذاب۔

---

۲۸۸۵- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ صَفْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ صَفْوَانَ سَمِعَ جَدَّهُ يَقُولُ حَدَّثَتْنِي حَفْصَةُ أَنَّهُ قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَؤُمَّنَّ هَذَا الْبَيْتَ جَيْشٌ يَغْزُونَهُ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبَيْدَاءَ مِنَ الْأَرْضِ خُسِفَ بِأَوْسَطِهِمْ فَيُنَادِي أَوَّلُهُمْ وَآخِرُهُمْ فَيُخْسَفُ بِهِمْ جَمِيعًا وَلَا يَنْجُو إِلَّا الشَّرِيدُ الَّذِي يُخْبِرُ عَنْهُمْ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ أَشْهَدُ عَلَيْكَ أَنَّكَ مَا كَذَبْتَ عَلَى جَدِّكَ وَأَشْهَدُ عَلَى جَدِّكَ أَنَّهُ مَا كَذَبَ عَلَى حَفْصَةَ وَأَشْهَدُ عَلَى حَفْصَةَ أَنَّهَا لَمْ تَكْذِبْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس گھر کا قصد کرے گا ایک لشکر جب بیداء میں پہنچیں گے تو بیچ کا حصہ دھنس جاوے گا وہ پہلے اور پچھلے کو پکاریں گے وہ بھی دھنس جاویں گے کوئی ان میں سے نہ بچے گا مگر ایک جو بھاگ کر خبر لاوے گا (ف) ایک شخص نے اس حدیث کے راوی امیہ بن صفوان سے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ تم نے اپنے دادا پر جھوٹ نہیں بولا اور انھوں نے حفصہ پر جھوٹ نہیں بولا اور انھوں نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر جھوٹ نہیں بولا۔

## بَاب ۱۴۲۵ مَا يُقْتَلُ فِي الْحَرَمِ مِنَ الدَّوَابِّ

۲۸۸۶- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْغُرَابُ وَالْحِدَأَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ وَالْعَقْرَبُ وَالْفَأْرَةُ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ برے جانور قتل کیے جاویں حل اور حرم میں ایک کوا دوسری چیل تیسری کاٹنے والا کتا چوتھے بچھو پانچویں چوہا۔

---

## بَاب ۱۴۲۶ قَتْلِ الْحَيَّةِ فِي الْحَرَمِ

## حرم میں سانپ کو مارنا

۲۸۸۷- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْحَيَّةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ وَالْغُرَابُ الْأَبْقَعُ

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ برے جانور مارے جاویں حل اور حرم میں سانپ اور کاٹنے والا کتا اور کوا اچت کبرا اور چیل اور چوہا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَالْحِدَأَةُ وَالْفَأْرَةُ۔

۲۸۸۸۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى حَتَّى نَزَلَتْ وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا فَخَرَجَتْ حَيَّةٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوهَا فَابْتَدَرْنَاهَا فَدَخَلَتْ فِي جُحْرِهَا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے منا میں مسجد الخیف میں یہاں تک کہ یہ سورت اتری والمرسلات عرفا اتنے میں ایک سانپ نکلا آپ نے فرمایا مار ڈالو، اس کو ہم لوگ دوڑے وہ اپنے سوراخ میں گھس گیا۔

۲۸۸۹۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ عَرَفَةَ الَّتِي قَبْلَ يَوْمِ عَرَفَةَ فَإِذَا حِسُّ الْحَيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوهَا فَدَخَلَتْ شَقَّ جُحْرٍ فَأَدْخَلْنَا عُودًا فَقَلَعْنَا بَعْضَ الْجُحْرِ فَأَخَذْنَا سَعَفَةً فَأَضْرَمْنَا فِيهَا نَارًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَاهَا اللَّهُ شَرَّكُمْ وَوَقَاكُمْ شَرَّهَا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے عرفے کی رات کو جو عرفے کے روز سے پہلے ہوتی ہے ایک ہی ایکا سانپ کی آہٹ معلوم ہوئی آپ نے فرمایا مار ڈالو اس کو وہ سوراخ میں گھس گیا ہم نے لکڑی ڈال کر کچھ سوراخ کریدا پھر لکڑیاں لے کر (سوراخ میں بھریں) اس میں آگ لگا دی آپ نے فرمایا اللہ نے اس کو تم سے بچایا اور تم کو اس سے بچایا۔

## بَابُ ۱۲۴۷ قَتْلِ الْوَزَغِ

## گرگٹ کو مارنا

۲۸۹۰۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أُمِّ شَرِيكٍ قَالَتْ أَمَرَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْأَوْزَاغِ۔

حضرت ام شریک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو حکم کیا گرگٹ کے مارنے کا

۲۸۹۱۔ أَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ بَيَانٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ وَيُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَزَغُ الْفُوَيْسِقُ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا گرگٹ بدجانور ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۴۴۸ قَتْلِ الْعَقْرَبِ

## بچھوؤں کا مارنا

۲۸۹۲- اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ الرَّقِّيُّ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُرْوَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهُنَّ فَاسِقٌ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْكَلْبُ الْعَقُوْرُ وَالْغُرَابُ وَالْحِدَاَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْفَارَةُ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ بدجانور ہیں جو مارے جاویں حل اور حرم میں کتا کاٹنے والا اور کوّا اور چیل اور بچھو اور چوہا۔

---

## بَابُ ۱۴۴۹ قَتْلِ الْفَارَةِ فِي الْحَرَمِ

## چوہے کو حرم میں مارنا

۲۸۹۳- اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ كُلُّهَا فَاسِقٌ يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ الْغُرَابُ وَالْحِدَاَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ وَالْفَارَةُ وَالْعَقْرَبُ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانور ہیں سب کے سب برے ہیں مارے جاویں حرم میں کوّا اور چیل اور کاٹنے والا کتا اور چوہا اور بچھو۔

۲۸۹۴- اَخْبَرَنَا عِيْسٰى بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ قَالَتْ حَفْصَةُ زَوْجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ مِنَ الدَّوَابِّ لَا حَرَجَ عَلٰى مَنْ قَتَلَهُنَّ الْعَقْرَبُ وَالْغُرَابُ وَالْحِدَاَةُ وَالْفَارَةُ وَالْكَلْبُ الْعَقُوْرُ۔

حضرت ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پانچ جانور ہیں جن کے مار ڈالنے میں کچھ حرج نہیں ایک بچھو دوسرے کوّا تیسرے چیل چوتھے چوہا پانچویں کاٹنے والا کتا۔

---

## بَابُ ۱۴۵۰ قَتْلِ الْحِدَاَةِ فِي الْحَرَمِ

## چیل کو حرم میں مارنا

۲۸۹۵- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرٰهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



خَمْسٌ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِي الْحِلِّ وَالْحَرَمِ الْحِدَأَةُ وَالْغُرَابُ وَالْفَأْرَةُ وَالْعَقْرَبُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ وَذَكَرَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا أَنَّ مَعْمَرًا كَانَ يَذْكُرُهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ وَعَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## بَابُ ۱۴۵۱ قَتْلِ الْغُرَابِ فِي الْحَرَمِ

## کوّے کو مارنا حرم میں

۲۸۹۶- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ وَهُوَ ابْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَمْسٌ فَوَاسِقُ يُقْتَلْنَ فِي الْحَرَمِ الْعَقْرَبُ وَالْفَأْرَةُ وَالْغُرَابُ وَالْكَلْبُ الْعَقُورُ وَالْحِدَأَةُ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

## بَابُ ۱۴۵۲ النَّهْيِ أَنْ يُنَفَّرَ صَيْدُ الْحَرَمِ

## حرم کے شکار کو بھگانے کی ممانعت

۲۸۹۷- أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهِ مَكَّةُ حَرَّمَهَا اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ لَمْ تَحِلَّ لِأَحَدٍ قَبْلِي وَلَا لِأَحَدٍ بَعْدِي وَإِنَّمَا أُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ وَهِيَ سَاعَتِي هٰذِهِ حَرَامٌ بِحَرَامِ اللّٰهِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يُخْتَلَى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا يُنَفَّرُ صَيْدُهَا وَلَا تَحِلُّ لُقْطَتُهَا إِلَّا لِمُنْشِدٍ فَقَامَ الْعَبَّاسُ وَكَانَ رَجُلًا مُجَرِّبًا فَقَالَ إِلَّا الْإِذْخِرَ فَإِنَّهُ لِبُيُوتِنَا وَقُبُورِنَا فَقَالَ إِلَّا الْإِذْخِرَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مکہ ہے حرام کیا اس کو اللہ جل جلالہٗ نے جس دن پیدا کیا آسمان اور زمین کو نہیں حلال ہوا کسی کے لیے مجھ سے پہلے اور نہ میرے بعد حلال ہوگا کسی کے لیے میرے لیے بھی ایک گھڑی کو حلال ہوا اسی گھڑی پھر حرام ہے اللہ کی حرمت سے قیامت تک یہاں کی گھاس نہ کاٹی جاوے درخت نہ کاٹا جاوے شکار نہ بھگایا جاوے یہاں کی پڑی ہوئی چیز کسی کو لینا درست نہیں مگر اس کے ڈھونڈنے والے کو یہ سن کر عباسؓ کھڑے ہوئے اور وہ تجربہ کار آدمی تھے انھوں نے کہا مگر اذخر (اس کے کاٹنے کی اجازت دیجئے) کیونکہ وہ ہمارے گھروں اور قبروں میں کام آتی ہے آپ نے فرمایا مگر اذخر۔

## بَابُ ۱۴۵۳ اسْتِقْبَالِ الْحَجِّ

## حج میں امام کے آگے چلنا

www.sirat-e-mustaqeem.com



٢٨٩٨- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ فِي عُمْرَةِ الْقَضَاءِ وَابْنُ رَوَاحَةَ بَيْنَ يَدَيْهِ يَقُولُ۔

خَلُّوا بَنِي الْكُفَّارِ عَنْ سَبِيلِهِ
الْيَوْمَ نَضْرِبْكُمْ عَلَى تَأْوِيلِهِ
ضَرْبًا يُزِيلُ الْهَامَ عَنْ مَقِيلِهِ
وَيُذْهِلُ الْخَلِيلَ عَنْ خَلِيلِهِ

قَالَ عُمَرُ يَا ابْنَ رَوَاحَةَ فِي حَرَمِ اللّٰهِ وَبَيْنَ يَدَيْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ هَذَا الشِّعْرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلِّ عَنْهُ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَكَلَامُهُ أَشَدُّ عَلَيْهِمْ مِنْ وَقْعِ النَّبْلِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے میں داخل ہوئے عمرۃ القضاء میں اور عبداللہ بن رواحہ آپ کے سامنے چلتے تھے یہ شعر پڑھتے ہوئے۔ کافروں کے لڑکو سر کو راہ سے ہم تمہیں ماریں گے اس کے حکم سے ؛ جس سے گردن سے ہووے گا ؛ دوست اپنے دوست کو بھولے سدا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا اے ابن رواحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اللہ کے حرم میں تم شعر میں پڑھتے ہو آپ نے فرمایا پڑھنے دے اس کو اے عمر! قسم اس شخص کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس کا کلام تیر مارنے سے زیادہ کافروں پر سخت ہے

٢٨٩٩- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ اسْتَقْبَلَهُ أُغَيْلِمَةُ بَنِي هَاشِمٍ قَالَ فَحَمَلَ وَاحِدًا بَيْنَ يَدَيْهِ وَآخَرَ خَلْفَهُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکے میں آئے تو بنی ہاشم کے بچے آپ کے سامنے آئے آپ نے ایک کو اپنے سامنے بٹھا لیا اور دوسرے کو اپنے پیچھے۔

## بَاب ١٤٥٤ تَرْكُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ

## کعبے کو دیکھ کر ہاتھ اٹھانا

٢٩٠٠- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا قَزَعَةَ الْبَاهِلِيَّ يُحَدِّثُ عَنِ الْمُهَاجِرِ الْمَكِّيِّ قَالَ سُئِلَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الرَّجُلِ يَرَى الْبَيْتَ أَيَرْفَعُ يَدَيْهِ قَالَ مَا كُنْتُ أَظُنُّ أَحَدًا يَفْعَلُ هَذَا إِلَّا الْيَهُودَ حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَكُنْ نَفْعَلُهُ

حضرت مہاجر مکی رح سے روایت ہے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سوال ہوا ایک شخص کعبہ دیکھے کیا ہاتھ اٹھاوے۔ جابرؓ نے کہا میں تو نہیں سمجھتا ایسا کوئی کرتا ہو سوا یہودیوں کے، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا لیکن ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے۔

## بَاب ١٤٥٥ الدُّعَاءُ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْبَيْتِ

## کعبے کو دیکھتے وقت دعا کرنا

٢٩٠١- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ

حضرت ام عبدالرحمان بن طارق رضی اللہ عنہا

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي يَزِيدَ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ طَارِقِ بْنِ عَلْقَمَةَ أَخْبَرَهُ عَنْ أُمِّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا جَاءَ مَكَانًا فِي دَارِ يَعْلَى اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَدَعَا۔

سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب دار یعلی کے مکان میں آتے (یعنی مکے کے قریب جہاں سے بیت اللہ دکھائی دیتا ہے تو قبلے کی طرف منہ کرتے اور دعا کرتے۔

## بَابٌ ۱۴۵۶ فَضْلِ الصَّلَاةِ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

## مسجد حرام میں نماز پڑھنے کی فضیلت

۲۹۰۲۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ لَا أَعْلَمُ أَحَدًا رَوَى هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ غَيْرَ مُوسَى الْجُهَنِيِّ وَخَالَفَهُ ابْنُ جُرَيْجٍ وَغَيْرُهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری مسجد (یعنی مدینے کی مسجد) میں نماز پڑھنا اور مسجدوں کی ہزار نماز کے برابر ہے سوا مسجد حرام کے۔

۲۹۰۳۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ إِسْحٰقُ أَنْبَأَنَا وَقَالَ مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدِ بْنِ عَبَّاسٍ حَدَّثَهُ أَنَّ مَيْمُونَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هٰذَا أَفْضَلُ مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا مَسْجِدَ الْكَعْبَةِ۔

حضرت ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ میں نے سنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے میری مسجد میں نماز پڑھنا اور مسجدوں کی ہزار نماز سے بہتر ہے مگر کعبہ کی مسجد (وہاں نماز پڑھنا میری مسجد سے بھی بہتر ہے۔

۲۹۰۴۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَلَمَةَ قَالَ سَأَلْتُ الْأَغَرَّ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ فَحَدَّثَ الْأَغَرُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي هٰذَا أَفْضَلُ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



مِنْ أَلْفِ صَلَاةٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَسَاجِدِ إِلَّا الْكَعْبَةَ.

## بَابُ ۱۴۵ بِنَاءُ الْكَعْبَةِ

## کعبے کے بنانے کا بیان

۲۹۰۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ أَخْبَرَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ قَوْمَكِ حِينَ بَنَوُا الْكَعْبَةَ اقْتَصَرُوا عَنْ قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا تَرُدُّهَا عَلَى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لَوْلَا حِدْثَانُ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ لَئِنْ كَانَتْ عَائِشَةُ سَمِعَتْ هَذَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أُرَى تَرَكَ اسْتِلَامَ الرُّكْنَيْنِ اللَّذَيْنِ يَلِيَانِ الْحِجْرَ إِلَّا أَنَّ الْبَيْتَ لَمْ يُتَمَّمْ عَلَى قَوَاعِدِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ.

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیری قوم نے جب کعبے کو بنایا تو ابراہیم علیہ السلام کے پایوں سے کم بنایا میں نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان کے پایوں پر بنا دیجئے۔ آپ نے فرمایا اگر تیری قوم کا کفر کا زمانہ نہ ہوتا (اب اگر بناؤں تو ڈر ہے فساد کا لوگ کہیں محمدؐ نے کعبے کو توڑا اور جاہل گمراہ ہو جاویں) عبداللہ بن عمرؓ نے کہا اگر حضرت عائشہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے تو میں خیال کرتا ہوں اسی وجہ سے آنحضرت نہیں چومتے تھے ان دو رکنوں کو جو نزدیک ہیں حجر اسود کے (یعنی رکن شامی اور عراقی کو) اس لیے کہ خانہ کعبہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پایوں پر نہ تھا (رکن شامی اور عراقی کی طرف سے کیونکہ حطیم کعبے میں داخل تھا حضرت ابراہیم کی بنا کے موافق اور اب خارج ہے۔

۲۹۰۶- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدَةُ وَأَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَا حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا حَدَاثَةُ عَهْدِ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْبَيْتَ فَبَنَيْتُهُ عَلَى أَسَاسِ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلْتُ لَهُ خَلْفًا فَإِنَّ قُرَيْشًا لَمَّا بَنَتِ الْبَيْتَ اسْتَقْصَرَتْ.

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تیری قوم کے کفر کا زمانہ نہ ہوتا تو بیت اللہ کو توڑتا اور بناتا ابراہیم علیہ السلام کے پائے پر اور دیں اس میں پیچھے ایک دروازہ رکھتا سامنے کے دروازے کے مقابل اب ایک ہی دروازہ ہے (دو دروازوں میں یہ آرام تھا کہ ایک دروازے سے آئیں اور دوسرے سے نکلیں اور ہوا آتی اور نکلتی رہے) اس لیے کہ قریش نے جب کعبے کو بنایا تو اس میں کمی کی۔

۲۹۰۷- أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى عَنْ خَالِدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میری یا تیری قوم

www.sirat-e-mustaqeem.com



إِسْحٰقَ عَنِ الْأَسْوَدِ أَنَّ أُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ إِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنَّ قَوْمِيْ وَفِيْ حَدِيْثِ مُحَمَّدٍ قَوْمَكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ لَهَدَمْتُ الْكَعْبَةَ وَجَعَلْتُ لَهَا بَابَيْنِ فَلَمَّا مَلَكَ ابْنُ الزُّبَيْرِ جَعَلَ لَهَا بَابَيْنِ۔

۲۹۰۸۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هٰرُوْنَ قَالَ أَنْبَأَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ رُوْمَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا يَا عَائِشَةُ لَوْلَا أَنَّ قَوْمَكِ حَدِيْثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ لَأَمَرْتُ بِالْبَيْتِ فَهُدِمَ فَأَدْخَلْتُ فِيْهِ مَا أُخْرِجَ مِنْهُ وَأَلْزَقْتُهُ بِالْأَرْضِ وَجَعَلْتُ لَهُ بَابَيْنِ بَابًا شَرْقِيًّا وَبَابًا غَرْبِيًّا فَإِنَّهُمْ قَدْ عَجَزُوْا عَنْ بِنَائِهِ فَبَلَغْتُ بِهِ أَسَاسَ إِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ فَذٰلِكَ الَّذِيْ حَمَلَ ابْنَ الزُّبَيْرِ عَلٰى هَدْمِهِ قَالَ يَزِيْدُ وَقَدْ شَهِدْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ حِيْنَ هَدَمَهُ وَبَنَاهُ وَأَدْخَلَ فِيْهِ مِنَ الْحِجْرِ وَقَدْ رَأَيْتُ أَسَاسَ إِبْرٰهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ حِجَارَةً كَأَسْنِمَةِ الْإِبِلِ مُتَلَاحِكَةً۔

۲۹۰۹۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَرِّبُ الْكَعْبَةَ ذُو السُّوَيْقَتَيْنِ مِنَ الْحَبَشَةِ۔

کے جاہلیت کا زمانہ قریب نہ ہوتا تو میں کعبے کو گراتا اور اس میں دو دروازے کرتا پھر عبداللہ بن زبیرؓ نے اپنی حکومت میں کعبے کے دو دروازے کر دیے (جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا منشا تھا لیکن حجاج بن یوسف نے عبداللہ بن زبیرؓ کو شہید کر دیا تو کعبے کو بھی اسی طرح کر دیا جیسے جاہلیت میں تھا۔)

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا اگر تیری قوم کی جاہلیت کا زمانہ نزدیک نہ ہوتا تو میں حکم دیتا کعبے کے گرانے کا پھر جو اس میں سے نکالا گیا ہے اس کو شریک کرتا اور زمین کے برابر اس کو کر دیتا اور اس کے دروازے رکھتا ایک مشرق کی طرف دوسرا مغرب کی طرف قریش اس کے بنانے میں عاجز ہو گئے (ان کو مال حلال نہ ملا) میں ابراہیم علیہ السلام کی تعمیر تک پہنچا دیتا راوی نے کہا اسی وجہ سے عبداللہ بن زبیرؓ نے کعبے کو گرایا یزید نے کہا میں اس وقت موجود تھا جب عبداللہ بن الزبیرؓ نے اس کو گرایا اور بنایا اور حطیم کو اس میں شریک کیا میں نے ابراہیم علیہ السلام کے بنا کے پتھر دیکھے اونٹوں کے کوہان کی طرح (نرم اور ملائم یا ایک دوسرے سے ملے ہوئے۔)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خراب کرے گا کعبے کو دو چھوٹی پنڈلیوں والا حبشی۔ ف۱

## باب ۱۴۵۸ دُخُوْلُ الْبَيْتِ

## کعبے کے اندر جانا

۲۹۱۰۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

ف۱: یعنی اخیر زمانے میں قیامت کے قریب مکہ تباہ ہو جاوے گا۔ اور کعبے کو حبش کے کافر لوگ خراب کریں گے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



حدثنا خالد قال حدثنا ابن عون عن نافع عن عبد الله ابن عمر انه انتهى الى الكعبة وقد دخلها النبي صلى الله عليه وسلم وبلال واسامة بن زيد واجاف عليهم عثمان بن طلحة الباب فمكثوا فيها مليا ثم فتح الباب فخرج النبي صلى الله عليه وسلم ورقيت الدرجة ودخلت البيت فقلت اين صلى النبي صلى الله عليه وسلم قالوا ههنا ونسيت ان اسألهم كم صلى النبي صلى الله عليه وسلم في البيت ۔

وہ کعبے کے پاس گئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس کے اندر تشریف لے گئے اور بلال اور اسامہ بن زید اور عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہم نے دروازہ بند کر لیا تھا بڑی دیر تک اندر رہے پھر دروازہ کھولا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم باہر نکلے اور میں سیڑھی پر چڑھا اور بیت اللہ میں داخل ہوا میں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز پڑھی لوگوں نے کہا یہاں لیکن میں بھول گیا پوچھنا کتنی رکعتیں پڑھیں ۔

۲۹۱۱ ۔ اخبرنا يعقوب بن ابراهيم قال حدثنا هشيم قال انبأنا ابن عون عن نافع عن ابن عمر قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم البيت ومعه الفضل بن عباس واسامة بن زيد وعثمان بن طلحة وبلال فاجافوا عليهم الباب فمكث فيه ما شاء الله ثم خرج قال ابن عمر كان اول من لقيت بلالا قلت اين صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما بين الاسطوانتين ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیت اللہ میں داخل ہوئے اور آپ کے ساتھ فضل بن عباس اور اسامہ بن زید اور عثمان بن طلحہ اور بلال رضی اللہ عنہم تھے انھوں نے دروازہ بند کر لیا آپ اندر رہے جب تک اللہ کو منظور تھا پھر باہر نکلے سب سے پہلے مجھ کو بلال رض ملے میں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز کہاں پڑھی انھوں نے کہا دو ستونوں کے بیچ میں ۔

## باب ۱۴۵۱ موضع الصلاة في البيت

## بیت اللہ میں کس جگہ نماز پڑھنا

۲۹۱۲ ۔ اخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا يحيى قال حدثنا السائب بن عمر قال حدثني ابن ابي مليكة ان ابن عمر قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم الكعبة ودنا خروجه ووجدت شيئا فذهبت وجئت سريعا فوجدت رسول الله صلى الله عليه وسلم خارجا فسألت بلالا أصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم في الكعبة قال نعم ركعتين بين الساريتين ۔

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کعبے اندر تشریف لے گئے جب آپ نزدیک ہوئے نکلنے کے مجھے خیال آیا میں گیا اور جلدی گیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پایا اندر سے نکلتا ہوا میں نے بلال رض سے پوچھا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کعبے کے اندر نماز پڑھی انھوں نے کہا ہاں درمیان دو ستون کے ۔

۲۹۱۳ ۔ اخبرنا احمد بن سليمان قال حدثنا ابو نعيم قال حدثنا سيف بن سليمان قال سمعت مجاهدا يقول اتي ابن عمر في منزله فقيل هذا رسول الله

حضرت مجاہد سے روایت ہے عبد اللہ بن عمر رض اپنے مکان میں آئے لوگوں نے کہا دیکھو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہ گئے کعبے اندر میں آیا تو آپ

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ دَخَلَ الْكَعْبَةَ فَأَقْبَلْتُ فَأَجِدُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ خَرَجَ وَأَجِدُ بِلَالًا عَلَى الْبَابِ قَائِمًا فَقُلْتُ يَا بِلَالُ أَصَلَّى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ أَيْنَ قَالَ مَا بَيْنَ هَاتَيْنِ الْأُسْطُوَانَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فِي وَجْهِ الْكَعْبَةِ۔

کو نکلتے ہوئے پایا اور بلال دروازے پر کھڑے تھے میں نے کہا اے بلال کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کعبے اندر نماز پڑھی۔ انھوں نے کہا ہاں۔ میں نے کہا کہاں؟ انھوں نے کہا ان دو ستونوں کے بیچ میں دو رکعتیں پڑھیں پھر باہر نکل کر کعبے کے سامنے دو رکعتیں پڑھیں۔

---

۲۹۱۴- أَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمَنْبِجِيُّ عَنِ ابْنِ أَبِي رَوَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَعْبَةَ فَسَبَّحَ فِي نَوَاحِيهَا وَكَبَّرَ وَلَمْ يُصَلِّ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى خَلْفَ الْمَقَامِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ هَذِهِ الْقِبْلَةُ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کعبے اندر تشریف لے گئے اس کے کونوں میں تسبیح کہی اور تکبیر اور نماز پڑھی پھر باہر نکلے اور مقام ابراہیم کے پیچھے دو رکعتیں پڑھیں پھر فرمایا یہ قبلہ ہے۔

## بَابُ ۱۴۶۰ الْحِجْرِ

## حطیم کا بیان

۲۹۱۵- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ ابْنُ الزُّبَيْرِ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنَّ النَّاسَ حَدِيثٌ عَهْدُهُمْ بِكُفْرٍ وَلَيْسَ عِنْدِي مِنَ النَّفَقَةِ مَا يُقَوِّي عَلَى بِنَائِهِ لَكُنْتُ أَدْخَلْتُ فِيهِ مِنَ الْحِجْرِ خَمْسَةَ أَذْرُعٍ وَجَعَلْتُ لَهُ بَابًا يَدْخُلُ النَّاسُ مِنْهُ وَبَابًا يَخْرُجُونَ مِنْهُ

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگوں کے کفر کا زمانہ نزدیک نہ ہوتا اور میرے پاس خرچ زیادہ ہوتا اس سے جو مجھ کو قوت دی۔ البتہ میں حطیم پانچ گز کعبے کے اندر داخل کرتا اور ایک دروازہ اندر جانے کے لیے اور ایک دروازہ نکلنے کے لیے بناتا۔

---

۲۹۱۶- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الرِّبَاطِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَمَّتِهِ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ حَدَّثَتْنَا عَائِشَةُ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا أَدْخُلُ الْبَيْتَ قَالَ ادْخُلِي الْحِجْرَ فَإِنَّهُ مِنَ الْبَيْتِ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں بیت اللہ میں داخل ہوں۔ آپ نے فرمایا حطیم میں جاؤ وہ بیت اللہ ہی میں ہے (حطیم اس جگہ کا نام ہے، جو بیت اللہ کے مغربی جانب میزاب رحمت کے نیچے واقع ہے وہاں ایک دیوار اٹھا دی ہے درحقیقت حطیم میں نماز پڑھنا گویا بیت اللہ میں پڑھنا ہے۔

## بَابُ ۱۴۶۱ الصَّلَاةِ فِي الْحِجْرِ

## حطیم میں نماز پڑھنا

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۹۱۷- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ أَبِي عَلْقَمَةَ عَنْ أُمِّهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أُحِبُّ أَنْ أَدْخُلَ الْبَيْتَ فَأُصَلِّيَ فِيهِ فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي فَأَدْخَلَنِي الْحِجْرَ فَقَالَ إِذَا أَرَدْتِ دُخُولَ الْبَيْتِ فَصَلِّي هٰهُنَا فَإِنَّمَا هُوَ قِطْعَةٌ مِنَ الْبَيْتِ وَلٰكِنَّ قَوْمَكِ اقْتَصَرُوا حَيْثُ بَنَوْهُ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں بیت اللہ کے اندر جانا پسند کرتی تھی اور وہاں نماز پڑھنی تھی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے حطیم میں لے گئے فرمایا جب تو بیت اللہ کے اندر جانا چاہے تو یہاں کھڑے ہو کر نماز پڑھ لے یہ بھی بیت اللہ کا ایک ٹکڑا ہے لیکن تیری قوم نے بناتے وقت کمی کی (کہ اس کو بیت اللہ سے باہر رہنے دیا ورنہ شریک کرنے کا تھا۔)

## باب ۱۴۶۲- التَّكْبِيرُ فِي نَوَاحِي الْكَعْبَةِ

## کعبے کے کونوں میں تکبیر کہنا

۲۹۱۸- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ لَمْ يُصَلِّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ وَلٰكِنَّهُ كَبَّرَ فِي نَوَاحِيهِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کعبے اندر نماز نہیں پڑھی لیکن تکبیر کہی اس کے کونوں میں۔

## باب ۱۴۶۳- الذِّكْرُ وَالدُّعَاءُ فِي الْبَيْتِ

## بیت اللہ کے اندر اللہ کا ذکر کرنا اور دعا کرنا

۲۹۱۹- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ دَخَلَ هُوَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ فَأَمَرَ بِلَالًا فَأَجَافَ الْبَابَ وَالْبَيْتُ إِذْ ذَاكَ عَلَى سِتَّةِ أَعْمِدَةٍ فَمَضَى حَتَّى إِذَا كَانَ بَيْنَ الْأُسْطُوَانَتَيْنِ اللَّتَيْنِ تَلِيَانِ بَابَ الْكَعْبَةِ جَلَسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَسَأَلَهُ وَاسْتَغْفَرَهُ ثُمَّ قَامَ حَتَّى أَتَى مَا اسْتَقْبَلَ مِنْ دُبُرِ الْكَعْبَةِ فَوَضَعَ وَجْهَهُ وَخَدَّهُ عَلَيْهِ وَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَسَأَلَهُ وَاسْتَغْفَرَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى كُلِّ رُكْنٍ مِنْ أَرْكَانِ الْكَعْبَةِ فَاسْتَقْبَلَهُ بِالتَّكْبِيرِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّسْبِيحِ وَالثَّنَاءِ عَلَى اللّٰهِ وَالْمَسْأَلَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ ثُمَّ خَرَجَ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ وَجْهِ الْكَعْبَةِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ هٰذِهِ الْقِبْلَةُ هٰذِهِ الْقِبْلَةُ۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں اونٹ پر چڑھ کے سعی کی اور صفا مروہ میں طواف کیا بیت اللہ کا سوار ہو کر تاکہ لوگ آپ کو دیکھیں اور آپ لوگوں پر اونچے رہیں اور لوگ آپ سے پوچھیں اس لیے کہ لوگوں نے آپ کو ڈھانپ لیا تھا۔

## ۱۵۰۶ ـ اَلْمَشْيُ بَيْنَهُمَا

## صفا اور مروے کے بیچ میں چلنا

۲۹۸۱ ـ أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ كَثِيرِ بْنِ جُمْهَانَ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ يَمْشِي بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ إِنْ أَمْشِي فَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي وَإِنْ أَسْعَى فَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى ـ

حضرت کثیر بن جمہان سے روایت ہے میں نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا چلتے ہوئے (اپنی چال سے) صفا اور مروے کے بیچ میں انھوں نے کہا اگر میں چلوں تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بھی چلتے تھے اور جو دوڑوں تو آپ بھی دوڑتے تھے۔

۲۹۸۲ ـ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ رَأَيْتُ ابْنَ عُمَرَ وَذَكَرَ نَحْوَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ وَأَنَا شَيْخٌ كَبِيرٌ ـ

ترجمہ اس روایت میں اتنا زیادہ ہے انھوں نے کہا میں بوڑھا ہوں (تو میرے لیے چلنا ہی بہتر ہے)

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۰۷- اَلرَّمَلُ بَيْنَهُمَا

۲۹۸۳- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ يَسَارٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَأَلُوا ابْنَ عُمَرَ هَلْ رَأَيْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَالَ كَانَ فِيْ جَمَاعَةٍ مِنَ النَّاسِ فَرَمَلُوْا فَلَا أُرَاهُمْ رَمَلُوْا اِلَّا بِرَمَلِهِ۔

## صفا اور مروے کے بیچ میں رمل کرنا

حضرت زہری سے روایت ہے لوگوں نے عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا تم نے دیکھا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رمل کیا صفا اور مروے کے بیچ میں انھوں نے کہا آپ لوگوں کے ساتھ تھے مگر لوگوں نے رمل کیا تھا میں سمجھتا ہوں آپ کو دیکھ کر کیا ہوگا۔

## ۱۵۰۸- اَلسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

۲۹۸۴- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا سَعَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوَّتَهُ۔

## صفا اور مروے کے بیچ میں دوڑنا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صفا اور مروے کے درمیان دوڑے مشرکوں کو اپنا زور بتلانے کے لیے (کہ ہم بھلے چنگے طاقت ور ہیں)۔

## ۱۵۰۹- اَلسَّعْيُ فِيْ بَطْنِ الْمَسِيْلِ

۲۹۸۵- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ بُدَيْلٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنِ امْرَاَةٍ قَالَتْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى فِيْ بَطْنِ الْمَسِيْلِ وَيَقُوْلُ لَا يُقْطَعُ الْوَادِيْ اِلَّا شَدًّا۔

## نالے کے اندر دوڑنا

ایک عورت سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا نالے کے اندر دوڑتے ہوئے اور فرماتے تھے نالے کو دوڑ کر طے کرنا چاہیے (اب وہاں دو نشان کر دیے ہیں دو سبز پتھر لگے ہیں ان کے بیچ میں دوڑتے ہیں)۔

## ۱۵۱۰- مَوْضِعُ الْمَشْيِ

۲۹۸۶- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا نَزَلَ مِنَ الصَّفَا مَشٰى حَتّٰى اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ

## کس مقام پر اپنی چال سے چلے

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب صفا سے اترتے تو چلتے یہاں تک کہ پاؤں آپ کے جب نالے میں جھکتے دوڑتے نالے سے نکلنے تک۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



بَطْنِ الْوَادِی سَعٰی حَتّٰی یَخْرُجَ مِنْهُ ۔

## ۱۵۱۱ - مَوْضِعُ الرَّمَلِ

۲۹۸۷ - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی عَنْ سُفْیَانَ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَمَّا تَصَوَّبَتْ قَدَمَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَطْنِ الْوَادِیْ رَمَلَ حَتّٰی خَرَجَ مِنْهُ ۔

۲۹۸۸ - اَخْبَرَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنَا جَابِرٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ یَعْنِیْ عَنِ الصَّفَا حَتّٰی اِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِی الْوَادِیْ رَمَلَ حَتّٰی اِذَا صَعِدَ مَشٰی ۔

## رمل کس جگہ پر کرے

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے قدم نالے کے اندر جھکے تو آپ دوڑے اس میں نکلنے تک۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صفا سے اترے جب آپ کے پاؤں نالے میں جھکے تو دوڑے جب اوپر چڑھنے لگے تو پھر اپنی چال سے چلنے لگے۔

## ۱۵۱۲ - مَوْضِعُ الْقِیَامِ عَلَی الْمَرْوَةِ

۲۹۸۹ - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَکَمِ عَنْ شُعَیْبٍ قَالَ اَنْبَاَنَا اللَّیْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَتَی الْمَرْوَةَ فَصَعِدَ فِیْهَا ثُمَّ بَدَا لَهُ الْبَیْتُ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ ذَکَرَ اللّٰهَ وَسَبَّحَهُ وَحَمِدَهُ ثُمَّ دَعَا بِمَا شَاءَ اللّٰهُ فَعَلَ هٰذَا حَتّٰی فَرَغَ مِنَ الطَّوَافِ ۔

## مروہ پر کس مقام پر کھڑا ہو

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مروے پر آئے اور اس پر چڑھے یہاں تک کہ بیت اللہ دکھلائی دینے لگا پھر فرمایا لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئ قدیر تین بار پھر اللہ کا ذکر کیا اس کی تسبیح اور تحمید کی (یعنی سبحان اللہ اور الحمد للہ) پھر دعا کی جو اللہ نے چاہا ہر بار ایسا ہی کیا یہاں تک کہ سعی سے فارغ ہوئے۔

## ۱۵۱۳ - اَلتَّکْبِیْرُ عَلَیْهَا

۲۹۹۰ - اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ قَالَ اَنْبَاَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَهَبَ اِلَی الصَّفَا فَرَقِیَ عَلَیْهَا حَتّٰی بَدَا لَهُ الْبَیْتُ ثُمَّ وَحَّدَ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ وَکَبَّرَهُ وَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ

## مروے پر تکبیر کہنا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم صفا پر گئے اس پر چڑھے یہاں تک کہ کعبہ دکھلائی دیا پھر اللہ کی توحید بیان کی اور تکبیر کہی اور فرمایا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک و لہ الحمد یحیی و یمیت و ھو علی کل شیء قدیر

www.sirat-e-mustaqeem.com



لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيتُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ثُمَّ مَشَى حَتَّى إِذَا انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ سَعَى حَتَّى إِذَا صَعِدَتْ قَدَمَاهُ مَشَى حَتَّى أَتَى الْمَرْوَةَ فَفَعَلَ عَلَيْهَا كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا حَتَّى قَضَى طَوَافَهُ

پھر چلے نالے میں آپ کے پاؤں جھکے تو دوڑے جب پاؤں اوپر چڑھے تو اپنی چال سے چلنے لگے یہاں تک کہ مروے پر آئے وہاں بھی ایسا ہی کیا جیسا صفا پر کیا تھا یہاں تک کہ طواف سے فارغ ہوئے ۔

## ۱۵۱۴ ۔ كَمْ طَوَافُ الْقَارِنِ وَالْمُتَمَتِّعِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

## قران اور تمتع میں کتنی بار سعی کرے

۲۹۹۱ ۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ إِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب نے صفا اور مروہ میں سعی نہیں کی مگر ایک بار ف

## ۱۵۱۵ ۔ أَيْنَ يُقَصِّرُ الْمُعْتَمِرُ

## عمرہ کرنے والا بال کہاں کتروائے

۲۹۹۲ ۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ أَنَّ طَاوُسًا أَخْبَرَهُ أَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ أَخْبَرَهُ عَنْ مُعَاوِيَةَ أَنَّهُ قَصَّرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ فِي عُمْرَةٍ عَلَى الْمَرْوَةِ ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کترے تیر کے پیکان سے مروہ پر

۲۹۹۳ ۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَصَّرْتُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَرْوَةِ بِمِشْقَصِ أَعْرَابِيٍّ ۔

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کترے ایک اعرابی کے تیر سے ۔

## ۱۵۱۶ ۔ كَيْفَ يُقَصِّرُ

## کسطرح بال کترے

۲۹۹۴ ۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بال کناروں سے لیے

ف : جیسے طواف بیت اللہ کا قران میں ایک ہی کافی ہے ویسے ہی سعی بھی مگر ابوحنیفہؒ کے نزدیک قران والے کو دو طواف اور دو سعی کرنا چاہیے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ أَخَذْتُ مِنْ أَطْرَافِ شَعْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِشْقَصٍ كَانَ مَعِي بَعْدَ مَا طَافَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فِي أَيَّامِ الْعَشْرِ قَالَ قَيْسٌ وَالنَّاسُ يُنْكِرُونَ هٰذَا عَلَى مُعَاوِيَةَ۔

ایک تیر سے جو میرے ساتھ تھا جب آپ طواف اور سعی کر چکے حج کے دس دنوں میں، قیس نے کہا لوگ انکار کرتے تھے معاویہ پر اس حدیث کی روایت میں۔ ف۱۔

## ۱۵۱۷۔ مَا يَفْعَلُ مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَأَهْدٰى

## جو شخص حج کا احرام باندھے اور ہدی ساتھ لیجاوے وہ کیا کرے

۲۷۹۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ آدَمَ عَنْ سُفْيَانَ وَهُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُرَى إِلَّا الْحَجَّ قَالَتْ فَلَمَّا أَنْ طَافَ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ قَالَ مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُقِمْ عَلٰى إِحْرَامِهِ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حج کی نیت سے جب آپ نے طواف کیا بیت اللہ کا اور سعی کی تو فرمایا جس کے ساتھ ہدی وہ احرام پر قائم رہے اور جس کے ساتھ ہدی نہ ہو وہ احرام کھول ڈالے۔

## ۱۵۱۸۔ مَا يَفْعَلُ مَنْ أَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ وَأَهْدٰى

## جس شخص نے عمرے کا احرام باندھا ہو اور ہدی لایا ہو وہ کیا کرے

۲۷۹۶۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُوَيْدٌ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَمِنَّا مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَأَهْدٰى فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَلَمْ يُهْدِ فَلْيَحْلِلْ وَمَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَأَهْدٰى فَلَا يَحِلَّ وَمَنْ أَهَلَّ بِحَجَّةٍ فَلْيُتِمَّ حَجَّهُ قَالَتْ عَائِشَةُ وَكُنْتُ مِمَّنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ۔

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے حجۃ الوداع میں بعضوں نے ہم میں سے حج کا احرام باندھا اور بعضوں نے عمرے کا اور ہدی ساتھ لائے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے عمرے کا احرام باندھا اور ہدی نہیں لایا وہ تو احرام کھول ڈالے اور جس نے عمرے کا احرام باندھا لیکن ہدی لایا ہے وہ احرام نہ کھولے اور جس نے حج کا احرام باندھا وہ اپنا حج پورا کرے عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا میں نے عمرے کا احرام باندھا تھا۔

ف۱: کیونکہ وہ حج کے دنوں میں عمرہ کرنا برا جانتے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۹۹۷- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أُمِّهِ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحْلِلْ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُقِمْ عَلَى إِحْرَامِهِ قَالَتْ وَكَانَ مَعَ الزُّبَيْرِ هَدْيٌ فَأَقَامَ عَلَى إِحْرَامِهِ وَلَمْ يَكُنْ مَعِيَ هَدْيٌ فَأَحْلَلْتُ فَلَبِسْتُ ثِيَابِي وَتَطَيَّبْتُ مِنْ طِيبِي ثُمَّ جَلَسْتُ إِلَى الزُّبَيْرِ فَقَالَ اسْتَأْخِرِي عَنِّي فَقُلْتُ أَتَخْشَى أَنْ أَثِبَ عَلَيْكَ۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آئے حج کا لبیک پکارتے ہوئے جب نزدیک پہنچے مکے کی تو آپ نے فرمایا جس کے ساتھ ہدی نہ ہو وہ احرام کھول ڈالے اور جس کے ساتھ ہدی ہو وہ احرام باندھے رہے۔ اسماء نے کہا زبیر (میرے خاوند) کے ساتھ ہدی تھی وہ احرام باندھے رہے اور میرے ساتھ ہدی نہ تھی تو میں نے احرام کھول ڈالا اور کپڑے پہنے اور خوشبو لگائی پھر زبیر کے پاس بیٹھی، انھوں نے کہا مجھ سے الگ رہ میں نے کہا تم ڈرتے ہو کہ میں تم پر کود پڑوں گی۔ ف۱۔

## ۱۵۱۹- اَلْخُطْبَةُ قَبْلَ يَوْمِ التَّرْوِيَةِ

## آٹھویں تاریخ سے پہلے (ساتویں تاریخ کو) خطبہ پڑھنا

۲۹۹۸- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قَرَأْتُ عَلَى أَبِي قُرَّةَ مُوسَى بْنِ طَارِقٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَجَعَ مِنْ عُمْرَةِ الْجِعِرَّانَةِ بَعَثَ أَبَا بَكْرٍ عَلَى الْحَجِّ فَأَقْبَلْنَا مَعَهُ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِالْعَرْجِ ثَوَّبَ بِالصُّبْحِ ثُمَّ اسْتَوٰى لِيُكَبِّرَ فَسَمِعَ الرَّغْوَةَ خَلْفَ ظَهْرِهِ فَوَقَفَ عَلَى التَّكْبِيرِ فَقَالَ هٰذِهِ رَغْوَةُ نَاقَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَدْعَاءِ لَقَدْ بَدَا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَجِّ فَلَعَلَّهُ أَنْ يَكُونَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنُصَلِّيَ مَعَهُ فَإِذَا عَلِيٌّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جعرانہ کے عمرے سے لوٹے تو ابوبکر رضؓ کو (لوگوں کا سردار کر کے) حج پر مقرر کیا ہم لوگ ان کے ساتھ آئے جب عرج (ایک مقام کا نام ہے) میں پہنچے تو صبح کی اذان ہوئی پھر ابوبکر رضؓ کھڑے ہوئے نماز کی تکبیر کہنے کو اتنے میں اونٹ کی آواز پیچھے سے سنی انھوں نے توقف کیا اور کہا یہ تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی آواز ہے جس کا نام جدعاء ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو بھلا معلوم ہوا حج میں آنا۔ تو شاید آپ ہی ہوں ہم آپ کے ساتھ نماز پڑھیں گے اتنے میں علی رضؓ اس اونٹنی پر نمودار ہوئے۔ ابوبکر رضؓ صدیق نے کہا تم امیر ہو کے آئے ہو یا کچھ پیغام لے کر۔ انھوں نے کہا کچھ پیغام لے کر۔ مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ

---

ف۱: اور تمہارا احرام خراب کروں گی یہ خیال نہ کرو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيْهَا فَقَالَ لَهُ أَبُوبَكْرٍ أَمِيرٌ أَمْ رَسُولٌ قَالَ لَا بَلْ رَسُولٌ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَرَاءَةَ أَقْرَؤُهَا عَلَى النَّاسِ فِي مَوَاقِفِ الْحَجِّ فَقَدِمْنَا مَكَّةَ فَلَمَّا كَانَ قَبْلَ التَّرْوِيَةِ بِيَوْمٍ قَامَ أَبُوبَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ مَنَاسِكِهِمْ حَتَّى إِذَا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَقَرَأَ عَلَى النَّاسِ بَرَاءَةَ حَتَّى خَتَمَهَا ثُمَّ خَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ قَامَ أَبُوبَكْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ مَنَاسِكِهِمْ حَتَّى إِذَا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَأَ عَلَى النَّاسِ بَرَاءَةَ حَتَّى خَتَمَهَا ثُمَّ كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ فَأَفَضْنَا فَلَمَّا رَجَعَ أَبُوبَكْرٍ خَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ عَنْ إِفَاضَتِهِمْ وَعَنْ نَحْرِهِمْ وَعَنْ مَنَاسِكِهِمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَأَ عَلَى النَّاسِ بَرَاءَةَ حَتَّى خَتَمَهَا فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّفْرِ الْأَوَّلُ قَامَ أَبُوبَكْرٍ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَدَّثَهُمْ كَيْفَ يَنْفِرُونَ وَكَيْفَ يَرْمُونَ فَعَلَّمَهُمْ مَنَاسِكَهُمْ فَلَمَّا فَرَغَ قَامَ عَلِيٌّ فَقَرَأَ بَرَاءَةَ عَلَى النَّاسِ حَتَّى خَتَمَهَا قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنُ خُثَيْمٍ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيثِ وَإِنَّمَا أَخْرَجْتُ هٰذَا لِئَلَّا يُجْعَلَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ وَمَا كَتَبْنَاهُ إِلَّا عَنْ إِسْحٰقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ لَمْ يَتْرُكْ حَدِيثَ ابْنِ خُثَيْمٍ وَلَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ إِلَّا أَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِينِيِّ قَالَ ابْنُ خُثَيْمٍ مُنْكَرُ الْحَدِيثِ وَكَأَنَّ عَلِيَّ بْنَ الْمَدِينِيِّ خُلِقَ لِلْحَدِيثِ

علیہ وسلم نے بھیجا ہے سورۂ برات سنانے کو حج کے اجتماع میں ف۱ پھر ہم مکے میں آئے یوم الترویہ سے ایک دن پہلے (یعنی ساتویں تاریخ کو) تو ابوبکرؓ کھڑے ہوئے اور خطبہ سنایا لوگوں کو اور حج کے ارکان بیان کیے جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور سورت برات سنائی یہاں تک کہ ختم کیا اس کو پھر ابوبکرؓ کے ساتھ نکلے جب عرفہ کا دن ہوا تو ابوبکرؓ کھڑے ہوئے اور لوگوں کو خطبہ سنایا اور حج کے احکام بیان کیے جب وہ فارغ ہوئے تو حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور ان کو سورۃ برات سنائی یہاں تک کہ اسکو ختم کیا پھر جب یوم النحر ہوا (دسویں تاریخ) تو ہم لوٹے منا کو (عرفات سے) جب ابوبکرؓ لوٹ کر آئے تو انھوں نے لوگوں کو خطبہ سنایا اور لوٹنے کے اور قربانی کے احکام بتلائے پھر جب فارغ ہوئے تو حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور سورۃ برات سنائی یہاں تک کہ ختم کیا اس کو پھر جب پہلا دن کوچ کا ہوا۔ (یعنی بارھویں تاریخ) تو ابوبکرؓ کھڑے ہوئے اور خطبہ سنایا اور بیان کیا کیونکر کوچ کرنا چاہیے اور کس طرح کنکریاں مارنا چاہیے پھر سب ارکان سکھلائے جب فارغ ہوئے تو حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور سورہ برات لوگوں کو سنائی یہاں تک کہ ختم کیا اسکو۔

## ۱۵۲۰- اَلْمُتَمَتِّعُ مَتٰى يُهِلُّ بِالْحَجِّ

## تمتع کرنیوالا حج کا احرام کب باندھے

ف۱: اگرچہ پہلے آپ نے سورۂ برات سنانا بھی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سپرد کیا تھا لیکن بعد کو خیال آیا کہ عہد توڑنے کے لیے کوئی شخص عزیز چاہیے کیونکہ عرب ایسے امور میں اقارب ہی کی بات قبول کرتے ہیں اس لیے پیچھے سے حضرت علیؓ کو روانہ کیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۲۹۹۹- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَدِمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَرْبَعٍ مَضَيْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحِلُّوا وَاجْعَلُوهَا عُمْرَةً فَضَاقَتْ بِذٰلِكَ صُدُورُنَا وَكَبُرَ عَلَيْنَا فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ أَحِلُّوا فَلَوْلَا الْهَدْيُ الَّذِي مَعِي لَفَعَلْتُ مِثْلَ الَّذِي تَفْعَلُونَ فَأَحْلَلْنَا حَتّٰى وَطِئْنَا النِّسَاءَ وَفَعَلْنَا مَا يَفْعَلُ الْحَلَالُ حَتّٰى إِذَا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ وَجَعَلْنَا مَكَّةَ بِظَهْرٍ لَبَّيْنَا بِالْحَجِّ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آئے (مکے کو) جب ذیحجہ کے چار دن گزر چکے تھے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احرام کھول ڈالو اور حج کو عمرہ کر دو یہ سن کر ہمارے دل تنگ ہوئے اور ہم پر شاق گزرا جب یہ خبر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو پہنچی آپ نے فرمایا اے لوگو احرام کھول ڈالو اگر میرے ساتھ ہدی نہ ہوتی تو میں بھی (احرام کھول ڈالتا) اور جیسا تم نے کیا کرتا پھر ہم نے احرام کھول ڈالا یہاں تک کہ جماع کیا اپنی عورتوں سے اور جو کام بغیر احرام والا کرتا ہے وہ کیا جب یوم الترویہ (آٹھویں تاریخ) ہوا تو مکے سے نکل کر ہم نے لبیک پکاری حج کی۔

## ۱۵۲۱- مَا ذُكِرَ مِنْ مِنًى

## مِنا کا بیان

۳۰۰۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَلْحَلَةَ الدِّيلِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِمْرَانَ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ عَدَلَ إِلَيَّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَأَنَا نَازِلٌ تَحْتَ سَرْحَةٍ بِطَرِيقِ مَكَّةَ فَقَالَ مَا أَنْزَلَكَ تَحْتَ هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَقُلْتُ أَنْزَلَنِي ظِلُّهَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا كُنْتَ بَيْنَ الْأَخْشَبَيْنِ مِنْ مِنًى وَنَفَخَ بِيَدِهِ نَحْوَ الْمَشْرِقِ فَإِنَّ هُنَاكَ وَادِيًا يُقَالُ لَهُ السُّرَّبَةُ وَفِي حَدِيثِ الْحٰرِثِ يُقَالُ لَهُ السُّرَرُ بِهِ سَرْحَةٌ سُرَّ تَحْتَهَا سَبْعُونَ نَبِيًّا۔

حضرت محمد بن عمرو انصاری　　سے روایت ہے انھوں نے سنا اپنے باپ سے میری طرف مڑے عبداللہ بن عمر اور میں ایک درخت کے تلے اترا تھا مکے کی راہ میں انھوں نے کہا تم اس درخت کے تلے کیوں ٹھہرتے ہو میں نے کہا سائے کے لیے انھوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تو دو پہاڑوں کے بیچ میں ہو منا کے اور اشارہ کیا مشرق کی طرف تو وہاں ایک وادی (راہ دو پہاڑوں کے بیچ میں) ہے جس کو سربہ سرر کہتے ہیں وہاں ایک درخت ہے اس کے تلے ستر پیغمبروں کے آنول کاٹے گئے ہیں۔

---

۳۰۰۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ نُعَيْمٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُوَيْدٌ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ الْوَارِثِ ثِقَةٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ الْأَعْرَجُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاذٍ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا منا میں تو اللہ نے ہمارے کان کھول دیے جو آپ فرماتے تھے وہ ہم سنتے تھے اپنے اپنے ٹھکانوں سے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شروع کیا ان کو بتلانا حج کے طریقے یہاں تک کہ جمرو

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِمِنًى فَفَتَحَ اللّٰهُ أَسْمَاعَنَا حَتّٰى إِنْ كُنَّا لَنَسْمَعُ مَا يَقُولُ وَنَحْنُ فِي مَنَازِلِنَا فَطَفِقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ مَنَاسِكَهُمْ حَتّٰى بَلَغَ الْجِمَارَ فَقَالَ بِحَصَى الْخَذْفِ وَأَمَرَ الْمُهَاجِرِينَ أَنْ يَنْزِلُوا فِي مُقَدَّمِ الْمَسْجِدِ وَأَمَرَ الْأَنْصَارَ أَنْ يَنْزِلُوا فِي مُؤَخَّرِ الْمَسْجِدِ

کے پاس پہنچے تو چھوٹی چھوٹی کنکریاں ماریں انگلیوں سے اور حکم کیا مہاجرین کو مسجد میں آگے اترنے کا اور انصار کو پیچھے اترنے کا۔

## ١٥٢٢- أَيْنَ يُصَلِّي الْإِمَامُ الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ

## آٹھویں تاریخ کو امام ظہر کی نماز کہاں پڑھے

٣٠٠٢- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَا حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ الْأَزْرَقُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى فَقُلْتُ أَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْأَبْطَحِ۔

حضرت عبدالعزیز بن رفیع سے روایت ہے میں نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا تم مجھ سے وہ بات بیان کرو جو تم کو یاد ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی آپ نے ظہر کہاں پڑھی آٹھویں تاریخ کو انھوں نے کہا منا میں میں نے کہا کوچ کے دن عصر کہاں پڑھی انھوں نے کہا ابطح میں (یعنی محصب میں جو ایک مقام ہے مکے سے ایک میل کے فاصلے پر۔)

## ١٥٢٣- الْغُدُوُّ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَةَ

## منا سے عرفات کو جانا

٣٠٠٣- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ غَدَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَةَ فَمِنَّا الْمُلَبِّي وَمِنَّا الْمُكَبِّرُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلے منا سے عرفے کو کوئی ہم میں سے تکبیر کہتا اور کوئی لبیک کہتا۔

٣٠٠٤- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ غَدَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَرَفَاتٍ فَمِنَّا الْمُلَبِّي وَمِنَّا الْمُكَبِّرُ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

## ١٥٢٤- التَّكْبِيرُ فِي الْمَسِيرِ إِلَى عَرَفَةَ

## عرفات کو جاتے ہوئے تکبیر کہنا

٣٠٠٥- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمُلَائِيُّ

حضرت محمد بن ابی بکر ثقفی سے روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَعْنِي أَبَا نُعَيْمٍ الْفَضْلَ بْنَ دُكَيْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسٍ وَنَحْنُ غَادِيَانِ مِنْ مِنًى إِلَى عَرَفَاتٍ مَا كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ فِي التَّلْبِيَةِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْيَوْمِ قَالَ كَانَ الْمُلَبِّي يُلَبِّي فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ.

ہے میں نے انس رضؓ سے کہا اور ہم دونوں چلے آتے تھے عرفات کو منا سے تم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ آج دن کے لبیک میں کیا کرتے تھے انھوں نے کہا کوئی لبیک کہتا تو بُرا نہ جانتے اور جو تکبیر کہتا تو بُرا نہ جانتے (کیونکہ مقصود اللہ کا ذکر ہے)

## ١٥٢٥ التَّلْبِيَةُ فِيهَا

## عرفات کو جاتے ہوئے لبیک کہنا

٣٠٠٦ - أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ الثَّقَفِيُّ قَالَ قُلْتُ لِأَنَسٍ غَدَاةَ عَرَفَةَ مَا تَقُولُ فِي التَّلْبِيَةِ فِي هَذَا الْيَوْمِ قَالَ سِرْتُ هَذَا الْمَسِيرَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ وَكَانَ مِنْهُمُ الْمُهِلُّ وَمِنْهُمُ الْمُكَبِّرُ فَلَا يُنْكِرُ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَلَى صَاحِبِهِ.

حضرت محمدؒ بن ابی بکر ثقفی سے روایت ہے ہیں نے انس رضؓ سے کہا نویں تاریخ صبح کو تم لبیک میں کیا کہتے ہو آج کے روز انھوں نے کہا میں آج کے دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے ساتھ چلا ہوں کوئی ان میں سے لبیک پکارتا کوئی تکبیر کہتا اور دونوں میں کوئی دوسرے پر اعتراض نہ کرتا۔

## ١٥٢٦ - مَا ذُكِرَ فِي يَوْمِ عَرَفَةَ

## عرفے کے دن کی فضیلت

٣٠٠٧ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ قَالَ يَهُودِيٌّ لِعُمَرَ لَوْ عَلَيْنَا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ لَاتَّخَذْنَاهُ عِيدًا الْيَوْمَ أَكْمَلْتُ لَكُمْ دِينَكُمْ قَالَ عُمَرُ قَدْ عَلِمْتُ الْيَوْمَ الَّذِي أُنْزِلَتْ فِيهِ وَاللَّيْلَةَ الَّتِي أُنْزِلَتْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَنَحْنُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ.

حضرت طارق بن شہاب سے روایت ہے ایک یہودی نے حضرت عمر رضؓ سے کہا اگر ہمارے اوپر یہ آیت اترتی: الیوم اکملت لکم دینکم یعنی آج میں نے تمہارا دین پورا کیا تو ہم اس دن کو عید کر لیتے (خوشی سے) حضرت عمر رضؓ نے کہا میں جانتا ہوں جس دن یہ آیت اتری وہ جمعے کی رات تھی اور ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عرفات میں تھے۔

٣٠٠٨ - أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ يُونُسَ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ يَوْمٍ أَكْثَرَ مِنْ أَنْ يُعْتِقَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ عَبْدًا أَوْ أَمَةً مِنَ النَّارِ مِنْ يَوْمِ عَرَفَةَ وَإِنَّهُ لَيَدْنُو

حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دن اتنے غلام اور لونڈی اللہ آزاد نہیں کرتا جہنم سے جتنے عرفے کے دن (یعنی نویں تاریخ ذی الحجہ کی) آزاد کرتا ہے مقرر حق تعالیٰ اس دن نزدیک ہوتا ہے اپنے بندوں سے پھر فخر کرتا

www.sirat-e-mustaqeem.com



ثُمَّ يُبَاهِي بِهِمُ الْمَلَائِكَةَ وَيَقُولُ مَا أَرَادَ هٰؤُلَاءِ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُشْبِهُ أَنْ يَكُونَ يُونُسُ بْنُ يُوسُفَ الَّذِي رَوَى عَنْهُ مَالِكٌ وَاللّٰهُ تَعَالَى أَعْلَمُ.

ہے اپنے بندوں سے فرشتوں پر اور فرماتا ہے (عنایت سے) یہ لوگ کیا چاہتے ہیں (یعنی نے ان کو بخشش دیا مراد وہ بندے ہیں جو حج کو جاتے ہیں اور عرفات میں جمع ہوتے ہیں۔

## ۱۵۲۷۔ اَلنَّهْيُ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ

## عرفے کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت

۳۰۰۹۔ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ وَهُوَ ابْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ يَوْمَ عَرَفَةَ وَيَوْمَ النَّحْرِ وَأَيَّامَ التَّشْرِيقِ عِيدُنَا أَهْلَ الْإِسْلَامِ وَهِيَ أَيَّامُ أَكْلٍ وَشُرْبٍ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک عرفے کا دن اور بقر عید کا دن اور ایام تشریق (یعنی ۱۱۔ ۱۲۔ ۱۳ ذیحجہ کے) یہ ہماری مسلمانوں کے عید کے دن ہیں اور یہ دن کھانے پینے کے ہیں ف۱

## ۱۵۲۸۔ اَلرَّوَاحُ يَوْمَ عَرَفَةَ

## عرفے کے دن جلدی عرفات پر پہنچنا

۳۰۱۰۔ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ أَخْبَرَنِي أَشْهَبُ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ حَدَّثَهُ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَتَبَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ إِلَى الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ يَأْمُرُهُ أَنْ لَا يُخَالِفَ ابْنَ عُمَرَ فِي أَمْرِ الْحَجِّ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ عَرَفَةَ جَاءَهُ ابْنُ عُمَرَ حِينَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَأَنَا مَعَهُ فَصَاحَ عِنْدَ سُرَادِقِهِ أَيْنَ هٰذَا فَخَرَجَ إِلَيْهِ الْحَجَّاجُ وَعَلَيْهِ مِلْحَفَةٌ مُعَصْفَرَةٌ فَقَالَ لَهُ مَا لَكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ الرَّوَاحَ إِنْ كُنْتَ تُرِيدُ السُّنَّةَ فَقَالَ لَهُ هٰذِهِ السَّاعَةَ فَقَالَ لَهُ نَعَمْ فَقَالَ أُفِيضُ عَلَيَّ مَاءً ثُمَّ أَخْرُجُ إِلَيْكَ فَانْتَظَرَهُ

حضرت سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبد الملک بن مروان نے (جو خلفائے بنی امیہ میں سے تھا) حجاج بن یوسف کو لکھا (جو حاکم تھا مکے کا عبد الملک کی طرف سے) کہ مخالفت نہ کرے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حج کے کاموں میں جب عرفے کا دن ہوا تو عبد اللہ بن دوپہر ڈھلتے ہی اس کے پاس آئے میں بھی ان کے ساتھ تھا اور اس کے پردے کے پاس آن کر پکارا کہاں ہے یہ حجاج نکلا ایک کسم کے رنگ کا تہ بند باندھے ہوئے اور کہنے لگا کیا کہتے ہو اے ابا عبد الرحمن انھوں نے کہا چلو اگر سنت کی پیروی چاہتے ہو۔ حجاج نے کہا ابھی سے انھوں نے کہا ہاں کہا میں پانی ڈال لوں اپنے

ف۱: لیکن عرفے کے دن روزہ رکھنا حرام نہیں ہے اور باقی دنوں میں حرام ہے اور بعضوں کے نزدیک حاجی کو عرفے کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے تاکہ ارکان حج میں خلل نہ پڑے اور جو حاجی نہ ہو اس کو درست ہے)۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَتّٰی خَرَجَ فَسَارَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ اَبِیْ فَقُلْتُ اِنْ كُنْتَ تُرِیْدُ اَنْ تُصِیْبَ السُّنَّةَ فَاقْصِرِ الْخُطْبَةَ وَعَجِّلِ الْوُقُوْفَ فَجَعَلَ یَنْظُرُ اِلَی ابْنِ عُمَرَ كَیْمَا یَسْمَعَ ذٰلِكَ مِنْهُ فَلَمَّا رَاٰی ذٰلِكَ ابْنُ عُمَرَ قَالَ صَدَقَ۔

اور پھر نکلتا ہوں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اس کا انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ نکلا اور میرے اور باپ کے بیچ میں چلا میں نے کہا اگر تو سنت کی پیروی چاہتا ہے تو خطبہ چھوٹا پڑھ اور عرفات میں جلدی کر ٹھہرنے کے لیے وہ ابن عمر رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھنے لگا ان سے سننے کے لیے انھوں نے کہا سچ کہتا ہے۔

## ۱۵۲۹۔ اَلتَّلْبِیَةُ بِعَرَفَةَ

## عرفات میں لبیک کہنا

۳۰۱۱۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِیْمٍ الْاَوْدِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مَیْسَرَةَ بْنِ حَبِیْبٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ بِعَرَفَاتٍ فَقَالَ مَالِیْ لَا اَسْمَعُ النَّاسَ یُلَبُّوْنَ قُلْتُ یَخَافُوْنَ مِنْ مُعَاوِیَةَ فَخَرَجَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِنْ فُسْطَاطِهٖ فَقَالَ لَبَّیْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لَبَّیْكَ فَاِنَّهُمْ قَدْ تَرَكُوا السُّنَّةَ مِنْ بُغْضِ عَلِیٍّ۔

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا عرفات میں۔ انھوں نے کہا کیا سبب ہے جو لبیک کی آواز نہیں آتی میں نے کہا لوگ معاویہ سے ڈرتے ہیں (انھوں نے لبیک کہنے سے منع کیا ہے) یہ سن کر عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اپنے ڈیرے سے نکلے اور کہا لبیک اللھم لبیک لبیک لوگوں نے سنت کو چھوڑ دیا حضرت علی رضی اللہ عنہ کی عداوت میں (اور معاویہ کی محبت میں)

## ۱۵۳۰۔ اَلْخُطْبَةُ بِعَرَفَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ

## عرفات میں نماز سے پہلے خطبہ پڑھنا

۳۰۱۲۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی عَنْ سُفْیَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَیْطٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ عَلٰی جَمَلٍ اَحْمَرَ بِعَرَفَةَ قَبْلَ الصَّلٰوةِ

حضرت سلمہ بن نبیط رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے سنا اپنے باپ سے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا خطبہ پڑھتے ہوئے عرفات میں ایک لال اونٹ پر نماز سے پہلے۔

## ۱۵۳۱۔ اَلْخُطْبَةُ یَوْمَ عَرَفَةَ عَلَی النَّاقَةِ

## عرفات کے دن اونٹ پر سوار ہو کر خطبہ پڑھنا

۳۰۱۳۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُبَیْطٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَخْطُبُ یَوْمَ عَرَفَةَ عَلٰی جَمَلٍ اَحْمَرَ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۳۲۔ قَصْرُ الْخُطْبَةِ بِعَرَفَةَ

۳۰۱۴۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ اَخْبَرَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ جَاءَ اِلَى الْحَجَّاجِ بْنِ يُوْسُفَ يَوْمَ عَرَفَةَ حِيْنَ زَالَتِ الشَّمْسُ وَاَنَا مَعَهُ فَقَالَ الرَّوَاحَ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ السُّنَّةَ فَقَالَ هٰذِهِ السَّاعَةَ قَالَ نَعَمْ قَالَ سَالِمٌ فَقُلْتُ لِلْحَجَّاجِ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تُصِيْبَ الْيَوْمَ السُّنَّةَ فَاَقْصِرِ الْخُطْبَةَ وَعَجِّلِ الصَّلَاةَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ صَدَقَ۔

## عرفات میں خطبہ مختصر پڑھنا

حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبداللہ بن عمرؓ حجاج بن یوسف کے پاس آئے اور کہا چل اگر سنت کی پیروی چاہتا ہے اس نے کہا ابھی، عبداللہ بن عمرؓ نے کہا ہاں سالم نے کہا میں حجاج سے بولا اگر تم آج کے دن سنت پر چلنا چاہتا ہے تو خطبہ مختصر پڑھ اور نماز جلدی پڑھ عبداللہ بن عمرؓ نے کہا سچ کہتا ہے۔

## ۱۵۳۳۔ اَلْجَمْعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِعَرَفَةَ

۳۰۱۵۔ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ عَنْ خَالِدٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا اِلَّا بِجَمْعٍ وَعَرَفَاتٍ۔

## عرفات میں ظہر اور عصر ملا کر پڑھنا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز کو اپنے وقت پر پڑھتے مگر مزدلفے اور عرفات میں (عرفات میں ظہر اور عصر دونوں ظہر کے وقت پڑھ لیتے اور مزدلفے میں مغرب اور عشاء دونوں عشاء کے وقت پڑھتے۔)

## بَابُ ۱۵۳۴ رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الدُّعَاءِ بِعَرَفَةَ

۳۰۱۶۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هُشَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ كُنْتُ رَدِيْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَاتٍ فَرَفَعَ يَدَيْهِ يَدْعُوْ فَمَالَتْ بِهٖ نَاقَتُهٗ فَسَقَطَ خِطَامُهَا فَتَنَاوَلَ الْخِطَامَ بِاِحْدٰى يَدَيْهِ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَهُ الْاُخْرٰى۔

## عرفات میں ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھا عرفات میں۔ آپ نے دونوں ہاتھ اٹھائے دعا مانگنے کو اتنے میں اونٹنی مڑی تو اس کی نکیل تھامی اور ایک ہاتھ اٹھائے رہے۔

۳۰۱۷۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتْ قُرَيْشٌ تَقِفُ بِالْمُزْدَلِفَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے قریش کے لوگ مزدلفے میں ٹھہرتے اور باقی عرب کے لوگ سب عرفات میں ٹھہرتے اور قریش کو حمس کہتے ہیں (کیونکہ حمس

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَيُسَمُّوْنَ الْحُمْسَ وَسَائِرُ الْعَرَبِ تَقِفُ بِعَرَفَةَ فَأَمَرَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقِفَ بِعَرَفَةَ ثُمَّ يَدْفَعُ مِنْهَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ۔

احمس کی جمع ہے اور احمس قریشی کو کہتے ہیں اس لیے کہ وہ اپنے دین میں سخت ہوتا ہے) اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو حکم دیا عرفات میں ٹھہرنے کا پھر عرفات سے لوٹنے کا اور فرمایا لوٹو جہاں سے لوٹتے ہیں لوگ۔

۳۰۱۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي فَذَهَبْتُ أَطْلُبُهُ بِعَرَفَةَ يَوْمَ عَرَفَةَ فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا فَقُلْتُ مَا شَأْنُ هٰذَا إِنَّمَا هٰذَا مِنَ الْحُمْسِ۔

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میرا ایک اونٹ کھو گیا میں اس کو ڈھونڈنے چلا گیا عرفات پر عرفہ کے دن۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پایا وہاں ٹھہرے ہوئے۔ میں نے کہا ان کو یہ کیا ہوا یہ تو حمس میں سے ہیں (یعنی قریش کے لوگوں میں سے ان کو تو مزدلفے میں ٹھہرنا تھا جو حرم کے اندر ہے نہ عرفات میں قریش کہتے ہم اللہ کے لوگ ہیں تو اللہ کے حرم سے باہر نہ ٹھہریں گے۔)

۳۰۱۹۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ أَنَّ يَزِيدَ بْنَ شَيْبَانَ قَالَ كُنَّا وُقُوفًا بِعَرَفَةَ مَكَانًا بَعِيدًا مِنَ الْمَوْقِفِ فَأَتَانَا ابْنُ مِرْبَعٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ إِنِّي رَسُولُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْكُمْ يَقُولُ كُونُوا عَلَى مَشَاعِرِكُمْ فَإِنَّكُمْ عَلَى إِرْثٍ مِنْ إِرْثِ أَبِيكُمْ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

حضرت زید بن شیبان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہم عرفات میں ٹھہرنے کی جگہ سے دور تھے اتنے میں ابن مربع ہمارے پاس آیا اور کہنے لگا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجا ہوا ہوں۔ آپ فرماتے ہیں اپنے اپنے ٹھکانوں پر (جو اگلے زمانے سے مقرر ہیں) رہو اس لیے کہ تم وارث ہو اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کے۔

۳۰۲۰۔ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَسَأَلْنَاهُ عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَنَا أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے اپنے باپ سے سنا وہ کہتے تھے جابر بن عبداللہ انصاریؓ کے پاس گیا اور ان سے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کو۔ انھوں نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عرفات سارا ٹھہرنے کی جگہ ہے۔

## ۱۵۳۵۔ فَرْضُ الْوُقُوفِ بِعَرَفَةَ

## عرفات میں ٹھہرنا فرض ہے

۳۰۲۱۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ عَنْ

حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا اتنے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمُرَ قَالَ شَهِدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ نَاسٌ فَسَأَلُوهُ عَنِ الْحَجِّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَجُّ عَرَفَةُ فَمَنْ أَدْرَكَ لَيْلَةَ عَرَفَةَ قَبْلَ طُلُوعِ الْفَجْرِ مِنْ لَيْلَةِ جَمْعٍ فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ.

ہیں کچھ لوگ آئے اور حج کو پوچھنے لگے آپ نے فرمایا حج عرفات میں ٹھہرنا ہے جس شخص نے عرفے کی رات پائی مزدلفے کی رات کی صبح ہونے سے پہلے (یعنی دسویں تاریخ کی صبح سے پہلے (اس کا حج پورا ہو گیا اگرچہ ایک ساعت میں اس وقت کے اندر عرفات میں ٹھہرے۔

۳۰۲۲- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَاتٍ وَرِدْفُهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَجَالَتْ بِهِ النَّاقَةُ وَهُوَ رَافِعٌ يَدَيْهِ لَا تُجَاوِزَانِ رَأْسَهُ فَمَا زَالَ يَسِيرُ عَلَى هِينَتِهِ حَتَّى انْتَهَى إِلَى جَمْعٍ.

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے اور آپ کے ساتھ اسامہ بن زید رضی سوار تھے تو اونٹنی آپ کو لے کر چلی اور آپ اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے تھے (دعا کے لیے) لیکن سر سے اونچے نہ تھے پھر اسی حالت سے آپ چلتے رہے یہاں تک کہ مزدلفے میں پہنچے۔

۳۰۲۳- أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُونُسَ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ أَفَاضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عَرَفَةَ وَأَنَا رَدِيفُهُ فَجَعَلَ يَكْبَحُ رَاحِلَتَهُ حَتَّى أَنَّ ذِفْرَاهَا لَيَكَادُ يُصِيبُ قَادِمَةَ الرَّحْلِ وَهُوَ يَقُولُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَالْوَقَارِ فَإِنَّ الْبِرَّ لَيْسَ فِي إِيضَاعِ الْإِبِلِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اسامہ بن زید نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوٹے عرفات سے اور میں آپ کے ساتھ سوار تھا آپ اپنی اونٹنی کی نکیل کھینچنے لگے۔ (آہستہ چلانے کے لیے) یہاں تک کہ اس کے کانوں کی جڑیں پالان کے برابر آنے لگیں اور آپ فرماتے تھے اے لوگو لازم کرو اپنے اوپر آہستگی اور نرمی کو (یعنی سہولت سے چلو) کیونکہ اونٹ دوڑانا کچھ نیکی نہیں ہے) بلکہ دوڑانے میں خوف ہے لوگوں کو ایذا پہنچنے کا اس لیے کہ ہجوم بہت ہوتا ہے)

## ۱۵۳۶- الْأَمْرُ بِالسَّكِينَةِ فِي الْإِفَاضَةِ مِنْ عَرَفَةَ

## عرفات سے لوٹتے وقت آہستہ چلنے کا حکم

۳۰۲۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحْرِزُ بْنُ الْوَضَّاحِ عَنْ إِسْمَاعِيلَ يَعْنِي ابْنَ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِي غَطَفَانَ بْنِ طَرِيفٍ حَدَّثَهُ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَمَّا دَفَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَنَقَ نَاقَتَهُ حَتَّى أَنَّ رَأْسَهَا لَيَمَسُّ وَاسِطَةَ رَحْلِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے تو آپ نے اونٹنی کی مہار کھینچی یہاں تک کہ سر اس کا پالان کی لکڑی سے چھونے لگا اور آپ فرماتے تھے لوگوں سے آہستہ چلو عرفے کی شام کو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَهُوَ يَقُولُ لِلنَّاسِ السَّكِينَةَ السَّكِينَةَ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ۔

۳۰۲۵۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ وَكَانَ رَدِيفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي عَشِيَّةِ عَرَفَةَ وَغَدَاةِ جَمْعٍ لِلنَّاسِ حِينَ دَفَعُوا عَلَيْكُمُ السَّكِينَةَ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ مُحَسِّرًا وَهُوَ مِنْ مِنًى قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ فَلَمْ يَزَلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ۔

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھے آپ نے فرمایا عرفے کی شام کو مزدلفے کی صبح کو جب لوگ چلے اے لوگو آرام پکڑو اور آپ روکے تھے اپنی اونٹنی کو یہاں تک کہ بطن محسر میں آئے جو منا میں ہے فرمایا لازم پکڑو چھوٹی چھوٹی کنکریاں پھر آپ لبیک کہتے رہے یہاں تک کہ جمرہ عقبہ کو مارا (اس وقت سے لبیک موقوف کی)

۳۰۲۶۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ أَفَاضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ السَّكِينَةُ وَأَمَرَهُمْ بِالسَّكِينَةِ وَأَوْضَعَ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَرْمُوا الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹے اطمینان سے اور جلدی چلایا اونٹ کو بطن محسر میں (جو ایک وادی ہے درمیان منا اور مزدلفے کے) اور حکم کیا لوگوں کو چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارنے کا۔

۳۰۲۷۔ أَخْبَرَنِي أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ وَجَعَلَ يَقُولُ السَّكِينَةَ عِبَادَ اللَّهِ يَقُولُ بِيَدِهِ هَكَذَا وَأَشَارَ أَيُّوبُ بِبَاطِنِ كَفِّهِ إِلَى السَّمَاءِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم عرفات سے لوٹتے فرماتے تھے: اطمینان سے چلو اے بندو اللہ کے ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے۔ ایوب نے جو راوی ہے اس حدیث کا اپنی ہتھیلی سے اشارہ کیا آسمان کی طرف۔

## ۱۵۲۷۔ كَيْفَ السَّيْرُ مِنْ عَرَفَةَ

## عرفات سے کیونکر چلنا چاہیے

۳۰۲۸۔ أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مَسِيرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ قَالَ كَانَ

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں کیونکر چلتے تھے۔ انھوں نے کہا عنق سے (جو ایک متوسط چال ہے نہ جلدی نہ دیر) جب جگہ پاتے تو نص کرتے

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَسِيرُ الْعَنَقَ فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ وَالنَّصُّ فَوْقَ الْعَنَقِ.

اور نص عنق سے زیادہ ہے۔

## ۵۳۸ - اَلنُّزُولُ بَعْدَ الدَّفْعِ مِنْ عَرَفَةَ

## عرفہ سے واپسی پر گھاٹی میں اترنا

۳۰۲۹ - أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ أَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ مَالَ إِلَى الشِّعْبِ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ أَتُصَلِّي الْمَغْرِبَ قَالَ الْمُصَلَّى أَمَامَكَ.

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب عرفات سے لوٹے تو پہاڑ کی گھاٹی کی طرف چلے میں نے کہا مغرب کی نماز پڑھ لوں آپ نے فرمایا نماز کی جگہ آگے ہے۔

۳۰۳۰ - أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلاَنَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ الشِّعْبَ الَّذِي يَنْزِلُهُ الأُمَرَاءُ فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّأَ وُضُوءًا خَفِيفًا فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الصَّلاَةَ قَالَ الصَّلاَةُ أَمَامَكَ فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمُزْدَلِفَةَ لَمْ يَحُلَّ آخِرُ النَّاسِ حَتَّى صَلَّى.

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس گھاٹی میں اترے جہاں سردار ہیں اور پیشاب کیا پھر ایک ہلکا وضو کیا میں نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز آپ نے فرمایا نماز آگے ہے۔ جب ہم مزدلفے میں آئے تو ابھی اخیر کے لوگ اترے بھی نہ تھے آپ نے نماز پڑھ لی۔

## ۵۳۹ - اَلْجَمْعُ بَيْنَ الصَّلاَتَيْنِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

## مزدلفے میں دو نمازیں ملا کر پڑھنا

۳۰۳۱ - أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ يَحْيَى عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ.

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشاء کو مزدلفے میں (یعنی دونوں نمازیں عشاء کے وقت پڑھیں)

۳۰۳۲ - أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا قَالَ حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِجَمْعٍ.

ترجمہ ابن مسعود سے ایسی ہی روایت ہے۔

۳۰۳۳ - أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ أَبِي ذِئْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشاء کو ایک تکبیر سے مزدلفے میں ان کے بیچ میں نفل نہیں پڑھا اور نہ ہر ایک کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



جَمَعَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ لَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا وَلَا عَلَى إِثْرِ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُمَا۔

بعد نفل پڑھا۔

۳۰۳۴۔ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَاهُ قَالَ جَمَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ لَيْسَ بَيْنَهُمَا سَجْدَةٌ صَلَّى الْمَغْرِبَ ثَلَاثَ رَكَعَاتٍ وَالْعِشَاءَ رَكْعَتَيْنِ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ يَجْمَعُ كَذَلِكَ حَتَّى لَحِقَ بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ۔

حضرت عبید اللہؓ بن عبد اللہ بن عمر سے روایت ہے۔ ان کے باپ نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جمع کیا مغرب اور عشاء کو ان دونوں کے بیچ میں کوئی نماز نہ پڑھی۔ مغرب کی تین رکعتیں پڑھیں پھر عشاء کی دو رکعتیں پڑھیں اور عبد اللہ بن عمر بھی اسی طرح جمع کرتے رہے یہاں تک کہ اللہ جل جلالہ سے مل گئے۔

۳۰۳۵۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِجَمْعٍ بِإِقَامَةٍ وَاحِدَةٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مغرب اور عشاء کو مزدلفے میں پڑھی ایک تکبیر سے۔

۳۰۳۶۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ أَنْبَأَنَا حِبَّانُ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ أَنَّ كُرَيْبًا قَالَ سَأَلْتُ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَكَانَ رِدْفَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةَ عَرَفَةَ فَقُلْتُ كَيْفَ فَعَلْتُمْ قَالَ أَقْبَلْنَا نَسِيرُ حَتَّى بَلَغْنَا الْمُزْدَلِفَةَ فَأَنَاخَ فَصَلَّى الْمَغْرِبَ ثُمَّ بَعَثَ إِلَى الْقَوْمِ فَأَنَاخُوا فِي مَنَازِلِهِمْ فَلَمْ يَحُلُّوا حَتَّى صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ ثُمَّ حَلَّ النَّاسُ فَنَزَلُوا فَلَمَّا أَصْبَحْنَا انْطَلَقْتُ عَلَى رِجْلَيَّ فِي سُبَّاقِ قُرَيْشٍ وَرَدِفَهُ الْفَضْلُ۔

حضرت کریب سے روایت ہے میں نے اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے پوچھا اور وہ سوار تھے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عرفے کی شام کو۔ میں نے کہا تم نے کیا کیا انھوں نے کہا ہم چلتے رہے (عرفات سے) یہاں تک کہ مزدلفے میں آئے وہاں آپ نے اونٹ بٹھایا پھر مغرب کی نماز پڑھی اور لوگوں کو کہلا بھیجا ان سب نے اپنے اپنے ٹھکانوں میں اونٹ بٹھائے ابھی وہ سب اتر نہ چکے تھے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عشا کی نماز پڑھ لی پھر لوگ اترے جب صبح ہوئی تو میں پیدل چلا قریش کے آگے چلنے والوں کے ساتھ اور فضل بن عباس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار ہوئے۔

۱۵۴۰۔

## تَقْدِيمُ النِّسَاءِ وَالصِّبْيَانِ إِلَى مَنَازِلِهِمْ بِمُزْدَلِفَةَ

## عورتوں اور بچوں کو آگے سے اپنے ٹھکانے بھیجدینا مزدلفے میں تاکہ ہجوم میں انکو تکلیف نہ ہو

۳۰۳۷۔ أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ قَالَ سَمِعْتُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں ان لوگوں میں تھا جن کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابن عباس یقول انا ممن قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ المزدلفۃ فی ضعفۃ اھلہ۔

اپنے لوگوں میں سے ضعیف سمجھ کر آگے بھیج دیا مزدلفے کی رات کو۔

۳۰۳۸۔ اخبرنا محمد بن منصور قال حدثنا سفیان عن عمرو عن عطاء عن ابن عباس قال کنت فیمن قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ المزدلفۃ فی ضعفۃ اھلہ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۰۳۹۔ اخبرنا ابوداود قال حدثنا ابو عاصم وعفان وسلیمان عن شعبۃ عن مشاش عن عطاء عن ابن عباس عن الفضل ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امر ضعفۃ بنی ھاشم ان ینفروا من جمع بلیل۔

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بنی ہاشم کے ضعیف لوگوں (یعنی عورتوں بچوں کو) حکم کیا مزدلفے سے رات ہی کو چلے جانے کا (منا کو تاکہ دن میں ہجوم سے تکلیف نہ ہو۔)

۳۰۴۰۔ اخبرنا عمرو بن علی قال حدثنا یحیی قال حدثنا ابن جریج قال حدثنا عطاء عن سالم بن شوال ان ام حبیبۃ اخبرتہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم امرھا ان تغلس من جمع الی منی۔

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کو حکم کیا مزدلفے چلے جانے کا اندھیرے منہ منا کو۔

۳۰۴۱۔ اخبرنا عبد الجبار بن العلاء عن سفیان عن عمرو عن سالم بن شوال عن ام حبیبۃ قالت کنا نغلس علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من المزدلفۃ الی منی۔

حضرت ام المؤمنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں مزدلفے سے اندھیرے منہ منا کو چلے آتے تھے۔

## ۱۵۴۱۔ الرخصۃ للنساء فی الافاضۃ من جمع قبل الصبح

## عورتوں کو مزدلفے سے لوٹنے کی اجازت فجر ہونے سے پہلے

۳۰۴۲۔ اخبرنا یعقوب بن ابراھیم قال حدثنا ھشیم قال انبانا منصور عن عبد الرحمن بن القاسم عن عائشۃ قالت انما اذن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لسودۃ فی الافاضۃ قبل الصبح من جمع لانھا کانت امراۃ ثبطۃ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی سودہ کو مزدلفے سے لوٹنے کی فجر ہونے سے پہلے اس لیے کہ وہ موٹی عورت تھیں۔

## ۱۵۴۲۔ الوقت الذی یصلی فیہ الصبح بالمزدلفۃ

## مزدلفے میں فجر کی نماز کس وقت پڑھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۰۴۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى صَلَاةً قَطُّ إِلَّا لِمِيْقَاتِهَا إِلَّا صَلَاةَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ صَلَّاهُمَا بِجَمْعٍ وَصَلَاةَ الْفَجْرِ يَوْمَئِذٍ قَبْلَ مِيْقَاتِهَا۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو کبھی نہیں دیکھا کسی نماز کو بے وقت پڑھتے ہوئے مگر مغرب اور عشاء کی نماز مزدلفے میں اور فجر کی نماز بھی اس دن وقت سے پہلے پڑھی۔ ف

## ۱۵۴۳- فِيْمَنْ لَّمْ يُدْرِكْ صَلٰوةَ الصُّبْحِ مَعَ الْإِمَامِ بِالْمُزْدَلِفَةِ

## جس شخص کو مزدلفے میں فجر کی نماز امام کے ساتھ نہ ملے

۳۰۴۴- أَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ وَدَاوُدَ وَزَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا بِالْمُزْدَلِفَةِ فَقَالَ مَنْ صَلّٰى مَعَنَا صَلَاتَنَا هٰذِهٖ هٰهُنَا ثُمَّ أَقَامَ مَعَنَا وَقَدْ وَقَفَ قَبْلَ ذٰلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهٗ۔

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مزدلفے میں ٹھہرے ہوئے آپ نے فرمایا جس نے ہمارے ساتھ یہ نماز (فجر کی) اس جگہ پڑھی پھر ہمارے ساتھ ٹھہرا رہا اور اس سے پہلے رات یا دن میں (نویں تاریخ کو) عرفات میں ٹھہرا اس کا حج پورا ہو گیا۔

۳۰۴۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ جَرِيْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَدْرَكَ جَمْعًا مَعَ الْإِمَامِ وَالنَّاسِ حَتّٰى يُفِيْضَ مِنْهَا فَقَدْ أَدْرَكَ الْحَجَّ وَمَنْ لَمْ يُدْرِكْ مَعَ النَّاسِ وَالْإِمَامِ فَلَمْ يُدْرِكْ۔

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے مزدلفہ امام اور لوگوں کے ساتھ پایا یا وہاں سے لوٹنے تک اس نے حج پایا اور جس نے امام اور لوگوں کے ساتھ نہ پایا اس نے حج نہ پایا۔

۳۰۴۶- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَنَا أُمَيَّةُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سَيَّارٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ أَقْبَلْتُ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّئٍ لَمْ أَدَعْ حَبْلًا إِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِيْ مِنْ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس مزدلفے میں آیا اور میں نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں طے کے پہاڑوں سے آیا ہوں میں نے کوئی ٹیلہ نہیں چھوڑا جس پر نہ ٹھہرا ہوں تو کیا حج میرا ہو گیا آپ نے فرمایا جس شخص نے

---

ف: یعنی جو وقت مقرر تھا اس سے پہلے پڑھی نہ یہ کہ طلوع فجر سے پہلے پڑھی اور حنفیہ نے اس "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَجٍّ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلَّى هَذِهِ الصَّلاَةَ مَعَنَا وَقَدْ وَقَفَ قَبْلَ ذَلِكَ بِعَرَفَةَ لَيْلاً أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضَى تَفَثَهُ.

نے ہمارے ساتھ یہ نماز (یعنی فجر کی نماز) پڑھی اور اس سے پہلے وہ عرفات میں (دسویں) یا نویں دن ٹھہرا تو اس کا حج پورا ہو گیا اور اس نے اپنا میل کچیل صاف کیا۔

۳۰۴۷۔ أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي السَّفَرِ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ مُضَرِّسِ بْنِ أَوْسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لاَمٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَمْعٍ فَقُلْتُ هَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلَّى هَذِهِ الصَّلاَةَ مَعَنَا وَوَقَفَ هَذَا الْمَوْقِفَ حَتَّى يُفِيضَ وَأَفَاضَ قَبْلَ ذَلِكَ مِنْ عَرَفَاتٍ لَيْلاً أَوْ نَهَارًا فَقَدْ تَمَّ حَجُّهُ وَقَضَى تَفَثَهُ.

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۰۴۸۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ إِسْمَاعِيلَ قَالَ أَخْبَرَنِي عَامِرٌ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ مُضَرِّسٍ الطَّائِيُّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَتَيْتُكَ مِنْ جَبَلَىْ طَيِّئٍ أَكْلَلْتُ مَطِيَّتِي وَأَتْعَبْتُ نَفْسِي مَا بَقِيَ مِنْ حَبْلٍ إِلاَّ وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِي مِنْ حَجٍّ فَقَالَ مَنْ صَلَّى صَلاَةَ الْغَدَاةِ هَهُنَا مَعَنَا وَقَدْ أَتَى عَرَفَةَ قَبْلَ ذَلِكَ فَقَدْ قَضَى تَفَثَهُ وَتَمَّ حَجُّهُ.

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔ اتنا زیادہ ہے کہ میں طے کے پہاڑوں سے آیا میں نے اپنی اونٹنی کو تھکایا اور اپنی جان کو تھکایا۔

۳۰۴۹۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ يَعْمَرَ الدِّيلِيَّ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ وَأَتَاهُ نَاسٌ مِنْ نَجْدٍ فَأَمَرُوا رَجُلاً فَسَأَلَهُ عَنِ الْحَجِّ فَقَالَ الْحَجُّ عَرَفَةُ مَنْ جَاءَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ صَلاَةِ الصُّبْحِ فَقَدْ أَدْرَكَ حَجَّهُ أَيَّامُ مِنًى ثَلاَثَةُ أَيَّامٍ

حضرت عبدالرحمن بن یعمر دیلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا عرفے میں کچھ لوگ نجد کے آئے تھے انھوں نے ایک شخص سے کہا آپ سے پوچھے حج کو۔ آپ نے فرمایا حج کیا ہے عرفات میں ٹھہرنا جو شخص دسویں رات تک بھی فجر نکلنے سے پہلے عرفات میں آجاوے اس نے حج پالیا اور منا میں رہنے کے تین دن ہیں جو جلدی کرے دو دن میں چلا جاوے

حدیث سے استدلال کیا ہے فجر کو دیر سے پڑھنے کا حالانکہ یہ استدلال اس حدیث سے تام نہیں ہوتا کیونکہ حدیث میں تصریح نہیں ہے کہ آپ ہمیشہ فجر کی نماز روشنی میں پڑھا کرتے)۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَأَخَّرَ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ثُمَّ أَرْدَفَ رَجُلًا فَجَعَلَ يُنَادِي بِهَا فِي النَّاسِ.

اس پر گناہ نہیں اور جو دیر کر کے جاوے اس پر بھی گناہ نہیں پھر آپ نے ایک شخص کو اپنے ساتھ سوار کر لیا کہ لوگوں میں اس کو پکار دیوے۔

۳۰۵۰- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ أَتَيْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ فَحَدَّثَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُزْدَلِفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مزدلفہ تمام ٹھہرنے کی جگہ ہے۔

## ۱۵۴۴- اَلتَّلْبِيَةُ بِمُزْدَلِفَةَ

## مزدلفے میں لبیک کہنا

۳۰۵۱- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ فِي حَدِيثِهِ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ كَثِيرٍ وَهُوَ ابْنُ مُدْرِكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ وَنَحْنُ بِجَمْعٍ سَمِعْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ يَقُولُ فِي هَذَا الْمَكَانِ لَبَّيْكَ اللَّهُمَّ لَبَّيْكَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا اور ہم مزدلفے میں تھے میں نے سنا اس شخص سے جن پر سورہ بقر اتری اس جگہ فرماتے تھے لبیک اللھم لبیک۔

## ۱۵۴۵- وَقْتُ الْإِفَاضَةِ مِنْ جَمْعٍ

## مزدلفے سے کس وقت لوٹے

۳۰۵۲- أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُولُ شَهِدْتُ عُمَرَ بِجَمْعٍ فَقَالَ إِنَّ أَهْلَ الْجَاهِلِيَّةِ كَانُوا لَا يُفِيضُونَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَيَقُولُونَ أَشْرِقْ ثَبِيرُ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهُمْ ثُمَّ أَفَاضَ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت عبداللہ بن میمون رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا مزدلفے میں انھوں نے کہا جاہلیت کے لوگ مزدلفے سے نہیں لوٹتے تھے جب تک آفتاب نہ نکلتا اور کہتے چمک جاوے ثبیر (جو ایک پہاڑ کا نام ہے مزدلفے میں) اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کا خلاف کیا آپ لوٹے آفتاب نکلنے سے پہلے

## ۱۵۴۶- اَلرُّخْصَةُ لِلضَّعَفَةِ أَنْ يُصَلُّوا يَوْمَ النَّحْرِ الصُّبْحَ بِمِنًى

## ضعیف لوگوں کو اجازت ہے کہ (مزدلفے سے رات ہی کو لوٹ جاویں) صبح کی نماز منا میں آن کر پڑھیں دسویں تاریخ کو

۳۰۵۳- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ أَشْهَبَ أَنَّ دَاوُدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ حَدَّثَهُمْ أَنَّ عَمْرَو بْنَ دِينَارٍ حَدَّثَهُ أَنَّ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ضَعَفَةِ أَهْلِهِ فَصَلَّيْنَا الصُّبْحَ بِمِنًى وَرَمَيْنَا الْجَمْرَةَ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے ضعیف لوگوں کے ساتھ (یعنی عورتوں بچوں کو روانہ کر دیا تو ہم نے صبح کی نماز منا میں پڑھی اور کنکریاں ماریں۔

---

۳۰۵۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ قَالَتْ وَدِدْتُ أَنِّي اسْتَأْذَنْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَأْذَنَتْهُ سَوْدَةُ فَصَلَّيْتُ الْفَجْرَ بِمِنًى قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ النَّاسُ وَكَانَتْ سَوْدَةُ امْرَأَةً ثَقِيلَةً ثَبِطَةً فَاسْتَأْذَنَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَذِنَ لَهَا فَصَلَّتِ الْفَجْرَ بِمِنًى وَرَمَتْ قَبْلَ أَنْ يَأْتِيَ النَّاسُ۔

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے چاہا کہ میں بھی اجازت لیتی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جیسے اجازت لی تھی سودہ نے اور فجر کی نماز منا میں پڑھتی لوگوں کے آنے سے پہلے اور سودہ تو ایک بھاری بھر کم عورت تھیں انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی آپ نے اجازت دی انھوں نے فجر کی نماز منا میں پڑھی اور لوگوں کے آنے سے پہلے کنکریاں ماریں۔

---

۳۰۵۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ أَنَّ مَوْلًى لِأَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَخْبَرَهُ قَالَ جِئْتُ مَعَ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ مِنًى بِغَلَسٍ فَقُلْتُ لَهَا لَقَدْ جِئْنَا مِنًى بِغَلَسٍ فَقَالَتْ قَدْ كُنَّا نَصْنَعُ هَذَا مَعَ مَنْ هُوَ خَيْرٌ مِنْكَ۔

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا کے ایک غلام سے روایت ہے میں اسماء کے ساتھ منا میں آیا اندھیرے میں میں نے کہا ہم منا میں پہنچے اندھیری رات میں (حالانکہ دن کو آنا چاہیے) اسماء نے کہا ہم ایسا ہی کرتے تھے اس شخص کے ساتھ جو تجھ سے بہتر تھا۔

---

۳۰۵۶۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سُئِلَ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَأَنَا جَالِسٌ مَعَهُ كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسِيرُ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ حِينَ دَفَعَ قَالَ كَانَ يَسِيرُ نَاقَتَهُ فَإِذَا وَجَدَ فَجْوَةً نَصَّ۔

حضرت عروہ سے روایت ہے میں نے اسامہ بن زیدؓ سے پوچھا اور میں ان کے ساتھ بیٹھا تھا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع میں کیونکر چلتے تھے مزدلفے سے لوٹتے وقت انھوں نے کہا آپ چلاتے تھے اونٹنی کو لیکن جب جگہ پاتے تو دوڑاتے

---

۳۰۵۷۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب عرفے کی شام کو لوٹے اور مزدلفے کی صبح کو تو فرمایا اے لوگو اطمینان سے چلو

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنَّاسِ حِينَ دَفَعُوا عَشِيَّةَ عَرَفَةَ وَغَدَاةَ جَمْعٍ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ مِنًى فَهَبَطَ حِينَ هَبَطَ مُحَسِّرًا قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي يُرْمَى بِهِ الْجَمْرَةُ وَقَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ بِيَدِهِ كَمَا يَخْذِفُ الْإِنْسَانُ۔

اور آپ رُکے ہوئے تھے اونٹنی کو جب منا میں آئے اور بطن محسر میں اترے تو فرمایا چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارو جمرے پر اور اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا جیسے آدمی کنکری مارتا ہے۔

## ۱۵۴۷- الْإِيضَاعُ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ

## بطن محسر میں اونٹ جلدی دوڑانا

۳۰۵۸- أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْضَعَ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جلدی اونٹ دوڑایا وادی محسر میں (جو ایک مقام ہے قریب منا کے مزدلفے سے آتے ہوئے اس کو محسر اس لیے کہتے ہیں کہ وہاں اصحاب الفیل کا ہاتھی تھک کر گر گیا تھا۔

۳۰۵۹- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَارُونَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَفَعَ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ قَبْلَ أَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَأَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ الْعَبَّاسِ حَتَّى أَتَى مُحَسِّرًا حَرَّكَ قَلِيلًا ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيقَ الْوُسْطَى الَّتِي تُخْرِجُكَ عَلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى حَتَّى أَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الشَّجَرَةِ فَرَمَى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِنْهَا حَصَى الْخَذْفِ رَمَى مِنْ بَطْنِ الْوَادِي۔

حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انھوں نے سنا اپنے باپ امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے کہا ہم جابر بن عبداللہ کے پاس گئے اور پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حج کا حال۔ انھوں نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مزدلفے سے لوٹے آفتاب نکلنے سے پہلے اور فضل بن عباس رضی کو اپنے ساتھ بٹھا لیا جب محسر میں آئے تو اونٹ کو ذرا تیز کیا پھر بیچ کے راستے سے چلے جہاں سے جمرہ کبریٰ پر نکلتے ہیں یہاں تک کہ اس جمرے کے پاس آئے جو درخت کے پاس ہے اور سات کنکریاں ماریں ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہی چھوٹی چھوٹی کنکریاں وادی کے اندر کی طرف سے۔

## ۱۵۴۸- التَّلْبِيَةُ فِي السَّيْرِ

## چلتے وقت لبیک کہنا

۳۰۶۰- أَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُفْيَانَ وَهُوَ ابْنُ حَبِيبٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ جُرَيْجٍ وَ

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَعَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ۔

آپ لبیک کہتے رہے یہاں تک کہ جمرے کو مارا۔

۲۰۶۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَّى حَتَّى رَمَى الْجَمْرَةَ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

## ۱۵۴۹- اِلْتِقَاطُ الْحَصٰى

## کنکریاں چننا

۲۰۶۲- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ حُصَيْنٍ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ الْعَقَبَةِ وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ هَاتِ الْقُطْ لِي فَلَقَطْتُ لَهُ حَصَيَاتٍ هُنَّ حَصَى الْخَذْفِ فَلَمَّا وَضَعْتُهُنَّ فِي يَدِهِ قَالَ بِأَمْثَالِ هٰؤُلَاءِ وَإِيَّاكُمْ وَالْغُلُوَّ فِي الدِّينِ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمُ الْغُلُوُّ فِي الدِّينِ۔

حضرت ابوالعالیہ سے روایت ہے مجھ سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کی صبح کو فرمایا اور آپ اونٹنی پر تھے آ میرے لیے کنکریاں چن میں نے کنکریاں چنیں چھوٹی چھوٹی (جن کو دو انگلیوں سے پھینکتے ہیں) جب میں نے وہ کنکریاں آپ کے ہاتھ میں رکھیں تو آپ نے فرمایا ہاں اسی طرح کی کنکریاں مارو اور دین میں سختی کرنے سے بچو تم سے پہلے لوگ تباہ ہو گئے دین میں تشدد (سختی) سے

## ۱۵۵۰- مِنْ أَيْنَ يُلْتَقَطُ الْحَصٰى

## کنکریاں کہاں سے چنی جاویں

۲۰۶۳- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِي مَعْبَدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلنَّاسِ حِينَ دَفَعُوا عَشِيَّةَ عَرَفَةَ وَغَدَاةَ جَمْعٍ عَلَيْكُمْ بِالسَّكِينَةِ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتَّى إِذَا دَخَلَ مِنًى فَهَبَطَ حِينَ هَبَطَ مُحَسِّرًا قَالَ عَلَيْكُمْ بِحَصَى الْخَذْفِ الَّذِي تُرْمٰى بِهِ الْجَمْرَةُ قَالَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُشِيرُ بِيَدِهِ كَمَا يَخْذِفُ الْإِنْسَانُ۔

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب لوگ عرفے کی شام کو اور مزدلفے کی صبح کو لوٹے اے لوگو ٹھہر ٹھہر کر اطمینان سے چلو اور آپ اپنی اونٹنی کو روکے ہوئے تھے جب منیٰ میں آئے اور وادی محسر میں اترے تو فرمایا لازم کر لو اپنے اوپر چھوٹی چھوٹی کنکریاں جن سے جمرے کو مارتے ہیں اور آپ اپنے ہاتھ سے اشارہ کرتے تھے جیسے انسان کنکریاں پھینکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۵۱ قَدْرُ حَصَى الرَّمْيِ

۳۰۶۴- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا عَوْفٌ قَالَ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ حُصَيْنٍ عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدَاةَ الْعَقَبَةِ وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى رَاحِلَتِهِ هَاتِ الْقُطْ لِي فَلَقَطْتُ لَهُ حَصَيَاتٍ هُنَّ حَصَى الْخَذْفِ فَوَضَعَهُنَّ فِي يَدِهِ وَجَعَلَ يَقُولُ بِهِنَّ فِي يَدِهِ وَوَصَفَ يَحْيَى تَحْرِيكَهُنَّ فِي يَدِهِ بِأَمْثَالِ هَؤُلَاءِ.

## کتنی بڑی کنکریاں مارے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے کے دن صبح کو مجھ سے فرمایا آپ اونٹ پر تھے کنکریاں چن میرے لیے میں نے کنکریاں چنیں چھوٹی چھوٹی اور آپ کے ہاتھ میں رکھیں آپ ان کو ہاتھ میں ہلانے تھے (یحییٰ نے جو راوی ہے اس حدیث کا بیان کیا اس طرح ہلانے تھے) اور فرماتے تھے ہاں اسی طرح کی کنکریاں مارو۔

## ۱۵۵۲ الرُّكُوبُ إِلَى الْجِمَارِ وَاسْتِظْلَالُ الْمُحْرِمِ

۳۰۶۵- أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ جَدَّتِهِ أُمِّ حُصَيْنٍ قَالَتْ حَجَجْتُ فِي حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْتُ بِلَالًا يَقُودُ بِخِطَامِ رَاحِلَتِهِ وَأُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ رَافِعٌ عَلَيْهِ ثَوْبَهُ يُظِلُّهُ مِنَ الْحَرِّ وَهُوَ مُحْرِمٌ حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ ثُمَّ خَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ وَذَكَرَ قَوْلًا كَثِيرًا.

## سوار ہو کر کنکریاں مارنا اور محرم پر سایہ کرنا

حضرت ام حصین رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ میں نے حج کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تو بلال کو دیکھا وہ آپ کی اونٹنی کی مہار کھینچ رہے تھے اور اسامہ بن زید اپنے کپڑے سے آپ پر سایہ کیے تھے آپ احرام باندھے تھے یہاں تک کہ آپ نے کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ کو پھر خطبہ سنایا لوگوں کو اور اللہ کی تعریف اور ثنا کی اور بہت باتیں فرمائیں۔

۳۰۶۶- أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا أَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ عَلَى نَاقَةٍ لَهُ صَهْبَاءَ لَا ضَرْبَ وَلَا طَرْدَ وَلَا إِلَيْكَ إِلَيْكَ.

حضرت قدامہ بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا دن نحر کے جمرہ عقبہ پر کنکریاں مارتے ہوئے آپ ایک اونٹنی پر سوار تھے جو سرخ اور سفید تھی نہ مارتے تھے نہ ہٹو ہٹو کہتے تھے۔

۳۰۶۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جمرے کو مارتے

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ وَهُوَ عَلَى بَعِيرِهِ وَهُوَ يَقُولُ يَا أَيُّهَا النَّاسُ خُذُوا مَنَاسِكَكُمْ فَإِنِّي لَا أَدْرِي لَعَلِّي لَا أَحُجُّ بَعْدَ عَامِي هَذَا۔

تھے اونٹ پر سے اور فرماتے تھے اے لوگو اپنے حج کے کام سیکھ لو اس لیے کہ شاید اس سال کے بعد پھر حج نہ کروں (ایسا ہی ہوا پھر آپ کی وفات ہو گئی۔)

## ۱۵۵۳۔ وَقْتُ رَمْيِ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ يَوْمَ النَّحْرِ

## جمرہ عقبہ دسویں تاریخ کس وقت مارے

۳۰۶۸۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الثَّقَفِيُّ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَمَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى وَرَمَى بَعْدَ يَوْمِ النَّحْرِ إِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دسویں تاریخ کنکریاں ماریں آفتاب نکلنے کے بعد اور بعد دسویں تاریخ کے (گیارھویں، بارھویں کو) دوپہر ڈھلے۔

## ۱۵۵۴۔ اَلنَّهْيُ عَنْ رَمْيِ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ

## آفتاب نکلنے سے پہلے کنکریاں مارنے کی ممانعت

۳۰۶۹۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُغَيْلِمَةَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلَى حُمُرَاتٍ يَلْطَحُ أَفْخَاذَنَا وَيَقُولُ أُبَيْنِيَّ لَا تَرْمُوا جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لڑکوں عبدالمطلب کے گدھوں پر سوار کر کے روانہ کیا ہماری رانوں پر مارتے تھے اور فرماتے تھے اے بیٹو میرے جمرے عقبہ پر کنکریاں نہ مارنا یہاں تک کہ آفتاب نکلے۔

۳۰۷۰۔ أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدَّمَ أَهْلَهُ وَأَمَرَهُمْ أَنْ لَا يَرْمُوا الْجَمْرَةَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر کے لوگوں کو آگے بھیج دیا اور حکم کیا کہ کنکریاں نہ ماریں جب تک آفتاب نہ نکلے۔

## ۱۵۵۵۔ اَلرُّخْصَةُ فِي ذَلِكَ لِلنِّسَاءِ

## عورتوں کو آفتاب نکلنے سے پہلے کنکریاں مارنے کی اجازت

۳۰۷۱۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

حضرت ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ایک بی بی کو

www.sirat-e-mustaqeem.com



الطَّائِفِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَائِشَةُ بِنْتُ طَلْحَةَ عَنْ خَالَتِهَا عَائِشَةَ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ إِحْدَى نِسَائِهِ أَنْ تَنْفِرَ مِنْ جَمْعٍ لَيْلَةَ جَمْعٍ فَتَأْتِيَ جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَتَرْمِيَهَا وَتُصْبِحَ فِي مَنْزِلِهَا وَكَانَ عَطَاءٌ يَفْعَلُهُ حَتَّى مَاتَ ـ

حکم کیا مزدلفے سے کوچ کر جانے کا اسی رات کو اور جمرہ عقبہ کے پاس آن کر رمی کرنے کا پھر اپنی جگہ پر آنے کا۔ عطاء بھی ایسا ہی کرتے تھے یہاں تک کہ مر گئے۔

---

## ۱۵۵۶ اَلرَّمْيُ بَعْدَ الْمَسَاءِ

## شام ہونے پر رمی کرنا

۳۰۷۲ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْأَلُ أَيَّامَ مِنًى فَيَقُولُ لَا حَرَجَ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَذْبَحَ قَالَ لَا حَرَجَ فَقَالَ رَجُلٌ رَمَيْتُ بَعْدَمَا أَمْسَيْتُ قَالَ لَا حَرَجَ ـ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے لوگ پوچھتے تھے منا کے دنوں میں (حج کے مسائل کو) آپ فرماتے تھے کچھ حرج نہیں۔ ایک شخص نے کہا میں نے سر منڈا یا قربانی سے پہلے آپ نے فرمایا کچھ حرج نہیں۔ دوسرا بولا میں نے کنکریاں ماریں شام ہوتے، آپ نے فرمایا کچھ حرج نہیں۔

## ۱۵۵۷ رَمْيُ الرِّعَاءِ

## اونٹ چرانے والوں کی رمی کا بیان

۳۰۷۳ اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ أَنْ يَرْمُوا يَوْمًا وَيَدَعُوا يَوْمًا ـ

حضرت ابو البداح بن عدی سے روایت ہے انھوں نے سنا اپنے باپ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی اونٹ چرانے والوں کو ایک دن درمیان کر کے رمی کرنے کی (اس لیے کہ وہ ہر روز منیٰ میں نہیں آسکتے) اپنے اونٹوں کو دور لے جاتے تھے چرانے کے لیے۔)

۳۰۷۴ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ فِي الْبَيْتُوتَةِ يَرْمُونَ يَوْمَ النَّحْرِ وَالْيَوْمَيْنِ اللَّذَيْنِ بَعْدَهُ يَجْمَعُونَهُمَا فِي أَحَدِهِمَا ـ

حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے رخصت دی چرواہوں کو منا میں رات کو نہ رہنے کی وہ رمی کرلیں دن نحر کے یعنی دسویں تاریخ پھر دو دن کی ایک دن باندھ لیں۔

---

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۵۹ اَلْمَكَانُ الَّذِي يُرْمَى مِنْهُ جَمْرَةُ الْعَقَبَةِ

## جمرہ عقبہ کی رمی کہاں سے کریں

۳۰۷۵ - اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي مُحَيَّاةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ يَزِيدَ قَالَ قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ اِنَّ نَاسًا يَرْمُونَ الْجَمْرَةَ مِنْ فَوْقِ الْعَقَبَةِ قَالَ فَرَمٰى عَبْدُ اللّٰهِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ قَالَ مِنْ هٰهُنَا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ رَمَى الَّذِي اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ۔

حضرت عبدالرحمن بن زید سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا لوگ جمرہ کی رمی گھاٹی کے اوپر سے کرتے ہیں عبداللہ نے گھاٹی کے اندر سے رمی کی اور کہا قسم اس کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں ہے یہیں سے رمی کی اس شخص نے جس پر سورہ بقرہ اتری (یعنی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم)

۳۰۷۶ - اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ وَمَالِكُ بْنُ الْخَلِيلِ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ وَمَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ رَمٰى عَبْدُ اللّٰهِ الْجَمْرَةَ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ جَعَلَ الْبَيْتَ عَنْ يَسَارِهِ وَعَرَفَةَ عَنْ يَمِينِهِ وَقَالَ هٰهُنَا مَقَامُ الَّذِي اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا اَعْلَمُ اَحَدًا قَالَ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ مَنْصُورٌ غَيْرَ ابْنِ اَبِي عَدِيٍّ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

حضرت عبداللہ بن یزید سے روایت ہے عبداللہ بن مسعود رض نے کنکریاں ماریں سات خانہ کعبہ ان کے بائیں طرف تھا اور عرفات داہنی طرف اور کہا یہ مقام ہے ان کا جن پر سورہ بقرہ اتری۔

۳۰۷۷ - اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسٰى عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ قَالَ هٰهُنَا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۰۷۸ - اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ سَمِعْتُ الْحَجَّاجَ يَقُولُ لَا تَقُولُوا سُورَةَ الْبَقَرَةِ قُولُوا السُّورَةُ الَّتِي يُذْكَرُ فِيهَا الْبَقَرَةُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِاِبْرَاهِيمَ فَقَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيدَ اَنَّهُ كَانَ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ حِينَ رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَاسْتَبْطَنَ الْوَادِيَ وَاسْتَعْرَضَهَا يَعْنِي الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَكَبَّرَ مَعَ كُلِّ

حضرت اعمش نے کہا میں نے حجاج سے سنا انھوں نے کہا مت کہو سورۃ بقرہ لیکن یوں کہو کہ وہ سورت جس میں بقر کا ذکر ہے میں نے ابراہیم سے بیان کیا انھوں نے مجھ سے عبدالرحمن بن یزید نے کہا وہ عبداللہ بن مسعود رض کے ساتھ تھے جب انھوں نے رمی کی جمرہ عقبہ کی وہ وادی کے اندر آئے اور جمرے کو سامنے کیا اور سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَصَاةٍ فَقُلْتُ إِنَّ أُنَاسًا يَصْعَدُونَ الْجَبَلَ فَقَالَ هٰهُنَا وَالَّذِي لَا إِلٰهَ غَيْرُهُ رَأَيْتُ الَّذِي أُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ رَمَى۔

ساتھ تکبیر کہی میں نے کہا بعضے لوگ پہاڑ پر چڑھتے ہیں (کنکریاں مارنے کو) انھوں نے کہا قسم ہے اس کی جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے میں نے اس شخص کو دیکھا جس پر سورہ بقرہ اتری یہیں سے رمی کی۔ ف

۳۰۷۹- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحِيمِ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ وَذَكَرَ آخَرَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تحقیق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارتے تھے۔

۳۰۸۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو آپ چھوٹی چھوٹی کنکریاں مارتے تھے۔

## ۱۵۵- عَدَدُ الْحَصَى الَّتِي يُرْمَى بِهَا الْجِمَارُ

## کتنی کنکریاں مارے

۳۰۸۱- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ هَارُونَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَقُلْتُ أَخْبِرْنِي عَنْ حَجَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الشَّجَرَةِ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِنْهَا حَصَى الْخَذْفِ رَمَى مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ۔

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے جابرؓ سے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حج کا حال انھوں نے کہا آپ نے چھوٹی چھوٹی سات کنکریاں ماریں اس جمرے پر جو درخت کے پاس ہے ہر کنکری مارتے وقت تکبیر کہی وادی کے اندر سے پھر قربانی کی جگہ پر آئے اور قربانی کی۔

۳۰۸۲- أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ مُوسَى الْبَلْخِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ قَالَ قَالَ مُجَاهِدٌ قَالَ سَعْدٌ رَجَعْنَا فِي الْحَجَّةِ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَعْضُنَا يَقُولُ رَمَيْتُ بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَبَعْضُنَا يَقُولُ رَمَيْتُ بِسِتٍّ فَلَمْ يَعِبْ

حضرت مجاہد سے روایت ہے سعد نے کہا ہم لوٹے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کر کے کوئی کہتا تھا میں نے سات کنکریاں ماریں کوئی کہتا تھا میں نے چھ کنکریاں ماریں اور کسی نے دوسرے پر عیب نہ رکھا۔

---

ف: تو عبداللہ بن مسعودؓ نے سورہ بقرہ کہا پس معلوم ہوا کہ سورہ بقرہ کہنا درست ہے اور حجاج کا خیال غلط تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ۔

۳۰۸۳- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا مِجْلَزٍ يَقُوْلُ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ شَيْءٍ مِنْ اَمْرِ الْجِمَارِ فَقَالَ مَا اَدْرِيْ رَمَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسِتٍّ اَوْ بِسَبْعٍ۔

حضرت ابومجلز رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کنکریوں کو پوچھا انھوں نے کہا مجھے یاد نہیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چھ کنکریاں ماریں یا سات۔

## ۱۵۶۰- اَلتَّكْبِيْرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

## ہر کنکری کیساتھ تکبیر کہنا

۳۰۸۴- اَخْبَرَنِيْ هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ الْكُوْفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اَخِيْهِ الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ۔

حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سوار تھا آپ لبیک کہتے رہے یہاں تک کہ کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ پر سات ہر کنکرے پر تکبیر کہی۔

## ۱۵۶۱- قَطْعُ الْمُحْرِمِ التَّلْبِيَةَ اِذَا رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ

## کنکریاں مارتے ہی لبیک موقوف کرنا

۳۰۸۵- اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ كُنْتُ رِدْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا زِلْتُ اَسْمَعُهُ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمٰى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ فَلَمَّا رَمٰى قَطَعَ التَّلْبِيَةَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فضل عباس رضی اللہ عنہ نے کہا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سوار تھا میں سنتا رہا آپ لبیک کہے جاتے تھے یہاں تک کہ کنکریاں ماریں جمرہ عقبہ پر اس وقت لبیک موقوف کی۔

۳۰۸۶- اَخْبَرَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ هِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ عَنْ مُجَاهِدٍ وَعَامِرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ الْفَضْلَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ كَانَ رَدِيْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَّهُ لَمْ يَزَلْ يُلَبِّيْ حَتّٰى رَمٰى الْجَمْرَةَ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۰۸۷- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ اَصْرَمَ عَنْ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ أَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ۔

## ۱۵۶۲- الدُّعَاءُ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

## کنکریاں مارنے کے بعد دُعا کرنا

۳۰۸۸- أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَ أَنْبَأَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ بَلَغَنَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِي تَلِي الْمَنْحَرَ مَنْحَرَ مِنًى رَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ ثُمَّ تَقَدَّمَ أَمَامَهَا فَوَقَفَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو يُطِيلُ الْوُقُوفَ ثُمَّ يَأْتِي الْجَمْرَةَ الثَّانِيَةَ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَنْحَدِرُ ذَاتَ الشِّمَالِ فَيَقِفُ مُسْتَقْبِلَ الْبَيْتِ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو ثُمَّ يَأْتِي الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَ الْعَقَبَةِ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ سَمِعْتُ سَالِمًا يُحَدِّثُ بِهَذَا عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ۔

حضرت ابن شہاب زہری سے روایت ہے ہم کو پہنچا کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب رمی کرتے اس جمرے کی جو منا سے نزدیک ہے تو سات کنکریاں اس پر مارتے ہر کنکری مارتے وقت تکبیر کہتے پھر آگے بڑھتے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوتے دونوں ہاتھ اٹھاتے (دعا کیلئے) بڑی دیر تک کھڑے رہتے پھر دوسرے جمرے پاس آتے اس کو سات کنکریاں مارتے ہر کنکری پر تکبیر کہتے پھر بائیں طرف مڑتے اور قبلہ کے سامنے منہ کر کے کھڑے ہوتے۔ دونوں ہاتھ اٹھا کر دعا کرتے پھر جمرہ عقبہ پاس آتے (جو سب کے آخر میں ہے منا سے) اس پر سات کنکریاں مارتے وہاں نہیں ٹھہرتے زہری نے کہا میں نے یہ حدیث سالم سے سُنی وہ اپنے باپ ابن عمر سے نقل کرتے تھے ابن عمر ایسا ہی کرتے تھے (یہ گیارھویں بارھویں کے رمی کا بیان ہے کیونکہ دسویں تاریخ صرف [illegible])

## باب ۱۵۶۳- مَا يَحِلُّ لِلْمُحْرِمِ بَعْدَ رَمْيِ الْجِمَارِ

## محرم جب کنکریاں مار چکے تو اسکو کیا درست ہوگا

۳۰۸۹- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنِ الْحَسَنِ الْعُرَنِيِّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ فَقَدْ حَلَّ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا النِّسَاءَ قِيلَ وَالطِّيبُ قَالَ أَمَّا أَنَا فَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَضَمَّخُ بِالْمِسْكِ أَفَطِيبٌ هُوَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا جب کنکریاں ماریں تو سب چیزیں درست ہو گئیں جو احرام میں منع تھیں مگر عورتوں سے صحبت کرنا وہ بعد طواف الزیارۃ کے درست ہوگا) ایک شخص نے کہا خوشبو درست ہے انہوں نے کہا میں نے تو رسول صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا مشک ملتے تھے مشک خوشبو ہے۔

## آخر المناسک

## حج کے احکام تمام ہوئے

ف: الحمد للہ خدا کے فضل اور امداد سے ربع ثانی پورا ہوا کتاب مقدس سنن نسائی شریف کا یعنی نصف اوّل تمام ہوا اب خدا سے امید ہے کہ وہ اسی طرح نصف ثانی کو بھی تمام کر دیگا اپنے فضل اور احسان سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



# اَلنِّصْفُ الثَّانِیْ

## وَالرُّبُعُ الثَّالِثُ مِنْ کِتَابِ سُنَنِ النَّسَائِیِّ رحمہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## كِتَابُ الْجِهَادِ

## کتاب جہاد کے بیان میں

### بَابُ ۱۵۶۴ وُجُوْبِ الْجِهَادِ

### جہاد فرض ہے

۳۰۹۰۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ الْأَزْرَقُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا أُخْرِجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَكَّةَ قَالَ أَبُوْ بَكْرٍ أَخْرَجُوْا نَبِيَّهُمْ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ لَيَهْلِكُنَّ فَنَزَلَتْ أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا وَإِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرٌ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ سَيَكُوْنُ قِتَالٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَهِيَ أَوَّلُ آيَةٍ

ترجمہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مکے سے نکالے گئے ابوبکرؓ نے کہا۔ ان لوگوں نے اپنے پیغمبر کو نکال دیا۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اب یہ لوگ ضرور برباد ہوں گے پھر یہ آیت اتری: أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقَاتَلُوْنَ بِأَنَّهُمْ ظُلِمُوْا۔ اخیر تک یعنی اجازت دی گئی ان لوگوں کو جن سے مشرک لڑتے ہیں لڑنے کی کیونکہ اس سے پہلے لڑنے کا حکم نہ تھا مسلمانوں کو۔ کافر ان کو ستاتے ایذا دیتے مارتے تب وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آتے آپ فرماتے صبر کرو ابھی خدا کا حکم مجھ کو لڑنے کیلئے

---

ف: جہاد ایک بڑا رکن ہے اسلام کا جو ہجرت کے بعد مدینہ میں فرض ہوا اور جب سے جہاد شروع ہوا روز بروز اسلام کی عزت اور عظمت بڑھتی گئی یہاں تک کہ دنیا کے اکثر ملکوں میں اسلام پھیل گیا اور جب سے جہاد موقوف ہوا مسلمان ذلیل ہو گئے اور کفار غالب۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



نَزَلَتْ فِي الْقِتَالِ۔

نہیں ہوا۔ جب یہ آیت اتری تو جہاد شروع ہوا۔ جو تم سے لڑتے ہیں تم بھی ان سے لڑو بدلہ لو اور اللہ ان کی مدد کر سکتا ہے۔) ابوبکرؓ نے کہا میں سمجھا اب لڑائی ہوگی۔ ابن عباسؓ نے کہا تو یہ آیت سب سے پہلے اتری جہاد میں ف۱،

۳۰۹۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ أَنْبَأَنَا أَبِي قَالَ أَنْبَأَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ وَأَصْحَابًا لَهُ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا كُنَّا فِي عِزٍّ وَنَحْنُ مُشْرِكُونَ فَلَمَّا آمَنَّا صِرْنَا أَذِلَّةً فَقَالَ إِنِّي أُمِرْتُ بِالْعَفْوِ فَلَا تُقَاتِلُوا فَلَمَّا حَوَّلَنَا اللَّهُ إِلَى الْمَدِينَةِ أَمَرَنَا بِالْقِتَالِ فَكَفُّوا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ۔

ترجمہ: ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عبدالرحمٰن بن عوف اور ان کے دوست رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے جب آپ مکے میں تشریف رکھتے تھے اور کہنے لگے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس زمانے میں ہم مشرک تھے تو عزت میں تھے اور جب سے ایمان لائے ذلیل ہوگئے۔ آپ نے فرمایا مجھے تو یہی حکم ہے کہ معاف کروں لوگوں کی خطاؤں کو تو مت لڑو پھر جب ہم کو اللہ تعالیٰ مدینے لے گیا تو وہاں حکم ہوا کافروں سے لڑنے کا اس وقت بعضے لوگ لڑنے میں ہچکچائے (یعنی لڑنے سے ڈرے) تب یہ آیت اللہ تعالیٰ نے اتاری: أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ قِيلَ لَهُمْ كُفُّوا أَيْدِيَكُمْ اخیر تک یعنی تو نے نہیں دیکھا ان لوگوں کو جن سے پہلے کہا گیا تھا روکے رہو اپنے ہاتھوں کو اور نماز پڑھا کرو۔ ف۲،

۳۰۹۲- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا

ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ

---

ف۱: جہاد کہتے ہیں کافروں اور باغیوں سے لڑنے کو دین کے لیے اور کبھی جہاد کے معنی یہ بھی آتے ہیں کہ اپنے نفس سے لڑے یا شیطان سے یا فاسقوں سے نفس سے لڑائی یہ کہ دین کی باتوں پر عمل کرے اور برائیوں سے اسے روکے اور شیطان سے لڑائی یہ کہ اس کے فریب میں نہ آئے۔ شبہات اور شہوات شیطانیہ کو دفع کرے اور فاسقوں سے لڑائی یہ کہ ہاتھ اور زبان اور قلم اور روپیہ سے ان کی اصلاح میں کوشش کرے اور ان کو برے کاموں سے باز رکھے۔

ف۲: اور زکوٰۃ دیا کرو (یعنی لڑنا ضروری نہیں) پھر جب حکم ہوا انھیں لڑنے کا تو ان میں سے ایک گروہ لوگوں سے ایسا ڈرنے لگا جیسے اللہ سے ڈرتا ہے یا اس سے زیادہ اور کہنے لگا اے پروردگار تو نے ہم پر لڑائی کیوں فرض کی ہم کو تھوڑی مدت تک جینے کیوں نہ دیا۔ کہہ دے تو اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم دنیا کا مزا تھوڑا ہے اور آخرت بہتر ہے پرہیزگار کے لیے اور تم پر ظلم نہ ہوگا تاگے برابر۔ یعنی جب تک مسلمان مکے میں تھے اور کافروں سے تکلیف اٹھاتے تو لڑائی کی اجازت چاہتے پھر جب لڑائی کا حکم ہوا تو خوش ہونا تھا لیکن بعضے کچے دل کے لوگ پچھتانے لگے اور موت سے ڈرے اور کافروں سے ایسا خوف کرنے لگے کہ اتنا اللہ سے بھی نہ تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ مَعْمَرًا عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ قُلْتُ عَنْ سَعِيدٍ قَالَ نَعَمْ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ ح وَأَنْبَأَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِأَحْمَدَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَبَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَتْ فِي يَدِي قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَذَهَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتُمْ تَنْتَثِلُونَهَا.

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے جامع کلمے دیے گئے (یعنی قرآن اور حدیث جن کے لفظ مختصر ہیں اور معنی اُن کے بہت ہیں جامع اُسی عبارت کو کہتے ہیں جس میں لفظ تھوڑے ہوں پر مطلب بہت ہو) اور مجھ کو مدد ملی رُعب (دھاک) سے (یعنی کافروں کے دل میں میری دہشت اللہ تعالےٰ نے ڈال دی) اور میں سوتا تھا تو زمین کے خزانوں کی کنجیاں میرے ہاتھ میں دی گئیں ابوہریرہؓ نے کہا۔ پھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تو گزر گئے لیکن تم اُن خزانوں کو نکال رہے ہو (مراد خزانوں سے روم ایران اور مصر اور شام کے خزانے تھے جو اللہ تعالےٰ نے مسلمانوں کو عنایت فرمائے اور آپ کو خواب میں دکھا دیا تھا جب آپ کی وفات ہو گئی تو اس خواب کے مطابق مسلمانوں نے یہ سب ملک فتح کیے اور وہاں کے خزانے تصرف میں لائے)

۳۰۹۳- أَخْبَرَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بُعِثْتُ بِجَوَامِعِ الْكَلِمِ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَبَيْنَا أَنَا نَائِمٌ أُتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الْأَرْضِ فَوُضِعَتْ فِي يَدَيَّ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقَدْ ذَهَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْتُمْ تَنْتَثِلُونَهَا.

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۰۹۴- أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو لوگوں سے لڑنے کا حکم ہوا ہے تاوقتیکہ وہ لا الٰہ الا اللہ نہ کہہ لیں پس جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اس نے اپنے مال و جان کو مجھ سے بچا لیا مگر کسی کے حق کے بدلے۔ اور اس کا حساب خدا کے اوپر ہے ف۱ تو اس سے مال دلایا جائے گا۔ پھر اگر اس نے

ف۱: یعنی جب آدمی مسلمان ہوا اور کلمہ پڑھ لیا تو اسکی جان محفوظ ہو گئی اور مال بھی محفوظ ہو گیا البتہ اگر کسی کا "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَتّٰی قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّیْ مَالَهٗ وَنَفْسَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَی اللّٰهِ۔

ظاہر میں کلمہ پڑھا ہے اور دل میں اس پر یقین نہیں تو خدا اُس سے سمجھے گا (دلوں کے حال دریافت کرنے کا حکم اور قاضی کو حکم نہیں)

۳۰۹۵- اَخْبَرَنَا کَثِیْرُ بْنُ عُبَیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَیْدِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتُخْلِفَ اَبُوْ بَکْرٍ وَکَفَرَ مَنْ کَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عُمَرُ یَا اَبَا بَکْرٍ کَیْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰی یَقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ عَصَمَ مِنِّیْ نَفْسَهٗ وَمَالَهٗ اِلَّا بِحَقِّهٖ وَحِسَابُهٗ عَلَی اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ بَکْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاللّٰهِ لَاُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَیْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّکَاةِ فَاِنَّ الزَّکَاةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُوْنِیْ عَنَاقًا کَانُوْا یُؤَدُّوْنَهَا اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلٰی مَنْعِهَا فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ اِلَّا اَنْ رَاَیْتُ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ قَدْ شَرَحَ صَدْرَ اَبِیْ بَکْرٍ لِلْقِتَالِ وَعَرَفْتُ اَنَّهُ الْحَقُّ۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی اور ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ ہوئے تو عرب کے بعضے لوگ کافر ہو گئے جن کو کافر ہونا تھا حضرت عمرؓ نے کہا اے ابوبکرؓ تم کس طرح لڑو گے ان لوگوں سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو یوں فرمایا۔ مجھ کو حکم ہوا لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ کہیں تو جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا اس نے بچا لیا اپنے مال اور جان کو مگر کسی حق کے بدلے (یعنی قصاص یا حد میں) اور اس کا حساب اللہ تعالےٰ کے ذمے ہے۔ کہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میں بیشک لڑوں گا اس سے جو تفرقہ ڈالے نماز اور زکوٰۃ میں اس لیے کہ زکوٰۃ مال کا حق ہے قسم خدائے تعالےٰ کی یہ لوگ اگر نہ دیویں گے بکری کا بچہ جو دیا کرتے تھے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تو میں ضرور لڑوں گا ان سے اس بات پر۔ کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قسم ہے اللہ کی نہیں ہے یہ امر میری نظر میں مگر اسلیے کہ کھول دیا اللہ بزرگی اور عزت والے نے سینہ ابوبکرؓ کا لڑائی کرنے کے واسطے اور میں بھی سمجھا کہ حق یوں ہی ہے وف۔

۳۰۹۶- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ قَالَ حَدَّثَنِیْ شُعَیْبُ بْنُ اَبِیْ حَمْزَةَ وَ سُفْیَانُ بْنُ

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب قصد کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں سے لڑائی کے لیے تب کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اے ابوبکرؓ کیسے لڑتے ہو ان لوگوں سے اور رسول اللہ

خون کرے گا تو اس کے بدلے مارا جائیگا اور کسی کے مال کا ضامن ہوگا۔ حاشیہ صفحہ سابقہ۔

ف: اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ شرع شریف نے جان اور مال پر جو حق لگا دیے ہیں اگر کوئی شخص ان حقوق کو ادا نہ کرے تو اس کو سزا دینا ضرور ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عُيَيْنَةَ وَذَكَرَ آخَرُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا جَمَعَ أَبُو بَكْرٍ لِقِتَالِهِمْ فَقَالَ عُمَرُ يَا أَبَا بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَاللَّهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللَّهَ تَعَالَى قَدْ شَرَحَ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ لِقِتَالِهِمْ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ۔

۳۰۹۷- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ أَبُو الْعَوَّامِ الْقَطَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْتَدَّتِ الْعَرَبُ قَالَ عُمَرُ يَا أَبَا بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ الْعَرَبَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِنَّمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَيُقِيمُوا الصَّلَاةَ وَيُؤْتُوا الزَّكَاةَ وَاللَّهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا مِمَّا كَانُوا يُعْطُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَيْهِ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فَلَمَّا رَأَيْتُ رَأْيَ أَبِي بَكْرٍ قَدْ شُرِحَ عَلِمْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ عِمْرَانُ الْقَطَّانُ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ فِي الْحَدِيثِ

صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ مجھ کو حکم ہوا ہے لوگوں سے لڑائی کا یہاں تک کہ کہیں وہ لا الٰہ الا اللہ پھر جب انھوں نے یہ کلمہ کہا تو بچا لیا خون مال کو اپنے مجھ سے ف۱ مگر حق کا بچاؤ نہیں ف۲ تو کہا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے میں ضرور ماروں گا اس شخص کو جو فرق کرے گا نماز میں اور زکوٰۃ میں قسم خدائے تعالیٰ کی اگر نہ دیویں گے یہ لوگ مجھ کو وہ بکری کا بچہ جو دیا کیا کرتے تھے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تو بے شک ماروں گا اُن کو اس بات پر کہا عمر رضی اللہ عنہ اللہ تعالےٰ کی قسم نہیں یہ امر میری نظر میں مگر یہ کہ کھول دیا ہے اللہ بزرگی اور عزت والے نے سینہ ابوبکر رضی اللہ عنہ کا اُن سے لڑنے کے لیے اور میں بھی سمجھا کہ حق یوں ہی ہے۔

ترجمہ:- انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب وفات پائی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پھر گئے عرب کے لوگ کہا عمر رضی اللہ عنہ نے اے ابوبکرؓ کیسے مارتے ہو عرب کو پھر جواب دیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے مجھ کو حکم ہوا ہے کہ لڑوں میں لوگوں سے یہاں تک کہ گواہی دیویں اس بات کی نہیں کوئی معبود برحق اللہ کے سوا اور اس بات کی کہ میں رسول ہوں اللہ تعالےٰ کا اور پڑھیں نماز اور دیویں زکوٰۃ اللہ کی قسم اگر یہ لوگ نہ دیویں گے وہ بکری کا بچہ جو دیا کرتے تھے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو تو ضرور ماروں گا میں اُن کو اس پر کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جب دیکھا میں نے رائے ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدا کی طرف سے ہے میں نے بھی جانا کہ حق اسی طرح ہے ف۳

ف۱: یعنی دین محمدی میں کلمہ گو کو مارنا اور اس کا مال لینا حرام ہے۔

ف۲: یعنی اگر ناحق خون کرے گا یا مال کا ضامن ہوگا تو اس سے مال دلایا جائیگا اور اسی طرح حد زنا وغیرہ میں رعایت نہ کریں گے۔

ف۳: مطلب اس حدیث کا اور جو حدیث اوپر گزری ایک ہی ہے لیکن راوی ضعیف ہونے کے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَهٰذَا الْحَدِيثُ خَطَأٌ وَالَّذِي قَبْلَهُ الصَّوَابُ حَدِيثُ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ۔

۳۰۹۸- أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ نِزَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ مَبْرُورٍ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

۳۰۹۹- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُغِيرَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ ح وَ أَنْبَأَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ شُعَيْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ بَعْدَهُ وَكَفَرَ مَنْ كَفَرَ مِنَ الْعَرَبِ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا أَبَا بَكْرٍ كَيْفَ تُقَاتِلُ النَّاسَ وَقَدْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَمَنْ قَالَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي مَالَهُ وَنَفْسَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللّٰهِ قَالَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَأُقَاتِلَنَّ مَنْ فَرَّقَ بَيْنَ الصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ فَإِنَّ الزَّكَاةَ حَقُّ الْمَالِ وَاللّٰهِ لَوْ مَنَعُونِي عَنَاقًا كَانُوا يُؤَدُّونَهَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَاتَلْتُهُمْ عَلَى مَنْعِهَا قَالَ عُمَرُ فَوَاللّٰهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَأَيْتُ أَنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ شَرَحَ صَدْرَ أَبِي بَكْرٍ لِلْقِتَالِ فَعَرَفْتُ أَنَّهُ الْحَقُّ وَاللَّفْظُ لِأَحْمَدَ۔

۳۱۰۰- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ ح وَ أَخْبَرَنِي

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ کو حکم ہوا ہے

سبب سے کچھ فرق ہو گیا ہے لفظوں میں۔ امام نسائیؒ نے کہا عمران القطان اس روایت میں قوی نہیں اور یہ روایت خطا ہے اور اس سے پہلے کی ٹھیک ہے۔ حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فَمَنْ قَالَهَا فَقَدْ عَصَمَ مِنِّي نَفْسَهُ وَمَالَهُ إِلَّا بِحَقِّهِ وَحِسَابُهُ عَلَى اللَّهِ.

کہ لڑوں میں لوگوں سے یہاں تک کہ کہیں کلمہ پھر جس نے کلمہ کہا اس نے بچا لیا اپنی جان اور مال لیکن حق اس جان اور مال کا نہ چھوڑوں گا اور حساب اُس کا اللہ تعالیٰ کے ذمے پر ہے۔

٣١٠١- أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ وَمُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ ابْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ أَنْبَأَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِينَ بِأَمْوَالِكُمْ وَأَيْدِيكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ.

ترجمہ:۔ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاد کرو مشرکوں سے مال اور ہاتھ اور زبان سے۔

## ١٥٦٥- التَّشْدِيدُ فِي تَرْكِ الْجِهَادِ

## جہاد کے چھوڑنے کی سختی اور شدّت کا بیان

٣١٠٢- أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ أَنْبَأَنَا وُهَيْبٌ يَعْنِي ابْنَ الْوَرْدِ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُحَدِّثْ نَفْسَهُ بِغَزْوٍ مَاتَ عَلَى شُعْبَةِ نِفَاقٍ.

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مر گیا اس طرح کہ نہ کبھی اس نے جہاد کیا اور نہ کبھی راہ خدا میں لڑنے کی نیت کی تو وہ منافقوں کے وتیرے پر مرا۔ ف

## ١٥٦٦- الرُّخْصَةُ فِي التَّخَلُّفِ عَنِ السَّرِيَّةِ

## غازیوں کے لشکر سے پیچھے رہنے کی اجازت

٣١٠٣- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْوَزِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ عُفَيْرٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنِ ابْنِ مُسَافِرٍ

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرماتے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قسم ہے اُس کی

ف:۔ یعنی جو سچا مسلمان ہوگا دین محمدی کا غلبہ چاہے گا تو کافروں سے اللہ کے واسطے لڑے گا اور اگر سامان نہ ہوگا تو دل میں البتہ اس کا قصد رکھے گا اور جو دل میں بھی کبھی جہاد کا خیال نہ کرے گا۔ معلوم ہوا کہ منافقوں کی طرح اس کا ایمان زبانی ہے ایمان کامل نہیں اور دل میں قصد ہونے کا یہ نشان ہے کہ جہاد کے اسباب جیسے ہتھیار بنوانا اور مول لینا یا گھوڑے — حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پہ دیکھیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنِّي وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ۔

جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر نہ ہوتی یہ بات کہ بعضے ایمان والوں کو خوش نہیں لگتا مجھ سے پیچھے رہنا اور میں نہیں پاتا وہ چیز کہ جس پر سوار کروں اُن کو تو نہ چھوڑتا میں ساتھ کسی لشکر کا اور قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے مجھے بہت بھلا معلوم ہوتا ہے یہ کہ میں مارا جاؤں اللہ کی راہ میں اور پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں۔ ف

## بَابُ ۱۵۶۷ فَضْلِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ

## باب بیان میں اس بات کے کہ جہاد کرنیوالوں کے برابر نہیں ہوسکتے گھر رہ جانیوالے

۳۱۰۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ الْمُفَضَّلِ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ إِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ رَأَيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ جَالِسًا فَجِئْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ إِلَيْهِ فَحَدَّثَنَا أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ حَدَّثَهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُجَاهِدُونَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَجَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ أَسْتَطِيعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَفَخِذُهُ عَلَى فَخِذِي فَثَقُلَتْ

ترجمہ: زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر اُتری یہ آیت: لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُجَاهِدُونَ یعنی برابر نہیں بیٹھنے والے مسلمان اور لڑنے والے اللہ کی راہ میں۔ اتنے میں ابن ام مکتوم بھی آگئے (نام ہے صحابی کا جو اندھے تھے) اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس وقت مجھ کو پڑھ کر سُنا رہے تھے۔ پھر عرض کیا ابن ام مکتوم نے یارسول اللہ اگر ممکن ہوتا مجھ سے جہاد تو بیشک میں بھی مجاہد ہوتا۔ پھر اُتارا اللہ عزت اور بزرگی والے نے غَيْرُ أُولِي الضَّرَرِ یعنی جن کو بدن کا نقصان نہیں۔ ف۔ اور زید بن ثابتؓ کہتے

---

کی سواری سیکھنا اور جو کار آمد چیزیں ہوں تیار رکھنا۔ لشکر کے ساتھ نہ جانے کی رخصت۔ حاشیہ صفحہ سابقہ

ف: سریہ اس لشکر کو کہتے ہیں جس میں نو سپاہیوں سے زیادہ ہوں اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم ان کے ساتھ تشریف نہ لے گئے ہوں۔ آپ کے دل میں کمال خواہش تھی ہر ایک لڑائی میں شریک ہونے کی۔ لیکن ابتدائے اسلام میں بے اسبابی اور قلت سواری سے سب صحابہ ساتھ نہ جاسکتے تھے اس سبب سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی رک جاتے تھے اور آپکو بدون صحابہ کے جانا اسواسطے مفید نہ تھا کہ جانیوالے جہاد کے ثواب سے محروم رہتے اور انکو آپکا ساتھ چھوڑنا ناگوار گزرتا اور سب کو لے جانا سواریوں کی کمی سے ممکن نہ تھا اس حدیث سے جہد کی فضیلت اور رفیقوں کی رعایت معلوم ہوتی۔

ف: بدن کے نقصان والے یعنی اندھے لولے اپاہج جہاد کے حکم سے معاف ہیں۔ باقی لوگوں میں۔ حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيَّ حَتّٰى ظَنَنْتُ اَنْ سَتُرَضُّ فَخِذِيْ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ قَالَ اَبُوْعَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ هٰذَا لَيْسَ بِهٖ بَاْسٌ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ يَرْوِيْ عَنْهُ عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَاَبُوْ مُعَاوِيَةَ وَعَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ لَيْسَ بِثِقَةٍ۔

ہیں کہ جب یہ پچھلی آیت اتری تو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ران میری ران کے اوپر تھی پھر بوجھ پڑا مجھ پہ یہاں تک کہ میں سمجھا ٹوٹ جاوے گی ران میری پھر موقوف ہوگئی وہ حالت وحی کے سبب سے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ران کا بوجھ زید کو بہت معلوم ہوا۔ امام نسائی رح کی اس روایت کی اسناد میں عبد الرحمن بن اسحاق ہے وہ کچھ برا نہیں۔ اس سے علی بن مسہر ابو معاویہ اور عبد الواحد بن زیاد وہ نعمان بن سعد سے روایت کرتے ہیں اور وہ ثقہ نہیں ہے ۔

۳۱۰۵۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ رَاَيْتُ مَرْوَانَ جَالِسًا فِي الْمَسْجِدِ فَاَقْبَلْتُ حَتّٰى جَلَسْتُ اِلٰى جَنْبِهٖ فَاَخْبَرَنَا اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ اَخْبَرَهٗ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْلٰى عَلَيْهِ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ فَجَاءَهُ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ يُمِلُّهَا عَلَيَّ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَوْ اَسْتَطِيْعُ الْجِهَادَ لَجَاهَدْتُ وَكَانَ رَجُلًا اَعْمٰى فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَخِذُهٗ عَلٰى فَخِذِيْ حَتّٰى هَمَّتْ تَرُضُّ فَخِذِيْ ثُمَّ سُرِّيَ عَنْهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ۔

ترجمہ: زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ پڑھی اُن پر یہ آیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یعنے لایستوی القاعدون من المؤمنین والمجاھدون فی سبیل اللہ یعنی برابر نہیں بیٹھنے والے مسلمان اور لڑنے والے اللہ کی راہ میں۔ اتنے میں آئے ابن مکتوم اور آپ مجھ کو پڑھ کر سنا رہے تھے پھر ابن مکتوم بولے یا رسول اللہ اگر میں قدرت رکھتا تو میں بھی جہاد کرتا اور تھے ابن مکتوم اندھے پھر اتاری یہ آیت اللہ تعالے نے اپنے رسول پر غیر اولی الضرر یعنی جس کے بدن میں نقصان ہے جہاد کا حکم ان پر نہیں اور اس آیت اترنے کے وقت آپ کی ران مبارک میری ران پہ تھی میں سمجھا کہ چورا ہو جائے گی میری ران پھر موقوف ہوگئی وحی۔

۳۱۰۶۔ اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا قَالَ ائْتُوْنِيْ بِالْكَتِفِ وَاللَّوْحِ فَكَتَبَ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَعَمْرُو بْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ خَلْفَهٗ فَقَالَ هَلْ لِيْ رُخْصَةٌ فَنَزَلَتْ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ۔

ترجمہ: براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس لاؤ ہڈی جس پر لکھتے تھے آپ نے لکھوایا لا یستوی القاعدون من المؤمنین ابن ام مکتوم آپ کے پیچھے بیٹھے تھے۔ انھوں نے کہا میرے لیے رخصت ہے؟ تب اترا غیر اولی الضرر :

---

لڑنے والوں کو بڑے درجے ہیں کہ بیٹھنے والوں کو نہیں اگرچہ بیٹھنے والے بھی جنتی ہیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ جہاد فرض کفایہ ہے فرض عین نہیں بعضے بعضے جہاد کرتے رہیں تو نہ کرنے والے معاف ہیں اور جو سب موقوف کریں تو سب گنہگار ہیں۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۱۰۷- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْبَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ جَاءَ ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ وَكَانَ اَعْمٰى فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَكَيْفَ فِيَّ وَاَنَا اَعْمٰى قَالَ فَمَا بَرِحَ حَتّٰى نَزَلَتْ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ۔

ترجمہ: براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ جب یہ آیت اتری لایستوی القاعدون المؤمنین یعنی جہاد کرنے والے اور گھر میں بیٹھنے والے برابر نہیں ہو سکتے تو ابن ام مکتوم آئے اور کہنے لگے پھر میرے باب میں کیا حکم ہے میں جو اندھا معذور ہوں۔ تھوڑی دیر گزری تھی کہ یہ اترا غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ یعنی معذور اس حکم سے معاف ہیں۔

## ۱۵۰- اَلرُّخْصَةُ فِي التَّخَلُّفِ لِمَنْ لَهٗ وَالِدَانِ

## جس کے ماں باپ زندہ ہوں اسکو گھر پر رہنے کی اجازت

۳۱۰۸- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ وَشُعْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا حَبِيْبُ بْنُ اَبِيْ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي الْعَبَّاسِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَاْذِنُهٗ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ اَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آیا ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس درخواست کی جہاد میں جانے کی آپ نے پوچھا تیرے ماں باپ زندہ ہیں عرض کیا اس نے کہا ہاں۔ آپ نے فرمایا کہ انھی دونوں میں جہاد کر۔ ف ۱۔

## ۱۵۱- اَلرُّخْصَةُ فِي التَّخَلُّفِ لِمَنْ لَهٗ وَالِدَةٌ

## جس کی ماں زندہ ہو اسکو گھر پر رہنے کی اجازت ہے

۳۱۰۹- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ الْوَرَّاقُ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ طَلْحَةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ جَاهِمَةَ السَّلَمِيِّ اَنَّ جَاهِمَةَ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَدْتُ اَنْ اَغْزُوَ وَقَدْ جِئْتُ اَسْتَشِيْرُكَ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اُمٍّ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَالْزَمْهَا فَاِنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ رِجْلَيْهَا۔

ترجمہ: معاویہ بن جاہمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آئے جاہمہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم پاس اور کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں چاہتا ہوں کہ جہاد کروں اور آیا ہوں کہ آپ سے مشورہ کروں۔ آپ نے فرمایا کیا تیری ماں زندہ ہے عرض کیا کہ ہاں۔ آپ نے فرمایا کہ تو اسی کے ساتھ رہا کر اس لیے کہ جنت اس کے پاؤں کے نیچے ہے ف ۲۔

ف ۱: یعنی تو کوشش کر ماں باپ کی خدمت میں تیرے لیے یہی جہاد ہے۔

ف ۲: اکثر علماء اس طرف گئے ہیں کہ ماں باپ مسلمان ہوں اور لڑکے کو جہاد میں جانے سے منع کریں تو اس کو جانا حرام ہے اس لیے کہ اُن کی فرمانبرداری فرض عین ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۵۶ مَنْ يُّجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ

## باب بیان میں اس کے جو جہاد کرے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان اور مال سے

۳۱۱۰- اَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَجُلًا اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَالَ ثُمَّ مَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ثُمَّ مُؤْمِنٌ فِيْ شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ يَتَّقِي اللّٰهَ وَيَدَعُ النَّاسَ مِنْ شَرِّهٖ۔

ترجمہ:۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سب لوگوں میں بہتر کون ہے۔ آپ نے فرمایا جو کوئی جہاد کرے جان اور مال سے اللہ کی راہ میں اور کہا پھر کون یارسول اللہ؟ آپ نے فرمایا پھر وہ ایماندار جو رہتا ہو گھاٹیوں میں پہاڑوں کی اور ڈرتا ہو اللہ تعالےٰ سے اور دُور رہیں لوگ شرارت سے اس کی (یعنی اس سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔

## بَابُ ۱۵۷ مَنْ عَمِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَلٰى قَدَمِهٖ

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں پیادہ جانیوالے کا بیان

۳۱۱۱- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ اَبِي الْخَطَّابِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ تَبُوْكَ يَخْطُبُ النَّاسَ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهٗ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ وَشَرِّ النَّاسِ اِنَّ مِنْ خَيْرِ النَّاسِ رَجُلًا عَمِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَلٰى ظَهْرِ فَرَسِهٖ اَوْ عَلٰى ظَهْرِ بَعِيْرِهٖ اَوْ عَلٰى قَدَمِهٖ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمَوْتُ وَاِنَّ مِنْ شَرِّ النَّاسِ رَجُلًا فَاجِرًا يَقْرَاُ كِتَابَ اللّٰهِ لَا يَرْعَوِيْ اِلٰى شَيْءٍ مِّنْهُ۔

ترجمہ:۔ ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس سال تبوک میں لڑائی ہوئی اس سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری سے پیٹھ لگائے ہوئے لوگوں کو خطبہ سُنا رہے تھے پھر فرمایا سنو میں تم کو خبر دیتا ہوں بھلے آدمی کی اور برے آدمی کی۔ بہتر اور بھلا آدمی لوگوں میں وہ شخص ہے جس نے کام کیا اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی پیٹھ یا اونٹ پر سوار ہو کر یا اپنے پاؤں سے چل کر یہاں تک کہ اس کو موت آئے یعنی مر گیا اسی کام میں اور سب سے بدتر اور شریر وہ شخص ہے جو بدکار ہو کر پڑھتا ہے کتاب اللہ کی اور نہیں خیال کرتا کسی چیز کا اس کتاب کے مضمون میں سے ف۔

۳۱۱۲- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ مُحَمَّدٍ

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اللہ کے ڈر سے ڈرنے والے کو جہنم کا لقمہ ہونا ایسا

---

ف: تبوک نام ہے ایک جگہ کا جو مابین مدینے اور شام کے ہے اور مدینے سے وہاں تک چودہ منزلیں ہیں۔ خیال نہیں کرتا اس کے مضمون کی طرف یعنی قرآن کے پڑھنے سے کچھ فائدہ نہیں اٹھاتا نہ باز آتا ہے بری باتوں سے فقط لفظوں کو رٹتا ہے اس سے کیا فائدہ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَا يَبْكِيْ اَحَدٌ مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ فَتَطْعَمَهُ النَّارُ حَتّٰى يُرَدَّ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِيْ مَنْخَرَيْ مُسْلِمٍ اَبَدًا۔

ناممکن ہے جیسا لوٹنا دودھ کا چھاتیوں میں ف اور نہ جمع ہوگا غبار خدا کے رستے کا اور دھواں جہنم کا نتھنوں میں مسلمان کے ہرگز یعنی جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کو نکلے گا پھر اس کی ناک میں راہ کا غبار جاوے گا تو پھر جہنم میں نہیں جائے گا۔

۳۱۱۳- اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَلِجُ النَّارَ رَجُلٌ بَكٰى مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَتّٰى يَعُوْدَ اللَّبَنُ فِي الضَّرْعِ وَلَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ نَارِ جَهَنَّمَ۔

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ داخل ہوگا اللہ کے ڈر سے رونے والا دوزخ میں یہاں تک کہ لوٹے دودھ چھاتیوں میں اور نہ اکٹھا ہوگا غبار خدا کی راہ کا اور دھواں دوزخ کا۔

۳۱۱۴- اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجْتَمِعَانِ فِي النَّارِ مُسْلِمٌ قَتَلَ كَافِرًا ثُمَّ سَدَّدَ وَقَارَبَ وَلَا يَجْتَمِعَانِ فِيْ جَوْفِ مُؤْمِنٍ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَفَيْحُ جَهَنَّمَ وَلَا يَجْتَمِعَانِ فِيْ قَلْبِ عَبْدٍ الْاِيْمَانُ وَالْحَسَدُ۔

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جائے گا وہ مسلمان دوزخ میں جس نے مارا ہو کافر کو پھر میانہ روی کی یعنی درست رہا ہو قول اور فعل میں اور غبار اللہ کی راہ کا اور بھبپ دوزخ کی جمع نہیں ہو سکتی دونوں مسلمان کے پیٹ میں اور حسد اور ایمان ایک آدمی میں جمع نہیں ہو سکتے۔

۳۱۱۵- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اَبِيْ يَزِيْدَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ اللَّجْلَاجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَجْتَمِعُ غُبَارٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَدُخَانُ جَهَنَّمَ فِيْ جَوْفِ عَبْدٍ اَبَدًا وَلَا يَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَالْاِيْمَانُ فِيْ قَلْبِ عَبْدٍ اَبَدًا۔

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ جمع ہوگا غبار جہاد کا اور دھواں دوزخ کا بندے کے اندر ہرگز اور کبھی اکٹھے نہ ہوں گے بخل اور ایمان ایک شخص کے دل میں

۳۱۱۶- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہرگز نہ ہوگا جمع غبار جہاد کا اور دھواں دوزخ کا منہ پر کسی آدمی کے اور نہیں رہ سکتے

ف: یعنی جیسا دودھ باہر آکر پھر جانا اس کا چھاتیوں کے اندر محال ہے اسی طرح اللہ کے ڈر سے رونے والوں کا آگ میں جانا ممکن نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللجلاج عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یجتمع غبار فی سبیل اللہ ودخان جھنم فی وجہ رجل ابدا ولا یجتمع الشح والایمان فی قلب عبد ابدا۔

بخل اور ایمان ہرگز ایک دل میں جمع ہو کر۔

۳۱۱۷۔ اخبرنی محمد بن عامر قال حدثنا منصور بن سلمۃ قال انبانا اللیث بن سعد عن ابن الھاد عن سھیل بن ابی صالح عن صفوان بن ابی یزید عن القعقاع بن اللجلاج عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یجتمع غبار فی سبیل اللہ ودخان جھنم فی جوف عبد ولا یجتمع الشح

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے غبار جہاد کا اور دھواں دوزخ کا نہ جمع ہوں گے آدمی کے اندر اسی طرح بخل اور ایمان کسی ایک شخص میں جمع نہیں ہو سکتے۔

۳۱۱۸۔ اخبرنا عمرو بن علی قال حدثنا عرعرۃ ابن البرند وابن ابی عدی قالا حدثنا محمد بن عمرو عن صفوان بن ابی یزید عن حصین ابن اللجلاج عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یجتمع غبار فی سبیل اللہ عز وجل ودخان جھنم فی منخری مسلم ابدا۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ جمع ہو گا غبار اللہ کی راہ کا اور دھواں دوزخ کا نتھنوں میں کسی مسلمان کے۔

۳۱۱۹۔ اخبرنی شعیب بن یوسف قال حدثنا یزید بن ھرون عن محمد بن عمرو عن صفوان بن ابی یزید عن حصین بن اللجلاج عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یجتمع غبار فی سبیل اللہ ودخان جھنم فی منخری مسلم ولا یجتمع شح وایمان فی قلب رجل مسلم۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ جمع ہو گا غبار جہاد کا، اور دھواں دوزخ کا ناک میں مسلمان کے اور نہیں جمع رہتے انسان کے دل میں بخل اور ایمان۔

۳۱۲۰۔ اخبرنا محمد بن عبد اللہ بن عبد الحکم عن شعیب عن اللیث عن عبید اللہ بن ابی جعفر عن صفوان بن ابی یزید عن ابی العلاء بن اللجلاج انہ سمع ابا ھریرۃ یقول لا یجمع اللہ عز وجل غبارا فی سبیل اللہ ودخان جھنم فی جوف امرئ مسلم ولا یجمع اللہ فی قلب امرئ مسلم الایمان باللہ والشح جمیعا۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے تھے اللہ عز و جل نہ جمع کرے گا غبار کو جہاد کے اور دھوئیں کو دوزخ کے اندر مسلمان کے اور جس مسلمان کو ایمان ہے اللہ پہ نہیں دیتا اللہ اس کے دل میں بخل ف۱۔

ف۱: غبار اور دھواں جمع نہ ہونا اشارہ ہے اس بات کا کہ جہاد میں جس نے ذرا سی تکلیف اٹھائی "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پہ دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۷۱- ثَوَابُ مَنْ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

۳۱۲۱- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ لَحِقَنِي عَبَايَةُ بْنُ رَافِعٍ وَأَنَا مَاشٍ إِلَى الْجُمُعَةِ فَقَالَ أَبْشِرْ فَإِنَّ خُطَاكَ هٰذِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ سَمِعْتُ أَبَا عَبْسٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ حَرَامٌ عَلَى النَّارِ۔

## جس کے قدموں پر گرد پڑی ہو اللہ کی راہ میں اسکے ثواب کا بیان

ترجمہ:۔ ابو عبس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس کے پاؤں پر دھول پڑی ہو جہاد کی حرام ہوگیا وہ دوزخ پر۔

---

## ۱۵۷۲- ثَوَابُ عَيْنٍ سَهِرَتْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

۳۱۲۲- أَخْبَرَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْفَضْلِ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شُرَيْحٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ شُمَيْرٍ الرُّعَيْنِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا عَلِيٍّ التُّجِيبِيَّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا رَيْحَانَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ حُرِّمَتْ عَيْنٌ عَلَى النَّارِ سَهِرَتْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ۔

## جو آنکھ جاگی ہو اللہ کی راہ میں اس کے ثواب کا بیان

ترجمہ:۔ ابو ریحانہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حرام ہیں دوزخ پر وہ آنکھیں جو جاگیں اللہ کی راہ میں۔

---

## ۱۵۷۳- فَضْلُ غَدْوَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

۳۱۲۳- أَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَدْوَةُ وَالرَّوْحَةُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَفْضَلُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا۔

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں صبح کو جانے کی خوبی کا بیان

ترجمہ:۔ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ کی راہ میں جانا ایک بار صبح یا شام کو بہتر ہے ساری دنیا اور دنیا کی چیزوں سے۔

---

ہوگی اس کو اللہ بزرگی اور عزت والا دوزخ میں نہ جانے دے گا حسد اور بخل ایمان کے ساتھ جمع نہیں ہوتے یعنی حسد کرنے والا اور بخیل ایماندار نہیں ہو سکتا" حاشیہ صفحہ سابقہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۵۷۵ فَضْلِ الرَّوْحَةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں شام کو جانے کے ثواب اور خوبی کا بیان

۳۱۲۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ الْمَعَافِرِيُّ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَدْوَةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَغَرَبَتْ۔

ترجمہ:- ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک بار صبح یا شام کو جانا اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہتر ہے تمام اُن چیزوں سے جن پر آفتاب ڈوبا یا نکلا۔ ف۱۔

---

۳۱۲۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ كُلُّهُمْ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَوْنُهُ الْمُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَالنَّاكِحُ الَّذِي يُرِيدُ الْعَفَافَ وَالْمُكَاتَبُ الَّذِي يُرِيدُ الْأَدَاءَ۔

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخصوں کی مدد کرنا اللہ تعالےٰ نے اپنی ذات مقدس پر لازم کیا ہے اوّل تو جہاد کرنے والا اللہ تعالےٰ کی راہ میں دوسرا نکاح کرنے والا گناہ سے بچنے کے لیے اور تیسرا مکاتب جس کی نیّت ادا کرنے کی ہو۔ ف۲۔

---

## بَابُ ۱۵۷۶ الْغُزَاةُ وَفْدُ اللّٰهِ تَعَالَى

## باب بیان میں اس بات کے کہ جہاد کرنے والے ہیں مقرب ہیں اللہ کے

۳۱۲۶- أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مَخْرَمَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ سُهَيْلَ ابْنَ أَبِي صَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ثَلَاثَةٌ الْغَازِي وَالْحَاجُّ وَالْمُعْتَمِرُ۔

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وفد اللہ کے تین ہیں مجاہد اور حاجی اور عمرہ لانے والا۔ ف۳

---

ف۱: یعنی تمام دنیا سے آخرت کا ثواب بڑھ کر ہے۔ اس واسطے کہ دنیا فانی ہے اور آخرت عمدہ اور باقی ہے۔

ف۲: مکاتب وہ غلام ہے جسے مولا یہ کہے اگر تو اتنا مال مجھ کو اتنی مدت میں ادا کر دے تو آزاد ہے جس قدر مال عوض میں آزادی کے ٹھیرے اس کو بدل کتابت کہتے ہیں۔

ف۳: وفد کے معنی ایلچیوں کے ہیں۔ لیکن اس جگہ مراد مقرب ہیں۔ یعنی ان تینوں شخصوں کا خدا کی جناب میں بڑا رتبہ ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۵۷ مَا تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيلِهِ

## باب بیان میں اس بات کے کہ کس چیز کا ضامن ہوتا ہے اللہ تعالیٰ مجاہد کیلئے

۳۱۲۷- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَكَفَّلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ جَاهَدَ فِي سَبِيلِهِ لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِهِ وَتَصْدِيقُ كَلِمَتِهِ بِأَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يَرُدَّهُ إِلَى مَسْكَنِهِ الَّذِي خَرَجَ مِنْهُ مَعَ مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ.

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ ضامن ہے اس شخص کا جو جہاد کرے اس کی راہ میں اور نہ نکلے گھر سے مگر جہاد کی نیت سے اللہ کے کلام کو سچا جان کر اس بات کا کہ داخل کرے گا اس کو جنت میں یا پھیر لائے گا اسکو اس کے گھر میں جہاں سے نکلا ہے ثواب اور غنیمت کے ساتھ۔

۳۱۲۸- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِينَاءَ مَوْلَى ابْنِ أَبِي ذُبَابٍ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ انْتَدَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَنْ يَخْرُجُ فِي سَبِيلِهِ لَا يُخْرِجُهُ إِلَّا الْإِيمَانُ بِي وَالْجِهَادُ فِي سَبِيلِي أَنَّهُ ضَامِنٌ حَتَّى أُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ بِأَيِّهِمَا كَانَ إِمَّا بِقَتْلٍ أَوْ وَفَاةٍ أَوْ أَرُدَّهُ إِلَى مَسْكَنِهِ الَّذِي خَرَجَ مِنْهُ نَالَ مَا نَالَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ.

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نگہبانی کرتا ہے اللہ اس کی جو نکلے راہ میں خدا کے اس پر ایمان رکھ کر خالص جہاد کی نیت سے اللہ ضامن ہے اس کا کہ پہنچا دلوے اس کو جنت میں بعد مارے جانے یا مر جانے کے یا پھیر لاوے اس کو اس کے گھر جہاں سے گیا تھا ثواب یا مال دے کر۔ ف۔

۳۱۲۹- أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرِ بْنِ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُجَاهِدُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ وَتَوَكَّلَ اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِهِ بِأَنْ يَتَوَفَّاهُ فَيُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ يُرْجِعَهُ سَالِمًا بِمَا نَالَ مِنْ

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرے اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی دن بھر روزہ رکھے اور رات بھر عبادت کرے اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کون شخص جہاد کرتا ہے اس کی راہ میں اور جو اس کی راہ میں جہاد کرتا ہے اس کے لیے ضامن ہے اس بات کا کہ اگر مر جاوے تو پہنچا دے اسکو جنت میں یا پھیرا دلوے اس کو سلامتی کے ساتھ ثواب یا لوٹ

ف: گھر سے نکلتے ہی مجاہد کا نگہبان اللہ ہے اور دونوں طرح اس کا بھلا کرتا ہے جیسا ایمان (حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں)

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ

مال دے کر۔

## باب ۱۵۷۸ ثَوَابُ السَّرِيَّةِ الَّتِي تُخْفِقُ

## باب بیان میں اُن غازیوں کے جن کو جہاد میں لوٹ کا مال ہاتھ نہ لگے

۳۱۳۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَذَكَرَ آخَرَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُولُ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ غَازِيَةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَيُصِيبُونَ غَنِيمَةً إِلَّا تَعَجَّلُوا ثُلُثَيْ أَجْرِهِمْ مِنَ الْآخِرَةِ وَيَبْقَى لَهُمُ الثُّلُثُ فَإِنْ لَمْ يُصِيبُوا غَنِيمَةً تَمَّ لَهُمْ أَجْرُهُمْ۔

ترجمہ: عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو لوگ جہاد کرتے ہیں اللہ تعالےٰ کی راہ میں اور لیتے ہیں لوٹ کا مال تو انھوں نے آخرت کے ثواب کی دو تہائیاں دنیا ہی میں لے لیں اور باقی رہی ان کے لیے ایک تہائی اور اگر نہ پائے لوٹ تو پورا حصہ رہا ان کا۔ ف ١

۳۱۳۱- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَحْكِيهِ عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ أَيُّمَا عَبْدٍ مِنْ عِبَادِي خَرَجَ مُجَاهِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِي ضَمِنْتُ لَهُ أَنْ أُرْجِعَهُ إِنْ أَرْجَعْتُهُ بِمَا أَصَابَ مِنْ أَجْرٍ أَوْ غَنِيمَةٍ وَإِنْ قَبَضْتُهُ غَفَرْتُ لَهُ وَرَحِمْتُهُ

ترجمہ: ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اس حدیث قدسی میں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی میرے بندوں میں سے جاوے جہاد کرنے کو میری خوشنودی کے لیے میں ضامن ہو جاتا ہے اس کے واسطے اس بات کا کہ لوٹا دوں اس کو ثواب یا مال غنیمت کا دے کر اور اگر قبض کروں اس کی جان تو بخشوں گا اس کو اور رحمت کروں گا اس پر۔ ف ٢

---

لے کر نکلتا ہے اس کے ساتھ مال دنیا کا اور ثواب آخرت کا لے کر پھرتا ہے یا جنت میں جاتا ہے جس کی تمنا تمام انبیاء اور اولیاء کو ہے اور ہر عبادت کا نتیجہ جنت میں داخل ہونا ہے) "حاشیہ صفحہ سابقہ"

ف ١: یعنی زندہ غازیوں کو جن کو مال بھی ہاتھ آئے دو فائدے تو سر دست ہیں ایک تو سلامتی دوسرے مال غنیمت کا باقی رہا، تیسرا حصہ یعنی بہشت سو قیامت میں ملے گا اور جن کو مال نہ ملے یا شہیدوں کو تو دنیا میں کچھ فائدہ نہیں ان کا ثواب بالکل آخرت پر رہا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید زندہ غازی سے افضل ہے۔

ف ٢: حدیث قدسی اس کو کہتے ہیں کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم یوں فرماویں کہ خدائے عزوجل نے ایسا فرمایا ہے قرآن اور حدیث قدسی میں یہ فرق ہے کہ قرآن کا لفظ اور مضمون دونوں خدائے تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۵۷۹ مَثَلُ الْمُجَاهِدِيْنَ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

۳۱۳۲- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْخَاشِعِ الرَّاكِعِ السَّاجِدِ۔

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کی مثال کے بیان میں

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کون اس کی راہ میں جہاد کرتا ہے۔ تو اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی روزہ دار اللہ سے ڈرنے والا قیام اور رکوع اور سجدہ میں ہو۔

## باب ۱۵۸۰ مَا يَعْدِلُ الْجِهَادَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

۳۱۳۳- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ حَصِيْنٍ أَنَّ ذَكْوَانَ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دُلَّنِيْ عَلَى عَمَلٍ يَعْدِلُ الْجِهَادَ قَالَ لَا أَجِدُهُ تَسْتَطِيْعُ إِذَا خَرَجَ الْمُجَاهِدُ تَدْخُلُ مَسْجِدًا فَتَقُوْمُ لَا تَفْتُرُ وَتَصُوْمُ لَا تُفْطِرُ قَالَ مَنْ يَسْتَطِيْعُ ذٰلِكَ۔

## یہ باب بیان میں اس بات کے ہے کہ کون سا عمل ہے جو جہاد کے برابر ہو

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا فرمایئے مجھ کو کوئی کام جو برابر ہو جہاد کے۔ آپ نے فرمایا میں نہیں پاتا ایسا کوئی کام۔ پھر فرمایا اس آدمی سے کیا تو کر سکتا ہے یہ کہ جب مجاہد اپنے گھر سے باہر ہو اور تو داخل ہو مسجد میں پھر کھڑا ہو وے تو نماز کے لیے اور کھڑا رہے تو ہمیشہ کبھی نہ تھکے اور رکھے روزہ اور نہ افطار کرے اس کو کبھی۔ کہا اس آدمی نے کون کر سکتا ہے یہ۔

۳۱۳۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ اللَّيْثِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِيْ جَعْفَرٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْ أَبِيْ مُرَاوِحٍ عَنْ أَبِيْ ذَرٍّ أَنَّهُ سَأَلَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْعَمَلِ

ترجمہ:- ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا میں نے پوچھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کون سا کام بہتر ہے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرمایا اللہ پر ایمان لانا کہا کہ پھر کون سا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ

---

اور حدیث قدسی میں مضمون خدائے تعالیٰ کا اور لفظ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے یعنی خدا تعالےٰ نے ایک مطلب بطور الہام کے حضرت کے دل میں ڈالا۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو اپنی عبارت سے بیان کیا قرآن کا چھونا بے وضو درست نہیں اور حدیث قدسی کا چھونا درست ہے۔ (حاشیہ صفحہ سابقہ)

www.sirat-e-mustaqeem.com



خَيْرٌ قَالَ إِيمَانٌ بِاللَّهِ وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ.

وسلم نے فرمایا کہ جہاد کرنا اللہ کی راہ میں۔

۳۱۳۵- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَأَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ الْأَعْمَالِ أَفْضَلُ قَالَ إِيمَانٌ بِاللَّهِ قَالَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ حَجٌّ مَبْرُورٌ.

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سوال کیا کسی شخص نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کون سا عمل بڑھ کر ہے یارسول اللہؐ فرمایا ایمان لانا اللہ تعالیٰ پر۔ کہا اس نے پھر کونسا فرمایا جہاد کرنا اللہ تعالیٰ کی راہ میں کہا پھر کونسا فرمایا حج کرنا مبرور یعنی مقبول ہو خدا کی جناب میں۔ ف۱

## ۱۵۸- دَرَجَةُ الْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

## اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کا درجہ

۳۱۳۶ قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو هَانِئٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا أَبَا سَعِيدٍ مَنْ رَضِيَ بِاللَّهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ قَالَ فَعَجِبَ لَهَا أَبُو سَعِيدٍ قَالَ أَعِدْهَا عَلَيَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَفَعَلَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُخْرَى يُرْفَعُ بِهَا الْعَبْدُ مِائَةَ دَرَجَةٍ فِي الْجَنَّةِ مَا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ قَالَ وَمَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ.

ترجمہ:۔ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ابوسعید جو راضی ہو گیا خدا کے رب ہونے پر ف۲ اور اسلام کے دین پر ف۳ اور محمدؐ کی پیغمبری پر ف۴، ایسا شخص بہشت کے لائق ہو گیا کہا راوی نے اچھے معلوم ہوئے ابوسعید رضی اللہ عنہ کو یہ کلمے عرض کیا پھر فرمائیے رسول اللہ آپ یہ کلمے دہرائیے پھر آپ نے فرمایا کہ ایک دوسری عبادت ہے جس کے سبب سے بندے کے سو درجے بلند ہوتے ہیں اور ہر ایک درجے میں اتنا فرق ہے جتنا آسمان اور زمین کے درمیان فرق ہے۔ ابوسعید رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہ کون سی عبادت ہے۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خدا کی راہ میں جہاد کرنا خدا کی راہ میں جہاد کرنا ف۵

ف۱: حج مقبول مردود ہونا اللہ تعالیٰ کو خوب معلوم ہے لیکن بعد حج کے جس کا دل دنیا سے بیزار ہوا اور عاقبت کی خوبی کا طلبگار تو علامت حج کے مقبول ہونے کی ہے اور جو لوگ حج سے آکر زیادہ فاسق بدکار اور بخیل ہو جاتے ہیں یہ علامت حج کی مردودیت کی ہے۔

ف۲: خدائے تعالیٰ کے رب اور مالک ہونے پر راضی ہونا یہ کہ جو کچھ خدا کرے اس شخص کے لیے اس سے تنگ نہ ہو اور تدبیر کرے تو اتنی ہی کرے کہ شرع میں جائز ہو۔

ف۳: اسلام کے دین پر راضی ہونا یہ کہ سوائے اسلام کے طریقے کے اور کوئی طریقہ شادی غمی میں یا کھانے پینے وغیرہ میں خوش نہ آوے۔

ف۴: محمدؐ کی نبوت پر وہی راضی ہوگا جو ان کے امر و نہی کو سب پر مقدم کرے گا۔

ف۵: یعنی ایمان مغفرت کے واسطے کافی ہے لیکن ترقی درجات جہاد پر موقوف ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۱۳۷- أَخْبَرَنَا هٰرُونُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارِ بْنِ بِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ سُمَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي بُسْرُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ أَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَقَامَ الصَّلَاةَ وَآتَى الزَّكَاةَ وَمَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَغْفِرَ لَهُ هَاجَرَ أَوْ مَاتَ فِي مَوْلِدِهِ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَلَا نُخْبِرُ بِهَا النَّاسَ فَيَسْتَبْشِرُوا بِهَا فَقَالَ إِنَّ لِلْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِينَ فِي سَبِيلِهِ وَلَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ وَلَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوا بَعْدِي مَا قَعَدْتُ خَلْفَ سَرِيَّةٍ وَلَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ۔

ترجمہ: ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے ادا کی نماز اور دی زکوٰۃ اور خدا کے ساتھ کسی کو ساجھی نہ جانتا ہو اور مر جاوے اللہ تعالےٰ بخشے گا اس کو ہجرت کی ہو اس نے یا مر گیا وہیں جہاں پیدا ہوا تھا۔ صحابہ نے یہ سن کر عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس بشارت سے ہم خوش کر دیں لوگوں کو آپ نے فرمایا بہشت کے سو درجے ہیں اور ہر درجے میں اتنا فرق ہے جتنا فاصلہ ہے درمیان آسمان اور زمین کے اور یہ درجے ان کے واسطے تیار کیے ہیں جو جہاد کرتے ہیں اس کی راہ میں اور اگر میں مشکل نہ سمجھتا مسلمانوں پر اور وقت نہ ہوتی اس بات کی کہ نہیں پاتا ہیں وہ چیز جس پر سوار کر دوں ان کو اور میرا ساتھ چھٹ جانے سے ان لوگوں کو ناخوشی بھی نہ ہوتی تو میں نہ چھوڑتا ہمراہی کسی ادنیٰ لشکر کی اور میں درست رکھتا ہوں اس بات کو کہ مارا جاؤں اور پھر جلایا جاؤں اور پھر مارا جاؤں ف۔

## ۱۵۸۲- مَا لِمَنْ أَسْلَمَ وَهَاجَرَ وَجَاهَدَ

## جو شخص اسلام لاوے اور ہجرت اور جہاد کرے اُس کے ثواب کے بیان میں

۳۱۳۸- قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو هَانِئٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ الْجَنْبِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَنَا زَعِيمٌ وَالزَّعِيمُ الْحَمِيلُ لِمَنْ آمَنَ بِي وَأَسْلَمَ وَهَاجَرَ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ

ترجمہ: فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرماتے تھے میں زعیم ہوں یعنی ضامن ہوں جو شخص میرے اوپر ایمان لاوے اور میری اطاعت کرے اور ہجرت کرے اس کو ایک گھر ملے گا جنت کے باہر اور ایک اندر بیچ میں اور میں ضامن ہوں جو شخص ایمان لاوے میرے اوپر اور اطاعت کرے اور

ف: یعنی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی کمال دلی خواہش تھی کہ ہر لڑائی میں جاویں چھوٹی ہو یا بڑی۔ لیکن ابتدائے اسلام میں بے اسبابی اور قلت سواری سے سب اصحاب ساتھ نہ جا سکتے تھے اس سبب سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی رک جاتے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بدون اصحاب کے جانا اس واسطے پسند نہ تھا کہ نہ جانے والے جہاد کے ثواب سے محروم رہتے اس حدیث میں جہاد کی فضیلت اور رفیقوں کی رعایت کا بیان ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْجَنَّةِ وَأَنَا زَعِيمٌ لِمَنْ آمَنَ بِي وَأَسْلَمَ وَجَاهَدَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ وَبِبَيْتٍ فِي أَعْلَى غُرَفِ الْجَنَّةِ مَنْ فَعَلَ ذَلِكَ فَلَمْ يَدَعْ لِلْخَيْرِ مَطْلَبًا وَلَا مِنَ الشَّرِّ مَهْرَبًا يَمُوتُ حَيْثُ شَاءَ أَنْ يَمُوتَ۔

۳۱۳۹- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَقِيلٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَقِيلٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ سَبْرَةَ بْنِ أَبِي فَاكِهٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَعَدَ لِابْنِ آدَمَ بِأَطْرُقِهِ فَقَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ تُسْلِمُ وَتَذَرُ دِينَكَ وَدِينَ آبَائِكَ وَآبَاءِ أَبِيكَ فَعَصَاهُ فَأَسْلَمَ ثُمَّ قَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْهِجْرَةِ فَقَالَ تُهَاجِرُ وَتَدَعُ أَرْضَكَ وَسَمَاءَكَ وَإِنَّمَا مَثَلُ الْمُهَاجِرِ كَمَثَلِ الْفَرَسِ فِي الطِّوَلِ فَعَصَاهُ فَهَاجَرَ ثُمَّ قَعَدَ لَهُ بِطَرِيقِ الْجِهَادِ فَقَالَ تُجَاهِدُ فَهُوَ جَهْدُ النَّفْسِ وَالْمَالِ فَتُقَاتِلُ فَتُقْتَلُ فَتُنْكَحُ الْمَرْأَةُ وَيُقْسَمُ الْمَالُ فَعَصَاهُ فَجَاهَدَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ فَعَلَ ذَلِكَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ قُتِلَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ وَإِنْ غَرِقَ كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ أَوْ وَقَصَتْهُ دَابَّتُهُ كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ

جہاد کرے اللہ کی راہ میں اس کو ایک گھر ملے گا جنت کے باہر اور ایک جنت کے اندر بیچ میں اور ایک جنت کے اوپر سے اوپر درجوں میں جس نے یہ کام کیے (یعنی ایمان ہجرت اور جہاد) اس نے نیکی کی کوئی بات نہ چھوڑی اور برائی سے بالکل دور رہا (یعنی اسقدر اس کے لیے کافی ہے)

ترجمہ: سبرہ بن فاکہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ شیطان بیٹھتا ہے راستوں پر انسان کے پھر روکتا ہے اس کو رستے سے اسلام کے اور کہتا ہے اس کو کیا تو مسلمان ہوتا ہے اور چھوڑتا ہے اپنے دین کو اور اپنے باپ دادوں کے دین کو پھر نہیں سنتا آدمی اس کی بات اور مسلمان ہو جاتا ہے اور روکتا ہے اس کو ہجرت کے رستے سے اور کہتا ہے تو ہجرت کرتا ہے اور چھوڑتا ہے اپنے زمین اور آسمان کو[1] اور کہتا ہے کہ مہاجر کی مثال ایسی ہے جیسے گھوڑا اپنے لم دوڑ میں[2] پھر انکار کرتا ہے اس کی بات کا انسان اور ہجرت کرتا ہے[3] پھر روکتا ہے اس کو جہاد سے اور کہتا ہے تو جہاد کرتا ہے وہ ایک آفت ہے جان اور مال کے لیے تو لڑے گا اور مارا جاوے گا پھر نکاح کر دیں گے لوگ تیری جورو کا اور بانٹ لیں گے تیرا مال پھر نہیں سنتا انسان اس کی بات اور جہاد کرتا ہے اور اس کے بعد فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے کیے یہ کام حق ہے اللہ پر کہ داخل کرے اس کو بہشت میں اگر وہ مارا جائے یا اگر گرا دے اس کو اس کی سواری یا مر جائے ڈوب کر تو بھی حق ہے اللہ پر کہ

ف۱: زمین سے مراد وطن ہے اور آسمان سے مراد وہ ہے جس کے نیچے اپنے وطن میں رہتا ہے یا زمین سے مراد گھر ہے اور آسمان سے مراد اس کی چھت ہے۔

ف۲: گھوڑا لم دوڑ میں یعنی رسی میں جیسے گھوڑے کو باندھ کر چرنے چھوڑتے ہیں وہ اپنی جگہ سے کہیں جا نہیں سکتا کیونکہ ہجرت گاہ کا چھوڑنا شرع میں جائز نہیں۔ لیکن بضرورت کسی جگہ جانا جائز ہے۔

ف۳: یعنی شیطانی وسواس کو ٹھکرا دیتا ہے اور اللہ کے بھروسے پر نکل کھڑا ہوتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ۔

لے جاوے اس کو بہشت میں ف۱،

## بَابُ ۱۵۸۳ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

۳۱۴۰- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَخْبَرَهُ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ نُودِيَ فِي الْجَنَّةِ يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَيْرٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ مَا عَلَى الَّذِي يُدْعٰى مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ كُلِّهَا مِنْ ضَرُورَةٍ هَلْ يُدْعٰى أَحَدٌ مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ مِنْهُمْ۔

## باب بیان میں اس شخص کے جو جوڑا دے اللہ کی راہ میں

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جوڑا دیگا خدا کی راہ میں یعنی دو چیزوں کا جوڑا جیسے دو کپڑے یا دو جوتے یا دو گھوڑے وغیرہ) بلایا جائیگا بہشت میں یوں کہہ کر کہ اے اللہ کے بندے یہ ہے بہتر چیز جو کوئی ہوگا نمازی پکاریں گے اس کو نماز کے دروازے سے اور جو ہوگا مجاہد پکاریں گے اس کو جہاد کے دروازے سے اور جو ہوگا خیرات کرنے والا پکاریں گے اس کو خیرات کے دروازے سے اور جو ہوگا روزہ دار پکاریں گے اس کو ریان کے دروازے سے ریان اس دروازہ کا نام ہے جس میں سے روزہ دار جنت میں جاویں گے ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس پر کچھ جرم ہے جو پکارا جائے سب دروازوں سے اور کوئی ایسا ہو گا بھی جو سب دروازوں سے بُلایا جائے آپ نے فرمایا ہاں اور مجھے امید ہے کہ تم ایسے ہی ہو گے ف۲

## ۱۵۸۴ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا

۳۱۴۱- أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ شُعْبَةُ أَنَّ عَمْرَو بْنَ مُرَّةَ أَخْبَرَهُمْ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا وَائِلٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى الْأَشْعَرِيُّ قَالَ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ يُقَاتِلُ لِيُذْكَرَ وَيُقَاتِلُ لِيَغْنَمَ

## بیان اس مجاہد کا جو لڑے اللہ کا نام بلند کرنے کیلئے

ترجمہ:- ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک گنوار رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا کہ لوگ لڑتے ہیں اس لیے کہ اُن کا ذکر اور چرچا ہوتا ہے اور بعضے لوگ لڑتے ہیں اس لیے کہ ان کو لوٹ ملے اور کچھ

ف۱: شیطان کے پھندوں سے بچنا نہیں ہو سکتا مگر اللہ کے فضل سے اور جن پہ اللہ تعالے نے فضل کیا وہ لوگ بیشک جنتی ہیں اور اللہ نے ایسے ہی لوگوں کے لیے جنت بنائی ہے۔

ف۲: یعنی سب دروازوں سے بلائے جاؤ گے۔ اس حدیث سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی بڑی فضیلت ثابت ہوتی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَيُقَاتِلُ لِيُرَى مَكَانُهُ فَمَنْ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَاتَلَ لِتَكُونَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ۔

لوگ جہاد کرتے ہیں اس واسطے کہ اپنی فوقیت جتائیں لوگوں میں پھر کون ہے جو خدا کی راہ میں لڑتا ہے آپ نے فرمایا جو شخص لڑے اس بات کے لیے کہ بول بالا ہو اللہ کا تو وہ آدمی خدا کی راہ کا مجاہد ہے اور خدا کے واسطے لڑنا اسی کو کہتے ہیں۔

## ۱۵۸۵۔ مَنْ قَاتَلَ لِيُقَالَ فُلَانٌ جَرِيءٌ

## اس آدمی کا بیان جو بہادر کہلانے کیلئے لڑے

۳۱۴۲۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ تَفَرَّقَ النَّاسُ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ أَيُّهَا الشَّيْخُ حَدِّثْنِي حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ أَوَّلُ النَّاسِ يُقْضَى لَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ثَلَاثَةٌ رَجُلٌ اسْتُشْهِدَ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعْمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ قَاتَلْتُ فِيكَ حَتَّى اسْتُشْهِدْتُ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ قَاتَلْتَ لِيُقَالَ فُلَانٌ جَرِيءٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ تَعَلَّمَ الْعِلْمَ وَعَلَّمَهُ وَقَرَأَ الْقُرْآنَ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعْمَهُ فَعَرَفَهَا قَالَ فَمَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ تَعَلَّمْتُ الْعِلْمَ وَعَلَّمْتُهُ وَقَرَأْتُ فِيكَ الْقُرْآنَ قَالَ كَذَبْتَ وَلٰكِنَّكَ تَعَلَّمْتَ الْعِلْمَ لِيُقَالَ عَالِمٌ وَقَرَأْتَ الْقُرْآنَ لِيُقَالَ قَارِئٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ حَتَّى أُلْقِيَ فِي النَّارِ وَرَجُلٌ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَأَعْطَاهُ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ كُلِّهِ فَأُتِيَ بِهِ فَعَرَّفَهُ نِعْمَهُ فَعَرَفَهَا فَقَالَ مَا عَمِلْتَ فِيهَا قَالَ مَا تَرَكْتُ مِنْ سَبِيلٍ تُحِبُّ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَمْ أَفْهَمْ تُحِبُّ كَمَا أَرَدْتُ أَنْ يُنْفَقَ فِيهَا إِلَّا أَنْفَقْتُ

ترجمہ: ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں جن پر حکم ہوگا سب سے پہلے قیامت کے دن لایا جاوے گا شہید پھر جتاوے گا اللہ تعالے اُس کو اپنی نعمتیں پھر پہچانے گا اُن کو وہ شہید یعنی اقرار کرے گا سب نعمتوں کا پھر اللہ تعالے فرماوے گا اس کو کیا عمل کیا تو نے یعنی ان نعمتوں کے شکر میں کہے گا میں لڑا تیری راہ میں یہاں تک کہ شہید ہو گیا میں حکم ہوگا کہ جھوٹا ہے تو اس بات میں بلکہ لڑا تو اس لیے کہ لوگوں میں بہادر مشہور ہو اور خلق کہے کہ فلانا بڑا بہادر اور جرأت والا تھا اور یہ بہادری اور جرأت تیری دنیا میں مشہور ہو چکی پھر حکم ہوگا اس کے لیے یعنی دوزخ کو لے جانے کا پھر گھسیٹینگے اُس کو فرشتے منہ کے بل اور ڈال دیں گے آگ میں پھر آوے گا وہ شخص جس نے سیکھا علم اور سکھایا اور دوسروں کو اور پڑھا قرآن اور جتاوے گا اللہ اس کو اپنی نعمتیں پھر یہ اقرار کرے گا ان سب کا پھر پوچھے گا کیا عمل کیا ان نعمتوں کے بدلے یہ شخص کہے گا علم پڑھا میں نے اور پڑھایا اور پڑھا تیرے واسطے قرآن کو حکم ہوگا کہ جھوٹا ہے تو بلکہ سیکھا علم تو نے اس واسطے کہ عالم مشہور ہوئے دنیا میں اور قرآن پڑھا اس لیے کہ لوگ تجھے قاری کہیں اور تو مشہور ہو چکا اسی نام سے پھر حکم ہوگا اس کے لیے اور کھینچیں گے اس کو منہ کے بل آخر جا پڑے گا آگ میں پھر آوے گا وہ آدمی جس کو وسعت دی تھی

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِيهَا لَكَ قَالَ كَذَبْتَ وَلَكِنْ لِيُقَالَ إِنَّهُ جَوَادٌ فَقَدْ قِيلَ ثُمَّ أُمِرَ بِهِ فَسُحِبَ عَلَى وَجْهِهِ فَأُلْقِيَ فِي النَّارِ۔

اللہ تعالیٰ نے اور تھا اس کے یہاں مال ہر قسم کا اس کو جتا دے گا اپنی نعمتیں اور وہ اقرار کرے گا ان سب نعمتوں کا پھر حکم ہو گا اس کو کہ کیا عمل کیا تو نے ان چیزوں کے شکر میں کہے گا کہ خرچ مال میں نے ہر جگہ جہاں جہاں تیری رضامندی تھی اور نہ چھوٹا مجھ سے کوئی راستہ جس میں تو نے خرچ کرنا فرمایا تھا حکم ہو گا کہ تو جھوٹ بولتا ہے بلکہ تو سخی کہلانے کو دیتا تھا اور تو سخی مشہور ہو چکا پھر حکم ہو گا اس کے لیے اور کھینچ لے جاویں گے اس کو منہ کے بل آخر جا پڑے گا دوزخ میں۔

## ۱۵۸۶۔ مَنْ غَزَا فِي سَبِيلِ اللهِ وَلَمْ يَنْوِ مِنْ غَزَاتِهِ إِلَّا عِقَالًا

## بیان اس آدمی کا جس نے جہاد کیا اللہ کی راہ میں اور غرض نہ رکھی جہاد کرنے سے مگر ایک رسی جس سے باندھتے ہیں پاؤں اونٹ وغیرہ کا

۳۱۴۳۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ غَزَا فِي سَبِيلِ اللهِ وَلَمْ يَنْوِ إِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوَى۔

ترجمہ: عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جہاد کرے اللہ کی راہ میں اور نیت نہ رکھے مگر رسی لینے کی بس اس کو وہی چیز ملے گی جو اس کی نیت میں ہے (یعنی جہاد کا ثواب نہ ہو گا کیونکہ اسکی نیت خالص نہ تھی اگرچہ رسی کوئی بڑی چیز نہیں ہے مگر اتنا ذرا سا خیال رکھنے سے خلوص کو دھبہ لگتا ہے اور ثواب مٹ جاتا ہے چاہیے کہ سوائے خدا کے اور کسی امر کا خیال نہ کرے۔

۳۱۴۴۔ أَخْبَرَنِي هٰرُونُ بْنُ عَبْدِ اللهِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ أَنْبَأَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ غَزَا وَهُوَ لَا يُرِيدُ إِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوَى۔

ترجمہ: عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی جہاد کرے اس نیت سے کہ ملے اسکو عقال یعنی پانے بند اونٹ کا وہ پاوے گا وہی چیز جس کا ارادہ کیا۔ ف

---

ف: یعنی جیسی نیت ویسی مراد ملے گی انسان کو لازم ہے کہ اللہ کی رضامندی طلب کرے اور دین کا کام ذلیل چیزوں کے حاصل کرنے کے لیے نہ کرے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ۱۵۷- مَنْ غَزَا يَلْتَمِسُ الْأَجْرَ وَالذِّكْرَ

۳۱۴۵- أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ هِلَالٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ شَدَّادٍ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَرَأَيْتَ رَجُلًا غَزَا يَلْتَمِسُ الْأَجْرَ وَالذِّكْرَ مَا لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا شَيْءَ لَهُ فَأَعَادَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ يَقُولُ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا شَيْءَ لَهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللَّهَ لَا يَقْبَلُ مِنَ الْعَمَلِ إِلَّا مَا كَانَ لَهُ خَالِصًا وَابْتُغِيَ بِهِ وَجْهُهُ.

## بیان اس غازی کا جو مزدوری اور نام آوری چاہے

ترجمہ:- ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ ایک شخص آیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا اگر کوئی شخص جہاد کرے مزدوری کے طمع سے کہ (روپیہ ملیگا) اور نام پیدا کرنے کیلئے' رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کو کچھ ثواب نہ ہوگا پھر اس شخص نے یہی پوچھا آپ نے یہی جواب دیا تین بار اس کو کچھ ثواب نہیں ہے۔ پھر فرمایا آپ نے اللہ جل جلالہ نہیں قبول کرتا مگر وہ عمل جو خالص اسی کے لیے ہو اور اس کے کرنے سے خالص خدا کی رضامندی مقصود ہو اور نہ دنیا کا مال متاع یا نام آوری ورنہ خدا کے نزدیک وہ نیکی بیکار بلکہ وبال ہوگی۔)

## ۱۵۸- ثَوَابُ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ

۳۱۴۶- أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ حَجَّاجًا أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ يُخَامِرَ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ حَدَّثَهُمْ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ رَجُلٍ مُسْلِمٍ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَمَنْ سَأَلَ اللَّهَ الْقَتْلَ مِنْ عِنْدِ نَفْسِهِ صَادِقًا ثُمَّ مَاتَ أَوْ قُتِلَ فَلَهُ أَجْرُ شَهِيدٍ وَمَنْ جُرِحَ

## جو شخص لڑے اللہ کی راہ میں اونٹنی کے دوبارہ دودھ اتارنے تک اس کے ثواب کا بیان۔

ترجمہ:- معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو مرد مسلمان لڑے اللہ عزت اور بزرگی والے کی راہ میں اونٹنی کے دوبارہ دودھ اتارنے تک[ف] واجب ہوگئی اس کے لیے جنّت اور جس آدمی نے سچّے دل سے دُعا کی اللہ تعالیٰ کی جناب میں اپنے مارے جانے کے لیے خدا کی راہ میں پھر وہ مر گیا یا قتل ہوا اس کو شہید کے برابر ثواب ہے اور جس کو کچھ زخم لگے اللہ تعالیٰ کی راہ میں یا پڑے کوئی مصیبت

ف: دوبارہ دودھ اتارنے تک کے یہ معنی ہیں کہ جانور کا جب دودھ دوہتے ہیں تو وہ جانور اپنا دودھ اوپر چڑھا لیتا ہے پھر اس کو ذرا سی دیر چھوڑ دیتے ہیں وہ پھر دودھ سے اپنی چھاتیوں کو بھر دیتا ہے پھر دوبارہ دودھ دوہنا شروع کرتے ہیں اور فواق ناقہ کے یہی معنی ہیں اور مراد اس سے ذرا سی دیر ہے یعنی جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں اتنی دیر لڑے گا تو اس کے حق میں آپ نے فرمایا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللهِ أَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَإِنَّهَا تَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَغْزَرِ مَا كَانَتْ لَوْنُهَا كَالزَّعْفَرَانِ وَرِيحُهَا كَالْمِسْكِ وَمَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللهِ فَعَلَيْهِ طَابَعُ الشُّهَدَاءِ۔

اس پر آوے گا قیامت کے دن ایسا کہ ابھی گھائل ہوا ہے اور رنگ اس کا زعفرانی اور خوشبو مشک کی ہوگی یعنے بدنما اور بدبودار نہ ہوگا زخم اس کا اور جس کے بدن میں زخم ہو اللہ تعالیٰ کی راہ کا اس پر مہر ہے شہیدوں کی ف۔

## بَابُ ۱۵۸۹ مَنْ رَمٰى فِي سَبِيلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ

## اللہ تعالیٰ کی راہ کے تیر انداز کا بیان

۳۱۴۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ صَفْوَانَ قَالَ حَدَّثَنِي سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُرَحْبِيلَ بْنِ السِّمْطِ أَنَّهُ قَالَ لِعَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ يَا عَمْرُو حَدِّثْنَا حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيلِ اللهِ تَعَالَى كَانَتْ لَهُ نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ تَعَالَى بَلَغَ الْعَدُوَّ أَوْ لَمْ يَبْلُغْ كَانَ لَهُ كَعِتْقِ رَقَبَةٍ وَمَنْ أَعْتَقَ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً كَانَتْ لَهُ فِدَاءَهُ مِنَ النَّارِ عُضْوًا بِعُضْوٍ۔

ترجمہ:- عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بوڑھا ہوا اللہ تعالےٰ کی راہ میں ہوگا اس کے لیے نور قیامت کے دن اور جس نے مارا تیر اللہ کی راہ میں دشمن تک گیا ہو یا درمیان میں رہ گیا گویا اس نے آزاد کیا ایک غلام اور جس نے آزاد کیا ایک غلام ایماندار سو آزاد ہو گیا آگ سے اس کے بدلے میں آزاد کرنے والے کا بدن سارا ہر ایک عضو بدلے میں عضو کے۔

۳۱۴۸- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَبِي نَجِيحٍ السُّلَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ بَلَغَ بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ لَهُ دَرَجَةٌ فِي الْجَنَّةِ فَبَلَغْتُ يَوْمَئِذٍ سِتَّةَ عَشَرَ سَهْمًا قَالَ وَسَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ فَهُوَ عِدْلُ مُحَرَّرٍ۔

ترجمہ:- ابو نجیح سلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے پہنچایا تیر اللہ کی راہ میں ملے گا اس کو درجہ جنت میں مارنے کے بدلے۔ ابو نجیح رضؓ نے کہا میں نے اس روز سو تیر اللہ کی راہ میں چلائے اور جس نے چلایا تیر اللہ کی راہ میں یہ تیر چلانا اس کے لیے بردہ آزاد کرنے کے برابر ہے۔

---

ف: اللہ تعالےٰ کی راہ میں سعی کرنے کے وقت جو زخم وغیرہ لگتے ہیں قیامت کے دن اس کے بدن پر وہی علامت شہیدوں کی ہوگی جیسے مہر نشانی ہوتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۱۴۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ مُرَّةَ يَا كَعْبُ حَدِّثْنَا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحْذَرْ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ لَهُ حَدِّثْنَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاحْذَرْ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ ارْمُوْا مَنْ بَلَغَ الْعَدُوَّ بِسَهْمٍ رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهِ دَرَجَةً قَالَ ابْنُ النَّحَّامِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا الدَّرَجَةُ قَالَ اَمَا اِنَّهَا لَيْسَتْ بِعَتَبَةِ اُمِّكَ وَلٰكِنْ مَا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ مِائَةُ عَامٍ۔

ترجمہ:۔ کعب بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اُن سے شرحبیل بن سمط نے کہا اے کعب ہمیں حدیث بیان کرو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اور ڈرو اُس میں فرق یا کمی بیشی کرنے سے) کعبؓ نے کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا آپ فرماتے تھے جو شخص اسلام میں بوڑھا ہو اللہ کی راہ میں (جہاد کر کے) اس کا بڑھاپا قیامت کے روز اس کے لیے نور ہوگا۔ شرحبیلؓ نے کہا ہمیں حدیث بیان کر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی اور ڈرو، انھوں نے کہا میں نے سُنا آپ سے آپ فرماتے تھے تیر مارو جس کا تیر دشمن تک پہنچے گا اس کے لیے ایک درجہ بلند کرے گا یہ سن کر ابن النحام نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہ درجہ کیا ہے آپ نے فرمایا وہ درجہ تیری ماں کی چوکھٹ نہیں ہے (یعنی اتنا ذرا اونچا) بلکہ دو درجوں کے بیچ میں اتنا فاصلہ ہے جتنی دور آدمی سو برس میں جاوے (اللہ اکبر کچھ ٹھکانہ ہے)۔

۳۱۵۰- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ خَالِدًا يَعْنِي ابْنَ زَيْدٍ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشَّامِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ قُلْتُ يَا عَمْرُو بْنَ عَبَسَةَ حَدِّثْنَا حَدِيْثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيْهِ نِسْيَانٌ وَلَا تَنَقُّصٌ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ رَمٰى بِسَهْمٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَلَغَ الْعَدُوَّ اَخْطَاَ اَوْ اَصَابَ كَانَ لَهُ كَعِدْلِ رَقَبَةٍ وَمَنْ اَعْتَقَ رَقَبَةً مُسْلِمَةً كَانَ فِدَاءُ كُلِّ عُضْوٍ مِنْهُ عُضْوًا مِنْهُ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ وَمَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

ترجمہ:۔ عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے مارا تیر اللہ کی راہ لگا ہو دشمن کو یا خطا گیا ہو تو ہو گیا اس کو ثواب ایک بردہ آزاد کرنے کا اور جس آدمی نے آزاد کیا غلام مسلمان ہو گیا ہر عضو اس غلام کا آزاد کرنے والے کے ہر عضو کا چھٹکارا آگ سے دوزخ کی اور سفید ہوئے اللہ کی راہ میں جس کسی کے کچھ بال ہوگا اس کے لیے نور دن قیامت کے)

۳۱۵۱- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْوَلِيْدِ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ عَنْ اَبِي سَلَّامٍ الْاَسْوَدِ

ترجمہ:۔ عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ عزت اور بزرگی والا جنتی

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُدْخِلُ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صُنْعِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِيَ بِهِ وَمُنَبِّلَهُ.

کرے گا تین آدمی کو بسبب ایک تیر کے اول بنانے والا نیک نیتی اور ثواب پانے کی غرض سے دوسرا تیر چلانے والا اور تیسرا تیر دینے والا یعنی تیر انداز۔

## بَابُ ۱۵۹۰- مَنْ كُلِمَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں زخمی ہونے کا بیان

۳۱۵۲- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُكْلَمُ أَحَدٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَنْ يُكْلَمُ فِي سَبِيلِهِ إِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَجُرْحُهُ يَثْعَبُ دَمًا اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ وَالرِّيحُ رِيحُ الْمِسْكِ

ترجمہ:- ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی زخمی ہوتا ہے اللہ کی راہ میں اور اللہ کو خوب معلوم ہے کہ کون گھائل ہوتا ہے اس کی راہ میں البتہ وہ آوے گا قیامت کے دن اور اس کے زخم سے ٹپکتا ہوگا خون جس کی رنگت ظاہرا خون کی سی ہوگی اور خوشبو اس کی مشک کی سی۔

۳۱۵۳- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمِّلُوهُمْ بِدِمَائِهِمْ فَإِنَّهُ لَيْسَ كَلْمٌ يُكْلَمُ فِي اللَّهِ إِلَّا أَتَى يَوْمَ الْقِيَامَةِ جُرْحُهُ يَدْمَى لَوْنُهُ لَوْنُ دَمٍ وَرِيحُهُ رِيحُ الْمِسْكِ

ترجمہ:- عبداللہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ڈھانپ دو ان کو خون آلودہ اس لیے جس کو زخم لگا ہوگا اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس کو لادیں گے اور زخم سے خون رواں ہوگا۔ رنگ اس کا خون کا ہوگا اور خوشبو مشک کی ف۔

## ۱۵۹۱- مَا يَقُولُ مَنْ يَطْعَنُهُ الْعَدُوُّ

## جب دشمن لڑائی میں زخم مارے تو کیا کہنا چاہیے یعنی مسلمان کو جو زخم کھائے

۳۱۵۴- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ وَذَكَرَ آخَرَ قَبْلَهُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ وَوَلَّى النَّاسُ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَاحِيَةٍ فِي اثْنَيْ عَشَرَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ وَفِيهِمْ طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ فَأَدْرَكَهُمُ الْمُشْرِكُونَ فَالْتَفَتَ

ترجمہ:- جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جنگ احد کے روز جب مسلمانوں کو شکست ہوئی اور وہ بھاگ گئے تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک کونے میں تھے بارہ انصاری آدمیوں میں اور ان میں طلحہ بن عبیداللہ بھی تھے مشرکوں نے ان کو گھیرا (اس خیال سے کہ تھوڑے سے آدمی ہیں ان کو مار لو) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف دیکھ کے فرمایا اب ہماری طرف سے کون لڑے گا (اور کون

ف: یہ حدیث آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کے لیے فرمائی جو جہاد میں زخم کھا کر شہید ہو گئے تھے فرمایا ان کو غسل دینا ضروری نہیں یونہی ان کو دفن کر دو قیامت کے روز وہ زخموں سمیت خون بہتے ہوئے اٹھیں گے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَنْ لِلْقَوْمِ فَقَالَ طَلْحَةُ اَنَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اَنْتَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ اَنْتَ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ ثُمَّ الْتَفَتَ فَاِذَا الْمُشْرِكُونَ فَقَالَ مَنْ لِلْقَوْمِ فَقَالَ طَلْحَةُ اَنَا قَالَ كَمَا اَنْتَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ اَنَا فَقَالَ اَنْتَ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يَقُولُ ذٰلِكَ وَيَخْرُجُ اِلَيْهِمْ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَيُقَاتِلُ قِتَالَ مَنْ قَبْلَهُ حَتّٰى يُقْتَلَ حَتّٰى بَقِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لِلْقَوْمِ فَقَالَ طَلْحَةُ اَنَا فَقَاتَلَ طَلْحَةُ قِتَالَ الْاَحَدَ عَشَرَ حَتّٰى ضُرِبَتْ يَدُهُ فَقُطِعَتْ اَصَابِعُهُ فَقَالَ حَسِّ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ قُلْتَ بِسْمِ اللّٰهِ لَرَفَعَتْكَ الْمَلَائِكَةُ وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ ثُمَّ رَدَّ اللّٰهُ الْمُشْرِكِينَ۔

ہم کو بچاوے گا) طلحہ رضؓ نے کہا میں یا رسول اللہؐ، آپ نے فرمایا تم اپنے حال پر رہو (یعنی تم ٹھہرے رہو) ایک شخص انصاری بولا یا رسول اللہؐ میں۔ آپ نے فرمایا تو پھر وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہوا پھر آپ نے لوگوں کی طرف دیکھا اور فرمایا کون حفاظت کرے گا قوم کی (یعنی اُن کی طرف سے لڑے گا) طلحہ رضؓ نے کہا میں۔ آپ نے فرمایا تم اپنے حال پر رہو۔ ایک شخص انصاری بولا میں یا رسول اللہؐ، آپ نے فرمایا تو پھر وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہوا پھر برابر آپ اسی طرح فرماتے رہے اور ایک ایک مرد انصاری لڑائی کیلئے نکلتا گیا اور لڑتا گیا اور شہید ہوتا رہا یہاں تک کہ فقط رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور طلحہ رضؓ رہ گئے اُس وقت آپ نے فرمایا اب کون لڑے گا طلحہ رضؓ نے کہا میں پھر طلحہ بھی لڑے پہلے گیارہ شخصوں کی مانند یہاں تک کہ اُن کے ہاتھ پر ایک کاری ضرب لگی اور انگلیاں کٹ گئیں۔ انھوں نے کہا حس (یہ کلمہ درد کے وقت کہتے ہیں) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تو بسم اللہ کہتا (جب تجھے زخم لگا تھا) تو فرشتے تجھے اٹھا لیتے اور لوگ دیکھتے رہتے پھر اللہ جل جلالہٗ نے مشرکوں کو پھیر دیا ف۔

## بَابُ ۱۵۹۲ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَارْتَدَّ عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ۔

## بیان اس شخص کا جس کو لگے اسی کی تلوار الٹ کر اور مر جاوے اس سے۔

۳۱۵۵- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنَا كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ قَاتَلَ اَخِي قِتَالًا شَدِيدًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ترجمہ: سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے خیبر کی لڑائی میں میرا بھائی بہت لڑا حضرت کے ساتھ مل کر پھر پلٹ کر لگی اس کو تلوار اس کی پھر مر گیا وہ اور چرچا کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں نے اس بات کا اور شک کیا اس کے مر جانے میں اس لیے کہ وہ مر گیا اپنے

ف: معلوم نہیں اُن کے دل میں کیا آیا کہ خود ہی لوٹے ابوسفیان بولا اب میں اگلے سال تم سے لڑوں گا اور لشکر سمیت لوٹ گیا پھر راہ میں جا کر پچھتایا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَارْتَدَّ عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ وَشَكُّوْا فِيْهِ رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِهِ قَالَ سَلَمَةُ فَقَفَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَتَاْذَنُ لِيْ اَنْ اَرْتَجِزَ بِكَ فَاَذِنَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَعْلَمُ مَا تَقُوْلُ فَقُلْتُ ـ

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ۞ وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقْتَ

فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ۞ وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا

وَالْمُشْرِكُوْنَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا فَلَمَّا قَضَيْتُ رَجْزِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ هٰذَا قُلْتُ اَخِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ اِنَّ نَاسًا لَيَهَابُوْنَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِ يَقُوْلُوْنَ رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاتَ جَاهِدًا مُجَاهِدًا

قَالَ ابْنُ شِهَابٍ ثُمَّ سَاَلْتُ ابْنًا لِسَلَمَةَ ابْنِ الْاَكْوَعِ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ مِثْلَ ذٰلِكَ غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ حِيْنَ قُلْتُ اِنَّ نَاسًا لَيَهَابُوْنَ الصَّلَاةَ عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبُوْا مَاتَ

ہتھیار سے جب لوٹے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خیبر سے کہا میں نے یا رسول اللہؐ مجھ کو اذن ہو رجز پڑھوں پھر حکم دیا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو اور بولے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہ سمجھ کر بات کر اے اکوع، کہا اکوع رضؓ نے اللہ کی قسم اگر نہ ہوتی عنایت خدا کی نہ ملتی راہ ہم کو ہدایت کی اور نہ یقین لاتے ہم کسی بات پر اور نہ نماز پڑھتے۔ جواب دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ سچ کہتے ہو کہا اکوع رضی اللہ عنہ نے پھر یا اللہ جل شانہٗ ہم کو اطمینان دے اور جما ہمارے پاؤں مقابلے میں دشمنوں کے اور مشرک بدل گئے ہم پر کہنے لگے سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کہ جب میں پورا کر چکا اپنا رجز ف۱۔ اس وقت فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کس نے کہا اس طرح یعنے یہ رجز کس نے تصنیف کیا: فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَيْنَا وَالْمُشْرِكُوْنَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا۔

عرض کیا کہ میرے بھائی نے یا رسول اللہؐ۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اللہ رحم کرے اس پر پھر عرض کیا، میں نے یا رسول اللہؐ خدا کی قسم لوگ خوف کرتے تھے اس پر نماز پڑھنے سے اور کہتے تھے یہ آدمی اپنے ہتھیار سے مرا ہے آپ نے فرمایا مرا وہ سعی میں اور ہوا مجاہد ف۲

ترجمہ:۔ کہا ابن شہاب نے جراوپر کا راوی ہے سلمہ بن اکوعؓ کی حدیث میں کہ میں نے پوچھا سلمہ بن اکوعؓ کے بیٹے سے اس نے اپنے باپ سے اسی طرح حدیث بیان کی لیکن یہ بات زیادہ کہی کہ جب کہا ابن اکوعؓ نے کہ لوگ ڈرتے تھے اس کی نماز پڑھنے سے اس کے جواب

---

ف۱: رجز کلمات موزوں کو کہتے ہیں جس کو عرب کے لوگ لڑائی کے وقت یا خوشی میں پڑھتے ہیں۔

ف۲: یعنی اپنے ہتھیار سے مرنا اور بات ہے اور یہ مرنا اور قسم کا ہے۔ کیونکہ اس نے اپنا ہتھیار اپنے پر نہیں چلایا بلکہ دشمن پر چلایا تھا تو دشمن کو مارنے کی کوشش میں مرا ہے اگرچہ دشمن کو مارنے میں اس کی تلوار اس پر لوٹ پڑی تو اس میں اس کا کچھ قصور نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



جَاهِدًا مُجَاهِدًا فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ وَأَشَارَ بِأُصْبُعَيْهِ.

## بَاب ۱۵۹۳ تَمَنِّي الْقَتْلِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَعَالَى

۳۱۵۶- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ الْقَطَّانَ عَنْ يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيَّ قَالَ حَدَّثَنِي ذَكْوَانُ أَبُو صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ سَرِيَّةٍ وَلَكِنْ لَا يَجِدُونَ حَمُولَةً وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ وَيَشُقُّ عَلَيْهِمْ أَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنِّي وَلَوَدِدْتُ أَنِّي قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ أُحْيِيتُ ثُمَّ قُتِلْتُ ثُمَّ أُحْيِيتُ ثُمَّ قُتِلْتُ ثَلَاثًا.

۳۱۵۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْلَا أَنَّ رِجَالًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ لَا تَطِيبُ أَنْفُسُهُمْ بِأَنْ يَتَخَلَّفُوا عَنِّي وَلَا أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ عَلَيْهِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِيَّةٍ تَغْزُو فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ.

۳۱۵۸- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنِ ابْنِ أَبِي عَمِيرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنَ النَّاسِ مِنْ

ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جھوٹے ہیں وہ لوگ وہ مرا کوشش میں جہاد کی اور مجاہد ہوا اور اس کو دو اجر ہیں اپنی انگلیوں سے اشارہ کر کے فرمایا۔

## اس باب میں بیان ہے اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے جانے کی آرزو کرنا۔

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اگر شاق نہ ہوتا میری امت پر تو نہ چھوڑتا میں ساتھ کسی ادنیٰ لشکر کا لیکن نہیں میسّر لوگوں کو بار برداری اور نہیں پاتا ہوں میں وہ چیز کہ جس پر سوار کروں اُن سب کو اور شاق ہے اُن پر یہ بات بھی کہ چھوٹ جائے میرا ساتھ اُن سے اور میں بہت چاہتا ہوں کہ مارا جاؤں اللہ تعالےٰ کی راہ میں اور پھر جلایا جاؤں اور پھر مارا جاؤں پھر جلایا جاؤں اور پھر مارا جاؤں۔ تین بار فرمایا۔

---

ترجمہ:۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اس ذات پاک کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر نہ ہوتی ایمان دار لوگوں کو ناخوشی میرا ساتھ چھوٹ جانے کے سبب سے اور نہ ہوتی یہ دقت بھی کہ نہیں پاتا ہوں میں وہ چیز جس پر سوار کروں ان کو تو نہ چھوڑتا میں ساتھ کسی ادنیٰ لشکر کا جب وہ لشکر اللہ کی راہ میں لڑنے کو جاتا قسم ہے مجھے اپنی جان کے مالک کی میں بہت چاہتا ہوں کہ مارا جاؤں اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور پھر جلایا جاؤں پھر مارا جاؤں اور پھر جلایا جاؤں اور پھر مارا جاؤں۔

ترجمہ:۔ ابن عمیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کسی شخص کا جی نہ چاہے گا کہ پھر آوے دنیا میں مرنے کے بعد اگرچہ اس کو دلویں دنیا ساری لیکن شہید چاہے گا کہ پھر دنیا میں جاؤں اور دوبارہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



نَفْسٍ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا رَبُّهَا تُحِبُّ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْكُمْ وَأَنَّ لَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا غَيْرُ الشَّهِيدِ قَالَ ابْنُ أَبِي عَمِيرَةَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَأَنْ أُقْتَلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ يَكُونَ لِي أَهْلُ الْوَبَرِ وَالْمَدَرِ.

اللہ کی راہ میں مارا جاؤں۔ ابن ابی عمیرہ رضی اللہ عنہ نے کہا اللہ کی راہ میں مارا جانا مجھے اچھا معلوم ہوتا ہے گاؤں یا شہر میں رہنے سے۔

## بَاب ۱۵۹۴ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

۳۱۵۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ قَالَ رَجُلٌ يَوْمَ أُحُدٍ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَأَيْنَ أَنَا قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ فِي يَدِهِ ثُمَّ قَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ.

## اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے جانیوالے کا بیان

ترجمہ: جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا کہ بولا ایک آدمی جنگ اُحد کے روز فرمایئے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اگر میں مارا جاؤں اللہ تعالیٰ کی راہ میں تو کہاں ہوگا میرا ٹھکانا فرمایا آپ نے کہ جنت میں پھر ڈال دیں اس نے ہاتھ میں کی کھجوریں (جن کو وہ کھا رہا تھا جنت میں جانے کے اشتیاق میں) پھر لڑا اور مارا گیا۔

## بَاب ۱۵۹۵ مَنْ قَاتَلَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَعَالَى وَعَلَيْهِ دَيْنٌ

۳۱۶۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَخْطُبُ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قَاتَلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ أَيُكَفِّرُ اللَّهُ عَنِّي سَيِّئَاتِي قَالَ نَعَمْ ثُمَّ سَكَتَ سَاعَةً قَالَ أَيْنَ السَّائِلُ آنِفًا فَقَالَ الرَّجُلُ هَا أَنَا ذَا قَالَ مَا قُلْتَ قَالَ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ أَيُكَفِّرُ اللَّهُ عَنِّي سَيِّئَاتِي قَالَ نَعَمْ إِلَّا الدَّيْنَ سَارَّنِي بِهِ جِبْرِيلُ آنِفًا.

## بیان اس شخص کا جو لڑے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور اس پر قرض ہو

ترجمہ: ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ خطبہ پڑھتے تھے منبر پر کہا فرمایئے اگر میں لڑوں اللہ کی راہ میں جم کر اور ثواب کی نیت سے اور منہ نہ پھیروں لڑائی سے کیا معاف ہو جائیں گے میرے گناہ فرمایا آپ نے ہاں پھر آپ چپکے رہے ایک ساعت فرمایا کہاں ہے وہ سائل وہ آدمی بولا حاضر ہوں میں یا رسول اللہ ﷺ فرمایا آپ نے کیا کہا تھا تو نے وہ بولا کہ اگر میں مارا جاؤں اللہ تعالیٰ کی راہ میں ثابت قدم رہ کر ثواب کے لیے لڑوں اور نہ ہٹوں مقابل سے دشمن کے کیا بخش دیگا اللہ تعالیٰ میری خطائیں آپ نے فرمایا کہ ہاں مگر قرض نہ بخشا جائے گا (کیونکہ قرض بندے کا حق ہے) آپ نے فرمایا یہ جبرئیل نے ابھی کہا مجھ سے چپکے سے (ابن حجر نے کہا مثل قرض کے ہیں سارے ظلم جو

www.sirat-e-mustaqeem.com



خدا کے بندوں پر کرے وہ معاف نہ ہوں گے اگرچہ شہید ہو جب تک ان سے معاف نہ کرا دے )

۳۱۶۱۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ أَيُكَفِّرُ اللَّهُ عَنِّي خَطَايَايَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ نَادَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ أَمَرَ بِهِ فَنُودِيَ لَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ قُلْتَ فَأَعَادَ عَلَيْهِ قَوْلَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ إِلَّا الدَّيْنَ كَذَلِكَ قَالَ لِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

ترجمہ:۔ عبداللہ بن ابو قتادہ رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر لڑوں راہ میں اللہ کے اخیر تک پہلی حدیث کی طرح۔

---

۳۱۶۲۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِي قَتَادَةَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَامَ فِيهِمْ فَذَكَرَ لَهُمْ أَنَّ الْجِهَادَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالْإِيمَانَ بِاللَّهِ أَفْضَلُ الْأَعْمَالِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ قُتِلْتُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَيُكَفِّرُ اللَّهُ عَنِّي خَطَايَايَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ إِنْ قُتِلْتَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَأَنْتَ صَابِرٌ مُحْتَسِبٌ مُقْبِلٌ غَيْرُ مُدْبِرٍ إِلَّا الدَّيْنَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ لِي ذَلِكَ۔

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کھڑے ہوئے ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ میں اور ذکر کیا ان کے روبرو کہ جہاد کرنا خدا کے راہ میں اور ایمان لانا اللہ پر سب کاموں سے بڑھ کر ہے۔ اتنے میں کھڑا ہوا ایک مرد اور کہا فرمائیے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر میں لڑوں اللہ کی راہ میں کیا معاف کر دے گا میری خطاؤں کو آپ نے فرمایا کہ ہاں اگر تو ثابت قدم رہے اور نیت ثواب کی رکھے اور پیٹھ نہ دے دشمن کو لیکن قرض نہیں معاف ہو سکتا اس لیے کہ جبرئیل علیہ السلام نے ایسے ہی فرمایا۔

---

۳۱۶۳۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ قَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ أَبِي قَتَادَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ آیا ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ اس وقت منبر پر تھے کہا فرمائیے یا رسول اللہ صلی اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ إِنْ ضَرَبْتُ بِسَيْفِي فِي سَبِيلِ اللَّهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ حَتَّى أُقْتَلَ أَيُكَفِّرُ اللَّهُ عَنِّي خَطَايَايَ قَالَ نَعَمْ فَلَمَّا أَدْبَرَ دَعَاهُ فَقَالَ هَذَا جِبْرِيلُ يَقُولُ إِلَّا أَنْ يَكُونَ عَلَيْكَ دَيْنٌ.

علیہ وسلم اگر ماروں میں یہ تلوار اللہ کی راہ میں ثواب لینے کو اور ثابت قدم رہوں اور منہ نہ پھیروں مقابلے سے دشمن کے کیا دور کر دے گا خدا میرے گناہوں کو مجھ سے آپ نے فرمایا ہاں جب چلا گیا وہ شخص پھر پکارا اس کو اور فرمایا یہ دیکھو جبرئیل علیہ السلام فرماتے ہیں کہ تیرا قرض معاف نہ ہو گا۔

## ١٥٩٦- مَا يَتَمَنَّى فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

## کس چیز کی آرزو کریگا اللہ تعالیٰ کے راہ میں لڑنے والا

٣١٦٤- أَخْبَرَنَا هَرُونُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى وَهُوَ ابْنُ الْقَاسِمِ بْنِ سُمَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ أَنَّ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ حَدَّثَهُمْ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ نَفْسٍ تَمُوتُ وَلَهَا عِنْدَ اللَّهِ خَيْرٌ تُحِبُّ أَنْ تَرْجِعَ إِلَيْكُمْ وَلَهَا الدُّنْيَا إِلَّا الْقَتِيلُ فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ مَرَّةً أُخْرَى.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جان نہیں مرتی جس کے واسطے خدا کے نزدیک بہتری ہو کہ اس کو خوش لگے یہ بات کہ پلٹ آوے دنیا کی طرف اس حالت پر کہ اس کو تمام دنیا ملے (یعنی جس کی مغفرت ہوئی اس کو آرزو نہیں کہ پھر دنیا میں آوے اگرچہ ہفت اقلیم کی اس کو سلطنت ملے) مگر شہید سو وہ چاہتا ہے کہ پلٹ آوے پھر دنیا میں دوبارہ خدا کی راہ میں قتل ہووے ف۔

## ١٥٩٧- مَا يَتَمَنَّى أَهْلُ الْجَنَّةِ

## بہشت میں کیا آرزو ہوگی اس بات کا بیان

٣١٦٥- أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا ابْنَ آدَمَ كَيْفَ وَجَدْتَ مَنْزِلَكَ فَيَقُولُ أَيْ رَبِّ خَيْرَ مَنْزِلٍ فَيَقُولُ سَلْ وَتَمَنَّ فَيَقُولُ أَسْأَلُكَ أَنْ تَرُدَّنِي إِلَى الدُّنْيَا فَأُقْتَلَ فِي سَبِيلِكَ عَشْرَ مَرَّاتٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لایا جاوے گا ایک آدمی بہشت والوں میں سے پھر فرماوے گا اس کو اللہ عزت اور بزرگی والا اے آدم کی اولاد کیسا ٹھکانا ملا تجھ کو۔ وہ کہے گا اے رب بہتر جگہ ملی مجھ کو پھر فرماوے گا اس کو خداوند تعالیٰ مانگ اور آرزو کر کسی چیز کی۔ وہ کہے گا میں مانگتا ہوں یہ کہ پھر بھیج دے مجھ کو دنیا کی طرف تاکہ میں مارا جاؤں تیری

ف: اس حدیث میں شہادت کی عمدگی کا بیان ہے یعنی شہید کے سب مطلب حاصل ہوں گے سوائے اس کے اس کو کچھ آرزو باقی نہیں رہے گی کہ پھر قتل ہووے تاکہ زیادہ تر خدا کے نزدیک عزت پاوے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



لِمَا يَرَى مِنْ فَضْلِ الشَّهَادَةِ۔

## ۱۵۰۔ مَا يَجِدُ الشَّهِيدُ مِنَ الْأَلَمِ

۳۱۶۶۔ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشَّهِيدُ لَا يَجِدُ مَسَّ الْقَتْلِ إِلَّا كَمَا يَجِدُ أَحَدُكُمُ الْقَرْصَةَ يُقْرَصُهَا

## ۱۵۹۹۔ مَسْأَلَةُ الشَّهَادَةِ

۳۱۶۷ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ أَنَّ سَهْلَ بْنَ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ حَدَّثَهُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَأَلَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ بَلَّغَهُ اللَّهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ مَاتَ عَلَى فِرَاشِهِ۔

۳۱۶۸۔ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ شُرَيْحٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ حُجَيْرَةَ يُخْبِرُ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَمْسٌ مَنْ قُبِضَ فِي شَيْءٍ مِنْهُنَّ فَهُوَ شَهِيدٌ الْمَقْتُولُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهِيدٌ وَالْغَرِقُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهِيدٌ وَالْمَبْطُونُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهِيدٌ وَالْمَطْعُونُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهِيدٌ وَالنُّفَسَاءُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ شَهِيدٌ۔

راہ میں دس بار، یہ سوال اس لیے کرے گا کہ وہ شہید کا مرتبہ خدا کے پاس دیکھے گا۔

## اس بات کا بیان کہ شہید کو کس قدر ایذا ہوتی ہے

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہید کو اتنی ہی تکلیف شہادت میں ہوتی ہے جیسے تم میں سے کسی کو چٹکی لینے میں ہوتی ہے (یا چونٹی یا کھٹمل کے کاٹنے میں) پھر اس کے بعد آرام ہی آرام ہے ہمیشہ کے لیے۔

## شہادت چاہنے کا بیان

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص صدق دل اور سچی نیت سے چاہے اللہ تعالےٰ کے نزدیک شہید ہونا پہنچا دے گا اللہ تعالےٰ اس کو مقام میں شہیدوں کے اگرچہ مر جاوے وہ اپنے بستر پر۔

---

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پانچ حال میں جو شخص مر جاوے وہ شہید ہے اللہ تعالےٰ کی راہ میں شامل ہو کر قتل ہو جائے یا ڈوب جاوے یا دستوں سے مر جاوے یا طاعون کی بیماری سے مر جاوے یا عورت نفاس میں مر جاوے ان سب کو درجہ شہادت ہے۔ ف

---

**ف:** طاعون کی بیماری سے وبا مراد ہے یعنی شہادت کے درجے کچھ کافر ہی کے ہاتھ سے مارے جانے پر منحصر نہیں بلکہ درجہ شہادت موقوف ہے صبر پر اور ان چیزوں میں بڑا صبر کرنا پڑتا ہے اور اگر بے صبر ہے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۱۶۹- أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ قَالَ حَدَّثَنَا بَحِيرٌ عَنْ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ أَبِي بِلَالٍ عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَخْتَصِمُ الشُّهَدَاءُ وَالْمُتَوَفَّوْنَ عَلَى فُرُشِهِمْ إِلَى رَبِّنَا فِي الَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنَ الطَّاعُونِ فَيَقُولُ الشُّهَدَاءُ إِخْوَانُنَا قُتِلُوا كَمَا قُتِلْنَا وَيَقُولُ الْمُتَوَفَّوْنَ عَلَى فُرُشِهِمْ إِخْوَانُنَا مَاتُوا عَلَى فُرُشِهِمْ كَمَا مُتْنَا فَيَقُولُ رَبُّنَا انْظُرُوا إِلَى جِرَاحِهِمْ فَإِنْ أَشْبَهَ جِرَاحُهُمْ جِرَاحَ الْمَقْتُولِينَ فَإِنَّهُمْ مِنْهُمْ وَمَعَهُمْ فَإِذَا جِرَاحُهُمْ قَدْ أَشْبَهَتْ جِرَاحَهُمْ۔

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھگڑا ہوگا شہیدوں میں اور ان لوگوں میں جو مر گئے ہیں اپنے بستروں پر ہمارے رب کے روبرو ان آدمیوں کے واسطے جو مر گئے ہیں وبا سے شہید کہیں گے یہ لوگ ہمارے بھائی ہیں کیونکہ مارے گئے ہیں یہ جیسے ہم لوگ مارے گئے تھے اور کہیں گے بستروں پر مرنے والے یہ لوگ ہمارے بھائی ہیں کیونکہ یہ لوگ مرے ہیں ہماری طرح بستر پر۔ حکم ہوگا ہمارے رب کی طرف سے کہ دیکھو ان لوگوں کے زخموں کو اگر شہیدوں سے ملتے ہیں تو بلاشک شہیدوں میں کے ہیں اور جب دیکھیں گے ان کو تو زخم ان کے شہیدوں کے مانند ہوں گے۔

## ۱۶۰۰- اِجْتِمَاعُ الْقَاتِلِ وَالْمَقْتُولِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فِي الْجَنَّةِ

## شہید اور اس کا جو شخص کہ قاتل تھا ان دونوں کے جنتی ہونے کا بیان

۳۱۷۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ عَزَّ وَجَلَّ يَعْجَبُ مِنْ رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ وَقَالَ مَرَّةً أُخْرَى لَيَضْحَكُ مِنْ رَجُلَيْنِ يَقْتُلُ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ ثُمَّ يَدْخُلَانِ الْجَنَّةَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعجب کرتا ہے اللہ عزت اور بزرگی والا ان دو آدمیوں سے کہ لڑے وہ دونوں اور مار ڈالا ایک نے دوسرے کو اور دوسری بار آپ نے یوں فرمایا کہ ہنستا ہے اللہ ان دو آدمیوں کے معاملے کی طرف سے کہ مارا ایک نے دوسرے کو اور داخل ہوئے جنت میں دونوں۔

## ۱۶۰۱- تَفْسِيرُ ذَلِكَ

## تفسیر اس کی

۳۱۷۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہنستا ہے اللہ تعالیٰ ان دو آدمیوں کو دیکھ کر کہ لڑے آپس میں اور مار ڈالا ایک

---

خواہ کافر کے ہاتھ سے مارا جاوے یا ان بیماریوں میں مر جاوے تو کسی میں ثواب اور درجہ نہ پاوے گا۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ یَضْحَكُ اللّٰهُ اِلٰی رَجُلَیْنِ یَقْتُلُ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ كِلَاهُمَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ یُقَاتِلُ هٰذَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَیُقْتَلُ ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَی الْقَاتِلِ فَیُقَاتِلُ فَیُسْتَشْهَدُ۔

نے دوسرے کو اور دونوں گئے بہشت میں۔ اور بیان اس کا یوں ہے کہ ایک شخص ان میں لڑتا تھا اللہ تعالیٰ کے راہ میں وہ مارا گیا یعنی شہید ہوگیا اور مارنے والے نے توبہ کی یعنی اللہ جل شانہٗ نے اس کو اسلام نصیب کیا بعد اس کے وہ شخص بھی اللہ تعالیٰ کے راہ میں لڑکر مرگیا اور درجۂ شہادت پایا۔ ف۱۔

## ۱۶۰۲- فَضْلُ الرِّبَاطِ

## خوبی اور بزرگی پہرا دینے کی

۳۱۷۲- قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْکِیْنٍ قِرَاءَةً عَلَیْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَیْحٍ عَنْ عَبْدِ الْکَرِیْمِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِیْ عُبَیْدَةَ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ شُرَحْبِیْلَ بْنِ السِّمْطِ عَنْ سَلْمَانَ الْخَیْرِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَابَطَ یَوْمًا وَلَیْلَةً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ کَانَ لَهٗ کَاَجْرِ صِیَامِ شَهْرٍ وَقِیَامِهٖ وَمَنْ مَاتَ مُرَابِطًا اُجْرِیَ لَهٗ مِثْلُ ذٰلِكَ مِنَ الْاَجْرِ وَاُجْرِیَ عَلَیْهِ الرِّزْقُ وَاَمِنَ مِنَ الْفَتَّانِ۔

حضرت سلمان خیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے پہرا دیا اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن رات کا تو ہوا اسکو ثواب ایک مہینے کے روزوں اور نماز کا اور جو مرگیا پہرا دینے کی حالت میں جاری رہے گا اس کے لیے اسی قدر ثواب اور جاری رہے گا رزق اس کا اور بچ گیا فتنہ ڈالنے والے کے فساد سے۔ ف۲

۳۱۷۳- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَیُّوْبُ بْنُ مُوْسٰی عَنْ مَکْحُوْلٍ عَنْ شُرَحْبِیْلَ بْنِ السِّمْطِ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ رَابَطَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَوْمًا وَلَیْلَةً کَانَتْ لَهٗ کَصِیَامِ شَهْرٍ وَقِیَامِهٖ فَاِنْ مَاتَ جَرٰی عَلَیْهِ عَمَلُهُ الَّذِیْ کَانَ یَعْمَلُ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ وَاُجْرِیَ عَلَیْهِ رِزْقُهٗ۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے پہرا دیا اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن اور رات ہوگا اس کو مثل ایک مہینے کے روزوں اور نماز کا ثواب اور جاری رہے گا اس کا کام جو وہ کررہا تھا اور بچ گیا فتنوں سے قبر اور حشر کے اور موقوف نہ ہوگا رزق اس کا۔

---

ف۱: ہنسنے سے مراد یہاں خوش ہونا ہے کیونکہ اللہ جل شانہٗ اپنے بندوں پر نہایت رحیم ہے اور چاہتا ہے کہ کسی بندے پر عذاب نہ ہو۔ لیکن ہمارے اعمالوں کی شامت ہے جو ہم عذاب کا رستہ اختیار کرتے ہیں۔

ف۲: رباط جہاد کے زمانے میں اس جگہ کی چوکی پہرے کا نام ہے کہ جہاں سے دشمن کے آنے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣١٧٤- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يُوسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ زُهْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے پہرا دینا اللہ تعالےٰ کی راہ میں ایک دن بہتر ہے ہزار دنوں سے اور مقاموں میں

٣١٧٥- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ ابْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مَعْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ مَوْلَى عُثْمَانَ قَالَ قَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمٌ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ يَوْمٍ فِيمَا سِوَاهُ۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی راہ میں ایک دن ہزار دنوں سے بہتر ہے۔

## ١٦٠٣- فَضْلُ الْجِهَادِ فِي الْبَحْرِ

## دریا میں جہاد کرنے کی فضیلت کا بیان

٣١٧٦- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِي مَالِكٌ عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذَهَبَ إِلَى قُبَاءٍ يَدْخُلُ عَلَى أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ فَتُطْعِمُهُ وَكَانَتْ أُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ تَحْتَ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَأَطْعَمَتْهُ وَجَلَسَتْ تَفْلِي رَأْسَهُ فَنَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ قَالَتْ فَقُلْتُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب جاتے قبا کی طرف (قبا نام ہے ایک جگہ کا مدینے کے قریب) تو آتے ام احرام کے یہاں وہ بیوی آپ کو کھانا کھلاتی اور ام حرام بیٹی ملحان کی بیوی تھی عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کی اتفاقاً ایک روز تشریف لائے اس کے گھر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تو کھانا کھلایا ام احرام نے آپ کو۔ اور بیٹھ کر آپ کے سر کی جوئیں دیکھنے لگی پھر سو گئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پھر اٹھے ہنستے ہوئے وہ بیوی فرماتی ہیں کہ میں نے کہا کیا دیکھ کر ہنسے آپ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ آپ نے فرمایا مجھے اللہ نے

کا احتمال ہے نشان سے مراد قبر اور حشر کے فتنے اور فساد ہیں جو شخص پہرے میں مرا اس کو چرکی دینے کا ثواب قیامت تک ملتا رہے گا اور روزی ہمیشہ کھلی رہے گی یعنی ثواب اس آدمی کا کبھی نہ بند ہو گا۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِي سَبِيلِ اللّٰهِ يَرْكَبُونَ ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ مُلُوكٌ عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ شَكَّ إِسْحٰقُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ فَدَعَا لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَامَ وَقَالَ الْحٰرِثُ فَنَامَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ فَضَحِكَ فَقُلْتُ لَهُ مَا يُضْحِكُكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ نَاسٌ مِنْ أُمَّتِي عُرِضُوا عَلَيَّ غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مُلُوكٌ عَلَى الْأَسِرَّةِ أَوْ مِثْلَ الْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ كَمَا قَالَ فِي الْأَوَّلِ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ فَرَكِبَتِ الْبَحْرَ فِي زَمَانِ مُعَاوِيَةَ فَصُرِعَتْ عَنْ دَابَّتِهَا حِينَ خَرَجَتْ مِنَ الْبَحْرِ فَهَلَكَتْ۔

دکھائے میری امت کے لوگ جہاد کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور چڑھتے ہیں وہ لوگ بلندی پر اس دریا کے اور بادشاہ بنے بیٹھے ہیں تختوں پر یا یوں فرمایا کہ بادشاہوں کی مانند تختوں پہ ہیں شک ہوا راوی کو یعنی مثل کا لفظ فرمایا تھا یا بغیر اس کے فرمایا تھا۔ ملحان کی بیٹی فرماتی ہیں میں نے عرض کیا کہ دعا کیجئے اللہ سے یارسول اللہؐ میرے لیے کہ مجھ کو اللہ تعالےٰ ان میں سے کرلے آپ نے اس کے لیے دعا کی پھر سوئے اور حارثؓ کی روایت میں یوں ہے پھر سوئے پھر جاگے آپ پھر ہنسے میں نے عرض کیا کس بات پر ہنسے آپ یارسول اللہؐ آپ نے وہی پہلا جواب فرمایا پھر کہا میں نے کہ دعا کیجئے میرے لیے یارسول اللہؐ۔ آپ نے فرمایا کہ تو پہلوں میں کی ہے (یعنی تو ان میں شریک ہو چکی پہلی دعا سے اب کیا حاجت ہے) دوسرے لشکر میں شریک ہونے کی۔ انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر ام حرام سمندر میں سوار ہوئیں معاویہؓ کے زمانے میں (یعنی جب وہ دریا میں جہاد کو گئی تھیں حضرت عثمانؓ کی خلافت میں) اور جانور پر سے گریں جب دریا سے اتریں اور مر گئیں۔

۳۱۷۷- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أُمِّ حَرَامٍ بِنْتِ مِلْحَانَ قَالَتْ أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عِنْدَنَا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِأَبِي وَأُمِّي مَا أَضْحَكَكَ قَالَ رَأَيْتُ قَوْمًا مِنْ أُمَّتِي يَرْكَبُونَ هٰذَا الْبَحْرَ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْأَسِرَّةِ قُلْتُ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ فَإِنَّكِ مِنْهُمْ ثُمَّ نَامَ ثُمَّ اسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ يَعْنِي مِثْلَ مَقَالَتِهِ قُلْتُ ادْعُ اللّٰهَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا ام حرام نے آئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہمارے یہاں اور سو گئے پھر اٹھے ہنستے ہوئے کہا میں نے میں صدقے کروں اپنے ماں باپ کو آپ پر سے آپ کس بات پر ہنسے ہیں۔ آپ نے فرمایا میں نے دیکھا لوگوں کو اپنی امت کے اس دریا میں سوار ہوتے ہوئے جیسے بادشاہ اپنے تختوں پر۔ میں نے کہا دعا کیجئے میرے لیے کہ اللہ مجھ کو ان میں سے کرے آپ نے فرمایا تو انھیں میں کی ہے پھر سو گئے اور پھر اٹھے ہنستے ہوئے پھر پوچھا میں نے آپ نے وہی

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ أَنْتِ مِنَ الْأَوَّلِينَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَرَكِبَ الْبَحْرَ وَرَكِبَتْ مَعَهُ فَلَمَّا خَرَجَتْ قُدِّمَتْ لَهَا بَغْلَةٌ فَرَكِبَتْهَا فَصَرَعَتْهَا فَانْدَقَّتْ عُنُقُهَا۔

بات فرمائی جو اول بیان ہو چکی پھر کہا انہوں نے دعا کیجیے میرے لیے آپ نے فرمایا تو اوّل والوں میں ہو چکی پھر آئی یہ بیوی عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کے نکاح میں اور گئیں دریا کے سفر کو ان کے ساتھ (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں معاویہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ جہاد کے لیے) جب نکلنے لگیں تو خچر سامنے آیا اس پر چڑھیں پھر گریں تو گردن ان کی ٹوٹ گئی (اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ان کے حق میں قبول ہوئی۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمانوں کی شوکت اور عزت سے اور بحری اور برّی لڑائیوں کے سامان کرنے سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوتے ہیں۔)

## ۱۶۰۴۔ غَزْوَةُ الْهِنْدِ

## ہندوستان میں جہاد کا بیان

۳۱۷۸۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ سَيَّارٍ ح قَالَ وَأَنْبَأَنَا هُشَيْمٌ عَنْ سَيَّارٍ عَنْ جَبْرِ بْنِ عَبِيدَةَ وَقَالَ عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ جُبَيْرٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَعَدَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْهِنْدِ فَإِنْ أَدْرَكْتُهَا أُنْفِقْ فِيهَا نَفْسِي وَمَالِي فَإِنْ أُقْتَلْ كُنْتُ مِنْ أَفْضَلِ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ أَرْجِعْ فَأَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ الْمُحَرَّرُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے وعدہ فرمایا تھا کہ ہندوستان میں مسلمان جہاد کریں گے تو اگر وہ جہاد میرے سامنے ہوا تو میں اپنی جان اور مال کو اس میں خرچ کروں گا اگر مارا جاؤں گا تو سب سے افضل شہیدوں میں داخل ہوں گا اور جو زندہ رہوں گا تو میں وہ ابوہریرہ ہوں گا جو جہنم کے عذاب سے آزاد کر دیا گیا ہے (یہ وعدہ بھی آپ کا سچ ہوا کہ ہندوستان مسلمانوں نے فتح کیا)

۳۱۷۹۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ أَنْبَأَنَا هُشَيْمٌ قَالَ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ أَبُو الْحَكَمِ عَنْ جَبْرِ بْنِ عَبِيدَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَعَدَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ الْهِنْدِ فَإِنْ أَدْرَكْتُهَا أُنْفِقْ فِيهَا نَفْسِي وَمَالِي وَإِنْ قُتِلْتُ كُنْتُ أَفْضَلَ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ رَجَعْتُ فَأَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ الْمُحَرَّرُ۔

ترجمہ وہی جو اوپر کی حدیث میں گزرا۔

۳۱۸۰۔ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے جو غلام تھے رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ الزُّبَيْدِيُّ عَنْ أَخِيهِ مُحَمَّدِ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ لُقْمَانَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى بْنِ عَدِيٍّ الْبَهْرَانِيِّ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِصَابَتَانِ مِنْ أُمَّتِي أَحْرَزَهُمَا اللَّهُ مِنَ النَّارِ عِصَابَةٌ تَغْزُو الْهِنْدَ وَعِصَابَةٌ تَكُونُ مَعَ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

## ۱۶۰۵- غَزْوَةُ التُّرْكِ وَالْحَبَشَةِ

۳۱۸۱- أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ السَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي سُكَيْنَةَ رَجُلٍ مِنَ الْمُحَرَّرِينَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَّا أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَفْرِ الْخَنْدَقِ عَرَضَتْ لَهُمْ صَخْرَةٌ حَالَتْ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْحَفْرِ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخَذَ الْمِعْوَلَ وَوَضَعَ رِدَاءَهُ نَاحِيَةَ الْخَنْدَقِ وَقَالَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ فَنَدَرَ ثُلُثُ الْحَجَرِ وَسَلْمَانُ الْفَارِسِيُّ قَائِمٌ يَنْظُرُ فَبَرَقَ مَعَ ضَرْبَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَرْقَةٌ ثُمَّ ضَرَبَ الثَّانِيَةَ وَقَالَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ فَنَدَرَ الثُّلُثُ الْآخَرُ فَبَرَقَتْ بَرْقَةٌ فَرَآهَا سَلْمَانُ ثُمَّ ضَرَبَ الثَّالِثَةَ وَقَالَ تَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ فَنَدَرَ الثُّلُثُ الْبَاقِي وَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ وَجَلَسَ قَالَ سَلْمَانُ يَا رَسُولَ اللَّهِ رَأَيْتُكَ حِينَ ضَرَبْتَ مَا

صلے اللہ علیہ وسلم کے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری امت میں دو گروہ ہوں گے اللہ بچاوے گا ان کو دوزخ سے ایک ان میں سے جہاد کریگا ہندوستان میں اور دوسرا ہوگا حضرت عیسٰی علیہ السلام کے ساتھ۔

## ترک اور حبش کے جہاد کا بیان

ایک صحابی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے روایت کرتے ہیں کہ حکم کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے خندق کھودنے کا اس وقت نکلا ایک بڑا پتھر تو حرج ہوا خندق کھودنے میں اور مشکل ہوا لوگوں کو اس کا توڑنا پھر کھڑے ہوئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم وہ ہتھیار لے کر جس سے پتھر توڑتے ہیں اور رکھ دی آپ نے اپنی چادر مبارک خندق کے کنارے پر اور یہ آیت یعنی وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔ پڑھی اور ہتھیار اٹھا کر مارا تہائی پتھر ٹوٹ کر گر پڑا (آیت کے معنی یہ ہیں پورا ہوا تیرے پروردگار کا کلام سچائی اور انصاف میں کوئی اس کی باتوں کو بدلنے والا نہیں) اسوقت سلمان فارسی رض وہاں کھڑے تھے اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم دیکھ رہے تھے۔ آپ کے مارتے وقت ایک بجلی کی سی چمک ہوئی پھر دوبارہ وہی آیت پڑھ کر آپ نے اسی ہتھیار سے مارا پھر ویسی ہی بجلی کی چمک ہوئی اور دوسرا تہائی پتھر سے جدا ہوگئی تیسری بار آیت پڑھ کر جو مارا تیسرا ٹکڑا بھی گر پڑا اور ہٹ گئے آپ وہاں سے پھر اپنی چادر مبارک لے کر بیٹھ گئے سلمان فارسی رض نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں دیکھتا تھا کہ جب آپ

www.sirat-e-mustaqeem.com



تَضْرِبُ ضَرْبَةً إِلَّا كَانَتْ مَعَهَا بَرْقَةٌ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا سَلْمَانُ رَأَيْتَ ذٰلِكَ فَقَالَ إِيْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ فَإِنِّي حِينَ ضَرَبْتُ الضَّرْبَةَ الْأُولٰى رُفِعَتْ لِي مَدَائِنُ كِسْرٰى وَمَا حَوْلَهَا وَمَدَائِنُ كَثِيرَةٌ حَتّٰى رَأَيْتُهَا بِعَيْنَيَّ قَالَ لَهُ مَنْ حَضَرَهُ مِنْ أَصْحَابِهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَفْتَحَهَا عَلَيْنَا وَيُغَنِّمَنَا دِيَارَهُمْ وَيُخَرِّبَ بِأَيْدِينَا بِلَادَهُمْ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ ثُمَّ ضَرَبْتُ الضَّرْبَةَ الثَّانِيَةَ فَرُفِعَتْ لِي مَدَائِنُ قَيْصَرَ وَمَا حَوْلَهَا حَتّٰى رَأَيْتُهَا بِعَيْنَيَّ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ أَنْ يَفْتَحَهَا عَلَيْنَا وَيُغَنِّمَنَا دِيَارَهُمْ وَيُخَرِّبَ بِأَيْدِينَا بِلَادَهُمْ فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ ثُمَّ ضَرَبْتُ الثَّالِثَةَ فَرُفِعَتْ لِي مَدَائِنُ الْحَبَشَةِ وَمَا حَوْلَهَا مِنَ الْقُرٰى حَتّٰى رَأَيْتُهَا بِعَيْنَيَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ دَعُوا الْحَبَشَةَ مَا وَدَعُوكُمْ وَاتْرُكُوا التُّرْكَ مَا تَرَكُوكُمْ.

چوٹ مارتے تھے اس کے ساتھ ہی ایک بجلی چمکتی تھی۔ آپ نے فرمایا کیا تو نے دیکھی یہ بات اے سلمان عرض کیا سلمان رضی اللہ عنہ نے قسم ہے اس خدا کی جس نے آپ کو دین حق دیکر بھیجا ہے میں نے دیکھا ہے۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ جب ماری میں نے پہلی چوٹ اٹھا دیے گئے میرے سامنے سے پردے یہاں تک کہ دیکھا میں نے اپنی آنکھوں سے شہر فارس کے اور جو آس پاس ہیں بستیاں اس کی اور بہت سے شہر دیکھے میں نے جو لوگ وہاں حاضر تھے انھوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالٰے سے دعا کیجئے کہ فتح ہوویں وہ ملک ہمارے ہاتھوں سے اور ملے وہاں کی لوٹ ہم کو اور خراب ہوویں وہ شہر ہمارے ہاتھوں سے۔ پھر دعا کی آپ نے اسی بات کی پھر فرمایا آپ نے جب ماری میں نے دوسری ضرب تو دکھائے گئے مجھ کو شہر روم کے اور اس کے آس پاس جو کچھ تھا ان آنکھوں سے پھر لوگوں نے وہی پہلی دعا کی درخواست کی اور آپ نے ان کے لیے دعا کی پھر آپ نے فرمایا کہ جب ماری میں نے تیسری ضرب تو دکھائے گئے مجھ کو حبش کے شہر اور جو کچھ ان کے آس پاس آبادی تھی اور دیکھا میں نے ان کو اپنی آنکھوں سے اس بار آپ نے یوں فرمایا کہ چھوڑ دو حبش کو جب تک وہ تم سے نہ بولیں اور چھوڑ دو ترک کو جب تک وہ تم کو چھوڑے رہیں (پھر اگر تم سے لڑیں تو مارو ان کو۔

۳۱۸۲۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتّٰى يُقَاتِلَ الْمُسْلِمُونَ التُّرْكَ قَوْمًا وُجُوهُهُمْ كَالْمَجَانِّ الْمُطْرَقَةِ يَلْبَسُونَ الشَّعَرَ وَيَمْشُونَ فِي الشَّعَرِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت نہیں ہونے کی جب تک تم نہ لڑو گے ترکوں سے جن کے منہ گول ہوں گے موٹے موٹے تہ بہ تہ ڈھالوں کی طرح بال پہنیں گے اور بالوں میں چلیں گے (یعنی جوتیوں پر ان کے بال ہوں گے۔

## ۱۶۰۶۔ اَلْإِسْتِنْصَارُ بِالضَّعِيفِ

## ناتواں آدمی سے مدد چاہنا

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣١٨٣- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ ظَنَّ أَنَّ لَهُ فَضْلًا عَلَى مَنْ دُونَهُ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَنْصُرُ اللَّهُ هَذِهِ الْأُمَّةَ بِضَعِيفِهَا بِدَعْوَتِهِمْ وَصَلَاتِهِمْ وَإِخْلَاصِهِمْ.

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے خیال کیا کہ میرا درجہ اور صحابہ سے بڑھ کر ہے (کیونکہ سعد مالدار تھے اور بہادر اور قوی زور آور تیر انداز) تب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اس امت کی مدد کرے گا ناتوانوں سے (یعنی ان کی دعا اور نماز اور سچائی کی برکت سے) یعنی اگر تم زور آور اور مالدار ہو تو ناتواں غریبوں کو حقیر نہ سمجھو شاید اللہ کے نزدیک وہی زیادہ مقبول ہوں اور انہیں کے طفیل سے تم کو فتح ہوتی ہو (مطلب یہ کہ غرور کرنا اور اپنے تئیں دوسرے سے بہتر جاننا اسلام کے خلاف ہے۔

٣١٨٤- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَرْطَاةَ الْفَزَارِيُّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا الدَّرْدَاءِ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ ابْغُونِي الضَّعِيفَ فَإِنَّكُمْ إِنَّمَا تُرْزَقُونَ وَتُنْصَرُونَ بِضُعَفَائِكُمْ

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ فرماتے تھے ڈھونڈو میرے لیے ناتواں کو کیونکہ تم کو روزی ملتی ہے اور تمہاری مدد ہوتی ہے ناتوانوں کے طفیل سے۔

## ١٦٠٧- فَضْلُ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا

## غازی کو جہاد کی تیاری کرا دینے والے کی بزرگی کا بیان

٣١٨٥- أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَهُ فِي أَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا.

حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے تیاری کرا دی غازی کی اللہ کی راہ میں جانے کے لیے اس نے خود جہاد کیا اور جو کوئی پیچھے رہ گیا اس کے گھر والوں کی حفاظت کے واسطے اور نگہبانی کی اس کے گھر والوں کی بھلائی اور ایمانداری سے تو وہ بھی غازی ہوا۔

٣١٨٦- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ عَنْ يَحْيَى عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

ترجمہ: دونوں حدیثوں کا ایک ہی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فَقَدْ غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِي أَهْلِهِ بِخَيْرٍ فَقَدْ غَزَا۔

۳۱۸۷- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ حُصَيْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ جَاوَانَ عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ خَرَجْنَا حُجَّاجًا فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَنَحْنُ نُرِيدُ الْحَجَّ فَبَيْنَا نَحْنُ فِي مَنَازِلِنَا نَضَعُ رِحَالَنَا إِذْ أَتَانَا آتٍ فَقَالَ إِنَّ النَّاسَ قَدِ اجْتَمَعُوا فِي الْمَسْجِدِ وَفَزِعُوا فَانْطَلَقْنَا فَإِذَا النَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَى نَفَرٍ فِي وَسَطِ الْمَسْجِدِ وَفِيهِمْ عَلِيٌّ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَإِنَّا لَكَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ عُثْمَانُ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ عَلَيْهِ مُلَاءَةٌ صَفْرَاءُ قَدْ قَنَّعَ بِهَا رَأْسَهُ فَقَالَ أَهٰهُنَا طَلْحَةُ أَهٰهُنَا الزُّبَيْرُ أَهٰهُنَا سَعْدٌ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِي فُلَانٍ غَفَرَ اللهُ لَهُ فَابْتَعْتُهُ بِعِشْرِينَ أَلْفًا أَوْ بِخَمْسَةٍ وَعِشْرِينَ أَلْفًا فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اجْعَلْهُ فِي مَسْجِدِنَا وَأَجْرُهُ لَكَ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ابْتَاعَ بِئْرَ رُومَةَ غَفَرَ اللهُ لَهُ فَابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدِ ابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا قَالَ اجْعَلْهَا سِقَايَةً لِلْمُسْلِمِينَ وَأَجْرُهَا لَكَ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ

حضرت احنف بن قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نکلے ہم حج کرنے کے لیے اور آیا ہمارا قافلہ مدینہ شریف ہیں جس وقت ہم اتارنے لگے اسباب اپنا اپنے ڈیروں میں اتنے میں ایک آدمی آیا اور بولا لوگ مسجد میں جمع ہیں اور ڈرے ہوئے ہیں۔ ہم بھی گئے تو دیکھا لوگ اکٹھے ہیں چند آدمیوں پر مسجد کے بیچ میں اور وہاں موجود تھے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور زبیر اور طلحہ اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہم اتنے میں تشریف لائے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایک زرد تہبند پہنے ہوئے جس سے اپنا سر ڈھانپ لیا تھا اور فرمانے لگے یہاں طلحہ اور زبیر اور سعد موجود ہیں سب بولے کہ ہاں موجود ہیں پھر کہا کہ اللہ وحدہٗ لاشریک کی تم کو قسم دیتا ہوں کیا تم کو معلوم نہیں یہ بات کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جو کوئی خریدے مربد بنی فلاں (یعنی زمین جو مسجد کے پاس تھی) اللہ اس کو بخش دے گا میں نے اس کو خریدا بیس یا پچیس ہزار کو (یعنی بیس یا پچیس ہزار درم کو شک ہے) پھر آیا میں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی میں نے آپ کو اس جگہ کے خرید لینے کی۔ اس وقت آپ نے فرمایا کہ دیدے اس کو ہماری مسجد کے لیے اور اس کا تجھ کو اجر اور ثواب ملے گا۔ سب لوگ بولے اے اللہ ہاں ہے یعنی تجھ کو معلوم ہے اے اللہ سچ ہے یہ بات سب نے ہاں کہا اثبات کے جواب میں۔ پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میں قسم دیتا ہوں تم کو اس خدا کی جس کے سوا نہیں کوئی معبود برحق اور سچا کیا تم کو نہیں معلوم وہ وقت جبکہ فرمایا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مول لے بیر رومہ کو (نام ایک کنوئیں کا ہے) اللہ بخشے گا اس کو پھر خریدا میں نے اس کو اتنے اتنے داموں کے ساتھ (پینتیس ۳۵ ہزار درم کو)

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ فِي وُجُوْهِ الْقَوْمِ فَقَالَ مَنْ يُّجَهِّزُ هٰؤُلَاءِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ يَعْنِيْ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى لَمْ يَفْقِدُوْا عِقَالًا وَّلَا خِطَامًا فَقَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ۔

پھر آیا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور بیان کیا یہ کر خرید لیا اس کو اتنے مول سے آپ نے فرمایا چھوڑ دے اس کو مسلمانوں کے پانی پینے کے لیے اور اس کا ثواب تجھ کو ملے گا۔ سب لوگ اللہ کو یاد کر کے بولے کہ ہاں یعنی اسی طرح ہے۔ جیسا تم کہتے ہو پھر اسی طرح قسم دے کر کہا کہ تم کو معلوم ہے وہ زمانہ بھی جس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سب لوگوں کا منہ دیکھ کر فرمایا تھا کہ جو کوئی ان غازیوں کی تیاری کرا دے اللہ بخش دے گا اسکو اور یہ اس جہاد کا ذکر ہے جس کا نام بسبب عسرت یعنی تنگی کے جیش عسرت رکھا گیا تھا۔ حضرت عثمانؓ فرماتے ہیں میں نے اس کی ایسی تیاری کرا دی کہ کسی کو ایک رسی کی جس سے پاؤں باندھتے اونٹ وغیرہ کی حاجت نہ رہی سب نے اللہ کو یاد کیا اور کہا کہ ہاں حضرت عثمانؓ اس بار بولے اے اللہ تو گواہ ہے اس بات پر اے اللہ تو گواہ ہے اس بات پر اے اللہ تو گواہ ہے۔

## ۱۶۰۱۔ فَضْلُ النَّفَقَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى

## اللہ تعالیٰ کے راہ میں خرچ کرنے کی بزرگی اور خوبی کا بیان!

۳۱۸۸۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ نُوْدِيَ فِي الْجَنَّةِ يَا عَبْدَ اللّٰهِ هٰذَا خَيْرٌ فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ هَلْ عَلٰى مَنْ دُعِيَ مِنْ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی خرچ کرے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جوڑا۔ بلایا جائیگا وہ بہشت میں یا عبداللہ ہذا خیر کہہ کر یعنی اے اللہ تعالیٰ کے بندے یہ بہتر ہے تیرے لیے پھر جو کوئی نمازی ہوگا بلایا جائیگا نماز کے دروازے سے اور جو کوئی مجاہد ہوگا پکارا جائیگا جہاد کے دروازے سے اور جو کوئی خیرات کرنے والا ہوگا بلایا جائیگا خیرات کے دروازے سے اور جو کوئی روزے دار ہوگا بلایا جائیگا ریان کے دروازے سے۔ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا یا رسول اللہ کیا اس شخص کو کچھ حرج ہوگا جو ان سب دروازوں سے پکارا جائے اور

www.sirat-e-mustaqeem.com



مِنْ ضَرُوْرَةٍ فَهَلْ يُدْعٰى اَحَدٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاَبْوَابِ كُلِّهَا قَالَ نَعَمْ وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ۔

کوئی ایسا بھی ہوگا جو ان سب دروازوں سے بلایا جائے آپ نے فرمایا ہاں ایسے بھی لوگ ہوں گے اور مجھے امید ہے کہ تم انھیں لوگوں میں سے ہوں گے۔

۳۱۸۹۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ دَعَتْهُ خَزَنَةُ الْجَنَّةِ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَا فُلَانُ هَلُمَّ فَادْخُلْ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذٰلِكَ الَّذِيْ لَا تَوٰى عَلَيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جوڑا دے خدا کے راہ میں بلادیں گے اس کو بہشت کے چوکیدار سب دروازوں سے بہشت کے کہیں گے آؤ میاں فلانے ادھر آیئے اس دروازے سے گھسو۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ بولے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس شخص کو تو کسی طرح ٹوٹا نہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ مجھ کو امید ہے کہ تو انھیں لوگوں میں ہوگا جن کو سب بہشت کے فرشتے خوشی سے بلادیں گے۔ ف۔

۳۱۹۰۔ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ لَقِيْتُ اَبَا ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ حَدِّثْنِيْ قَالَ نَعَمْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يُنْفِقُ مِنْ كُلِّ مَالٍ لَهٗ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِلَّا اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ كُلُّهُمْ يَدْعُوْهُ اِلٰى مَا عِنْدَهٗ قُلْتُ وَكَيْفَ ذٰلِكَ قَالَ اِنْ كَانَتْ اِبِلًا فَبَعِيْرَيْنِ وَاِنْ كَانَتْ بَقَرًا فَبَقَرَتَيْنِ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس مسلمان نے دیا ہوگا جوڑا ہر قسم کے مال سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں سامنے آویں گے ان کے سب دربان بہشت کے اور بلاویں گے اس کو اپنی چیزوں کی طرف۔ صعصعہ بن معاویہ نے جو راوی ہیں اوپر کے راویوں میں سے کہا ابوذر سے کس طرح ہے یہ یعنی ہر قسم کے مال سے جوڑا دینے کے کیا معنی ہیں انھوں نے فرمایا کہ اونٹ رکھتا ہے تو دو اونٹ دیے ہوں اور گائے رکھتا ہے تو دو گائے دی ہوں۔

۳۱۹۱۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِي النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو النَّضْرِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيُّ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنِ الرُّكَيْنِ الْفَزَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ بُسَيْرِ بْنِ عَمِيْلَةَ عَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كُتِبَتْ لَهٗ

حضرت خریم بن فاتک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی خرچ کرے اللہ کی راہ میں کوئی چیز لکھا جاتا ہے اس کے لیے سات سو گنا یہ آیت اس آیت کا مطلب ہے جو اللہ تعالے نے قرآن میں اتاری: مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

ف : جوڑا خرچ کرے یعنی دو اشرفی دے یا دو روپے یا دو پیسے یا دو گھوڑے یا دو کپڑے یا دو روٹیاں اسی طرح ہر چیز کا جوڑا اس حدیث سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بڑی فضیلت اور بہشتی ہونا ان کا ثابت ہوا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com


بِسَبْعِمِائَةِ ضِعْفٍ۔

كَمَثَلِ حَبَّةٍ اخیر تک یعنی مثال اس چیز کی جو خرچ کرتے ہیں اللہ کی راہ میں ایک دانے کی سی ہے جس سے سات بالیاں اگیں اور ہر بالی میں سو دانے۔

## ۱۶۰۹- فَضْلُ الصَّدَقَةِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

۳۱۹۲- أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا عَمْرٍو الشَّيْبَانِيَّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ أَنَّ رَجُلًا تَصَدَّقَ بِنَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَأْتِيَنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِسَبْعِمِائَةِ نَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ۔

## خدا تعالیٰ کی راہ میں صدقہ اور خیرات کی فضیلت

حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کسی آدمی نے صدقہ دی ایک اونٹنی مہار والی اللہ کی راہ میں صدقہ کے طور پر اس وقت فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے قیامت کے دن آئیں گی سات سو اونٹنیاں مہار والی یعنی اس ایک کے بدلے میں۔

۳۱۹۳- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي بَحْرِيَّةَ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْغَزْوُ غَزْوَانِ فَأَمَّا مَنِ ابْتَغَى وَجْهَ اللّٰهِ وَأَطَاعَ الْإِمَامَ وَأَنْفَقَ الْكَرِيمَةَ وَيَاسَرَ الشَّرِيكَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ كَانَ نَوْمُهُ وَنُبْهُهُ أَجْرًا كُلُّهُ وَأَمَّا مَنْ غَزَا رِيَاءً وَسُمْعَةً وَعَصَى الْإِمَامَ وَأَفْسَدَ فِي الْأَرْضِ فَإِنَّهُ لَا يَرْجِعُ بِالْكَفَافِ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاد دو ہیں جس شخص نے جہاد کیا اللہ تعالے کی رضامندی چاہنے کے لیے اور فرمانبرداری کی امام کی یعنی اپنے سردار کی اور خرچ کی اپنے پسند کی چیز اور نرمی کی اپنے ساتھی کے ساتھ اور باز رہا فساد سے تو سونا اور جاگنا اس کا سب کے سب اجر اور ثواب ہوں گے اور جو لڑے واسطے دکھلانے یا سنانے کے اور نافرمانی کرے امیر کی اور فساد کرے زمین میں تو وہ نہ پھرے گا خالی پورا اتر کر (یعنی نہ ثواب ہو نہ عذاب ایسا بھی لوٹنا اس کا مشکل ہے بلکہ عذاب میں گرفتار ہوگا۔

## ۱۶۱۰- حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ

۳۱۹۴- أَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ وَمَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ وَاللَّفْظُ لِحُسَيْنٍ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِينَ عَلَى الْقَاعِدِينَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ يَخْلُفُ فِي

## مجاہدین کی عورتوں کی عزت

حضرت سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجاہدوں کی عورتیں بیٹھنے والوں کے لیے ایسی حرام ہیں جیسی ان کی مائیں ان پر حرام ہیں پھر جو کوئی رہا عورتوں کی نگہبانی کے لیے گھر پر اگر خیانت کی اس محافظ نے کسی مجاہد کے گھر میں تو کھڑا رکھیں گے اس کو قیامت کے دن

www.sirat-e-mustaqeem.com



اِمْرَأَةِ رَجُلٍ مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فَيَخُوْنُهُ فِيْهَا إِلَّا وُقِفَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَخَذَ مِنْ عَمَلِهِ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّكُمْ.

یہاں تک کہ لے لیگا یہ مجاہد اس کے عملوں میں سے جس قدر اور جو چیز چاہے گا پھر کیا گمان ہے تمہارا (یعنی تم کیا سمجھتے ہو وہ کچھ چھوڑے گا بلکہ سب نیکیاں لے لیگا۔

## ۱۶۱۱۔ مَنْ خَانَ غَازِيًا فِيْ أَهْلِهِ

## غازی کے گھر والوں کے ساتھ خیانت کرنے والے کا بیان

۳۱۹۵۔ أَخْبَرَنِيْ هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ ابْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ أُمَّهَاتِهِمْ وَإِذَا خَلَفَهُ فِيْ أَهْلِهِ فَخَانَهُ قِيْلَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰذَا خَانَكَ فِيْ أَهْلِكَ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ فَمَا ظَنُّكُمْ.

سلیمان بن بریدہ رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روایت کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجاہدوں کی عورتیں گھر بیٹھنے والوں کے لیے حرام ہیں ایسی جیسے ان کی مائیں ان کے حق میں حرام ہیں اگر گھر پر چھوڑ گیا مجاہد کسی کو اور اس نے خیانت کی مجاہد کی امانت میں، قیامت کے دن حکم ہوگا مجاہد کے لیے کہ یہ شخص ہے جس نے چوری اور خیانت کی تیرے گھر میں تو لے لے اس کی نیکیوں میں سے جتنا تیرا جی چاہے۔ آپ نے فرمایا تم کیا سمجھتے کہ کتنا لے گا وہ۔

۳۱۹۶۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا قَعْنَبٌ كُوْفِيٌّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ فِي الْحُرْمَةِ كَأُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِنَ الْقَاعِدِيْنَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ أَهْلِهِ إِلَّا نُصِبَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيُقَالُ يَا فُلَانُ هٰذَا فُلَانٌ فَخُذْ مِنْ حَسَنَاتِهِ مَا شِئْتَ ثُمَّ الْتَفَتَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا ظَنُّكُمْ تُرَوْنَ يَدَعُ لَهُ مِنْ حَسَنَاتِهِ شَيْئًا.

حضرت ابن بریدہ رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر رہ جانیوالوں پر مجاہدوں کی عورتیں حرام ہیں جیسے ان گھر رہنے والوں پر ان کی مائیں حرام ہیں۔ اگر کسی گھر رہنے والے کو مجاہد نے اپنا گھر سپرد کیا تاکہ اس کے بال بچوں کی نگہبانی کرے (پھر اس نے خیانت کی) تو کھڑا کیا جائیگا قیامت کے دن یہ گھر رہنے والا اور آواز آئے گی کہ او فلانے یعنی مجاہد کو پکار کر حکم ہوگا کہ اس شخص کی نیکیوں میں سے لے لے جتنا تیرا جی چاہے۔ پھر حضرت صلے اللہ علیہ وسلم متوجہ ہوئے صحابہ کی طرف اور فرمانے لگے کہ تم سمجھتے ہوگے وہ چھوڑ دے گا اس کی نیکیوں میں کچھ وا

ف۱: یعنی مجاہد کی غیبت میں اگر اس نے کچھ خیانت کی ہو گی تو اللہ تعالے قیامت کے دن اس کو ظاہر کر دے گا اگرچہ مجاہد کو معلوم نہ تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۱۹۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاهِدُوا بِأَيْدِيكُمْ وَأَلْسِنَتِكُمْ وَأَمْوَالِكُمْ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جہاد کرو ہاتھوں سے اور زبان سے اور مال سے ف۱۔

۳۱۹۸- أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ الشَّامِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ الْأَصْبَغِ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ أَنْبَأَنَا شَرِيكٌ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ أَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ وَقَالَ مَنْ خَافَ ثَأْرَهُنَّ فَلَيْسَ مِنَّا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حکم کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سانپوں کے مارنے کا۔ اور فرمایا جو کوئی ڈرے ان سے وہ ہم میں سے نہیں ہے (یعنی مسلمانوں میں نہیں ہے کیونکہ کافر سانپ سے ڈرتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اگر اس کو ماریں گے تو بلا آئے گی وہ بدلہ لے لیگی مسلمانوں کو ایسا خیال نہ کرنا چاہیئے۔

۳۱۹۹- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ أَبِي عُمَيْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَبْرٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَ جَبْرًا فَلَمَّا دَخَلَ سَمِعَ النِّسَاءَ يَبْكِينَ وَيَقُلْنَ كُنَّا نَحْسَبُ وَفَاتَكَ قَتْلًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَالَ وَمَا تَعُدُّونَ الشَّهَادَةَ إِلَّا مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِنَّ شُهَدَاءَكُمْ إِذًا لَقَلِيلٌ الْقَتْلُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ شَهَادَةٌ وَالْبَطْنُ شَهَادَةٌ وَالْحَرَقُ شَهَادَةٌ وَالْغَرَقُ شَهَادَةٌ وَالْمَغْمُومُ يَعْنِي الْهَدِمَ شَهَادَةٌ وَالْمَجْنُونُ شَهَادَةٌ وَالْمَرْأَةُ تَمُوتُ بِجُمْعٍ شَهِيدَةٌ قَالَ رَجُلٌ أَتَبْكِينَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدٌ قَالَ دَعْهُنَّ فَإِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ عَلَيْهِ بَاكِيَةٌ۔

حضرت عبداللہ بن عبداللہ بن جبر رضی اللہ عنہ اپنے باپ عبداللہ بن جبر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جبر کی عیادت یعنی بیمار پرسی کے لیے تشریف لائے جب گھر میں داخل ہوئے عورتوں کے رونے کی آواز سنی اور وہ کہہ رہی تھیں کہ ہماری یہ آرزو تھی کہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرنا آپ نے فرمایا کہ تم لوگ شہید اسی کو جانتے ہو جو جہاد میں مارا جائے اگر ایسی بات ہو تو تم لوگوں میں شہید بہت کم ہوں گے اللہ تعالیٰ کی راہ میں مارے جانے سے شہادت ہے اور دستوں کے عارضے میں مرجانے سے شہادت ہوتی ہے اور جل کر مرجانے میں شہادت ہے اور پانی میں بے اختیاری سے ڈوب کر مرجانے میں شہادت ہے اور دب کر مرجانے میں شہادت ہے۔ اور ذات الجنب کی بیماری سے مرجانے میں شہادت ہے اور عورت زچگی کے وقت مرجاوے تو شہید ہے۔ کوئی آدمی بولا کہ تم روتی ہو

ف۱: ہاتھوں سے جہاد کرنا تو لڑنا ہے تلوار اور بندوق سے اور زبان سے جہاد یہ ہے کہ کافروں کی برائی کرے کافر جو اسلام پر اعتراض کریں اس کا جواب دے مالوں سے جہاد یہ ہے کہ خدا کی رضامندی میں اپنا مال صرف کرے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۲۰۰۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوٗدُ يَعْنِي الطَّائِيَّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ جَبْرٍ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَيِّتٍ فَبَكَى النِّسَاءُ فَقَالَ جَبْرٌ اَتَبْكِيْنَ مَا دَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا قَالَ دَعْهُنَّ يَبْكِيْنَ مَا دَامَ بَيْنَهُنَّ فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ۔

اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہیں آپ نے فرمایا کچھ نہ کہو ان سے (یعنی رونے دو کیونکہ مرنے سے پہلے رونا منع نہیں البتہ جب مر جاوے تو پھر کوئی رونے والی اس پر نہ روے (یعنی چلا کر نہ روئے پیٹے اور چپکے چپکے رونا آنسو بہانا درست ہے اس میں کچھ قباحت نہیں حضرت جبر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ گیا جبر یعنی راوی اس حدیث کا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ کسی میت میں تو رونے لگیں عورتیں جبر بولے کہ تم روتی ہو اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یہاں بیٹھے ہیں آپ نے فرمایا چھوڑو ان کو روتی رہیں جب تک کہ مردہ ان میں ہے (یعنی زندہ ہے) پھر جب مر جائے تو کوئی عورت نہ روے۔

## تمام ہوئی کتاب جہاد کی

# كِتَابُ النِّكَاحِ

# کتاب النکاح ف۱

## بَابُ ۱۶۱۲ ذِكْرِ اَمْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي النِّكَاحِ وَاَزْوَاجِهٖ وَمَا اَبَاحَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِنَبِيِّهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَطَرَهٗ

بیان نکاح اور ازواج مطہرات نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا اور اس چیز کا جو درست کی اللہ بزرگی اور عزت والے نے

ف۱ اب شروع ہوتی ہے کتاب نکاح کی نکاح ایک قسم کا اقرار اور قول ہے جو شریعت محمدی نے واسطے مباح ہونے وطی اور تصرف کے قرار دیا ہے اور نکاح واجب ہے جب آدمی کو ڈر ہو زنا میں پڑ جانے کا اور جو ڈر نہ ہو مستحب اور مسنون ہے تاکہ نسل کو ترقی ہو اور مسلمانوں کی تعداد بڑھے ہر ایک مسلمان کو چار بیویوں تک نکاح کرنے کی اجازت ہے مگر خاص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چار کی قید نہ تھی جب آپ نے وفات پائی اس وقت نو بیویاں آپ چھوڑ گئے جن کا ذکر آئے گا۔ البتہ لونڈیاں جس قدر چاہے ہر ایک مسلمان رکھ سکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## عَلٰی خَلْقِهٖ زِيَادَةً فِي كَرَامَتِهٖ وَتَنْبِيْهًا لِّفَضِيْلَتِهٖ

اپنے نبی کے لیے اور منع کیا اس سے اپنی مخلوق کو تاکہ ظاہر ہو یہ بات کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ساری خلق پر بزرگی اور فضیلت ہے ۔

۳۲۰۱- أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ حَضَرْنَا مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ جَنَازَةَ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَرِفَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ هٰذِهٖ مَيْمُونَةُ إِذَا رَفَعْتُمْ جَنَازَتَهَا فَلَا تُزَعْزِعُوهَا وَلَا تُزَلْزِلُوهَا فَإِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مَعَهُ تِسْعُ نِسْوَةٍ فَكَانَ يَقْسِمُ لِثَمَانٍ وَوَاحِدَةٌ لَمْ يَكُنْ يَقْسِمُ لَهَا۔

حضرت عطاء سے روایت ہے کہ ہم لوگ جنازہ پر میمونہ رضی اللہ عنہ کی جو بیوی تھیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ابن عباس رض کے ساتھ گئیں مقام سرف میں (مکہ سے دو منزل پر) ابن عباس فرمانے لگے کہ یہ میمونہ ہے جس وقت اٹھاؤ تم ان کا جنازہ سہولت سے اٹھائیو اور نہ ہلائیو اس کو اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم نو۹ بیویوں کے ساتھ رہتے اور ہر ایک کی باری مقرر فرماتے مگر ایک عورت کی باری مقرر نہ کرتے تھے۔ (نو بیویاں یہ تھیں: سودہ، عائشہ، حفصہ، ام سلمہ، زینب بنت جحش۔ جریرہ۔ صفیہ۔ میمونہ، ان سب کی باری ایک ایک رات مقرر تھی آپ ہر ایک کی باری میں اس کے پاس رہتے مگر سودہ بوڑھی ہو چکی تھیں تو انھوں نے اپنی باری حضرت عائشہ کو دے دی تھی آپ سودہ کی باری میں بھی ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہ کے گھر میں رہتے ۔

۳۲۰۲- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ تِسْعُ نِسْوَةٍ يُصِيبُهُنَّ إِلَّا سَوْدَةَ فَإِنَّهَا وَهَبَتْ يَوْمَهَا وَلَيْلَتَهَا لِعَائِشَةَ۔

حضرت عطاء سے ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ کہا ابن عباس رض نے وفات پائی رسول اللہ صلے اللہ صلی علیہ وسلم نے اور آپ کے نزدیک نو بیویاں تھیں جایا کرتے تھے اس کے یہاں ان کی باری کے موافق لیکن سودہ کے یہاں نہیں جایا کرتے تھے کیونکہ انھوں نے اپنی باری دن اور رات کی بیوی عائشہ رض کو دے دی تھی۔

۳۲۰۳- أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّ أَنَسًا حَدَّثَهُمْ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي اللَّيْلَةِ الْوَاحِدَةِ وَلَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعُ نِسْوَةٍ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نو بیویاں تھیں جایا کرتے تھے آپ ان کے پاس ایک رات میں۔ ف۔

---

ف: یعنی ایک رات میں سب کے پاس ہو آتے ایسا آپ کبھی کبھی کرتے ورنہ اکثر آپ کا یہ دستور تھا حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٢٠٤- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغَارُ عَلَى اللَّاتِي وَهَبْنَ أَنْفُسَهُنَّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَقُولُ أَوَتَهَبُ الْحُرَّةُ نَفْسَهَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ قُلْتُ وَاللّٰهِ مَا أَرَى رَبَّكَ إِلَّا يُسَارِعُ لَكَ فِي هَوَاكَ۔

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ شرم کرتی تھی میں ان عورتوں کی بات سے جو بخش دیا کرتی تھیں اپنی جان نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اور کہتی تھیں کیا بیویاں اور آزاد عورتیں اپنی جان مفت بخش دیتی ہیں تعجب اور غیرت کی بات معلوم ہوتی تھی مجھ کو پھر اتاری یہ آیت اللہ عزت اور بزرگی والے نے: تُرْجِي مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ یعنی پیچھے رکھ دے تو جس کو چاہے ان میں اور جگہ دے اپنے پاس جس کو چاہے اس وقت کہا میں نے کہ قسم خدا کی آپ کا رب آپ کی خواہش کے موافق چلتا ہے۔

٣٢٠٥- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ أَنَا فِي الْقَوْمِ إِذْ قَالَتِ امْرَأَةٌ إِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَرَأْ فِيَّ رَأْيَكَ فَقَالَ زَوِّجْنِيهَا فَقَالَ اذْهَبْ فَاطْلُبْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ فَذَهَبَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا وَلَا خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَعَكَ مِنْ سُوَرِ الْقُرْآنِ شَيْءٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَزَوَّجَهُ بِمَا مَعَهُ مِنْ سُوَرِ الْقُرْآنِ۔

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک روز ہم سب لوگ ایک جگہ میں تھے اتنے میں ایک عورت آئی اور کہنے لگی میں نے اپنی جان آپ کو بخش دی یا رسول اللہ جو آپ چاہیں کیجیے یہ بات سن کر ایک آدمی اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا میرا نکاح کرا دو اس عورت سے آپ نے فرمایا جا تو لے آ کچھ اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو وہ گیا نہ اس کو کوئی چیز ملی اور نہ انگوٹھی لوہے کی ملی۔ آپ نے فرمایا کہ تجھ کو کچھ سورتیں قرآن میں سے یاد ہیں کہا ہاں، آپ نے نکاح کیا اس عورت کا ان قرآن کی سورتوں کے بدلے (یعنی کہا تو اس سے قرآن پڑھ لینا تیرا یہی مہر ہے۔

## بَاب ۱۶۱۳ مَا افْتَرَضَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رَسُولِهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَحَرَّمَهُ عَلَى خَلْقِهِ لِيَزِيدَهُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ قُرْبَةً إِلَيْهِ

## جو باتیں اللہ جل جلالہ نے اپنے رسول کیلئے مقرر کیں اور لوگوں کیلئے درست نہیں کیں اپنے رسول کا مرتبہ بڑھانے کو ان کا بیان

٣٢٠٦- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدٍ النَّيْسَابُورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس جس دن حکم ہوا ان کو اس امر کا

تھا کہ ایک ایک دن رات ایک بیوی کے پاس رہتے باری باری۔ حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنِ أَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهَا حِيْنَ أَمَرَهُ اللّٰهُ أَنْ يُّخَيِّرَ أَزْوَاجَهُ قَالَتْ عَائِشَةُ فَبَدَأَ بِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَّكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَّا تُعَجِّلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ قَالَتْ وَقَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَا يَأْمُرَانِّيْ بِفِرَاقِهِ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا فَقُلْتُ أَفِيْ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ

کہ اختیار دے دیویں اپنی بیویوں کو بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس دن پہلے میرے نزدیک آپ تشریف لائے اور فرمانے لگے میں تجھ سے ایک بات کا ذکر کرتا ہوں تو جلدی نہ کرنا اس بات کے جواب میں (کیونکہ سوچ کر کہنے میں تیرا کچھ نقصان نہیں) اور صلاح لے بھیجو اپنے ماں باپ سے اس امر میں بیوی فرماتی ہیں کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ بات اس لیے فرمائی کہ آپ جانتے تھے کہ میرے ماں باپ آپ سے جدائی اختیار کرنے کے لیے مشورہ نہ دیں گے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا۔ میں نے کہا کیا یہی بات ہے جس کے لیے مشورہ کروں میں اپنے ماں باپ سے بس میں چاہتی ہوں اللہ کو اور اس کے رسول کو اور پچھلے گھر کو، اور ترجمہ آیت کا یوں ہے اے نبی کہدے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتی ہو دنیا کا جینا اور یہاں کی رونق تو آؤ کچھ فائدہ دوں تم کو اور رخصت

۳۲۰۷- أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ الْعَسْكَرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ قَدْ خَيَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ أَوَكَانَ طَلَاقًا۔

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اختیار دیا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی عورتوں کو کیا وہ طلاق تھا۔

۳۲۰۸- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ إِسْمَاعِيْلَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا۔

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اختیار

---

ف ۱: حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرہ نے دیکھا کہ لوگ آسودہ ہوتے جارہے ہیں تو ہم بھی آسودہ ہوں بعضوں نے بول چال کی حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے قسم کھائی کہ ایک مہینہ گھر میں نہ جاویں پھر مہینے کے بعد یہ آیت اتری۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم گھر میں آئے اوّل حضرت عائشہؓ سے کہا انھوں نے اللہ اور رسول کی مرضی اختیار کی پھر اسی طرح سب نے کہا۔ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے یہاں ہمیشہ فقر و فاقہ تھا اپنے اختیار سے جو آتا تھا شتاب اٹھا ڈالتے تھے پھر قرض لینا پڑتا۔

ف ۲: یعنی صرف اختیار دینے سے عورت کو طلاق نہیں دینی پڑتی البتہ اگر عورت اپنے تئیں اختیار کرے تو طلاق دینا پڑ جاتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



دیا ہم کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم نے اختیار کر لیا آپ کو تو نہ ہُوا وہ اختیار دینا طلاق۔

---

۳۲۰۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَفِظْنَاهُ مِنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ مَا مَاتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اُحِلَّ لَهُ النِّسَاءُ۔

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حلال ہو گئیں عورتیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے جب آپ نے وفات پائی۔

---

۳۲۱۰- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِشَامٍ وَهُوَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سَلَمَةَ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَحَلَّ اللّٰهُ لَهُ اَنْ يَتَزَوَّجَ مِنَ النِّسَاءِ مَا شَاءَ۔

بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے حلال کی تھی اللہ تعالےٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے پہلے یہ بات کہ نکاح کر لیں جس عورت سے چاہیں (پہلے اللہ تعالےٰ نے قرآن میں حکم اتارا کہ اب تم کو زیادہ عورتیں کرنا درست نہیں نہ ان عورتوں کے بدلے اور عورتیں پھر حضرت عائشہ کہتی ہیں کہ یہ حکم منسوخ ہو گیا اور آپ کو اجازت ہو گئی کہ جتنی عورتیں چاہیں نکاح میں لاویں۔

## بَابُ ۱۶۱۴ اَلْحَثُّ عَلَى النِّكَاحِ

## نکاح پر رغبت دلانے کا بیان

۳۲۱۱- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَهُوَ عِنْدَ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ عُثْمَانُ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى فِتْيَةٍ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَلَمْ اَفْهَمْ فِتْيَةً كَمَا اَرَدْتُ فَقَالَ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ ذَا طَوْلٍ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهُ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَا فَالصَّوْمُ لَهُ وِجَاءٌ۔

حضرت علقمہ سے روایت ہے کہ تھا میں ابن مسعود کے ساتھ اور وہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نزدیک تھے حضرت عثمان رضؓ فرمانے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جوانوں کے پاس آئے اور فرمایا جو شخص تم سے طاقت رکھتا ہو (جورو کو کھانے پلانے کی) تو وہ نکاح کرے کیونکہ نکاح کرنے سے نگاہ نیچی رہتی ہے (یعنی بیگانی عورتوں پر نہیں پڑتی) اور شرمگاہ کی حفاظت ہوتی ہے (زنا سے) اور جو شخص اتنا مقدور نہ رکھے (یعنی مفلس ہو) وہ روزے رکھے۔ روزہ اس کو خصی بنا دے گا (یعنی شہوت کو مٹا دیگا۔

۳۲۱۲- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ اَنَّ عُثْمَانَ قَالَ لِابْنِ مَسْعُوْدٍ

حضرت علقمہ سے روایت ہے کہا ابن مسعودؓ کو حضرت عثمانؓ رضی اللہ عنہ نے اگر تم کو خواہش ہو کسی جوان عورت کی تو نکاح کرا دوں میں تمہارا اسکے

www.sirat-e-mustaqeem.com



هَلْ لَكَ فِي فَتَاةٍ أُزَوِّجُكَهَا فَدَعَا عَبْدُ اللّٰهِ عَلْقَمَةَ فَحَدَّثَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اسْتَطَاعَ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَصُمْ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ۔

ساتھ پھر بلایا عبد اللہ بن مسعودؓ نے علقمہ کو اور سنائی اس کو حدیث کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو طاقت ہو اس کو نکاح کرنا چاہیے اس لیے کہ نکاح نیچی کرا دیتا ہے انسان کی نگاہ کو اور بچاتا ہے زنا سے اور جس کو طاقت نہ ہو تو اس کو روزہ رکھنا چاہیے کیونکہ روزہ اسکے حق میں وجا کی مانند ہے وجاء کے معنی خصیہ کچلنا یعنی خصی کرنا۔

---

۳۲۱۳۔ أَخْبَرَنِي هٰرُونُ بْنُ إِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ الْكُوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ وَالْأَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْأَسْوَدُ فِي هٰذَا الْحَدِيثِ لَيْسَ بِمَحْفُوظٍ۔

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا ہم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم لوگوں میں جس کو طاقت ہے اس کو چاہیے کہ نکاح کر لے اور جس کو طاقت نہیں وہ روزے اختیار کر لے کیونکہ روزہ مجرد آدمی کے حق میں ایسا ہے جیسا کسی کے خصیے کچل دیے جائیں۔

---

۳۲۱۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَنْكِحْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَا فَلْيَصُمْ فَإِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ۔

حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اے جوانوں کی جماعت تم کو نکاح کر لینا چاہیے۔ اگر تم کو طاقت ہے اس لیے کہ نکاح محفوظ رکھتا ہے آنکھوں کو بدنظری سے اور مرد اور عورت کے مکان خاص کو بدکاری سے اور جس کو طاقت نہیں تو اس کو چاہیے کہ روزہ رکھا کرے کیونکہ اس کے واسطے روزہ وجاء ہے یعنی اس کی شہوت کا توڑ ہے۔

۳۲۱۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

ترجمہ اس کا اور اوپر کی حدیث کا ایک ہی ہے اور عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کو بھی اوپر کی حدیث کی مانند بیان کیا ہے۔

---

۳۲۱۶۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت علقمہ سے روایت ہے کہ تھا

www.sirat-e-mustaqeem.com



اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ عَبْدِ اللّٰهِ بِمِنًى فَلَقِيَهُ عُثْمَانُ فَقَامَ مَعَهُ يُحَدِّثُهُ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَلَا اُزَوِّجُكَ جَارِيَةً شَابَّةً فَلَعَلَّهَا اَنْ تُذَكِّرَكَ بَعْضَ مَا مَضٰى مِنْكَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَمَا لَئِنْ قُلْتَ ذَالِكَ لَقَدْ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ۔

میں منیٰ میں عبداللہؓ کے ساتھ وہاں ملاقات ہوئی حضرت عثمانؓ سے عبداللہ ٹھہر گئے ان سے باتیں کرنے لگے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کہنے لگے اے ابا عبدالرحمٰن میں نکاح کرا دوں تیرا ایک جوان لڑکی سے امید ہے کہ وہ یاد دلا دے تجھ کو تیرے دن گورے ہوئے یعنی جوانی کے مزے پھر اٹھا دے عبداللہ بولے آپ مجھ کو یہ بات آج کہتے ہو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم کو پہلے ہی یہ بات یوں فرمائی تھی اے جماعت نوجوانوں کی تم میں سے جس کو طاقت ہے اس کو چاہیے نکاح کر لینا۔

---

## بَابُ ۱۲۱۵ النَّهْيِ عَنِ التَّبَتُّلِ

## باب مجرد رہنے سے منع کرنے کے بیان میں

۳۲۱۷- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ لَقَدْ رَدَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُثْمَانَ التَّبَتُّلَ وَلَوْ اَذِنَ لَهُ لَاخْتَصَيْنَا۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اجازت نہ دی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون کو مجرد رہنے کی اگر اجازت دیتے اس کو تو ہم خصی ہو جاتے۔ ف۱

---

۳۲۱۸- اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّبَتُّلِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجرد رہنے سے۔

---

۳۲۱۹- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنِ التَّبَتُّلِ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَتَادَةُ اَثْبَتُ وَاَحْفَظُ مِنْ اَشْعَثَ وَحَدِيْثُ اَشْعَثَ اَشْبَهُ بِالصَّوَابِ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

---

۳۲۲۰- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ ابْنِ

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم

---

ف۱: یعنی خوب مجرد رہتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي رَجُلٌ شَابٌّ قَدْ خَشِيتُ عَلَى نَفْسِي الْعَنَتَ وَلَا أَجِدُ طَوْلًا أَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ أَفَأَخْتَصِي فَأَعْرَضَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَالَ ثَلَاثًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ جَفَّ الْقَلَمُ بِمَا أَنْتَ لَاقٍ فَاخْتَصِ عَلَى ذَلِكَ أَوْ دَعْ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَوْزَاعِيُّ لَمْ يَسْمَعْ هَذَا الْحَدِيثَ مِنَ الزُّهْرِيِّ وَهَذَا حَدِيثٌ صَحِيحٌ قَدْ رَوَاهُ يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ۔

سے کہ میں جوان آدمی ہوں یا رسول اللہ ڈرتا ہوں گناہ میں پڑ جانے سے اور مجھ میں اتنی وسعت اور فراخی نہیں کہ نکاح کر لوں کوئی عورت اجازت ہو تو خصی ہو جاؤں آپ نے کچھ التفات نہ فرمایا یہاں تک کہ تین بار کہا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اے ابو ہریرہ قلم لکھ کر سوکھ گیا جو کچھ تیرے آگے آنے والا ہے اب اس پر تو خصی ہو جا یا نہ ہو۔ ف۔

---

٣٢٢١- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْخَلَنْجِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ بْنُ نَافِعٍ الْمَازِنِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي الْحَسَنُ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ أَنَّهُ دَخَلَ عَلَى أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ قَالَ قُلْتُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَسْأَلَكِ عَنِ التَّبَتُّلِ فَمَا تَرَيْنَ فِيهِ قَالَتْ فَلَا تَفْعَلْ أَمَا سَمِعْتَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ ﴿وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا رُسُلًا مِنْ قَبْلِكَ وَجَعَلْنَا لَهُمْ أَزْوَاجًا وَذُرِّيَّةً﴾ فَلَا تَتَبَتَّلْ۔

حضرت سعد بن ہشام سے روایت ہے جب وہ گئے سب مسلمانوں کی ماں کے یہاں یعنی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ میں چاہتا ہوں آپ سے سوال کروں وہ یہ ہے کہ مجرد رہنا اور کبھی نکاح نہ کرنا۔ آپ کو کیسا نظر آتا ہے یعنی آپ اس کو بھلی بات سمجھتی ہیں یا کیسے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہرگز ایسا کام نہ کرنا کیا تو نے نہیں سنا جو اللہ عزوجل نے قرآن مجید میں فرمایا ہے یعنی یہ آیت: وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ الخ یعنی ہم نے بھیجے تجھ سے پہلے رسول جن کو دی تھی ہم نے عورتیں اور اولاد یہ آیت پڑھ کر حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تو ہرگز تبتل نہ اختیار کرنا اے سعد۔

---

٣٢٢٢- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَعْضُهُمْ لَا أَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا آكُلُ اللَّحْمَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا أَنَامُ عَلَى فِرَاشٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ أَصُومُ فَلَا أُفْطِرُ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں میں سے بعضے لوگ یوں کہنے لگے کہ ہم نکاح نہ کریں گے اور کچھ لوگ یوں کہنے لگے کہ ہم گوشت نہ کھاویں گے اور فرش پر نہ سوئیں گے اور کتنے یوں کہنے لگے کہ ہم روزہ رکھ کر افطار نہ کریں گے یعنی ہمیشہ روزہ رکھیں گے کوئی دن بے روزہ نہ رہیں گے یہ خبر پہنچی

---

ف: یعنی جو کچھ تیرے آگے آنے والا ہے وہ لکھ چکی اور قلم خشک ہوا یعنی "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَقُوْلُوْنَ كَذَا وَكَذَا لٰكِنِّيْ أُصَلِّيْ وَاَنَامُ وَاَصُوْمُ وَاُفْطِرُ وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو آپ نے اللہ تعالےٰ کی حمد و ثنا کرکے فرمایا کیا حال ہے لوگوں کا جو ایسی ایسی باتیں کرتے ہیں اور میں تو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سو بھی جاتا ہوں اور روزہ رکھ کر افطار بھی کرتا ہوں اور عورتوں کو اپنے نکاح میں لاتا ہوں اور پھر جو کوئی کراہت کرے میری چال سے وہ شخص ہم میں سے نہیں۔

## بَابُ ۱۶۱۶ مَعُوْنَةِ اللّٰهِ النَّاكِحَ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ

## باب اس بات کے بیان میں جو کوئی نکاح کرے گناہ سے بچنے کے لیے اس کا اللہ تعالےٰ مددگار ہے

۳۲۲۳- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثَةٌ حَقٌّ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَوْنُهُمْ اَلْمُكَاتَبُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْاَدَاءَ وَالنَّاكِحُ الَّذِيْ يُرِيْدُ الْعَفَافَ وَالْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخصوں کی مدد کرنا اللہ تعالےٰ نے اپنی ذات مبارک پر ضروری اور ایک حق ٹھیرایا ہے ایک تو مکاتب ہے وہ مکاتب جس کا ارادہ بدل کتابت کے ادا کرنے کا ہو دوسرا نکاح کرنے والا اس ارادے سے کر گناہ سے بچے۔ اور پاکدامن رہے اور تیسرا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا۔

## بَابُ ۱۶۱۷ نِكَاحِ الْاَبْكَارِ

## کنواری عورت کو نکاح میں لانے کے فائدے کا بیان

۳۲۲۴- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمْرٍو عَنْ جَابِرٍ قَالَ تَزَوَّجْتُ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَتَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا فَقُلْتُ ثَيِّبًا قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نکاح کیا میں نے پھر آیا میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا کیا نکاح کیا ہے تو نے اے جابرؓ میں نے کہا ہاں آپ نے کہا کنواری سے یا بیوہ سے میں نے کہا بیوہ سے۔ آپ نے فرمایا کنواری کیوں نہ کی کہ کھیلتا تو اس سے اور وہ کھیلتی تجھ سے۔

۳۲۲۵- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ وَهُوَ ابْنُ حَبِيْبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ملاقات ہوئی میری رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ آپ نے فرمایا تم

اب کچھ زیادہ کم نہ لکھا جائے گا پھر اگر تیری قسمت میں اولاد ہے تو ضرور ہوگی خصی ہونے سے کیا فائدہ ؟ ۱۲ مد حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَقِيَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا جَابِرُ هَلْ أَصَبْتَ امْرَأَةً بَعْدِيْ قُلْتُ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ أَبِكْرًا أَمْ أَيِّمًا قُلْتُ أَيِّمًا قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُكَ۔

جو رو والے ہوئے اسے جابرؓ کہا اسے بعد کہا میں نے جی ہاں آپ نے فرمایا کنواری کو کیا یا بیوہ کو جابرؓ بولے بیوہ کو کیا آپ نے فرمایا کنواری کیوں نہ کی جو کھیل کھلاتی تجھ کو۔

---

## بَابُ ۱۶۱۸ تَزَوُّجِ الْمَرْأَةِ مِثْلَهَا فِي السِّنِّ

## عورت کا نکاح کرنا اسکے ہم عمر سے چاہیے۔

۳۲۲۶- أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوْسَى عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ خَطَبَ أَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا فَاطِمَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا صَغِيْرَةٌ فَخَطَبَهَا عَلِيٌّ فَزَوَّجَهَا مِنْهُ۔

حضرت عبداللہ بن بریدہ سے روایت ہے وہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں پیام دیا ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو فاطمہ رضی اللہ عنہا کے لیے آپ نے فرمایا کہ وہ ابھی چھوٹی ہے پھر پیام دیا حضرت علیؓ نے آپ نے ان کے ساتھ نکاح کر دیا فاطمہ کا۔ ف

## بَابُ ۱۶۱۹ تَزَوُّجِ الْمَوْلَى الْعَرَبِيَّةَ

## بیان نکاح کرنا غلام کا آزاد عورت کے ساتھ

۳۲۲۷- أَخْبَرَنَا كَثِيْرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ طَلَّقَ وَهُوَ غُلَامٌ شَابٌّ فِيْ إِمَارَةِ مَرْوَانَ ابْنَةَ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ وَأُمُّهَا بِنْتُ قَيْسٍ الْبَتَّةَ فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهَا خَالَتُهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ تَأْمُرُهَا بِالْاِنْتِقَالِ مِنْ بَيْتِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو وَسَمِعَ بِذٰلِكَ مَرْوَانُ فَأَرْسَلَ إِلَى ابْنَةِ سَعِيْدٍ فَأَمَرَهَا أَنْ تَرْجِعَ إِلَى مَسْكَنِهَا وَسَأَلَهَا مَا حَمَلَهَا عَلَى الْاِنْتِقَالِ مِنْ قَبْلِ أَنْ تَعْتَدَّ فِيْ مَسْكَنِهَا حَتّٰى تَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا فَأَرْسَلَتْ إِلَيْهِ تُخْبِرُهُ أَنَّ خَالَتَهَا أَمَرَتْهَا بِذٰلِكَ فَزَعَمَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ أَبِيْ عَمْرِو بْنِ حَفْصٍ فَلَمَّا أَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن عتبہ سے روایت ہے کہ عبداللہ بن عمرو بن عثمانؓ نے طلاق دی سعید بن زیدؓ کی لڑکی کو اور حالانکہ یہ عبداللہ جوان آدمی تھا اور ان دنوں حکومت مروان کی تھی اور طلاق البتہ ایسی طلاق جس میں عورت کا کچھ علاقہ باقی نہ رہے اس کو دی تھی پھر اس عورت کی خالہ نے جس کا نام فاطمہ تھا اس کو کہلا بھیجا کہ تو عبداللہ بن عمرو کے گھر میں مت رہ وہاں سے چلی جا پھر سنی یہ بات مروان نے اور حکم کیا اس کو کہ پھر وہیں جا کر رہے جہاں سے نکل کر آئی ہے اور اس کا سبب پوچھا کہ وہاں سے کاہے کو نکل کر آئی ہے اور عدت اپنے گھر کیوں نہ پوری کی اس عورت نے مروان کو کہلا بھیجا کہ میں اپنی خالہ کے کہنے سے نکل آئی تھی پھر اس کی خالہ قیس کی بیٹی فاطمہ نامی نے یوں بیان کیا کہ میں عمرو بن حفص کے نکاح میں تھی پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

ف اس سے معلوم ہوا کہ چھوٹی فرمانے سے آپکی غرض یہ تھی کہ ان دونوں صاحبوں کی عمر بہت بڑی تھی اور حضرت فاطمہؓ کی عمر ان سے کہیں چھوٹی تھی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهُ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا بِتَطْلِيْقَةٍ هِيَ بَقِيَّةُ طَلَاقِهَا وَاَمَرَ لَهَا الْحٰرِثَ بْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ بِنَفَقَتِهَا فَاَرْسَلَتْ زَعَمَتْ اِلَى الْحٰرِثِ وَعَيَّاشٍ تَسْاَلُهُمَا الَّذِيْ اَمَرَ لَهَا بِهِ زَوْجُهَا فَقَالَا وَاللّٰهِ مَا لَهَا عِنْدَنَا نَفَقَةٌ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ حَامِلًا وَمَا لَهَا اَنْ تَكُوْنَ فِيْ مَسْكَنِنَا اِلَّا بِاِذْنِنَا فَزَعَمَتْ اَنَّهَا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَصَدَّقَهُمَا قَالَتْ فَاطِمَةُ فَاَيْنَ اَنْتَقِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ انْتَقِلِيْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى الَّذِيْ سَمَّاهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِيْ كِتَابِهِ قَالَتْ فَاطِمَةُ فَاعْتَدَدْتُ عِنْدَهُ وَكَانَ رَجُلًا قَدْ ذَهَبَ بَصَرُهُ فَكُنْتُ اَضَعُ ثِيَابِيْ عِنْدَهُ حَتّٰى اَنْكَحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا مَرْوَانُ وَقَالَ لَمْ اَسْمَعْ هٰذَا الْحَدِيْثَ مِنْ اَحَدٍ قَبْلَكِ وَسَاٰخُذُ بِالْقَضِيَّةِ الَّتِيْ وَجَدْنَا النَّاسَ عَلَيْهَا مُخْتَصَرٌ۔

نے حضرت علیؓ بن ابی طالب کو یمن کا امیر بنا کر روانہ کیا میرا خاوند بھی ان کے ساتھ گیا پھر جو طلاق کہ باقی رہی تھی تین طلاقوں میں سے وہاں جا کر مجھ کو کہلا بھیجی اور مجھ کو نفقہ دینے کے لیے حارث بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ سے کہہ دیا میں نے ان دونوں سے پچھوا بھیجا کہ میرے خاوند نے میرے لیے کیا حکم کیا ہے انھوں نے کہا کہ اس کو نفقہ یعنی خرچ نہ ملیگا۔ ہاں اگر حاملہ ہوگی تو اس کو خرچ دیں گے اور یہ بھی کہا کہ اس کو ہمارے گھر میں رہنا بغیر ہماری اجازت کے درست نہیں پھر فاطمہ کہنے لگی کہ میں رسول اللہؐ کی خدمت میں آئی اور یہ ماجرا ذکر کیا آپ نے فرمایا کہ وہ دونوں سچ کہتے ہیں پھر میں نے کہا یا رسول اللہؐ میں کہاں چلی جاؤں آپ نے فرمایا کہ تو ابن مکتوم اندھے کے یہاں جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کیا ہے جا کر رہ میں نے عدت پوری کی ان کے نزدیک اور میں اپنے کپڑے اتار دیتی تھی ان کے یہاں کیونکہ وہ آنکھوں سے معذور تھے پھر نکاح کر دیا اس کا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسامہ بن زیدؓ کے ساتھ (جو غلام کے بیٹے تھے) انکار کیا مروان نے اس بات کا اور کہا ہم نے پہلے یہ حدیث کسی سے نہیں سنی اور ہم عمل کریں گے اسی طریق پر جس پر لوگوں کو عمل کرتے دیکھا (یہ روایت مختصر ہے۔) ف

۳۲۲۸- اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ابوحذیفہؓ عتبہ کے بیٹے نے متبنی کیا سالم کو جو غلام آزاد تھا کسی انصاری عورت کا اور ابوحذیفہ وہ شخص ہے جو حاضر تھا بدر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھر ابوحذیفہ نے اس سالم کا نکاح کر دیا اپنی بھتیجی ہند نامی ولید بن عتبہ

ف: کیونکہ جس طلاق میں رجوع کی صورت باقی نہ رہے اس میں نفقہ یعنی کھانا کپڑا دینا نہیں پڑتا اور اس مسئلہ میں اختلاف بھی ہے اور یہاں اس حدیث سے غرض یہ ہے کہ فاطمہ بنت قیس کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اسامہ بن زید کے ساتھ نکاح کر دیا حالانکہ اسامہ بن زید آزاد کیے ہوئے غلام کے بیٹے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَنَّى سَالِمًا وَأَنْكَحَهُ ابْنَةَ أَخِيهِ هِنْدَ بِنْتَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ وَهُوَ مَوْلًى لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ كَمَا تَبَنَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا وَكَانَ مَنْ تَبَنَّى رَجُلًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ دَعَاهُ النَّاسُ ابْنَهُ فَوَرِثَ مِنْ مِيرَاثِهِ حَتَّى أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ فَإِنْ لَمْ تَعْلَمُوا آبَاءَهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ فِي الدِّينِ وَمَوَالِيكُمْ فَمَنْ لَمْ يُعْلَمْ لَهُ أَبٌ كَانَ مَوْلًى وَأَخًا فِي الدِّينِ مُخْتَصَرٌ۔

کی بیٹی سے اور اسی طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زید کو بیٹا بنایا تھا اور جاہلیت کے زمانے میں دستور تھا کہ متبنیٰ کرنے والے کو اس لڑکے کا باپ کہا کرتے تھے اور وہ لڑکا وارث ہُوا کرتا تھا اس کی میراث کا یوں ہی دستور رہا بہت مدت تک پھر اتاری یہ آیت اللہ عزت اور بزرگی والے نے اس باب میں: ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ۔

یعنی پکارو لے پالکوں کو ان کے باپ کا کرکے یہی پورا انصاف ہے اللہ کے ہاں پھر اگر نہ جانتے ہو ان کے باپ کو تو تمہارے بھائی ہیں دین میں اور رفیق ہیں الغرض جن کا باپ معلوم نہ ہو تو وہ دین کے بھائی ہیں اور رفیق۔ ف

---

۳۲۲۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ قَالَ قَالَ يَحْيَى يَعْنِي ابْنَ سَعِيدٍ وَأَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ وَابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ بْنَ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسٍ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَبَنَّى سَالِمًا وَهُوَ مَوْلًى لِامْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ كَمَا تَبَنَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَأَنْكَحَ أَبُو حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ سَالِمًا ابْنَةَ أَخِيهِ هِنْدَ ابْنَةَ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَكَانَتْ هِنْدُ بِنْتُ الْوَلِيدِ بْنِ عُتْبَةَ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ مِنْ أَفْضَلِ أَيَامَى قُرَيْشٍ فَلَمَّا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ هُوَ أَقْسَطُ عِنْدَ اللَّهِ رُدَّ كُلُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ابوحذیفہ بن عتبہ وہ شخص ہے جو حاضر تھا بدر میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس نے لے پالک کیا تھا سالم کو جو غلام تھا ایک انصاری عورت کا جیسا کہ لے پالک کیا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ کو اور ابوحذیفہ نے سالم کا نکاح کر دیا تھا اپنی بھتیجی ہند نامی کا ولید کے بیٹے سے اور ہند وہ عورت تھی جس نے اول زمانے میں ہجرت کی تھی اور اس وقت میں وہ سب بیواؤں قریشیوں سے افضل تھی پھر جب اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت زید بن حارثہ کے مقدمہ میں: ادْعُوهُمْ لِآبَائِهِمْ

یعنی پکارو لے پالکوں کو ان کے باپ کا کرکے یہی پورا انصاف ہے اللہ کے ہاں پھر ہر ایک لے پالک کو نسبت کرنے لگے ان کے باپوں کی طرف اور اگر معلوم نہ ہوتا کسی کا باپ تو ان کو لگاتے ان کے مولاؤں کی طرف۔

---

ف: یہاں اس حدیث سے غرض یہ ہے کہ سالم کا نکاح عرب کی لڑکی سے ہوا اور حالانکہ سالم عرب کے شریفوں میں سے نہیں تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَحَدٍ يَنْتَمِي مِنْ أُولٰئِكَ إِلٰى أَبِيهِ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ يُعْلَمُ أَبُوهُ رُدَّ إِلٰى مَوَالِيهِ -

## بَابُ ۱۶۲۰ الْحَسَبُ

## حسب کا بیان

۳۲۳۰- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو تُمَيْلَةَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَحْسَابَ أَهْلِ الدُّنْيَا الَّذِي يَذْهَبُونَ إِلَيْهِ الْمَالُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا داروں کا حسب جس کی طرف وہ دوڑتے ہیں مال ہے۔ (یعنی مالداری اور تونگری کو حسب سمجھتے ہیں حالانکہ حسب ان عمدہ عادات اور اخلاق کو کہتے ہیں جو پشت در پشت چلے آتے ہوں اگرچہ روپیہ پیسہ نہ ہو)

## بَابُ ۱۶۲۱ عَلٰى مَا تُنْكَحُ الْمَرْأَةُ

## عورت میں کیا بات دیکھ کر نکاح کیا جائے

۳۲۳۱- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَأَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَزَوَّجْتَ يَا جَابِرُ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكْرًا أَمْ ثَيِّبًا قَالَ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبًا قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ كُنَّ لِي أَخَوَاتٌ فَخَشِيتُ أَنْ تَدْخُلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُنَّ قَالَ فَذَاكَ إِذًا إِنَّ الْمَرْأَةَ تُنْكَحُ عَلٰى دِينِهَا وَمَالِهَا وَجَمَالِهَا فَعَلَيْكَ بِذَاتِ الدِّينِ تَرِبَتْ يَدَاكَ -

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نکاح کیا ایک عورت کو انھوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں۔ نکاح کرنے کے بعد ملاقات ہوئی ان کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پھر پوچھا آپ نے کیا نکاح کیا ہے تو نے اے جابر۔ میں نے کہا جی ہاں آپ نے فرمایا کنواری یا بیاہی ہوئی وہ کہتے ہیں کہ میں نے کہا بیاہی ہوئی یعنی ایک دفعہ اس کا نکاح ہو چکا ہے آپ نے فرمایا کیوں کنواری سے کا ہے کو نہ کیا جو تیرا دل بہلاتی۔ میں نے کہا یا رسول اللہ میری بہنیں ہیں ڈرا میں ایسی عورت کے لانے سے ان کے پاس آپ نے فرمایا اگر ایسی بات ہے تو اچھا کیا تو نے اور فرمایا آپ نے کہ عورت سے نکاح کرتے ہیں دین داری پر اس کی یا مالداری پر یا خوبصورتی پر اور تجھ کو دین والی کا اختیار کرنا لازم ہے تیرے ہاتھوں پر مٹی پڑے[ف۱]

## بَابُ ۱۶۲۲ كَرَاهِيَةِ تَزْوِيجِ الْعَقِيمِ

## بانجھ عورت سے نکاح کرنا مکروہ ہے

۳۲۳۲- أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

ف۱: اس لفظ سے بددعا دینا مقصود نہیں بلکہ ایک لفظ بول چال میں مستعمل ہے اور بددعا بھی ہو حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ اَنْبَانَا الْمُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّي اَصَبْتُ امْرَاَةً ذَاتَ حَسَبٍ وَ مَنْصِبٍ اِلَّا اَنَّهَا لَا تَلِدُ اَفَاَتَزَوَّجُهَا فَنَهَاهُ ثُمَّ اَتَاهُ الثَّانِيَةَ فَنَهَاهُ ثُمَّ اَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَنَهَاهُ فَقَالَ تَزَوَّجُوا الْوَلُودَ الْوَدُودَ فَاِنِّي مُكَاثِرٌ بِكُمْ۔

آیا ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ ملی مجھ کو ایک عورت شریف اور مرتبہ والی لیکن اس کو اولاد نہیں ہوتی کیا میں نکاح کر لوں اس کے ساتھ آپ نے منع کیا اس کو پھر دوبارہ آیا پھر منع کیا اس کو پھر تیسری بار آیا پھر منع کیا اس کو اور فرمایا آپ نے کہ تم نکاح کرو ایسی عورت سے جس کو اولاد ہوئے اور مرد کی دوست عاشق کی مانند ہو کیونکہ میں تم سے امت کو بڑھاؤں گا۔

## باب ۱۶۲۳ تَزْوِيجِ الزَّانِيَةِ

## زانیہ کا نکاح میں لانا کیسا ہے

۳۲۲۳۔ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّيْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ مَرْثَدَ ابْنَ اَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيَّ وَكَانَ رَجُلًا شَدِيدًا وَ كَانَ يَحْمِلُ الْاُسَارٰى مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ قَالَ فَدَعَوْتُ رَجُلًا لِاَحْمِلَهُ وَكَانَ بِمَكَّةَ بَغِيٌّ يُقَالُ لَهَا عَنَاقُ وَ كَانَتْ صَدِيقَتَهُ خَرَجَتْ فَرَاَتْ سَوَادِي فِي ظِلِّ الْحَائِطِ فَقَالَتْ مَنْ هٰذَا مَرْثَدٌ مَرْحَبًا وَاَهْلًا يَا مَرْثَدُ انْطَلِقِ اللَّيْلَةَ فَبِتْ عِنْدَنَا فِي الرَّحْلِ قُلْتُ يَا عَنَاقُ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ الزِّنَا قَالَتْ يَا اَهْلَ الْخِيَامِ هٰذَا الدُّلْدُلُ هٰذَا الَّذِي يَحْمِلُ اُسَرَاءَكُمْ مِنْ مَكَّةَ اِلَى الْمَدِينَةِ فَسَلَكْتُ الْخَنْدَمَةَ فَطَلَبَنِي ثَمَانِيَةٌ فَجَاءُوا حَتّٰى قَامُوا عَلٰى رَاْسِي فَبَالُوا فَطَارَ بَوْلُهُمْ عَلَيَّ وَاَعْمَاهُمُ اللّٰهُ عَنِّي فَجِئْتُ اِلٰى صَاحِبِي فَحَمَلْتُهُ فَلَمَّا انْتَهَيْتُ بِهِ اِلَى الْاَرَاكِ فَكَكْتُ عَنْهُ كَبْلَهُ فَجِئْتُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَنْكِحُ عَنَاقَ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ دادا سے روایت کرتے ہیں کہ مرثد بن ابی مرثد غنوی تھا ایک سخت آدمی زورآور اور مکے سے قیدیوں کو سوار کرا کر مدینہ کی طرف لایا کرتا تھا کہا مرثد نے بلایا میں نے ایک آدمی کو اس لیے کہ سواری پر بٹھا لوں اس کو اور مکے میں ایک زانیہ عناق نامی اس کی آشنا تھی۔ مرثد کہتا ہے جب میں نکلا تو دیوار کے سایہ میں ایک سیاہی نظر پڑی یعنی آدمی کی پرچھائیں وہ بولی کون ہے یہ مرثد ہے شاباش جم جم آوے تو اے مرثد چلو آج رات کو ڈیرے میں ہمارے ساتھ سو جاؤ۔ مرثد کہتے ہیں میں نے کہا اے عناق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زنا کو حرام فرمایا ہے وہ بولی اے خیمے والو یہ دلدل حاضر ہے (دلدل ایک پرندہ ہے جو رات کو نکلتا ہے اپنا منہ چھپائے ہوئے) اٹھا لے جائیگا تمہارے قیدیوں کو مکے سے مدینہ تک یہ سن کر میں خندمہ (ایک پہاڑ ہے) کی طرف چلا۔ مرثد کہتے ہیں ہم کو آٹھ آدمی ڈھونڈتے ہوئے آئے اور میرے سر پر آ کر کھڑے ہو گئے پھر موتا انھوں نے ان کا موت میرے پر پڑا لیکن اندھا کر دیا اللہ تعالیٰ نے ان کو پھر آیا میں اپنے ساتھی کے پاس اور سوار کر لیا اسکو جب

ف: سکتی ہے اس طرح کہ اگر تو اس کے خلاف کرے گا تو تیرا کام نکارہ اور بے فائدہ ہو گا۔ ھذ حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَسَكَتَ عَنِّي فَنَزَلَتِ الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ فَدَعَانِي فَقَرَأَهَا عَلَيَّ وَقَالَ لَا تَنْكِحْهَا

آگیا میں اراک تک (نام ہے ایک موضع کا) کھول دی میں نے قید اس کی پھر آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا میں نے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں عناق سے نکاح کر لوں۔ آپ نے میری بات کا کچھ جواب نہ دیا۔ پھر اتری یہ آیت: الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ یعنی اور بدکار عورت کو بیاہ نہیں کرتا مگر مرد بدکار یا شرک کرنے والا۔ مرثد کہتے ہیں کہ بلا یا مجھ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور پڑھی یہ آیت میرے سامنے اور کہا مت نکاح کر اس سے۔ ف۔

۳۲۳۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَغَيْرُهُ عَنْ هٰرُونَ بْنِ رِئَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ وَعَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَبْدُ الْكَرِيمِ يَرْفَعُهُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَهٰرُونُ لَمْ يَرْفَعْهُ قَالَا جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عِنْدِي امْرَأَةً هِيَ مِنْ أَحَبِّ النَّاسِ إِلَيَّ وَهِيَ لَا تَمْنَعُ يَدَ لَامِسٍ قَالَ طَلِّقْهَا قَالَ لَا أَصْبِرُ عَنْهَا قَالَ اسْتَمْتِعْ بِهَا قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا الْحَدِيثُ لَيْسَ بِثَابِتٍ وَعَبْدُ الْكَرِيمِ لَيْسَ بِالْقَوِيِّ وَهٰرُونُ بْنُ رِئَابٍ أَثْبَتُ مِنْهُ وَقَدْ أَرْسَلَ الْحَدِيثَ وَهٰرُونُ ثِقَةٌ وَحَدِيثُهُ أَوْلَى بِالصَّوَابِ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الْكَرِيمِ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کہا میری ایک عورت ہے اور وہ مجھ کو سب لوگوں سے پیاری ہے اور اس میں یہ عیب ہے کہ اگر کوئی اس کو ہاتھ لگاتا ہے تو منع نہیں کرتی یعنی زنا پر راضی ہو جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا تو اس کو طلاق دیدے کہنے لگا میں اس کے بغیر صبر نہیں کر سکتا۔ آپ نے فرمایا اپنا کام نکال اس سے۔

## بَابُ ۱۶۲۲ كَرَاهِيَةِ تَزْوِيجِ الزُّنَاةِ

## مکروہ ہے نکاح کرنا زناکار عورتوں سے

۳۲۳۵۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔

ف: مرد اگر بدکار ہو تو عورت پارسا نہ بیاہ لاوے اور اگر نیک ہو تو عورت بدکار نہ لاوے دو سبب سے۔ ایک یہ کہ اس کا کفو نہیں اس کو عار ہے دوسرے یہ کہ ایک سے دوسرے کو علت نہ لگ جاوے (موضح القرآن) بعضوں نے کہا کہ یہ حکم منسوخ ہے (حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں)

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُنْكَحُ النِّسَاءُ لِاَرْبَعَةٍ لِمَالِهَا وَلِحَسَبِهَا وَلِجَمَالِهَا وَلِدِيْنِهَا فَاظْفَرْ بِذَاتِ الدِّيْنِ تَرِبَتْ يَدَاكَ۔

فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کی جاتی ہیں عورتیں چار چیزوں سے مال کے سبب سے اور شرافت خاندانی کے سبب سے اور خوبصورتی کے سبب سے اور دین کے باعث تو اپنا کام فتح کر دین والی سے تیرے ہاتھ مٹی میں ملیں۔ ف۱۔

## بَاب ۱۶۲۵ اَيُّ النِّسَآءِ خَيْرٌ

## سب عورتوں میں اچھی عورت کونسی عورت ہے

۳۲۳۶۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قِيْلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ النِّسَاءِ خَيْرٌ قَالَ الَّتِيْ تَسُرُّهُ اِذَا نَظَرَ وَتُطِيْعُهُ اِذَا اَمَرَ وَلَا تُخَالِفُهُ فِيْ نَفْسِهَا وَمَالِهَا بِمَا يَكْرَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کسی نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں میں سے کون سی عورت اچھی ہوتی ہے یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا جو اپنے خاوند کو خوش کرے۔ جب وہ دیکھے اس کی طرف اور جب وہ حکم کرے تو بجا لاوے اور خلاف نہ رکھے اس سے اپنے جی میں اور اپنے مال میں جو خاوند کو برا لگے۔

## بَاب ۱۶۲۶ اَلْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ

## نیک عورت کا ملنا کیا خوبی رکھتا ہے

۳۲۳۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَذَكَرَ آخَرَ اَنْبَاَنَا شُرَحْبِيْلُ بْنُ شَرِيْكٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الدُّنْيَا كُلَّهَا مَتَاعٌ وَخَيْرُ مَتَاعِ الدُّنْيَا الْمَرْاَةُ الصَّالِحَةُ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے دنیا ساری پونجی اور فائدہ ہے لیکن اس میں سب سے بڑھ کر فائدے اور مالیت کی چیز عورت نیک بخت ہے یعنی جس کو نیک بخت خوش اخلاق ملے اس کو سب سے بڑھ کر دنیا میں دولت ملی۔

## بَاب ۱۶۲۷ اَلْمَرْاَةُ الْغَيْرٰى

## جس عورت میں غیرت (رشک) بہت ہو

ابتدائے اسلام میں تھا اس وقت بدکار عورتوں سے نکاح حرام ہو گیا تھا بعد اس کے درست ہو گیا۔ اس آیت سے وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ اب زانیہ اگر توبہ کرے تو اس سے نکاح درست ہے۔ " حاشیہ صفحہ سابقہ"

ف۱: یعنی ان سب چیزوں میں دین داری بڑھ کر ہے تو اسی کو اختیار کر مال و دولت شرافت خوبصورتی بے دینی کے ساتھ مزہ نہیں دیتی انجام ہیں مصیبت اور تکلیف ہوتی ہے۔ دینداری سے ہمیشہ آرام ملتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۲۳۸- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَنْبَانَا النَّضْرُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا تَتَزَوَّجُ مِنْ نِسَاءِ الْاَنْصَارِ قَالَ اِنَّ فِيْهِمْ لَغَيْرَةً شَدِيْدَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا لوگوں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا ہم لوگ انصاری عورتوں سے نکاح کر لیا کریں یعنی مدینے والی عورتوں سے مکے والے لوگ نکاح کرنا چاہیں تو کر لیا کریں یا نہ، آپ نے فرمایا انصار کی عورتوں میں غیرت بہت ہے۔

## بَابُ ۱۶۲۸ اِبَاحَةِ النَّظَرِ قَبْلَ التَّزْوِيْجِ

## نکاح سے پہلے عورت کو دیکھنے کے جواز کا بیان!!

۳۲۳۹- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ وَهُوَ ابْنُ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَطَبَ رَجُلٌ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ نَظَرْتَ اِلَيْهَا قَالَ لَا فَاَمَرَهُ اَنْ يَنْظُرَ اِلَيْهَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پیغام بھیجا ایک آدمی نے مدینے والوں کے یہاں فرمایا اس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تو نے اس کو دیکھ بھی لیا ہے یا نہیں آپ نے فرمایا اس عورت کو دیکھ لے یعنی بغیر دیکھے نکاح کرنا اچھا نہیں۔

۳۲۴۰- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اَبِيْ رِزْمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ خَطَبْتُ امْرَاَةً عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَظَرْتَ اِلَيْهَا قُلْتُ لَا قَالَ فَانْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ يُؤْدَمَ بَيْنَكُمَا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پیام کیا میں نے نکاح کا ایک عورت کے ساتھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں۔ آپ نے فرمایا تو نے دیکھ بھی لیا ہے اس کو۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ دیکھ لے اس کو اس سے الفت زیادہ ہوگی تم دونوں میں۔

## بَابُ ۱۶۲۹ اَلتَّزْوِيْجُ فِيْ شَوَّالٍ

## عید کے مہینے میں نکاح کرنے کا بیان

۳۲۴۱- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اُمَيَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَوَّالٍ وَاُدْخِلْتُ عَلَيْهِ فِيْ شَوَّالٍ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تُحِبُّ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عید کے مہینے میں اور مستحب جانتی تھیں بیوی عائشہؓ لوگوں کے واسطے یہ بات یعنی عید کے مہینے میں لوگوں کو اپنی عورتوں کے نزدیک جانا چاہیے کیونکہ میرے سے بڑھ کر کوئی عورت حضرت صلی

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنْ تُدْخِلَ نِسَاءَهَا فِي شَوَّالٍ فَأَيُّ نِسَائِهِ كَانَتْ أَحْظَى عِنْدَهُ مِنِّي .

## بَابُ ۱۶۳۰ الْخِطْبَةُ فِي النِّكَاحِ

۳۲۲۴- أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ قَالَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ شَرَاحِيلَ الشَّعْبِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ وَكَانَتْ مِنَ الْمُهَاجِرَاتِ الْأُوَلِ قَالَتْ خَطَبَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي نَفَرٍ مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَخَطَبَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مَوْلَاهُ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ وَقَدْ كُنْتُ حُدِّثْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَحَبَّنِي فَلْيُحِبَّ أُسَامَةَ فَلَمَّا كَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ أَمْرِي بِيَدِكَ فَأَنْكِحْنِي مَنْ شِئْتَ فَقَالَ انْطَلِقِي إِلَى أُمِّ شَرِيكٍ وَأُمُّ شَرِيكٍ امْرَأَةٌ غَنِيَّةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ عَظِيمَةُ النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ يَنْزِلُ عَلَيْهَا الضِّيفَانُ فَقُلْتُ سَأَفْعَلُ قَالَ لَا تَفْعَلِي فَإِنَّ أُمَّ شَرِيكٍ كَثِيرَةُ الضِّيفَانِ فَإِنِّي أَكْرَهُ أَنْ يَسْقُطَ عَنْكِ خِمَارُكِ أَوْ يَنْكَشِفَ الثَّوْبُ عَنْ سَاقَيْكِ فَيَرَى الْقَوْمُ مِنْكِ بَعْضَ مَا تَكْرَهِينَ وَلَكِنِ انْتَقِلِي إِلَى ابْنِ عَمِّكِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ وَهُوَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي فِهْرٍ فَانْتَقَلْتُ إِلَيْهِ مُخْتَصَرٌ .

اللہ علیہ وسلم کے نزدیک مشرف اور زیادہ فائدہ لینے والی تھی۔

## نکاح کے واسطے پیام کرنے کا بیان

حضرت عامر بن شراحیل فاطمہ قیس کی بیٹی سے سن کر روایت کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تھی فاطمہ بنت قیس ان عورتوں میں کی جنھوں نے پہلے ہجرت کی تھی۔ فاطمہ اپنا حال عامر بن شراحیل سے بیان کرتی ہے اور کہتی ہے کہ پیام بھیجا مجھ کو عبدالرحمن بن عوف نے کئی اصحابوں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان اور پیغام کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے واسطے اسامہ بن زید کے جو غلام تھے آپ کے اور فاطمہ کہتی ہیں میں نے سُنا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جو کوئی مجھ سے محبت رکھتا ہے اس کو چاہیے اسامہ سے محبت رکھے۔ فاطمہ کہتی ہیں جب گفتگو کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرے سے میں نے کہا میں آپ کے ہاتھ میں ہوں یعنی آپ کے اختیار میں ہوں جس سے آپ چاہیں اس سے میرا نکاح کر دیجئے پھر فرمایا ام شریک کے نزدیک جا اور ام شریک ایک امیر عورت ہے انصار کے لوگوں میں یعنی مدینے والوں میں اور بہت خرچتی ہے اللہ عزت اور بزرگی والے کی راہ میں اور اترتے ہیں اس کے ہاں مہمان۔ فاطمہ قیس کی بیٹی نے کہا ایسا ہی کرتی ہوں یعنی ام شریک کے یہاں جا کر رہتی ہوں۔ آپ نے فرمایا ایسا نہ کر کیونکہ ام شریک کے مکان میں مہمانوں کی کثرت ہے شاید تیری اوڑھنی سر سے گر جاوے یا پنڈلیوں پر سے کپڑا ہٹ جاوے پھر لوگ تجھے ننگی کھلی دیکھیں گے تو تجھ کو برا معلوم ہوگا اپنے چچازاد بھائی عبداللہ بن ام مکتوم کے پاس جانا مناسب ہے اور وہ آدمی ہے فہر کے قبیلے سے (فہر نام ہے قبیلے کا) فاطمہ کہتی ہیں کہ میں جا رہی ان کے پاس اور اس حدیث میں مختصر کر کے بیان کیا ہے یعنی فاطمہ نے اپنے رہنے کا حال اس حدیث میں نہیں بیان

www.sirat-e-mustaqeem.com



کیا اور دوسری حدیث میں بیان کیا ہے۔

## بَابُ ۱۶۳۱ النَّهْيُ اَنْ يَّخْطُبَ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ
## پیام پر پیام بھیجنے کے منع ہونے کا بیان

۳۲۴۳- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطُبُ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ بَعْضٍ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نہ پیغام بھیجا کرو دوسرے کے پیغام پر۔

۳۲۴۴- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ وَسَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مُحَمَّدٌ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنَاجَشُوْا وَلَا يَبِعْ حَاضِرٌ لِبَادٍ وَلَا يَبِعِ الرَّجُلُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيْهِ وَلَا يَخْطُبْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ وَلَا تَسْاَلِ الْمَرْاَةُ طَلَاقَ اُخْتِهَا لِتَكْتَفِيَ مَا فِيْ اِنَائِهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نہ بڑھایا کرو مول دھوکا دینے کو خریدار کے اور نہ بیچے مقیم مسافر کا مال اور نہ بیچے کوئی شخص اپنے بھائی مسلمان کی بکری پر اور پیام نہ کرے اپنے بھائی مسلمان کے پیام پر اور طلاق نہ دلوا دے کوئی عورت اپنی بہن مسلمان کو یعنی اپنی سوکن کے لیے طلاق کی درخواست نہ کرے تاکہ اوندھا دے جو چیز اس کے برتن میں ہے۔ ف۔

۳۲۴۵- اَخْبَرَنِيْ هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيٰى بْنِ حَبَّانَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطُبُ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام نہ کرے کوئی اپنے بھائی مسلمان کے پیغام پر۔

۳۲۴۶- اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطُبْ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ حَتّٰى يَنْكِحَ اَوْ يَتْرُكَ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کا پیغام نہ بھیجے کوئی اپنے بھائی مسلمان کے پیغام پر یہاں تک کہ نکاح کر لے وہ یا چھوڑ دے۔

---

ف: جو چیز اس کے برتن میں ہے یعنی جو کچھ اس کے حصے میں ہے غرض یہ ہے کہ عورت مسلمان ہو کر دوسری عورت مسلمان کے لیے ایسا خیال نہ کرے کہ اگر اس کو طلاق ہو جائے گی تو میں خاوند کے ساتھ آرام چین سے رہوں گی اور اس سوکن کا جو حصہ تھا وہ بھی مجھ کو ملے گا کیونکہ ہر کسی کا حصہ اس کے ساتھ ہے اور ہر ایک کا حصہ دوسرے کو نہیں مل سکتا پھر ناحق اس کے لیے طلاق کی درخواست سے کیا فائدہ ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۲۴۷- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطُبُ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيْهِ

ترجمہ کئی بار ہو چکا ہے۔

## بَابُ ۱۶۳۲ خِطْبَةُ الرَّجُلِ اِذَا تَرَكَ الْخَاطِبُ اَوْ اَذِنَ لَهٗ

## پہلے پیغام دینے والے کی اجازت سے یا اس کے چھوڑ دینے کے بعد نکاح کا پیغام دینا چاہیے

۳۲۴۸- اَخْبَرَنِي اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَسَنِ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ سَمِعْتُ نَافِعًا يُحَدِّثُ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَقُوْلُ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَبِيْعَ بَعْضُكُمْ عَلٰى بَيْعِ بَعْضٍ وَلَا يَخْطُبُ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ الرَّجُلِ حَتّٰى يَتْرُكَ الْخَاطِبُ قَبْلَهٗ اَوْ يَاْذَنَ لَهُ الْخَاطِبُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچا کرے تم میں کوئی دوسرے کی چیز بکنے کے وقت یعنی ایک کے خریدار کو پاس والا بیوپاری نہ بلایا کرے تاکہ خلل نہ پڑے اس کے بیوپار میں اور نکاح کا پیغام نہ کرے دوسرے آدمی کے پیغام پر جب تک کہ وہ چھوڑ نہ دے یا اجازت نہ دے اس کو۔

۳۲۴۹- اَخْبَرَنِي حَاجِبُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ وَيَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَنِ الْحٰرِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ اَنَّهُمَا سَاَلَا فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ عَنْ اَمْرِهَا فَقَالَتْ طَلَّقَنِيْ زَوْجِيْ ثَلَاثًا فَكَانَ يَرْزُقُنِيْ طَعَامًا فِيْهِ شَيْءٌ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَئِنْ كَانَتْ لِيَ النَّفَقَةُ وَالسُّكْنٰى لَاَطْلُبَنَّهَا وَلَا اَقْبَلُ هٰذَا فَقَالَ الْوَكِيْلُ لَيْسَ لَكِ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةٌ قَالَتْ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةٌ فَاعْتَدِّيْ عِنْدَ فُلَانَةَ قَالَتْ وَكَانَ يَاْتِيْهَا اَصْحَابُهٗ ثُمَّ قَالَ اعْتَدِّيْ عِنْدَ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهٗ اَعْمٰى فَاِذَا حَلَلْتِ فَاٰذِنِيْنِيْ قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ اٰذَنْتُهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ خَطَبَكِ فَقُلْتُ مُعَاوِيَةُ وَرَجُلٌ اٰخَرُ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مُعَاوِيَةُ فَاِنَّهٗ غُلَامٌ مِنْ غِلْمَانِ قُرَيْشٍ لَا شَيْءَ لَهٗ وَاَمَّا الْاٰخَرُ فَاِنَّهٗ صَاحِبُ شَرٍّ لَا خَيْرَ فِيْهِ

حضرت ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن اور عبدالرحمٰن بن ثوبان دونوں سے روایت ہے۔ پوچھا ان دونوں نے فاطمہ بنت قیس سے اس کا حال پھر بیان کرنے لگی فاطمہ اپنا حال ان سے اور کہنے لگی کہ میرے خاوند نے مجھ کو تین طلاق دی تھی اور کھانے کو دیا مجھ کو کچھ اناج جو اچھا نہ تھا یعنی چھوٹا اناج جیسے جو وغیرہ فاطمہ کہتی ہیں میں نے کہا اپنے خاوند کے وکیل سے اگر مجھ کو کھانا اور ٹھکانا دینا اس پر پہنچتا ہوگا تو البتہ میں لوں گی اس سے یہ دونوں اور میں نہیں لیتی یہ اناج پھر میرے خاوند کے وکیل نے جواب دیا تجھے نہ کھانا دینا چاہیے اور نہ ٹھکانا فاطمہ کہتی ہیں میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس یہ ذکر کیا پھر آپ نے اسی طرح فرمایا یعنی کھانا اور ٹھکانا تجھ کو تیرے خاوند کی طرف سے نہیں پہنچتا چل جا تو اپنے عدت کے دن پورے کر فلانی عورت کے یہاں، فاطمہ کہتی ہیں میں نے کہا اس کے یہاں آپ کے آدمی آیا جایا کرتے ہیں۔ آپ نے فرمایا ابن ام مکتوم کے یہاں اپنی عدت کے دن گزار لے کیونکہ وہ اندھا آدمی ہے پھر آپ نے فرمایا جب تیری عدت کے دن پورے ہو جائیں مجھ سے اجازت لینا فاطمہ کہتی ہیں جب دن عدت کے پورے ہو چکے آپ نے فرمایا کس کا پیغام آیا تیرے

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَلٰكِنِ انْكِحِي أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَتْ فَكَرِهْتُهُ فَقَالَ لَهَا ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَنَكَحَتْهُ۔

پاس میں نے عرض کیا کہ معاویہؓ اور ایک اور دوسرے شخص قریشی کا آپ نے فرمایا معاویہ تو ایک لڑکا ہے قریشی لڑکوں میں کا اور اس کے پاس کچھ بھی نہیں اور رہا دوسرا آدمی وہ تو ایسا شریر ہے کہ جس کے پاس بھلائی کا نام نہیں تو اسامہؓ سے نکاح کر لے فاطمہ کہتی ہیں میرا جی گھنایا (نفرت کیا) اسامہؓ کے نام سے آپ نے تین بار یہی فرمایا وہ کہتی ہیں پھر نکاح کر لیا میں نے اُسامہؓ سے۔

## بَابُ ١٦٣٢ إِذَا اسْتَشَارَتِ الْمَرْأَةُ رَجُلًا فِيمَنْ يَخْطُبُهَا هَلْ يُخْبِرُهَا بِمَا يَعْلَمُ

٣٢٥٠- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ أَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَهَا الْبَتَّةَ وَهُوَ غَائِبٌ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا وَكِيلُهُ بِشَعِيرٍ فَسَخِطَتْهُ فَقَالَ وَاللهِ مَا لَكِ عَلَيْنَا مِنْ شَيْءٍ فَجَاءَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ فَأَمَرَهَا أَنْ تَعْتَدَّ فِي بَيْتِ أُمِّ شَرِيكٍ ثُمَّ قَالَ تِلْكَ امْرَأَةٌ يَغْشَاهَا أَصْحَابِي فَاعْتَدِّي عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ رَجُلٌ أَعْمٰى تَضَعِينَ ثِيَابَكِ فَإِذَا حَلَلْتِ فَآذِنِينِي قَالَتْ فَلَمَّا حَلَلْتُ ذَكَرْتُ لَهُ أَنَّ مُعَاوِيَةَ بْنَ أَبِي سُفْيَانَ وَأَبَا جَهْمٍ خَطَبَانِي فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَّا أَبُو جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهِ وَأَمَّا مُعَاوِيَةُ فَصُعْلُوكٌ لَا مَالَ لَهُ وَلٰكِنِ انْكِحِي أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَكَرِهْتُهُ ثُمَّ قَالَ انْكِحِي أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَنَكَحْتُهُ فَجَعَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ

## باب اس بات کے بیان میں جب پوچھے کوئی عورت پیغام بھیجنے والے کا حال تو بیان کر دینا چاہیے جو کچھ کہ معلوم ہوا

ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فاطمہ بنت قیس کو ابو عمرو بن حفصؓ نے طلاق دی اور اس کو بالکل بے تعلق کر دیا۔ اور عمرو کہیں مسافری میں تھا یعنی تین طلاق دی اس کی طرف سے اس کے وکیل نے کچھ جو بھیجے فاطمہ غصے ہوئی ان جوؤں کے بھیجنے پر پھر ابو عمرو کے وکیل نے کہا خدا کی قسم تیرا ہم پر کچھ حق نہیں پھر آئی فاطمہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا یہ ماجرا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بھی آپ نے فرمایا تجھ کو خرچ نہ ملے گا پھر فاطمہ کو حکم کیا جا اپنی عدت کے دن گزار ام شریک کے ہاں بعد اس کے یوں فرمایا ام شریک کو ہمارے اصحاب گھیرے رہتے ہیں یعنی اس کے یہاں جایا آیا کرتے ہیں تو عبداللہ بن ام مکتوم کے یہاں اپنی عدت کے دن پورے کر کیونکہ وہ اندھا آدمی ہے تو اپنے کپڑے اتارے گی تو بھی کچھ ڈر نہیں اور جب تیری عدت پوری ہو جائے تب مجھ سے اذن لیجیو، فاطمہ کہتی ہیں جب حلال ہوا مجھ کو عدت سے نکلنا یعنی پوری ہو گئی عدت اور جائز ہوا نکاح کر لینا دوسرے سے تو میں نے معاویہ اور ابوجہم کے پیغام دینے کا ذکر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کیا آپ نے فرمایا ابوجہم کے کندھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِيهِ خَيْرًا وَاغْتُبِطْتُ بِهِ۔

سے لٹھ نہیں اترتا اور معاویہ مفلس ہے اس کے پاس ایک دمڑی نہیں تو نکاح کرے اسامہ سے فاطمہ کہتی ہیں، میں گھنیائی اسامہ سے پھر فرمایا آپ نے تو اسامہ کو کر لے پھر کر لیا میں نے اسامہ کو اور اللہ تعالیٰ نے بھلائی اور برکت دی اس کے نکاح میں اور رشک کیا لوگوں نے مجھ پر۔

---

## بَابُ ١٦٣٤ إِذَا اسْتَشَارَ رَجُلٌ رَجُلًا فِي الْمَرْأَةِ هَلْ يُخْبِرُهُ بِمَا يَعْلَمُ

## جب پوچھے کوئی آدمی کسی شخص سے ایک عورت کا حال جسے نکاح کرنا منظور ہے تو کہہ دے وہ شخص جس سے دریافت کیا جاتا ہے جو کچھ جانتا ہو۔

٣٢٥١- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا نَظَرْتَ إِلَيْهَا فَإِنَّ فِي أَعْيُنِ الْأَنْصَارِ شَيْئًا قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَجَدْتُ هٰذَا الْحَدِيثَ فِي مَوْضِعٍ آخَرَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَ وَالصَّوَابُ أَبُو هُرَيْرَةَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی انصاری رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ میں عورت کرنا چاہتا ہوں آپ نے فرمایا تو نے دیکھ لیا ہے اس عورت کو کیونکہ انصاری لوگوں کی آنکھوں میں کچھ نقص ہوتا ہے ۔ف ا۔

---

٣٢٥٢- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا أَرَادَ أَنْ يَتَزَوَّجَ امْرَأَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرْ إِلَيْهَا فَإِنَّ فِي أَعْيُنِ الْأَنْصَارِ شَيْئًا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک شخص نے ایک عورت سے نکاح کرنا چاہا آپ نے فرمایا دیکھ لے اس کو اس لیے کہ انصار کی آنکھوں میں کچھ نقص ہوتا ہے۔

---

## بَابُ ١٦٣٥ عَرْضِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ عَلَى مَنْ يَرْضَى

## باب اس بات کے بیان میں پیش کرے لڑکے والا لڑکی کو اسکے روبرو جس سی کہ لڑکے والا خوش ہو۔

٣٢٥٣- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بیوہ ہوئی

ف ١: آپ نے مردوں پر عورتوں کو قیاس کیا یا بے قصد کسی عورت کو دیکھ لیا ہوگا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ تَاَيَّمَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عُمَرَ مِنْ خُنَيْسٍ يَعْنِي ابْنَ حُذَافَةَ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا فَتُوُفِّيَ بِالْمَدِيْنَةِ فَلَقِيْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ فَعَرَضْتُ عَلَيْهِ حَفْصَةَ فَقُلْتُ اِنْ شِئْتَ اَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ فَقَالَ سَاَنْظُرُ فِيْ ذٰلِكَ فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ فَلَقِيْتُهُ فَقَالَ مَا اُرِيْدُ اَنْ اَتَزَوَّجَ يَوْمِيْ هٰذَا قَالَ عُمَرُ فَلَقِيْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيْقَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقُلْتُ اِنْ شِئْتَ اَنْكَحْتُكَ حَفْصَةَ فَلَمْ يَرْجِعْ اِلَيَّ شَيْئًا فَكُنْتُ عَلَيْهِ اَوْجَدَ مِنِّيْ عَلٰى عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَلَبِثْتُ لَيَالِيَ فَخَطَبَهَا اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْكَحْتُهَا اِيَّاهُ فَلَقِيَنِيْ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ لَعَلَّكَ وَجَدْتَ عَلَيَّ حِيْنَ عَرَضْتَ عَلَيَّ حَفْصَةَ فَلَمْ اَرْجِعْ اِلَيْكَ شَيْئًا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِيْ حِيْنَ عَرَضْتَ عَلَيَّ اَنْ اَرْجِعَ اِلَيْكَ شَيْئًا اِلَّا اَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهَا وَلَمْ اَكُنْ لِاُفْشِيَ سِرَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ تَرَكَهَا نَكَحْتُهَا۔

حفصہ جو آپ کی بیٹی تھی خاوند حفصہ کا خنیس جن کا نام ابن حذافہ تھا اور ابن حذافہ صحابی تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ان صحابیوں میں سے جو بدر میں حاضر تھے وہ مر گئے مدینہ طیبہ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں ملا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے اور پیش کیا حفصہ کو ان کے سامنے اور کہا میں نے اگر تم چاہتے ہو تو نکاح کر دیتا ہوں میں تمہارا حفصہ کے ساتھ حضرت عثمان رضی کہنے لگے میں فکر کروں گا اس بات میں حضرت عمر فرماتے ہیں میں ٹھہرا رہا کئی راتیں پھر جواب دیا حضرت عثمان رضی نے میں ان دنوں نکاح کرنا نہیں چاہتا۔ پھر کہا حضرت عمر رضی نے پھر ملا میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے پھر کہا میں نے ان کو تم چاہتے ہو تو حفصہ کا نکاح تمہارے ساتھ کر دیتا ہوں پھر کچھ نہ کہا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھے رنج ہوا ان کے جواب نہ دینے پر عثمان رضی اللہ عنہ کی بات سے بھی زیادہ پھر میں کئی راتیں ٹھہرا رہا آخر پیغام کیا اس کے لیے مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میں نے نکاح کر دیا اس کا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے پھر ملاقات کی میرے سے ابوبکر رض نے اور کہنے لگے شاید تجھ کو رنج ہوا ہو گا میرے چپ رہنے پر جب تو نے حفصہ رضی اللہ عنہا کو میرے سامنے کیا تھا حضرت عمر رض نے کہا۔ حضرت ابوبکر رض فرمانے لگے جب تو نے میرے سامنے کیا اور میں نے کچھ جواب دیا اس کی وجہ یہ تھی حضرت کو میں نے حفصہ رض کا ذکر کرتے ہوئے سنا تھا اور میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا راز فاش کرنا مناسب نہ جانا اور خیال کر لیا اگر آپ اس کو نہ کریں گے تو میں نکاح کر لوں گا۔

## بَابُ ۱۶۳۶ عَرْضِ الْمَرْاَةِ نَفْسَهَا عَلٰى مَنْ تَرْضٰى

## باب ہے اس بیان میں عورت جس شخص سے راضی ہو اس آدمی سے خود نکاح کرنے کی درخواست کر سکتی ہے

۳۲۵۴- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنِيْ

حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَرْحُومُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَطَّارُ أَبُو عَبْدِ الصَّمَدِ قَالَ سَمِعْتُ ثَابِتًا الْبُنَانِيَّ يَقُولُ كُنْتُ عِنْدَ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَعِنْدَهُ ابْنَةٌ لَهُ فَقَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَضَتْ عَلَيْهِ نَفْسَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَكَ فِيَّ حَاجَةٌ ۔

بیٹھا تھا نزدیک انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے اور ان کے پاس ان کی لڑکی بھی موجود تھی انسؓ فرمانے لگے آئی ایک عورت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خود سامنے آکر کہنے لگی یا رسول اللہ آپ کو میری کچھ حاجت ہے یعنی آپ کو اگر عورت کی خواہش ہو تو مجھ سے نکاح کر لو۔

۳۲۵۵۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْحُومٌ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ امْرَأَةً عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَتِ ابْنَةُ أَنَسٍ فَقَالَتْ مَا كَانَ أَقَلَّ حَيَاءَهَا فَقَالَ أَنَسٌ هِيَ خَيْرٌ مِنْكِ عَرَضَتْ نَفْسَهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک عورت نے خود پیش کیا اپنے آپ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے یعنی نکاح کی درخواست کی جیسا کہ اوپر بیان ہوا یہ سن کر ہنسی انسؓ کی بیٹی اور کہنے لگی کیا بے شرم تھی یہ عورت انسؓ نے کہا تجھ سے بہتر تھی یہ عورت کیونکہ پیش کیا تھا اس نے اپنے تئیں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے سامنے۔

## بَابُ ۱۶۳۴ صَلَاةُ الْمَرْأَةِ إِذْ خُطِبَتْ وَاسْتِخَارَتُهَا رَبَّهَا

## جب پیغام آئے کسی عورت کو نکاح کا تو نماز پڑھے اور استخارہ کرے اپنے رب سے

۳۲۵۶۔ أَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ لَمَّا انْقَضَتْ عِدَّةُ زَيْنَبَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِزَيْدٍ اذْكُرْهَا عَلَيَّ قَالَ زَيْدٌ فَانْطَلَقْتُ فَقُلْتُ يَا زَيْنَبُ أَبْشِرِي أَرْسَلَنِي إِلَيْكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُكِ فَقَالَتْ مَا أَنَا بِصَانِعَةٍ شَيْئًا حَتَّى أَسْتَأْمِرَ رَبِّي فَقَامَتْ إِلَى مَسْجِدِهَا وَنَزَلَ الْقُرْآنُ وَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بِغَيْرِ أَمْرٍ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب پوری ہوئی عدت زینب کی فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے زید کو جا ذکر کر زینب کے پاس میرا زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے جا کر کہا زینب سے خوشی کر تو اے زینب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہے مجھ کو تیرے پاس آپ ذکر کرتے تھے تیرا زینب بولی میں ابھی کچھ نہ کروں گی یہاں تک کہ میں حکم لے لوں اپنے رب کا یہ کہہ کھڑی ہوئی اپنی مسجد میں اور اترا قرآن پھر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی بے اجازت چلے آئے گھر میں اس لیے کہ قرآن میں اللہ نے یوں اتارا ہم نے تیرا نکاح کر دیا زینب سے پھر جب نکاح ہو گیا تو آپ کو پھر اجازت کی کیا ضرورت تھی۔

۳۲۵۷۔ أَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ طَهْمَانَ أَبُو بَكْرٍ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ كَانَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ جَحْشٍ تَفْخَرُ عَلَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فخر کرتی تھی زینب جحش کی بیٹی سب عورتوں پر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اور کہتی تھی میرا نکاح اللہ بزرگی اور عزت والے نے آسمان

www.sirat-e-mustaqeem.com



نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُوْلُ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ أَنْكَحَنِيْ مِنَ السَّمَاءِ وَفِيْهَا نَزَلَتْ آيَةُ الْحِجَابِ۔

پر کیا اور زینب کے مقدمہ میں اتری پردے کی آیت۔

## بَابُ ۶۳۸ كَيْفَ الْاِسْتِخَارَةُ

۳۲۵۸۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي الْمَوَالِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ فِي الْاُمُوْرِ كُلِّهَا كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّوْرَةَ مِنَ الْقُرْاٰنِ يَقُوْلُ إِذَا هَمَّ اَحَدُكُمْ بِالْاَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيْضَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَعِيْنُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ قَالَ فِيْ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ اَوْ قَالَ فِيْ عَاجِلِ اَمْرِيْ وَاٰجِلِهٖ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ قَالَ وَيُسَمِّيْ حَاجَتَهٗ۔

## استخارہ کیسے کرتے ہیں

حضرت جابر عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ہم کو سکھاتے تھے استخارہ ہر کام کے لیے جیسے سکھایا کرتے تھے سورہ قرآن کی یعنی جیسا اہتمام قرآن کے سکھانے میں کرتے تھے ویسا ہی استخارہ کے سکھانے میں بھی کوشش کرتے تھے اور یوں فرماتے تھے جب کسی کو کوئی کام آپڑے تو اوّل دو رکعت نفل پڑھے پھر دعا کرے اے اللہ میں خیر اور بھلائی مانگتا ہوں تجھ سے تیرے علم کی برکت سے اور مدد چاہتا ہوں تیری قدرت سے اور چاہتا ہوں تیرا بہت بڑا فضل اور کرم کیونکہ تو زبردست اور سکت والا ہے اور میں عاجز اور بے سکت ہوں اور تو جانتا ہے اور بہت جانتا ہے تجھ کو خوب معلوم ہیں غیب کے حال اے اللہ میرے اگر تو جانتا ہے یہ کام خیر ہے اور بہتر ہے میرے لیے دین اور دنیا میں اور نیک ہوگا اس کام کا اخیر اور انجام میرے لیے۔ راوی کہتا ہے فی دینی ومعاشی فرمایا یا عاجل امری وآجلہ فرمایا یعنی راوی کو شک ہوا غرض معنی دونوں کے قریب قریب ہیں عاجلہ سے مراد فی الحال اور آجلہ سے مراد اخیر اس کام کا غرض دونوں لفظوں میں سے کوئی سا پڑھ لے پھر کہے میرے قبضے میں کر اس کام کو اور آسان کر اس کو میرے لیے اور مبارک کر اس کام کو میرے واسطے اور اگر تو جانتا ہے یہ کام میرے واسطے برا ہے اور نقصان ہے میرے دین دنیا کا اس میں اور برا ہوگا اس کا انجام میرے حق میں تو ہٹا دے اس کام کو مجھ سے اور ہٹا دے مجھ کو اس کام سے یعنی نہ پورا کر اس کو اور صبر عنایت کر مجھ کو اور بھلا کر میرا جہاں سے ہو سکے۔

اور خوش کر میرا دل اسی کے ساتھ اور فرمایا آپ نے کہ نام لے حاجت مند اپنی حاجت کا۔ ف۔

## بَابُ ۱۶۲۹ اِنْكَاحِ الْاِبْنِ اُمَّهُ

۳۲۵۹۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ حَدَّثَنِي ابْنُ عُمَرَ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ لَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا بَعَثَ اِلَيْهَا اَبُوْ بَكْرٍ يَخْطُبُهَا عَلَيْهِ فَلَمْ تَزَوَّجْهُ فَبَعَثَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُهَا عَلَيْهِ فَقَالَتْ اَخْبِرْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنِّيْ امْرَاَةٌ غَيْرٰى وَاَنِّيْ امْرَاَةٌ مُصْبِيَةٌ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَوْلِيَائِيْ شَاهِدٌ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ ارْجِعْ اِلَيْهَا فَقُلْ لَهَا اَمَّا قَوْلُكِ اِنِّيْ امْرَاَةٌ غَيْرٰى فَسَاَدْعُو اللّٰهَ لَكِ فَيُذْهِبُ غَيْرَتَكِ وَاَمَّا قَوْلُكِ اِنِّيْ امْرَاَةٌ مُصْبِيَةٌ فَتُكْفَيْنَ صِبْيَانَكِ وَاَمَّا قَوْلُكِ اَنْ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَوْلِيَائِيْ شَاهِدٌ فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَوْلِيَائِكِ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَتْ لِابْنِهَا يَا عُمَرُ قُمْ فَزَوِّجْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَوَّجَهُ مُخْتَصَرٌ۔

## بیٹا اپنی ماں کا نکاح غیر کے ساتھ کرا سکتا ہے۔

ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب تمام ہوئی عدت ام سلمہؓ کی آیا آدمی حضرت ابوبکرؓ کا نکاح کا پیغام لے کر ان کے پاس انھوں نے قبول نہ کیا اس کو پھر آئے حضرت عمرؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے پیغام کہنے کو کہا بیبی ام سلمہ نے میں ایک عورت غیرت ہوں (یعنی بہت جلنے والی) اور ہوں میں بچوں والی اور میرے والی بھی یہاں حاضر نہیں ہیں پھر آئے حضرت عمرؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا اس بات کا آپ کے روبرو۔ آپ نے فرمایا پھر جاؤ اس کے پاس اور کہو اس سے یہ جو تم کہتی ہو کہ میں غیرتی ہوں تو اس کا جواب یہ ہے میں خدا سے دعا کروں گا وہ تیری جلن کھو دے گا اور رہے بچے تیرے تو تو کفایت کرتی ہے ان کے لیے اور یہ جو تم کہتی ہو میرے والی یہاں موجود نہیں ہیں تو اس کا جواب یہ ہے تیرے سب والی غائب ہوں یا حاضر اس بات سے برا نہ مانیں گے یہ بات سن کر حضرت ام سلمہؓ نے فرمایا اٹھ اے عمرؓ یعنی اپنے بیٹے سے کہا نکاح کر دے میرا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عمرؓ نے نکاح کر دیا اپنی ماں کا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس میں مختصر بیان ہے۔

## بَابُ ۱۶۳۰ اِنْكَاحِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ الصَّغِيْرَةَ

## کوئی آدمی چھوٹی لڑکی کا نکاح کرنا چاہے تو درست ہے۔

ف: مثلاً یوں کہے اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ هٰذَا النِّكَاحَ یا هٰذِهِ التِّجَارَةَ خَيْرًا لِّيْ غرض جو کام پیش آئے اس کا نام لیا جائے امر کے لفظ کی جگہ پھر کیونکہ امر کام کو کہتے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٢٦٠- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِنْتُ سِتٍّ وَبَنٰى بِهَا وَهِيَ بِنْتُ تِسْعٍ

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا ان سے جب وہ چھ برس کی تھیں اور خلوت ہوئی ان کے ساتھ جب وہ نو برس کی تھیں۔

٣٢٦١- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَبْعِ سِنِيْنَ وَدَخَلَ عَلَيَّ لِتِسْعِ سِنِيْنَ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نکاح کیا ان سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات برس کی عمر میں اور خلوت کی نو برس کی عمر میں۔

٣٢٦٢- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِتِسْعِ سِنِيْنَ وَصَحِبْتُهُ تِسْعًا۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نکاح کیا ان سے نو برس کی عمر میں اور وہ ساتھ رہیں آپ کے نو برس تک۔

٣٢٦٣- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْمُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ تَزَوَّجَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ بِنْتُ تِسْعٍ وَمَاتَ عَنْهَا وَهِيَ بِنْتُ ثَمَانِيَ عَشْرَةَ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب نکاح کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے وہ نو برس کی لڑکی تھیں اور وفات پائی حضرت نے جب وہ اٹھارہ برس کی تھیں۔

## بَاب ١٦٤١ اِنْكَاحِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ الْكَبِيْرَةَ

## کوئی شخص اپنی بڑی لڑکی کا نکاح کرنا چاہے تو درست ہے

٣٢٦٤- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیوہ ہوئی حفصہ عمر کی بیٹی جو زوجہ تھیں خنیس بن حذافہ کی اور تھا یہ شخص اصحابی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا فوت ہوا مدینہ طیبہ

ف: اگرچہ جب ان سے نکاح کیا تھا وہ نابالغ تھیں ان کے باپ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان کا نکاح کر دیا تھا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ باپ اپنی نابالغ لڑکی کا جس سے چاہے نکاح کر سکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



www.sirat-e-mustaqeem.com



نَزَلَ الْحِجَابُ فَلَمْ آذَنْ لَهُ فَأَتَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ ائْذَنِي لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِي الْمَرْأَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ قَالَ ائْذَنِي لَهُ تَرِبَتْ يَمِينُكِ فَإِنَّهُ عَمُّكِ۔

۳۳۲۳- أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَسْوَدِ وَإِسْحَاقُ بْنُ بَكْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ أَفْلَحُ أَخُو أَبِي الْقُعَيْسِ يَسْتَأْذِنُ فَقُلْتُ لَا آذَنُ لَهُ حَتَّى أَسْتَأْذِنَ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا جَاءَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لَهُ جَاءَ أَفْلَحُ أَخُو أَبِي الْقُعَيْسِ يَسْتَأْذِنُ فَأَبَيْتُ أَنْ آذَنَ لَهُ فَقَالَ ائْذَنِي لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ قُلْتُ إِنَّمَا أَرْضَعَتْنِي امْرَأَةُ أَبِي الْقُعَيْسِ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ قَالَ ائْذَنِي لَهُ فَإِنَّهُ عَمُّكِ۔

نبی صلے اللہ علیہ وسلم میرے یہاں میں نے پوچھا یہ مسئلہ آپ سے۔ آپ نے فرمایا اجازت دو اس کو اس واسطے کہ وہ تمہارا چچا ہے۔ میں نے کہا اے رسول اللہ کے مجھے دودھ عورت نے پلایا ہے مرد نے نہیں پلایا، پھر آپ نے فرمایا تیرے ہاتھ خاک میں پڑیں وہ تیرا چچا ہے۔

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ابوقعیس کے بھائی افلح نے اذن مانگا مجھ سے گھر میں آنے کے لیے میں نے اس کو اذن نہ دیا اور کہا کہ اجازت نہ دوں گی جب تک اجازت نہ لے لوں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے جب آئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم میں نے عرض کیا آپ کے روبرو افلح ابوقعیس کے بھائی آئے تھے اور اندر آنے کے لیے اذن مانگتے تھے میں نے انکار کیا اور ان کو گھر میں آنے نہیں دیا آپ نے فرمایا اجازت دو ان کو گھر میں آنے کی اس واسطے کہ وہ تیرے چچا ہیں میں نے عرض کیا اے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم دودھ ابی قعیس کی بیوی نے پلایا ہے مرد نے تو نہیں پلایا آپ نے فرمایا اذن دے اس کو وہ تیرا چچا ہے۔

## بَابٌ ۲۶۴ رَضَاعُ الْكَبِيرِ

## بڑی عمر میں دودھ پلانے کا بیان

۳۳۲۴- أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ نَافِعٍ يَقُولُ سَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لَأَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ عَلَيَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضِعِيهِ قُلْتُ إِنَّهُ لَذُو لِحْيَةٍ فَقَالَ أَرْضِعِيهِ يَذْهَبْ مَا فِي

حضرت عائشہؓ جو بیوی ہیں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی روایت کرتی ہیں آئی سہلہ سہیل کی بیٹی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا اے رسول اللہؐ میں پاتی ہوں ابوحذیفہ کے منہ پر غصے کا اثر سالم کے آنے سے میرے پاس۔ آپ نے فرمایا اس کو تو اپنا دودھ پلا دے اس نے عرض کیا وہ تو داڑھی والا ہے پھر آپ نے فرمایا تو دودھ پلا اس کو یہ دودھ پلانا دور کر دے گا ابوحذیفہ کے منہ پر کی چیز کو یعنی وہ غصہ ابوحذیفہ کا جاتا ہے گا سہلہ کہتی ہیں پھر ابوحذیفہ کے منہ پر وہ بات کبھی نہ دیکھی میں نے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ قَالَتْ وَاللّٰهِ مَا عَرَفْتُهُ فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ بَعْدُ۔

۳۳۲۵۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ سَمِعْنَاهُ مِنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَهُوَ ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنِّي أَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ عَلَيَّ قَالَ فَأَرْضِعِيهِ قَالَتْ وَكَيْفَ أُرْضِعُهُ وَهُوَ رَجُلٌ كَبِيرٌ فَقَالَ أَلَسْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ رَجُلٌ كَبِيرٌ ثُمَّ جَاءَتْ بَعْدُ فَقَالَتْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ نَبِيًّا مَا رَأَيْتُ فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ بَعْدُ شَيْئًا أَكْرَهُهُ۔

۳۳۲۶۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى أَبُو الْوَزِيرِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ عَنْ يَحْيَى وَرَبِيعَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةَ أَبِي حُذَيْفَةَ أَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ حَتَّى تَذْهَبَ غَيْرَةُ أَبِي حُذَيْفَةَ فَأَرْضَعَتْهُ وَهُوَ رَجُلٌ قَالَ رَبِيعَةُ فَكَانَتْ رُخْصَةً لِسَالِمٍ۔

۳۳۲۷۔ أَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ عَنْ سُفْيَانَ وَهُوَ ابْنُ حَبِيبٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ سَهْلَةُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ سَالِمًا يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَقَدْ عَقَلَ مَا يَعْقِلُ الرِّجَالُ وَعَلِمَ مَا يَعْلَمُ الرِّجَالُ قَالَ أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ بِذٰلِكَ فَمَكَثْتُ حَوْلًا لَا أُحَدِّثُ بِهِ وَلَقِيتُ الْقَاسِمَ فَقَالَ حَدِّثْ بِهِ وَلَا تَهَابُهُ۔

---

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئی سہلہ سہیل کی بیٹی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی ابو حذیفہ کے تیور بدلے دیکھتی ہوں سالم کے گھر میں آنے سے۔ آپ نے فرمایا تو اس کو دودھ پلا دے وہ کہنے لگی کیونکر پلاؤں وہ تو جوان مرد ہے۔ آپ نے فرمایا کیا مجھ کو معلوم نہیں کہ وہ بڑی عمر کا ہے پھر ایک دن آئی اور کہنے لگی قسم ہے اس کی جس نے تم کو اٹھایا اور کھڑا کیا دین حق پر نبی بنا کر اس کے بعد ابو حذیفہ کو میں نے کبھی نہیں دیکھا کہ اس نے اپنے تیور بدلے ہوں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے حکم کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ابو حذیفہ کی جورو کو اس بات کا دودھ پلا دے سالم کو جو مولا ہے ابو حذیفہ کا اس لیے کہ جاتی رہے غیرت ابو حذیفہ کی پھر پلا دیا اس عورت نے دودھ اس سالم کو اگرچہ وہ لڑکا نہ تھا بلکہ پورا مرد تھا اور ربیعہ جو اس حدیث کی راوی ہیں وہ یوں فرماتے ہیں تھی یہ رخصت سالم کے لیے یعنی یہ حکم خاص تھا سالم کے لیے اور کسی کو بڑے پن میں دودھ پلانے سے حرمت نہیں ہوتی۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئی سہلہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی اے رسول اللہ سالم آتا ہے ہمارے گھر اور اس کو سمجھ ہے جیسے آدمیوں کو سمجھ ہوتی ہے یعنی عاقل اور بالغ ہے اور جانتا ہے سب باتیں جیسے سیانے مرد جانتے ہیں یعنی جوان آدمی ہے دنیا کے سب کاموں سے واقف ہے بچہ نہیں آپ نے فرمایا تو اسکو اپنا دودھ پلا دے تیرے ساتھ اس کا نکاح حرام ہو جائے گا اس کے سبب سے ابن ابی ملیکہ نے کہا ٹھہرا رہا میں ایک برس نہیں بیان کیا میں نے اس حدیث کو پھر جب ملاقات ہوئی میری قاسم سے انھوں نے فرمایا تو بیان کر اسے

www.sirat-e-mustaqeem.com



حدیث کو اور خوف نہ کر اس کے بیان کرنے سے۔ ف۔

۳۳۲۸- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ اَنْبَاَنَا اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ سَالِمًا مَوْلٰى اَبِيْ حُذَيْفَةَ كَانَ مَعَ اَبِيْ حُذَيْفَةَ وَاَهْلِهِ فِيْ بَيْتِهِمْ فَاَتَتْ بِنْتُ سُهَيْلٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ سَالِمًا قَدْ بَلَغَ مَا يَبْلُغُ الرِّجَالُ وَعَقَلَ مَا عَقَلُوْهُ وَاِنَّهُ يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَاِنِّيْ اَظُنُّ فِيْ نَفْسِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْضِعِيْهِ تَحْرُمِيْ عَلَيْهِ فَاَرْضَعَتْهُ فَذَهَبَ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ فَرَجَعْتُ اِلَيْهِ فَقُلْتُ اِنِّيْ قَدْ اَرْضَعْتُهُ فَذَهَبَ الَّذِيْ فِيْ نَفْسِ اَبِيْ حُذَيْفَةَ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے سالم مولا ابی حذیفہ کا رہتا تھا ابوحذیفہ کے گھر والوں کے ساتھ مل کر۔ یعنی سب لوگ گھر کے جہاں رہتے تھے ان میں مل کر سالم بھی رہتا تھا اس کے لیے کوئی جدا گھر نہ تھا پھر آئی سہیل کی بیٹی یعنی ابوحذیفہ کی جورو نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی کہ سالم عاقل بالغ مرد ہے اور اس کو سب چیز کی سمجھ ہے اور وہ گھر میں آیا کرتا ہے اور میں سمجھتی ہوں ابوحذیفہ اس کے گھر میں آنے سے برا مانتا ہے آپ نے فرمایا تو اس کو اپنا دودھ پلا دے اس کے حق تو حرام ہو جائے گی اس نے دودھ پلا دیا سالم کو پھر وہ بات حذیفہ کے جی سے جاتی رہی پھر آئی ابوحذیفہ کی جورو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی میں نے دودھ پلایا سالم کو جب سے تب سے وہ بات ابوحذیفہ کے جی سے نکل گئی۔

۳۳۲۹- اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ وَمَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ اَبٰى سَائِرُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَدْخُلَ عَلَيْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضْعَةِ اَحَدٌ مِنَ النَّاسِ يُرِيْدُ رَضَاعَةَ الْكَبِيْرِ وَقُلْنَ لِعَائِشَةَ وَاللّٰهِ مَا نُرٰى الَّذِيْ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انکار کیا سب ازواج مطہرات نے اور کہا کہ اس رضاعت کے باعث سے کسی کو گھر میں آنے دینے کی رخصت اور اجازت نہ دینا چاہیے اس رضاعت سے یہ غرض ہے کہ بڑی عمر میں جو دودھ پلایا جائے تو اس کے سبب سے کسی کو گھر میں آنے کی اجازت نہیں ہو سکتی اور سب نے کہا حضرت عائشہ رض

ف: ابن ابی ملیکہ اس حدیث کے راوی ہیں پہلے وہ ڈرے اس روایت کے بیان کرنے سے کیونکہ اکثر علماء کے مذہب کے خلاف تھی پھر قاسم کے کہنے سے روایت کرنے لگے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلٍ إِلَّا رُخْصَةً فِي رَضَاعَةِ سَالِمٍ وَحْدَهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ لَا يَدْخُلُ عَلَيْنَا أَحَدٌ بِهٰذِهِ الرَّضْعَةِ وَلَا يَرَانَا۔

۳۳۳۰- **أَخْبَرَنَا** عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ أَنَّ أُمَّهُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ أُمَّهَا أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَقُولُ أَبَى سَائِرُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُدْخِلَ عَلَيْهِنَّ بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ وَقُلْنَ لِعَائِشَةَ وَاللّٰهِ مَا نُرَى هٰذِهِ إِلَّا رُخْصَةً رَخَّصَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً لِسَالِمٍ فَلَا يَدْخُلُ عَلَيْنَا أَحَدٌ بِهٰذِهِ الرَّضَاعَةِ وَلَا يَرَانَا۔

## بَاب ۱۶۶۵ الْغِيلَةِ

۳۳۳۱- **أَخْبَرَنَا** عُبَيْدُ اللّٰهِ وَإِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ جُدَامَةَ بِنْتَ وَهْبٍ حَدَّثَتْهَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ أَنْهَى عَنِ الْغِيلَةِ حَتَّى ذَكَرْتُ أَنَّ فَارِسَ وَالرُّومَ يَصْنَعُهُ وَقَالَ إِسْحٰقُ يَصْنَعُونَهُ فَلَا يَضُرُّ أَوْلَادَهُمْ۔

سے کہ خدا کی قسم سہلہ کو جو حکم کیا تھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ حکم خاص سالم کے حق میں تھا اور انھوں نے قسم کھا کر کہا نہیں آئے ہمارے گھر ایسا رضاعت کے سبب سے کوئی (یعنی اگر یہ حکم عام ہوتا تو ہمارے گھروں میں بھی اس بات کا رواج دیتے مگر یہ حکم عام نہیں ہے۔

بی بی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے انکار کیا سب بیویوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس مسئلہ کے عام ہونے کا اور نہیں جائز رکھتی تھیں کسی کا گھر آنا اس کے باعث سے اور کہا سب نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے قسم کھا کر کہا کہ ہمارے نزدیک یہ رخصت نہیں ہر کسی کے لیے بلکہ خاص کیا تھا اس حکم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے سالم کے واسطے اور نہیں آئے ہمارے یہاں اس رضاعت کے سبب سے کوئی یعنی سالم کے سوائے اور کسی کو ایسا حکم نہیں تاکہ اس پر قیاس کر سکیں اور اجازت دیں۔

## دودھ پلانے والی عورت سے جماع کرنا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جدامہ وہب کی لڑکی بیان کرتی تھی حضرت عائشہ رضؓ کے پاس۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے میرا ارادہ ہوا تھا کہ لوگوں کو منع کر دوں غیلہ کرنے سے (یعنی دودھ پلانے میں جماع کرنے سے) پھر یاد آیا مجھ کو کہ فارس اور روم کے لوگ غیلہ کرتے ہیں اور ان کی اولاد کو کچھ ضرر نہیں ہوتا اور اسحاق کی روایت میں جمع کا لفظ ہے یعنی یَصْنَعُوْنَ ہے اور ایک روایت میں یَصْنَعه ہے مطلب میں کچھ فرق نہیں۔ ف۔

---

ف: عربوں کا یہ خیال تھا کہ بچے کی ماں جب بچے کو دودھ پلاتی ہو تو اس سے صحبت نہ کرنی چاہیے اس سے لڑکا ضعیف ہو جاتا ہے یہ خیال صحیح نہیں البتہ اگر حمل رہ جاوے تو اس کا دودھ بچہ کو ضرر کرتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۶۶۶ الْعَزْلِ

## نہ داخل کرنا نطفے کا رحم میں عورت کے اور گرا دینا اس کا فرج سے باہر اس باب میں اس کا بیان ہے

۳۳۳۲- أَخْبَرَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ وَحُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَا حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ بِشْرِ بْنِ مَسْعُودٍ وَرَدَّ الْحَدِيثَ حَتّٰى رَدَّهُ إِلٰى أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ ذُكِرَ ذٰلِكَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَمَا ذَاكُمْ قُلْنَا الرَّجُلُ تَكُونُ لَهُ الْمَرْأَةُ فَيُصِيبُهَا وَيَكْرَهُ الْحَمْلَ وَتَكُونُ لَهُ الْمَرْأَةُ فَيُصِيبُهَا وَيَكْرَهُ الْحَمْلَ وَتَكُونُ لَهُ الْأَمَةُ فَيُصِيبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ أَنْ تَحْمِلَ مِنْهُ قَالَ لَا عَلَيْكُمْ أَنْ لَا تَفْعَلُوا فَإِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ذکر ہوا نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس بات کا۔ آپ نے فرمایا کیا ذکر ہو رہا ہے تم میں۔ ہم نے عرض کیا کسی شخص کی عورت ہے اور اس سے وہ قربت کرتا ہے اور عورت کا حاملہ ہونا نہیں چاہتا اور اسی طرح لونڈی کے پاس جاتا ہے اور نہیں چاہتا کہ اس کو اس سے حمل رہ جائے۔ آپ نے فرمایا کچھ گناہ نہیں تم پر ایسا کرنا یعنی اگر انزال باہر نکال کر کرو تو کچھ برا نہیں اس واسطے کہ وہ قدر ہے ف۱۔

۳۳۳۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي الْفَيْضِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مُرَّةَ الزُّرَقِيَّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الزُّرَقِيِّ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ إِنَّ امْرَأَتِي تُرْضِعُ وَأَنَا أَكْرَهُ أَنْ تَحْمِلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ مَا قَدْ قُدِّرَ فِي الرَّحِمِ سَيَكُونُ۔

حضرت ابوسعید زرقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک آدمی نے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے نطفہ بے کار کرنے کا مسئلہ اور کہنے لگا میں حمل ٹھہرانا نہیں چاہتا اور میری جورو نطفے کو رکھ لیتی ہے آپ نے فرمایا جو کچھ پہلے سے رحم میں رکھا گیا ہے وہ ہوئے گا یعنی تقدیر کا لکھا جو ہوگا وہ ہرگز مٹے گا۔

## بَابُ ۱۶۶۷ حَقِّ الرَّضَاعِ وَحُرْمَتِهٖ

## رضاعت کا حق کیا ہے اور کیونکر ادا ہو سکتا ہے؟

۳۳۳۴- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ هِشَامٍ قَالَ وَحَدَّثَنِي أَبِي عَنْ حَجَّاجِ ابْنِ حَجَّاجٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّي مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ قَالَ غُرَّةٌ عَبْدٌ أَوْ أَمَةٌ

حضرت حجاج نے کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رضاعت کا حق میرے پر سے کیونکر ادا ہو۔ آپ نے فرمایا ایک غلام یا لونڈی دینے سے دودھ پلانے کو ایک غلام یا لونڈی مول لیکر دے تاکہ وہ اس کی خدمت کرے۔

---

ف ۱: یعنی نطفہ کا قرار پانا اللہ تعالے کی طرف معین اور مقرر ہو چکا ہے اس میں کسی کی کارستانی نہیں چلتی۔ اگر اللہ کو حمل ٹھہرانا ہوگا تو تم کو اس کام سے باز رکھے گا اور نطفے کو تم باہر نہ ڈال سکو گے اور اس کام سے یہ خیال ہی نہ کرنا چاہیے کہ جب "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیے"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۶۶۸ الشَّهَادَةِ فِي الرَّضَاعِ

۳۳۳۵- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنْ عُقْبَةَ وَلَكِنِّي لِحَدِيثِ عُبَيْدٍ أَحْفَظُ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً فَجَاءَتْنَا امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ إِنِّي قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقُلْتُ إِنِّي تَزَوَّجْتُ فُلَانَةَ بِنْتَ فُلَانٍ فَجَاءَتْنِي امْرَأَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ إِنِّي قَدْ أَرْضَعْتُكُمَا فَأَعْرَضَ عَنِّي فَأَتَيْتُهُ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهِ فَقُلْتُ إِنَّهَا كَاذِبَةٌ قَالَ وَكَيْفَ بِهَا وَقَدْ زَعَمَتْ أَنَّهَا قَدْ أَرْضَعَتْكُمَا دَعْهَا عَنْكَ

## ثابت ہونا رضاعت کا گواہی سے!

حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نکاح کیا میں نے ایک عورت سے پھر آئی ایک عورت حبشن اور کہنے لگی میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے میں آیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی آپ کو قصے کی اور بیان کیا میں نے آپ کے روبرو فلانی عورت جو فلاں کی بیٹی ہے میں نے اس سے نکاح کیا پھر آئی ایک عورت حبشن اور کہنے لگی میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہے آپ نے میری طرف سے منہ پھیر لیا پھر میں آپ کے منہ کی طرف آیا اور کہا میں نے وہ جھوٹی ہے۔ آپ نے فرمایا کیسے اس کو جھوٹی کہیں وہ اقرار کرتی ہے کہ تم دونوں کو اس نے دودھ پلایا ہے تو چھوڑ دے اس کو یعنی جسے تو نے نکاح کیا ہے۔

## بَابُ ۱۶۶۹ نِكَاحِ مَا نَكَحَ الْآبَاءُ

۳۳۳۶- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيمٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنِ السُّدِّيِّ عَنْ ثَابِتٍ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَقِيتُ خَالِي وَمَعَهُ الرَّايَةُ فَقُلْتُ أَيْنَ تُرِيدُ قَالَ أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةَ أَبِيهِ مِنْ بَعْدِهِ أَنْ أَضْرِبَ عُنُقَهُ أَوْ أَقْتُلَهُ۔

۳۳۳۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَصَبْتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ

## باپ کی منکوحہ سے نکاح کرنے والے کا کیا حکم ہے۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ملاقات ہوئی میری ماموں سے اور ان کے پاس ایک جھنڈا بھی تھا میں نے کہا کہاں کا ارادہ ہے آپ کا۔ انھوں نے فرمایا مجھ کو بھیجا ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کی طرف اس کی گردن مارنے کو اور گردن مارنے کا سبب یہ ہے کہ اس نے نکاح کر لیا ہے اپنے باپ کی جورو سے اس کے مرنے کے بعد۔

حضرت براء رضی اللہ عنہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں ملا میں اپنے چچا سے اور ان کے پاس ایک بھالا تھا میں نے پوچھا آپ کہاں جاتے ہیں انھوں نے فرمایا مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہے ایک

---

ہمارا جی چاہے گا جب نطفہ ٹھہرا دیں گے حالانکہ یہ غلط خیال ہے۔" حاشیہ صفحہ سابقہ"

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقُلْتُ اَيْنَ تُرِيْدُ فَقَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيْهِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهٗ وَاٰخُذَ مَالَهٗ۔

آدمی کی طرف اس نے نکاح کر لیا ہے اپنے باپ کی جورو سے اس کی گردن مارنے کو اور فرمایا ہے کہ لے لوں اس کا مال۔

## بَابُ ۱۶۷ تَاْوِيْلِ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ

٣٣٢٨- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ عَنْ اَبِيْ عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَيْشًا اِلٰى اَوْطَاسٍ فَلَقُوْا عَدُوًّا فَقَاتَلُوْهُمْ وَظَهَرُوْا عَلَيْهِمْ فَاَصَابُوْا لَهُمْ سَبَايَا لَهُنَّ اَزْوَاجٌ فِي الْمُشْرِكِيْنَ فَكَانَ الْمُسْلِمُوْنَ تَحَرَّجُوْا مِنْ غِشْيَانِهِنَّ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ اَيْ هٰذَا لَكُمْ حَلَالٌ اِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ۔

## بیان آیت وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ کا یعنی اسکا شان نزول کہاں اور کس وقت ہوا ہے

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بھیجا لشکر اوطاس کی طرف جو نام ہے ایک مقام کا طائف میں پھر مقابلہ ہوا دشمن سے اور مارا ان کو اور غالب آئے ہم مشرکوں پر اور ہاتھ لگیں ہم کو لونڈیاں اور ان کے خاوند مشرکوں میں رہ گئے تھے (یعنی عورتیں ہاتھ آئیں) مسلمانوں نے ان کے ساتھ صحبت کرنے سے پرہیز کیا پھر اتاری اللہ عزت اور بزرگی والے نے یہ آیت: وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ یعنی حرام ہیں تم پر وہ عورتیں جو نکاح میں ہیں دوسرے آدمیوں کے لیکن اس وقت حرام نہیں جب تم مالک ہو جاؤ ان کے اور اس حدیث میں جو تفسیر آئی ہے اس سے بھی یہی معنی نکلتے ہیں اور وہ تفسیر یہ ہے یعنی یہ عورتیں تم کو حلال ہیں عدت گذر جانے کے بعد (کیونکہ جب یہ عورتیں جہاد میں پکڑی گئیں تو لونڈیاں ہو گئیں، اگرچہ ان کے خاوند کافر زندہ ہوں پس عدت کے بعد مسلمان ان سے صحبت کر سکتے ہیں۔

## بَابُ ۱۶۸ الشِّغَارِ

٣٣٢٩- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ

## بیٹی یا بہن کے مہر کے نکاح کر لینے کی ممانعت کا بیان

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شغار سے ف۱۔

ف۱: شغار کے یہ معنی ہیں دو شخص آپس میں نکاح کر لیں مثلاً ایک شخص اپنی لڑکی کو دوسرے سے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنِ الشِّغَارِ۔

۳۳۴۰- اَخْبَرَنَا حُمَیْدُ بْنُ مَسْعَدَۃَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَیْدٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَاجَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِی الْاِسْلَامِ وَمَنِ انْتَھَبَ نُھْبَۃً فَلَیْسَ مِنَّا۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ جلب ہے اسلام میں اور نہ جنب اور نہ شغار اور جس نے لوٹ کی وہ نہیں ہم میں سے

۳۳۴۱- اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ عَنِ الْفَزَارِیِّ عَنْ حُمَیْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَاجَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِی الْاِسْلَامِ قَالَ اَبُوْعَبْدِالرَّحْمٰنِ ھٰذَا خَطَاٌ فَاحِشٌ وَالصَّوَابُ حَدِیْثُ بِشْرٍ۔

## بَابُ ۱۶۷۲ تَفْسِیْرِ الشِّغَارِ

## شغار کا بیان

۳۳۴۲- اَخْبَرَنَا ھٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ ح وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْکِیْنٍ قِرَاءَۃً عَلَیْہِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ مَالِكٌ حَدَّثَنِیْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَھٰی عَنِ الشِّغَارِ وَالشِّغَارُ اَنْ یُّزَوِّجَ الرَّجُلُ الرَّجُلَ ابْنَتَہٗ عَلٰۤی اَنْ یُّزَوِّجَہُ ابْنَتَہٗ وَلَیْسَ بَیْنَھُمَا صَدَاقٌ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شغار سے اور شغار اس کو کہتے ہیں کہ نکاح کر دے کوئی شخص اپنی لڑکی کا دوسرے سے اس شرط پر کہ وہ نکاح کر دے اپنی لڑکی کا اس کے ساتھ اور دونوں عورتوں کا مہر کچھ بھی مقرر نہ کریں۔

۳۳۴۳- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاھِیْمَ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَا حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ الْاَزْرَقُ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰہِ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شغار سے اور بیان کیا عبید اللہ نے جو راویوں میں ہیں اس حدیث کے شغار کے معنی یہ ہیں کہ نکاح کر دے کوئی آدمی اپنی لڑکی کا اس شرط پر

نکاح کر دے اس کے مہر کے بدلے میں اپنے داماد کی بہن کو نکاح کرے ایسا دستور جاہلیت کے زمانے میں تھا اسلام کی برکت سے نکاح کرنا حرام ہو گیا

ف جلب زکوۃ میں مال منگوانا مصدق کے پاس اس میں مال والوں کو تکلیف ہوتی ہے اور گھوڑ دوڑ میں اپنے گھوڑے کے پیچھے رہنا اس کو ڈانٹنے کے لیے تاکہ وہ آگے نکل جائے اور جنب یہ کہ دوسرا اپنے ساتھ رکھے جب وہ گھوڑا تھک جائے جس پر سوار تھا تو دوسرے پر چڑھ جائے یہ بے ایمانی ہے اور شرط کے خلاف ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشِّغَارِ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ وَالشِّغَارُ كَانَ الرَّجُلُ يُزَوِّجُ ابْنَتَهُ عَلٰى اَنْ يُزَوِّجَهُ اُخْتَهُ۔

کہ نکاح کر دے وہ دوسرا آدمی اپنی بہن کا اس سے۔

## بَابُ ۱۶۷۳ التَّزْوِيْجِ عَلٰى سُوَرٍ مِّنَ الْقُرْاٰنِ

## قرآن کی سورتیں سکھانے پر نکاح کرنے کا بیان

۳۳۴۴۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ امْرَاَةً جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْتُ لِاَهَبَ نَفْسِيْ لَكَ فَنَظَرَ اِلَيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَعَّدَ النَّظَرَ اِلَيْهَا وَصَوَّبَهُ ثُمَّ طَاْطَاَ رَاْسَهُ فَلَمَّا رَاَتِ الْمَرْاَةُ اَنَّهُ لَمْ يَقْضِ فِيْهَا شَيْئًا جَلَسَتْ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِهِ فَقَالَ اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ فَزَوِّجْنِيْهَا قَالَ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ شَيْئًا فَقَالَ انْظُرْ وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ فَذَهَبَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ وَلٰكِنْ هٰذَا اِزَارِيْ قَالَ سَهْلٌ مَا لَهُ رِدَاءٌ فَلَهَا نِصْفُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَصْنَعُ بِاِزَارِكَ اِنْ لَبِسْتَهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا مِنْهُ شَيْءٌ وَاِنْ لَبِسَتْهُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْكَ مِنْهُ شَيْءٌ فَجَلَسَ الرَّجُلُ حَتّٰى طَالَ مَجْلِسُهُ ثُمَّ قَامَ فَرَاٰهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُوَلِّيًا فَاَمَرَ بِهِ فَدُعِيَ فَلَمَّا جَاءَ قَالَ مَاذَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ مَعِيْ سُوْرَةُ كَذَا وَسُوْرَةُ كَذَا عَدَّدَهَا فَقَالَ هَلْ تَقْرَؤُهُنَّ عَنْ ظَهْرِ قَلْبٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَلَّكْتُكَهَا بِمَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ۔

۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آئی ایک عورت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے اس کو نظر اٹھا کر خوب دیکھا پھر سر مبارک نیچے کر لیا عورت نے دیکھا کہ آپ اس کو کچھ نہیں فرماتے تو بیٹھ گئی اتنے میں کھڑا ہوا آدمی اصحابوں میں سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کہنے لگا یا رسول اللہ اگر آپ کو اس عورت کی خواہش نہیں تو میرے ساتھ اس کا نکاح کرا دو۔ آپ نے پوچھا تیرے پاس کچھ ہے اس نے کہا نہیں خدا کی قسم یا رسول اللہ مجھ کو کچھ بھی میسر نہیں۔ آپ نے فرمایا دیکھ جا کر لا اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو وہ گیا اور لوٹ کر آیا اور کہنے لگا خدا کی قسم یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوہے کی انگوٹھی تک بھی نہیں ملی لیکن یہ میرا تہبند حاضر ہے آدھا اس کو دیدوں گا۔ آپ نے فرمایا یہ تیری ازار لے کر کیا کرے گی اگر تو اس کو پہنے تو اس کے لیے کچھ نہیں اور جو وہ پہنے تو تو ننگا رہے وہ آدمی دیر تک بیٹھا رہا پھر اٹھ کر چلا دیکھا اس کی طرف آپ نے جاتے وقت آپ نے حکم کیا وہ بلایا گیا جب وہ آیا آپ نے پوچھا اس سے تجھ کو کچھ قرآن میں سے بھی معلوم ہے اس نے کہا مجھ کو فلانی سورت فلانی سورت یاد ہیں آپ نے فرمایا حفظ پڑھ کر سنا سکتا ہے اس نے کہا ہاں آپ نے فرمایا تیرے قبضے میں کر دیا میں نے اس عورت کو اس قرآن کے بدلے جو تجھ کو یاد ہے۔ ف۔

## بَابُ ۱۶۷۴ التَّزْوِيْجِ عَلَى الْاِسْلَامِ

## نکاح کرنا اس شرط پر کہ مسلمان ہو جائے مرد

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مہر کی کمی کی کوئی حد نہیں ایک پیسے سے لیکر ہزاروں روپیہ تک ہو سکتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۳۴۵- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ تَزَوَّجَ أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ فَكَانَ صِدَاقُ مَا بَيْنَهُمَا الْإِسْلَامَ أَسْلَمَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ قَبْلَ أَبِي طَلْحَةَ فَخَطَبَهَا فَقَالَتْ إِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ فَإِنْ أَسْلَمْتَ نَكَحْتُكَ فَأَسْلَمَ فَكَانَ صَدَاقَ مَا بَيْنَهُمَا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نکاح کیا ابو طلحہ نے ام سلیم سے اور تھا مہر ان کے درمیان اسلام مسلمان ہوئی ام سلیم پہلے ابو طلحہ سے پھر پیام بھیجا ابو طلحہ نے ام سلیم کو ام سلیم نے جواب دیا میں تو مسلمان ہو چکی اگر تم بھی مسلمان ہو جاؤ گے تو میں تجھ سے نکاح کر لوں گی پھر مسلمان ہوئے اور مہر اس کا اسلام مقرر پایا۔

۳۳۴۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ مُسَاوِرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ خَطَبَ أَبُو طَلْحَةَ أُمَّ سُلَيْمٍ فَقَالَتْ وَاللّٰهِ مَا مِثْلُكَ يَا أَبَا طَلْحَةَ يُرَدُّ وَلٰكِنَّكَ رَجُلٌ كَافِرٌ وَأَنَا امْرَأَةٌ مُسْلِمَةٌ وَلَا يَحِلُّ لِي أَنْ أَتَزَوَّجَكَ فَإِنْ تُسْلِمْ فَذَاكَ مَهْرِي وَمَا أَسْأَلُكَ غَيْرَهُ فَأَسْلَمَ فَكَانَ ذٰلِكَ مَهْرَهَا قَالَ ثَابِتٌ فَمَا سَمِعْتُ بِامْرَأَةٍ قَطُّ كَانَتْ أَكْرَمَ مَهْرًا مِنْ أُمِّ سُلَيْمٍ الْإِسْلَامَ فَدَخَلَ بِهَا فَوَلَدَتْ لَهُ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پیام کیا ابو طلحہ نے ام سلیم سے نکاح کے لیے کہا ام سلیم نے قسم ہے اللہ کی نہیں ہے تو اے ابو طلحہ رد کرنے کے قابل (یعنی تیری بات مانی جائے گی) مگر اس واسطے کہ تو کافر ہے اور میں مسلمان ہوں میرے لیے حلال اور جائز نہیں یہ کہ تجھ سے نکاح کروں ہاں اگر تو مسلمان ہو جاوے گا پس تیرا مسلمان ہونا تیرا مہر ہوگا یعنی اور کچھ مہر مقرر نہیں کرتی اسلام لانا ہی مہر کی جگہ سمجھ لوں گی اور تیرے سے اور کسی چیز کی درخواست نہیں پھر مسلمان ہو گئے ابو طلحہ اور مہر وہی رہا ثابت جو انس رضی اللہ عنہ کے بعد راوی ہیں وہ فرماتے ہیں میں نے نہیں سنی کوئی ایسی عورت جس کا مہر بزرگ اور بہتر ہو ام سلیم کے مہر سے کیونکہ ام سلیم کا مہر اسلام تھا اور اسلام سے بڑھ کر کونسی چیز ہو سکتی ہے اور ابو طلحہ نے ان سے قربت کی اور بچے پیدا ہوئے ابو طلحہ کے نطفے سے۔

## بَابُ ۱۶۷۵ التَّزْوِيجِ عَلَى الْعِتْقِ

## آزاد کرنے کو مہر ٹھہرا کر نکاح کر لینے کا بیان

۳۳۴۷- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ وَعَبْدِ الْعَزِيزِ يَعْنِي ابْنَ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ ح وَأَنْبَأَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ وَشُعَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَهُ صَدَاقَهَا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آزاد کیا صفیہ کو اور بنایا ان بنایا ان کے آزاد کرنے کو مہر ان کا۔

۳۳۴۸- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ ح وَأَنْبَأَنَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آزاد کیا صفیہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آزادی کو اس

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يُونُسَ عَنِ ابْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ أَنَسٍ أَعْتَقَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا مَهْرَهَا وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ

بیوی کا مہر ٹھہرایا۔

## بَابُ ۱۶۷۶ عِتْقِ الرَّجُلِ جَارِيَتَهُ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا

## آزاد کرنا لونڈی کو اور پھر نکاح کر لینا اس سے کیسا ہے اور کتنا اجر رکھتا ہے

۳۳۴۹- أَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ بْنِ أَبِي مُوسَى عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ يُؤْتَوْنَ أَجْرَهُمْ مَرَّتَيْنِ رَجُلٌ كَانَتْ لَهُ أَمَةٌ فَأَدَّبَهَا فَأَحْسَنَ أَدَبَهَا وَعَلَّمَهَا فَأَحْسَنَ تَعْلِيمَهَا ثُمَّ أَعْتَقَهَا وَتَزَوَّجَهَا وَعَبْدٌ يُؤَدِّي حَقَّ مَوَالِيهِ وَمُؤْمِنُ أَهْلِ الْكِتَابِ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین شخص ہیں جن کو دوہرا اجر اور ثواب ہے پہلا وہ آدمی جس کے پاس لونڈی ہو اور ادب دیا ہو اس کو جیسا کہ ادب دینے کا حق ہے اور علم پڑھایا اس کو جیسا کہ علم پڑھانے کا حق ہوتا ہے یعنی علم و ادب میں اس کو لائق و فائق کیا ہو اور آزاد کرنے کے بعد اس سے نکاح کرے اور دوسرا غلام جو ادا کرے حق خدمت اپنے میاں کا اور حق اللہ تعالیٰ کا اور تیسرا اہل کتاب جو ایمان لایا ہو۔

۳۳۵۰- أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي زُبَيْدٍ عَبْثَرِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ أَعْتَقَ جَارِيَتَهُ ثُمَّ تَزَوَّجَهَا فَلَهُ أَجْرَانِ۔

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ علیہ وسلم نے جس آدمی نے آزاد کیا اپنی باندی کو اور پھر اس سے نکاح کر لیا اس کو دو اجر ہیں یعنی ایک تو آزاد کرنے کا دوسرا اس سے نکاح کر لینے کا۔

## بَابُ ۱۶۷۷ الْقِسْطِ فِي الْأَصْدِقَةِ

## مہروں میں انصاف اور عدل کرنیکا بیان

۳۳۵۱- أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى وَسُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ۔ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَأَلَ عَائِشَةَ عَنْ قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ يَا ابْنَ أُخْتِي هِيَ الْيَتِيمَةُ تَكُونُ فِي حَجْرِ وَلِيِّهَا فَتُشَارِكُهُ فِي مَالِهِ فَيُعْجِبُهُ مَالُهَا وَجَمَالُهَا فَيُرِيدُ وَلِيُّهَا أَنْ يَتَزَوَّجَهَا بِغَيْرِ أَنْ يُقْسِطَ فِي صَدَاقِهَا

حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے اس آیت کی تفسیر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھی اور وہ آیت یہ ہے۔ وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ : یعنی اور اگر ڈرو کہ انصاف نہ کرو گے یتیم لڑکیوں کے حق میں تو نکاح کرو جو تم کو خوش آئیں عورتیں۔ بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا اے میری بہن کے بیٹے اس آیت میں ان یتیم لڑکیوں کا بیان ہے جو پرورش پاتی ہیں اپنے

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَيُعْطِيَهَا مِثْلَ مَا يُعْطِيهَا غَيْرُهُ فَنُهُوا أَنْ يَنْكِحُوهُنَّ إِلَّا أَنْ يُقْسِطُوا لَهُنَّ وَيَبْلُغُوا بِهِنَّ أَعْلَى سُنَّتِهِنَّ مِنَ الصَّدَاقِ فَأُمِرُوا أَنْ يَنْكِحُوا مَا طَابَ لَهُمْ مِنَ النِّسَاءِ سِوَاهُنَّ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ إِنَّ النَّاسَ اسْتَفْتَوْا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ فِيهِنَّ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ إِلَى قَوْلِهِ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ قَالَتْ عَائِشَةُ وَالَّذِي ذَكَرَ اللَّهُ تَعَالَى أَنَّهُ يُتْلَى فِي الْكِتَابِ الْآيَةُ الْأُولَى الَّتِي فِيهَا وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ قَالَتْ عَائِشَةُ وَقَوْلُ اللَّهِ فِي الْآيَةِ الْأُخْرَى وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ رَغْبَةَ أَحَدِكُمْ عَنْ يَتِيمَتِهِ الَّتِي تَكُونُ فِي حَجْرِهِ حِينَ تَكُونُ قَلِيلَةَ الْمَالِ وَالْجَمَالِ فَنُهُوا أَنْ يَنْكِحُوا مَا رَغِبُوا فِي مَالِهَا مِنْ يَتَامَى النِّسَاءِ إِلَّا بِالْقِسْطِ مِنْ أَجْلِ رَغْبَتِهِمْ عَنْهُنَّ ـ

اپنے والیوں کے پاس اور وہ لڑکیاں حصہ رکھتی ہیں مال میں جو پہنچا ہے ان کو ورثے کے سبب سے ان کے والیوں نے ان کی صورت اور مال دیکھ کر یوں چاہا کہ ان کو اپنے نکاح میں لے لیں مگر اتنے مہر سے جتنا ان کو غیر آدمی دے سکتا ہے یعنی اگر آپ ان سے نکاح نہ کریں اور دوسروں سے ان کا نکاح کر دیں تو دوسرا مہر زیادہ دیگا لیکن والی یہ چاہتے کہ بے انصافی کر کے تھوڑے مہر پر آپ ان سے نکاح کر لیں اللہ جل شانہٗ کی طرف سے ان کو ممانعت آئی ان کے ساتھ کم مہر پر نکاح کرنے سے اور حکم ہوا اگر تم ان سے نکاح کرنا چاہتے ہو تو انصاف کرو ان کے معاملے میں اور اعلیٰ درجے کا مہر مقرر کرو ان کا اور نہیں تو جس کو تمہارا جی چاہے اس کو کر لو ان کے سوائے۔ پھر بیبی عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا بعد اس قصے کے لوگوں نے استفادہ کیا یعنی پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے پھر اتاری اللہ عزت اور بزرگی والے نے یہ آیت: وَيَسْتَفْتُونَكَ فِي النِّسَاءِ قُلِ اللَّهُ يُفْتِيكُمْ فِيهِنَّ إِلَى قَوْلِهِ وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ: یعنی تجھ سے رخصت مانگتے ہیں عورتوں کی تو کہہ اللہ تم کو رخصت دیتا ہے ان کی اور وہ جو تم کو سناتی ہیں کتاب میں سو حکم ہے یتیم عورتوں کا جن کو تم نہیں دیتے جو ان کا مقرر ہے اور چاہتے ہو کہ ان کو نکاح میں لو۔ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں اس پچھلی آیت میں اللہ تعالےٰ نے: وَمَا يُتْلَى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتَابِ جو فرمایا ہے اس سے پہلی آیت مراد ہے یعنی: وَإِنْ خِفْتُمْ أَنْ لَا تُقْسِطُوا فِي الْيَتَامَى فَانْكِحُوا مَا طَابَ لَكُمْ مِنَ النِّسَاءِ اور دوسری آیت میں فرمایا وَتَرْغَبُونَ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ اس آیت سے غرض یہ ہے کہ جو یتیم لڑکیاں تمہاری پرورش میں ہیں اگر مال اور جمال وحسن میں ہیٹی ہو تو تم ان کی طرف رغبت نہیں کرتے اسی واسطے تم کو منع ہو گیا ان سے نکاح کرنا جن سے تم رغبت کرتے ہو کیونکہ باوجود خواہش کے ان کا مہر خاطر خواہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



مقرر نہ کرنا بے انصافی کی بات ہے شاہ عبدالقادر رحمت اللہ علیہ کے فائدے سے ان آیتوں کا مضمون خوب واضح ہوجائیگا[۱]

۳۳۵۲۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَتْ فَعَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اثْنَتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً وَنَشٍّ وَذٰلِكَ خَمْسُمِائَةِ دِرْهَمٍ۔

حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پوچھا میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا باندھا مہر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ۱۲ اوقیہ اور نش کا اور ہوئے درہم اس کے پانسو[۲]

۳۳۵۳۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ مُوسَى بْنِ يَسَارٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ الصَّدَاقُ إِذْ كَانَ فِينَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرَةَ أَوَاقٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تھا مہر زمانہ مبارک میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دس اوقیہ۔

۳۳۵۴۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرِ بْنِ إِيَاسِ بْنِ مُقَاتِلِ بْنِ مُشَمْرِخِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَيُّوبَ وَابْنِ عَوْنٍ وَسَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ وَهِشَامِ بْنِ حَسَّانَ دَخَلَ حَدِيثُ بَعْضِهِمْ فِي بَعْضٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ سَلَمَةُ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ نُبِّئْتُ عَنْ أَبِي الْعَجْفَاءِ وَقَالَ الْآخَرُونَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَبِي الْعَجْفَاءِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَلَا لَا تُغْلُوا صُدُقَ النِّسَاءِ فَإِنَّهُ لَوْ كَانَ مَكْرُمَةً فِي الدُّنْيَا

حضرت ابوعجفاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خبردار نہ غلو اور زیادتی کیا کرو مہروں میں عورتوں کے کیونکہ اگر ہوتا یہ کام کچھ عزت کا دنیا میں یا پرہیزگاری کا اللہ تعالےٰ کے نزدیک تو ہوتے نبی صلے اللہ علیہ وسلم تم سب سے پہلے مستحق اس بات کے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی کسی بیوی کا اور کسی لڑکی کا مہر اس سے زیادہ یعنی جس کی مقدار بارہ اوقیہ ہوتے ہیں نہیں مقرر فرمایا اور آدمی زیادتی اور غلو کرتا ہے اپنی جورو کے مہر میں یہاں تک کہ اس کو دشمنی ہو جاتی

---

۱ : اس سورت کے اوّل میں تقید تھا یتیم کے حق کا اور فرمایا تھا کہ لڑکی یتیم جس کا والی نہیں مگر چچا کا بیٹا اگر جانے کہ میں اس کا حق ادا نہ کروں گا تو آپ اس کو نکاح میں نہ لاوے کسی اور کو کر دے کہ آپ اس کا حمایتی رہے تو مسلمانوں نے ایسی عورتوں کو نکاح میں لانا موقوف کیا پھر دیکھا کہ بعضی جگہ لڑکی حق میں بہتر ہے کہ اپنا والی ہے نکاح میں لاوے جو مہر اس کی خاطر کرے گا غیر نہ کرے گا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے رخصت مانگی اس پر یہ آیت آئی رخصت ملی اور فرمایا کہ وہ جو کتاب میں منع سنایا تھا سو سبب ہے کہ ان کا حق پورا نہ دو اور یتیم کی تاکید تھی اور جو بھلائی کرنی چاہو تو رخصت ہے۔

۲ : (نش) بارہ ماشہ کے روپیہ ہوں تو ایک سو اکتیس روپیہ ۴ ر ہوتے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَوْ تَقْوَى عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ كَانَ أَوْلَاكُمْ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَصْدَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِهِ وَلَا أُصْدِقَتِ امْرَأَةٌ مِنْ بَنَاتِهِ أَكْثَرَ مِنْ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ أُوقِيَّةً وَإِنَّ الرَّجُلَ لَيُغْلِي بِصَدُقَةِ امْرَأَتِهِ حَتَّى يَكُونَ لَهَا عَدَاوَةٌ فِي نَفْسِهِ وَحَتَّى يَقُولَ كُلِّفْتُ لَكُمْ عِلْقَ الْقِرْبَةِ وَكُنْتُ غُلَامًا عَرَبِيًّا مُوَلَّدًا فَلَمْ أَدْرِ مَا عِلْقُ الْقِرْبَةِ قَالَ وَأُخْرَى يَقُولُونَهَا لِمَنْ قُتِلَ فِي مَغَازِيكُمْ أَوْ مَاتَ قُتِلَ فُلَانٌ شَهِيدًا أَوْ مَاتَ فُلَانٌ شَهِيدًا وَلَعَلَّهُ أَنْ يَكُونَ قَدْ أَوْقَرَ عَجُزَ دَابَّتِهِ أَوْ دَفَّ رَاحِلَتِهِ ذَهَبًا أَوْ وَرِقًا يَطْلُبُ التِّجَارَةَ فَلَا تَقُولُوا ذَاكُمْ وَلَكِنْ قُولُوا كَمَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَوْ مَاتَ فَهُوَ فِي الْجَنَّةِ۔

اپنی بیوی سے یہاں تک کہ وہ کہتا ہے میں نے تمہارے لیے تکلیف اٹھائی مشک کی رسی کے لیے بھی (یہ ایک مثل ہے عربی زبان میں۔ اس سے مقصود یہ ہے کہ مجھ کو تمہارے لیے بڑی مصیبت اٹھانی پڑی مشک کی رسی بھی میں ہی لایا اور ایک روایت میں عرق القربۃ یعنی مجھے پسینہ آیا جیسے مشک پسیجتی ہے تکلیف سے) ابوالعجفاء رضی اللہ عنہ نے کہا میں ایک لڑکا تھا مولد (یعنی خالص عرب نہ تھا) تو میں نہیں سمجھا کہ علق القربہ کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا ایک اور بات لوگ کہا کرتے ہیں جو مارا جاوے تمہارا لڑائیوں میں یا مر جاوے تو کہتے ہیں وہ شہید مارا گیا یا شہید مرا اور شاید اس نے اپنے اونٹ کے سرین پر بوجھ لادا ہو یا کجاوے پر سونے چاندی کا سوداگری کے لیے (یعنی اس کی نیت خالص جہاد کی نہ ہو) تو ایسا مت کہو بلکہ اس طرح کہو جیسے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کہتے تھے جو شخص مارا جاوے یا مر جاوے اللہ کی راہ میں وہ جنت میں جاوے گا (اور کسی شخص خاص کے بارے میں کچھ نہ کہو اللہ جانتا ہے اس کی نیت کیا تھی)

---

۳۳۵۵۔ أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدُّورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَهِيَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ زَوَّجَهَا النَّجَاشِيُّ وَأَمْهَرَهَا أَرْبَعَةَ آلَافٍ وَجَهَّزَهَا مِنْ عِنْدِهِ وَبَعَثَ بِهَا مَعَ شُرَحْبِيلَ بْنِ حَسَنَةَ وَلَمْ يَبْعَثْ إِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ وَكَانَ مَهْرُ نِسَائِهِ أَرْبَعَمِائَةِ دِرْهَمٍ

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے نکاح کیا اور وہ حبش کے ملک میں تھیں وہاں کے بادشاہ نے جس کا نام نجاشی تھا نکاح کر کے جہیز وغیرہ اپنی طرف سے دیا اور چار ہزار مہر مقرر کیا تھا اور شرحبیل بن حسنہ کے ہمراہ دکھیہ بھجوا دیا اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیوی ام حبیبہ کو ایک حبہ نہیں بھیجا تھا اور حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی اور ازواج مطہرات کا مہر چار سو درہم تھے۔

## بَابُ ۱۶۷۸ التَّزْوِيجِ عَلَى نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ

## سونے کی ایک نواۃ پر نکاح کرنا (نواۃ کھجور کی گٹھلی یا پانچ درہم برابر تول!)

۳۳۵۶۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com



قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيْلِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ جَاءَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهِ اَثَرُ الصُّفْرَةِ فَسَاَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ اَنَّهُ تَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمْ سُقْتَ اِلَيْهَا قَالَ زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ ۔

ہے آئے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت ان کپڑے یا بدن پر زرد دھبہ لگا ہوا تھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا انھوں نے کہا میں نے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا ہے پھر آپ نے فرمایا کیا مہر دیا تو نے۔ عبدالرحمٰن بن عوف نے عرض کیا ایک نواۃ سونا آپ نے فرمایا ولیمہ اگرچہ ایک بکری کا ہی ہو ف۱ ۔

۳۳۵۷۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ صُهَيْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا يَقُوْلُ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ رَاٰنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ بَشَاشَةُ الْعُرْسِ فَقُلْتُ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً مِنَ الْاَنْصَارِ قَالَ كَمْ اَصْدَقْتَهَا قَالَ زِنَةَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عبدالرحمٰن بن عوف بیان کرتے تھے دیکھا مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے شادی کی خوشی کا نشان اس وقت میں نے ذکر کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ میں نے نکاح کیا ہے ایک انصاری عورت سے۔ آپ نے پوچھا مہر کتنا باندھا اس کا۔ عبدالرحمٰن نے کہا ایک نواۃ سونے کا۔

۳۳۵۸۔ اَخْبَرَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ ح اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ تَمِيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ حَجَّاجًا يَقُوْلُ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نُكِحَتْ عَلٰى صَدَاقٍ اَوْ حِبَاءٍ اَوْ عِدَةٍ قَبْلَ عِصْمَةِ النِّكَاحِ فَهُوَ لَهَا وَمَا كَانَ بَعْدَ عِصْمَةِ النِّكَاحِ فَهُوَ لِمَنْ اُعْطِيَهُ وَاَحَقُّ مَا اُكْرِمَ عَلَيْهِ الرَّجُلُ ابْنَتُهُ اَوْ اُخْتُهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جس عورت نے نکاح کیا مہر پر یا بخشش پر یا بخشش کے وعدے پر نکاح سے پہلے تو یہ سب چیزیں عورت کی ہیں اور جو کچھ بعد عقد نکاح کے ہوگا وہ دینے والے کا حق ہے اور آدمی کی عزت اور بزرگی بیٹی اور بہن کے سبب سے ہے یعنی اگر بیٹی اور بہن کو دینے دلانے سے خوش رکھے گا تو سزاوار تحسین اور آفرین کا ہوگا۔ ف۲

ف۱ : اہل حساب کی اصطلاح میں نواۃ پانچ درہم کے وزن کو کہتے ہیں ۔

ف۲ : پہلے نکاح سے یعنی نکاح باندھنے سے پہلے عورت کو جو کچھ دے دیا یا دینے کا اقرار کیا وہ عورت کا مال ہوگیا اس میں خاوند وغیرہ کا کچھ حصہ نہیں اور جو کچھ بعد نکاح بندھنے کے عورت کو دیا جاتا ہے وہ دینے والے کا حق ہے یعنی اس میں دینے والے کا دعویٰ چل سکتا ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سسرال کے ساتھ احسان کرنا چاہیئے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۶۷۹ اباحة التزويج بغير صداق

## بغیر مہر کے نکاح کرنے کی اباحت اور جواز کا بیان

۳۳۵۹- اخبرنا عبد الرحمن بن محمد بن عبد الرحمن قال حدثنا ابو سعيد عبد الرحمن بن عبد الله عن زائدة بن قدامة عن منصور عن ابراهيم عن علقمة والاسود قالا اتي عبد الله في رجل تزوج امراة ولم يفرض لها فتوفي قبل ان يدخل بها فقال عبد الله سلوا هل تجدون فيها اثرا قالوا يا ابا عبد الرحمن ما نجد فيها يعني اثرا قال اقول برايي فان كان صوابا فمن الله لها كمهر نسائها لا وكس ولا شطط ولها الميراث وعليها العدة فقام رجل من اشجع فقال في مثل هذا قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم فينا في امراة يقال لها بروع بنت واشق تزوجت رجلا فمات قبل ان يدخل بها فقضى لها رسول الله صلى الله عليه وسلم بمثل صداق نسائها ولها الميراث وعليها العدة فرفع عبد الله يديه وكبر قال ابو عبد الرحمن لا اعلم احدا قال في هذا الحديث الاسود غير زائدة۔

حضرت علقمہ اور اسود سے روایت ہے آیا ایک مقدمہ عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس اس طرح کا کہ نکاح کیا ایک آدمی نے کسی عورت کے ساتھ اور مہر کا کچھ ذکر نہ آیا تھا یعنی مہر کی تعین نہ کی اور بغیر صحبت کرنے کے مر گیا عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا لوگوں سے پوچھو تم کو معلوم ہو اس مسئلہ میں کوئی حدیث لوگوں نے کہا ہم کو معلوم نہیں عبداللہ بن مسعودؓ نے کہا میں اپنی سے عقل کہوں گا اگر ٹھیک پڑا تو اللہ کی طرف سے ہے۔ یہ کہہ کر فرمایا اس عورت کو مہر مثل دینا چاہیے یعنی جیسے مہر اس عورت کے کنبے اور قبیلے میں دوسری عورتوں کا ہے جو اس عورت کی ہم عمر ہیں ویسا ہی مہر اس عورت کا ہے بغیر زیادتی اور نقصان کے اور اس عورت کا حصہ اس کے ترکے میں بھی ہے اور اس کو عدت بھی گزارنی چاہیے یہ بات سن کر ایک آدمی اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا اسی طرح ہماری عورت کا قضیہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے چکا دیا تھا اس عورت کو بروع بنت واشق کہتے تھے ایک آدمی سے نکاح کیا اس نے پھر وہ مر گیا اس کو ہم بستر ہونا بھی نصیب نہ ہوا پھر اس کے لیے حکم کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایسے مہر کا جو تھا اس عورت کے یہاں دوسری عورتوں کا مہر اور شامل کیا اس عورت کو میراث میں اور حکم کیا اس کے لیے عدت کا یہ بات سن کر عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ہاتھ اٹھائے اور اللہ اکبر کہا یعنی خوش ہوئے (کہ ان کا فیصلہ صحیح نکلا) امام نسائی نے کہا اس حدیث میں اسود کا ذکر کسی سے نہیں کیا سوا زائدہ کے۔

۳۳۶۰- اخبرنا احمد بن سليمان قال حدثنا يزيد قال حدثنا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله انه اتي في امراة تزوجها

حضرت علقمہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آیا ایک عورت کا جھگڑا نزدیک عبداللہ بن مسعودؓ کے اور وہ جھگڑا یہ تھا ایک عورت سے کسی شخص نے نکاح

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَجُلٌ فَمَاتَ عَنْهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا فَاخْتَلَفُوْا إِلَيْهِ قَرِيْبًا مِنْ شَهْرٍ لَا يُفْتِيْهِمْ ثُمَّ قَالَ أَرٰى لَهَا صَدَاقَ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ فَشَهِدَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانَ الْأَشْجَعِيُّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ بِمِثْلِ مَا قَضَيْتَ۔

کیا تھا اور اس کا مہر مقرر نہ کیا اور نہ اس سے صحبت کی ویسے ہی مرگیا لوگ عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس اس مسئلہ کے دریافت کرنے کے لیے قریب ایک مہینے کے پھرتے رہے عبداللہ بن مسعودؓ نے ان کو فتویٰ نہ دیا آخر ایک روز فرمانے لگے میری رائے میں آتا ہے کہ اس عورت کا مہر اس کے کنبے کی عورتوں کے مانند ہے نہ کم اور نہ زیادہ اور اس کے لیے میراث بھی ہے اور عدت بیٹھنا اس کو لازم ہے عبداللہ بن مسعود کی بات پر معقل بن سنان نے گواہی دی اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بروع واشق کی بیٹی کا جھگڑا اسی طرح فیصلہ کیا تھا جیسا تم نے فیصلہ کیا۔

---

۳۳۶۱- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَأَةً فَمَاتَ وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا قَالَ لَهَا الصَّدَاقُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ فَقَالَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانَ فَقَدْ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى بِهِ فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ۔

حکم کیا عبداللہ بن مسعودؓ نے اس آدمی کے مقدمے میں جس نے نکاح کیا ایک عورت سے اور نہ مہر مقرر کیا اس کا اور نہ اس سے صحبت کی اس طرح کا حکم کہ دلایا جائے ایسی عورت کو مہر اور میراث اور لازم ہے اس پر عدت۔ یہ سن کر معقل بن سنان نے کہا میں نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کا فیصلہ کیا جھگڑے میں بروع کے جو بیٹی تھی واشق کی۔

---

۳۳۶۲- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ ابْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهُ۔

حضرت علقمہ نے عبداللہ بن مسعودؓ سے اسی طرح اور بھی روایت کی ہے۔

---

۳۳۶۳- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِيْ هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ أَتَاهُ قَوْمٌ فَقَالُوْا إِنَّ رَجُلًا مِنَّا تَزَوَّجَ امْرَأَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ يَجْمَعْهَا إِلَيْهِ حَتّٰى مَاتَ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَا سُئِلْتُ مُنْذُ فَارَقْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشَدَّ عَلَيَّ مِنْ هٰذِهٖ فَأْتُوْا

حضرت علقمہ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں آئے کسی قوم کے لوگ عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس اور کہنے لگے نکاح کیا تھا کسی آدمی نے کسی عورت سے نہ اس کا مہر مقرر کیا اور نہ اس سے صحبت کی اور مر گیا وہ عبداللہ بن مسعودؓ یہ سن کر کہنے لگے ایسی مشکل بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد سے آج تک کسی نے مجھ سے نہیں پوچھی تھی تم کسی اور کے پاس جاؤ غرض ان لوگوں نے ان کا

www.sirat-e-mustaqeem.com



غَيْرِيْ فَاخْتَلَفُوْا إِلَيْهِ فِيْهَا شَهْرًا ثُمَّ قَالُوْا لَهُ فِيْ آخِرِ ذٰلِكَ مَنْ نَسْأَلُ إِنْ لَمْ نَسْأَلْكَ وَأَنْتَ مِنْ جِلَّةِ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَلَا نَجِدُ غَيْرَكَ قَالَ سَأَقُوْلُ فِيْهَا بِجَهْدِ رَأْيِيْ فَإِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَإِنْ كَانَ خَطَأً فَمِنِّيْ وَمِنَ الشَّيْطَانِ وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ مِنْهُ بُرَآءُ أُرٰى أَنْ أَجْعَلَ لَهَا صَدَاقَ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَ وَذٰلِكَ بِسَمْعِ أُنَاسٍ مِنْ أَشْجَعَ فَقَامُوْا فَقَالُوْا نَشْهَدُ أَنَّكَ قَضَيْتَ بِمَا قَضٰى بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي امْرَأَةٍ مِنَّا يُقَالُ لَهَا بِرْوَعُ بِنْتُ وَاشِقٍ قَالَ فَمَا رُئِيَ عَبْدُ اللّٰهِ فَرِحَ فَرْحَةً يَوْمَئِذٍ إِلَّا بِإِسْلَامِهِ -

پوچھا ایک ماہ تک کیا اور آخر کہنے لگے ہم کس کے پاس جائیں اور کس سے پوچھیں تمہارے جیسا بزرگ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں میں سے اس شہر میں کوئی نہیں ہے۔ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا اب میں اپنی رائے کے زور سے بیان کرتا ہوں اگر صواب درست ہوا تو اللہ کی طرف سے ہے جو وحدہٗ لاشریک ہے اور اگر خطا یا غلط ہو تو میرا قصور ہے اور شیطان کا اللہ اور اس کا رسول دونوں خطا سے بری ہیں۔ میری سمجھ میں اس کو اتنا مہر دینا چاہیے جتنا اس کے ہاں کی اور عورتوں کا مہر ہے نہ اس سے کم اور نہ زیادہ اور اس کے لیے میراث بھی ہے اور اس کو عدت گزارنی چاہیے چار ماہ دس دن اور کہا یہ مسئلہ سُنا چند لوگوں نے اشجع سے پھر اٹھ کر کھڑے ہوئے سب لوگ اور کہنے لگے ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے ایسا فیصلہ کیا ہے جیسا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہماری قوم کی عورت کا فیصلہ کیا تھا اور اس عورت کا نام بروع واشق کی بیٹی کر کے مشہور تھا راوی کہتا ہے ایسا خوش میں نے عبداللہ کو کبھی نہ دیکھا تھا مگر اسلام لانے وقت میں یعنی یہ بات سن کر عبداللہ بن مسعودؓ بہت خوش ہوئے کیونکہ ان کی رائے مطابق ہو گئی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے۔

## بَابُ ۱۶۸۰ هِبَةِ الْمَرْأَةِ نَفْسَهَا لِرَجُلٍ بِغَيْرِ صَدَاقٍ

## بیان ایسی عورت کا جس نے ہبہ اور بخشش کیا اپنے تئیں کسی مرد کو بغیر مہر کے

۳۳۶۴- أَخْبَرَنَا هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ أَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ إِنِّيْ قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِيْ لَكَ فَقَامَتْ قِيَامًا طَوِيْلًا فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ زَوِّجْنِيْهَا إِنْ لَمْ يَكُنْ لَكَ بِهَا حَاجَةٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آئی ایک عورت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں بخش دیتی ہوں اپنی جان آپ کو یہ کہہ کر کھڑی رہی دیر تک اتنے میں اٹھا ایک آدمی اور کہنے لگا اگر آپ کو اس عورت کی خواہش نہیں تو میرے ساتھ نکاح کرا دیجئے اس کا۔ آپ نے فرمایا تیرے پاس کچھ ہے۔ اس نے کہا کچھ نہیں میسر مجھ کو۔ آپ نے فرمایا اسکو

www.sirat-e-mustaqeem.com



عِنْدَكَ شَيْءٌ قَالَ مَا أَجِدُ شَيْئًا قَالَ الْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيدٍ فَالْتَمَسَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ شَيْءٌ قَالَ نَعَمْ سُورَةُ كَذَا وَسُورَةُ كَذَا لِسُوَرٍ سَمَّاهَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلَى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْآنِ۔

جاؤ ڈھونڈو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہو وہ ڈھونڈنے گیا اور کچھ نہ ملا اس کو آپ نے فرمایا اس کو قرآن آتا ہے تجھ کو۔ اس نے کہا ہاں یہ یہ سورتیں آتی ہیں مجھ کو اور نام لیا ان سورتوں کا آپ نے فرمایا میں نے تیرا نکاح کر دیا اس عورت سے اس قرآن پر جو تجھ کو یاد ہے۔

## باب ۱۶۸۱ إِحْلَالِ الْفَرْجِ

## حلال کر دینا فرج کا کسی کے لیے

۳۳۶۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي بِشْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ يَأْتِي جَارِيَةَ امْرَأَتِهِ قَالَ إِنْ كَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَهُ جَلَدْتُهُ مِائَةً وَإِنْ لَمْ تَكُنْ أَحَلَّتْهَا لَهُ رَجَمْتُهُ۔

حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کے لیے جس نے زنا کیا تھا لونڈی سے اپنی جورو کی یہ فرمایا تھا اگر حلال کر دی تھی اس عورت نے یعنی اس کی جورو نے وہ لونڈی اسکے لیے تو ماروں گا میں اس کو سو کوڑے اور اگر حلال نہیں کی تھی اس کے لیے تو رجم کروں گا اس کو۔ ف۔

۳۳۶۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا أَبَانُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُنَيْنٍ وَيُنْبَزُ قُرْقُورًا أَنَّهُ وَقَعَ بِجَارِيَةِ امْرَأَتِهِ فَرُفِعَ إِلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ فَقَالَ لَأَقْضِيَنَّ فِيهَا بِقَضِيَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ كَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَكَ جَلَدْتُكَ وَإِنْ لَمْ تَكُنْ أَحَلَّتْهَا لَكَ رَجَمْتُكَ بِالْحِجَارَةِ فَكَانَتْ أَحَلَّتْهَا لَهُ فَجُلِدَ مِائَةً قَالَ قَتَادَةُ فَكَتَبْتُ إِلَى حَبِيبِ بْنِ سَالِمٍ فَكَتَبَ إِلَيَّ بِهَذَا۔

حضرت حبیب بن سالم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک جھگڑا نعمان بن بشیر کے پاس اس آدمی کا جس کا نام عبدالرحمن تھا اور لوگوں نے اس کا نام قرقور بھی رکھ لیا تھا وہ جھگڑا یہ تھا وہ اپنی جورو کی لونڈی پر جا پڑا یعنی اس سے زنا کیا۔ نعمان بن بشیر کہنے لگے میں فیصلہ کروں گا اس طرح جیسے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا اور کہا نعمان بن بشیر نے اگر حلال کر دی تھی لونڈی تیرے لیے تو کوڑے ماروں گا میں تجھ کو اور نہیں تو رجم کروں گا تجھ کو پتھروں سے آخر یہ ہوا سو کوڑے مارے اس کو کیونکہ اس کی جورو نے حلال کر دی تھی اس کو وہ لونڈی۔ قتادہ کہتے ہیں میں نے حبیب بن سالم کو لکھا تھا اس نے مجھ کو یہی لکھ بھیجا تھا

ترجمہ اوپر گزر چکا ہے۔

۳۳۶۷- أَخْبَرَنَا أَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَارِمٌ

ف: کیونکہ جب مالک نے لونڈی کی فرج کسی کو حلال کر دی تو وہ حلال نہیں ہوتی مگر شبہ کی وجہ سے زنا کی حد نہ پڑے گی اور سو کوڑے بطور تعزیر کے اس کو مارے جائیں گے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ رَجُلٍ وَقَعَ بِجَارِيَةِ امْرَاَتِهِ اِنْ كَانَتْ اَحَلَّتْهَا لَهُ فَاجْلِدْهُ مِائَةً وَاِنْ لَمْ تَكُنْ اَحَلَّتْهَا لَهُ فَارْجُمْهُ

۳۳۶۸- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ حُرَيْثٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ قَالَ قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَجُلٍ وَطِئَ جَارِيَةَ امْرَاَتِهِ اِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا وَاِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لَهُ وَعَلَيْهِ لِسَيِّدَتِهَا مِثْلُهَا۔

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فیصلہ کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کا کہ اس نے زنا کیا تھا اپنی جورو کی لونڈی سے اس طرح پر اگر اس مرد نے زبردستی سے زنا کیا اس سے تو آزاد ہوگی وہ لونڈی اور مرد کو دینی آئی ایک لونڈی اس کی مانند یعنی مرد اس لونڈی کے بدلے اپنی جورو کو اور لونڈی خرید کر دے کیونکہ یہ لونڈی بسبب زبردستی کے آزاد ہوگئی اور اگر مرد نے زبردستی نہیں کی بلکہ لونڈی کی رضا سے یہ کام ہوا تو وہ لونڈی اس مرد کی ہوگئی اور اس لونڈی کے بدلے دوسری لونڈی اس لونڈی کی مانند مرد پر دینی واجب ہوگی۔

۳۳۶۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْمُحَبَّقِ اَنَّ رَجُلًا غَشِيَ جَارِيَةً لِامْرَاَتِهِ فَرُفِعَ ذٰلِكَ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ كَانَ اسْتَكْرَهَهَا فَهِيَ حُرَّةٌ مِنْ مَالِهِ وَعَلَيْهِ الشَّرْوَى لِسَيِّدَتِهَا وَاِنْ كَانَتْ طَاوَعَتْهُ فَهِيَ لِسَيِّدَتِهَا وَمِثْلُهَا مِنْ مَالِهِ۔

حضرت سلمہ بن محبق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے زنا کیا ایک مرد نے اپنی جورو کی باندی سے پھر آیا یہ قضیہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا اگر زبردستی اور نارضامندی سے کیا اس آدمی نے یہ کام تو وہ لونڈی آزاد ہو گئی اس آدمی کے مال سے اس لونڈی کی مالک یعنی بیوی کو یہ شخص دوسری لونڈی دیوے اس کے بدلے میں اور اگر زبردستی نہیں کی بلکہ خوشی اور رضامندی سے ہوا یہ کام تو یہ لونڈی اس کی رہی جس کی تھی اور دوسری باندی اس کی مثل دینی واجب ہوگی اس مرد پر اپنے مال میں سے۔ ف۔

## بَابُ ۱۶۸۲ تَحْرِيْمِ الْمُتْعَةِ

## متعہ کے حرام ہونے کا بیان

ف: یہ گویا جرمانہ ہے مرد پر کہ پرائی لونڈی سے کیوں جماع کیا تو اس کے بدلے اور ایک لونڈی خرید کر دینی پڑی۔ اہل سنت کے نزدیک لونڈی کی شرمگاہ کسی کے لیے حلال کرنا درست نہیں مگر شیعوں کے نزدیک درست ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۳۷۰- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنِ الْحَسَنِ وَعَبْدِ اللَّهِ ابْنَيْ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِمَا أَنَّ عَلِيًّا بَلَغَهُ أَنَّ رَجُلاً لاَ يَرَى بِالْمُتْعَةِ بَأْسًا فَقَالَ إِنَّكَ تَائِهٌ أَنَّهُ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الأَهْلِيَّةِ يَوْمَ خَيْبَرَ۔

حضرت حسن اور عبد اللہ جو دونوں بیٹے ہیں محمد کے دونوں اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو پہنچی یہ خبر کہ کوئی آدمی ایسا ہے جو متعہ کی کچھ حرمت نہیں سمجھتا فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تو گمراہ ہے اس واسطے کہ منع کیا مجھ کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن اس سے اور گدھے کے گوشت سے۔

۳۳۷۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِمَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الإِنْسِيَّةِ۔

حضرت علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے متعہ کرنے سے عورتوں کے ساتھ خیبر کے دن اور گوشت سے گدھے کے جو شہری ہو یعنی گورخر نہ ہو کیونکہ گورخر حلال ہے۔

---

۳۳۷۲- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالُوا أَنْبَأَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ يَقُولُ أَخْبَرَنِي مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ أَنَّ ابْنَ شِهَابٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ وَالْحَسَنَ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ أَخْبَرَاهُ أَنَّ أَبَاهُمَا مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ أَخْبَرَهُمَا أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى يَوْمَ حُنَيْنٍ وَقَالَ هَكَذَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ مِنْ كِتَابِهِ۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے منع کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے دن متعہ کرنے سے عورتوں کے ساتھ اور ابن مثنیٰ فرماتے ہیں حنین کے دن منع کیا اور ابن مثنیٰ کہتے ہیں یوں ہی حدیث بیان کی مجھ کو عبد الوہاب نے اپنی کتاب میں سے۔

---

۳۳۷۳- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَذِنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُتْعَةِ فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ فَعَرَضْنَا عَلَيْهَا أَنْفُسَنَا فَقَالَتْ مَا تُعْطِينِي فَقُلْتُ رِدَائِي وَقَالَ صَاحِبِي رِدَائِي وَكَانَ رِدَاءُ صَاحِبِي أَجْوَدَ مِنْ رِدَائِي وَكُنْتُ

حضرت سبرۃ جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اجازت دی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے متعہ کرنے کی تو گیا میں اور ایک آدمی بنی عامر کے قبیلے کی ایک عورت کے پاس اور بیان کیا ہم نے اپنا ارادہ اس سے وہ کہنے لگی کیا دو گے مجھ کو میں نے کہا چادر دیتا ہوں اور میرے ساتھی نے بھی یہی کہا۔ لیکن میرے ساتھ والے کے پاس چادر میری چادر سے اچھی

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَشَبَّ مِنْهُ فَإِذَا نَظَرْتُ إِلَى رِدَاءِ صَاحِبِي أَعْجَبَهَا وَإِذَا نَظَرَتْ إِلَيَّ أَعْجَبْتُهَا ثُمَّ قَالَتْ أَنْتَ وَرِدَاؤُكَ يَكْفِينِي فَمَكَثْتُ مَعَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ اللَّاتِي يَتَمَتَّعُ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهَا

تھی پر میں اس سے عمر میں کم تھا اور جوان تھا اس سے جب وہ عورت میرے ساتھ والے کی چادر دیکھتی تھی تو اس طرف جھکتی اور جب مجھ کو دیکھتی تھی تو اچھا معلوم ہوتا تھا میں اس کو پھر آخر مجھ کو کہنے لگی تو اور تیری چادر پسند ہے مجھ کو پھر میں نے تین دن رکھا اس کو بعد اس کے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کے پاس متعہ والی عورتیں ہیں ان کو چاہیے کہ نکال دیں ان عورتوں کو۔

## بَاب ۱۶۸۳ إِعْلَانُ النِّكَاحِ بِالصَّوْتِ وَضَرْبِ الدُّفِّ

## شہرت نکاح کی آواز سے اور دف بجانے کیساتھ

۳۳۷۴- أَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ أَبِي بَلْجٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَاطِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصْلُ مَا بَيْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الدُّفُّ وَالصَّوْتُ فِي النِّكَاحِ

حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حلال نکاح اور حرام کی تمیز آواز اور دف سے ہوتی ہے۔ ف۔

۳۳۷۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَبِي بَلْجٍ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ حَاطِبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ فَصْلَ مَا بَيْنَ الْحَلَالِ وَالْحَرَامِ الصَّوْتُ۔

حضرت محمد بن حاطب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حلال نکاح اور حرام نکاح میں فرق شہرت اور آواز سے ہوتا ہے۔

## بَاب ۱۶۸۴ كَيْفَ يُدْعَى لِلرَّجُلِ إِذَا تَزَوَّجَ

## جس آدمی کا نکاح ہو گیا ہو اس وقت اس کو کیا دعا دینی چاہیے۔

۳۳۷۶- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَا حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ تَزَوَّجَ عَقِيلُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ امْرَأَةً مِنْ بَنِي جُشَمٍ فَقِيلَ لَهُ بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِينَ قَالَ قُولُوا كَمَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَارَكَ اللَّهُ فِيكُمْ

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نکاح کیا عقیل ابی طالب کے بیٹے نے کسی عورت سے دعا دی ان کو لوگوں نے بالرفاء والبنین کہہ کر یعنی خدا تم میں اتفاق اور ملاپ دے اور صاحب اولاد کرے اور عورت بنی جشم کے قبیلے میں کی تھی۔ عقیل کہنے لگے جس طرح رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اسی طرح تم بھی کہو اور رسول اللہ صلے اللہ

ف: یعنی نکاح کو جہری اور چھپا کر نہ کرنا چاہیے کیونکہ ظاہر کرنے کی بات اگر کوئی چھپا کر کرے گا تو سوائے حرام کے اور کیا ہوگا اور کچھ شور و غل نہ ہو اور دف جس کو ایک ہاتھ سے بجاتے ہیں وہی بجائے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَبَارَكَ لَكُمْ۔

علیہ وسلم نے یوں فرمایا تھا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ وَبَارَكَ لَكُمْ یعنی برکت دے اللہ تعالیٰ تمہاری ہر چیز میں اور برکت والا کرے تم کو۔

## بَابُ ۱۶۸۵ دُعَاءِ مَنْ لَمْ يَشْهَدِ التَّزْوِيجَ

## جو شخص حاضر نہ ہوا نکاح کے وقت اس کی دعا دینے کا بیان

۳۳۷۷- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَا هٰذَا قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً عَلَى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ فَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک نشان زرد عبدالرحمٰن کے کپڑے پر۔ آپ نے فرمایا یہ کیا ہے۔ عبدالرحمٰن نے عرض کیا میں نے نکاح کیا ہے ایک عورت سے اور گٹھلی کے وزن کے برابر سونا اسکا مہر مقرر کیا ہے آپ نے دعا دی بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ کہہ کر یعنی برکت دے تجھ کو اللہ تعالیٰ اس نکاح میں اور فرمایا ولیمہ کر اگرچہ ایک ہی بکری ہو۔

## بَابُ ۱۶۸۶ الرُّخْصَةِ فِي الصُّفْرَةِ عِنْدَ التَّزْوِيجِ

## شادی میں زرد چیز لگانیکی رخصت اور اجازت کا بیان

۳۳۷۸- أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ جَاءَ وَعَلَيْهِ رَدْعٌ مِنْ زَعْفَرَانٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْيَمْ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً قَالَ وَمَا أَصْدَقْتَ قَالَ وَزْنَ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ قَالَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آئے عبدالرحمٰن بن عوف ان کے اوپر اثر تھا زعفران کے رنگ کا۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ کیا ہے عبدالرحمٰن نے عرض کیا یہ شادی کا نشان ہے۔ آپ نے فرمایا کتنا مہر باندھا عبدالرحمٰن نے عرض کیا ایک گٹھلی برابر سونا۔ آپ نے فرمایا ولیمہ کر اگرچہ ایک بکری ہو۔

۳۳۷۹- أَخْبَرَنِي أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْوَزِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنْ أَنَسٍ قَالَ رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ كَأَنَّهُ يَعْنِي عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَوْفٍ أَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَهْيَمْ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دیکھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اثر زردی کا مجھ پر یعنی یہ قول عبدالرحمٰن کا ہے انس نے کہا پھر فرمایا آپ نے کیا ہے یہ۔ عرض کیا عبدالرحمٰن نے یہ نکاح کرنے کا نشان ہے میں نے ایک انصاری عورت سے نکاح کیا ہے آپ نے فرمایا ولیمہ کر اگرچہ ایک بکری ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۶۸۷ نِحْلَةِ الْخَلْوَةِ

۳۳۸۰- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ تَزَوَّجْتُ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنِ بِيْ قَالَ اَعْطِهَا شَيْئًا قُلْتُ مَا عِنْدِيْ مِنْ شَيْءٍ قَالَ فَاَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ قُلْتُ هِيَ عِنْدِيْ قَالَ فَاَعْطِهَا اِيَّاهُ

## خلوت کی بخشش دینے کا بیان

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نکاح کیا حضرت فاطمہ رضؓ سے اور کہا میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے میرے پاس بھیج دیجئے میری دلہن کو۔ آپ نے فرمایا کچھ دے اس کو۔ میں نے کہا میرے پاس کچھ نہیں۔ آپ نے فرمایا تیری زرہ حطمیہ کہاں گئی میں نے عرض کیا وہ تو میرے پاس ہے آپ نے فرمایا وہی دیدے اس کو یعنی دلہن کو۔ ف۔

۳۳۸۱- اَخْبَرَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا تَزَوَّجَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْطِهَا شَيْئًا قَالَ مَا عِنْدِيْ قَالَ فَاَيْنَ دِرْعُكَ الْحُطَمِيَّةُ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب نکاح کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فاطمہ رضؓ سے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کچھ دے اس کو حضرت علیؓ نے عرض کیا میرے پاس کچھ نہیں آپ نے فرمایا تیری زرہ حطمیہ کہاں گئی۔

## بَابُ ۱۶۸۸ الْبِنَاءِ فِيْ شَوَّالٍ

۳۳۸۲- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَانَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَوَّالٍ وَاُدْخِلْتُ عَلَيْهِ فِيْ شَوَّالٍ فَاَيُّ نِسَائِهٖ كَانَ اَحْظٰى عِنْدَهٗ مِنِّيْ۔

## عید کے ماہ میں دلہن کو نوشہ کے پاس بھیجنے کا بیان

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے عید کے مہینے میں اور آئی میں ان کے پاس اسی عید کے مہینے میں پھر کون سی بیوی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی مجھ سے زیادہ خوش اور محظوظ تھی سب بیویوں میں۔

## بَابُ ۱۶۸۹ الْبِنَاءِ بِابْنَةِ تِسْعٍ

۳۳۸۳- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا بِنْتُ سِتٍّ وَدَخَلَ عَلَيَّ وَاَنَا بِنْتُ تِسْعِ سِنِيْنَ وَكُنْتُ اَلْعَبُ بِالْبَنَاتِ۔

## نو برس کی لڑکی کو خاوند کے گھر بھیجنے کا بیان

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نکاح کیا مجھ سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس وقت میں چھ برس کی تھی اور آئے میرے نزدیک اس وقت جب میں نو برس کی تھی اور لڑکیوں میں کھیلا کرتی تھی۔

---

ف : حطمیہ منسوب ہے حطمیہ بن المحارث کی طرف جو زرہ بنایا کرتے تھے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۳۸۴- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعْدِ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ قَالَ أَخْبَرَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ بِنْتُ سِتِّ سِنِينَ وَبَنَى بِهَا وَهِيَ بِنْتُ تِسْعٍ۔

ترجمہ سابقہ صفحہ پر گزرا۔

## بَابُ ۱۶۹۰ الْبِنَاءِ فِي السَّفَرِ

## مسافری میں دلہن کے پاس جانے کا بیان

۳۳۸۵- أَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا خَيْبَرَ فَصَلَّيْنَا عِنْدَهَا الْغَدَاةَ بِغَلَسٍ فَرَكِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكِبَ أَبُو طَلْحَةَ وَأَنَا رَدِيفُ أَبِي طَلْحَةَ فَأَخَذَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي زُقَاقِ خَيْبَرَ وَإِنَّ رُكْبَتِي لَتَمَسُّ فَخِذَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنِّي لَأَرَى بَيَاضَ فَخِذِ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا دَخَلَ الْقَرْيَةَ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ وَخَرَجَ الْقَوْمُ إِلَى أَعْمَالِهِمْ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ فَقَالُوا مُحَمَّدٌ قَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا وَالْخَمِيسُ وَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً فَجُمِعَ السَّبْيُ فَجَاءَ دِحْيَةُ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَعْطِنِي جَارِيَةً مِنَ السَّبْيِ قَالَ اذْهَبْ فَخُذْ جَارِيَةً فَأَخَذَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ أَعْطَيْتَ دِحْيَةَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ سَيِّدَةَ قُرَيْظَةَ وَالنَّضِيرِ مَا تَصْلُحُ إِلَّا لَكَ قَالَ ادْعُوهُ بِهَا فَجَاءَ بِهَا فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا خیبر کے جانے کا واسطے جہاد کے تو پڑھی ہم نے نماز صبح کی نزدیک خیبر کے غلس میں یعنی صبح صادق خوب روشن نہیں ہوئی تھی پھر سوار ہوئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اور سوار ہوئے ابو طلحہ بھی اور میں ان کے ساتھ بیٹھا ان کی سواری پر جب جا پہنچے نبی صلی اللہ علیہ وسلم خیبر کی گلیوں میں یوں فرمانے لگے: اَللّٰہُ اَکْبَرُ خَرِبَتْ خَیْبَرُ اِنَّا اِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِیْنَ یعنی اللہ اکبر کہہ کر فرمایا برباد ہو گیا خیبر جن لوگوں کے گھروں اور صحنوں میں اتر لیں گے ہم بُرا دن چڑھے گا ان لوگوں کے حق میں جو ڈرائے گئے ہیں۔ تین بار ایسا ہی فرمایا۔ انسؓ فرماتے ہیں جب ہم وہاں گئے اس وقت لوگ اپنے کاموں کو جا رہے تھے عبدالعزیز جو انسؓ کے شاگرد ہیں وہ فرماتے ہیں خیبر کے لوگ کہتے تھے محمدؐ یعنی اس لشکر کے سردار محمدؐ ہیں اور بعضوں کی روایت میں والخمیس بھی آیا ہے غرض کوئی محمد اور کوئی محمدؐ والخمیس کہتا جاتا تھا یعنی لشکر آیا لشکر آیا کہتے ہوئے چلے جاتے تھے یا محمد مع لشکر آن پہنچے پھر فتح کیا ہم نے خیبر زبردستی سے (یعنی لڑ کر) اور اکٹھے کیے گئے قیدی (یعنی عورتیں جو پکڑی گئی تھیں) دحیہ کلبی (نام ہے صحابی کا) آ کر کہنے لگا یا رسول اللہؐ ان لونڈیوں میں سے ایک لونڈی دیجئے مجھ کو آپ نے فرمایا جا لے لے ان میں سے کوئی لونڈی

www.sirat-e-mustaqeem.com



عليه وسلم قال خذ جارية من السبي غيرها قال وان نبي الله صلى الله عليه وسلم اعتقها وتزوجها فقال له ثابت يا ابا حمزة ما اصدقها قال نفسها اعتقها وتزوجها قال حتى اذا كان بالطريق جهزتها له ام سليم فاهدتها اليه من الليل فاصبح عروسا قال من كان عنده شيء فليجئ به قال وبسط نطعا فجعل الرجل يجيء بالاقط وجعل الرجل يجيء بالتمر وجعل الرجل يجيء بالسمن فحاسوا حيسة فكانت وليمة رسول الله صلى الله عليه وسلم۔

انھوں نے لیا صفیہ حیی کی بیٹی کو۔ اتنے میں ایک آدمی آکر کہنے لگا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اے نبی اللہ کے صفیہ آپ نے دحیہ کو دیدی وہ عورت دحیہ کے لائق نہیں کیونکہ قریظہ اور نضیر جو یہاں کے قبیلے ہیں ان قبیلوں کی بیٹی ہے آپ نے فرمایا بلاؤ اس کو پھر آئی وہ عورت جب آپ نے نظر ڈالی اس پر دحیہ کو فرمایا تم دوسری لونڈی لے لو ان میں سے، راوی کہتا ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے آزاد کیا صفیہ کو اور اس سے نکاح کر لیا۔ ثابت نے پوچھا ان سے یعنی انس رض سے) اور کہنے لگے اے حمزہ کے باپ کیا مہر باندھا تھا اس کا انھوں نے جواب دیا اس کا آزاد کر دینا اس کا مہر تھا۔ ابھی حضرت راستے میں ہی تھے ام سلیم اس کو آراستہ اور پیراستہ کر کے رات کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس لے گئی اور صبح تک آپ اس کے پاس رہے اور فرمایا صبح کو جس کے پاس جو کچھ ہو لے آئے اور بچھایا گیا چمڑا اور لوگوں نے لانا شروع کیا کوئی پنیر لایا اور کوئی کھجور اور کوئی گھی لایا پھر سب کو ملا دیا پس یہ تھا ولیمہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا۔

۳۳۸۶- اخبرنا محمد بن نصر قال حدثنا ايوب بن سليمان قال حدثني ابو بكر بن ابي اويس عن سليمان بن بلال عن يحيى عن حميد انه سمع انسا يقول ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اقام على صفية بنت حيي بن اخطب بطريق خيبر ثلاثة ايام حين عرس بها ثم كانت فيمن ضرب عليها الحجاب۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ٹھہرے نبی صلے اللہ علیہ وسلم راستے میں خیبر کے تین دن جب شادی کی صفیہ حیی کی بیٹی اور اخطب کی پوتی سے اور پھر شامل کی گئی پردہ نشینوں میں یعنی بیبیوں میں۔

---

۳۳۸۷- اخبرنا علي بن حجر قال حدثنا اسماعيل قال حدثنا حميد عن انس قال اقام النبي صلى الله عليه وسلم بين خيبر والمدينة ثلاثا يبني بصفية بنت حيي فدعوت المسلمين الى وليمته فما كان فيها من خبز ولا لحم امر

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے قیام کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے خیبر اور مدینہ طیبہ کے درمیان تین روز اور رات کو رہے صفیہ حیی کی بیٹی کے پاس اور بلایا میں نے مسلمانوں کو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ولیمہ کی دعوت کیلئے حکم کیا آپ نے دسترخوان بچھانے کا اور

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِالْاَنْطَاعِ وَاَلْقَى عَلَيْهَا مِنَ التَّمْرِ وَالْاَقِطِ وَالسَّمْنِ فَكَانَتْ وَلِيْمَتَهُ فَقَالَ الْمُسْلِمُوْنَ اِحْدَى اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَوْ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ فَقَالُوْا اِنْ حَجَبَهَا فَهِيَ مِنْ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِنْ لَمْ يَحْجُبْهَا فَهِيَ مِمَّا مَلَكَتْ يَمِيْنُهُ فَلَمَّا ارْتَحَلَ وَطَّا لَهَا خَلْفَهُ وَمَدَّ الْحِجَابَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ النَّاسِ۔

روٹی اور گوشت اس وقت وہاں موجود نہ تھا پھر بچھنے لگیں اس چمڑے کے دسترخوان پر کھجوریں اور پنیر اور گھی بس ہو گیا ولیمہ آپ کا اسی سے یعنی کسی نے کھجوریں لاکر ڈالیں اور کسی نے پنیر اور کسی نے گھی اسکا مالیدہ بنا کر سب نے مل کر کھا لیا۔ پھر لوگوں نے یہ بات کہنی شروع کی صفیہ رضی اللہ عنہا بھی ایک بیوی ہو گئی جیسے اور بیویاں ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سب لوگوں کی ماں ہو گئیں یا ابھی لونڈی رہیں پھر کہنے لگے اگر پردے میں رہے گی تو سمجھو امہات المومنین ہیں۔ یعنی بیویوں میں شامل ہوئی اور نہیں تو باندی رہی جب کوچ ہوا تو بچھایا گیا بچھونا کجاوے پر پچھلی طرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اور پردہ تانا گیا درمیان میں ان کے اور لوگوں کے۔

## بَابُ ۱۶۹۱ اللَّهْوِ وَالْغِنَاءِ عِنْدَ الْعُرْسِ

## کھیلنا اور گانا کیسا ہے شادی میں!!

۳۳۸۸- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى قُرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ وَاَبِيْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيِّ فِيْ عُرْسٍ وَاِذَا جَوَارٍ يُغَنِّيْنَ فَقُلْتُ اَنْتُمَا صَاحِبَا رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمِنْ اَهْلِ بَدْرٍ يُفْعَلُ هٰذَا عِنْدَكُمْ فَقَالَ اجْلِسْ اِنْ شِئْتَ فَاسْمَعْ مَعَنَا وَاِنْ شِئْتَ اذْهَبْ قَدْ رُخِّصَ لَنَا فِي اللَّهْوِ عِنْدَ الْعُرْسِ۔

حضرت عامر بن سعد سے روایت ہے گیا میں ایک شادی میں جہاں قرظہ بن کعب اور ابو مسعود انصاری بھی تھے۔ اتفاق سے وہاں لڑکیاں گا رہی تھیں میں نے کہا تم دونوں اصحاب ہو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور بدری بھی ہو تمہارے روبرو یہ کام ہو رہا ہے وہ دونوں صاحب فرمانے لگے تمہارا جی چاہے سنو ہمارے ساتھ بیٹھ کر اور نہیں تو چلے جاؤ ہمارے لیے رخصت دی گئی ہے شادی میں کھیلنے کی کیونکہ شادی ایک خوشی ہے اس میں مباح کھیل کود کی اجازت ہے گانا اگر دیگر حرام چیزوں سے خالی ہو تو منع نہیں۔

## بَابُ ۱۶۹۲ جِهَازِ الرَّجُلِ ابْنَتَهُ

## اپنی بیٹی کو جہیز دینے کا بیان!!

۳۳۸۹- اَخْبَرَنَا نُصَيْرُ بْنُ الْفَرَجِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ زَائِدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جہیز دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو مشک اور تکیہ جس میں گھاس بھرا ہوا تھا جس کو اذخر

www.sirat-e-mustaqeem.com



جَهَّزَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ فِيْ خَمِيْلٍ وَقِرْبَةٍ وَوِسَادَةٍ حَشْوُهَا إِذْخِرٌ۔

کہتے ہیں اور خمیل یعنی چادر سیاہ رنگ کی۔

## بَابُ ۱۶۹۳ الْفُرُشِ

## فرش اور بچھونا رکھنے کا بیان

۳۲۳۹۰- أَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِيْ أَبُوْ هَانِئٍ الْخَوْلَانِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُوْلُ عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِرَاشٌ لِلرَّجُلِ وَفِرَاشٌ لِأَهْلِهِ وَالثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَالرَّابِعُ لِلشَّيْطَانِ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مرد کے لیے ایک بچھونا اور اس کی جورو کیلئے دوسرا اور تیسرا مہمان کے لیے اور چوتھا شیطان کے لیے۔

## بَابُ ۱۶۹۴ الْأَنْمَاطِ

## حاشیہ دار چادریں رکھنے کا بیان

۳۲۳۹۱- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تَزَوَّجْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ هَلِ اتَّخَذْتُمْ أَنْمَاطًا قُلْتُ وَأَنّٰى لَنَا أَنْمَاطٌ قَالَ إِنَّهَا سَتَكُوْنُ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پوچھا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کیا تو نے نکاح کیا ہے میں نے عرض کیا کہ ہاں آپ نے فرمایا نہالی بھی بنائی ہے میں نے عرض کیا میرے پاس نہالیں کہاں ہیں آپ نے فرمایا اب ہوں گی (یعنی قریب ہے وہ زمانہ جب مسلمان مالدار ہو جائیں گے اور سب آرام کی چیزیں رکھیں گے۔

## بَابُ ۱۶۹۵ الْهَدِيَّةِ لِمَنْ عَرَّسَ

## نوشہ کو ہدیہ اور تحفہ دینا۔

۳۲۳۹۲- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ وَهُوَ ابْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْجَعْدِ أَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ تَزَوَّجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ بِأَهْلِهِ قَالَ وَصَنَعَتْ أُمِّيْ أُمُّ سُلَيْمٍ حَيْسًا قَالَ فَذَهَبَتْ بِهِ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ أُمِّيْ تُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَتَقُوْلُ لَكَ إِنَّ هٰذَا لَكَ مِنَّا قَلِيْلٌ قَالَ ضَعْهُ ثُمَّ قَالَ اذْهَبْ فَادْعُ فُلَانًا وَمَنْ لَقِيْتَ وَسَمّٰى رِجَالًا فَدَعَوْتُ مَنْ سَمّٰى وَمَنْ لَقِيْتُهُ قُلْتُ لِأَنَسٍ عِدَّةُ كَمْ كَانُوْا قَالَ يَعْنِيْ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نکاح کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور گئے اپنے اہل کے پاس اور بنایا میری ماں ام سلیم نے حیس (ایک قسم کا کھانا جو کھجور اور گھی اور پنیر ملا کر بنایا جاتا ہے۔) میں اُسے لے گیا میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور کہا میں نے میری ماں نے آپ کو سلام کہا ہے اور کہا ہے یہ تھوڑی سی چیز آپ کے واسطے ہے آپ نے فرمایا رکھ دے اور جا فلانے فلانے آدمیوں کو بلا کر لا۔ انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کچھ لوگوں کا نام لیا پھر میں بلا کر لایا جن کا نام لیا تھا اور جو کوئی مجھ

www.sirat-e-mustaqeem.com



زُهَاءَ ثَلَاثِمِائَةٍ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَتَحَلَّقْ عَشَرَةٌ فَلْيَأْكُلْ كُلُّ إِنْسَانٍ مِمَّا يَلِيهِ فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا فَخَرَجَتْ طَائِفَةٌ وَدَخَلَتْ طَائِفَةٌ قَالَ لِي يَا أَنَسُ ارْفَعْ فَرَفَعْتُ فَمَا أَدْرِي حِينَ رَفَعْتُ كَانَ أَكْثَرَ أَمْ حِينَ وَضَعْتُ۔

کو ملا انس رضی اللہ عنہ کے شاگرد نے پوچھا کتنے آدمی ہو گئے تھے انھوں نے کہا تین سو آدمی فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گھیرا باندھ کر بیٹھو دس دس آدمی اور ہر کوئی اپنے سامنے سے کھائے انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں سب لوگ پیٹ بھر کر کھا گئے اور دوبارہ اور لوگ آئے وہ بھی کھا گئے اسی طرح ایک گروہ آتا تھا اور ایک جاتا تھا جب سب کھا چکے تو آپ نے مجھ کو فرمایا اے انس اٹھا یعنی وہ کھانا جو لا کر رکھا تھا اٹھا لیا انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھ کو معلوم نہ ہوا کہ اٹھاتے وقت بہت تھا یا رکھتے وقت ف۱۔

۳۳۹۳۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْوَزِيرِ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ كَثِيرِ بْنِ عُفَيْرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ عَنْ أَنَسٍ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ آخَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ قُرَيْشٍ وَالْأَنْصَارِ فَآخَى بَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ إِنَّ لِي مَالًا فَهُوَ بَيْنِي وَبَيْنَكَ شَطْرَانِ وَلِي امْرَأَتَانِ فَانْظُرْ أَيُّهُمَا أَحَبُّ إِلَيْكَ فَأَنَا أُطَلِّقُهَا فَإِذَا حَلَّتْ فَتَزَوَّجْهَا قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ دُلُّونِي أَيْ عَلَى السُّوقِ فَلَمْ يَرْجِعْ حَتَّى رَجَعَ بِسَمْنٍ وَأَقِطٍ قَدْ أَفْضَلَهُ قَالَ وَرَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ أَثَرَ صُفْرَةٍ فَقَالَ مَهْيَمْ فَقُلْتُ تَزَوَّجْتُ امْرَأَةً مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ أَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بھائی چارہ کر دیا قریش اور انصار میں (یعنی قریش کے لوگ جو مکہ معظمہ سے گھر بار چھوڑ کر ہجرت کر کے آئے تھے ان میں سے ایک ایک شخص کو ایک ایک انصاری کا بھائی بنا دیا) تو سعد بن ربیع کا بھائی عبدالرحمن بن عوف کو بنایا سعد نے ان سے کہا میرے پاس مال ہے اس کے دو حصے کرتا ہوں ایک حصہ تو لے اور ایک حصہ میں رکھوں گا اور میرے پاس دو عورتیں ہیں تو دیکھ دونوں میں تجھ کو پسند ہو اس کو میں طلاق دیتا ہوں جب عدت گزر جائے تو تو اس سے نکاح کر لے۔ عبدالرحمن نے کہا اللہ برکت دے تمہاری جورو اور مال میں مجھے بازار دکھاؤ پھر وہ بازار گئے اور نہ لوٹے یہاں تک کہ گھی اور پنیر نفع کما کر لائے عبدالرحمن نے کہا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھ پر زردی کا نشان دیکھا تو فرمایا یہ زردی کا نشان کیسا ہے میں نے کہا میں نے نکاح کیا ہے آپ نے فرمایا تو ولیمہ کر ایک بکری کا ہی۔ تمام ہوئی کتاب نکاح کی۔

---

ف۱: یعنی کم ہونے کا تو ذکر کیا ہے بلکہ یہ خیال ہوا کہ شاید پہلے سے زیادہ ہو گیا یا اتنا ہی ہے اور یہاں معجزہ بیان کرنے کے لیے اس حدیث کو نہیں لائے بلکہ دولہا کو تحفہ اور ہدیہ بھیجنے کا بیان ہے اگرچہ ایک معجزے کا بیان بھی اس حدیث میں ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



# کِتَابُ عِشْرَةِ النِّسَاءِ
# عورتوں کے ساتھ گذارا کرنے کا بیان
(یعنی کیونکر ان کے ساتھ برتاؤ کرے)

## ۱۶۹۶۔ باب حُبِّ النِّسَاءِ
## عورتوں سے محبت کرنے کا بیان

۲۳۹۴۔ حَدَّثَنِی الشَّیْخُ الْاِمَامُ اَبُوْعَبْدِالرَّحْمٰنِ النَّسَائِیُّ قَالَ اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عِیْسَی الْقُوْمَسِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ ابْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَلَّامٌ اَبُوالْمُنْذِرِ عَنْ ثَابِتٍ،

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَیَّ مِنَ الدُّنْیَا النِّسَاءُ وَالطِّیْبُ وَجُعِلَ قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے دنیا کی سب چیزوں میں عورتیں اور خوشبو پسند ہے اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں ہے۔

۲۳۹۵۔ اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوْسِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا سَیَّارٌ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ،

عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حُبِّبَ اِلَیَّ النِّسَاءُ وَالطِّیْبُ وَجُعِلَتْ قُرَّةُ عَیْنِیْ فِی الصَّلٰوةِ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا ہے

۲۳۹۶۔ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَفْصِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ قَالَ حَدَّثَنِیْ اِبْرَاهِیْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ؛

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمْ یَكُنْ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَاءِ مِنَ الْخَیْلِ۔

حضرت انس بن مالک نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو عورتوں کے بعد کوئی چیز زیادہ پسند نہ تھی گھوڑوں سے (یعنی عورتیں زیادہ مرغوب تھیں پھر ان کے بعد گھوڑے)۔

## ۱۶۹۷۔ مَیْلُ الرَّجُلِ اِلٰی بَعْضِ نِسَائِهٖ دُوْنَ بَعْضٍ
## ایک عورت سے زیادہ محبت کرنا

۲۳۹۷۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُالرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِیْرِ بْنِ نَهِیْكٍ؛

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ لَهٗ امْرَاَتَانِ یَمِیْلُ لِاِحْدَاهُمَا عَلَی

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کی دو عورتیں ہوں پھر وہ ایک عورت کی طرف جھک جائے

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْاُخْرٰی جَاءَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ اَحَدُ شِقَّیْهِ مَائِلٌ۔

اور دوسری کے حق میں ناانصافی کرے، تو قیامت کے روز آئے گا اور ایک طرف کا بدن جھکا ہوگا۔

۳۳۹۸- اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِیْلَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ قَالَ اَنْبَاَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ یَزِیْدَ،

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقْسِمُ بَیْنَ نِسَائِهٖ ثُمَّ یَعْدِلُ ثُمَّ یَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ هٰذَا فِعْلِیْ فِیْمَا اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِیْ فِیْمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ اَرْسَلَهٗ حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باری باری رہتے ہر ایک عورت کے پاس پھر فرماتے یا اللہ یہ میرا کام ہے جس میں میں اختیار رکھتا ہوں مت پکڑ مجھ کو اس کام میں جس کا تو مالک ہے اور میرے اختیار میں نہیں (یعنی دل کی محبت میں میرا بس نہیں چلتا مگر ظاہری انصاف کرتا ہوں جس قدر میرے اختیار میں ہے

## حُبُّ الرَّجُلِ بَعْضَ نِسَائِهٖ اَكْثَرَ مِنْ بَعْضٍ

## ایک عورت کو دوسروں سے زیادہ چاہنا

۳۳۹۵- اَخْبَرَنِیْ عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّیْ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحٰرِثِ بْنِ هِشَامٍ،

اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ اَرْسَلَ اَزْوَاجُ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَتْ عَلَیْهِ وَهُوَ مُضْطَجِعٌ مَعِیْ فِیْ مِرْطِیْ فَاَذِنَ لَهَا فَقَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَزْوَاجَكَ اَرْسَلْنَنِیْ اِلَیْكَ یَسْاَلْنَكَ الْعَدْلَ فِی ابْنَةِ اَبِیْ قُحَافَةَ وَاَنَا سَاكِتَةٌ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیْ بُنَیَّةُ اَلَسْتِ تُحِبِّیْنَ مَنْ اُحِبُّ قَالَتْ بَلٰی قَالَ فَاَحِبِّیْ هٰذِهٖ فَقَامَتْ فَاطِمَةُ حِیْنَ سَمِعَتْ ذٰلِكَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَتْ اِلٰی اَزْوَاجِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَتْهُنَّ بِالَّذِیْ قَالَتْ وَالَّذِیْ قَالَ لَهَا فَقُلْنَ لَهَا مَا نَرَاكِ اَغْنَیْتِ عَنَّا مِنْ شَیْءٍ فَارْجِعِیْ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقُوْلِیْ لَهٗ اِنَّ اَزْوَاجَكَ یَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِی ابْنَةِ اَبِیْ قُحَافَةَ قَالَتْ فَاطِمَةُ لَا وَاللّٰهِ لَا اُكَلِّمُهٗ فِیْهَا اَبَدًا قَالَتْ عَائِشَةُ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جو صاحبزادی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آپ کے پاس بھیجا انہوں نے اجازت مانگی اندر آنے کی اور آپ میرے ساتھ ایک چادر میں لیٹے ہوئے تھے تو آپ نے اجازت دی حضرت فاطمہؓ آئیں اور بولیں یا رسول اللہ آپ کی بیویوں نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے اور وہ چاہتی ہیں کہ آپ انصاف کیجئے ان میں اور ابو قحافہ کی بیٹی میں (ابو قحافہ ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی کنیت ہے یعنی عائشہ اور اور بیویوں میں) حضرت عائشہ نے کہا میں خاموش تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے بیٹی کیا تو نہیں چاہتی اس کو جس کو میں چاہتا ہوں انہوں نے کہا کیوں نہیں آپ نے فرمایا تو پھر محبت رکھ اس سے (یعنی عائشہ سے) حضرت فاطمہؓ یہ سن کر کھڑی ہوئیں اور لوٹ گئیں آپ کی بیویوں کے پاس اور بیان کیا جو انہوں نے کہا اور جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان سے وہ بولیں تم سے تو کچھ کام نہ نکلا اب پھر جاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہو آپ کی بیویاں انصاف چاہتی ہیں ابو قحافہ کی بیٹی میں

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَأَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِيْنِيْ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنْزِلَةِ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ أَرَ امْرَأَةً قَطُّ خَيْرًا فِي الدِّيْنِ مِنْ زَيْنَبَ وَأَتْقَى لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَأَصْدَقَ حَدِيْثًا وَأَوْصَلَ لِلرَّحِمِ وَأَعْظَمَ صَدَقَةً وَأَشَدَّ ابْتِذَالًا لِنَفْسِهَا فِي الْعَمَلِ الَّذِي تَصَدَّقُ بِهِ وَتَقَرَّبُ بِهِ مَا عَدَا سَوْرَةً مِنْ حِدَّةٍ كَانَتْ فِيْهَا تُسْرِعُ مِنْهَا الْفَيْئَةَ فَاسْتَأْذَنَتْ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَائِشَةَ فِي مِرْطِهَا عَلَى الْحَالِ الَّتِي كَانَتْ دَخَلَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا فَأَذِنَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَزْوَاجَكَ أَرْسَلْنَنِي يَسْأَلْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ وَوَقَعَتْ بِي فَاسْتَطَالَتْ وَأَنَا أَرْقُبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَرْقُبُ طَرْفَهُ هَلْ أَذِنَ لِي فِيْهَا فَلَمْ تَبْرَحْ زَيْنَبُ حَتَّى عَرَفْتُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَكْرَهُ أَنْ أَنْتَصِرَ فَلَمَّا وَقَعْتُ بِهَا لَمْ أَنْشَبْهَا بِشَيْءٍ حَتَّى أَنْحَيْتُ عَلَيْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا ابْنَةُ أَبِي بَكْرٍ۔

حضرت فاطمہ رضؓ نے کہا نہیں قسم خدا کی اب میں کبھی آپ سے کچھ نہ کہوں گی اس باب میں حضرت عائشہ رضؓ نے کہا پھر آپ کی بیویوں نے زینب بنت جحش کو بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور زینب وہ عورت تھیں۔ جو میرے برابر کی تھیں آپ کی بیویوں میں آپ کے نزدیک (یعنی درجے اور مرتبے میں حسن و جمال میں) اور میں نے کبھی نہیں دیکھی کوئی عورت زینب سے بڑھ کر دینداری اور خداترسی اور سچائی اور ناطے والوں کے ساتھ ملاپ اور صدقہ اور خیرات میں اور وہ بہت ذلیل کرتی تھیں اپنے نفس کو کام کرنے کے لئے یعنی اس کام میں جو صدقہ اور خیرات کے لئے ان کو ضرورت پڑتا وہ کام یہ تھا کہ چمڑوں کو صاف کرتیں پھر اس کی جوتی بنا کر بیچتیں اور خدا کی راہ میں صرف کرتیں) فقط ان میں ایک ہی بات تھی کہ مزاج کی تیز تھیں اور غصہ جلد آ جاتا تھا مگر جلد جاتا رہتا تھا خیر انہوں نے اجازت چاہی اندر آنے کی اور آپ اسی طرح چادر میں لیٹے تھے حضرت عائشہ کے ساتھ جیسے فاطمہ رضؓ کے آنے کے وقت تھے آپ نے ان کو اجازت دی وہ آئیں اور بولیں یا رسول اللہ آپ کی بیویوں نے مجھے بھیجا ہے وہ چاہتی ہیں کہ آپ انصاف کیجئے ابو قحافہ کی بیٹی میں اور مجھ کو برا بھلا کہنے لگیں اور خوب زبان درازی کی میں رسول اللہ کی نگاہ کو دیکھ رہی تھی کہ آپ مجھے اجازت دیتے ہیں جواب دینے کی یا نہیں زینب اپنے حال میں تھیں کہ میں نے پہچان لیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برا نہیں لگے گا میرا جواب دینا تب تو میں نے بھی ان کو کہنا شروع کیا اور ان کو بات نہ کرنے دی یہاں تک کہ میں ان پر غالب آ گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آخر یہ ابوبکر رضؓ کی بیٹی ہے (یعنی ایسے بڑے شخص کی بیٹی ہے کیونکر عاقل اور لائق نہ ہو گی اور گفتگو میں کس طرح دب جاتے گی۔

٣٤٠٠- أَخْبَرَنِي عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ،

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَذَكَرَتْ نَحْوَهُ وَقَالَتْ أَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ فَاسْتَأْذَنَتْ فَأَذِنَ لَهَا فَدَخَلَتْ فَقَالَتْ نَحْوَهُ خَالَفَهُمَا مَعْمَرٌ رَوَاهُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۳۰۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ النَّيْسَابُورِيُّ الثِّقَةُ الْمَأْمُونُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ،

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اجْتَمَعْنَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلْنَ فَاطِمَةَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ لَهَا إِنَّ نِسَاءَكَ وَذَكَرَ كَلِمَةً مَعْنَاهَا يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ قَالَتْ فَدَخَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مَعَ عَائِشَةَ فِي مِرْطِهَا فَقَالَتْ لَهُ إِنَّ نِسَاءَكَ أَرْسَلْنَنِي وَهُنَّ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتُحِبِّينِي قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَأَحِبِّيهَا قَالَتْ فَرَجَعَتْ إِلَيْهِنَّ فَأَخْبَرَتْهُنَّ مَا قَالَ فَقُلْنَ لَهَا إِنَّكِ لَمْ تَصْنَعِي شَيْئًا فَارْجِعِي إِلَيْهِ فَقَالَتْ وَاللَّهِ لَا أَرْجِعُ إِلَيْهِ فِيهَا أَبَدًا وَكَانَتِ ابْنَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقًّا فَأَرْسَلْنَ زَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ قَالَتْ عَائِشَةُ وَهِيَ الَّتِي كَانَتْ تُسَامِينِي مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ أَزْوَاجُكَ أَرْسَلْنَنِي وَهُنَّ يَنْشُدْنَكَ الْعَدْلَ فِي ابْنَةِ أَبِي قُحَافَةَ ثُمَّ أَقْبَلَتْ عَلَيَّ تَشْتُمُنِي فَجَعَلْتُ أُرَاقِبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْظُرُ طَرْفَهُ هَلْ يَأْذَنُ لِي مِنْ أَنْ أَنْتَصِرَ مِنْهَا قَالَتْ فَشَتَمَتْنِي حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ لَا يَكْرَهُ أَنْ أَنْتَصِرَ مِنْهَا فَاسْتَقْبَلْتُهَا فَلَمْ أَلْبَثْ أَنْ أَفْحَمْتُهَا فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهَا ابْنَةُ أَبِي بَكْرٍ قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَمْ أَرَ امْرَأَةً خَيْرًا وَلَا أَكْثَرَ صَدَقَةً وَلَا أَوْصَلَ لِلرَّحِمِ وَأَبْذَلَ لِنَفْسِهَا فِي كُلِّ شَيْءٍ يُتَقَرَّبُ بِهِ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى مِنْ زَيْنَبَ مَا عَدَا سَوْرَةً مِنْ حِدَّةٍ كَانَتْ فِيهَا تُوشِكُ مِنْهَا الْفَيْئَةَ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَذَا خَطَأٌ وَالصَّوَابُ الَّذِي قَبْلَهُ۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں اکٹھی ہوئیں اور انہوں نے حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور کہلایا کہ آپ کی بیویاں انصاف چاہتی ہیں ابو قحافہ کی بیٹی میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئیں اور آپ حضرت عائشہ کے ساتھ تھے ایک چادر میں حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا آپ کی بیویوں نے مجھے بھیجا ہے اور وہ انصاف چاہتی ہیں ابو قحافہ کی بیٹی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تو مجھ سے محبت رکھتی ہے انہوں نے کہا ہاں آپ نے فرمایا تو پھر محبت رکھ عائشہ سے یہ سن کر فاطمہ رضی اللہ عنہا لوٹیں اور آپ کی بیویوں سے بیان کیا جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا وہ بولنے لگیں تم نے تو کچھ نہ کیا اب پھر جاؤ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا قسم خدا کی اب میں نہ جاؤں گی اور آخر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا رسول اللہ کی بیٹی تھیں (وہ کیونکر آپ کے فرمانے کے خلاف کرتیں) تب سب بیویوں نے زینب بنت جحش کو بھیجا حضرت عائشہ نے کہا زینب وہ بیوی تھیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں میں میرے برابر کی تھیں (عزت اور خاندان اور خوبصورتی میں) تب زینب نے کہا کہ آپ کی بیویوں نے مجھے بھیجا ہے اور وہ انصاف چاہتی ہیں ابو قحافہ کی بیٹی میں پھر میری طرف منہ کیا اور مجھ کو برا کہنے لگیں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اور آپ کی نگاہ کی طرف دیکھتی تھی کہ آپ مجھے اجازت دیتے ہیں ان کے جواب دینے کی آخر وہ مجھے برا کہتی رہیں یہاں تک کہ میں نے خیال کیا کہ اب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا جواب دینا برا نہ معلوم ہوگا اس وقت میں بھی سامنے ہوئی اور تھوڑی دیر میں ان کو بند کر دیا (یعنی خاموش کر دیا) تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ ابو بکر رضی اللہ عنہ کی بیٹی ہے حضرت عائشہ نے کہا میں نے کوئی عورت نیکی اور خیرات اور ناتہ پروری اور اپنے نفس پر محنت اٹھانے میں ثواب کے واسطے زینب سے بڑھ کر نہیں دیکھی فقط ان میں ایک ذرا تیزی تھی حرارت سی مگر جلد جاتی رہتی تھی۔ امام نسائی نے کہا یہ روایت خطا ہے اور صحیح وہ روایت ہے جو اس سے پہلے گذری۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۴۰۲۔ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ یَعْنِی ابْنَ الْمُفَضَّلِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّۃَ ؛

عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضْلُ عَائِشَۃَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ۔

حضرت ابو موسیٰ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حضرت عائشہ کی بزرگی سب عورتوں پر (یعنی آپ کی بیویوں پر) ایسی ہے جیسی ثرید کو فضیلت ہے اور کھانوں پر (ثرید ایک کھانا ہے جو شوربا اور روٹی اور گوشت سے بنایا جاتا ہے اہل عرب کے ملک میں یہ کھانا سب کھانوں سے بہتر گنا جاتا ہے۔

۳۴۰۳۔ اَخْبَرَنَا عَلِیُّ بْنُ خَشْرَمٍ قَالَ اَنْبَاَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الْحٰرِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ سَلَمَۃَ

عَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ فَضْلُ عَائِشَۃَ عَلَی النِّسَاءِ کَفَضْلِ الثَّرِیْدِ عَلٰی سَائِرِ الطَّعَامِ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزر چکا ہے۔

۳۴۰۴۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَکْرِ بْنُ اِسْحٰقَ الصَّغَانِیُّ قَالَ حَدَّثَنَا شَاذَانُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ ہِشَامِ بْنِ عُرْوَۃَ عَنْ اَبِیْہِ ؛

عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَا اُمَّ سَلَمَۃَ لَا تُؤْذِیْنِیْ فِیْ عَائِشَۃَ فَاِنَّہٗ وَاللّٰہِ مَا اَتَانِی الْوَحْیُ فِیْ لِحَافِ امْرَاَۃٍ مِنْکُنَّ اِلَّا ہِیَ۔

ام المومنین عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ وسلم نے فرمایا اے ام سلمہ مت ستا مجھ کو عائشہ کے باب میں قسم خدا کی مجھ پر کبھی وحی نہیں آتی جب میں لحاف میں تھا کسی عورت کے ساتھ مگر عائشہ کے لحاف میں (آپ حضرت عائشہ کے ساتھ ایک چادر میں سوئے ہوتے اور وحی اترتی ایک آیت بار بہ

۳۴۰۵۔ اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ عَنْ عَبْدَۃَ عَنْ ہِشَامٍ عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحٰرِثِ عَنْ رُمَیْثَۃَ ؛

عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ اَنَّ نِسَاءَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَلَّمْنَہَا اَنْ تُکَلِّمَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّاسَ کَانُوْا یَتَحَرَّوْنَ بِہَدَایَاہُمْ یَوْمَ عَائِشَۃَ وَتَقُوْلُ لَہٗ اِنَّا نُحِبُّ الْخَیْرَ کَمَا تُحِبُّ عَائِشَۃُ فَکَلَّمَتْہُ فَلَمْ یُجِبْہَا فَلَمَّا دَارَ عَلَیْہَا کَلَّمَتْہُ اَیْضًا فَلَمْ یُجِبْہَا وَقُلْنَ مَا رَدَّ عَلَیْکِ قَالَتْ لَمْ یُجِبْنِیْ قُلْنَ لَا تَدَعِیْہِ حَتّٰی یَرُدَّ عَلَیْکِ اَوْ تَنْظُرِیْنَ مَا یَقُوْلُ فَلَمَّا دَارَ عَلَیْہَا کَلَّمَتْہُ فَقَالَ لَا تُؤْذِیْنِیْ فِیْ عَائِشَۃَ فَاِنَّہٗ لَمْ یَنْزِلْ عَلَیَّ الْوَحْیُ وَاَنَا فِیْ لِحَافِ امْرَاَۃٍ مِنْکُنَّ اِلَّا فِیْ لِحَافِ عَائِشَۃَ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ہٰذَانِ الْحَدِیْثَانِ صَحِیْحَانِ عَنْ عَبْدَۃَ۔

ام المومنین ام سلمہؓ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویوں نے ان سے کہا کہ تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کرو (حضرت عائشہ کے باب میں لوگوں کا یہ حال تھا کہ آپ کو حصے بھیجتے جس دن حضرت عائشہ کی باری ہوتی اور کہتے کہ ہم بھلائی چاہتے ہیں جیسے آپ عائشہ کو چاہتے ہیں ام سلمہ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا دعا کے مقدمے میں) آپ نے جواب نہ دیا جب ان کی باری کا دن آیا تو پھر کہا آپ نے پھر جواب نہ دیا اور بیویوں نے ام سلمہؓ سے پوچھا کہ آپ نے کیا فرمایا انہوں نے کہا آپ نے جواب ہی نہ دیا بیویوں نے کہا تم چھوڑنا مت کہے جاؤ یہاں تک کہ آپ جواب دیں دیکھو کیا فرماتے ہیں جب ام سلمہؓ نے پھر کہا تو آپ نے فرمایا اے ام سلمہؓ مت ستا مجھ کو عائشہ کے باب میں میرے اوپر وحی نہیں اتری تم میں سے کسی کے لحاف میں مگر عائشہ کے لحاف میں۔ امام نسائی نے کہا یہ دونوں حدیثیں صحیح ہیں عبدہ کی روایت سے

۳۴۰۶۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاہِیْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدَۃُ بْنُ سُلَیْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ہَاشِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ ؛

عَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ النَّاسُ یَتَحَرَّوْنَ بِہَدَایَاہُمْ یَوْمَ عَائِشَۃَ یَبْتَغُوْنَ بِذٰلِکَ مَرْضَاۃَ

ام المومنین عائشہؓ سے روایت ہے لوگ حضرت عائشہ کی باری دیکھ کر آپ کو حصے بھیجا کرتے اور غرض اس سے تھی کہ آپ خوش ہوں (کیونکہ آپ حضرت عائشہ سے

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

۳۴۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ آدَمَ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ هَاشِمٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ هُدَيْرٍ،

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أُوحِيَ اللّٰهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ فَقُمْتُ فَأَجَفْتُ الْبَابَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ لِي يَا عَائِشَةُ إِنَّ جِبْرِيلَ يُقْرِئُكِ السَّلَامَ۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رسول اللہ صلعم پر اللہ تعالیٰ نے وحی بھیجی میں نے یہ حال دیکھ کر اپنے اور آپ کے بیچ میں دروازے کی آڑ کر لی جب وحی ہو چکی تو آپ نے فرمایا اے عائشہ جبریل علیہ السلام تم کو سلام کہتے ہیں۔

۳۴۰۸۔ أَخْبَرَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ،

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا إِنَّ جِبْرِيلَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ قَالَتْ وَعَلَيْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ تَرَى مَا لَا نَرَى۔

حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا جبرائیل علیہ السلام تم کو سلام کہتے ہیں انہوں نے کہا ان پر بھی سلام اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں آپ انکو دیکھتے ہیں جنکو ہم نہیں دیکھتے

۳۴۰۹۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ،

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشَةُ هَذَا جِبْرِيلُ وَهُوَ يَقْرَأُ عَلَيْكِ السَّلَامَ مِثْلَهُ سَوَاءً قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَذَا الصَّوَابُ وَالَّذِي قَبْلَهُ خَطَأٌ۔

حضرت عائشہ رضی نے کہا حضور صلعم نے ان سے فرمایا اے عائشہ یہ جبرئیل ع ہیں تم کو سلام کہتے ہیں ویسے ہی جیسے اوپر گزرا۔ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا یہ روایت ٹھیک ہے اور پہلی غلط ہے

## ۱۲۹۹۔ باب الغیرۃ

## رشک اور جلن کا بیان

۳۴۱۰۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا،

أَنَسٌ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ إِحْدَى أُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِينَ فَأَرْسَلَتْ أُخْرَى بِقَصْعَةٍ فِيهَا طَعَامٌ فَضَرَبَتْ يَدَ الرَّسُولِ فَسَقَطَتِ الْقَصْعَةُ فَانْكَسَرَتْ فَأَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكِسْرَتَيْنِ فَضَمَّ إِحْدَاهُمَا إِلَى الْأُخْرَى فَجَعَلَ يَجْمَعُ فِيهَا الطَّعَامَ وَيَقُولُ غَارَتْ أُمُّكُمْ كُلُوا فَأَمْسَكَ حَتَّى جَاءَتْ بِقَصْعَتِهَا الَّتِي فِي بَيْتِهَا فَدَفَعَ الْقَصْعَةَ الصَّحِيحَةَ إِلَى الرَّسُولِ وَتَرَكَ الْمَكْسُورَةَ فِي بَيْتِ الَّتِي كَسَرَتْهَا۔

حضرت انس رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک بی بی کے پاس تھے تو دوسری بی بی نے ایک پیالہ بھیجا کھانے کا، اس بی بی نے جل کر جو پیالہ لایا تھا اسکے ہاتھ پر مارا وہ پیالہ گر کر ٹوٹ گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ٹکڑے لے کر ملائے اور کھانا اس میں اکٹھا کرنے لگے اور فرمایا تمہاری ماں جل گئی (سوکن کے کھانا بھیجنے سے) تو کھاؤ پھر سب نے کھایا اور آپ ٹھہرے رہے یہاں تک کہ وہ بی بی اپنے گھر سے ثابت پیالہ لے کر آئیں، آپ نے وہ پیالہ کھانا لانے والے کو دیا اور ٹوٹا پیالہ اس بی بی کے گھر میں رہنے دیا جس نے توڑا تھا۔

۳۴۱۱۔ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ،

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا يَعْنِي اَتَتْ بِطَعَامٍ فِي صَحْفَةٍ لَهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابِهِ فَجَاءَتْ عَائِشَةُ مُتَّزِرَةً بِكِسَاءٍ وَمَعَهَا فِهْرٌ فَفَلَقَتْ بِهِ الصَّحْفَةَ فَجَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ بَيْنَ فِلْقَتَيِ الصَّحْفَةِ وَيَقُوْلُ كُلُوْا غَارَتْ اُمُّكُمْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ اَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَحْفَةَ عَائِشَةَ فَبَعَثَ بِهَا اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ وَاَعْطٰى صَحْفَةَ اُمِّ سَلَمَةَ عَائِشَةَ۔

حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ وہ کھانا لے کر آئیں ایک پیالے میں رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس تو حضرت عائشہ آئیں چادر اوڑھے ہوئے ایک پتھر لیے ہوئے اور توڑ ڈالا پیالے کو اس پتھر سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے وہ دونوں ٹکڑے لیکر ملائے اور فرمانے لگے کھاؤ جل گئی تمہاری ماں دوبارہ یہ فرمایا پھر رسول اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ کا ثابت پیالہ لے کر ام سلمہ کو بھجوا دیا اور ام سلمہ کا ٹوٹا پیالہ حضرت عائشہ رض کو دیدیا۔

۳۴۱۲- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ فُلَيْتٍ عَنْ جَسْرَةَ بِنْتِ دُجَاجَةَ؛

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ صَانِعَةَ طَعَامٍ مِثْلَ صَفِيَّةَ اَهْدَتْ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَاءً فِيْهِ طَعَامٌ فَمَا مَلَكْتُ نَفْسِيْ اَنْ كَسَرْتُهُ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَفَّارَتِهِ فَقَالَ اِنَاءٌ كَاِنَاءٍ وَطَعَامٌ كَطَعَامٍ۔

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے میں نے کوئی عورت کھانا تیار کرنے والی صفیہ کے مثل نہیں دیکھی ایک بار انھوں نے حضور صلعم کو برتن بھیجا کھانا بھر کر میرا دل رہ نہ سکا میں نے توڑ ڈالا اس کو (جل کر) پھر حضور صلعم سے میں نے پوچھا اس کا بدلہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا برتن کا بدلہ ویسا ہی برتن ہے اور کھانے کا بدل ویسا ہی کھانا ہے۔

۳۴۱۳- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الزَّعْفَرَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ؛

عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَزْعُمُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا فَتَوَاصَيْتُ اَنَا وَحَفْصَةُ اَنَّ اَيَّتَنَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ اِنِّيْ اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ مَغَافِيْرَ اَكَلْتَ مَغَافِيْرَ فَدَخَلَ عَلٰى اِحْدَاهُمَا فَقَالَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ لَا بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَلَنْ اَعُوْدَ لَهُ فَنَزَلَتْ يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ اِنْ تَتُوْبَا اِلَى اللّٰهِ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهِ حَدِيْثًا لِقَوْلِهِ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا۔

حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت زینب بنت جحش رض کے پاس رہتے اور شہد پیتے ایک بار میں نے اور حفصہ نے صلاح کی کہ ہم میں سے جس کے پاس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم آئیں وہ کہے یا رسول اللہ آپ میں سے مغافیر (ایک پھل ہے بدبودار) کی بو آتی ہے شاید آپ نے مغافیر کھائے ہیں پھر آپ تشریف لے گئے دونوں میں سے کسی کے پاس اس نے یہی کہا آپ نے فرمایا نہیں میں نے شہد پیا ہے زینب بنت جحش رض کے پاس اور اب کبھی نہیں پیوں گا کیونکہ آپ کو بڑی نفرت تھی بو سے جو اور دل کو ناگوار ہو) اس وقت یہ آیت اتری يَا اَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ اے نبی تو کیوں حرام کرتا ہے ان چیزوں کو جن کو اللہ نے حلال کیا تیرے لیے (یعنی شہد کو) اِنْ تَتُوْبَا اِلَى اللّٰهِ اگر توبہ کرلو تم دونوں یعنی عائشہ اور حفصہ وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهِ جب چھپا کر کہی نبی نے اپنی کسی عورت سے ایک بات (یعنی یہی بات کہ میں نے شہد پیا ہے) ف تو حضرت عائشہ اور حفصہ نے زینب سے جل کر یہ تدبیر کی اور اسی امر کے بیان کرنے کے لیے اس حدیث کو یہاں لائے

۳۴۱۴- اَخْبَرَنِيْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يُوْنُسَ بْنِ مُحَمَّدٍ حَرَمِيٌّ هُوَ لَقَبُهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ

عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس سے روایت ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک

www.sirat-e-mustaqeem.com



كَانَتْ لَهُ أَمَةٌ يَطَؤُهَا فَلَمْ تَزَلْ بِهِ عَائِشَةُ وَحَفْصَةُ حَتّٰى حَرَّمَهَا عَلٰى نَفْسِهِ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ إِلٰى آخِرِ الْآيَةِ ـ

لونڈی تھی جس سے آپ صحبت کیا کرتے تو عائشہ اور حفصہ دونوں آپ کے پیچھے لگی رہیں حتی کہ آپ نے حرام کر لیا اس لونڈی کو اپنے اوپر تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری، اے نبی کیوں تو حرام کرتا ہے اس کو جو اللہ تعالیٰ نے ...

۳۴۱۵- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيٰى هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ؛

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ الْتَمَسْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَدْخَلْتُ يَدِي فِي شَعْرِهِ فَقَالَ قَدْ جَاءَكِ شَيْطَانُكِ فَقُلْتُ أَمَا لَكَ شَيْطَانٌ فَقَالَ بَلٰى وَلٰكِنَّ اللّٰهَ أَعَانَنِي عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ ـ

حضرت عائشہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ڈھونڈھا تو اپنا ہاتھ ان کے بالوں میں ڈالا آپ نے فرمایا کیا تیرے پاس تیرا شیطان آیا میں نے کہا آپ کے لیے شیطان نہیں ہے، فرمایا کیوں نہیں میرے لیے بھی شیطان ہے مگر اللہ تعالیٰ نے اس پر میری مدد کی سو وہ میرا تابعدار بن گیا۔ ف یعنی شیطان کچھ نہیں کر سکتا اس کا زور میرے اوپر نہیں ہے اور لوگوں پر تو اس کا زور چلتا ہے۔

۳۴۱۶- أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ الْمِقْسَمِيُّ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ؛

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ ذَهَبَ إِلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ فَتَحَسَّسْتُهُ فَإِذَا هُوَ رَاكِعٌ أَوْ سَاجِدٌ يَقُولُ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ فَقُلْتُ بِأَبِي وَأُمِّي إِنَّكَ لَفِي شَأْنٍ وَإِنِّي لَفِي شَأْنٍ آخَرَ ـ

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہیں دیکھا تو میں سمجھی آپ کسی اور بی بی کے پاس گئے ہیں میں نے ڈھونڈھا تو آپ رکوع میں تھے یا سجدے میں فرماتے تھے پاک ہے تو تیری تعریف کرتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے کہا قربان ہوں آپ پر میرے والدین آپ اور کام میں ہیں اور میں اور ہی خیال میں ہوں (یعنی مجھے تو رشک اور غیرت ہوئی کہ آپ دوسری بی بی کے ہاں کیوں گئے، اور آپ اللہ کی عبادت میں مصروف ہیں۔

۳۴۱۷- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ؛

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ افْتَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَظَنَنْتُ أَنَّهُ ذَهَبَ إِلٰى بَعْضِ نِسَائِهِ فَتَجَسَّسْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ فَإِذَا هُوَ رَاكِعٌ أَوْ سَاجِدٌ يَقُولُ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ فَقُلْتُ بِأَبِي وَأُمِّي إِنَّكَ لَفِي شَأْنٍ وَإِنِّي لَفِي آخَرَ ـ

حضرت عائشہ سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک رات نہ پایا میں سمجھی آپ کسی بی بی کے پاس گئے میں نے ڈھونڈھا پھر لوٹی تو دیکھا آپ رکوع یا سجدے میں فرماتے ہیں پاک ہے تو اے پروردگار سراپا ہوا تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں، میں نے کہا میرے ماں باپ آپ پر صدقے ہوں آپ ایک کام میں ہیں اور میں ایک کام میں۔

۳۴۱۸- أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ؛

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَثِيرٍ أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ قَيْسٍ يَقُولُ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنِّي قُلْنَا بَلٰى قَالَتْ لَمَّا كَانَتْ لَيْلَتِي انْقَلَبَ فَوَضَعَ نَعْلَيْهِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ وَوَضَعَ رِدَاءَهُ وَبَسَطَ إِزَارَهُ عَلٰى فِرَاشِهِ وَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا رَيْثَمَا ظَنَّ

حضرت محمد بن قیس سے روایت ہے میں نے حضرت عائشہؓ سے سنا انہوں نے کہا کیا میں بیان کروں آپ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال اور اپنا حال ہم نے کہا کیوں نہیں بیان کیجیے انہوں نے کہا میری ایک رات میں آپ نے کروٹ لی اور جوتیاں اپنے پاؤں کے پاس رکھیں اور چادر اتاری اور اپنا تہ بند بچھایا پھر اتنی دیر ٹھہرے کہ آپ نے

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنْ قَدْ رَقَدْتُ ثُمَّ انْتَعَلَ رُوَيْدًا وَأَخَذَ رِدَاءَهُ رُوَيْدًا
ثُمَّ فَتَحَ الْبَابَ رُوَيْدًا وَخَرَجَ وَأَجَافَهُ رُوَيْدًا وَجَعَلْتُ
دِرْعِي فِي رَأْسِي فَاخْتَمَرْتُ وَتَقَنَّعْتُ إِزَارِي وَانْطَلَقْتُ
فِي إِثْرِهِ حَتَّى جَاءَ الْبَقِيعَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ
وَأَطَالَ الْقِيَامَ ثُمَّ انْحَرَفَ وَانْحَرَفْتُ فَأَسْرَعَ
فَأَسْرَعْتُ فَهَرْوَلَ فَهَرْوَلْتُ فَأَحْضَرَ فَأَحْضَرْتُ
وَسَبَقْتُهُ فَدَخَلْتُ وَلَيْسَ إِلَّا أَنِ اضْطَجَعْتُ فَدَخَلَ
فَقَالَ مَا لَكِ يَا عَائِشُ رَابِيَةً قَالَ سُلَيْمَانُ حَسِبْتُهُ
قَالَ حَشْيَا قَالَ لَتُخْبِرِنِّي أَوْ لَيُخْبِرَنِّي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ
قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ
قَالَ أَنْتِ السَّوَادُ الَّذِي رَأَيْتُ أَمَامِي قُلْتُ نَعَمْ
قَالَتْ فَلَهَدَنِي لَهْدَةً فِي صَدْرِي أَوْجَعَتْنِي قَالَ
أَظَنَنْتِ أَنْ يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْكِ وَرَسُولُهُ قَالَتْ
مَهْمَا يَكْتُمِ النَّاسُ فَقَدْ عَلِمَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ
قَالَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَانِي حِينَ رَأَيْتِ
وَلَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ عَلَيْكِ وَقَدْ وَضَعْتِ ثِيَابَكِ
فَنَادَانِي فَأَخْفَى مِنْكِ فَأَجَبْتُهُ وَأَخْفَيْتُهُ مِنْكِ
وَظَنَنْتُ أَنَّكِ قَدْ رَقَدْتِ فَكَرِهْتُ أَنْ أُوقِظَكِ
وَخَشِيتُ أَنْ تَسْتَوْحِشِي فَأَمَرَنِي أَنْ آتِيَ أَهْلَ الْبَقِيعِ
فَأَسْتَغْفِرَ لَهُمْ خَالَفَهُ حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ فَقَالَ عَنِ
ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ
قَيْسٍ۔

سمجھا کہ میں سوگئی اس کے بعد چپکے سے جوتیاں پہنیں اور پھرتی سے چادر لی
اور دروازہ کھولا آہستہ سے اور باہر نکلے پھر آہستہ سے دروازہ بھیڑ دیا
میں نے بھی جھٹ اوڑھنی سر پر ڈالی اور ازار پہنی اور آپ کے پیچھے پیچھے
چلی۔ یہاں تک کہ آپ بقیع میں آئے اور تین بار ہاتھ اٹھائے اور دیر تک
کھڑے رہے پھر لوٹے میں بھی لوٹی آپ تیز چلے میں بھی تیز چلی آپ لپکنے لگے
میں بھی لپکی آپ دوڑنے لگے میں بھی دوڑی میں آگے نکل کر گھر کے اندر آئی
اور لیٹی تھی کہ آپ آپہنچے آپ نے فرمایا اے عائشہ تجھے کیا ہوا تیرا پیٹ
پھولا ہوا ہے یا سانس چڑھ رہی ہے آپ نے فرمایا بتا نہیں تو خدا بتا دے
گا جو لطیف ہے اور خبردار ہے میں نے کہا یا رسول اللہ آپ پر میرے
ماں باپ صدقے ہوں پھر سب حال میں نے کہا، آپ نے فرمایا تو ہی تھی!
میں کہتا تھا یہ میرے سامنے کون شخص جاتا ہے، میں نے کہا ہاں میں تھی!
یہ سن کر آپ نے میرے سینے میں مکا مارا کہ مجھے درد ہوگیا اور فرمایا تو نے
خیال کیا کہ اللہ اور رسول تجھ پر ظلم کریں گے (کہ تیری باری میں اور بی بی
کے پاس جاؤں گا) میں نے کہا لوگ کہاں تک چھپائیں گے اللہ نے آپ
کو بتلا دیا، آپ نے فرمایا ہاں جبرئیل علیہ السلام میرے پاس آئے اور تیرے
پاس نہ آسکے کیونکہ تو ننگی تھی، پھر مجھے پکارا چپکے سے پھر میں گیا اور تجھ
سے چھپ کر گیا کیونکہ میں سمجھا تو سوگئی ہے اور مجھے ناگوار ہوا تیرا جگانا، میں
ڈرا کہ تجھے دہشت نہ ہو اکیلے رہنے سے، پھر جبرئیل علیہ السلام نے مجھے حکم
کیا کہ میں بقیع میں جاؤں اور وہاں جو لوگ دفن ہیں ان کے لیے دعا کروں
ف: تو آپ تشریف لے گئے تھے بقیع کے مردوں کیلئے دعا کرنے کو حضرت
عائشہ رض کو خیال پیدا ہوا کہ کسی سوکن کے پاس جاتے ہیں اس لیے چپکے
سے وہ بھی ساتھ ہوئیں۔

۳۴۱۹۔ حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ الْمِصِّيصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ
أَبِي مُلَيْكَةَ:

عَنْ أَنَّهُ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ قَيْسِ بْنِ مَخْرَمَةَ يَقُولُ
سَمِعْتُ عَائِشَةَ تُحَدِّثُ قَالَتْ أَلَا أُحَدِّثُكُمْ عَنِّي
وَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْنَا بَلَى قَالَتْ
لَمَّا كَانَتْ لَيْلَتِي الَّتِي هُوَ عِنْدِي تَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْقَلَبَ فَوَضَعَ نَعْلَيْهِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا

وَوَضَعَ رِدَاءَهُ وَبَسَطَ طَرَفَ إِزَارِهِ عَلَى فِرَاشِهِ فَلَمْ يَلْبَثْ إِلَّا رَيْثَمَا ظَنَّ أَنِّي قَدْ رَقَدْتُ ثُمَّ انْتَعَلَ رُوَيْدًا وَأَخَذَ رِدَاءَهُ رُوَيْدًا فَفَتَحَ الْبَابَ رُوَيْدًا وَخَرَجَ وَأَجَافَهُ رُوَيْدًا وَجَعَلْتُ دِرْعِي فِي رَأْسِي وَاخْتَمَرْتُ وَتَقَنَّعْتُ إِزَارِي فَانْطَلَقْتُ فِي إِثْرِهِ حَتَّى جَاءَ الْبَقِيعَ فَرَفَعَ يَدَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَأَطَالَ الْقِيَامَ ثُمَّ انْحَرَفَ فَانْحَرَفْتُ فَأَسْرَعَ فَأَسْرَعْتُ فَهَرْوَلَ فَهَرْوَلْتُ فَأَحْضَرَ فَأَحْضَرْتُ وَسَبَقْتُهُ فَدَخَلْتُ فَلَيْسَ إِلَّا أَنِ اضْطَجَعْتُ فَدَخَلَ فَقَالَ مَا لَكِ يَا عَائِشَةُ حَشْيَا رَابِيَةً قَالَتْ لَا قَالَ لَتُخْبِرِنِّي أَوْ لَيُخْبِرَنِّي اللَّطِيفُ الْخَبِيرُ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ قَالَ فَأَنْتِ السَّوَادُ الَّذِي رَأَيْتُهُ أَمَامِي قَالَتْ نَعَمْ قَالَتْ فَلَهَدَنِي فِي صَدْرِي لَهْدَةً أَوْجَعَتْنِي ثُمَّ قَالَ أَظَنَنْتِ أَنْ يَحِيفَ اللَّهُ عَلَيْكِ وَرَسُولُهُ قَالَتْ مَهْمَا يَكْتُمِ النَّاسُ فَقَدْ عَلِمَهُ اللَّهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَتَانِي حِينَ رَأَيْتِ وَلَمْ يَكُنْ يَدْخُلُ عَلَيْكِ وَقَدْ وَضَعْتِ ثِيَابَكِ فَنَادَانِي فَأَخْفَى مِنْكِ فَأَجَبْتُهُ فَأَخْفَيْتُ مِنْكِ فَظَنَنْتُ أَنْ قَدْ رَقَدْتِ وَخَشِيتُ أَنْ تَسْتَوْحِشِي فَأَمَرَنِي أَنْ آتِيَ أَهْلَ الْبَقِيعِ فَأَسْتَغْفِرَ لَهُمْ رَوَاهُ عَاصِمٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ عَائِشَةَ عَلَى غَيْرِ هَذَا اللَّفْظِ۔

اتنا فرق ہے کہ جب آپ نے فرمایا اے عائشہ تجھے کیا ہوا تیری سانس چڑھی ہوئی ہے پیٹ پھولا ہوا ہے تو میں نے کہا کچھ نہیں! آپ نے فرمایا بتاتی ہے تو بتا نہیں تو اللہ جو لطیف وخبیر ہے مجھے بتاوے گا۔

۳۴۲۰۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا شَرِيكٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فَقَدْتُهُ مِنَ اللَّيْلِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



# كِتَابُ الطَّلَاقِ

## بَابُ وَقْتِ الطَّلَاقِ لِلْعِدَّةِ الَّتِي أَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يُطَلَّقَ بِهَا النِّسَاءُ

٣٤٢١- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ السَّرَخْسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ أَخْبَرَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللهِ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَاسْتَفْتَى عُمَرُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عَبْدَ اللهِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ مُرْ عَبْدَ اللهِ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يَدَعُهَا حَتَّى تَطْهُرَ مِنْ حَيْضَتِهَا هَذِهِ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى فَإِذَا طَهُرَتْ فَإِنْ شَاءَ فَلْيُفَارِقْهَا قَبْلَ أَنْ يُجَامِعَهَا وَإِنْ شَاءَ فَلْيُمْسِكْهَا فَإِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ.

٣٤٢٢- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

# کتاب طلاق کے بیان میں

## باب بیان میں طلاق دینے کے موافق اس عدت کے جس عدت میں عورتوں کو طلاق دینے کا حکم کیا اللہ نے

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ طلاق دی انھوں نے اپنی بیوی کو وہ حائضہ تھی یعنی بے نماز تھی۔ حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ تذکرہ کیا بطور استفتے کے یعنی یہ بات دریافت کرنے کو کہ عبداللہ کا یہ طلاق دینا درست ہے یا نہیں۔ آپ نے حضرت عمرؓ کو فرمایا عبداللہ سے کہو کہ وہ رجوع کرے یعنی اس طلاق کو توڑ ڈالے اور اس عورت کو اپنی جورو بنا لے پھر چھوڑ دے اس کو پاک ہونے تک جب وہ پاک ہو جائے اپنے حیض سے اور پھر دوسری بار حائضہ ہو کر پاک ہو جائے تب اگر اس کا جی چاہے تو اس سے جدائی کرے جماع کرنے سے پہلے اور اگر چھوڑنے کو جی نہ چاہے تو رکھ لے اس واسطے کہ اللہ بزرگی اور عزت والے نے عورتوں کو اس عدت کے موافق.. طلاق دینے کا حکم کیا ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طلاق دی انھوں نے اپنی جورو کو اور وہ حائضہ تھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تو پوچھا عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس مسئلہ کو یعنی حیض میں عبداللہ نے اپنی عورت کو طلاق دی ہے یہ طلاق دینا کیسا ہے آپ نے فرمایا عبداللہ کو کہو کہ رجوع کرے اپنی عورت کی طرف پھر ٹھہرا رکھے

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَسَلَّمَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُمْسِكْهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ إِنْ شَاءَ أَمْسَكَ بَعْدُ وَإِنْ شَاءَ طَلَّقَ قَبْلَ أَنْ يَمَسَّ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ

اس کو یہاں تک کہ وہ پاک ہو جاوے اپنے حیض سے پھر جب دوسرا حیض آئے اس کو اور پاک ہو جائے اس دوسرے حیض سے تب اگر عبداللہ کا جی چاہے اس کو رکھے یا طلاق دے بشرطیکہ اس دوسرے حیض کے بعد بھی اس کے پاس نہ جائے۔ پھر آپ نے فرمایا یہی عدت ہے اور اسی کے موافق طلاق دینے کا حکم کیا ہے اللہ عزت اور بزرگی والے نے۔

٣٤٢٣- أَخْبَرَنِي كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّبَيْدِيُّ قَالَ سُئِلَ الزُّهْرِيُّ كَيْفَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ فَقَالَ أَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي فِي حَيَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذَلِكَ عُمَرُ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَغَيَّظَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ فَقَالَ لِيُرَاجِعْهَا ثُمَّ يُمْسِكْهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً وَتَطْهُرَ فَإِنْ بَدَا لَهُ أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا فَذَاكَ الطَّلَاقُ لِلْعِدَّةِ كَمَا أَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ فَرَاجَعْتُهَا وَحَسِبْتُ لَهَا التَّطْلِيقَةَ الَّتِي طَلَّقْتُهَا.

حضرت زبیدی سے روایت ہے پوچھا حضرت زہری سے کسی نے کیسے ہوتی ہے طلاق عدت پر یعنی اللہ جل شانہ نے قرآن شریف میں فرمایا ہے فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ تو اس کے معنی کیا ہوئے۔ اور عدت میں طلاق دینا کیسے ہوتا ہے؟ زہری نے جواب میں کہا سالم ابن عبداللہ سے میں نے سنا ہے کہ عبداللہ بن عمرؓ کہتے تھے میں نے طلاق دی اپنی عورت کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات میں اور وہ عورت حائضہ تھی پھر اس بات کا ذکر کیا میرے باپ عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس۔ آپ نے جب یہ بات سنی تو غصے ہوئے اور فرمانے لگے عبداللہ کو مناسب ہے رجوع کرے اور اس کو حیض سے پاک ہو لینے دے۔ پھر اگر اسکو بھلا معلوم ہو گا طلاق دینا تو طلاق دیوے وہ اس کو پاکی کی حالت میں بغیر صحبت کرنے کے۔ پھر فرمایا آپ نے یہی معنی ہیں: لِلْعِدَّةِ کے جو اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے عبداللہ بن عمرؓ فرماتے ہیں میں نے رجوع کیا اور حساب میں لگایا اس طلاق کو جو دے چکا تھا میں پہلے کیونکہ وہ طلاق اگرچہ سنت کے خلاف تھی اور حرام تھی پر طلاق پڑ گئی تھی ؏

٣٤٢٤- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ تَمِيمٍ عَنْ حَجَّاجٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَيْمَنَ يَسْأَلُ

حضرت عبدالرحمٰن ابن ایمن نے پوچھا حضرت ابن عمرؓ سے کیا لائے ہے آپ کی ایسے آدمی کے لیے جس نے طلاق دی ہو اپنی عورت کو حیض کے وقت میں؟ عبداللہ بن عمرؓ کہنے لگے طلاق دی میں نے حیض کی حالت میں عہد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ

؏: عبداللہ نے اس طلاق کو اپنی فکر سے شمار کیا نہ بحکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ابْنَ عُمَرَ وَأَبُو الزُّبَيْرِ يَسْمَعُ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ حَائِضًا فَقَالَ لَهُ طَلَّقَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُرَاجِعْهَا فَرَدَّهَا عَلَيَّ قَالَ إِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْ أَوْ لِيُمْسِكْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ فِي قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ۔

وسلم سے یہ مسئلہ دریافت کیا اور بیان کیا عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اپنی عورت کو طلاق دی حیض کی حالت میں۔ فرمایا آپ نے عبداللہ کو مناسب ہے رجوع کر لینا اور لوٹا دیا اس کو میری طرف اور فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جب وہ پاک ہو جائے گی تب اس کو طلاق دینا یا نہ دینا تیرا اختیار ہے اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر پڑھی یہ آیت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ فِي قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ یعنی اے نبی جب تم طلاق دو اپنی عورتوں کو تو ان کو طلاق دو ان کی پہلی عدت سے۔

٣٣٣٥ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ مُجَاهِدًا يُحَدِّثُهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بیچ معنے قول اللہ عزت اور بزرگی والے کے يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا: قُبُلِ عِدَّتِهِنَّ ف۱۔

---

## بَابُ (١٧١) طَلَاقِ السُّنَّةِ

٣٣٣٦ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ قَالَ طَلَاقُ السُّنَّةِ تَطْلِيقَةٌ وَهِيَ طَاهِرٌ فِي غَيْرِ جِمَاعٍ فَإِذَا حَاضَتْ وَطَهُرَتْ طَلَّقَهَا أُخْرَى فَإِذَا حَاضَتْ وَطَهُرَتْ طَلَّقَهَا أُخْرَى ثُمَّ تَعْتَدُّ بَعْدَ ذَلِكَ بِحَيْضَةٍ قَالَ الْأَعْمَشُ سَأَلْتُ إِبْرَاهِيمَ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ۔

## باب بیان میں طلاق سنت کے

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طلاق سنت اس طرح ہے طلاق دے آدمی عورت کو پاکی کے وقت میں بغیر جماع کرنے کے پھر جب اس کو حیض آئے اور پاک ہو جائے اس وقت اس کو ایک اور طلاق دے۔ پھر جب اس کو حیض آئے اور پاک ہو جائے تب اس کو اور طلاق دے پھر اس کے بعد عدت گزارے عورت ایک حیض۔ اعمش فرماتے ہیں میں نے پوچھا ابراہیم رحمۃ اللہ علیہ سے انھوں نے بھی اسی طرح بیان کیا ف۲۔

٣٣٣٧ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ طلاق سنت یہ

---

ف۱: یہ قرأت ہے عبداللہ بن عباس اور عبداللہ بن عمر کی اور قرآن شریف میں لِعِدَّتِهِنَّ ہے اور مراد قبل عدت سے وہی بات ہے جو اوپر گزر چکی ہے یعنی جب عورت حیض سے پاک ہو جائے اور اس سے اس طہر میں صحبت بھی نہ کی جائے تب طلاق دینا چاہیے۔

ف۲: یعنی ہر طہر میں ایک طلاق دینا سنت کے موافق ہے اور تینوں طلاق ایک بار دینا منع ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ طَلَاقُ السُّنَّةِ أَنْ يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا فِي غَيْرِ جِمَاعٍ۔

ہے کہ عورت کو طہارت کی حالت میں بغیر جماع کے طلاق دی جائے۔

---

## بَابُ: مَا يَفْعَلُ إِذَا طَلَّقَ تَطْلِيقَةً وَهِيَ حَائِضٌ

## اگر کسی آدمی نے حیض کے وقت ایک طلاق دی تو اسکا کیا حکم ہے؟

۳۴۲۸- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ تَطْلِيقَةً فَانْطَلَقَ عُمَرُ فَأَخْبَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْ عَبْدَ اللّٰهِ فَلْيُرَاجِعْهَا فَإِذَا اغْتَسَلَتْ فَلْيَتْرُكْهَا حَتّٰى تَحِيضَ فَإِذَا اغْتَسَلَتْ مِنْ حَيْضَتِهَا الْأُخْرٰى فَلَا يَمَسَّهَا حَتّٰى يُطَلِّقَهَا فَإِنْ شَاءَ أَنْ يُمْسِكَهَا فَلْيُمْسِكْهَا فَإِنَّهَا الْعِدَّةُ الَّتِي أَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ تُطَلَّقَ لَهَا النِّسَاءُ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طلاق دی انھوں نے یعنی عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی عورت کو حالت حیض میں تو گئے حضرت عمرؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی آپ کو اس ماجرے کی۔ آپ نے فرمایا کہ عبداللہ سے کہو کر رجوع کرے اس کی طرف۔ پھر جب وہ عورت حیض سے پاک ہو جائے اور نہالیوے اس کو ٹھہرے رہنے دیوے یہاں تک کہ وہ دوسرے حیض سے فارغ ہو کر نہالیوے اور نہ صحبت کرے اس سے پھر طلاق دیوے اس کو پھر اگر چاہیے کہ اس سے صحبت کرے تو رکھ لے اس کو اور طلاق نہ دے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے جس عدت کے موافق طلاق دینے کا حکم کیا ہے عورتوں کو یہ وہی عدت ہے یعنی اسی طور سے طلاق دینے کا نام عدت پر طلاق دینا فرمایا ہے

۳۴۲۹- أَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلٰى طَلْحَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرٌ أَوْ حَامِلٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے طلاق دی ابن عمرؓ نے اپنی عورت کو حیض کی حالت میں ذکر ہوا اس بات کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس۔ آپ نے فرمایا اس کو کہو کہ رجوع کرلے پھر جب وہ پاک ہو جائے گی یا حاملہ ہو جائے گی تب اس کو طلاق دینا۔

---

## بَابُ: الطَّلَاقِ لِغَيْرِ الْعِدَّةِ

## غیر عدت میں طلاق دینے کا کیا حکم ہے

۳۴۳۰- أَخْبَرَنِي زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَخْبَرَنَا أَبُو بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے طلاق دی عبداللہؓ نے جورو کو حیض کی حالت میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے پھیر دیا اس عورت کو عبداللہ ابن عمرؓ کی طرف یہاں تک کہ طلاق

www.sirat-e-mustaqeem.com



فردها عليه رسول الله صلى الله عليه وسلم حتى طلقها وهي طاهر.

دی اس کو جب وہ پاک ہو گئی اپنے حیض سے۔

## ۱۷۰۴۔ الطلاق لغير العدة وما يحتسب منه على المطلق۔

## اگر کوئی شخص طلاق دے خلاف عدت کے یعنی طہر میں طلاق نہ دیوے بلکہ حیض میں دیوے) تو اسکا کیا حکم ہے اور آیا یہ طلاق شمار کی جائے گی یا نہیں

۳۴۳۱۔ أخبرنا قتيبة قال حدثنا حماد عن أيوب عن محمد عن يونس بن جبير قال سألت ابن عمر عن رجل طلق امرأته وهي حائض فقال هل تعرف عبد الله بن عمر فإنه طلق امرأته وهي حائض فسأل عمر النبي صلى الله عليه وسلم فأمره أن يراجعها ثم يستقبل عدتها فقلت له فيعتد بتلك التطليقة فقال مه أرأيت إن عجز واستحمق۔

حضرت یونس بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے میں نے پوچھا ابن عمرؓ سے اس آدمی کا مسئلہ جس نے طلاق دی اپنی جورو کو حیض میں کہنے لگے عبداللہ بن عمرؓ کو تو پہچانتا ہے عبداللہ عمر کے بیٹے کو اس نے طلاق دی تھی اپنی عورت کو حیض میں۔ پھر پوچھا یہ مسئلہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے عمرؓ نے آپ نے فرمایا حکم کرو اس کو کہ رجوع کرے اپنی عورت سے) پھر انتظار کرے اس کی عدت کا میں نے کہا کیا جو طلاق دے چکا ہے وہ شمار میں آئے گی؟ انھوں نے کہا کیوں نہیں اگر رجوع نہ کرتا اور حماقت کرتا تو کیا وہ طلاق محسوب نہ ہوتی۔

۳۴۳۲۔ أخبرنا يعقوب بن إبراهيم قال حدثنا ابن علية عن يونس عن محمد بن سيرين عن يونس بن جبير قال قلت لابن عمر رجل طلق امرأته وهي حائض فقال أتعرف عبد الله بن عمر فإنه طلق امرأته وهي حائض فأتى عمر النبي صلى الله عليه وسلم يسأله فأمره أن يراجعها ثم يستقبل عدتها قلت له إذا طلق الرجل امرأته وهي حائض أيعتد بتلك التطليقة فقال مه وإن عجز واستحمق۔

ترجمہ اوپر گزرا۔

## ۱۷۰۵۔ الثلاث المجموعة وما فيه من التغليظ

## تین طلاق اکٹھا دینے پر سختی اور غصہ کرنیکا بیان

۳۴۳۳۔ أخبرنا سليمان بن داود عن ابن وهب قال أخبرني مخرمة عن أبيه قال سمعت

حضرت محمود بن لبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے خبر دی گئی حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو کسی شخص کی کہ اس

محمود بن لبيد قال أخبر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن رجل طلق امرأته ثلاث تطليقات جميعا فقام غضبانا ثم قال أيلعب بكتاب الله وأنا بين أظهركم حتى قام رجل وقال يا رسول الله ألا أقتله.

## باب ۱۴۰۶ الرخصة في ذلك

۳۴۳۳- أخبرنا محمد بن سلمة قال حدثنا ابن القاسم عن مالك قال حدثني ابن شهاب أن سهل بن سعد الساعدي أخبره أن عويمرا العجلاني جاء إلى عاصم بن عدي فقال له أرأيت يا عاصم لو أن رجلا وجد مع امرأته رجلا أيقتله فيقتلونه أم كيف يفعل سل لي يا عاصم رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ذلك فسأل عاصم رسول الله صلى الله عليه وسلم فكره رسول الله صلى الله عليه وسلم المسائل وعابها حتى كبر على عاصم ما سمع من رسول الله صلى الله عليه وسلم فلما رجع عاصم إلى أهله جاءه عويمر فقال يا عاصم ماذا قال لك رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال عاصم لعويمر لم تأتني بخير قد كره رسول الله صلى الله عليه وسلم المسألة التي سألت عنها فقال عويمر والله لا أنتهي حتى أسأل عنها رسول الله صلى الله عليه وسلم فأقبل عويمر حتى أتى رسول الله صلى الله عليه وسلم وسط الناس فقال يا رسول الله أرأيت

نے طلاق دی اپنی عورت کو تین طلاق بیک وقت یہ سن کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے اور غصے میں فرمانے لگے کیا اللہ کی کتاب سے کھیل ہوتا ہے حالانکہ میں ابھی تم میں موجود ہوں یہ بات سن کر ایک آدمی اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں اس کو قتل کر ڈالوں۔ ف۔

## یکبارگی تین طلاق دینے کی رخصت

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان سے بیان کیا عویمر عجلانی نے گیا میں عاصم بن عدی کے پاس اور کہا ان سے اگر کوئی آدمی اپنی جورو کے ساتھ غیر مرد کو پائے اور مار ڈالے اس مرد کو تو اس مارنے کے بدلے میں کیا اس کو بھی مار ڈالیں گے شرع والے اگر ایسا نہ کرے تو کیا کرے وہ جورو والا، یہ مسئلہ تم پوچھو اے عاصم میری طرف سے رسول اللہ علیہ وسلم سے پھر پوچھا عاصم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اور برا معلوم ہوا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو یہ پوچھنا اور عیب رکھا سائل پر ایسی بات پوچھنے کے سبب سے تو برا معلوم ہوا عاصم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا اس طرح پر فرمانا یعنی عیب دینے کے طور پر جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عاصم کو فرمایا تو ان کو رنج اور پشیمانی معلوم ہوئی اس سے اور پچھتائے کہ ناحق یہ مسئلہ پوچھا جب عاصم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے لوٹ کر آئے اپنے گھر کو تب عویمر آکر کہنے لگا کیوں جی کیا فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کو اس بات کے جواب میں عاصم کہنے لگے تم نے مجھے خراب بات سنائی اس مسئلہ کے سوال کرنے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے برا مانا عویمر یہ بات سن کر کہنے لگے خدا کی قسم میں اس مسئلہ کو پوچھے بغیر نہ چھوڑوں گا یہ کہہ کر نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا اور سب لوگوں

ف: اللہ کی کتاب سے کھیل کرنا یہ ہے کہ جو اس میں فرمایا اس کے موافق عمل نہ کرنا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



رَجُلًا وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا أَيَقْتُلُهُ فَتَقْتُلُونَهُ أَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ نَزَلَ فِيكَ وَفِي صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَأْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا وَأَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَ عُوَيْمِرٌ قَالَ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ أَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ أَنْ يَأْمُرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

کے بیچ میں جا گھسا اور کہنے لگا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! فرمائیے مجھ کو کسی آدمی نے اپنی جورو کے ساتھ کسی کو دیکھا اگر مار ڈالے یہ آدمی اس کو تو مار ڈالیں گے اس کو بھی اس کے بدلے میں یا کیا حال ہوگا اس مار ڈالنے والے کا اس وقت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اترا ہے حکم تیرے واسطے جا تو اور لیکر آ اس عورت کو حضرت سہلؓ فرماتے ہیں لعان کیا ان دونوں نے یعنی عویمر اور اس کی جورو نے اور ہم لوگ بھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے نزدیک اس وقت موجود تھے جب عویمر لعان سے فارغ ہو گئے تو کہنے لگے اگر اب میں اس عورت کو گھر میں رکھوں یا رسول اللہؐ تو میں جھوٹا اور بہتانی ٹھہرا۔ اسی وقت تین طلاق دے دیں اس کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے حکم کا بھی انتظار نہ کیا۔ ف۔ ا

۳۴۳۵- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ يَزِيدَ الْأَحْمَسِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الشَّعْبِيُّ قَالَ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ قَالَتْ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ أَنَا بِنْتُ آلِ خَالِدٍ وَإِنَّ زَوْجِي فُلَانًا أَرْسَلَ إِلَيَّ بِطَلَاقِي وَإِنِّي سَأَلْتُ أَهْلَهُ النَّفَقَةَ وَالسُّكْنَى فَأَبَوْا عَلَيَّ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ قَدْ أَرْسَلَ إِلَيْهَا بِثَلَاثِ تَطْلِيقَاتٍ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا النَّفَقَةُ وَالسُّكْنَى لِلْمَرْأَةِ إِذَا كَانَ لِزَوْجِهَا عَلَيْهَا الرَّجْعَةُ.

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور میں نے بیان کیا کہ میں آل خالد کی بیٹی ہوں، اور فلاں کی بیوی تھی اور اس نے مجھ کو طلاق کہلا بھیجی ہے اور میں اس کے لوگوں سے نفقہ اور رہنے کے لیے گھر مانگتی ہوں وہ انکار کرتے ہیں۔ مرد کی طرف کے لوگوں نے کہا یا رسول اللہؐ اس کے خاوند نے اس کو تین طلاقیں دے کر کہلا بھیجا ہے۔ آپ نے فرمایا نفقہ یعنی خرچ اور رہنے کے لیے جگہ اس عورت کو ملتی ہے جس عورت سے مرد رجوع کر سکے۔ (اور تین طلاق کے بعد رجوع نہیں کر سکتا تو نفقہ بھی نہیں ملیگا۔

۳۴۳۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُطَلَّقَةُ ثَلَاثًا لَيْسَ لَهَا سُكْنَى وَلَا نَفَقَةٌ.

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس عورت کو تین طلاق دی گئی ہوں اس کو مرد کی طرف سے نہ گھر دیا جائے نہ نفقہ۔

---

ف: عورت مرد میں لعان اس طور سے ہوتا ہے کہ مرد پہلے چار بار گواہی دے اللہ کا نام لیکر اپنی صداقت پر پانچویں بار خود اپنے اوپر لعنت کرے بشرطیکہ کذب ہونے اس گواہی کے اور اسی طور سے عورت بھی اللہ کا نام لیکر چار بار "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں۔"

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۴۳۷- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اَبِي عَمْرٍو وَهُوَ الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ اَنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ الْمَخْزُومِيَّ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَانْطَلَقَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ فِي نَفَرٍ مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا عَمْرِو بْنَ حَفْصٍ طَلَّقَ فَاطِمَةَ ثَلَاثًا فَهَلْ لَهَا نَفَقَةٌ فَقَالَ لَيْسَ لَهَا نَفَقَةٌ وَلَا سُكْنَى ۔

حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے ابوعمرو مخزومی نے حضرت فاطمہ کو تین طلاق دیں خالد بن ولید بنی مخزوم کے لوگوں میں مل کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور کہا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوعمرو بن حفص نے فاطمہ کو تین طلاقیں دیں۔ پھر کیا فاطمہ کے لیے نفقہ دلایا جائے گا؟ آپ نے فرمایا نہ اس کے لیے نفقہ ہے اور نہ رہنے کو گھر۔

---

## بَابُ طَلَاقِ الثَّلَاثِ الْمُتَفَرِّقَةِ قَبْلَ الدُّخُولِ بِالزَّوْجَةِ

## تین طلاق متفرق اور جدا کر دینے کا بیان

۳۴۳۸- اَخْبَرَنَا اَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ اَبَا الصَّهْبَاءِ جَاءَ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقَالَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ الثَّلَاثَ كَانَتْ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِي بَكْرٍ وَصَدْرًا مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا تُرَدُّ اِلَى الْوَاحِدَةِ قَالَ نَعَمْ

حضرت ابوصہبا رضی اللہ عنہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی طرف آئے اور کہا اے ابن عباسؓ کیا تم نہیں جانتے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک زمانے میں اور ابوبکرؓ کے زمانے میں اور عمرؓ کی شروع خلافت میں رد کی جاتی تھیں تین طلاقیں ایک طلاق کی طرف۔ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ہاں رد کی جاتی تھیں۔ ف ۱۔

۱۲۰۸

## اَلطَّلَاقُ لِلَّتِي تَنْكِحُ زَوْجًا ثُمَّ لَا يَدْخُلُ بِهَا

## کوئی شخص عورت کو جماع کرنے سے پہلے طلاق دے دے

۳۴۳۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا غَيْرَهُ فَدَخَلَ بِهَا ثُمَّ طَلَّقَهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے پوچھا کسی نے یہ مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی آدمی نے تین طلاقیں دیں اپنی جورو کو پھر اس کی جورو نے کر لیا دوسرا شوہر اور عورت مرد دونوں ایک مکان میں بھی جمع ہوئے لیکن مرد نے اس سے جماع نہیں کیا اور اس عورت کو طلاق دے دی کیا ایسی عورت

---

گواہی دے مرد کے کذب پر یعنی اس کو جھوٹا کہے اور پانچویں بار اپنے اوپر لعنت کرے بشرط صداقت مرد کے۔ اس حدیث سے تین طلاق ایک بار دینے کی رخصت معلوم نہیں ہوتی، کیونکہ عویمر کا فعل ہے بے جانے بوجھے آپ نے اس کو اس بات کی اجازت نہیں دی محققین علماء کا یہ قول ہے کہ اگر کوئی تین طلاق ایک ہی بار دے دے تو ایک ہی طلاق پڑے گی مگر اکثر لوگوں کا مذہب یہ ہے کہ اگرچہ یہ فعل برا ہے اور خلاف سنت مگر تینوں طلاقیں پڑ جائیں گی۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

ف ۱ : رد کیا جانا ایک طلاق کی طرف یعنی تین طلاق ایک بار اکٹھا دینے سے ایک طلاق سمجھی جاتی تھی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَبْلَ اَنْ يُوَاقِعَهَا اَتَحِلُّ لِلْاَوَّلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حَتّٰى يَذُوْقَ الْاٰخَرُ عُسَيْلَتَهَا وَتَذُوْقَ عُسَيْلَتَهُ۔

پہلے خاوند کو حلال ہو جاتی ہے یا نہیں آپ نے فرمایا نہیں حلال ہوتی جب تک نہ چکھے یہ دوسرا مرد اس کے شہد کا مزا اور عورت مرد کے شہد کا مزا۔ ف

۳۴۴۰۔ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَيُّوْبُ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَكَحْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيْرِ وَاللّٰهِ مَا مَعَهُ اِلَّا مِثْلُ هٰذِهِ الْهُدْبَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئی جورو رفاعہ کی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی یا رسول اللہ میں نے نکاح کیا حضرت عبدالرحمٰن بن زبیرؓ کے ساتھ اور ان کا یہ حال ہے کہ ان کے پاس کپڑے کی جھالر کے سوا کچھ نہیں آپ نے فرمایا شاید تو رفاعہ کے پاس جانا چاہتی ہو گی۔ یہ بات نہیں ہونے کی جب تک عبدالرحمٰن تیرا مزہ اور تو عبدالرحمٰن کا مزہ نہ چکھے۔ ف۲

---

## ۱۷۰۹۔ طَلَاقُ الْبَتَّةِ

## طلاق قطعی کا بیان

۳۴۴۱۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ عِنْدَهُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ تَحْتَ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ فَطَلَّقَنِي الْبَتَّةَ فَتَزَوَّجْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ ابْنَ الزَّبِيْرِ وَاِنَّهُ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا مَعَهُ اِلَّا مِثْلُ هٰذِهِ الْهُدْبَةِ وَاَخَذَتْ هُدْبَةً مِنْ جِلْبَابِهَا وَخَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ بِالْبَابِ فَلَمْ يَاْذَنْ لَهُ فَقَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے رفاعہ قرظی کی بیوی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ کہنے لگی یا رسول اللہ میں رفاعہ قرظی کی بیوی تھی وہ مجھ کو طلاق دے چکا ہے ایسی طلاق جو عورت کو مرد سے بالکل بے واسطہ کر دیتی ہے یعنی تین طلاق اس کو چھوڑ کر میں نے عبدالرحمٰن بن زبیر کو کر لیا تھا قسم خدا کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبدالرحمٰن کے پاس اس چادر کے پلے یعنی جھالر کے سوا کچھ نہیں اور اپنی چادر کا پلہ پکڑ کر یہ بات کہی حضرت عائشہ فرماتی ہیں اس وقت خالد بن سعید دروازے پر تھے، آپ نے ان کو اندر آنے کا حکم نہ دیا اور کہا یا ابوبکر سنتے ہو

---

ف۱: یعنی خلوت کا کچھ اعتبار نہیں اول خاوند کے لیے جائز ہونے کو جماع کرنا اس دوسرے مرد کا شرط ہے۔

ف۲: یعنی عبدالرحمٰن جب تجھ سے صحبت کرے اور پھر طلاق دے تب تو اپنے پہلے خاوند رفاعہ سے نکاح کر سکتی ہے۔ بغیر جماع ہونے کے پہلے خاوند سے نکاح جائز نہیں۔ ھدبہ کہتے ہیں کپڑے کی جھالر کو اور کھیس کے پلوں کو یعنی کپڑے کناروں پر تاروں کو بل دے کر چھوڑ دیتے ہیں حفاظت کے لیے تاکہ تار نہ نکلیں اس کپڑے کی جھالر کی مثال دی عبدالرحمٰن کو بسبب ڈھیلے اور کم شہوت ہونے کے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَلَا تَسْمَعُ هٰذِهٖ تَجْهَرُ بِمَا تَجْهَرُ بِهٖ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ تُرِيْدِيْنَ أَنْ تَرْجِعِيْ إِلٰى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهٗ وَ يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ ۔

## ۱۷۱۰۔ أَمْرُكِ بِيَدِكِ

۳۴۴۲۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِأَيُّوْبَ هَلْ عَلِمْتَ أَحَدًا قَالَ فِيْ أَمْرُكِ بِيَدِكِ أَنَّهَا ثَلَاثٌ غَيْرَ الْحَسَنِ فَقَالَ لَا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ غَفْرًا إِلَّا مَا حَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ عَنْ كَثِيْرٍ مَوْلَى ابْنِ سَمُرَةَ عَنْ أَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ثَلَاثٌ فَلَقِيْتُ كَثِيْرًا فَسَأَلْتُهٗ فَلَمْ يَعْرِفْهُ فَرَجَعْتُ إِلٰى قَتَادَةَ فَأَخْبَرْتُهٗ فَقَالَ نَسِيَ قَالَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ۔

یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس بھی وہی کہتی ہے جو کہتی پھرتی ہے پھر آپ نے اس عورت سے پوچھا کیا تو رفاعہ کے پاس جانا چاہتی ہے ایسا نہیں ہو سکتا جب تک عبدالرحمٰن تجھ سے ہم بستر نہ ہو۔

## اَمرکِ بِیَدِکِ کی تحقیق اور اختلاف کا بیان

حضرت حماد بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا میں نے ایوب سے کیا جانتے ہو تم کسی کو جو کہتا ہو امرک بیدک کہنے سے تین طلاق ہو جاتی ہیں سوا حسن کے وہ کہتے ہیں تین طلاق ہو جاتی ہیں اس بات کے کہنے سے ایوب نے جواب دیا میں نے کسی کو ایسے کہتے نہیں سنا پھر کہا اللھم اغفر یعنی اے اللہ بخش دے اگر ان سے غلطی ہوئی ہو مگر وہ حدیث جو بیان کی مجھ سے قتادہ نے کثیر کی روایت سے اور کثیر نے ابو سلمہ سے ابو سلمہ نے ابو ہریرہ سے' اور ابو ہریرہ نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے اس طرح پر بیان کیا کہ وہ تین طلاقیں ہوتی ہیں۔ راوی کہتا ہے میں نے کثیر سے پوچھا اس روایت کا حال اس کو اس حدیث کا کچھ حال معلوم نہ تھا۔ راوی کہتا ہے پھر میں گیا قتادہ کے پاس اور ان سے یہ حال بیان کیا۔ قتادہ نے کہا وہ بھول گیا۔ ابو عبدالرحمٰن جو مصنف ہیں اس کتاب کے وہ فرماتے ہیں یہ حدیث منکر ہے ف۱

ف۱: اور ترمذی فرماتے ہیں میں نے پوچھا محمد بن اسماعیل بخاری سے اس حدیث کو انھوں نے فرمایا کہ یہ حدیث موقوف ہے ابو ہریرہؓ پر یعنی ابو ہریرہ کا قول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک اس کی سند نہیں پہنچی اور امرک بیدک کہنے کے یہ معنی ہیں کہ عورت کو طلاق دینے کے ارادے سے جب مرد یوں کہے کہ تیرا کام تیرے ہاتھ میں ہے تو اس میں علماء اختلاف ہے حسن کہتے تھے کہ امرک بیدک جب کہے تو اس بات کے کہنے سے ہی تین طلاقیں ہو جاتی ہیں اور ایوب نے اس کا انکار کیا لیکن انکار کر کے یہ بات بات بھی کہی کہ قتادہ سے میں نے یوں سنا ہے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ تین طلاقیں ہو جاتی ہیں اس بات کے کہنے سے مگر قتادہ نے اس حدیث کو کثیر سے نقل کیا تھا۔ جب ایوب خود کثیر سے ملے تو انھوں نے کہا مجھے معلوم نہیں، پھر یہ روایت بے اعتبار ہو گئی اور صحیح یہ ہے کہ امرک بیدک کہنے سے عورت کو اختیار ہو جاتا ہے پھر وہ جو چاہے ایک طلاق خواہ بائن دے لیوے یا تین طلاق دے لیوے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ١٧١ إِحْلَالِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا وَالنِّكَاحِ الَّذِي يُحِلُّهَا بِهِ

۳۴۴۳- حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةُ رِفَاعَةَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي طَلَّقَنِي فَأَبَتَّ طَلَاقِي وَإِنِّي تَزَوَّجْتُ بَعْدَهُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الزَّبِيرِ وَمَا مَعَهُ إِلَّا مِثْلُ هُدْبَةِ الثَّوْبِ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ لَعَلَّكِ تُرِيدِينَ أَنْ تَرْجِعِي إِلَى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى يَذُوقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوقِي عُسَيْلَتَهُ۔

۳۴۴۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِي الْقَاسِمُ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَتَزَوَّجَتْ زَوْجًا فَطَلَّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا فَسُئِلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَحِلُّ لِلْأَوَّلِ فَقَالَ لَا حَتّٰى يَذُوقَ عُسَيْلَتَهَا كَمَا ذَاقَ الْأَوَّلُ۔

۳۴۴۵- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا هُشَيْمٌ قَالَ أَنْبَأَنَا يَحْيٰى عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ

## باب بیان میں حلال ہونے مطلقہ کے جس کو تین طلاق دی گئی ہوں اور اس نکاح کے ذکر میں جو حلال اور جائز کر دیتا ہے اسکو

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئی جورو رفاعہ کی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی میرے شوہر نے مجھ کو تین طلاقیں دی تھیں اس کے بعد میں نے نکاح کر لیا عبد الرحمٰن بن زبیر کے پاس کچھ نہیں سوائے کپڑے کی جھالر کے۔ نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات سن کر ہنسے اور فرمانے لگے شاید تیرا ارادہ یہ ہے کہ رفاعہ سے پھر نکاح کر لے۔ یہ بات نہیں ہونے کی جب تک تجھ سے صحبت نہ کرے عبد الرحمٰن اور تم دونوں ایک دوسرے کا مزا نہ چکھو۔

---

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے طلاق دی کسی آدمی نے اپنی جورو کو تین طلاق اس عورت نے دوسرا خاوند کر لیا اس دوسرے خاوند نے ابھی اس کو چھوا بھی نہیں تھا کہ طلاق دے دی۔ پھر پوچھا گیا یہ مسئلہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا جائز ہو جاتی ہے ایسی عورت پہلے خاوند کے لیے آپ نے فرمایا نہیں جائز ہوتی جب تک نہ چکھ لے مزا اس عورت کا دوسرا خاوند اوّل خاوند کے مانند۔ ف

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آئی غمیصاء یا رمیصاء اس میں شک ہے راوی کو یعنی غمیصا نام لیا یا رمیصا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور

---

ف: یعنی نکاح کر کے چھوڑ دینے سے پہلے خاوند کے لیے درست نہیں نکاح کر لینا اس عورت سے کیونکہ تین طلاق ایسی چیز ہے جس سے عورت بالکل مرد کے قبضے سے باہر ہو جاتی ہے اور بالکل قبضے سے باہر ہونا تب معلوم ہوگا جب دوسرے کے قبضے اور تصرف میں پورے طور سے آجائے اور پہلے خاوند کی طرح اس سے معاملہ کرلے یعنی ایک مکان میں اکیلے ہونے یا نکاح کر لینے یا ذرا سا مساس وغیرہ کر لینے سے پورا تصرف نہیں ہوتا اس واسطے فرمایا کہ جب تک دونوں ایک دوسرے سے مزے نہ اڑا لیں تب تک پہلے خاوند کو جائز نہیں ہے اس عورت سے نکاح کرنا۔ اور اس میں اور بھی اسرار ہیں جو غور کرنے سے ظاہر ہوں گے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنَّ الْغُمَيْصَاءَ أَوِ الرُّمَيْصَاءَ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْتَكِيْ زَوْجَهَا أَنَّهُ لَا يَصِلُ إِلَيْهَا فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جَاءَ زَوْجُهَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هِيَ كَاذِبَةٌ وَهُوَ يَصِلُ إِلَيْهَا وَلٰكِنَّهَا تُرِيْدُ أَنْ تَرْجِعَ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ ذٰلِكَ حَتّٰى تَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ۔

شکایت کی اپنے خاوند کی اس بات کی کہ وہ اس کے پاس نہیں آتا پھر تھوڑی سی دیر کے بعد اس کا خاوند بھی آگیا اور کہنے لگا، جھوٹ بولتی ہے یہ عورت یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میں اس کے پاس جاتا ہوں لیکن اس کا یہ ارادہ ہے کہ مجھ سے چھوٹ کر پھر پہلے خاوند کے پاس چلی جاؤں، آپ نے فرمایا یہ بات اس کو منا سب نہیں مگر اس وقت جب چکھ لیوے تو اس کا شہد۔ ف۱۔

۳۴۴۶۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ رَزِيْنٍ يُحَدِّثُ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرَّجُلِ تَكُوْنُ لَهُ الْمَرْأَةُ يُطَلِّقُهَا ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا رَجُلٌ آخَرُ فَيُطَلِّقُهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا فَتَرْجِعُ إِلَى زَوْجِهَا الْأَوَّلِ قَالَ لَا حَتّٰى تَذُوْقَ الْعُسَيْلَةَ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے سُنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے احوال میں ایک آدمی کے کہ اس کی ایک جورو تھی اس نے اس کو طلاق دیدی یعنی تین طلاق پھر اس عورت سے دوسرے شخص نے نکاح کر لیا پھر دوسرے نے بھی بغیر جماع کرنے کے طلاق دیدی اس عورت کو پھر دوبارہ لوٹ کر جانا چاہا اس عورت نے پہلے خصم کی طرف آپ نے فرمایا ایسا نہیں ہوسکتا جب تک نہ کھالے وہ شہد کو اس دوسرے خاوند کے یعنی اس سے جماع نہ کرلے تب تک وہ پہلے خاوند کے حق میں جائز نہیں ہوسکتی۔

۳۴۴۷۔ أَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ رَزِيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَحْمَرِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُطَلِّقُ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا فَيَتَزَوَّجُهَا الرَّجُلُ فَيُغْلِقُ الْبَابَ وَيُرْخِي السِّتْرَ ثُمَّ يُطَلِّقُهَا قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بِهَا قَالَ لَا تَحِلُّ لِلْأَوَّلِ حَتّٰى يُجَامِعَهَا الْآخَرُ قَالَ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا أَوْلٰى بِالصَّوَابِ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کسی نے مسئلہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے اس طرح پر کسی آدمی نے طلاق دی اپنی جورو کو تین طلاق، پھر اس سے نکاح کر لیا، دوسرے آدمی نے اور نکاح ہونے کے بعد گئے دونوں کوٹھری میں بند کر دیا گیا دروازہ اور پردے بھی چھوڑ دیے یعنی خلوت صحیح ہو گئی لیکن اس دوسرے مرد نے جماع نہیں کیا پھر طلاق دیدی اس عورت کو دوسرے نے بھی کیا جائز ہے یہ عورت پہلے خاوند کے لیے، آپ نے فرمایا نہیں جب تک جماع نہ کر اس سے دوسرا، ابوعبدالرحمٰن یعنی اس کتاب کے مصنف فرماتے ہیں یہ حدیث صواب سے بہت قریب ہے۔

ف۱ : یعنی عورت اور مرد میں صحبت ہو جائے اور ایک دوسرے سے پورا پورا مزہ اٹھالیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۲ اِحْلَالِ الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا وَمَا فِيْهِ مِنَ التَّغْلِيْظِ

۳۴۴۸۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِیْ قَيْسٍ عَنْ هُزَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَاشِمَةَ وَالْمُوْتَشِمَةَ وَالْوَاصِلَةَ وَالْمَوْصُوْلَةَ وَاٰكِلَ الرِّبَا وَمُوْكِلَهٗ وَالْمُحَلِّلَ وَالْمُحَلَّلَ لَهٗ۔

## تین طلاق دی ہوئی عورت سے حلالہ کرنے کا اور جو کچھ اس کام کے کرنیوالے پر سخت بات کہی گئی ہے اسکا ذکر اس باب میں کیا گیا ہے

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے لعنت کی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے نیلا گودنے والی پر اور گدوانے والی پر اور بالوں میں بال ملانے والی اور ملوانے والی پر اور بیاج کھانے والے پر اور بیاج کھلانے والے پر اور حلالہ کرنے والے پر اور جس کے لیے حلالہ کیا جاتا ہے اس پر ف۔

## بَابُ ۱۷۳ مُوَاجَهَةِ الرَّجُلِ الْمَرْاَةَ بِالطَّلَاقِ

۳۴۴۹۔ اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ قَالَ سَاَلْتُ الزُّهْرِیَّ عَنِ الَّتِیْ اسْتَعَاذَتْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَخْبَرَنِیْ عُرْوَةُ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ الْكِلَابِيَّةَ لَمَّا دَخَلَتْ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ عُذْتِ بِعَظِيْمٍ اِلْحَقِیْ بِاَهْلِكِ۔

## باب بیان میں اس بات کے کہ مرد عورت کا منہ دیکھتے ہی طلاق دے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب داخل ہوئی کلابی (ایک عورت) رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس کہنے لگی اعوذ باللہ منک یعنی میں پناہ میں ہوتی ہوں اللہ کی تیرے سے آپ نے فرمایا تو نے بہت بڑے کی پناہ لی تو جا اپنے گھر والوں کے پاس۔ ف۔

---

ف: اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بالوں میں اور بال ملا کر لمبے کرنا، اور نیلا گودنا حرام ہے اور خدا کی لعنت پڑتی ہے جس کے بال جوڑے جاویں اس عورت پر بھی اور جو عورت اپنے ہاتھ سے جوڑے اس پر بھی اور آپ نیلا گدوائے اس پر بھی اور جو اپنے ہاتھ سے گودے اس پر بھی اور حلالہ کرنے والے پر یعنی جس نے نکاح کیا اس نیت سے کہ طلاق دیکر چھوڑوں گا تاکہ پہلے خاوند کے لیے حلال ہو جائے اور جس کے لیے حلالہ کیا گیا ہے یعنی پہلے خاوند پر۔

ف: یہ بات حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جون کی بیٹی سے کہی اس کا نام اسماء تھا نعمان بن ابی الجون میں حارث کی بیٹی اصل قصہ یوں ہوا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جب اسماء بنت نعمان سے نکاح کیا حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی بعض بیبیوں کو رشک ہوا اور یوں کہا کہ تجھ کو غیرت اور شرم نہیں آتی کہ تو نے ایسے شخص سے نکاح کیا جس نے تیرے باپ اور بھائیوں کو مارا، اور بعض روایات میں ہے کہ کسی بی بی نے اس کو یوں سکھلا دیا کہ جب حضرت تیرے پاس آویں تو یوں کہنا کہ میں خدا کی پناہ چاہتی ہوں تم سے تو حضرت تجھ کو بہت پیار کریں گے۔ پھر جب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے تو اس نے اسی طرح خدا کی پناہ مانگی۔ "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں۔"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۶۱۴ إِرْسَالِ الرَّجُلِ إِلَى زَوْجَتِهِ بِالطَّلَاقِ

۳۳۵۰۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ أَبِي بَكْرٍ وَهُوَ ابْنُ أَبِي الْجَهْمِ قَالَ سَمِعْتُ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ تَقُولُ أَرْسَلَ إِلَيَّ زَوْجِي بِطَلَاقِي فَشَدَدْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي ثُمَّ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَمْ طَلَّقَكِ فَقُلْتُ ثَلَاثًا قَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ وَاعْتَدِّي فِي بَيْتِ ابْنِ عَمِّكِ ابْنِ أُمِّ مَكْتُومٍ فَإِنَّهُ ضَرِيرُ الْبَصَرِ تُلْقِينَ ثِيَابَكِ عِنْدَهُ فَإِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُكِ فَآذِنِينِي مُخْتَصَرٌ۔

## اپنی جورو کو کسی آدمی کی زبانی طلاق کہلا بھیجنے کا بیان

حضرت بنت قیس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ طلاق کہلا بھیجی مجھ کو میرے خاوند نے پھر اوڑھ لیے میں نے اپنے کپڑے اور آئی میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس، پوچھا آپ نے کتنی طلاقیں دیں تجھ کو؟ میں نے عرض کیا تین، آپ نے فرمایا تجھ کو نفقہ یعنی عدت بیٹھنے کے لیے خرچہ تیرے خاوند کی طرف سے نہ ملے گا اور فرمایا آپ نے عدت کے دن پورے کر اپنے چچا کے بیٹے کے گھر میں یعنی ام مکتوم کے پاس کیونکہ وہ اندھا آدمی ہے اتار سکتی ہے تو اپنے کپڑے نزدیک اس کے اور فرمایا جب گزر چکے تیری عدت اس وقت مجھ کو خبر کر۔ لیکن یہاں حدیث مختصر بیان کی ہے۔

۳۳۵۱۔ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ تَمِيمٍ مَوْلَى فَاطِمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ نَحْوَهُ۔

حضرت تمیم جو مولا ہیں فاطمہ کے انھوں نے بھی فاطمہ سے اسی طرح روایت کی ہے یعنی جیسے فاطمہ کی روایت اوپر گزری ہے اسی طرح کی مولا نے بھی روایت کی ہے۔ ف ا

## ۱۶۱۵ تَأْوِيلُ قَوْلِهِ تَعَالَى يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ

۳۳۵۲۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ بْنِ عَلِيٍّ الْمَوْصِلِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَالِمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ إِنِّي جَعَلْتُ امْرَأَتِي عَلَيَّ حَرَامًا قَالَ كَذَبْتَ لَيْسَتْ عَلَيْكَ بِحَرَامٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ عَلَيْكَ أَغْلَظُ الْكَفَّارَةِ عِتْقُ رَقَبَةٍ۔

## اس بات کا بیان کہ اس آیت کے کیا معنی اور اس کے فرمانے سے کیا غرض ہے

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی ان کے پاس اور کہا میں نے اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام کر لیا حضرت ابن عباس نے فرمایا تو جھوٹا ہے وہ عورت تیرے حق میں حرام نہیں پھر یہ آیت پڑھی۔ یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَکَ اور کہا تجھ پر ضرور ہے ایک سخت کفارہ یعنی آزاد کرنا ایک بردے کا ف۲۔

---

تب حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث فرمائی اور فرمایا کہ تو اپنے گھر جا۔ یہ اشارہ کیا طلاق کا۔ ”حاشیہ صفحہ سابقہ“

ف ۱ : غرض یہ ہے اگر کسی کی زبانی کوئی شخص اپنی جورو کو طلاق کہلا بھیجے تو طلاق ہو جاتی ہے اور عورت اپنی عدت گزار کر دوسرا خصم کر سکتی ہے اس سے معلوم ہوا کہ طلاق عورت کے روبرو دینا کچھ شرط نہیں، مرد کو اختیار ہے روبرو دے یا غیبت میں دے ہاں عورت کو اطلاع کر دینی چاہیے تاکہ وہ اپنا کچھ بندوبست کر لے۔

ف ۲ : یعنی حرام کر لینے سے حلال چیز حرام نہیں ہو جاتی لیکن کفارہ دینا آتا ہے اور کفارہ بھی سب کفاروں سے سخت۔ "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ١٦١٦- تَاوِيلُ هٰذِهِ الْآيَةِ عَلٰى وَجْهٍ اٰخَرَ

٣٤٥٣- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ وَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا فَتَوَاصَيْتُ وَحَفْصَةُ أَيَّتُنَا مَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ إِنِّي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِيرَ فَدَخَلَ عَلٰى إِحْدَاهُمَا فَقَالَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ وَقَالَ لَنْ أَعُودَ لَهُ فَنَزَلَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ إِنْ تَتُوبَا إِلَى اللّٰهِ لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلٰى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا لِقَوْلِهِ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا كُلُّهُ فِي حَدِيثِ عَطَاءٍ۔

## اسی آیت کی تاویل دوسرے طور پر

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم ٹھیرتے تھے حضرت زینبؓ کے نزدیک دیر تک اور شہد پیتے وہاں تو صلاح کی میں نے اور حفصہؓ نے اس طرح کہ جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم میرے یہاں آئیں گے تو میں کہوں گی آپ کے منہ سے مغافیر کی بو آتی ہے' اور تمہارے یہاں آئیں تو تم بھی یہی کہنا، جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم کسی کے یہاں گئے تو اس نے وہی بات کہی، آپ نے فرمایا میں نے اور کچھ نہیں کھایا لیکن شہد کھایا ہے زینب کے یہاں اور فرمایا آپ نے پھر دوبارہ نہ پیئوں گا تب یہ آیت اتری: لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ یعنی اے نبی تو کیوں حرام کرتا ہے جو حلال کیا اللہ نے تجھ پر اور إِنْ تَتُوبَا فرمایا عائشہ اور حفصہ کے لیے۔ یعنی اگر تم دونوں توبہ کرتی ہو۔ جھک پڑے ہیں دل تمہارے ول۔ وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلٰى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا یعنی اور جب چھپا کر کہی نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی کسی عورت سے ایک بات' وہ بات وہی جو اوپر گزری یعنی بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ اور عطا کی حدیث میں یہ قصہ

---

میں سے سخت یعنی بردہ آزاد کرنا چاہیے، ایک تاویل تو اس آیت کی یہ ہوئی اور دوسری تاویل آگے آتی ہے۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

ول: جھک پڑے ہیں دل تمہارے یعنی توبہ ضرور ہے غرض إِنْ تَتُوبَا سے لے کر قُلُوبُكُمَا تک حضرت عائشہؓ اور حفصہؓ کو ارشاد فرمایا ہے کہ اس بات سے توبہ کریں اور آئندہ کو ایسی بات نہ کہیں جس سے نبی علیہ السلام کے دل کو رنج اور ملال ہو۔

ول: یعنی عطاء کی حدیث میں یوں آیا ہے جب عورتوں نے یہ بات کہنی شروع کی کہ آپ کے منہ سے مغافیر کی بو آتی ہے اور مغافیر اس کو کہتے ہیں جو درخت میں سے شہد کی طرح کا ایک شیرہ نکلتا ہے اور اس میں بدبو اور ہیگ ہوتی ہے جیسے نیم کے درخت میں سے اس کا شیرہ ٹپکتا ہے اور بدبو کی چیز سے آپ کو نفرت بہت تھی آپ نے فرمایا نہیں میں نے مغافیر تو نہیں پیا لیکن زینب بنت جحش کے پاس شہد کھایا ہے پھر کبھی اس کے شہد کو نہ کھاویں گے ہم اور ہم نے عہد کیا اور قسم کھائی اس کے کھانے سے اور بیوی کو فرمایا تو کسی کو اس بات کی خبر نہ دینا اور یہ بات آپ نے عورت کے رضامند کرنے کے لیے فرمائی تھی اور شاہ عبدالقادر رحمتہ علیہ نے اس مضمون کو مختصر طور پر یوں بیان فرمایا: حضرت نے ایک حرم اپنی موقوف کردی یا ایک بیوی کے ہاں سے شہد پینا موقوف کردیا اور بیبیوں کی خاطر سے اس پر اللہ نے یہ فرمایا اور قسم کا کھولنا کفارہ دینا ہے۔ اب جو کوئی اپنے مال کو کہے یہ مجھ پر حرام ہے تو قسم ہو گئی " حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ الْحَقِي بِأَهْلِكِ

۳۴۵۴ - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَكِّيِّ بْنِ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حَدِيثَهُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَقَالَ فِيهِ إِذَا رَسُولُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِينِي فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

۳۴۵۵ - ح وَأَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُونُسَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبَ بْنَ مَالِكٍ يُحَدِّثُ حَدِيثَهُ حِينَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَسَاقَ قِصَّتَهُ وَقَالَ إِذَا رَسُولُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِي فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُكَ أَنْ تَعْتَزِلَ امْرَأَتَكَ فَقُلْتُ أُطَلِّقُهَا أَمْ مَاذَا قَالَ لَا بَلِ اعْتَزِلْهَا فَلَا تَقْرَبْهَا فَقُلْتُ لِامْرَأَتِي الْحَقِي بِأَهْلِكِ فَكُونِي عِنْدَهُمْ حَتَّى يَقْضِيَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي هَذَا الْأَمْرِ.

## باب بیان میں یوں کہنے کے اپنی جورو کو جا تو اپنے گھر والوں کے ساتھ مل کر رہ

حضرت عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سُنا میں نے کعب بن مالک سے وہ ذکر کرتے تھے اپنا حال اس وقت کا جس وقت وہ پیچھے رہ گئے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے جنگ تبوک کو جانے کے وقت اور کہا اسی بیان میں کعب بن مالک نے اتفاقاً آیا قاصد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا میرے پاس اور کہنے لگا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا یعنی جس طرح آگے کی حدیث میں اس کا بیان آتا ہے۔ ف۱

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سنا میں نے کعب بن مالک سے وہ بیان کرتے تھے اپنا حال اس وقت کا جس وقت وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑ کر رہ گئے تھے جنگ تبوک کو (نام ہے ایک جگہ کا) جاتے وقت راوی کہتا ہے بیان کیا وہ قصہ سب کعب بن مالک نے اور کہنے لگے میں جب اس حالت میں تھا اس وقت آیا قاصد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اور کہنے لگا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تیرے لیے یہ حکم دیا ہے تو اپنی بیوی سے کنارا کر۔ کعب نے پوچھا اس سے کنارہ کرنے سے طلاق دینا مراد ہے یا کیا غرض ہے، قاصد نے کہا طلاق دینا مراد نہیں، بلکہ جدا رہنے کے لیے حکم دیا ہے اور اس کے قریب جانے سے منع کیا ہے۔ کعب بن مالک فرماتے ہیں میں نے اپنی بیوی کو کہا جا تو اپنے گھر والوں کے پاس جا کر رہ اور وہاں سے میرے نزدیک مت آ جب تک اللہ عزت اور بزرگی والا اس امر میں کچھ حکم نہ کرے ف۲

---

کفارہ دے تو اس کو کام میں لائے کھانا ہو یا کپڑا یا لونڈی۔ "موضح القرآن"۔ حاشیہ صفحہ سابقہ۔

ف۱ : چونکہ اسناد میں فرق تھا اس کو جدا بیان کیا گیا، اہل حدیث کی اصطلاح میں اس کو تحویل کہتے ہیں۔

ف۲ : کعب بن مالک ان تینوں شخصوں میں سے ہیں جو حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نہیں گئے تھے "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۴۵۶- اَخْبَرَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ جَبَلَةَ وَ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ اَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ اَبِیْ كَعْبَ ابْنَ مَالِكٍ قَالَ وَهُوَ اَحَدُ الثَّلَاثَةِ الَّذِيْنَ تِيْبَ عَلَيْهِمْ يُحَدِّثُ قَالَ اَرْسَلَ اِلَیَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلٰى صَاحِبَیَّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْتَزِلُوْا نِسَاءَكُمْ فَقُلْتُ لِلرَّسُوْلِ اُطَلِّقُ امْرَاَتِیْ اَمْ مَاذَا اَفْعَلُ قَالَ لَا بَلْ تَعْتَزِلُهَا فَلَا تَقْرَبُهَا فَقُلْتُ لِامْرَاَتِیْ الْحَقِیْ بِاَهْلِكِ فَكُوْنِیْ فِيْهِمْ فَلَحِقَتْ بِهِمْ۔

حضرت عبدالرحمان بن عبداللہ بن کعب بن مالک اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں سُنا میں نے اپنے باپ کعب سے اور راوی کہتا ہے کعب ان تین آدمیوں میں سے ایک شخص ہیں جن کی توبہ قبول ہوئی، وہ کعب اپنا حال بیان کرتے ہیں اور کہتے ہیں بھیجا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو میرے اور میرے ساتھی کے پاس اور بیان کیا اس نے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کو حکم کیا ہے کہ تم اپنی عورتوں سے کنارہ کرو اور ان کے نزدیک نہ جاؤ کعب فرماتے ہیں میں نے پوچھا قاصد کو طلاق دے دوں میں اپنی عورت کو، یا کیا کروں؟ اس نے کہا طلاق نہ دے اس کو بلکہ کنارا کر اس سے اور نزدیک نہ جا اس کے۔ کعب فرماتے ہیں میں نے اپنی عورت سے کہا جا اپنے لوگوں میں مل اور وہیں رہا کر، پھر جا ملی ان کی عورت اپنے لوگوں میں۔

۳۴۵۷- اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبًا يُحَدِّثُ حَدِيْثَهُ حِيْنَ تَخَلَّفَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَقَالَ فِيْهِ اِذَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِيْنِیْ وَيَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكَ اَنْ تَعْتَزِلَ امْرَاَتَكَ فَقُلْتُ اُطَلِّقُهَا اَمْ مَاذَا اَفْعَلُ قَالَ بَلِ اعْتَزِلْهَا وَلَا تَقْرَبْهَا وَاَرْسَلَ اِلٰى صَاحِبَیَّ بِمِثْلِ ذٰلِكَ

حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حال اپنا جب پیچھے رہ گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ تبوک کو جانے وقت اور راوی بیان کرتا ہے اسی بیان میں کعب نے یہ بھی فرمایا اتنے میں آیا فرستادہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کا میرے پاس اور کہنے لگا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تمہارے لیے حکم دیا ہے تم کنارا پکڑو اپنی عورتوں سے یعنی مجھ کو اور میرے ساتھی کو یہ حکم دیا میں نے پوچھا قاصد سے میں طلاق دیدوں اپنی عورت کو یا کس طرح کروں میں، قاصد نے کہا جدا رہنے کے لیے حکم ہے اور طلاق دینے کا حکم نہیں، کعب کہتے ہیں میں نے اپنی عورت

جنگ تبوک میں اور ان پر عتاب ہوا تھا پچاس دن تک ان پچاس دنوں میں ان پر وہ حالت گزری کہ موت سے بدتر تھی اور وہ تینوں شخص سچ کہنے سے بخشے گئے نہیں تو منافقوں میں ملتے ان تین آدمیوں کا ذکر قرآن شریف میں ہے سورہ توبہ کے اخیر میں۔ یہاں حدیث میں اس بات کا ذکر ہے کہ کعب بن مالک نے اپنی بیوی کو اِلْحَقِیْ کہا یعنی جا تو اپنے گھر والوں میں جا کر مل اس بات کے کہنے سے طلاق نہیں ہوتی جب تک نیت نہ کی جائے طلاق کی۔ ''حاشیہ صفحہ سابقہ''

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَقُلْتُ لِامْرَاَتِي الْحَقِي بِاَهْلِكِ وَكُوْنِي عِنْدَهُمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِي هٰذَا الْاَمْرِ خَالَفَهُمْ مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ

سے کہا تو جا اپنے گھر والوں میں اور تو وہیں رہا کر جب تک اللہ اس کا کچھ فیصلہ نہ اتارے
معقل بن عبید اللہ نے خلاف کیا ہے لوگوں کا یعنی زہری ابن شہاب کے شاگردوں میں معقل بن عبید اللہ بھی ہیں ان کی روایت عبید اللہ بن کعب سے ہے جیسا کہ آگے حدیث میں آتا ہے۔

۳۴۵۸۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ بْنِ عِيْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ عَمِّهِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبِي كَعْبًا يُحَدِّثُ قَالَ اَرْسَلَ اِلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلٰى صَاحِبَيَّ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَعْتَزِلُوْا نِسَاءَكُمْ فَقُلْتُ لِلرَّسُوْلِ اُطَلِّقُ امْرَاَتِي اَمْ مَاذَا اَفْعَلُ قَالَ لَا بَلْ تَعْتَزِلُهَا وَلَا تَقْرَبُهَا فَقُلْتُ لِامْرَاَتِي الْحَقِي بِاَهْلِكِ فَكُوْنِي فِيْهِمْ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فَلَحِقَتْ بِهِمْ خَالَفَهُ مَعْمَرٌ۔

حضرت عبید اللہ بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سنا میں نے اپنے باپ کعب سے وہ بیان کرتے تھے بھیجا میرے پاس حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی اور میرے ساتھی کے پاس بھی، اس نے بیان کیا حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے تم کو حکم دیا ہے تم کنارا کرو اور دور رہو اپنی عورتوں سے کعب کہتے ہیں میں نے پوچھا اس آدمی سے کیا میں طلاق دیدوں اپنی جورو کو کیا کروں میں۔ اس نے کہا طلاق نہ دے بلکہ جدا کر دے اس کو اپنے پاس سے اور اس کے نزدیک نہ جا کعب کہتے ہیں میں نے اپنی عورت کو کہا تو جا اپنے لوگوں میں اور رہ ان میں جب تک اللہ عزت اور بزرگی والا حکم کرے اس امر میں۔ پھر ان کی بیوی چلی گئی اپنے لوگوں میں یعنی اپنے ماں باپ کے یہاں جا کر رہنے لگی۔
اور معمر نے معقل کا بھی خلاف کیا ہے چنانچہ آگے کی حدیث میں آتا ہے۔

۳۴۵۹۔ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ وَهُوَ ابْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ فِي حَدِيْثِهِ اِذَا رَسُوْلٌ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَتَانِي فَقَالَ اعْتَزِلِ امْرَاَتَكَ فَقُلْتُ اُطَلِّقُهَا قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَا تَقْرَبُهَا وَلَمْ يَذْكُرْ فِيْهِ الْحَقِي بِاَهْلِكِ۔

حضرت عبد الرحمٰن بن کعب بن مالک اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں اور بیان کیا اپنی حدیث میں اتفاقاً آیا قاصد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی طرف سے میرے پاس اور کہا اس قاصد نے کنارے کر دے تو اپنی عورت کو پھر پوچھا میں نے قاصد سے کیا طلاق دیدوں میں اپنی عورت کو اس نے کہا طلاق نہ دے لیکن اس کے نزدیک نہ جا اور اس حدیث میں اِلْحَقِي بِاَهْلِكِ نہیں ذکر کیا ف۱

ف ۱: یعنی یہ نہیں بیان کیا کہ کعب نے اپنی عورت سے کہا تو جا اپنے گھر والوں کے ساتھ جیسے اگلی روایتوں میں بیان کیا ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۱۸ طَلَاقِ الْعَبْدِ

## غلام کے طلاق دینے کا بیان

۳۴۶۰۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُعَتِّبٍ اَنَّ اَبَا حَسَنٍ مَوْلٰى بَنِيْ نَوْفَلٍ اَخْبَرَهٗ قَالَ كُنْتُ اَنَا وَ امْرَاَتِيْ مَمْلُوْكَيْنِ فَطَلَّقْتُهَا تَطْلِيْقَتَيْنِ ثُمَّ اُعْتِقْنَا جَمِيْعًا فَسَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ اِنْ رَاجَعْتَهَا كَانَتْ عِنْدَكَ عَلٰى وَاحِدَةٍ قَضٰى بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهٗ مَعْمَرٌ

حضرت ابوحسن مولی بنی نوفل سے روایت ہے تھا میں اور میری عورت دونوں غلامی میں پھر طلاق دی میں نے اس عورت کو دو طلاق اس کے بعد ہم دونوں ایک بار اکٹھے آزاد کیے گئے پوچھا میں نے ابن عباس رضؓ سے فرمایا ابن عباس نے اگر رجوع کرے گا تو اس کی طرف یعنی اگر پھر اس کو نکاح میں لائے گا تو رہے گی تیرے نزدیک وہ عورت ایک طلاق پر حکم کیا ہے یہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور اس روایت میں خلاف کیا ہے معمر نے۔ ف۱۔

۳۴۶۱۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ اَنْبَاَنَا مَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُعَتِّبٍ عَنِ الْحَسَنِ مَوْلٰى بَنِيْ نَوْفَلٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنْ عَبْدٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ تَطْلِيْقَتَيْنِ ثُمَّ عُتِقَا اَيَتَزَوَّجُهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ عَمَّنْ قَالَ اَفْتٰى بِذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ لِمَعْمَرٍ اَلْحَسَنُ هٰذَا مَنْ هُوَ لَقَدْ حَمَلَ صَخْرَةً عَظِيْمَةً

حضرت حسن بنی نوفل سے روایت ہے پوچھا کسی نے حضرت ابن عباس رضؓ سے مسئلہ اس غلام کا جس نے طلاقیں دی ہوں اپنی عورت کو دو طلاقیں اور پھر وہ دونوں آزاد ہو گئے ہوں کیا وہ آزاد غلام اس آزاد لونڈی سے نکاح کر سکتا ہے۔؟ حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا کر سکتا ہے۔ کسی نے اس مسئلہ کی سند پوچھی ابن عباسؓ سے ابن عباسؓ نے اس کو جواب دیا فتویٰ دیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس مسئلہ میں ایسا ہی ابن المبارک نے معمر سے کہا یہ حسن کون ہے؟ اس نے بڑا بھاری پتھر اپنے اوپر لادا کیونکہ اگر یہ روایت غلط ہو تو سیکڑوں نا جائز نکاحوں کا وبال اس کی گردن پر پڑے گا۔

## بَابُ ۱۱۹ مَتٰى يَقَعُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ

## لڑکے کا طلاق دینا کس عمر میں معتبر ہوتا ہے

۳۴۶۲۔ اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ

حضرت قریظہ کے دو لڑکوں سے روایت ہے

---

ف۱ رہے گی تیرے نزدیک وہ عورت ایک طلاق پر یعنی آزاد ہونے سے تجھے تین طلاق کا اختیار ہو گیا مثل اور آزادوں کے نر دو طلاق تو دے چکا تھا اب ایک طلاق کا اختیار اور رہ گیا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَدَّثَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ مَعْمَرٍ الْخَطْمِيِّ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبْنَا قُرَيْظَةَ اَنَّهُمْ عُرِضُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ قُرَيْظَةَ فَمَنْ كَانَ مُحْتَلِمًا اَوْ نَبَتَتْ عَانَتُهُ قُتِلَ وَمَنْ لَمْ يَكُنْ مُحْتَلِمًا اَوْ لَمْ تَنْبُتْ عَانَتُهُ تُرِكَ۔

ان کو سامنے لائے تھے لوگ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے قریظہ کے ہنگامے کے روز حکم ہوا جس لڑکے کو احتلام یعنی نیند وغیرہ میں نہانے کی حاجت ہوتی ہو یا اس کے پیشاب کی جگہ یعنی ناف کے نیچے بال اگ آئے ہوں اس کو قتل کر دو اور اگر ان دو نشانوں میں سے کچھ نہ پاؤ تو چھوڑ دو۔

---

۳۴۶۳۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ كُنْتُ يَوْمَ حُكْمِ سَعْدٍ فِيْ بَنِيْ قُرَيْظَةَ غُلَامًا فَشَكُّوْا فِيَّ فَلَمْ يَجِدُوْنِيْ اَنْبَتُّ فَاسْتُبْقِيْتُ فَهَا اَنَا ذَا بَيْنَ اَظْهُرِكُمْ۔

حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تھا میں اس وقت لڑکا جس وقت حکم کیا سعد نے بنی قریظہ کے قتل کے لیے پھر دیکھا مجھ کو اور شک کیا میرے مارنے میں جب نہیں پایا مجھ کو زیر ناف کے بالوں والا بچا دیا مجھ کو وہی میں ہوں جو تمہارے روبرو موجود ہوں۔

۳۴۶۴۔ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَرَضَهُ يَوْمَ اُحُدٍ وَهُوَ ابْنُ اَرْبَعَ عَشْرَةَ سَنَةً فَلَمْ يُجِزْهُ وَعَرَضَهُ يَوْمَ الْخَنْدَقِ وَهُوَ ابْنُ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً فَاَجَازَهُ۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ روبرو لائے گئے ابن عمرؓ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے احد کے دن جب وہ چودہ برس کے تھے آپ نے ان کو قبول نہ کیا پھر دوبارہ پیش کیے گئے خندق کے روز جب وہ پندرہ برس کے تھے تب ان کو قبول کیا وا۔

## بَابُ مَنْ لَا يَقَعُ طَلَاقُهُ مِنَ الْاَزْوَاجِ

## بعض شخص ایسے ہیں کہ ان کا طلاق دینا معتبر نہیں

۳۴۶۵۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّغِيْرِ حَتّٰى يَكْبُرَ وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ اَوْ يُفِيْقَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اٹھا دی گئی قلم تینوں شخصوں سے سونے والے سے جاگنے تک اور بچے سے بڑے ہونے تک اور دیوانے سے سیانا ہونے تک یا اچھا ہونے تک۔ وا۲

---

وا : یعنی مجاہدین میں شریک کیا اور مثل مردوں کے ان کا حصہ مال غنیمت میں ٹھہرایا معلوم ہوا کہ پندرہ برس کا لڑکا جوان ہو جاتا ہے۔

وا۲ : یعنی ان تین شخصوں سے جو برا یا بھلا کام آئے اس کی کچھ سند نہیں اللہ جل شانہ کے ہاں اس کا کچھ حساب و کتاب نہیں اسی واسطے ان کا طلاق دینا بھی صحیح نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ مَنْ طَلَّقَ فِيْ نَفْسِهِ

## جو شخص اپنے جی میں طلاق دے لے اسکا کیا حکم ہے

۳۴۶۶- أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى تَجَاوَزَ عَنْ أُمَّتِي كُلَّ شَيْءٍ حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَكَلَّمْ بِهِ أَوْ تَعْمَلْ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بچاوے گا میری امت کو اللہ تعالٰی ان خیالات اور باتوں کی پکڑ سے جو کھٹکتے ہیں دلوں میں ان کے جب تک ان کو زبان پر نہ لادیں یا کریں نہیں۔ ف

---

۳۴۶۷- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي مَا وَسْوَسَتْ بِهِ وَحَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَعْمَلْ أَوْ تَتَكَلَّمْ بِهِ.

---

۳۴۶۸- أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى تَجَاوَزَ لِأُمَّتِي عَمَّا حَدَّثَتْ بِهِ أَنْفُسَهَا مَا لَمْ تَكَلَّمْ أَوْ تَعْمَلْ بِهِ.

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا۔

---

**ف:** دل کے خطرے اور خیال کئی طور پر ہیں ایک تو وہ ہے جو آپ ہی آپ بے اختیار جی میں آ جاتے۔ عربی زبان میں اس کو ہاجس کہتے ہیں وہ معاف ہے تمام امتوں سے۔ دوسرا وہ ہے جو دل میں باقی رہے اور جی میں پھرتا ہے اس کو خواطر کہتے ہیں اس قسم کے خطرے اس امت محمدیہ سے معاف ہیں یہ اللہ تعالٰی کا فضل اور اس کی رحمت ہے اس امت پر۔ تیسرے حالت میں وہ ہے جو خیال کہ جی میں دوڑتا پھرتا تھا جی میں اس کی محبت اور لذت پیدا ہوئی اور اس کے پورا کرنے اور حاصل کرنے کی طرف دل راغب ہوا اس کو ہم کہتے ہیں اس امت کو اس پر بھی پکڑ نہیں جب تک اس کو عمل میں نہ لاوے بلکہ اگر قصد کر لیا تھا پھر اپنے جی کو اس سے روک لیا اس کو اس کے بدلے نیکی دی جائے گی اور ایک ان تینوں کے سوا ہے چوتھی حالت بھی ہے وہ یہ ہے کہ دل گناہ پر پکا ہو جائے اور جی کو اس کے کرنے میں یہاں تک مضبوط کر لے کہ اس کی طرف سے اس کے کرنے میں کچھ قصور باقی نہ رہے کسی دوسرے سبب سے اس کام میں فتور آ جائے اس میں البتہ پکڑ ہے لیکن پکڑ پوری گناہ کی برابر نہیں۔ کیونکہ زنا کے سامان تیار کرنے یا اس کا ارادہ کرنے سے زنا نہیں ہو جاتا، زنا یا چوری کرنے (حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں)

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۲۲ الطَّلَاقِ بِالْإِشَارَةِ الْمَفْهُومَةِ

۳۴۶۹- أَخْبَرَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَارٌ فَارِسِيٌّ طَيِّبُ الْمَرَقَةِ فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ وَعِنْدَهُ عَائِشَةُ فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ بِيَدِهِ أَنْ تَعَالَ وَأَوْمَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى عَائِشَةَ أَيْ وَهَذِهِ فَأَوْمَأَ إِلَيْهِ الْآخَرُ هَكَذَا بِيَدِهِ أَنْ لَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا۔

## طلاق دینا اس اشارے سے جو سمجھ میں آسکتا ہو

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک فارسی ہمسایہ تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم جو شوربہ بہت عمدہ پکاتا، ایک بار وہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کے پاس حضرت عائشہ رض تھیں تو اس نے اشارہ کیا آپ سے اپنے ہاتھ سے کہ آیئے اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اشارہ کیا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کیطرف یعنی ان کو بھی لاؤں، اس نے ہاتھ سے اشارہ کیا نہیں دو یا تین بار ف۔

## بَابُ ۲۳ الْكَلَامِ إِذَا قُصِدَ بِهِ فِيمَا يَحْتَمِلُ مَعْنَاهُ

۳۴۷۰- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ ح وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ أَخْبَرَنِي مَالِكٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَقَّاصٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَفِي حَدِيثِ الْحَارِثِ أَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّةِ وَإِنَّمَا لِامْرِئٍ مَا نَوَى فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ فَهِجْرَتُهُ إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ لِدُنْيَا يُصِيبُهَا أَوْ

## اس کلام کا بیان جس کے کئی معنی ہوں اگر قصد کیا جائے کسی ایک معنی کا تو وہ قصد کرنا صحیح ہوگا۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اعمال نیتوں ہی کے ساتھ معتبر ہیں، مراد وہی پائے گا جو نیت کرے سو جس کا نکلنا گھر سے اللہ اور رسول کی طرف ہے تو اس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کی طرف گنی جائے گی یعنی اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کرنے کا ثواب پائے گا اور جس کی ہجرت دنیا کے واسطے ہے ملے گی اس کو دنیا یا عورت کے واسطے ہوگی تو ملے گی اس کو عورت، انسان کی ہجرت اور گھر چھوڑنا جس ارادے اور خیال سے ہوگا اس کو وہی چیز ملے گی۔ ف۲

---

کے بعد ہی ثابت ہوتی ہے غرض زنا کا ارادہ اور زنا دونوں گناہ برابر نہیں۔ ارادہ اس سے نیچے درجے میں ہے اور یہاں اس حدیث کے لانے سے یہ غرض ہے کہ جی میں طلاق کہہ لینا طلاق نہیں ہوتا جب تک زبان سے نہ کہے اور اپنے ارادے کو ظاہر کرے۔ حاشیہ صفحہ ہذا

ف۱: تو آپ نے اس کے اشارے پر عمل کیا۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو بول نہ سکے اس کا اشارہ جو سمجھ میں آوے مثل بولنے کے ہیں۔ اگر اشارے سے طلاق دے اور معلوم ہو جائے کہ طلاق دینا ہے تو پڑ جائے گی۔

ف۲: مثل مشہور ہے جیسی نیت ویسی مراد۔ یعنی آدمی کو عمل کا ثواب نیت کے مطابق ملتا ہے حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں“

www.sirat-e-mustaqeem.com



امْرَاَةٍ يَتَزَوَّجُهَا فَهِجْرَتُهُ اِلٰى مَا هَاجَرَ اِلَيْهِ -

## بَابُ ۱۴۲۴ الْاِبَانَةِ وَالْاِفْصَاحِ بِالْكَلِمَةِ الْمَلْفُوظَةِ بِهَا لِمَا لَا يَحْتَمِلُهُ مَعْنَاهَا لَمْ تُوجِبْ شَيْئًا وَلَمْ تُثْبِتْ حُكْمًا

۳۴۷۱- اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الزِّنَادِ مِمَّا حَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجُ مِمَّا ذَكَرَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اُنْظُرُوْا كَيْفَ يَصْرِفُ اللّٰهُ عَنِّيْ شَتْمَ قُرَيْشٍ وَلَعْنَهُمْ اِنَّهُمْ يَشْتِمُوْنَ مُذَمَّمًا وَيَلْعَنُوْنَ مُذَمَّمًا وَاَنَا مُحَمَّدٌ .

## باب بیان میں اس بات کے کہ اگر کوئی ایک لفظ صاف بولے اور اس سے وہ مطلب مراد لے جو اس سے نہیں نکلتا تو وہ لغو ہوگا اور اس سے کوئی حکم ثابت نہ ہوگا یعنی وہ مطلب جو مراد ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تم لوگ غور کرو اور دیکھو اس بات کو کیسے بچاتا ہے اللہ تعالیٰ مجھ کو قریش کی گالیوں اور لعنت سے، وہ لوگ مذمم کہہ کر نام لیتے ہیں اور بُرا کہتے ہیں مجھ کو، اور حال یہ ہے کہ میں محمد ہوں ف۱۔

## بَابُ ۱۴۲۵ التَّوْقِيْتِ فِي الْخِيَارِ

۳۴۷۲- اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَنْبَاَنَا يُوْنُسُ بْنُ يَزِيْدَ وَمُوْسَى بْنُ عَلِيٍّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

## خیار کی مدت معین کرنے کے بیان میں یہ باب ہے

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جس دن حکم ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا کہ اختیار دے دیں اپنی بی بیوں کو تو رہا اختیار دینا مجھ سے شروع کیا اور فرمانے لگے میں تجھ سے ایک بات کا ذکر کردوں گا تو اس میں جلدی

---

ہے اور اس کے عمل کا اعتبار نیت سے ہوتا ہے اور یہاں اس حدیث کو اس واسطے لائے ہیں کہ ایک کلام جو کئی معنی کا احتمال رکھتا ہو اس کے معنی لینے میں ارادے اور نیت پر حکم ہے جیسا ارادہ ہوگا ویسا اس کا حکم کیا جائے گا چنانچہ ہجرت کا لفظ ہے ارادے اور نیت کے سبب سے اس میں زمین آسمان کا فرق ہوگیا کسی شخص نے ہجرت کی اور اپنا گھر بار چھوڑ کر کافروں کے دیار سے نکل کر مسلمانوں کے ملک میں چلا گیا اور جی میں ٹھہرا لیا کہ اس ملک میں تجارت خوب ہوتی ہے یا وہاں عورتیں خوب صورت ملتی ہیں تو یہ ہجرت خدا کے واسطے کی اور وہاں دنیا میں کچا فائدہ مل گیا وہ اللہ کا انعام ہے اس سے اس کی ہجرت میں کچھ خلل نہ آئے گا۔ مکے سے مدینے کی طرف جب لوگوں نے ہجرت کی اس وقت ایک عورت ام قیس نامی نے بھی ہجرت کی اس کی محبت اور دوستی سے کسی ایک شخص نے مکے والوں سے اس کے واسطے ہجرت کی، لوگ اس آدمی کو مہاجر ام قیس کا کہنے لگے اس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث فرمائی۔ " حاشیہ صفحہ سابقہ"

ف۱: یعنی وہ محمد کو بگاڑ کر مذمم کہتے اور محمد نہیں کہتے کیونکہ محمد کے معنی سراہا ہوا، اور مذمم کے معنی بُرا تو ان کی گالیاں سب مذمم پر پڑتی ہیں نہ محمد پر گو وہ مراد محمد رکھیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمَّا أُمِرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَخْيِيْرِ أَزْوَاجِهٖ بَدَأَ بِيْ فَقَالَ إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِيْ حَتّٰى تَسْتَأْمِرِيْ أَبَوَيْكِ قَالَتْ قَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَايَ لَمْ يَكُوْنَا لِيَأْمُرَانِيْ بِفِرَاقِهٖ قَالَتْ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا إِلٰى قَوْلِهٖ جَمِيْلًا فَقُلْتُ أَفِيْ هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّيْ أُرِيْدُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُوْلَهٗ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ قَالَتْ عَائِشَةُ ثُمَّ فَعَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا فَعَلْتُ وَلَمْ يَكُنْ ذٰلِكَ حِيْنَ قَالَ لَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاخْتَرْنَهٗ طَلَاقًا مِنْ أَجْلِ أَنَّهُنَّ اخْتَرْنَهٗ۔

نہ کرنا اور اپنے ماں باپ کے صلاح اور مشورے کے بغیر اس بات کا جواب نہ دینا بیوی عائشہؓ فرماتی ہیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ماں باپ کا مشورہ لینا اس واسطے فرمایا کہ آپ کو معلوم تھا کہ میرے ماں باپ مجھ کو حضرت سے جدا ہونے کی صلاح نہ دیں گے حضرت عائشہ فرماتی ہیں پھر پڑھی آپ نے یہ آیت: يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ۔

یعنی اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتی ہو دنیا کی زندگی اور یہاں کی رونق تو آؤ کچھ فائدہ دوں تم کو اور رخصت کروں بھلی طرح سے حضرت عائشہ فرماتی ہیں میں نے یہ آیت سن کر کہا کیا اسی بات کے واسطے مشورہ کروں اور صلاح لوں میں اپنے ماں باپ سے۔ میں نے اختیار کیا اللہ عزت اور بزرگی والے کو اور اللہ کے رسول اور آخرت کے گھر کو۔ بیوی عائشہ رضؓ فرماتی ہیں پھر سب بیبیوں نے نبی کی ایسا ہی کہا جیسا میں نے کہا تھا یعنی سب بیبیوں نے یہی کہا اور اس کے رسول کو اختیار کیا اور حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا بیویوں کو پوچھنا اور ان کو اختیار دینا طلاق نہ تھا کیونکہ بیبیوں نے نبی کو اختیار کیا اور ان کے غیر کو نہیں اختیار کیا۔ ف

۳۲۷۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ ثَوْرٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا نَزَلَتْ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَدَأَ بِيْ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ إِنِّيْ ذَاكِرٌ لَكِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جب اتری آیت إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ آئے میرے پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم پہلے مجھ کو فرمایا اے عائشہ میں کہتا ہوں تجھ کو ایک بات تو جلدی نہ کرنا اور اپنے ماں باپ سے مشورہ کر اس بات میں۔ بیوی عائشہؓ فرماتی ہیں

ف: اس باب میں جو حدیث ہے اس کا فائدہ جس میں اس آیت کے اترنے کی وجہ بھی بیان کی گئی ہے کتاب النکاح کے شروع میں گزر چکا ہے لیکن یہاں باب کی مناسبت کا بیان کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے وہ یہ کہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے بی بی عائشہ کے اختیار کو ایک وقت تک قائم کیا یعنی ماں باپ سے مشورہ کرنے تک۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تُعَجِّلِي حَتَّى تَسْتَأْمِرِي أَبَوَيْكِ قَالَتْ قَدْ عَلِمَ وَاللّٰهِ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُونَا لِيَأْمُرَانِّي بِفِرَاقِهِ فَقَرَأَ عَلَيَّ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِيْنَتَهَا فَقُلْتُ أَفِي هٰذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّي أُرِيدُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا خَطَأٌ وَالْأَوَّلُ أَوْلَى بِالصَّوَابِ وَاللّٰهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ۔

آپ نے مشورہ لینے کو فرمایا اور آپ کو یہ معلوم تھا کہ میرے ماں باپ آپ سے جدائی کرنے کی صلاح مجھ کو نہ دیں گے۔ پھر پڑھی یہ آیت: یَا أَیُّھَا النَّبِیُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا الخ یعنی اے نبی کہہ دے اپنی عورتوں کو اگر تم چاہتی ہو دنیا کا جینا اور یہاں کی رونق پورا ترجمہ اوپر گزر چکا ہے۔ بیوی عائشہ رض فرماتی ہیں کیا یہی بات ہے مشورہ اور صلاح لوں میں اپنے ماں باپ کی یعنی اس بات میں صلاح لینے کی کیا حاجت ہے بلکہ میں بے مشورہ لینے یہ بات کہتی ہوں کہ میں نے اختیار کیا اللہ اور اس کے رسول کو ابو عبدالرحمٰن فرماتے ہیں یعنی اس کتاب کے مصنف اس روایت میں کچھ نقصان اور خطا نہیں بلکہ بہت ٹھیک ہے۔ ف۱

---

## بَابُ ۱۷۲۶ فِي الْمُخَيَّرَةِ تَخْتَارُ زَوْجَهَا

## باب بیان میں ان عورتوں کے جن کو اختیار دیا گیا اور انھوں نے اختیار کیا اپنے خاوند کو

۳۳۷۴- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى هُوَ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ إِسْمٰعِيلَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَهَلْ كَانَ طَلَاقًا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار دیا اپنی بیویوں کو اور اختیار دینے سے ان کو طلاق نہ ہوئی کیونکہ جب اختیار دیا ان کو انھوں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اختیار کر لیا۔ ف۲

۳۳۷۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ قَالَ الشَّعْبِيُّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدْ خَيَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا۔

ترجمہ اوپر گزرا۔

---

۳۳۷۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ صُدْرَانَ عَنْ خَالِدِ بْنِ الْحٰرِثِ قَالَ حَدَّثَنَا أَشْعَثُ وَهُوَ ابْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اختیار دیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیویوں کو کیا اختیار دینے سے ان پر طلاق ہو گئی۔ ف۳

ف۱ : یعنی یونس بن یزید اور موسیٰ بن علی کی روایت سے جو پہلے گزری ہے۔
ف۲ : اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ جب کسی عورت کو اس کا خاوند اختیار دے یعنی عورت کو کہے کہ تو مختار ہے اپنے نفس کی طلاق چاہتی ہے تو طلاق لے لے پھر وہ عورت کہے میں تجھ کو چھوڑ کر نہیں جاتی تو اس عورت کو طلاق نہیں ہوتی۔
ف۳ : یعنی طلاق نہیں ہوئی کیونکہ انھوں نے اس اختیار دینے کو منظور نہیں کیا تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدْ خَيَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَآءَهٗ فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا۔

۳۲۷۷- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي الضُّحٰى عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَدْ خَيَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَآءَهٗ اَفَكَانَ طَلَاقًا۔

۳۲۷۸- اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الضَّعِيْفُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يَعُدَّهَا عَلَيْنَا شَيْئًا۔

---

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ اختیار دیا ہم کو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہم نے اختیار کیا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو تو نہیں ٹھہرایا گیا وہ اختیار دینا ہم پر کچھ چیز۔

## بَابٌ۱۴۲۷ خِيَارِ الْمَمْلُوْكَيْنِ يُعْتَقَانِ

## جب خاوند اور جورو دونوں غلام لونڈی ہوں پھر آزاد ہو جاویں تو اختیار ہوگا

۳۲۷۹- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ مَوْهِبٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانَ لِعَائِشَةَ غُلَامٌ وَجَارِيَةٌ قَالَتْ فَاَرَدْتُ اَنْ اُعْتِقَهُمَا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ابْدَئِيْ بِالْغُلَامِ قَبْلَ الْجَارِيَةِ۔

حضرت قاسم بن محمد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تھے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس غلام اور لونڈی ارادہ ہوا حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کا کہ آزاد کریں ان کو پھر ذکر کیا اس بات کا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا لونڈی سے پہلے غلام کو آزاد کرنا تو اسے عائشہ رضی اللہ عنہا ۔

## بَابٌ۱۴۲۸ خِيَارِ الْاَمَةِ

## لونڈی کو اختیار دینے کا بیان

۳۲۸۰- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ رَبِيْعَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ فِيْ بَرِيْرَةَ ثَلَاثُ سُنَنٍ اِحْدَى السُّنَنِ اَنَّهَا اُعْتِقَتْ فَخُيِّرَتْ فِيْ زَوْجِهَا وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَآءُ لِمَنْ اَعْتَقَ وَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْبُرْمَةُ تَفُوْرُ بِلَحْمٍ فَقُرِّبَ اِلَيْهِ خُبْزٌ وَاُدْمٌ مِّنْ اُدْمِ الْبَيْتِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَمْ اَرَ بُرْمَةً فِيْهَا لَحْمٌ فَقَالُوْا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے بریرہ میں تین سنتیں تھیں ایک سنت تو یہ ہے کہ وہ آزاد کی گئی پھر اختیار دیا گیا اُسے خاوند کے پاس رہنے میں یعنی اس کو کہا گیا تیری خوشی ہو تو اپنے خاوند کے پاس رہ جا یا اس کو چھوڑ کر دوسرے کو کر لے اور دوسری بات یہ ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اسی بریرہ کے قصے میں میراث آزاد کرنے والے کے لیے ہے اور تیسرے یہ بات ہے کہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر میں اور اس وقت ہنڈیا میں گوشت اُبل رہا تھا وہ لے

www.sirat-e-mustaqeem.com



بَلٰى يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذٰلِكَ لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰى بَرِيْرَةَ وَاَنْتَ لَا تَاْكُلُ الصَّدَقَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ.

گئے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس روٹی اور ایک سالن جو موجود تھا گھر میں آپ نے فرمایا کیا میں نے ہنڈیا نہیں دیکھی ہے گوشت کی یعنی اس ہنڈیا میں گوشت پکتا ہے وہ کیوں نہیں لاتے گھر والوں نے عرض کیا ہاں پکتا تو ہے لیکن وہ گوشت صدقہ دیا ہے کسی نے بریرہ کو اور آپ صدقے کی چیز نہیں کھاتے آپ نے فرمایا اس کے لیے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے ف ۔

---

۳۴۸۱- اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ فِيْ بَرِيْرَةَ ثَلَاثُ قَضِيَّاتٍ اَرَادَ اَهْلُهَا اَنْ يَبِيْعُوْهَا وَيَشْتَرِطُوا الْوَلَاءَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا وَاَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ وَاُعْتِقَتْ فَخَيَّرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَكَانَ يُتَصَدَّقُ عَلَيْهَا فَتُهْدِيْ لَنَا مِنْهُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوْهُ فَاِنَّهٗ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ.

ترجمہ اوپر گزرا

## بَابُ ۱۲۹ خِيَارِ الْاَمَةِ تُعْتَقُ وَزَوْجُهَا حُرٌّ

## باب بیان میں اختیار دینے اس لونڈی کے جو آزاد کی گئی ہو اور خاوند اسکا حر یعنی آزاد ہو

۳۴۸۲- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اشْتَرَيْتُ بَرِيْرَةَ فَاشْتَرَطَ اَهْلُهَا وَلَاءَهَا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعْتِقِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْطَى الْوَرِقَ قَالَتْ فَاَعْتَقْتُهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے خریدا میں نے بریرہ کو اور اس کے والیوں نے یہ شرط لگا لی کہ اس میراث کے حقدار ہم ہوں گے بی بی عائشہ رض فرماتی ہیں ذکر کیا میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اس بات کا آپ نے فرمایا تو اس کو آزاد کر دے کیونکہ ولاء لونڈی یا غلام کے

---

ف: بریرہ نامی ایک عورت انصار کی لونڈی تھی انھوں نے کہا اے بریرہ تو اتنا مال ہم کو دے ہم تجھ کو آزاد کر دیں گے۔ جب حضرت عائشہ رض کی مدد سے اس کے آزاد ہونے کی صورت بندھی تو وہ لوگ بریرہ سے کہنے لگے جب تو مر جائے گی تیرے مال کے وارث ہم ہوں گے اس وقت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور ارشاد فرمایا اَلْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ یعنی میراث آزاد کیے گئے کی آزاد کرنے والے کے لیے ہے یہاں اس حدیث کے بیان کرنے سے پہلا مسئلہ بیان کرنا غرض تھا یعنے لونڈی آزاد ہونے سے معلوم ہوا تھا اور یہ بھی بات بریرہ کے سبب سے معلوم ہوئی کہ صدقہ اپنی جگہ پہنچ جانے کے بعد صدقہ نہیں رہتا اس کا حکم بدل جاتا ہے اسی واسطے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اس کو کھالیا اور فرمایا وہ گوشت بریرہ کے لیے صدقہ تھا اور ہمارے لیے وہ ہدیہ یعنی تحفے کے طور پر ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَدَعَاهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَيَّرَهَا مِنْ زَوْجِهَا قَالَتْ لَوْ أَعْطَانِي كَذَا وَكَذَا مَا أَقَمْتُ عِنْدَهُ فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا.

کے آزاد کرنے والے کا حق ہوتا ہے (یعنے وہ مال جو چھوڑ کر مر جائیں یہ دونوں) اور بیچنے والے کا کچھ حصّہ نہیں اس کے مال میں بلکہ حصّہ میراث میں اس کا ہے جو نقد یعنی روپے خرچ کرتا ہے) یہ مسئلہ سُن کر بیوی عائشہؓ نے اس کو آزاد کر دیا، خصم کے چھوڑ دینے میں وہ کہنے لگی اگر مجھ کو وہ کتنا ہی کچھ دے تو بھی اس کے پاس نہیں ٹھیرنے کی اور اس کے بعد خود مختار ہو گئی اور اس بریرہ کا خاوند آزاد تھا کسی کا غلام نہ تھا۔ ف ۱۔

---

۳۴۸۳۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَرَادَتْ أَنْ تَشْتَرِيَ بَرِيرَةَ فَاشْتَرَطُوا وَلَاءَهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيهَا وَأَعْتِقِيهَا فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ وَأُتِيَ بِلَحْمٍ فَقِيلَ إِنَّ هٰذَا مِمَّا تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ فَقَالَ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ وَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ زَوْجُهَا حُرًّا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انھوں نے ارادہ کیا بریرہ کے مول لینے کا اس کے والیوں نے شرط لگائی ولاء کی یعنی میراث بریرہ کی ہم لیں گے بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ذکر کیا میں نے اس بات کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا خرید لے اس کو اور آزاد کر دے اس لیے کہ ولاء یعنی میراث غلام یا لونڈی کی جو آزاد ہو چکے حق ہے آزاد کرنے والے کا، بیچنے والے کا حق نہیں ہوتا، اگرچہ بیچنے والا شرط لگا یا کرے بیچنے کے وقت کیونکہ وہ شرط فاسد ہے اور شرط فاسد کا پورا کرنا ضرور نہیں۔ بیوی عائشہؓ فرماتی ہیں کہ لائے گھر کے لوگ گوشت آپ کے آگے اور یہ بھی کہہ دیا یہ گوشت کسی نے صدقہ دیا تھا بریرہ کو آپ نے فرمایا وہ گوشت بریرہ کے لیے صدقہ تھا ہمارے لیے ہدیہ اور تحفہ ہے اور اختیار دیا بریرہ کو آپ نے اور اس کا خصم آزاد تھا، غلام نہ تھا۔ ف ۲

---

**ف ۱** : یہاں پچھلے جملے سے غرض ہے یعنی آزاد اور حر کی ہو رد اگر لونڈی ہو تو آزاد ہونے کے بعد اس کو اختیار رہے اس کے گھر میں رہے یا اس کو چھوڑ دے کیونکہ آزاد ہونا مختار ہونا ہے جب لونڈی آزاد ہو گئی تو مختار ہو جائے گی اور بعض علماء کے نزدیک لونڈی کو اسی صورت میں اختیار ہو گا جب اس کا خاوند غلام ہو۔ وہ کہتے ہیں کہ بریرہ کا خاوند غلام تھا جیسے آگے آتا ہے۔

**ف ۲** : اس حدیث سے بھی وہی مسئلہ بیان کرنا مقصود ہے جس کے لیے باب باندھا ہے یعنی لونڈی آزاد ہونے کے بعد مختار ہو جاتی ہے اپنے خاوند کے چھوڑنے میں، اگرچہ اس کا خاوند غلام نہ ہو کسی کا، کیوں کہ لونڈی کے مختار ہونے کے لیے اس کے خاوند کا غلام ہونا شرط نہیں۔

## باب ۳۱ خِيَارِ الْأَمَةِ تُعْتَقُ وَزَوْجُهَا مَمْلُوكٌ

۳۴۸۴- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا جَرِيرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَاتَبَتْ بَرِيرَةُ عَلَى نَفْسِهَا بِتِسْعِ أَوَاقٍ فِي كُلِّ سَنَةٍ بِأُوقِيَّةٍ فَأَتَتْ عَائِشَةَ تَسْتَعِينُهَا فَقَالَتْ لَا إِلَّا أَنْ يَشَاءُوا أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً وَيَكُونُ الْوَلَاءُ لِي فَذَهَبَتْ بَرِيرَةُ فَكَلَّمَتْ فِي ذٰلِكَ أَهْلَهَا فَأَبَوْا عَلَيْهَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَجَاءَتْ إِلَى عَائِشَةَ وَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ فَقَالَتْ لَهَا مَا قَالَ أَهْلُهَا فَقَالَتْ لَا هَا اللّٰهُ إِذًا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لِي فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هٰذَا فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ بَرِيرَةَ أَتَتْنِي تَسْتَعِينُ بِي عَلَى كِتَابَتِهَا فَقُلْتُ لَا إِلَّا أَنْ يَشَاءُوا أَنْ أَعُدَّهَا لَهُمْ عَدَّةً وَاحِدَةً وَيَكُونُ الْوَلَاءُ لِي فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِأَهْلِهَا فَأَبَوْا عَلَيْهَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ الْوَلَاءُ لَهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعِيهَا وَاشْتَرِطِي لَهُمُ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ ثُمَّ قَامَ فَخَطَبَ النَّاسَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَشْتَرِطُونَ شُرُوطًا لَيْسَتْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُونَ أَعْتِقْ فُلَانًا وَالْوَلَاءُ لِي كِتَابُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ أَحَقُّ وَشَرْطُ اللّٰهِ أَوْثَقُ وَكُلُّ شَرْطٍ لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَهُوَ بَاطِلٌ وَإِنْ كَانَ مِائَةَ شَرْطٍ

## باب ہے بیان میں اس مسئلہ کے کہ اختیار ہے اس لونڈی کو جس کا خصم غلام ہے آزاد ہونے کے بعد

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے مکاتب کیا بریرہ رضی اللہ عنہا نے اپنے تئیں نو اوقیہ پر اور ہر برس میں ایک اوقیہ ادا کرنا ٹھیرایا پھر آئی بریرہؓ میرے پاس یعنی حضرت عائشہؓ کے پاس آکر کہا اور ان سے اپنی کتابت میں مدد چاہی بیوی عائشہ نے فرمایا میں اس طرح تو مدد نہیں کرتی لیکن اگر وہ لوگ چاہیں تو میں ایک ہی دفعہ سب رقم گن دوں اور ولا میرا حق ٹھیرے پھر گئی بریرہ اپنے لوگوں کے پاس اور گفتگو کی ان سے اس باب میں ان لوگوں نے نہ مانا اور کہا ولا ہم لیں گے تو پھر کر آئی۔ بریرہ بیوی عائشہ رض کی خدمت میں اور آ گئے تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اس وقت میں بریرہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے آکر کہا جو ان لوگوں نے کہا تھا بیوی عائشہ نے فرمایا ایسا ہے تو خدا کی قسم میں نہیں مدد کرتی لیکن اگر ولا میرا حق ٹھیرے گا تو کروں گی تیری مدد حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کس بات کا ذکر ہے یہ۔ بیوی عائشہؓ نے ذکر عرض کیا یا رسول اللہؐ بریرہ آئی تھی میرے پاس اپنی کتابت میں مجھ سے مدد چاہتی ہے میں نے اس سے کہا میں یوں تو مدد نہیں کرتی مگر ہاں اگر وہ لوگ چاہیں تو ایک ہی دفعہ سب دے دیتی ہوں اور ولا میرے لیے ہوگی یہ بات بریرہ نے ان سے کہی انھوں نے انکار کیا اور کہا ولا ہم لیں گے دوسرے کو نہ دیں گے آپ نے فرمایا بیوی عائشہ کو تو خرید لے اس کو اور ان سے شرط کر لے ولا کی اور شرط کر لینے سے ان کے ساتھ کچھ مضائقہ نہیں کیونکہ ولا حق آزاد کرنے والے کا ہوتا ہے بی بی عائشہ رض کو آپ نے یہ فرمایا اور کھڑے ہوئے خطبہ سنانے کو لوگوں کے لیے خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد فرمایا کیا ہوا لوگوں کو ایسی شرطیں باندھتے ہیں جو نہیں اللہ کی کتاب میں اور کہتے ہیں ولا ہم لیں گے کتاب اللہ عزت اور بزرگی

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ زَوْجِهَا وَكَانَ عَبْدًا فَاخْتَارَتْ نَفْسَهَا قَالَ عُرْوَةُ فَلَوْ كَانَ حُرًّا مَا خَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

والے کی بہت ٹھیک اور حق ہے اور شرطیں جو اللہ نے لگائیں اور ٹھہرائیں وہی مضبوط اور واثق یعنی قابل وفا کے ہیں اور فرمایا جو شرط اللہ کی کتاب میں نہیں وہ شرط باطل ہے اور بے اصل ہے اس کا وفا کرنا کچھ ضرور نہیں اگرچہ وہ سو شرطیں کیسے ہوں پھر اختیار دیا بریرہ کو آپ نے اس کے خصم کے چھوڑنے میں پھر وہ خود مختار ہو گئی یعنی اپنے خصم کو چھوڑ دیا عروہ فرماتے ہیں اگر اس کا خصم آزاد ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسکو اختیار نہ دیتے۔ ف۔

---

۳۴۸۵۔ أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ زَوْجُ بَرِيرَةَ عَبْدًا۔

حضرت عروہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ فرمایا بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ کا خصم غلام تھا۔

---

۳۴۸۶۔ أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا اشْتَرَتْ بَرِيرَةَ مِنْ أُنَاسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فَاشْتَرَطُوا الْوَلَاءَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَاءُ لِمَنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ خریدا انھوں نے بریرہ کو انصاری لوگوں سے ان انصاریوں نے ٹھہرایا تھا ولاء کو اپنے لیے اس وقت فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کا حقدار ولی نعمت ہوتا ہے یعنی جس نے روپیہ خرچ کیا اور بیہ دے کر مول لیکر آزاد کیا اور بیچنے

---

ف: ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے اور ایک درہم چھ دانگ کا ہوتا ہے اور ایک دانگ دو قیراط دو طسوج کا اور طسوج دو جو کا جو درمیانہ ہوں نہ بہت بڑے اور نہ بہت چھوٹے، اور مکاتب اس کو کہتے ہیں کہ مالک آزاد کرنے پر غلام یا لونڈی کے روپے ٹھہرا دے اور اس سے اقرار یا نوشتہ لیوے کہ ہر مہینے میں اسقدر پہنچایا کرے جب تک اس لکھے میں سے ایک درہم بھی باقی رہیگا وہ آزاد نہ ہوگا۔ بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا نے بریرہ رضی اللہ عنہا سے کہا کہ تو اپنے مالک سے کہہ کہ ایک مشت قیمت لے لیویں اور میں تجھ کو آزاد کر دوں گی اور ولاء یعنی تیرے مرنے کے بعد تیرے مال کی بھی میں وارث ہونگی۔ اس شرط کو بریرہ کے والیوں نے نہ مانا اور کہا ولاء ہم لیں گے جب انھوں نے حق بات کا انکار کیا تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرمایا تو شرط کر لے۔ یعنی ان سے اس بات میں زیادہ اصرار نہ کر اور جو کام کرنے کا ہے اس کو کر اور آپ نے خطبے میں فرما دیا کہ یہ شرط بے اصل اور قابل ایفا نہیں تو گویا سرے سے شرط ہی نہ ٹھیرے اس جگہ حدیث کو اس واسطے لائے ہیں کہ اس میں لفظ وکان عبدا کا ہے یعنی بریرہ کا خصم غلام تھا اور اکثر علماء کا یہی قول ہے کہ جب لونڈی کا خصم غلام ہو تو تب اسکو اختیار ہو سکتا ہے اور اگر آزاد ہو تو نہیں اختیار دیا جائے گا اسکو۔ چنانچہ عروہ نے اس حدیث میں فرمایا ہے کہ اگر وہ آزاد ہوتا نہ اختیار دیتے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بریرہ رضی اللہ عنہا کو۔ اور یہ روایت ثبوت اور صحت میں پہلی روایت سے بڑھ کر ہے یعنی حر ہونے کی روایت سے جو پہلے گزر چکی اور مصنف نے دونوں روایتوں کے موافق مسئلہ بیان کیا ہے دوسری روایت میں زیادہ تصریح کی ہے اول میں فقط روایت بیان کر کے چھوڑ دی۔

وَلِيَ النِّعْمَةَ وَخَيَّرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا وَأَهْدَتْ لِعَائِشَةَ لَحْمًا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ وَضَعْتُمْ لَنَا مِنْ هٰذَا اللَّحْمِ قَالَتْ عَائِشَةُ تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ فَقَالَ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ۔

۳۴۸۷۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ الْكِرْمَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَ وَكَانَ وَصِيَّ أَبِيهِ قَالَ وَفَرِقْتُ أَنْ أَقُولَ سَمِعْتُهُ مِنْ أَبِيكَ قَالَتْ عَائِشَةُ سَأَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَرِيْرَةَ وَأَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِيَهَا وَاشْتُرِطَ الْوَلَاءُ لِأَهْلِهَا فَقَالَ اشْتَرِيهَا فَإِنَّ الْوَلَاءَ لِمَنْ أَعْتَقَ قَالَ وَخُيِّرَتْ وَكَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ مَا أَدْرِي وَأُتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَقَالُوا هٰذِهِ مِمَّا تُصُدِّقَ بِهِ عَلٰى بَرِيْرَةَ قَالَ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَلَنَا هَدِيَّةٌ۔

## بَابُ الْإِيْلَاءِ

۳۴۸۸۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَكَمِ الْبَصْرِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو يَعْفُورٍ عَنْ أَبِي الضُّحٰى قَالَ تَذَاكَرْنَا الشَّهْرَ عِنْدَهُ فَقَالَ بَعْضُنَا ثَلَاثِيْنَ وَقَالَ بَعْضُنَا تِسْعًا وَعِشْرِيْنَ فَقَالَ أَبُو الضُّحٰى حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ أَصْبَحْنَا يَوْمًا وَنِسَاءُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيْنَ عِنْدَ كُلِّ امْرَأَةٍ مِنْهُنَّ أَهْلُهَا فَدَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا هُوَ مَلْآنُ مِنَ النَّاسِ قَالَ فَجَاءَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَصَعِدَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي عُلِّيَّةٍ لَهُ فَسَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يُجِبْهُ

والا حقدار نہیں ہوتا۔ بیوی عائشہ رض فرماتی ہیں اختیار دیا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ کو اور تھا بریرہ کا خصم غلام اور ہدیہ دیا بریرہ نے بی بی عائشہ کو گوشت آپ نے کہا ہم کو اس گوشت میں سے حصہ دیتی تو اچھا تھا بیوی نے فرمایا یہ گوشت بریرہ کو کسی نے صدقہ دیا ہے آپ نے فرمایا وہ گوشت بریرہ کے لیے صدقہ تھا ہمارے لیے صدقہ نہیں بلکہ ہدیہ ہے۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے پوچھا میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بریرہ کے معاملے میں اور بیان کیا میں نے میرا ارادہ ہے بریرہ کے خریدنے کا اور اس کے لوگوں سے شرط کرتی ہوں ولاء کی آپ نے فرمایا اس کو خرید لے کیونکہ ولاء اسی کا حق ہے جو آزاد کیا کرتا ہے۔۔ راوی نے کہا اختیار دیا بریرہ کو آپ نے خاوند کے چھوڑنے میں اور تھا خاوند اس کا غلام پھر کہا راوی نے میں نہیں جانتا کہ خاوند اس کا غلام تھا یا آزاد اور دیا گیا گوشت حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اور کہا گھر کے لوگوں نے یہ صدقہ دیا تھا کسی نے بریرہ کو آپ نے فرمایا صدقہ بریرہ کے حق میں تھا اور ہمارے لیے تو ہدیہ ہے۔

## باب ایلاء کے بیان میں

حضرت ابوالضحٰے سے ابو یعفور روایت کرتے ہیں ہم لوگ ذکر کرتے تھے ابوالضحٰے کے نزدیک اور کہتے تھے مہینہ کی مدت تیس دن ہے اور بعض کہتے تھے انتیس دن۔ سننے میں کہا ابوالضحٰے نے بیان کیا مجھ سے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اٹھے ایک روز ہم صبح کو تو کیا دیکھتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیویاں رو رہی تھیں اور ہر ایک کے نزدیک ان کے گھر والے موجود تھے پھر آیا میں مسجد میں تو کیا دیکھتا ہوں کہ لوگوں سے مسجد بھری ہوئی ہے ابن عباس فرماتے ہیں پھر آئے حضرت عمر رض اور اوپر گئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ بالاخانے میں تھے اپنے گھر کے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَحَدٌ فَرَجَعَ فَنَادَى بِلَالًا فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَطَلَّقْتَ نِسَاءَكَ فَقَالَ لَا وَلَكِنِّي آلَيْتُ مِنْهُنَّ شَهْرًا فَمَكَثَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ ثُمَّ نَزَلَ فَدَخَلَ عَلَى نِسَائِهِ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سلام کیا کسی نے سلام کا جواب نہ دیا پھر سلام کیا پھر کسی نے جواب نہ دیا تین بار سلام کیا کسی نے جواب نہ دیا پھر لوٹ آئے اور بلال رضی اللہ عنہ کو بلایا وہ اوپر گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کیا آپ نے طلاق دی ہے بیویوں کو۔ آپ نے فرمایا نہیں لیکن ایلا کیا ہے میں نے ان سے ایک مہینے کا راوی بیان کرتے انتیس دن ٹھہرے آپ اس مکان میں پھر اتر آئے وہاں سے اور گئے گھر میں بیویوں کے پاس۔ ف۔

۳۴۸۹۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ آلَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ نِسَائِهِ شَهْرًا فِي مَشْرُبَةٍ لَهُ فَمَكَثَ تِسْعًا وَعِشْرِينَ لَيْلَةً ثُمَّ نَزَلَ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَيْسَ آلَيْتَ عَلَى شَهْرٍ قَالَ الشَّهْرُ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے قسم کھائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہینے کی اپنی بیویوں کے پاس نہ جانے کی یعنی عہد کیا کہ ایک مہینے تک عورتوں کے نزدیک نہ جائیں گے اور رہے اپنے بالا خانے میں انتیس راتیں۔ پھر اتر آئے آپ۔ لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے تو ایک مہینے کا ایلا کیا تھا آپ نے فرمایا انتیس دن کا مہینہ ہوا کرتا ہے۔ ف۲۔

## بَابُ ۳۲ الظِّهَارِ

## باب ظہار کے بیان میں۔

۳۴۹۰۔ أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ظَاهَرَ مِنِ امْرَأَتِهِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي ظَاهَرْتُ مِنِ امْرَأَتِي فَوَقَعْتُ قَبْلَ أَنْ أُكَفِّرَ قَالَ وَمَا حَمَلَكَ عَلَى ذَلِكَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آیا ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا میں نے ظہار کیا تھا اپنی عورت کے ساتھ پھر جا پڑا میں اس کے اوپر پہلے کفارہ دینے سے۔ آپ نے پوچھا کس سبب سے کیا تو نے یہ کام اس نے بیان کیا میں نے دیکھی پازیب اس کی چاندنی میں۔ آپ نے اس کو فرمایا اب

---

ف۱: ایلاء کہتے ہیں اس بات کو کہ قسم کھائے مرد کہ اپنی عورت کے نزدیک نہ جائے گا اور اس سے کنارہ کر کے علیحدہ رہنے لگے لیکن علماء نے کہا ہے کنارہ کرنا غصے یا ناراضی کے سبب سے ہو اور اگر ناراضی کے سبب سے نہ ہو گا تو اس کو ایلا نہیں کہیں گے۔

ف۲: وہ مہینہ شاید انتیس۲۹ دن کا ہوگا، یہ بات ہوگی کہ آپ نے فقط مہینے کا لفظ فرمایا تھا چنانچہ بعض روایتوں میں ہے لَا أَدْخُلُ عَلَيْكُنَّ شَهْرًا یعنی نہ آؤں گا میں تمہارے پاس ایک مہینہ تو مہینہ کا اطلاق انتیس دن پر ہوتا ہے اور تیس دن پر بھی ہوتا ہے۔ آپ نے شہرًا کا لفظ فرمایا اور شہر فلاں نہ کہا تھا تاکہ آپ کو پابندی ہوتی اس مہینے خاص کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَرْحَمُكَ اللّٰهُ قَالَ رَأَيْتُ خَلْخَالَهَا فِي ضَوْءِ الْقَمَرِ فَقَالَ لَا تَقْرَبْهَا حَتّٰى تَفْعَلَ مَا أَمَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

۳۴۹۱- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ أَبَانَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ تَظَاهَرَ رَجُلٌ مِنِ امْرَأَتِهِ فَأَصَابَهَا قَبْلَ أَنْ يُكَفِّرَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ رَأَيْتُ خَلْخَالَهَا أَوْ سَاقَيْهَا فِي ضَوْءِ الْقَمَرِ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَزِلْهَا حَتّٰى تَفْعَلَ مَا أَمَرَكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

۳۴۹۲- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمُعْتَمِرُ ح وَأَنْبَأَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ الْحَكَمَ بْنَ أَبَانَ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ قَالَ أَتَى رَجُلٌ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ إِنَّهُ ظَاهَرَ مِنِ امْرَأَتِهِ ثُمَّ غَشِيَهَا قَبْلَ أَنْ يَفْعَلَ مَا عَلَيْهِ قَالَ مَا حَمَلَكَ عَلٰى ذٰلِكَ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ رَأَيْتُ بَيَاضَ سَاقَيْهَا فِي الْقَمَرِ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْتَزِلْ حَتّٰى تَقْضِيَ مَا عَلَيْكَ وَقَالَ إِسْحٰقُ

اس کے پاس نہ جانا جب تک نہ کرے تو وہ کام جس کا حکم کیا اللہ عزت اور بزرگی والے نے۔ ف۔

---

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ظہار کیا ایک آدمی نے اپنی عورت سے پھر صحبت کی اس سے کفارہ دینے کے پہلے پھر ذکر کیا یہ حال حضور صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا کونسی چیز تھی جس نے یہ کام کرا دیا تجھ سے وہ بولا رحم کرے خدا تعالیٰ آپ پر یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، دیکھی میں نے خلخال یعنی کڑی اس کے پاؤں کی، یا کہا دیکھیں میں نے پنڈلیاں اس کی چاندنی میں، یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دور رہ اس سے جب تک کر کرے تو وہ کام جو تجھ کو عزت والے اور بزرگی والے نے حکم کیا۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا یا نبی اللہ اس آدمی نے ظہار کیا تھا اپنی جورو سے پھر اس نے صحبت کر لی کفارہ دینے سے پہلے۔ آپ نے فرمایا اس کو کاہے کو کیا تو نے یہ کام، اور کس نے کہا تجھ کو ایسی بات کرنے کے لیے، وہ کہنے لگا اے خدا کے نبی مجھ کو نظر پڑیں اس کی گوری پنڈلیاں چاندنی میں۔ آپ نے فرمایا اس کو دور رہ اس سے جب تک ادا نہ کرے تو جو کچھ تیرے ذمہ ہے پورا ادا کرنا اس کا ضرور ہے۔ اب کتاب کے

---

ف: ظہار جورو کو مشابہت دینا ماں کے جسم کی کسی ایک چیز کے ساتھ یعنی پیٹھ یا پیٹ وغیرہ کے ساتھ مشابہت دیکر کہتا کہ تو میرے حق میں ایسی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ یعنی جیسی وہ مجھ پر حرام ہے ویسی تو بھی مجھ پر حرام ہے، اسلام سے پہلے مرد اگر اپنی عورت کو کہتا تو میری ماں ہے تو ساری عمر اس پر حرام گنتے۔ شرع نے اس بات کو مقرر رکھا لیکن اتنا فرق ہے کہ کفارہ دینے کے بعد وہ جائز ہو جاتی ہے کفارہ جب تک نہ دے تب تک حرام رہتی ہے ہمیشہ کے حرام ہونے کا حکم موقوف کیا۔ اگر کسی شخص نے بغیر کفارہ دیئے عورت سے جماع کیا تو اس نے اچھا کام نہ کیا اس کو توبہ کرنی چاہیے اور کفارہ دے کر اس کو ہاتھ لگائے اور کفارہ نہ دینے تک اس کو اپنے حق میں حرام جانے جیسا زبان سے کہا تھا، یہی اللہ تعالیٰ کا احسان مانے اور شکر کرے کہ اس نے کفارہ دینے کے بعد حلال کر دیا ورنہ تو نے عمر بھر اپنا گھر اجاڑ لیا تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِي حَدِيثِهِ فَاعْتَزِلْهَا حَتَّى تَقْضِيَ مَا عَلَيْكَ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُرْسَلُ أَوْلَى بِالصَّوَابِ مِنَ الْمُسْنَدِ وَاللَّهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ.

مصنف رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اسحاق نے اپنی حدیث میں فَاعْتَزِلْهَا فرمایا ہے اور لفظ اس حدیث کے محمدؒ کے ہیں اور مصنفؒ فرماتے ہیں اس حدیث کا مرسل ہونا صحیح اور اولیٰ ہے مسند ہونے سے اور اللہ سبحانہٗ تعالیٰ زیادہ داناہے۔ ف۱

۳۴۹۳- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَسِعَ سَمْعُهُ الْأَصْوَاتَ لَقَدْ جَاءَتْ خَوْلَةُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَشْكُو زَوْجَهَا فَكَانَ يَخْفَى عَلَيَّ كَلَامُهَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا الْآيَةَ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہا بیوی عائشہ رضی اللہ عنہا نے شکر ہے اللہ کا جو سنتا ہے تمام آوازوں کو۔ آئی خولہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور شکوہ کیا اپنے خاوند کا یعنی اس کے ظہار کرنے سے گھر اور بچے خراب اور تباہ ہوئے اور چھپاتی تھی وہ اپنی گفتگو مجھ سے تب اُتاری اللہ عزت اور بزرگی والے نے یہ آیت کریمہ: قَدْ سَمِعَ اللَّهُ قَوْلَ الَّتِي تُجَادِلُكَ فِي زَوْجِهَا وَتَشْتَكِي إِلَى اللَّهِ وَاللَّهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ بَصِيرٌ ۝ یعنی سُن لی اللہ نے اس عورت کی بات جو جھگڑتی ہے تجھ سے اپنے خاوند پر اور جھینکتی ہے اللہ کے آگے اور اللہ سنتا ہے سوال وجواب تم دونوں کا بیشک اللہ سنتا دیکھتا ہے۔ اس کے بعد اللہ جل شانہٗ نے ظہار کا اور اس کے کفارے کا بیان فرمایا۔ ف۲

## بَابُ ۳۳ مَا جَاءَ فِي الْخُلْعِ

## باب خلع کے بیان میں

۳۴۹۴- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمَخْزُومِيُّ وَهُوَ الْمُغِيرَةُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ الْمُنْتَزِعَاتُ وَالْمُخْتَلِعَاتُ هُنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے خاوندوں سے کشیدہ رہنے والی اور خلع کرنے والی عورتیں منافق اور دغاباز ان کو ہی کہنا چاہیے۔ ف۳

ف۱: یعنی یہ حدیث مسنداً ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اور مرسلاً عکرمہؒ سے مروی ہے۔ اور مرسلاً روایت صحیح ہے بہ نسبت مسند کے۔

ف۲: یہ عورت بہت خوبصورت تھی ایک بار نماز پڑھتی تھی جب سلام پھیرا تو اس کے خاوند اوس بن صامت نے خواہش کی، اس نے نہ مانا خاوند نے غصہ ہو کر اس سے ظہار کر لیا۔

ف۳: خلع کہتے ہیں عورت اپنا حق مرد کو چھوڑ دے اور کہے کہ تو مجھ کو چھوڑ دے یعنی طلاق دیدے۔ یہ حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْمُنَافِقَاتُ قَالَ الْحَسَنُ لَمْ أَسْمَعْهُ مِنْ غَيْرِ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَسَنُ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ أَبِي هُرَيْرَةَ شَيْئًا.

۳۴۹۵- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ عَنْ حَبِيبَةَ بِنْتِ سَهْلٍ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ وَأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الصُّبْحِ فَوَجَدَ حَبِيبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ عِنْدَ بَابِهِ فِي الْغَلَسِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَذِهِ قَالَتْ أَنَا حَبِيبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ مَا شَأْنُكِ قَالَتْ لَا أَنَا وَلَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ لِزَوْجِهَا فَلَمَّا جَاءَ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ حَبِيبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ قَدْ ذَكَرَتْ مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ تَذْكُرَ فَقَالَتْ حَبِيبَةُ يَا رَسُولَ اللَّهِ كُلُّ مَا أَعْطَانِي عِنْدِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِثَابِتٍ خُذْ مِنْهَا فَأَخَذَ مِنْهَا وَجَلَسَتْ فِي أَهْلِهَا.

حضرت حبیبہ بنت سہل رضی اللہ عنہا سے روایت ہے تھی وہ بیوی صامت بن قیس کی حبیبہ بنت سہل بیان کرتی ہیں نکلے ایک روز حضور صلے اللہ علیہ وسلم شروع صبح صادق میں طرف نماز کے ملی حبیبہ آپ کو دروازے کے قریب آپ نے فرمایا کون ہے تو، حبیبہ نے کہا میں حبیبہ بنت سہل ہوں۔ آپ نے کہا کیوں کیا ہوا کاہے کو آئی حبیبہ نے کہا میری اور میرے خاوند ثابت بن قیس کی نہیں بنتی، جب آئے ثابت بن قیس آپ نے فرمایا یہ حبیبہ بنت سہل کچھ کہتی ہے جو کچھ اللہ نے چاہا اس کی زبان سے نکلا حبیبہ جھٹ بولی یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جو کچھ اس نے مجھ کو کہہ دیا ہے وہ میرے پاس موجود ہے آپ نے فرمایا ثابت بن قیس کو لے لے اس کو یعنی تو اپنی چیز اس سے واپس کر لے ثابت بن قیس نے آپ کے فرمانے کے بموجب لے لیا اس سے اپنا دیا ہوا مال اور بیٹھ رہی حبیبہ اپنے گھر والوں میں یعنی ثابت بن قیس کے گھر چلی گئی۔

۳۴۹۶- أَخْبَرَنَا أَزْهَرُ بْنُ جَمِيلٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ امْرَأَةَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسٍ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ ثَابِتُ بْنُ قَيْسٍ أَمَا إِنِّي مَا أَعِيبُ عَلَيْهِ فِي خُلُقٍ وَلَا دِينٍ وَلَكِنِّي أَكْرَهُ الْكُفْرَ فِي الْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَرُدِّينَ عَلَيْهِ حَدِيقَتَهُ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ رَسُولُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ آئی بیوی ثابت بن قیس کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی مجھے غصہ اور ناراضی نہیں ثابت بن قیس کی خصلت اور دین کی طرف سے لیکن اسلام میں کفر اور ناشکری کرنا برا جانتی ہوں۔ آپ نے فرمایا تو اس کا باغ واپس کر دے گی وہ کہنے لگی ہاں واپس کر دوں گی، آپ نے ثابت بن قیس کو فرمایا تو لے لے اپنا باغ اور طلاق دیدے اسکو ایک طلاق ف۱۔

مجھ کو اور وہ حق جاہے مہر ہو یا کچھ اور جہیز ہو اور حسنؒ جو شاگرد ہیں ابوہریرہؓ کے وہ کہتے ہیں کہ ابوہریرہؓ کے سوا میں نے کسی سے یہ حدیث نہیں سنی اور کتاب کے مصنف فرماتے ہیں حسنؒ نے ابوہریرہؓ سے کچھ نہیں سنا غرض اس حدیث میں محدثین کو کلام ہے۔ "حاشیہ صفحہ سابقہ"

ف۱ : وہ باغ ثابت بن قیسؓ نے اس کو مہر میں دیا تھا اسلام میں کفر کرنا یہ کہ عورت ناشکری اور قصور "حاشیہ صفحہ ہذا آئندہ صفحہ پر دیکھیں"

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَلِ الْحَدِيقَةَ وَطَلِّقْهَا تَطْلِيقَةً۔

٣٤٩٧- اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى قَالَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ اَبِي حَفْصَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِي لَا تَمْنَعُ يَدَ لَامِسٍ فَقَالَ غَرِّبْهَا اِنْ شِئْتَ قَالَ اِنِّي اَخَافُ اَنْ تَتْبَعَهَا نَفْسِي قَالَ اسْتَمْتِعْ بِهَا۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی حضور صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا میری عورت ایسی ہے جو ہاتھ لگائے اس کے ہاتھ کو روکتی نہیں، آپ نے فرمایا تو اس کو دور کر دے یعنی اس کو طلاق دیدے مرد نے کہا میں ڈرتا ہوں کہ میری جان اس کے پیچھے نہ جائے یعنی اس کی طرف میرا دل لگا رہے گا بسبب بے صبری کے کہیں گناہ میں جا پڑوں گا آپؐ نے فرمایا ایسا نہیں ہو سکتا تو تو اس کو اپنے برتاوے میں رکھ لے۔ ف۱۔

٣٤٩٨- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَنْبَاَنَا هَارُوْنُ بْنُ رِئَابٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ اِنَّ تَحْتِي امْرَاَةً لَا تَرُدُّ يَدَ لَامِسٍ قَالَ طَلِّقْهَا قَالَ اِنِّي لَا اَصْبِرُ عَنْهَا قَالَ فَاَمْسِكْهَا قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هٰذَا خَطَاٌ وَالصَّوَابُ مُرْسَلٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کسی آدمی نے کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم میرے نکاح میں ایک عورت ہے نہیں جھٹکتی کسی کے ہاتھوں کو جب کوئی اس کو ہاتھ لگاتا ہے آپ نے فرمایا اس کو طلاق دیدے اس نے کہا میں اس کے سوا صبر نہیں کر سکتا، آپ نے فرمایا، روک اس کو۔ ف۲

## بَابُ ٤٣٣ بَدْءِ اللِّعَانِ

## لعان کے شروع ہونیکا بیان

٣٤٩٩- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي سَلَمَةَ وَاِبْرَاهِيمُ

حضرت عاصم بن عدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عویمر بنی عجلان میں سے (نام ہے قبیلے کا) کہنے لگا اے

کسے مرد کی فرمانبرداری میں۔ ثابت بن قیس بدصورت تھے اس کا جی ان سے نفرت کرتا تھا، ایماندار بیوی سمجھی کہ اس نفرت میں مرد کی نافرمانی ہو جائے گی اور مرد کی نافرمانی کرنا خدا کو ناراض کرنا ہے اور خدا کی ناراضگی لینے والے کا کہاں ٹھکانا۔" حاشیہ صفحہ سابقہ

ف۱: ہاتھ لگانے والے کے ہاتھ کو منع نہیں کرتی۔ اس بات کے کہنے سے مرد کی غرض یہ ہے کہ عورت بے احتیاط اور بے پروا ہے، زنا کی طرف اشارہ نہیں، اگر زنا کار ہوتی تو آپ لعان کا حکم کرتے بروقت انکار کرنے کے۔ اور بعضوں کے نزدیک فاسقہ عورت کو طلاق دے دینا واجب نہیں ہے ایسے آدمی کو جو صبر نہ کر سکے اس عورت کے بغیر، اور یہ آدمی جس نے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس شکایت کی بڑا بے صبر تھا، اسی واسطے آپ نے فرمایا تو اپنے کام میں لا اس کو۔

ف۲: روک اس کو یعنی حفاظت اور نگہبانی کر اس کی اور منع کر اور کہہ اس کو اس طرح سے کہ ایسا نہ کیا کرے، اور ابو عبد الرحمن فرماتے ہیں یہ حدیث مرسل ہے متصل ہونا اس کا خطا ہے اور غلط۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اِبْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَاصِمِ ابْنِ عَدِيٍّ قَالَ جَاءَنِيْ عُوَيْمِرٌ رَجُلٌ مِّنْ بَنِي الْعَجْلَانِ فَقَالَ اَيْ عَاصِمُ اَرَاَيْتُمْ رَجُلًا رَاٰى مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا اَيَقْتُلُهٗ فَتَقْتُلُوْنَهٗ اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ يَا عَاصِمُ سَلْ لِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَ عَاصِمٌ عَنْ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَابَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَكَرِهَهَا فَجَاءَهٗ عُوَيْمِرٌ فَقَالَ مَا صَنَعْتَ يَا عَاصِمُ فَقَالَ صَنَعْتُ اَنَّكَ لَمْ تَاْتِنِيْ بِخَيْرٍ كَرِهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسَائِلَ وَعَابَهَا قَالَ عُوَيْمِرٌ وَاللّٰهِ لَاَسْاَلَنَّ عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ فَاْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ بِهَا فَتَلَاعَنَا فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ لَئِنْ اَمْسَكْتُهَا لَقَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهَا فَفَارَقَهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهَا فَصَارَتْ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ۔

عاصم کیا کہتے ہو تم اس معاملہ میں دیکھا ایک آدمی نے اپنی بیوی کے ساتھ غیر آدمی کو، اگر مار ڈالے اس عورت کا خاوند اس کے یار کو کیا تم بھی مار ڈالو گے اس کے خاوند کو یا کیا کرو گے؟ اے عاصم تم پوچھو میرے لیے یہ مسئلہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ عاصم نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو عیب رکھا اور بُرا مانا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اس مسئلہ کے پوچھنے پر۔ پھر عویمر آئے اور کہنے لگے اے عاصم تو نے کیا کیا وہ بولے میں کیا کروں تیری بات ہی خراب ہے بُرا مانا اس کے پوچھنے سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور عیب رکھا مجھ پر۔ عویمر کہنے لگے خدا کی قسم میں پوچھوں گا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ اور گئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا آپؐ سے آپؐ نے فرمایا اللہ نے اُتارا ہے حکم تیرا اور تیری بیوی کا بُلا کر لا اُس کو سہیل کہتے ہیں ہم لوگ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے۔ جب عویمر اس عورت کو لائے اور لعان کیا دونوں نے آپس میں اور کہنے لگے عویمر قسم کھا کر یا رسول اللہ، اگر اب رکھوں گا میں اس کو تو میں تہمت لگانے والا ٹھیروں گا، یہ کہہ کر طلاق دیدی اور جدا کر دیا اس کو اپنے قبضے سے۔ ابھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے حکم بھی نہیں دیا تھا۔ ان کو عورت کے جدا کر دینے کا۔ راوی کہتا ہے پھر یہی عادت اور طریقہ ٹھہر گیا لعان والوں کے واسطے یعنی بعد لعان کے بیوی اور شوہر جدا ہو جائیں۔ ف۱

---

ف۱ : عورت مرد میں لعان اس طور پر ہوتا ہے کہ مرد عورت پر زنا کی تہمت لگائے اور شاہد نہ ہوں، اور خدا سے ڈر کر قائل بھی اپنے قصور کا کوئی نہ ہوتا آخر کو قاضی کے حکم سے چار بار پہلے مرد گواہی دے اللہ کا نام لے کر اپنی صداقت پر، پانچویں بار اپنے اوپر لعنت کرے بشرطیکہ کذب یعنی جھوٹ ہونے کی صورت میں۔ اور اسی طور پر عورت بھی اللہ کا نام لے کر چار بار گواہی دے مرد کے کذب پر، اور پانچویں بار کہے غضب پڑے خدا کا اس عورت پر بشرطیکہ صداقت مرد کے یعنی اگر مرد اس بات میں سچا ہو تو عورت پر غضب پڑے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۳۵ اللِّعَانِ بِالْحَبَلِ

۳۵۰۰ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ عُقْبَةَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَاعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْعَجْلَانِيِّ وَامْرَاَتِهِ وَكَانَتْ حُبْلٰى۔

## لعان کرنا حمل کے وقت میں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے لعان کرایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان عجلانی اور اس کی جورو کے اور تھی عویمر عجلانی کی بیوی حاملہ۔

---

## بَابُ ۱۳۶ اللِّعَانِ فِي قَذْفِ الرَّجُلِ زَوْجَتَهُ بِرَجُلٍ بِعَيْنِهِ

۳۵۰۱ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى قَالَ سُئِلَ هِشَامٌ عَنِ الرَّجُلِ يَقْذِفُ امْرَاَتَهُ فَحَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنْ ذٰلِكَ وَاَنَا اَرٰى اَنَّ عِنْدَهُ مِنْ ذٰلِكَ عِلْمًا فَقَالَ اِنَّ هِلَالَ بْنَ اُمَيَّةَ قَذَفَ امْرَاَتَهُ بِشَرِيْكِ بْنِ السَّحْمَاءِ وَكَانَ اَخُو الْبَرَاءِ ابْنَ مَالِكٍ لِاُمِّهِ وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ لَاعَنَ فَلَاعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا ثُمَّ قَالَ اَبْصِرُوْهُ فَاِنْ جَاءَتْ بِهِ اَبْيَضَ سَبِطًا قَضِيْءَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ ابْنِ اُمَيَّةَ وَاِنْ جَاءَتْ بِهِ اَكْحَلَ جَعْدًا اَحْمَشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيْكِ بْنِ السَّحْمَاءِ قَالَ فَاُنْبِئْتُ

## باب بیان میں لعان کے جس میں نام لے کر جھنالہ ثابت کرے مرد اپنی عورت کے لیے یعنی نام لے اس مرد کا جس کے ساتھ عورت نے بدکاری کی ہے

حضرت عبدالاعلیٰ سے روایت ہے پوچھا کسی نے ہشام سے مسئلہ ایسے آدمی کے لیے جس نے بدکاری اور زنا کی تہمت لگائی اپنی بیوی کو تو بیان کیا ہشام نے اس طرح پر کہ پوچھا محمد نے انس بن مالک سے، کیونکہ سب لوگ سمجھتے تھے اس مسئلہ کا علم ان کو ہے پھر بیان کیا انس رضی اللہ عنہ نے ہلال بن امیہ نے قذف کیا یعنی زانیہ ٹھہرایا اپنی بیوی کو اور جس سے زنا کرتی تھی اس کا نام شریک بن سحماء بتایا اور یہ شریک بن سحماء بھائی تھا براء بن مالک کا ماں کی طرف سے انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پہلے لعان کیا اس نے یعنی اس سے پہلے کسی نے لعان نہیں کیا تھا تو لعان کا طریقہ اور مسئلہ اس کے لعان کرنے سے معلوم ہوا، پھر لعان کا حکم کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے درمیان ان دونوں کے اور فرمایا دیکھتے رہو اس کو اگر اس نے بچہ سفید رنگ لٹکے ہوئے بال، تھڑی العینین یعنی بگڑی آنکھوں والا جنا تو وہ ہلال بن امیہ کا ہے اور اگر پتلی پنڈلیاں سرمئی آنکھیں اور گھونگھر والے بال ہوں گے تو شریک بن سحماء کا ہے۔ انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مجھ کو خبر پہنچی اس نے جنا بچہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنَّهَا جَاءَتْ بِهِ أَكْحَلَ جَعْدًا أَحْمَشَ السَّاقَيْنِ۔

سرمئی آنکھوں والا اور گھونگھر والے بال اور پتلی پنڈلیوں والا۔ ف۔

## بَابُ ۱۴۲ كَيْفَ اللِّعَانُ

## لعان کس طرح کرتے ہیں

۳۵۰۲- أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ حُسَيْنٍ الْأَزْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِنَّ أَوَّلَ لِعَانٍ كَانَ فِي الْإِسْلَامِ أَنَّ هِلَالَ بْنَ أُمَيَّةَ قَذَفَ ابْنَ السَّحْمَاءِ بِامْرَأَتِهِ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِذَلِكَ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعَةَ شُهَدَاءَ وَإِلَّا فَحَدٌّ فِي ظَهْرِكَ يُرَدِّدُ ذَلِكَ عَلَيْهِ مِرَارًا فَقَالَ لَهُ هِلَالٌ وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَعْلَمُ أَنِّي صَادِقٌ وَلَيُنْزِلَنَّ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكَ مَا يُبَرِّئُ ظَهْرِي مِنَ الْجَلْدِ فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ آيَةُ اللِّعَانِ وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ فَدَعَا هِلَالًا فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ ثُمَّ دُعِيَتِ الْمَرْأَةُ فَشَهِدَتْ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ فَلَمَّا أَنْ كَانَ فِي الرَّابِعَةِ أَوِ الْخَامِسَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سب سے پہلے لعان کی رسم اسلام میں ہلال بن امیّہ کی طرف سے جاری ہوئی کیونکہ انھوں نے اپنی بیوی کو شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی اور نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کو اس بات کی خبر کی آپ نے اس سے فرمایا چار گواہ لا، ورنہ تجھ پر حد آئے گی اور تیری پیٹھ پر پڑے گی آپ نے کئی بار اس سے یہ فرمایا۔ ہلال نے قسم کھا کر کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اللہ جانتا ہے میں سچا ہوں اور اللہ عزت و بزرگی والا تم پر حکم اتارے گا جس کے سبب سے میری پیٹھ کچیوں سے بچائی جاوے گی۔ پھر یہ بات اسی طرح رہی، یکایک یہ لعان کی آیت اتری: وَالَّذِينَ يَرْمُونَ أَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُمْ شُهَدَاءُ إِلَّا أَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ أَحَدِهِمْ أَرْبَعُ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ وَالْخَامِسَةُ أَنَّ لَعْنَتَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ أَنْ تَشْهَدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللَّهِ إِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ وَالْخَامِسَةَ أَنَّ غَضَبَ اللَّهِ عَلَيْهِ إِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ ------ : یعنی جو لوگ عیب لگائیں اپنی بیبیوں کو اور ان کے پاس گواہ نہ ہوں سوائے اپنی جان کے تو ایسے شخص کو یوں گواہی دینا چاہیے چار گواہیاں اللہ کا نام لے کر اور کہے مقرر یہ شخص سچا ہے، اور پانچویں بار کہے اللہ کی پھٹکار ہو اس شخص پر

ف: اس حدیث اور اوپر والی حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ حاملہ عورت سے حمل کے زمانے میں لعان کرنا منع نہیں بچہ پیدا ہونے تک انتظار کرنا کچھ ضرور نہیں اس حدیث اور اوپر کی حدیث کو مصنفؒ نے اسی واسطے بیان کیا ہے کہ اس مسئلے میں علماء کا اختلاف ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقِّفُوهَا فَإِنَّهَا مُوجِبَةٌ فَتَلَكَّأَتْ حَتَّى مَا شَكَكْنَا أَنَّهَا سَتَعْتَرِفُ ثُمَّ قَالَتْ لَا أَفْضَحُ قَوْمِي سَائِرَ الْيَوْمِ فَمَضَتْ عَلَى الْيَمِينِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْظُرُوهَا فَإِنْ جَاءَتْ بِهِ أَبْيَضَ سَبِطًا قَضِيءَ الْعَيْنَيْنِ فَهُوَ لِهِلَالِ بْنِ أُمَيَّةَ وَإِنْ جَاءَتْ بِهِ آدَمَ جَعْدًا رَبْعًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَهُوَ لِشَرِيكِ ابْنِ السَّحْمَاءِ فَجَاءَتْ بِهِ آدَمَ جَعْدًا رَبْعًا حَمْشَ السَّاقَيْنِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا مَا سَبَقَ فِيهَا مِنْ كِتَابِ اللَّهِ لَكَانَ لِي وَلَهَا شَأْنٌ قَالَ الشَّيْخُ وَالْقَضِيءُ طَوِيلُ شَعْرِ الْعَيْنَيْنِ لَيْسَ بِمَفْتُوحِ الْعَيْنِ وَلَا جَاحِظِهِمَا وَاللَّهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ۔

اگر وہ جھوٹا ہو اور عورت سے ٹلتی ہے ماریں کہ گواہی دے چار گواہی اللہ کے نام کی مقرر وہ شخص جھوٹا ہے اور پانچویں بار یہ کہے کہ اللہ کا غضب ہو اس عورت پر اگر وہ سچا ہے راوی فرماتے ہیں پھر بلایا ہلال کو اس نے گواہیاں دیں چار گواہیاں اللہ کے نام کے ساتھ وہ شخص یعنی ہلال سچا ہے اس بات میں اور پانچویں بار کہا اللہ کی پھٹکار ہو اس شخص پر اگر وہ جھوٹا ہے پھر بلائی گئی عورت اس نے بھی چار گواہیاں دیں اللہ کے نام کے ساتھ۔ راوی فرماتے ہیں جب ہوئی گواہی چوتھی یا پانچویں بار تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ٹھیراؤ اس عورت کو کیونکہ یہ گواہی خرابی کا سبب ہوگی اس کے حق میں یعنی اللہ کا غضب خالی نہ جائیگا حدیث کے راوی بیان کرتے ہیں توقف کیا اس عورت نے ہم کو شک ہوا کہ کچھ سمجھی آپ کے فرمانے کو اور اب وہ اقرار کرے گی۔ آخر یہ کہا نہیں فضیحت کرتی میں اپنی قوم کو ہمیشہ کے لیے یہ کہہ کر قسم پوری کر لی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھتے رہو اس عورت کو اگر پیدا ہوا اسکو بچہ سفید رنگ چھٹے ہوئے بال قضیُ العینین یعنی بگڑی ہوئی آنکھ والا تو وہ ہلال بن امیہ کا ہے۔ اور اگر اس نے بچہ جنا گندم گوں یعنی کھلے رنگ کا پیچیدہ بالوں والا، میانہ قد کا اور پتلی پنڈلیوں والا تو وہ بچہ شریک بن سحماء کا ہے۔ راوی بیان کرتا ہے جنا اس نے بچہ گندم رنگ گھونگر یالے بال والا، میانہ قد، پتلی پنڈلیوں والا اس کے جنتے کے بعد آپ نے فرمایا اگر نہ ہوتا وہ حکم جو اللہ کی کتاب میں ہے تو دیکھتے تم مجھ کو کہ کیا حال کرتا میں اس عورت کا۔

ف امام نسائی نے کہا قضیُ العین یہ کہ آنکھوں کے بال لمبے ہوں اور آنکھیں کھلی اور بڑی نہ ہوں جب لڑکا شریک کی صورت کا ہوا تو عورت پر گمان غالب ہوا زنا کا پر حکم شرع ظاہر ہے اس لیے سزا نہیں ہو سکتی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## ١٧٣٨- بَابُ قَوْلِ الْإِمَامِ اللَّهُمَّ بَيِّنْ

٣٥٠٣- أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ أَنْبَأَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ ذُكِرَ التَّلَاعُنُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِي ذَلِكَ قَوْلًا ثُمَّ انْصَرَفَ فَأَتَاهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ يَشْكُو إِلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلًا قَالَ عَاصِمٌ مَا ابْتُلِيتُ بِهَذَا إِلَّا بِقَوْلِي فَذَهَبَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ وَكَانَ ذَلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا قَلِيلَ اللَّحْمِ سَبِطَ الشَّعْرِ وَكَانَ الَّذِي ادَّعَى عَلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَ أَهْلِهِ آدَمَ خَدْلًا كَثِيرَ اللَّحْمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ بَيِّنْ فَوَضَعَتْ شَبِيهًا بِالرَّجُلِ الَّذِي ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَهَا فَلَاعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ رَجُلٌ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ أَهِيَ الَّتِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُ هَذِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ فِي الْإِسْلَامِ الشَّرَّ۔

## امام کے اَللّٰھُمَّ بَیِّنْ کہنے کا بیان

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے ذکر ہوا لعان کا نزدیک نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عاصم بن عدی نے ایک بات کہی اس ذکر میں یعنی کچھ حال بیان اور پھر گئے پھر ان کے پاس ان کی قوم کا ایک آدمی اس بات کی شکایت کرتا ہوا آیا کہ پایا اس آدمی نے اپنی بیوی کے ساتھ کسی آدمی کو۔ عاصم یہ بات سن کر کہنے لگے اس بلا میں پڑا میں اپنی بات کے سبب سے پھر لے گئے اس کو عاصم بن عدی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ ماجرا جو گزرا تھا اس کی عورت کے ساتھ اور جورو والے مرد کا حلیہ اس طرح کا تھا زرد رنگ، چھریرا بدن، سیدھے بال اور جس پر دعویٰ کیا تھا اس کا حلیہ ایسا تھا موٹی موٹی پنڈلیاں اور بدن گوشت بھرا ہوا خوب تیار۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا **اَللّٰھُمَّ بَیِّنْ** یعنی اے اللہ تو ظاہر کر دے اس بات کو راوی۔ بیان کرتا ہے جب اس عورت سے بچہ پیدا ہوا تو اُسی آدمی کی شکل پر پیدا ہوا جس کا نام لیا تھا اس عورت کے شوہر نے پھر حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو لعان کرنے کا۔

---

ف اور جس مجلس میں ابن عباس نے یہ حدیث بیان کی اس مجلس میں کسی آدمی نے کہا کیا یہ وہی عورت تھی جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا اگر میں رجم کرتا کسی کو بغیر گواہی کے تو رجم کرتا میں اس عورت کو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا نہیں یہ عورت تو وہ تھی جو اسلام میں بدنام تھی (یعنی بدکاری سے مگر گواہی یا اقرار سے اس پر ثبوت نہ تھا)

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۰۴- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ يَحْيَى قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ الْقَاسِمِ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ قَالَ ذُكِرَ التَّلاَعُنُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَاصِمُ بْنُ عَدِيٍّ فِي ذَلِكَ قَوْلاً ثُمَّ انْصَرَفَ فَلَقِيَهُ رَجُلٌ مِنْ قَوْمِهِ فَذَكَرَ أَنَّهُ وَجَدَ مَعَ امْرَأَتِهِ رَجُلاً فَذَهَبَ بِهِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي وَجَدَ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ وَكَانَ ذَلِكَ الرَّجُلُ مُصْفَرًّا قَلِيلَ اللَّحْمِ سَبِطَ الشَّعْرِ وَكَانَ الَّذِي ادَّعَى عَلَيْهِ أَنَّهُ وَجَدَ عِنْدَ أَهْلِهِ آدَمَ خَدْلاً كَثِيرَ اللَّحْمِ جَعْدًا قَطَطًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ بَيِّنْ فَوَضَعَتْ شَبِيهًا بِالَّذِي ذَكَرَ زَوْجُهَا أَنَّهُ وَجَدَهُ عِنْدَهَا فَلاَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ رَجُلٌ لاِبْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمَجْلِسِ أَهِيَ الَّتِي قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ رَجَمْتُ أَحَدًا بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ رَجَمْتُ هَذِهِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لاَ تِلْكَ امْرَأَةٌ كَانَتْ تُظْهِرُ الشَّرَّ فِي الإِسْلاَمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے ذکر کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک لعان کرنے کا تو عاصم بن عدی اس ذکر میں کچھ بولے اور لوٹ گئے پھر ملا ان کو ان کی قوم کا ایک آدمی اور ذکر کیا اس نے کہ اس آدمی نے اپنی عورت کے ساتھ کسی غیر مرد کو دیکھا ہے یہ بات سن کر عاصم بن عدی اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے اور بیان کیا وہ حال جو گزرا تھا اس کی عورت کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے راوی بیان کرتا ہے تھا وہ مرد یعنی جو زردوالا زرد رنگ کا اور دُبلا اور سیدھے بالوں والا اور جس پر اس نے دعویٰ کیا تھا گھنواں رنگ کا اور پنڈلیاں گوشت بھری اور فربہ آدمی تھا اور تھے بال اس کے چھوٹے چھوٹے گھنگرو والے چھلّے دار۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اَللّٰھُمَّ بَیِّنْ یعنی اے اللہ تو بیان کر اس حال کو راوہی بیان کرتا ہے جنا اس عورت نے بچہ اس مرد کی شکل کا جس کا ذکر کیا تھا اس عورت کے خاوند نے پھر لعان کرایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان ان دونوں کے۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے جس مجلس میں یہ بات بیان کی اس مجلس میں سے ایک آدمی نے پوچھا کیا یہ وہی عورت تھی جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تھا اگر رجم کرتا میں کسی کو بغیر گواہوں کے تو رجم کرتا میں اس عورت کو ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا نہیں وہ عورت اور تھی جو شر پھیلاتی تھی ف

* * *

## ۱۴۳۹- بَابُ الأَمْرِ بِوَضْعِ الْيَدِ عَلَى فِي الْمُتَلاَعِنَيْنِ عِنْدَ الْخَامِسَةِ

## باب حکم کرنے کا اس بات کے لیے کہ رکھا جاوے ہاتھ منھ پر لعان کرنے والے کے پانچویں بار

۳۵۰۵- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے۔

ف یعنی لوگ مسلمان ہوکر برے کام کرتے تھے۔ اور مسلمان کو بدنام کرتے تھے پر اس پر ثبوت نہ تھا گواہوں سے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ رَجُلًا حِينَ أَمَرَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ أَنْ يَتَلَاعَنَا أَنْ يَضَعَ يَدَهُ عِنْدَ الْخَامِسَةِ عَلَى فِيهِ وَقَالَ إِنَّهَا مُوجِبَةٌ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حکم کیا دو آدمیوں کو لعان کرنے کا اس وقت ایک شخص کو فرمایا لعان کرنے والا جس وقت پانچویں گواہی کو کہنے لگے اس وقت اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دینا کیونکہ پانچویں بار کی گواہی ثابت کر دیتی ہے خدا کے عذاب کو۔ ف

## بَابُ ۱۴۰ عِظَةِ الْإِمَامِ الرَّجُلَ وَالْمَرْأَةَ عِنْدَ اللِّعَانِ

## باب اس بات کے بیان میں کہ مرد اور عورت کو امام لعان کرنے کے وقت نصیحت کرے

۳۵۰۶- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِي إِمَارَةِ ابْنِ الزُّبَيْرِ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَمَا دَرَيْتُ مَا أَقُولُ فَقُمْتُ مِنْ مَقَامِي إِلَى مَنْزِلِ ابْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ أَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا قَالَ نَعَمْ سُبْحَانَ اللّٰهِ إِنَّ أَوَّلَ مَنْ سَأَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ وَلَمْ يَقُلْ عَمْرٌو أَرَأَيْتَ الرَّجُلَ مِنَّا يَرَى عَلَى امْرَأَتِهِ فَاحِشَةً إِنْ تَكَلَّمَ فَأَمْرٌ عَظِيمٌ وَقَالَ عَمْرٌو أَتَى أَمْرًا عَظِيمًا وَإِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلَى مِثْلِ ذٰلِكَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ أَتَاهُ فَقَالَ إِنَّ

حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پوچھا مجھ سے کسی نے مسئلہ لعان کرنے والوں کا کیا ان دونوں میں جدائی اور تفریق کی جاتی ہے بعد لعان کے یا نہیں سعید بن جبیرؓ فرماتے ہیں میری سمجھ میں کچھ نہ آیا جو میں جواب دیتا آخر میں اٹھا اپنی جگہ سے اور گیا ابن عمر کے گھر اور کہا میں نے اے عبدالرحمٰن کے باپ کیا تفریق کی جاتی ہے لعان کرنے والوں کے درمیان یعنی لعان کرنے کے بعد عورت کو مرد سے جدا کر دینا چاہیے یا نہیں ابن عمرؓ نے جواب دیا ہاں تفریق کرائی جاتی ہے ان دونوں میں اور جواب دے کر کہا سبحان اللہ یہ مسئلہ سب سے اوّل فلانے شخص کے بیٹے نے پوچھا تھا ابن عمرؓ نے اس کا نام نہ لیا اور وہ شخص عویمر عجلانی تھے ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا یا رسول اللہ فرمائیے اگر دیکھے ہم میں سے کوئی آدمی کسی شخص کو اپنی جورو

ف اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حاکم کو سعی اور کوشش کرنا چاہیے اس امر میں کہ حلف یعنی قسم کھانے سے ان کو منع کرے خصوصاً پانچویں قسم میں کیونکہ اس کے سبب دنیا اور آخرت کی خرابی ہے۔ دنیا کی تو ظاہر ہے کہ گھر برباد ہوتا ہے اور آبرو نہیں رہتی اور عورت کے منہ پر ہاتھ رکھنا اس حدیث میں صاف نہیں معلوم ہوتا ہے اگرچہ ضمناً نکلتا ہے اور حلف کیسے کرانا چاہیے وہ بعضی روایتوں میں اس طرح پر ثابت ہوتا ہے۔ میں قسم کھاتا ہوں اللہ کی جس کے سوائے کوئی سچا معبود نہیں بیشک میں سچا ہوں۔ اور اسی طرح عورت بھی کہے لیکن پانچویں بار مرد اپنے اوپر لعنت کرے۔ اور عورت جھوٹ کہنے کی صورت میں اپنے اوپر خدا کا غضب لے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْاَمْرَ الَّذِیْ سَاَلْتُكَ ابْتُلِیْتُ بِهٖ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ هٰؤُلَاءِ الْاٰیَاتِ فِیْ سُوْرَةِ النُّوْرِ وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ حَتّٰی بَلَغَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ——— فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ فَوَعَظَهٗ وَذَكَّرَهٗ وَاَخْبَرَهٗ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْیَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا كَذَبْتُ ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا فَقَالَتْ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنَّهٗ لَكَاذِبٌ فَبَدَاَ بِالرَّجُلِ فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَیْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ ثُمَّ ثَنّٰی بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِیْنَ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ فَفَرَّقَ بَیْنَهُمَا۔

کے ساتھ بدکام کرتے ہوئے اگر جو رو والا کچھ بولے تو بڑی آفت کی بات ہے اور اگر چپکا رہے تو ایسی بدبات پر چپکا رہا آپ نے اس کو جواب نہ دیا شاید آپ نے جواب اس واسطے نہ دیا ہو کہ پہلے سے مسئلہ پوچھتا ہے بلا ضرورت پھر دوبارہ آیا وہ شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا جو بات میں نے آپ سے دریافت کی تھی اس بلا میں خود ہی مبتلا ہوا ہوں پھر اتاریں اللہ عزت اور بزرگی والے نے یہ آیتیں سورت نور کی یعنی وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ سے لے کر اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ تک راوی بیان کرتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے نصیحت فرمانے لگے اس مرد کو فرمایا کہ عذاب اور تکلیف دنیا کی بہت آسان اور کم ہے بہ نسبت آخرت کے وہ آدمی آپ کی نصیحت کو سن کر کہنے لگا قسم ہے اس کی جس نے تم کو حق بات دے کر بھیجا میں یہ بات جھوٹ نہیں کہتا پھر عورت کو فرمایا اور نصیحت کی اور یاد دلائیں اس کو باتیں خوف کی وہ عورت بھی یوں کہنے لگی قسم ہے اس کی جس نے آپ کو دین دے کر بھیجا یہ مرد جھوٹا ہے اس نصیحت کے بعد مرد نے گواہی دینی شروع کی اور دیں اس نے چار گواہیں اللہ کے نام کے ساتھ اور پانچویں بار میں کہا اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَیْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِیْنَ یعنی اللہ کی پھٹکار اس مرد پر اگر اس نے جھوٹ کہی ہو یہ بات پھر عورت نے بھی چار گواہیں دیں اللہ کے نام کے ساتھ اور پانچویں بار میں کہا۔ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَیْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ یعنی خدا کا غضب اترے اس عورت پر اگر مرد سچا ہو پھر جدائی کرادی درمیان ان دونوں کے ف۱

ف۱ . اس حدیث سے یہ بات ثابت ہوئی کہ امام کو جائز ہے کہ لعان کرنے والوں کو نصیحت کرے اور ڈراوے ان کو عذاب الٰہی سے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۷۴۱ التَّفْرِيقِ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

۳۵۰۷- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ لَمْ يُفَرِّقِ الْمُصْعَبُ بَيْنَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ قَالَ سَعِيدٌ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِابْنِ عُمَرَ فَقَالَ فَرَّقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلَانِ۔

## لعان کرنیوالوں کے درمیان تفریق اور جدائی کرنے کا بیان

حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے مصعب نے لعان والوں کے درمیان جدائی نہ کرائی یعنی لعان کرنے کے بعد مرد اور عورت دونوں ایک ساتھ رہنے دے ان میں جدائی نہ کرائے تو سعید بن جبیر نے ابن عمرؓ کے رو برو یہ ذکر کیا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عجلان کے بھائی بہن میں تفریق کرائی تھی یعنی تفریق کرانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا ہے

## باب ۱۷۴۲ اسْتِتَابَةِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ بَعْدَ اللِّعَانِ

۳۵۰۸- أَخْبَرَنَا زِيَادُ بْنُ أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَجُلٌ قَذَفَ امْرَأَتَهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَخَوَيْ بَنِي الْعَجْلَانِ وَقَالَ اللَّهُ يَعْلَمُ أَنَّ أَحَدَكُمَا كَاذِبٌ فَهَلْ مِنْكُمَا تَائِبٌ قَالَ لَهُمَا ثَلَاثًا فَأَبَيَا فَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا قَالَ أَيُّوبُ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ إِنَّ فِي هَذَا الْحَدِيثِ شَيْئًا لَا أَرَاكَ تُحَدِّثُ بِهِ قَالَ قَالَ الرَّجُلُ مَالِي قَالَ لَا مَالَ لَكَ إِنْ كُنْتَ صَادِقًا فَقَدْ دَخَلْتَ بِهَا وَإِنْ كُنْتَ كَاذِبًا فَهِيَ أَبْعَدُ مِنْكَ۔

## توبہ لینا لعان کرنے والوں سے بعد لعان کرنے کے

حضرت سعید بن جبیر سے روایت ہے میں نے کہا ابن عمرؓ سے کسی آدمی نے زنا کار رکھا اپنی جو رو کو ابن عمرؓ نے اس کے جواب میں کہا جدائی کرائی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان بھائی اور بہن بنی عجلان کے اور کہا خدا اللہ جانتا ہے کوئی ایک تم میں سے جھوٹا ہے اگر تم میں سے کوئی توبہ کرتا ہے تو اچھا ہے تین بار فرمایا مگر دونوں نے انکار کیا تو جدائی کر دی ان دونوں میں اور کہا پوچھا اس لعان کرنے والے مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کہا میرا مال ہے اس عورت کے نزدیک وہ بھی مجھ کو ملے گا یا نہیں آپ نے فرمایا اگر تو سچا ہے تو تو اپنے کام میں لا چکا ہے اس عورت کو وہ مال اس کے بدلے میں گیا اور اگر تو جھوٹا ہے پھر وہ مال لینا اور واپس کرنا بعید ہے تجھ سے یعنی اپنے کام میں لایا اس کو تہمت لگائی پھر مال کی طمع کرتا ہے - ف۱

---

ف۱ اس حدیث سے یہ معلوم ہوا کہ لعان کے بعد اور تفریق سے پہلے توبہ کرانا جائز ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۴۳ اِجْتِمَاعِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

## لعان کرنے والوں کا ملاپ ؟

۳۵۰۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُتَلَاعِنَيْنِ حِسَابُكُمَا عَلَى اللّٰهِ اَحَدُكُمَا كَاذِبٌ وَلَا سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَالِيْ قَالَ لَا مَالَ لَكَ اِنْ كُنْتَ صَدَقْتَ عَلَيْهَا فَهُوَ بِمَا اسْتَحْلَلْتَ مِنْ فَرْجِهَا وَاِنْ كُنْتَ كَذَبْتَ عَلَيْهَا فَذَاكَ اَبْعَدُ لَكَ ۔

حضرت سعید بن جبیر سے روایت پوچھا میں نے ابن عمر رضی اللہ عنہما سے لعان کرنے والوں کا مسئلہ ابن عمرؓ نے جواب دیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت اور مرد لعان کرنے والوں کو حساب تمہارا خدا کے اوپر ہے یعنی وہ تم کو سمجھے گا کوئی ایک تو تم میں سے جھوٹا ہے دونوں تو سچے نہیں ہو سکتے اور فرمایا مرد کو نہیں راہ تجھ کو اس کی طرف کسی بات میں یعنی تیرا اس پر کچھ نہیں چلتا اس مرد نے عرض کیا یا رسول اللہ میرا مال ہے اس پر آپ نے کہا تیرا کچھ نہیں اس کے نزدیک یعنی تو اس سے کسی چیز کے لینے کا مستحق نہیں کیونکہ اگر تو سچا ہے تو شرم کی چیز حلال ہوئی تیرے لیے وہ مال اس کے بدلے میں گیا اور اگر جھوٹا ہے تو مال طلب کرنا تجھ کو لائق نہیں اور بعید ہے تیری شان سے ف

## بَابُ ۱۷۴۴ نَفْيِ الْوَلَدِ بِاللِّعَانِ وَاِلْحَاقِهِ بِاُمِّهٖ

## نفی اور انکار کرنا لڑکے کا بسبب لعان کے اور سپرد کر دینا لڑکے کو اس کی ماں کے پاس

۳۵۱۰- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَاعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ رَجُلٍ وَامْرَاَتِهٖ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمَا وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالْاُمِّ ۔

حضرت ابن عمر سے روایت ہے لعان کا حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت اور مرد میں اور جدائی ڈال دی درمیان ان دونوں کے یعنی توڑ ڈالا نکاح ان کا اور بھیج دیا بچے کو اس کی ماں کے ساتھ ۔ ف

## بَابُ ۱۷۴۵ اِذَا عَرَّضَ بِامْرَاَتِهٖ

## اگر اشارہ کرے مرد اپنی عورت کی بدکاری

---

ف باب کی مناسبت لَا سَبِيْلَ لَكَ عَلَيْهَا کے فرمانے سے ثابت ہوتی ہے ایک معنی تو یوں ہوتے کہ تیرا اس پر اب زور نہیں چل سکتا کیونکہ یہ تو قسم کھا کر سچی ہو گئی اس معنی کے اعتبار سے لعان کے کرنے سے تفریق ہو جانا یا تفریق کا واجب ہونا نہیں نکلتا ہاں اگر یوں کہیں تیری اس پر راہ نہیں رہی تیرے قبضے سے باہر ہو گئی اور تیرے اوپر حرام ہو گئی ہمیشہ کو تو البتہ باب کی مناسب نہیں پائی جاتی لیکن لفظ عام ہونے کے سبب سے یہ بات نکلتی تھی اس واسطے باب میں اس بات کا ذکر کیا گیا ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## وَسَكَتَ فِي وَلَدِهِ وَاَرَادَ الْاِنْتِفَاءَ مِنْهُ

۳۵۱۱- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ فَهَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ اِنَّ فِيْهَا لَوُرْقًا قَالَ فَاَنّٰى تَرٰى اَتٰى ذٰلِكَ قَالَ عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهٰذَا عَسٰى اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ۔

۳۵۱۲- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ بَنِيْ فَزَارَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَتِيْ وَلَدَتْ غُلَامًا اَسْوَدَ وَهُوَ يُرِيْدُ الْاِنْتِفَاءَ مِنْهُ فَقَالَ هَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ هَلْ فِيْهَا مِنْ اَوْرَقَ قَالَ فِيْهَا ذَوْدُ وُرْقٍ قَالَ فَمَا ذَاكَ تُرٰى قَالَ لَعَلَّهُ اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهَا عِرْقٌ قَالَ فَلَعَلَّ هٰذَا اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهُ عِرْقٌ قَالَ فَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُ فِي الْاِنْتِفَاءِ مِنْهُ۔

## کا اپنے لڑکے کے پیرایہ میں لیکن ظاہر میں لڑکے کا انکار نہ کرے اور دل میں مراد ہو انکار کرنا ایسے شخص کا کیا حکم ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی بنی فزارہ کے قبیلے کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا میری عورت نے جنا ایک کالے رنگ کا آپ نے پوچھا اس سے تیرے پاس اونٹ بھی ہیں اس نے کہا ہاں ہیں آپ نے فرمایا کس رنگ کے ہیں کہا لال رنگ ہیں آپ نے فرمایا ان میں خاکی بھی کوئی ہے اس نے کہا ہاں البتہ خاکی رنگ کے بھی ہیں پھر آپ نے فرمایا وہ خاکی رنگ کا تیرے نزدیک اور تیری سمجھ میں کہاں سے آیا اس نے کہا کسی رگ نے کھینچا ہوگا اس کو بھی پھر آپ نے فرمایا ایسا کسی رگ نے کھینچا ہوگا اس کو ف۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آیا ایک آدمی بنی فزارہ کے قبیلے میں کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا میری عورت نے ایک لڑکا جنا ہے اور وہ لڑکا کالے رنگ کا ہے آپ نے پوچھا اس فزاری سے تیرے یہاں اونٹ ہیں اس نے کہا ہیں آپ نے کہا کیا رنگ ہیں ان کے اس نے عرض کیا سرخ رنگ ہیں آپ نے فرمایا ان میں کوئی خاکی رنگ کا بھی ہوگا دیکھ اور غور کر کہاں سے آیا وہ رنگ اس میں اس نے عرض کیا کسی رگ نے کھینچا ہوگا اس کو آپ نے فرمایا شاید اس کو بھی یعنی تیرے لڑکے کو کسی رگ نے کھینچا ہو اپنی طرف راوی بیان کرتا ہے آپ نے لڑکے سے انکار کرنے کی رخصت نہ دی اس کو ف۔

ف مرد کا ارادہ یہ تھا میں تو گورا ہوں یہ کالا لڑکا پیدا ہوا اگر میرا ہوتا تو گورا ہوتا تو گویا اشارت کی کہ عورت نے بدکاری کی ہوگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جانور کی مثال دے کر سمجھا دیا اور آپ نے اس طرح پر بیان کرنے کو قذف نہ ٹھہرایا معلوم ہوا کہ قذف بے صاف صاف بیان کرنے کے ثابت نہیں ہوتی اور اس آدمی نے یہ بات جو کہی کہ کسی رگ نے کھینچا ہوگا یعنی کوئی اونٹ اس کی نسل میں کا جو اوپر کی طرف ہے خاکی رنگ کا ہوگا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۱۳ - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْحَيْوَةَ حِمْصِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ وُلِدَ لِيْ غُلَامٌ اَسْوَدُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنّٰى كَانَ ذٰلِكَ قَالَ مَا اَدْرِيْ قَالَ فَهَلْ لَكَ مِنْ اِبِلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا اَلْوَانُهَا قَالَ حُمْرٌ قَالَ فَهَلْ فِيْهَا جَمَلٌ اَوْرَقُ قَالَ فِيْهَا اِبِلٌ وُرْقٌ قَالَ فَاَنّٰى كَانَ ذٰلِكَ قَالَ مَا اَدْرِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ نَزَعَهٗ عِرْقٌ قَالَ وَهٰذَا لَعَلَّهٗ نَزَعَهٗ عِرْقٌ فَمِنْ اَجْلِهٖ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا لَا يَجُوْزُ لِرَجُلٍ اَنْ يَّنْتَفِيَ مِنْ وَلَدٍ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِهٖ اِلَّا اَنْ يَّزْعُمَ اَنَّهٗ رَاٰى فَاحِشَةً۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک روز ہم لوگ بیٹھے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو کھڑا ہوا ایک آدمی اور کہنے لگا یا رسول اللہ میرے یہاں ایک بچہ پیدا ہوا ہے حبشی غلام کی صورت کا ہے یعنی کالا رنگ ہے اس کا آپ نے فرمایا کہاں سے آیا یہ کالا رنگ اس کا اس نے کہا نہیں معلوم کہاں سے آیا آپ نے پوچھا تیرے پاس اونٹ بھی ہیں اس نے کہا ہیں کہا آپ نے کیا ہیں رنگ ان کے اس نے عرض کیا لال رنگ کے ہیں آپ نے فرمایا کوئی خاکی رنگ کا بھی ان میں ہے کہا اس نے خاکی رنگ کے بھی اونٹ ہیں اس میں آپ نے فرمایا وہ خاکی رنگ کہاں سے آیا ان میں کہا اس نے معلوم نہیں کہاں سے آیا لیکن کسی رگ نے کھینچا ہو گا اس کو راوی بیان کرتا ہے اسی واسطے حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نہیں جائز ہے مرد کو انکار کرنا لڑکے سے جو پیدا ہوا اس کی جورو سے مگر اس وقت کہ کہے میں نے دیکھا ہے اس کو اور میں جانتا ہوں کہ وہ فاحشہ ہے ف۲

## بَابُ ۱۷۴۶ التَّغْلِيْظِ فِي الْاِنْتِفَاءِ مِنَ الْوَلَدِ

## اولاد سے انکار کرنے والے پر تغلیظ اور سختی کرنے کا باب !

۳۵۱۴ - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ قَالَ شُعَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ حِيْنَ نَزَلَتْ اٰيَةُ الْمُلَاعَنَةِ اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَدْخَلَتْ عَلٰى قَوْمٍ رَجُلًا لَيْسَ مِنْهُمْ فَلَيْسَتْ مِنَ اللّٰهِ فِيْ شَيْءٍ وَلَا يُدْخِلُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اتری آیت لعان کی جو عورت ملا دے ایک قوم والی کو دوسرے قوم کے لوگوں میں اس عورت کے لیے اللہ کے نزدیک نہیں کچھ چیز اور نہ داخل کرے گا خدا تعالیٰ اس کو جنت میں اور جس مرد نے انکار کیا اپنی اولاد کا دیکھ بھال کر رسوا

---

ف۱ یعنی جس ارادے اور خیال سے اس نے یہ بات کہی تھی آپ نے اس کو رد کر دیا اور اس کے فہم کے مطابق اس کی تسلی بھی کر دی ۔

ف۲ یعنی تعریض کرنے اور اشارت سے قذف کا حکم ثابت نہیں ہوتا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللّٰهُ جَنَّتَهُ وَاَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهُ وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ احْتَجَبَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ مِنْهُ وَفَضَحَهُ عَلٰى رُءُوْسِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔

کرے گا اس کو اللہ سب لوگوں کے سامنے جب موجودہ ہوں گے پہلے زمانے پچھلے زمانے کے آدمی ف

## بَابُ ۱۴۷ اِلْحَاقِ الْوَلَدِ بِالْفِرَاشِ اِذَا لَمْ يَنْفِهِ صَاحِبُ الْفِرَاشِ

## جب کہ کسی عورت کا خاوند بچے کا انکار نہ کرے تو بچہ اسی کو دے دینا چاہیے

۳۵۱۵۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑکا فراش والے کا ہے اور زنا کرنے والے کو پتھر ف۲

۳۵۱۶۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدٍ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑکا فراش والے کا ہے اور زنا کرنے والے کو پتھر

۳۵۱۷۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فِيْ غُلَامٍ فَقَالَ سَعْدٌ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ اَخِيْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلَيَّ اَنَّهُ ابْنُهُ انْظُرْ اِلٰى شَبَهِهِ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ اَخِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِيْ مِنْ وَلِيْدَتِهِ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے جھگڑا کیا سعد بن ابی وقاص نے اور عبد بن زمعہ نے آپس میں ایک بچے کے لیے سعد نے کہا یا رسول اللہ یہ بچہ بیٹا ہے میرے بھائی عتبہ بن ابی وقاص کا میرے بھائی نے وصیت کی تھی مجھ کو اور کہا تھا زمعہ کی لونڈی کا لڑکا میرے نطفے سے ہے دیکھیے آپ شباہت اس کی ایک نسخے میں اتنا زیادہ ہے۔

قَالَ عَبْدُ ابْنُ زَمْعَةَ اَخِيْ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِيْ مِنْ وَلِيْدَتِهِ فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَهَهُ۔

---

ف۱ ایک قوم میں دوسرے کو ملانا یعنی زنا کرنا اور اپنے خصم کے نسب میں دوسرے کا نسب ملا دینا کیونکہ لڑکا یا لڑکی جس گھر کے پیدا ہوگا اسی کا کہلائے گا یہ شبیہ عورت کو فرمائی اور اسی طرح اگر مرد جان کر کسی غرض سے اپنی اولاد سے انکار کرے اس کے حق میں بھی سختی کی اور بڑی رسوائی کا وعدہ دیا۔

ف۲ یعنی لڑکے کا مالک وہی ہے جس کے نیچے اس لڑکے کی ماں ہے خواہ نکاح سے خواہ ملکیت سے اور اگر حرام کاری کا دعویٰ کرے کہ لڑکا میرے نطفے سے ہے تو اس کی قسمت میں پتھر ہے یعنی وہ مالک نہیں اور اگر حرام کاری کیا ہوا ہو تو اس کو سنگسار کرنا چاہیے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلٰى شَبَهِهٖ فَرَأٰى شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتَ زَمْعَةَ فَلَمْ يَرَ سَوْدَةَ قَطُّ۔

یعنی عبد بن زمعہ نے کہا یہ میرا بھائی ہے میرے باپ کی لونڈی سے پیدا ہوا پھر دیکھا آپ نے اس کی شباہت کو تو صاف معلوم ہوئی عتبہ کی صورت اس سے ملتی تھی آپ نے فرمایا اے عبد بن زمعہ وہ تیرا لڑکا ہے کیونکہ لڑکا فرش والے کا ہے اور زناکار کو پتھر ہے اور فرمایا آپ نے بیوی سودہ کو پردہ کر اس سے اے سودہ زمعہ کی بیٹی پھر نہیں دیکھا اس نے سودہ کو کبھی۔

٣٥١٨- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَانَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ الزُّبَيْرِ مَوْلًى لَهُمْ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ كَانَتْ لِزَمْعَةَ جَارِيَةٌ يَطَؤُهَا هُوَ وَكَانَ يَظُنُّ بِاٰخَرَ يَقَعُ عَلَيْهَا فَجَاءَتْ بِوَلَدٍ شِبْهِ الَّذِيْ كَانَ يَظُنُّ بِهٖ فَمَاتَ زَمْعَةُ وَهِيَ حُبْلٰى فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ سَوْدَةُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَاحْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ فَلَيْسَ لَكِ بِاَخٍ۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے زمعہ کی ایک لونڈی جس کے ساتھ ہم بستر ہوا کرتا تھا اور زمعہ کو یہ بھی ظن تھا کہ اس لونڈی کے ساتھ کسی دوسرے شخص نے زنا کیا ہے آخر اس کو لڑکا پیدا ہوا اسی شخص کی صورت پر جس کا اس کو ظن تھا اور زمعہ اس لڑکے کے پیدا ہونے سے پہلے مر گئی تھی یہ قصہ ذکر کیا بیوی سودہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو آپ نے فرمایا بچہ فرش والے کا ہے اور تو پردہ کر اس سے اے سودہ کیونکہ وہ تیرا بھائی نہیں ف

٣٥١٩- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَلَا اَحْسَبُ هٰذَا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ وَاللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ فرش والے کے تابع ہے اور حرام کار کو پتھر ہے اور عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ میرے گمان میں یہ عبداللہ بن مسعود نہیں ہیں۔

## بَابُ ۱۲۴۸ فِرَاشُ الْاَمَةِ

## لونڈی کے فراش ہونے کے بیان میں

٣٥٢٠- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جھگڑے سعد بن ابی وقاص اور عبداللہ بن زمعہ آپس میں سعد کہتے تھے میرے بھائی عتبہ نے وصیت کی تھی مجھ کو جب

---

ف زمعہ کے بیٹے نے اس لڑکے کو اپنا بھائی کہا اور اس واسطے وہ لڑکا زانی کے والی کو نہ دیا اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی کہ مالک اگر انکار نہ کرے اور یہ نہ کہے کہ بچہ میرا نہیں تو اس بچے کو اس کی ماں کے تابع کرتے ہیں یعنی جس کے ملک میں اس کی ماں ہے اس کی ملک میں بچہ بھی رہے گا۔ اگرچہ اسباب خارجیہ سے معلوم بھی ہوتا ہو کہ اس کا نطفہ نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فِي ابْنِ زَمْعَةَ قَالَ سَعْدٌ أَوْصَانِي أَخِي عُتْبَةُ إِذَا قَدِمْتَ مَكَّةَ فَانْظُرِ ابْنَ وَلِيدَةِ زَمْعَةَ فَهُوَ ابْنِي فَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ هُوَ ابْنُ أَمَةِ أَبِي وُلِدَ عَلَى فِرَاشِ أَبِي فَرَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَاحْتَجِبِي مِنْهُ يَا سَوْدَةُ ـ

آیا میں مکے میں لڑکا مجھ کو دیکھ زمعہ کی لونڈیکا کے بیٹے کو وہ میرا بیٹا بیٹا ہے اور عبد بن زمعہ نے بیان کیا وہ میرے باپ کی لونڈی کا بیٹا ہے جنا اس نے اس کو میرے باپ کی ملکیت اور فراش میں پھر دیکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو عتبہ کی شباہت صاف تھی اس میں پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچہ اس کا ہے جس کے لیے فراش ہے اور فرمایا اے سودہ اس سے پردہ کر تو ف۱

## بَابُ ۱۴۷۹ الْقُرْعَةِ فِي الْوَلَدِ إِذَا تَنَازَعُوا فِيهِ وَذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى الشَّعْبِيِّ فِيهِ فِي حَدِيثِ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ

## بیان قرعہ یعنی پانسا ڈالنے کا جب تنازع اور جھگڑا کریں لوگ کسی بچے میں اور ذکر اختلاف کا جو بیان کیا ہے شعبی کے شاگردوں نے زید بن ارقم کی روایت میں۔

۳۵۲۱- أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ خُشَيْشُ بْنُ أَصْرَمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا الثَّوْرِيُّ عَنْ صَالِحٍ الْهَمْدَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ أُتِيَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ بِثَلَاثَةٍ وَهُوَ بِالْيَمَنِ وَقَعُوا عَلَى امْرَأَةٍ فِي طُهْرٍ وَاحِدٍ فَسَأَلَ اثْنَيْنِ أَتُقِرَّانِ لِهَذَا بِالْوَلَدِ قَالَا لَا ثُمَّ سَأَلَ اثْنَيْنِ أَتُقِرَّانِ لِهَذَا بِالْوَلَدِ قَالَا لَا فَأَقْرَعَ بَيْنَهُمْ فَأَلْحَقَ الْوَلَدَ بِالَّذِي صَارَتْ عَلَيْهِ الْقُرْعَةُ وَجَعَلَ عَلَيْهِ ثُلُثَيِ الدِّيَةِ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ـ

حضرت زید بن ارقم سے روایت ہے حضرت علی کے پاس تین آدمی آئے یمن میں جنہوں نے ایک عورت سے جماع کیا تھا ایک ہی طہر میں آپ نے دو کو الگ کر کے پوچھا کہ تم تیسرے کے لیے اس لڑکے کا اقرار کرو انہوں نے نہ مانا پھر دوسرے دو سے پوچھا انہوں نے بھی نہ مانا پھر قرعہ ڈالا ان تینوں کے نام پر اور جس کے نام پر قرعہ نکلا اسی کو لڑکا دے دیا اور ایک ایک ثلث دیت اس سے اور دونوں کو دلوائی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس کا ذکر ہوا تو آپ ہنسے یہاں تک کہ داڑھیں آپ کی کھل گئیں کیونکہ قرعے کا فیصلہ ایک بے اختیاری کا فیصلہ ہے۔

۳۵۲۲- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنِ الْأَجْلَحِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک روز ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے

---

ف۱ ۔ اگرچہ ظاہر شرع کے بموجب آپ نے اس کو سودہ کا بھائی قرار دیا پر احتیاطاً سودہ کو حکم دیا پردے کا کیونکہ شبہ تھا زنا کا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِی الْخَلِیْلِ الْحَضْرَمِیُّ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ بَیْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مِنَ الْیَمَنِ فَجَعَلَ یُخْبِرُهُ وَیُحَدِّثُهُ وَعَلِیٌّ بِهَا فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتٰی عَلِیًّا ثَلَاثَةُ نَفَرٍ یَخْتَصِمُوْنَ فِیْ وَلَدٍ وَقَعُوْا عَلَی امْرَاَةٍ فِیْ طُهْرٍ وَسَاقَ الْحَدِیْثَ۔

تھے اتنے میں آیا ایک آدمی آپ کی خدمت میں یمن سے وہاں کی خبریں بیان کرنے لگا اور باتیں کرتا تھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ان دنوں حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن میں تھے اور کہنے لگا یا رسول اللہ آئے تین شخص جھگڑتے ہوئے حضرت علی رضی عنہ کے پاس ایک لڑکے کے لیے جماع کیا تھا انہوں نے ایک عورت سے ایک طہر میں پھر بیان کیا پوری حدیث کو یعنی جو حدیث اوپر گذر چکی ہے۔

۳۵۲۳- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی عَنِ الْاَجْلَحِ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی الْخَلِیْلِ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ کُنْتُ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ بِالْیَمَنِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ شَهِدْتُ عَلِیًّا اُتِیَ فِیْ ثَلَاثَةِ نَفَرٍ ادَّعَوْا وَلَدَ امْرَاَةٍ فَقَالَ عَلِیٌّ لِاَحَدِهِمْ تَدَعُهُ لِهٰذَا فَاَبٰی وَقَالَ لِهٰذَا اَتَدَعُهُ لِهٰذَا فَاَبٰی وَقَالَ لِهٰذَا اَتَدَعُهُ لِهٰذَا فَاَبٰی قَالَ عَلِیٌّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنْتُمْ شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُوْنَ وَسَاُقْرِعُ بَیْنَكُمْ فَاَیُّكُمْ اَصَابَتْهُ الْقُرْعَةُ فَهُوَ لَهُ وَعَلَیْهِ ثُلُثَا الدِّیَةِ فَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰی بَدَتْ نَوَاجِذُهُ۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تھا میں نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور حضرت علیؓ ان دنوں یمن میں تھے آیا ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور کہنے لگا میں حاضر تھا ایک روز حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے تین آدمی وہ تینوں دعویٰ کرتے تھے ایک عورت کے لڑکے کا اس وقت فرمایا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ایک کو ان میں سے کیا چھوڑ دیتا ہے تو اس لڑکے کو اس کے لیے اس نے انکار کیا پھر دوسرے کو فرمایا تو چھوڑ دیتا ہے اس بچے کو اپنے ساتھی کے لیے اس نے بھی انکار کیا پھر تیسرے سے دریافت کیا اس نے بھی انکار کیا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم آپس میں مخالف ہو اور جھگڑتے ہو اور اب میں قرعہ یعنی بانٹا ڈالوں گا تم میں جس کے حصے میں قرعہ آوے گا اس کو وہ لڑکا ملے گا اور اس پر دو تہائی دیت کی پڑے گی جب یہ قصہ سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہنسے آپ یہاں تک نظر آئے دانت مبارک آپ کے۔

۳۵۲۴- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ شَاهِیْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ الشَّیْبَانِیِّ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ رَجُلٍ مِنْ حَضْرَمَوْتَ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلِیًّا عَلَی الْیَمَنِ فَاُتِیَ بِغُلَامٍ تَنَازَعَ فِیْهِ ثَلَاثَةٌ وَسَاقَ الْحَدِیْثَ خَالَفَهُمْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَیْلٍ۔

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے علی رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف آیا ان کے پاس ایک لڑکے کا مقدمہ جس میں تین آدمی جھگڑتے تھے اور بیان کی سب حدیث جو اوپر جو گزر چکی ہے۔ مخالف ہوا ابن کہیل

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٥٢٥- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ أَوِ ابْنِ أَبِي الْخَلِيلِ أَنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ اشْتَرَكُوا فِي طُهْرٍ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ وَلَمْ يَرْفَعْهُ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ هَذَا صَوَابٌ وَاللَّهُ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى أَعْلَمُ

حضرت سلمہ بن کہیل سے روایت ہے سنا میں نے شعبی کو حدیث بیان کرتے ہوئے ابی الخلیل کی روایت سے یا ابن ابی الخلیل سے کہا وہ حدیث یہ ہے تین آدمی شریک ہوئے ایک طہر میں پھر ذکر کیا حدیث کو اسی طور پر اور نہیں ذکر کیا زید بن ارقم کا اور نہ مرفوع کیا اس حدیث کو ابو عبدالرحمن فرماتے ہیں یہی صحیح ہے اور اللہ سبحان وتعالی زیادہ دانا ہے۔

## بَابُ ۱۷۵۰ الْقَافَةِ

## قیافہ جاننے والوں کا بیان

٣٥٢٦- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيَّ مَسْرُورًا تَبْرُقُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ فَقَالَ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا نَظَرَ إِلَى زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ فَقَالَ إِنَّ بَعْضَ هَذِهِ الْأَقْدَامِ لَمِنْ بَعْضٍ -

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئے میرے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم خوشی کے سبب چمک رہے تھے خط پیشانی کے اور فرمانے لگے تجھے معلوم ہے مجزز نے (نام ہے ایک قیافہ دان کا) دیکھا زید بن حارثہ کو اور کو پھر کہا ان دونوں آدمیوں کے پاؤں کی وضع ایک دوسرے کے پاؤں کی وضع میں ملتی ہے یعنی پاؤں کے اجزا ایک دوسرے کے ملتے جلتے ہیں شاید انگلیاں یا ایڑیاں دونوں کی مشابہ ہونگی ۔

٣٥٢٧- أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مَسْرُورًا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ عَلَيَّ وَعِنْدِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَرَأَى أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ وَزَيْدًا وَعَلَيْهِمَا قَطِيفَةٌ وَقَدْ غَطَّيَا رُءُوسَهُمَا وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا فَقَالَ هَذِهِ أَقْدَامٌ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ -

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک روز اور خوشی میں تھے فرمانے لگے اے عائشہ کیا تجھ کو معلوم نہیں مجزز مدلجی (جو قیافہ شناس تھا) آیا میرے پاس اور اس وقت اسامہ بن زید میرے پاس موجود تھے اس قیافہ شناس نے دیکھا اسامہ بن زید کو اور زید کو اور دونوں کا منہ چادر سے ڈھکا ہوا تھا اور پاؤں کھلے ہوئے تھے اس قیافہ شناس نے کہا یہ پاؤں ایک دوسرے میں سے پیدا ہوئے ہیں ف

---

ف یعنی اس حدیث کا مرسلاً روایت کرنا ٹھیک ہے اور مسنداً ٹھیک نہیں ہے جیسے سوا سلمہ کے اور راویوں نے نقل کیا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۵۱ اِسْلَامِ اَحَدِ الزَّوْجَيْنِ وَتَخْيِيْرِ الْوَلَدِ

## خصم اور جورو دونوں میں سے کوئی مسلمان ہو جائے اس باب میں اس کا بیان ہے اور لڑکے کو اختیار دینا اس کا بھی بیان ہے

۳۵۲۸- اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُثْمَانَ الْبَتِّيِّ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ سَلَمَةَ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّهٗ اَسْلَمَ وَاَبَتِ امْرَاَتُهٗ اَنْ تُسْلِمَ فَجَاءَ ابْنٌ لَهُمَا صَغِيْرٌ لَمْ يَبْلُغِ الْحُلُمَ فَاَجْلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَبَ هٰهُنَا وَالْاُمَّ هٰهُنَا ثُمَّ خَيَّرَهٗ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اهْدِهٖ فَذَهَبَ اِلٰى اَبِيْهِ۔

حضرت عبدالحمید انصاری اپنے باپ سے اور ان کا باپ ان کے دادا سے روایت کرتا ہے وہ مسلمان ہوئے یعنی عبدالحمید کے دادا اور انکار کیا مسلمان ہونے سے ان کی جورو نے جو یعنی عبدالحمید کی دادی نے ان دونوں کا ایک بیٹا تھا جو ابھی بالغ نہیں ہوا تھا بٹھایا اس کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اس کے ماں اور باپ وہاں موجود تھے پھر اختیار دیا اس لڑکے کو آپ نے اور دعا کی یا اللہ اس کو ہدایت کر دہ لڑکا اپنے باپ کے پاس چلا گیا۔

۳۵۲۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ زِيَادٌ عَنْ هِلَالِ بْنِ اُسَامَةَ عَنْ اَبِيْ مَيْمُوْنَةَ قَالَ بَيْنَا اَنَا عِنْدَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَقَالَ اِنَّ امْرَاَةً جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ فِدَاكَ اَبِيْ وَاُمِّيْ اِنَّ زَوْجِيْ يُرِيْدُ اَنْ يَذْهَبَ بِابْنِيْ وَقَدْ نَفَعَنِيْ وَسَقَانِيْ مِنْ بِئْرِ اَبِيْ عِنَبَةَ فَجَاءَ زَوْجُهَا وَقَالَ مَنْ يُخَاصِمُنِيْ فِي ابْنِيْ فَقَالَ يَا غُلَامُ هٰذَا اَبُوْكَ وَهٰذِهٖ اُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ اَيِّهِمَا شِئْتَ

حضرت ہلال بن اسامہ ابوی میمونہ سے روایت کرتے ہیں کہا ابوی میمونہ نے ایک دن ہم ابوہریرہ کے پاس تھے تو بیان کیا ابوہریرہ نے آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا میرے ماں باپ آپ کے اوپر سے تصدق کئے جائیں میری غرض یہ ہے میرا خاوند میرے بچے کو مجھ سے لینے کا ارادہ کرتا ہے اور اس بچے سے مجھ کو نفع ہے اور وہ مجھ کو ابی عنبہ کے کنوئیں کا پانی پلاتا ہے اتنے میں آیا خاوند اس عورت کا اور کہنے لگا کون جھگڑا کرتا ہے میرے ساتھ میرے بیٹے کے معاملہ میں آپ نے کہا اے لڑکے یہ تیرا باپ ہے اور یہ تیری ماں ہے ان دونوں میں جس کا تیرا جی چاہے اس کا ہاتھ

---

ف یعنی ایک دوسرے کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں زید باپ تھے اور اسامہ ان کے بیٹے تو بیٹے کے پاؤں باپ سے ملتے تھے قیافہ شناس نے پہچان لیا۔

ف۲ جب کسی چھوٹے لڑکے یا لڑکی کے لیے اختلاف پڑے اس کے ماں باپ میں تو بعضی جگہ سے قرعہ ڈالنا ثابت ہوتا ہے اور بعضی جگہ بچے کو اختیار دیا گیا ہے اور اختیار دینا اولیٰ معلوم ہوتا ہے کیونکہ اکثر حدیثوں سے یہی ثابت ہوا ہے چنانچہ اس حدیث میں بھی خَيَّرَهٗ کا کلمہ وارد ہوا ہے یعنی اختیار دیا اس لڑکے کو آپ نے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ فَانْطَلَقَتْ بِهِ۔

پکڑے لڑکے نے اپنی ماں کا ہاتھ پکڑ لیا اور وہ لے گئی اس کو اپنے ساتھ۔ ف

## باب ۱۷۵۲ عِدَّةِ الْمُخْتَلِعَةِ

## خلع کرنیوالی عورت کی عدت کا بیان۔

۳۵۳۰ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي شَاذَانُ بْنُ عُثْمَانَ أَخُو عَبْدَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ ثَابِتَ بْنَ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ ضَرَبَ امْرَأَتَهُ فَكَسَرَ يَدَهَا وَهِيَ جَمِيلَةُ بِنْتُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ فَأَتَى أَخُوهَا يَشْتَكِيهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى ثَابِتٍ فَقَالَ لَهُ خُذِ الَّذِي لَهَا عَلَيْكَ وَخَلِّ سَبِيلَهَا قَالَ نَعَمْ فَأَمَرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَتَرَبَّصَ حَيْضَةً وَاحِدَةً فَتَلْحَقَ بِأَهْلِهَا۔

حضرت عبدالرحمٰن معوذ بن عفرا کی بیٹی ربیع سے سن کر بیان کرتے ہیں ثابت بن شماس نے مارا اپنی جورو جمیلہ عبداللہ بن ابی کی بیٹی کو اور توڑ ڈالا ہاتھ اس کا اس کے بھائی نے شکوہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنی بہن کی طرف سے آپ نے بلا وا بھیجا ثابت کے پاس جب ثابت حاضر ہوئے آپ نے فرمایا اس کو تو دے اس عورت سے اپنی چیز اور چھوڑ دے اس کا راستہ ثابت نے کہا بہت اچھا پھر حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو ایک حیض کی عدت گزارنے کے لیے پھر اس کو اپنے ماں باپ کے یہاں چلے جانے کے واسطے حکم کیا۔ ف۲

۳۵۳۱ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَمِّي قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَادَةُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ رُبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ قَالَ قُلْتُ لَهَا حَدِّثِينِي حَدِيثَكِ قَالَتِ اخْتَلَعْتُ مِنْ زَوْجِي ثُمَّ جِئْتُ عُثْمَانَ فَسَأَلْتُهُ مَاذَا عَلَيَّ مِنَ الْعِدَّةِ فَقَالَ لَا عِدَّةَ عَلَيْكِ إِلَّا أَنْ تَكُونِي حَدِيثَةَ عَهْدٍ بِهِ فَتَمْكُثِي حَتَّى تَحِيضِي قَالَ وَأَنَا مُتَّبِعٌ فِي ذٰلِكَ قَضَاءَ رَسُولِ

حضرت ربیع معوذ کی بیٹی سے روایت ہے خلع کیا میں نے اپنے خاوند سے پھر آئی میں عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس اور پوچھا میں نے کیا حکم ہے میری عدت کے لیے یعنی کتنی عدت گزاروں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا تیرے اوپر نہیں عدت مگر جب تو انہی دنوں میں اپنے خاوند کے پاس رہی ہو تو ٹھہر جا یہاں تک کہ آجاوے تجھ کو ایک حیض اور بیان کیا میں تابع ہوں اس مسئلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ

ف حقانیت اور سچائی اس کو کہتے ہیں عورت کا غم نہ کھایا اور پہلی حدیث میں جس مرد کا قصہ گزر چکا ہے اس کے اسلام کی طرف داری نہ کی بلکہ جو حق امر تھا اسی پر فیصلہ کیا یعنی لڑکے کو اختیار دیا اس نے اپنے اختیار سے جس کو چاہا اس کو اختیار کر لیا۔

ف۲ جیسا کہ طلاق کی عدت تین حیض ہیں خلع کی عدت ایک حیض ہے اسی واسطے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ خلع فسخ ہے نکاح کا طلاق نہیں اگر طلاق ہوتا تو تین حیض عدت مقرر ہوتی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرْيَمَ الْمَغَالِيَّةِ كَانَتْ تَحْتَ ثَابِتِ بْنِ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فَاخْتَلَعَتْ مِنْهُ۔

کے فیصلے کا جو مریم مغالیہ کا فیصلہ کیا تھا کہ وہ مریم مغالیہ جورو ثابت بن قیس بن شماس کی خلع کیا تھا اس عورت نے اس سے۔ ف

## بَابُ ۱۷۵۳۔ مَا اسْتُثْنِيَ مِنْ عِدَّةِ الْمُطَلَّقَاتِ

## مطلقہ عورتوں کی عدت کی جو آیت ہے اس میں سے کون کون سی عورتیں مستثنیٰ ہیں۔

۳۵۳۲۔ اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَانَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ اَنْبَانَا يَزِيْدُ النَّحْوِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا وَقَالَ وَاِذَا بَدَّلْنَا اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ الْاٰيَةَ وَقَالَ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ فَاَوَّلُ مَا نُسِخَ مِنَ الْقُرْاٰنِ الْقِبْلَةُ وَقَالَ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ وَقَالَ وَاللَّائِيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ نِّسَائِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ فَنُسِخَ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ تَعَالٰى وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا بیان میں آیت مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا کے یعنی جو موقوف کرتے ہیں ہم کوئی آیت یا بھلا دیتے ہیں تو پہنچاتے ہیں اس سے بہتر یا اس کے برابر اور کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اِذَا بَدَّلْنَا اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْا اِنَّمَا اَنْتَ مُفْتَرٍ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ یعنی جب ہم بدلتے ہیں ایک آیت کی جگہ دوسری اور اللہ بہتر جانتا ہے جو اتارتا ہے تو کہتے ہیں تو تو بنا لاتا ہے یوں نہیں پران بہتوں کو خبر نہیں ف۔ اور کہا ہے يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ یعنی مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور ثابت رکھتا ہے جو چاہے اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب پھر فرمایا ابن عباس رضی اللہ عنہما نے پہلے پہل قرآن میں سے جو منسوخ ہوا وہ قبلہ ہے اور اس کے بعد کہا ابن عباس نے۔ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ۔

---

ف۱ ثابت بن قیس کی جورو کے نام میں اختلاف ہے اس حدیث میں اس کا نام مریم ہے اور اوپر کی حدیث میں ان کی جورو کا نام جمیلہ بنت عبداللہ ابن ابی اور اس کے سوا اور نام بھی مروی ہیں اور اختلاف پڑا دو قصے ہونے کے سبب سے شاید ثابت بن قیس سے دو عورتوں نے خلع کیا ہو۔

ف۲ یہ اعتراض یہود کرتے تھے ان کے سیکھے سکھائے مشرک بھی طعن کرنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مفتری ٹھہراتے تھے اور کہتے تھے اگر اللہ کی طرف سے یہ کتاب ہوتی تو منسوخ نہ ہوا کرتی کیونکہ پہلی بات میں کیا عیب تھا جو موقوف کر دی گئی ایسی ایسی باتیں طعن کی کرنے سے اللہ تعالیٰ نے اس کا جواب دیا کہ عیب نہ پہلی میں تھا نہ پچھلی میں لیکن حاکم کو اختیار ہے جو چاہے وہ حکم کرے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ان تینوں آیتوں کو نسخ کے ثبوت کے لیے بیان کیا ہے چنانچہ تیسری آیت اس آیت کے بعد بیان کی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا۔

## باب ۱۷۵۴ عِدَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا

۳۵۲۳ اَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ وَكِيْعٍ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ اُمُّ حَبِيْبَةَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ

یعنی اور طلاق والی عورتیں انتظار کریں تین حیض تک اور کہا ابن عباس رضی اللہ عنہما وَاللّٰٓئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآئِکُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ یعنی اور جو عورتیں ناامید ہوئیں حیض سے تمہاری عورتوں میں اگر تم کو شبہ رہ گیا تو ان کی عدت ہے تین مہینے یہ دونوں آیتیں پڑھنے کے بعد ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں پھر منسوخ ہوگیا اس میں سے کچھ اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے ۔ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ یعنی اگر طلاق دو ان کو ہاتھ لگانے سے پہلے فَمَا لَکُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا سو ان پر حق نہیں تمہارا عدت میں بٹھانا کہ گنتی پوری کراؤ ان سے ۔ ف۱

## جس عورت کا خصم مرگیا ہو یہ باب اس کی عدت کے بیان میں ہے

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے نہیں حلال ہے کسی عورت کو جو ایمان رکھتی ہو اللہ

---

ف۱ نسخ حکم کے رد کرنے کو کہتے ہیں وہ کئی طور پر ہوتا ہے ایک تو یہ ہے آیت لکھی جاتی ہے لیکن حکم اس کا منسوخ ہو جیسے اپنے ناطے والوں کو وصیت کرنے کی آیت اور ایک برس عدت گزارنے کا حکم اور دوسرا طور یہ ہے آیت لکھی نہ جاوے لیکن حکم اس کا باقی رہے فقط تلاوت جاتی رہے جیسے رجم کی یعنی سنگسار کرنے کی اور تیسری صورت یہ ہے کہ نہ تلاوت میں باقی رکھے اور نہ اس کا حکم باقی رہے اور چوتھی صورت اور ہے ایک حکم موقوف کیا دوسرا حکم اسی قسم کا اس کی جگہ پر مقرر کیا جائے جیسے حکم قبلے کا یعنی بیت المقدس کی طرف سے موقوف ہوا اور کعبہ کی طرف حکم دیا گیا اور اس کے سوا اور بھی ہے اس مقام میں یہ غرض ہے کہ پہلے ایک حکم عام تھا سب طلاق والیوں کو یعنی ۔ وَالْمُطَلَّقَاتُ یَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ اور دوسرا وَاللّٰٓئِیْ یَئِسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآئِکُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ان دونوں آیتوں کی رو سے طلاق والیوں کے لیے تین حیض یا تین مہینے تک عدت کا حکم ہوا اس کے بعد یوں فرمایا۔ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَکُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا یعنی اگر طلاق دو عورتوں کو ہاتھ لگانے سے پہلے سو ان پر حق نہیں تمہارا عدت میں بٹھانے کا تا کہ گنتی پوری کراؤ ان سے ہر چند یہ عورت بھی طلاق والیوں میں داخل ہے لیکن اس کے لیے عدت نہیں اس حکم سے یہ عورت مستثنیٰ ہے اور علیحدہ کی گئی ہے ۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ تُحِدُّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

پر اور آخرت پر یہ کہ سوگ کرے تین دن سے زیادہ وہ کسی میت پر مگر اپنے خاوند کے لیے کیونکہ اس کیلئے سوگ کرنا چار ماہ اور دس دن تک چاہیے۔

۳۵۳۴۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ قُلْتُ عَنْ اُمِّهَا قَالَ نَعَمْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ امْرَاَةٍ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا فَخَافُوْا عَلٰى عَيْنِهَا اَتَكْتَحِلُ فَقَالَ قَدْ كَانَتْ اِحْدَاكُنَّ تَمْكُثُ فِيْ بَيْتِهَا فِيْ شَرِّ اَحْلَاسِهَا حَوْلًا ثُمَّ خَرَجَتْ فَلَا اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

حضرت حمید بن نافع زینب رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں شاگرد نے اپنے استاد سے یعنی شعبہؒ نے حمید بن نافع سے پوچھا کہ زینب اپنی ماں ام سلمہؓ سے روایت کرتی ہے استاد نے کہا ہاں اور وہ روایت یہ ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے پوچھا مسئلہ اس عورت کے لیے جس کا خاوند مر گیا تھا کیا سرمہ لگا دیں ہم اس عورت کی آنکھوں میں یا رسول اللہ صلعم کیونکہ خوف ہے اس کی آنکھیں بسبب بیماری کے خراب نہ ہو جاویں آپ نے فرمایا پہلے ہر ایک عورت گھر میں بیٹھتی تھی وہ نمدہ اوڑھ کر جو پالان کے نیچے ڈالتے ہیں اور پورا کرتی تھی اسی آفت میں ایک برس اب چار ماہ دس دن کیا بھاری ہیں تم پر۔

---

۳۵۳۵۔ اَخْبَرَنِيْ اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا جَرِيْرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدِ بْنِ قَيْسِ بْنِ قَهْدٍ الْاَنْصَارِيِّ وَجَدُّهٗ قَدْ اَدْرَكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَاُمِّ حَبِيْبَةَ قَالَتَا جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ ابْنَتِيْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَاِنِّيْ اَخَافُ عَلٰى عَيْنِهَا اَفَاَكْحُلُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَتْ اِحْدَاكُنَّ تَجْلِسُ حَوْلًا وَاِنَّمَا هِيَ اَرْبَعَةُ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا فَاِذَا كَانَ الْحَوْلُ خَرَجَتْ وَرَمَتْ وَرَاءَهَا بِبَعْرَةٍ۔

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آئی ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور بیان کیا میری بیٹی کا خاوند مر گیا اور میں ڈرتی ہوں اس کی آنکھوں کی بیماری سے اگر آپ کا حکم ہو تو سرمہ لگایا کروں اس کی آنکھوں میں آپ نے فرمایا پہلے ہر ایک عورت برس دن تک بیٹھی رہتی تھی یہ تو کچھ بہت سا زمانہ نہیں مگر چار ماہ دس دن ہیں اور جب ہو جاتا ایک برس پھر نکلتی وہ عدت بیٹھنے والی باہر اور پھینکتی اسی پیٹھ کے پیچھے مینگنی ف

---

ف کہتے ہیں جاہلیت میں نہایت خراب حال سے سال بھر میں عورت عدت تمام کرتی تھی سال تمام ہوتے ہی گدھا یا بکری یا کوئی پرندہ لاتی وہ اس کو دبوچتی اکثر وہ مرجاتا پھر ایک مینگنی اپنے پیچھے پھینک کر عدت سے باہر آتی اور آزاد ہوتی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۳۶- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا يَقُولُ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ أَنَّهَا سَمِعَتْ حَفْصَةَ بِنْتَ عُمَرَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

حفصہ بن عمر رضی اللہ عنہا سے روایت ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے نہیں حلال ہے کسی عورت کو جو ایمان رکھتی ہو اللہ پر اور آخرت پر یہ کہ سوگ کرے تین دن سے زیادہ کسی میت پر مگر اپنے خاوند کے لیے کیونکہ اس کیلیے سوگ کرنا چار ماہ اور دس دن تک چاہیے۔

۳۵۳۷- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ قَالَ أَنْبَأَنَا سَعِيدٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ فَإِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

ترجمہ اس حدیث کا بھی وہی ہے جو اوپر بیان ہو چکا

لیکن اس میں لفظ اکثر آیا ہے اور اس میں فوق کا معنی دونوں کے قریب قریب ہیں۔

۳۵۳۸- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا السَّهْمِيُّ يَعْنِي عَبْدَ اللهِ بْنَ بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ أَبِي عُبَيْدٍ عَنْ بَعْضِ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ أُمُّ سَلَمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ۔

بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح کی اور بھی روایت کی۔

---

## بَابُ ۱۷۵۵ عِدَّةِ الْحَامِلِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا

## اس باب میں ہے اس حاملہ عورت کی عدت کا جس کا خاوند مر گیا ہو۔

۳۵۳۹- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ قَالَا أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ أَنَّ سُبَيْعَةَ الْأَسْلَمِيَّةَ نُفِسَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَجَاءَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَتْ أَنْ تَنْكِحَ فَأَذِنَ لَهَا فَنَكَحَتْ۔

مسعود بن مخرمہ سے روایت ہے سبیعہ اسلمی نے جب بچہ جنا اس کے خاوند کو مر کر کئی راتیں گذریں تھیں پھر وہ آئی رسول اللہ علیہ وسلم کے پاس نکاح کرنے کے لیے اجازت مانگنے آپ نے اذن دیا اس کو پھر اس نے نکاح کرلیا کسی سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۴۰۔ اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ نَصْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دَاوُدَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ سُبَيْعَةَ اَنْ تَنْكِحَ اِذَا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا۔

مسور بن مخرمہ سے روایت ہے حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سُبیعہ کو نکاح کرنے کا بعد فراغت پانے کے نفاس سے۔

۳۵۴۱۔ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ قَالَ اَخْبَرَنِي جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِي السَّنَابِلِ قَالَ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِثَلَاثَةٍ وَعِشْرِينَ اَوْ خَمْسَةٍ وَعِشْرِينَ لَيْلَةً فَلَمَّا تَعَلَّتْ تَشَوَّفَتْ لِلْاَزْوَاجِ فَعِيبَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَمْنَعُهَا قَدِ انْقَضَى اَجَلُهَا۔

ابو سنابل سے روایت ہے کہ بچہ جنا سبیعہ نے اس وقت جب اس کے خاوند کو مرے تئیس یا پچیس راتیں گذریں تھیں پھر جب پورے ہو چکے اس کی زچگی کے دن اس نے سامان خاوند کرنے کا کیا لوگوں نے اس پر عیب لگایا اس بات کا اور ذکر کیا گیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس امر کا آپ نے فرمایا اب کیا چیز مانع ہے اس کو کیونکہ اس کے دن پورے ہو چکے۔

۳۵۴۲۔ اَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِي عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ يَقُولُ اخْتَلَفَ اَبُو هُرَيْرَةَ وَ ابْنُ عَبَّاسٍ فِي الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا اِذَا وَضَعَتْ حَمْلَهَا قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ تُزَوَّجُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَبْعَدَ الْاَجَلَيْنِ فَبَعَثُوا اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ تُوُفِّيَ زَوْجُ سُبَيْعَةَ فَوَلَدَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِخَمْسَةَ عَشَرَ نِصْفِ شَهْرٍ قَالَتْ فَخَطَبَهَا رَجُلَانِ فَحَطَّتْ بِنَفْسِهَا اِلَى اَحَدِهِمَا فَلَمَّا خَشُوا اَنْ تَفْتَاتَ بِنَفْسِهَا قَالُوا اِنَّكِ لَا تَحِلِّينَ قَالَتْ فَانْطَلَقْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي مَنْ شِئْتِ۔

حضرت عبدربہ بن سعید سے روایت ہے اور انہوں نے روایت کیا ابوسلمہؓ سے اختلاف کیا آپس میں ابوہریرہؓ اور ابن عباسؓ نے اس عورت کے مسئلہ میں جس کا خاوند مر گیا ہو اور پیدا ہووے اس کو بچہ اس کے مرنے کے تھوڑے دن بعد اور ابوہریرہؓ نے کہا نکاح کرلے وہ عورت بچہ پیدا ہونے کے بعد اور ابن عباسؓ نے کہا ابعد الاجلین یعنی دو مدتوں میں جو زیادہ ہو اس کو اختیار کرے آخر آدمی بھیجا بیوی ام سلمہؓ کی طرف انہوں نے فرمایا گیا تھا خاوند سبیعہ کا اس کو بچہ پیدا ہوا اس کے مرنے سے پندرہ دن یعنی آدھے ماہ کے بعد پھر پیغام بھیجا اس کے پاس دو آدمیوں نے سبیعہ نے میلان کیا ایک کی طرف یعنی اس سے نکاح کرنا چاہا اس کے لوگ ڈرے کہ کہیں اس سے نکاح نہ کرلے اور انہوں نے کہا ابھی تیری عدت ہی نہیں گذری ام سلمہؓ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں پھر گئی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا اس کو حلال ہو گئی تو نکاح کرلے جس کو تیرا جی چاہے۔

ف۔ ابعد الاجلین کے یہ معنی ہیں جونسی مدت بڑھ کر ہو اس کو اختیار کرے یعنی اگر چار ماہ دس دن بڑھ کر ہیں تو اس کے موافق عدت گذارے اور سوگ کرے اور وضع حمل کی مدت بڑھ کر ہے تو اس کے موافق عدت گذارے سو حق چار ماہ دس دن سے کم میں ابن عباسؓ کے نزدیک عدت پوری نہیں ہوتی اور ابوہریرہؓ کہتے تھے کہ ہو جاتی ہے بیوی ام سلمہؓ نے سبیعہ کا قصہ بیان کیا تب معلوم ہوا کہ ابوہریرہ کا قول درست ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٥٤٣- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لِمُحَمَّدٍ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَأَبُو هُرَيْرَةَ عَنِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا وَهِيَ حَامِلٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ وَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ إِذَا وَلَدَتْ فَقَدْ حَلَّتْ فَدَخَلَ أَبُو سَلَمَةَ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلَهَا عَنْ ذَلِكَ فَقَالَتْ وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ الْأَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِنِصْفِ شَهْرٍ فَخَطَبَهَا رَجُلَانِ أَحَدُهُمَا شَابٌّ وَالْآخَرُ كَهْلٌ فَحَطَّتْ إِلَى الشَّابِّ فَقَالَ الْكَهْلُ لَمْ تَحْلِلْ وَكَانَ أَهْلُهَا غُيَّبًا فَرَجَا إِذَا جَاءَ أَهْلُهَا أَنْ يُؤْثِرُوهُ بِهَا فَجَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ حَلَلْتِ فَانْكِحِي مَنْ شِئْتِ۔

ابوسلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے پوچھا کسی نے ابوہریرہؓ اور ابن عباسؓ سے مسئلہ اس عورت کا جس کا خاوند مرجاوے اور وہ حاملہ ہو ابن عباسؓ نے فرمایا دونوں عدتوں میں جو دور ہو کرے اور ابوہریرہؓ نے فرمایا جس وقت جنے اس کی عدت اسی وقت پوری ہو گئی پھر گئے ابوسلمہؓ یہ جھگڑا سن کر بیوی ام سلمہؓ نے فرمایا بچہ جنا سبیعہ اسلمیہ نے اس وقت کہ اس کے خاوند کو مرکر آدھا ماہ گزرا تھا پھر دو شخصوں کا پیغام نکاح کا آیا ان میں ایک جوان تھا اور دوسرا ادھیڑ عمر وہ جوان کی طرف جھکی اور پسند کیا اس جوان کو ادھیڑ نے کہا ابھی تو حلال نہیں ہوا تجھ کو نکاح کرنا۔ بیوی ام سلمہؓ فرماتی ہیں سبیعہ کے گھر والے لوگ موجود نہ تھے ادھیڑ نے یہ خیال کیا کہ جب اس کے لوگ آئیں گے تو شاید وہ سمجھا کر سبیعہ کو مجھے دلوادیں پھر وہ آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے اس کو فرمایا تو حلال ہو گئی جس کو چاہیے اس سے نکاح کر لے۔

٣٥٤٤- أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بَزِيعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ قِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ فِي امْرَأَةٍ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِعِشْرِينَ لَيْلَةً أَيَصْلُحُ لَهَا أَنْ تَزَوَّجَ قَالَ لَا إِلَّا آخِرَ الْأَجَلَيْنِ قَالَ قُلْتُ قَالَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ فَقَالَ إِنَّمَا ذَلِكَ فِي الطَّلَاقِ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَنَا مَعَ ابْنِ أَخِي يَعْنِي أَبَا سَلَمَةَ فَأَرْسَلَ غُلَامَهُ كُرَيْبًا فَقَالَ ائْتِ أُمَّ سَلَمَةَ فَسَلْهَا هَلْ كَانَ هَذَا سُنَّةً مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ فَقَالَ قَالَتْ نَعَمْ سُبَيْعَةُ الْأَسْلَمِيَّةُ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا

حضرت ابوسلمہؓ بن عبدالرحمن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پوچھا کسی نے مسئلہ ابن عباسؓ سے کوئی عورت اگر جنے بچہ خاوند کے مرنے کے بیس راتیں گزرنے کے بعد تو کیا جائز ہے اس کو نکاح کر لینا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا نہیں جائز جب تک پورا نہ کرے دونوں عدتوں میں سے اس عدت کو جو بڑھ کر ہے ابوسلمہؓ فرماتے ہیں میں نے کہا اللہ تبارک و تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ وَأُولَاتُ الْأَحْمَالِ أَجَلُهُنَّ أَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ یعنی اور جن کے پیٹ میں بچہ ہے ان کی عدت یہ ہے کہ جن دیں پیٹ کا بچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ابوسلمہ کو جواب دیا یہ حکم طلاق والی کا ہے یعنی جس عورت کو مرد نے طلاق دی اور طلاق دینے کے بعد عورت کو بچہ پیدا ہوا اس عورت کی وہی عدت ہے اور عدت اس کے اوپر نہیں پھر ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں یعنی ابوسلمہؓ جو کہتے ہیں وہی بات میرے

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِعِشْرِيْنَ لَيْلَةً فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَزَوَّجَ فَكَانَ اَبُو السَّنَابِلِ فِيْمَنْ يَخْطُبُهَا۔

نزدیک بہتر اور صحیح ہے اس کے گفتگو کے بعد اپنے غلام کو جس کا نام کریب تھا ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا اور اس سے کہا پوچھ بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے اس معاملے میں کوئی سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے کہ نہیں کریب بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا کہا ہوا بیان کیا بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت اس معاملہ میں ہے پھر بیان کیا بیوی ام سلمہ نے سبیعہ اپنے خاوند کے مرنے کے بیس راتیں گذرنے کے بعد بچہ جنا تھا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو نکاح کر لینے کا حکم دیا تھا اور ابو سنابل بیعہ کے پیغام کرنے والوں میں سے تھے۔

۳۵۴۵۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَحْيٰى عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ وَابْنَ عَبَّاسٍ وَاَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ تَذَاكَرُوْا عِدَّةَ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا تَضَعُ عِنْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَعْتَدُّ اٰخِرَ الْاَجَلَيْنِ وَقَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ بَلْ تَحِلُّ حِيْنَ تَضَعُ فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِيْ فَاَرْسَلُوْا اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ الْاَسْلَمِيَّةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِيَسِيْرٍ فَاسْتَفْتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَتَزَوَّجَ۔

حضرت سلیمان بن یسار سے روایت ہے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو سلمہ نے رضی اللہ عنہ آپس میں بحث اور تذکرہ کیا عدت میں اس عورت کی جس کا خاوند مر جاوے ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا دونوں عدتوں میں جو بڑھ کر ہو وہ عورت اتنی عدت گذارے اور ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا وضع حمل تک عدت گزارے اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کے نزدیک بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا بچہ جنا سبیعہ اسلمیہ نے خاوند کے مرنے سے تھوڑے دنوں کے بعد تو فتویٰ پوچھا اس باب میں سبیعہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے حکم دیا اس کو خاوند کر لینے کا۔

۳۵۴۶۔ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَيَّامٍ فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَزَوَّجَ۔

ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا سبیعہ نے بچہ جنا اپنے خاوند کے مرنے کے کئی روز بعد تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو حکم دیا نکاح کر لینے کا۔

۳۵۴۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ

حضرت سلیمان بن یسار سے روایت ہے عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور ابو سلمہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے اختلاف

www.sirat-e-mustaqeem.com



أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ وَأَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اخْتَلَفَا فِي الْمَرْأَةِ تُنْفَسُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَقَالَ عَبْدُ اللهِ بْنُ عَبَّاسٍ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ وَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ إِذَا نُفِسَتْ فَقَدْ حَلَّتْ فَجَاءَ أَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ أَنَا مَعَ ابْنِ أَخِي يَعْنِي أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَبَعَثُوا كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ يَسْأَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ فَجَاءَهُمْ فَأَخْبَرَهُمْ أَنَّهَا قَالَتْ وَلَدَتْ سُبَيْعَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِلَيَالٍ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ حَلَلْتِ۔

کیا مدت میں اس عورت کے جس نے جنا بچہ خاوند کے مرنے سے چند راتوں کے بعد عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا دونوں مدتوں میں جس عدت کی مدت زیادہ ہو اس کو اختیار کرے اور ابوسلمہ رضی کہتے تھے جب بچہ پیدا ہوا اسی وقت عدت پوری ہو گئی پھر آئے ابوہریرہ رضی انہوں نے کہا میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں یعنی ابوسلمہ رضی کی رائے کے موافق ہی میری بھی رائے ہے آخر انہوں نے کریب کو بھیجا بیوی ام سلمہ رضی کے نزدیک یہ مسئلہ پوچھنے کے لیے کریب غلام تھے ابن عباس رضی کے پھر آئے کریب مسئلہ پوچھ کر اور بیان کیا ان کے نزدیک بیوی ام سلمہ رضی فرماتی ہیں سبیعہ نے جنا تھا بچہ خاوند کے کتنی راتیں مرنے کے بعد پھر ذکر کیا اس نے اس بات کا رسول اللہ صلی اللہ کے روبرو آپ نے فرمایا تو تو حلال ہو چکی یعنی تیری عدت پوری ہو گئی۔

۳۵۴۸- أَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ كُنْتُ أَنَا وَابْنُ عَبَّاسٍ وَأَبُو هُرَيْرَةَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ إِذَا وَضَعَتِ الْمَرْأَةُ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا فَإِنَّ عِدَّتَهَا آخِرُ الْأَجَلَيْنِ فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ فَبَعَثْنَا كُرَيْبًا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ يَسْأَلُهَا عَنْ ذٰلِكَ فَجَاءَنَا مِنْ عِنْدِهَا أَنَّ سُبَيْعَةَ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا فَوَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِأَيَّامٍ فَأَمَرَهَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى

حضرت سلیمان بن یسار رضی سے روایت ہے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن کہتے تھے تھا میں اور ابن عباس رضی اور ابوہریرہ رضی۔ ابن عباس رضی نے کہا جب بچہ جنے عورت خاوند کے مرنے کے بعد تو البتہ عدت اس عورت کی وہ عدت ہے جو دونوں عدتوں میں دور یعنی زیادہ ہو، تو ابوسلمہ رضی فرماتے ہیں ہم نے بھیجا کریب کو بی بی ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں یہی مسئلہ پوچھنے کے لیے کریب بی بی ام سلمہ رضی کے پاس سے یہ خبر لائے کہ سبیعہ کا خاوند مر گیا تھا اس کو بچہ پیدا ہوا تھا اس کے مرنے سے کتنی دن بعد تو حکم دیا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کر لینے کا۔

۳۵۴۹- أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ حَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهَا سُبَيْعَةُ كَانَتْ تَحْتَ زَوْجِهَا تُوُفِّيَ

ابوسلمہ رضی بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے زینب بنت ابی سلمہ رضی نے بیان کیا اپنی ماں سے سن کر اور زینب کی ماں بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی تھیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی ام سلمہ بیان کرتی ہیں ایک عورت تھی اسلمی لوگ اس کو سبیعہ کہہ کر پکارتے تھے اس کا ایک خاوند تھا وہ مر گیا اس وقت سبیعہ پیٹ سے تھی ابو سنابل بن بعکک نامی ایک شخص تھا اس نے سبیعہ کے پاس نکاح کا پیغام بھیجا سبیعہ نے انکار کیا

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْهَا وَهِيَ حُبْلَى فَخَطَبَهَا أَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ فَأَبَتْ أَنْ تَنْكِحَهُ فَقَالَ مَا يَصْلُحُ لَكِ أَنْ تَنْكِحِي حَتَّى تَعْتَدِّي آخِرَ الْأَجَلَيْنِ فَمَكَثَتْ قَرِيبًا مِنْ عِشْرِينَ لَيْلَةً ثُمَّ نُفِسَتْ فَجَاءَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْكِحِي۔

وہ کہنے لگا تجھ کو نکاح کرنا جائز نہیں جب تک تو پوری نہ کرلے دو عدتوں میں سے اس عدت کو جس کے دن گنتی میں زیادہ ہوں ام سلمہ فرماتی ہیں سبیعہ کے خاوند مرے کو قریب بیس راتوں کے گذریں تھیں جب اس کو بچہ پیدا ہوا پھر وہ آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے حکم دیا اس کو نکاح کر لینے کا۔

۳۵۵۰۔ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ أَبِي عَاصِمٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَخْبَرَهُ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا وَأَبُو هُرَيْرَةَ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ إِذْ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ فَوَلَدَتْ لِأَدْنَى مِنْ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ مِنْ يَوْمِ مَاتَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ آخِرُ الْأَجَلَيْنِ فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ سُبَيْعَةَ الْأَسْلَمِيَّةَ جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَهِيَ حَامِلٌ فَوَلَدَتْ لِأَدْنَى مِنْ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَأَمَرَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تَتَزَوَّجَ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَأَنَا أَشْهَدُ عَلَى ذَلِكَ۔

حضرت ابوسلمہؓ بن عبدالرحمٰن سے روایت ہے ایک روز میں اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ابن عباس رضؓ کے پاس تھے اتنے میں آئی ایک عورت اور بیان کرنے لگی اپنا حال اس کا خاوند مر گیا اور پیٹ سے تھی وہ اس وقت اور کہنے لگی چار ماہ دس دن نہیں گزرے تھے اس سے پہلے ہی بچہ پیدا ہوگیا ابن عباس رضؓ نے فرمایا جو دن زیادہ ہوں وہ دن تیری عدت کے ہیں ابوسلمہؓ نے کہا مجھے خبر دی ایک صحابی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس طرح کہ سبیعہ اسلمیہ آئی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور اپنا حال بیان کرنے لگی مر گیا خاوند میرا اس وقت تھی میں حاملہ پھر پیدا ہوا میرے پیٹ سے بچہ اور بچے کے باپ کو مر کر چار ماہ نہیں ہوئے تھے تو اس کو حکم دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کر لینے کا اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے میں گواہی دیتا ہوں اس بات پر۔

۳۵۵۱۔ أَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَاهُ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ يَأْمُرُهُ أَنْ يَدْخُلَ عَلَى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةِ فَيَسْأَلَهَا حَدِيثَهَا وَعَمَّا قَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اسْتَفْتَتْهُ فَكَتَبَ

حضرت عبیداللہ نے بیان کیا زہری سے میرے باپ عبداللہ بن عتبہ نے لکھا عمر بن عبداللہ بن ارقم زہری کو تم جاؤ سبیعہ اسلمیہ بنت حارث سے پوچھو قصہ اور حال اس کا کیا فرمایا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو جب اس نے پوچھا تھا مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عمر بن عبداللہ نے جواب میں عبداللہ بن عتبہ کو لکھا سبیعہ اسلمیہ سے جب دریافت

www.sirat-e-mustaqeem.com



عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ يُخْبِرُهُ أَنَّ سُبَيْعَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ وَهُوَ مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ لُؤَيٍّ وَكَانَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا فَتُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ وَهِيَ حَامِلٌ فَلَمْ تَنْشَبْ أَنْ وَضَعَتْ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاتِهِ فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا تَجَمَّلَتْ لِلْخُطَّابِ فَدَخَلَ عَلَيْهَا أَبُو السَّنَابِلِ بْنُ بَعْكَكٍ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ فَقَالَ لَهَا مَا لِي أَرَاكِ مُتَجَمِّلَةً لَعَلَّكِ تُرِيدِينَ النِّكَاحَ إِنَّكِ وَاللّٰهِ مَا أَنْتِ بِنَاكِحٍ حَتَّى تَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ سُبَيْعَةُ فَلَمَّا قَالَ لِي ذٰلِكَ جَمَعْتُ عَلَيَّ ثِيَابِي حِينَ أَمْسَيْتُ فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلْتُهُ عَنْ ذٰلِكَ فَأَفْتَانِي بِأَنِّي قَدْ حَلَلْتُ حِينَ وَضَعْتُ حَمْلِي وَأَمَرَنِي بِالتَّزْوِيجِ إِنْ بَدَا لِي۔

کیا گیا تو سبیعہ نے بیان کیا تھی میں نکاح میں سعد بن خولہ کے اور وہ سعد بن عامر بن لوئی کے قبیلے میں کا تھا اور بدری بھی تھا اس کی وفات ہوئی حجۃ الوداع میں میں سبیعہ بیان کرتی ہے اس وقت میں حاملہ تھی پر مرنے کے تھوڑے دن کے بعد بچہ پیدا ہوا جب پاک ہوگئی سبیعہ نفاس سے تو بناؤ کیا اس نے پیغام والوں کے لیے یعنی ارادہ کیا نکاح کا ایسے وقت میں آن پہنچے ابوسنابل بن بعکک ابو سنابل ایک آدمی تھا عبدالدار کے قبیلے میں سے اس نے سبیعہ سے کہا کیا وجہ ہے تمہارے سنگار اور بناؤ کرنے کی شاید تمہارا ارادہ نکاح کرنے کا ہوگا مجھ کو اللہ کی قسم ہے نہیں جائز ہے نکاح کرنا تجھ کو جب تک نہ گذر جاویں چار ماہ اور دس دن سبیعہ کہتی ہے جب اس نے یہ بات کہی میں نے شام کے وقت کپڑے پہنے اور گئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر پوچھا میں نے یہ مسئلہ آپ سے آپ نے فتویٰ دیا مجھ کو اور فرمایا تیری عدت جبھی پوری ہوگئی جب تو نے بچہ جنا اور فرمایا مجھ کو نکاح کر لے اگر تیرا جی چاہے۔

۳۵۵۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو عَبْدِ الرَّحِيمِ قَالَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الزُّهْرِيِّ قَالَ كَتَبَ إِلَيْهِ يَذْكُرُ أَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَهُ أَنَّ زُفَرَ بْنَ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّ أَبَا السَّنَابِلِ بْنَ بَعْكَكِ بْنِ السَّبَّاقِ قَالَ لِسُبَيْعَةَ الْأَسْلَمِيَّةِ لَا تَحِلِّينَ حَتَّى يَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا أَقْصَى الْأَجَلَيْنِ فَأَتَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَتْهُ عَنْ ذٰلِكَ فَزَعَمَتْ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْتَاهَا أَنْ تَنْكِحَ إِذَا

حضرت زفر بن اوس بن حدثان نصری سے روایت ہے ابو سنابل بن بعکک بن سباق نے سبیعہ اسلمیہ سے کہا نہیں جائز ہے تیرے لیے نکاح کرنا جب تک گزر جاویں تجھ کو چار ماہ دس دن جو مدت کہ زیادہ ہے دونوں عدتوں میں یہ سن کر وہ آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا اس نے یہ مسئلہ سبیعہ کے بیان سے معلوم ہوا اس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتویٰ دیا تھا اور فرمایا تھا جب بچہ پیدا ہو تو نکاح کر لینا اور خاوند کے مرنے کے وقت اس کو نو ماہ کا حمل تھا اور اس کے خاوند کا نام سعد بن خولہ تھا حجۃ الوداع میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا وہیں اس کی وفات

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَضَعَتْ حَمْلَهَا وَكَانَتْ حُبْلَى فِي تِسْعَةِ أَشْهُرٍ حِينَ تُوُفِّيَ زَوْجُهَا وَكَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ فَتُوُفِّيَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَكَحَتْ فَتًى مِنْ قَوْمِهَا حِينَ وَضَعَتْ مَا فِي بَطْنِهَا ۔

بھی ہوئی راوی بیان کرتا ہے پھر سبیعہ نے نکاح کر لیا کسی ایک جوان سے جو اس کی قوم میں سے تھا یعنی وضع حمل کے بعد۔

۳۵۵۳۔ أَخْبَرَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الزُّبَيْدِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُتْبَةَ كَتَبَ إِلَى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَرْقَمِ الزُّهْرِيِّ أَنْ ادْخُلْ عَلَى سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ الْأَسْلَمِيَّةِ فَاسْأَلْهَا عَمَّا أَفْتَاهَا بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَمْلِهَا قَالَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلَهَا فَأَخْبَرَتْهُ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ سَعْدِ بْنِ خَوْلَةَ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا فَتُوُفِّيَ عَنْهَا فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَوَلَدَتْ قَبْلَ أَنْ تَمْضِيَ لَهَا أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا مِنْ وَفَاةِ زَوْجِهَا فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا دَخَلَ عَلَيْهَا أَبُو السَّنَابِلِ رَجُلٌ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ فَرَآهَا مُتَجَمِّلَةً فَقَالَ لَعَلَّكِ تُرِيدِينَ النِّكَاحَ قَبْلَ أَنْ تَمُرَّ عَلَيْكِ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ فَلَمَّا سَمِعْتُ ذَلِكَ مِنْ أَبِي السَّنَابِلِ جِئْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثْتُهُ حَدِيثِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ حَلَلْتِ حِينَ وَضَعْتِ حَمْلَكِ ۔

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ سے روایت ہے لکھا عتبہ نے عمر بن عبد اللہ بن ارقم زہری کو سبیعہ کے پاس جانے کے لیے اور لکھا اس کو پوچھ تو سبیعہ اسلمیہ بنت حارث سے کیا فتویٰ دیا تھا اس کو اس مسئلہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنی حمل میں سبیعہ کا راوی بیان کرتا ہے گئے اس کے پاس عمر بن عبد اللہ اور پوچھا اس سے اس نے کہا تھی میں جورو سعد بن خولہ کی اور تھا وہ سعد بن خولہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحابوں میں سے جو بدری تھے وفات پائی اس نے حجۃ الوداع میں پھر جنا میں نے بچہ اور ابھی تک چار ماہ دس دن اس کی وفات کو نہیں ہوئے تھے راوی بیان کرتا ہے جب پاک ہوگئی سبیعہ نفاس سے آیا اس کے پاس ابوسنابل جو عبدالدار کے قبیلے میں سے ایک آدمی تھا ابوسنابل سبیعہ کو تجمل اور زینت میں دیکھ کر کہنے لگا شاید تیرا ارادہ نکاح کا ہے چار ماہ دس دن گزرنے سے پہلے ہی سبیعہ کہتی ہے جب یہ بات میں نے ابوسنابل سے سنی تو گئی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور بیان کیا میں نے اپنا حال آپ کے روبرو آپ نے سن کر فرمایا تو پوری کر چکی اپنی مدت جب بچہ جنا تو نے۔

۳۵۵۴۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا فِي نَاسٍ بِالْكُوفَةِ فِي مَجْلِسٍ لِلْأَنْصَارِ عَظِيمٍ فِيهِمْ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي لَيْلَى فَذَكَرُوا شَأْنَ سُبَيْعَةَ فَذَكَرْتُ

حضرت محمد سے روایت ہے میں بیٹھا تھا لوگوں میں کوفے کی ایک بڑی مجلس میں جس میں انصاری لوگ تھے یعنی انصار کی مجلس میں ان لوگوں میں عبدالرحمن بن ابی لیلیٰ بھی تھے ان لوگوں میں سبیعہ کا ذکر آیا میں نے ذکر کیا عبداللہ بن عتبہ بن مسعود کی روایت کو جو ابن عون کے

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ مَعْنٰى قَوْلِ ابْنِ عَوْنٍ حَتّٰى تَضَعَ قَالَ ابْنُ اَبِيْ لَيْلٰى لٰكِنَّ عَمَّهٗ لَا يَقُوْلُ ذٰلِكَ فَرَفَعْتُ صَوْتِيْ وَقُلْتُ اِنِّيْ لَجَرِيْءٌ اَنْ اَكْذِبَ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ وَهُوَ فِيْ نَاحِيَةِ الْكُوْفَةِ قَالَ فَلَقِيْتُ مَالِكًا قُلْتُ كَيْفَ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَقُوْلُ فِيْ شَاْنِ سُبَيْعَةَ قَالَ قَالَ اَتَجْعَلُوْنَ عَلَيْهَا التَّغْلِيْظَ وَلَا تَجْعَلُوْنَ لَهَا الرُّخْصَةَ لَاُنْزِلَتْ سُوْرَةُ النِّسَاءِ الْقُصْرٰى بَعْدَ الطُّوْلٰى۔

قول کے موافق تھی یعنی عدت اس کی بچہ پیدا ہونے تک تھی ابن ابی لیلیٰ نے کہا عبداللہ کے چچا اس کے بات کے قائل نہ تھے (کہ حاملہ عورت کی عدت وضع حمل ہے ۔ بلکہ ابعد الاجلین کے قائل تھے) تب میں نے اپنی آواز بلند کی اور کہا کیا میں جرأت کر سکتا ہوں کہ جھوٹ بولوں عبداللہ بن عتبہ پر اور وہ کوفے میں رہتے ہیں پھر میں مالک (ابن عامر ابن عود) سے ملا اور پوچھا کہ عبداللہ بن مسعود سبیعہ کے باب میں کیا کہتے تھے انہوں نے کہا عبداللہ بن مسعود کہتے تھے تم لوگ اس پر سختی کرتے ہو (کہ ابعد الاجلین تک عدت ضروری جانتے ہو) اور اس کی رخصت نہیں دیتے حالانکہ چھوٹی سورت عورتوں کی (جس میں حاملہ عورتوں کی عدت وضع حمل بیان ہوئی ہے) بڑی سورت (بقرہ) کے بعد اتری ہے (جس میں چار ماہ دس دن تک عدت کا ذکر ہے۔

۳۵۵۵ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ مِسْكِيْنِ بْنِ نُمَيْلَةَ يَمَامِيٌّ قَالَ اَنْبَاَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح وَاَخْبَرَنِيْ مَيْمُوْنُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْحَكَمِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ شُبْرُمَةَ الْكُوْفِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ النَّخَعِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ شَاءَ لَاعَنْتُهٗ مَا اُنْزِلَتْ وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ اِلَّا بَعْدَ اٰيَةِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا اِذَا وَضَعَتِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فَقَدْ حَلَّتْ وَاللَّفْظُ لِمَيْمُوْنٍ۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے کہا جس کا جی چاہے میں اس سے مباہلہ کرتا ہوں (یعنی اپنے قول کے حق ہونے پر خدا کو گواہ کر کے مخالف پر لعنت کرتا ہوں یہ آیت اور حمل والیاں ان کی عدت یہ ہے کہ بچہ جنے اس آیت کے بعد اتری ہے جس میں خاوند کی موت کی عدت کا بیان ہے تو حاملہ عورت جب بچہ جنے وہ نکاح کر سکتی ہے (اور چار ماہ دس دن کا حکم حاملہ عورتوں کے حق میں منسوخ ہے۔

۳۵۵۶ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ وَهُوَ ابْنُ اَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ ح وَاَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ وَمَسْرُوْقٍ وَعُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ سُوْرَةَ النِّسَاءِ الْقُصْرٰى نَزَلَتْ بَعْدَ الْبَقَرَةِ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے چھوٹی سورہ نسا نازل ہوئی بعد سورہ بقرہ کے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۵۶ عِدَّةُ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا قَبْلَ اَنْ يَدْخُلَ بِهَا

۳۵۵۷- اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ قَالَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً وَلَمْ يَفْرِضْ لَهَا صَدَاقًا وَلَمْ يَدْخُلْ بِهَا حَتّٰى مَاتَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَهَا مِثْلُ صَدَاقِ نِسَائِهَا لَا وَكْسَ وَلَا شَطَطَ وَعَلَيْهَا الْعِدَّةُ وَلَهَا الْمِيْرَاثُ فَقَامَ مَعْقِلُ بْنُ سِنَانٍ الْاَشْجَعِيُّ فَقَالَ قَضٰى فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَاَةٍ مِنَّا مِثْلَ مَا قَضَيْتَ فَفَرِحَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

## اگر کسی عورت کا خاوند اس کے ساتھ ہم بستر ہونے سے پہلے مرجاتے تو اس کی عدت کیا ہے؟

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دریافت کیا ان سے کسی نے یہ مسئلہ ایک آدمی نے نکاح کیا کسی عورت سے اور نکاح کرنے کے وقت اس کا مہر مقرر نہ کیا اس مرد کو اس عورت سے جماع کرنا بھی نصیب نہ ہوا اور مر گیا ابن مسعودؓ نے فرمایا اس عورت کو مہر مثل دینا چاہیے یعنی اس عورت کے کنبے میں جو اور عورتیں ہیں ان کا جو مہر ہے ان کے موافق اس کو بھی دلا دینا چاہیے نہ کم کرنا چاہیے اور نہ زیادہ دینا چاہیے اور اس عورت کو عدت میں بیٹھنا چاہیے اور مرد کے مال سے اس کو حصہ بھی دینا چاہیے معقل بن سنان اشجعی نے یہ سن کر کہا فیصلہ کیا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہماری قوم میں عورت کا اس کا نام بروع تھا اور اس کے باپ کا نام واشق تھا وہ فیصلہ بھی ایسا ہی تھا جیسا تم نے کیا عبداللہ بن

## بَابُ ۱۷۵۷ الْاِحْدَادِ

۳۵۵۸- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ

## باب سوگ کرنے کے بیان میں۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے عورت کو

---

ف۱ یعنی سورہ طلاق بعد میں نازل ہوئی ہے اور سورہ بقرہ پہلے اتری ہے۔ یہ آیت سورہ بقرہ کی ہے یعنی جو لوگ مرجاویں تم میں سے اور چھوڑ جاویں عورتیں وہ عورتیں انتظار کروائیں اپنے تئیں چار ماہ دس دن اور اُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ یہ آیت سورہ طلاق کی ہے یعنی اور جن کے پیٹ میں بچہ ہے ان کی عدت یہ ہے کہ جن دیں پیٹ کا بچہ سبیعہ کے قصے سے یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ چار ماہ دس دن انتظار کرنا کچھ ضروری نہیں اور یہی بات اُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ سے ظاہر ہے لیکن سورہ بقرہ کی آیت سے یہ حکم مخالف ہے کیونکہ اس میں تو یوں فرمایا ہے وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا حاصل یہ کہ جس کا خاوند مرجائے اس کی عدت چار ماہ اور دس دن ہیں ان دونوں آیتوں میں ایک کو پہلے اور دوسری کو پیچھے کہنے سے یہ غرض ہے کہ سورہ بقرہ کی آیت منسوخ ہے سورہ طلاق کی آیت سے۔

ف۲ یہاں عدت سے مراد چار ماہ دس دن کی ہے کیونکہ آیت میں یہی حکم ہے جن عورتوں کے خاوند مرجائیں ان کی عدت چار ماہ دس دن ہیں مرد کا وطی کرنا کچھ شرط نہیں فقط نکاح میں آنا چاہیے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُحِدُّ عَلٰى مَيِّتٍ اَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجِهَا

سوگ کرنا کسی میت پر تین دن سے زیادہ مگر اپنے خاوند پر۔

٣٥٥٩- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَبَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ تُحِدَّ فَوْقَ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں حلال ہے عورت کو سوگ کرنا کسی میت پر تین دن سے زیادہ مگر اپنے خاوند پر۔

## بَابُ ١٦٥٨ سُقُوْطِ الْاِحْدَادِ عَنِ الْكِتَابِيَّةِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا

## جس کتابیہ کا خاوند مر جاوے اس پر سے سوگ کا حکم ساقط ہے۔

٣٥٦٠- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَيُّوْبُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيْبَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلٰى هٰذَا الْمِنْبَرِ لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ اَنْ تُحِدَّ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس منبر پر نہیں حلال کسی عورت کو جو ایمان رکھتی ہو اللہ پر اور اس کے رسولؐ پر سوگ کرنا زیادہ تین راتوں سے مگر اپنے خاوند کے لیے چار ماہ اور دس دن سوگ کرے۔

## بَابُ ١٦٥٩ مَقَامِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا فِيْ بَيْتِهَا حَتّٰى تَحِلَّ

## جس عورت کا خاوند مر جائے اس عورت کو عدت گزرنے تک اپنے گھر میں رہنا چاہیئے

٣٥٦١- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ شُعْبَةَ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ عَنِ الْفَارِعَةِ بِنْتِ مَالِكٍ اَنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْلَاجٍ فَقَتَلُوْهُ قَالَ شُعْبَةُ وَابْنُ جُرَيْجٍ وَكَانَتْ فِيْ دَارٍ قَاصِيَةٍ فَجَاءَتْ وَمَعَهَا اَخُوْهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت فارعہؓ بنت مالک سے روایت ہے خاوند اس کا اپنے غلام کو ڈھونڈنے کے لیے گیا وہ غلام عجمی تھے وہاں مارا گیا ان غلاموں نے مار ڈالا یا کسی اور نے شعبہ اور ابن جریج بیان کرتے ہیں اس عورت کا گھر دور تھا آبادی سے پھر آئی وہ عورت اپنے بھائی کو لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ذکر کیا اپنا حال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس

ف۱ تین راتیں مع دن کے مراد ہیں فقط راتیں مراد نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



فَذَكَرُوا لَهُ فَرَخَّصَ لَهَا حَتّٰى إِذَا رَجَعَتْ دَعَاهَا فَقَالَ اجْلِسِي فِي بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ

۳۵۶۲- **أَخْبَرَنَا** قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحٰقَ عَنْ عَمَّتِهِ زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبٍ عَنِ الْفُرَيْعَةِ بِنْتِ مَالِكٍ أَنَّ زَوْجَهَا تَكَارَى عُلُوجًا لِيَعْمَلُوا لَهُ فَقَتَلُوهُ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَتْ إِنِّي لَسْتُ فِي مَسْكَنٍ لَهُ وَلَا يَجْرِي عَلَيَّ مِنْهُ رِزْقٌ أَفَأَنْتَقِلُ إِلٰى أَهْلِي وَيَتَامَايَ وَأَقُومُ عَلَيْهِمْ قَالَ افْعَلِي ثُمَّ قَالَ كَيْفَ قُلْتِ فَأَعَادَتْ عَلَيْهِ قَوْلَهَا قَالَ اعْتَدِّي حَيْثُ بَلَغَكِ الْخَبَرُ.

۳۵۶۳- **أَخْبَرَنَا** قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سَعْدِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنْ زَيْنَبَ عَنْ فُرَيْعَةَ أَنَّ زَوْجَهَا خَرَجَ فِي طَلَبِ أَعْلَاجٍ لَهُ فَقُتِلَ بِطَرَفِ الْقَدُومِ قَالَتْ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهُ النُّقْلَةَ إِلٰى أَهْلِي وَذَكَرْتُ لَهُ حَالًا مِنْ حَالِهَا قَالَتْ فَرَخَّصَ لِي فَلَمَّا أَقْبَلْتُ نَادَانِي فَقَالَ امْكُثِي فِي أَهْلِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ.

آپ نے رخصت دی اس کو دوسرے گھر میں چلے آنے کی جب وہ لوٹ کر اپنے گھر جانے لگی آپ نے بلایا اس کو اور فرمایا بیٹھ تو اپنے گھر میں جب تک کہ لکھا پورا ہو جائے ف۱

فریعہ بنت مالک سے روایت ہے میرے خاوند نے عجمی غلاموں کو نوکر رکھا کام کرنے کے لیے انہوں نے اس کو مار ڈالا پھر ذکر کیا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خاوند کے مرنے کا اور کہا فریعہ نے میرے خاوند کی ملک میں نہ تو کوئی مکان ہے اور نہ کوئی روزی کا ٹھکانا ہے میرے لیے میرے خاوند کی طرف سے میں چاہتی ہوں کہ اپنے لوگوں میں اٹھ جاؤں اور اپنے یتیموں میں جا کر رہوں اور ان کی خبر گیری کروں آپ نے فرمایا اس کو چلی جا پھر تھوڑی دیر کے بعد فرمایا کیسے بیان کیا تو نے فریعہ نے پھر سے بیان کی وہ بات جو کہہ چکی تھی آپ نے فرمایا وہیں عدت پوری کر جہاں تجھ کو خبر موت کی پہنچی ہے ف۲

فریعہ رض بنت مالک سے روایت ہے اُن کا خاوند اپنے غلاموں کی تلاش میں گیا اور مارا گیا قدوم کی راہ میں (قدوم نام ہے ایک جگہ کا مدینہ طیبہ کے رستے میں) پھر فریعہ کہتی ہے میں گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا میں نے میں چاہتی ہوں اپنے خاوند کے گھر سے چلی جاؤں اور اپنے کنبے کے لوگوں میں جا رہوں اور بیان کر دیا میں نے اپنا حال آپ کے روبرو آپ نے رخصت دی مجھ کو جب میں جانے لگی آپ نے فرمایا عدت پوری ہونے تک اپنے خاوند کے گھر میں رہ

---

ف۱ اس عورت نے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رخصت چاہی تھی اور کہا خاوند تو مر گیا ہے اس کا کوئی گھر نہیں اور نہ کھانے کو کچھ چھوڑ گیا ہے میں نے اپنے گھر والوں میں چلی جاؤں، پہلے آپ نے اس کو رخصت دی اس کے تھوڑی دیر کے بعد منع کیا اور حکم دیا کہ عدت گذار جہاں تیرا خاوند رہتا تھا تاکہ لکھا ہوا پورا ہو جائے۔ یعنی تیری عدت جتنی خدائے تعالیٰ نے لکھ دی ہے اتنی مدت پوری کر لے اور پھر وہاں سے اپنے گھر کو جا یہ بی بی ابو سعید خدری کی بہن تھی اور اس کا گھر بنی خدرہ میں تھا۔

ف۲۔ ایک جماعت سے یہ بات بھی مروی ہے کہ اگر عورت کو کچھ عذر ہو تو دن کے وقت نکل سکتی ہے اور اس جماعت میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور عبد اللہ بن مسعود رضی اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور امام ابو حنیفہ رح ہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۷۶۰ الرُّخْصَةِ لِلْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا اَنْ تَعْتَدَّ حَيْثُ شَاءَتْ

## باب عدت گذارنے کی رخصت کے بیان میں اس عورت کیلئے جس کا خاوند مرگیا ہو جہاں چاہے وہاں اپنی عدت گذارے۔

۳۵۶۴ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ قَالَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِي نُجَيْحٍ قَالَ عَطَاءٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ نَسَخَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ عِدَّتَهَا فِي اَهْلِهَا فَتَعْتَدُّ حَيْثُ شَاءَتْ وَهُوَ قَوْلُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ غَيْرَ اِخْرَاجٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے یہ آیت متاعًا الی الحول غیر اخراج جس میں یہ مطلب تھا کہ عورت عدت پوری کرے اپنے خاوند کے گھر میں منسوخ ہو گئی اب اس کو اختیار ہے جہاں چاہے عدت کرے (پہلے عورتوں کو میراث نہ تھی لیکن ایک برس تک روٹی کپڑا اور گھر رہنے کو ملتا تھا پھر جب میراث کا حکم ہوا تو پہلا حکم منسوخ ہو گیا اور عدت چار ماہ دس دن قرار پائی۔

---

## بَابُ ۱۷۶۱ عِدَّةِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا مِنْ يَوْمِ يَاْتِيهَا الْخَبَرُ

## جس عورت کا خاوند مرجائے اس کی عدت اسی دن سے ہے جس دن سے اس کو خبر آوے!

۳۵۶۵ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَتْنِي زَيْنَبُ بِنْتُ كَعْبٍ قَالَتْ حَدَّثَتْنِي فُرَيْعَةُ بِنْتُ مَالِكٍ اُخْتُ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَتْ تُوُفِّيَ زَوْجِي بِالْقَدُومِ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ لَهُ اَنَّ دَارَنَا شَاسِعَةٌ فَاَذِنَ لَهَا ثُمَّ دَعَاهَا فَقَالَ امْكُثِي فِي بَيْتِكِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ۔

فریعہ بنت مالک سے روایت ہے یہ فریعہ بہن ہے ابو سعید خدری کی فریعہ بیان کرتی ہے مرگیا خاوند میرا قدوم میں پھر آئی میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا میں نے ہمارا گھر بستی سے بہت دور ہے آپ نے اذن دیا مجھ کو پھر پکارا مجھ کو اور فرمایا ٹھہر دہیں اپنے گھر میں یعنی خاوند کے گھر چار ماہ دس یہاں تک کہ پہنچ جاوے لکھا اپنی مدت کو یعنی عدت پوری ہو جائے۔

---

## بَابُ ۱۷۶۲ تَرْكِ الزِّينَةِ لِلْحَادَّةِ الْمُسْلِمَةِ دُونَ الْيَهُودِيَّةِ وَالنَّصْرَانِيَّةِ

## ترک کرنا زینت کا واسطے سوگ کے مسلمان عورت کے لیئے ہے نہ یہودیہ اور نصرانیہ کے لیے

۳۵۶۶ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ وَاللَّفْظُ

زینب بنت ابی سلمہ رض نے بیان کیا ان تینوں حدیثوں کو حمید بن نافع سے کہا زینب نے گئی میں ام حبیبہ کے پاس جو بیوی

www.sirat-e-mustaqeem.com



لَهُ قَالَ أَنْبَأَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ بِهٰذِهِ الْأَحَادِيثِ الثَّلَاثَةِ قَالَتْ زَيْنَبُ دَخَلْتُ عَلَى أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُوهَا أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ فَدَعَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِطِيبٍ فَدَهَنَتْ مِنْهُ جَارِيَةً ثُمَّ مَسَّتْ بِعَارِضَيْهَا ثُمَّ قَالَتْ وَاللهِ مَا لِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ غَيْرَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَالَتْ زَيْنَبُ ثُمَّ دَخَلْتُ عَلَى زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حِينَ تُوُفِّيَ أَخُوهَا وَقَدْ دَعَتْ بِطِيبٍ وَمَسَّتْ مِنْهُ ثُمَّ قَالَتْ وَاللهِ مَا لِي بِالطِّيبِ مِنْ حَاجَةٍ غَيْرَ أَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ عَلَى الْمِنْبَرِ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ تُحِدُّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثِ لَيَالٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَقَالَتْ زَيْنَبُ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ تَقُولُ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ ابْنَتِي تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَدِ اشْتَكَتْ عَيْنُهَا أَفَأَكْحُلُهَا فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَقَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عِنْدَ رَأْسِ الْحَوْلِ قَالَ حُمَيْدٌ فَقُلْتُ لِزَيْنَبَ وَمَا تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عِنْدَ رَأْسِ الْحَوْلِ قَالَتْ زَيْنَبُ كَانَتِ الْمَرْأَةُ إِذَا تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا دَخَلَتْ حِفْشًا وَلَبِسَتْ شَرَّ ثِيَابِهَا وَلَمْ تَمَسَّ طِيبًا وَلَا شَيْئًا

تھیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اس وقت میں جب کہ ان کا باپ ابوسفیان بن حرب مرگیا تھا تو خوشبو منگائی بی بی ام حبیبہؓ نے اول لونڈی کے لگائی پھر ملی وہ خوشبو اپنے چہرے پر اور یوں فرمایا اللہ کی قسم مجھ کو خوشبو کی حاجت نہ تھی مگر اتنی بات کے لیے لگائی میں نے فرماتے ہوئے سنا رسول اللہ علیہ وسلم کو جو عورت یقین رکھتی ہو اللہ اور آخرت کے دن پر اس کے لیے حلال نہیں کسی کے لیے سوگ کرنا زیادہ تین راتوں سے پر خاوند کے لیے چار ماہ اور دس دن تک سوگ کرے حدیث دوسری یہ ہے زینبؓ بیان کرتی ہے گئی میں زینب بنت جحش کے وہاں جن دنوں ان کے بھائی مر گئے تھے انہوں نے خوشبو منگا کر لگائی اور کہا قسم ہے اللہ کی مجھے خوشبو کی حاجت نہ تھی لیکن میں سنا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منبر پر فرماتے تھے جو عورت یقین لائی اللہ پر اور پچھلے دن پر اس کے لیے درست نہیں کہ سوگ کرے کسی کے لیے تین راتوں سے زیادہ سوائے خاوند کے کیونکہ خاوند کا سوگ چار ماہ اور دس دن تک ہے تیسری حدیث کے بیان کے بیان میں زینب فرماتی ہیں میں نے ام سلمہؓ کو فرماتے ہوئے سنا آئی ایک عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی یارسول اللہ صلعم میری بیٹی کا خاوند مرگیا ہے اور اس کی آنکھیں دکھنے لگیں۔ اگر فرمائیں تو سرمہ لگایا کروں اس کی آنکھوں میں آپ نے فرمایا مت لگاؤ اور فرمایا یہ تو چار ماہ دس دن ہیں جاہلیت کے زمانے میں ہر ایک عورت مینگنی پھینکتی تھی سال تمام ہوئے پر حمید بن نافع کہتے ہیں میں نے زینب سے پوچھا مینگنی پھینکنے سے کیا مطلب ہے زینب نے بیان کیا جاہلیت کے زمانے میں جس عورت کا خاوند مرجاتا تھا وہ عورت ایک چھوٹی سی کوٹھڑی اور نہایت تنگ تاریک میں جا گھستی تھی اور برے سے برے کپڑے پہن لیتی تھی اور ایک سال کے گذرنے تک خوشبو وغیرہ کچھ نہ چھوتی تھی بعد ایک سال کے کوئی جانور لاتے گدھا یا بکری یا کوئی پرند

www.sirat-e-mustaqeem.com



حَتّٰى تَمُرَّ بِهَا سَنَةٌ ثُمَّ تُؤْتٰى بِدَابَّةٍ حِمَارٍ اَوْ شَاةٍ اَوْ طَيْرٍ فَتَفْتَضُّ بِهٖ فَقَلَّمَا تَفْتَضُّ بِشَيْءٍ اِلَّا مَاتَ ثُمَّ تَخْرُجُ فَتُعْطٰى بَعْرَةً فَتَرْمِيْ بِهَا وَتُرَاجِعُ بَعْدُ مَا شَاءَتْ مِنْ طِيْبٍ اَوْ غَيْرِهٖ قَالَ مَالِكٌ تَفْتَضُّ تَمْسَحُ بِهٖ فِيْ حَدِيْثِ مُحَمَّدٍ قَالَ مَالِكٌ الْحِفْشُ الْخُصُّ

پھر رگڑتی اپنی جلد اور بدن کو اس سے جس جانور کو وہ ملتی اور رگڑتی تھی وہ جانور مرجایا کرتا تھا بعد اس کے باہر نکلتی اس ڈربے سے اس وقت اس کو ایک اونٹ کی مینگنی دیتے اس کو پھینک دینے کے بعد جس طرف اس کا جی چاہتا میلان کرتی تھی یعنی چاہے خوشبو لگادے یا اور کوئی کام کرے اس کو اختیار ہوجاتا تھا امام مالک نے کہا اس حدیث میں جو تفتض کا لفظ ہے اس کے معنے یہ ہیں کہ ملے اپنے بدن کو اس پر اور محمد کی روایت میں مالک نے کہا کہ حفش خص کو کہتے ہیں یعنی نرکل کا جھونپڑ۔ ف

## بَابُ ۱۷۶۳ـ مَا تَجْتَنِبُ الْحَادَّةُ مِنَ الثِّيَابِ الْمُصَبَّغَةِ

## سوگ کرنے والی عورت کو رنگین کپڑے سے پرہیز کرنے کا بیان۔

۳۵۶۷ـ اَخْبَرَنَا حُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحِدُّ امْرَاَةٌ عَلٰى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ اِلَّا عَلٰى زَوْجٍ فَاِنَّهَا تُحِدُّ عَلَيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوْغًا وَلَا ثَوْبَ عَصْبٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمْتَشِطُ وَلَا تَمَسُّ طِيْبًا اِلَّا عِنْدَ طُهْرِهَا حِيْنَ تَطْهُرُ نُبَذًا مِنْ قُسْطٍ وَاَظْفَارٍ

ام عطیہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ سوگ کرے کوئی عورت کسی کے لیے تین دن رات سے زیادہ مگر خاوند کے لیے کیونکہ اس کے واسطے سوگ کرنا چار ماہ دس دن تک ہے اور نہ پہنے سوگ والی کپڑا رنگین اور نہ پہنے کپڑا عصب یعنی جس کا سوت رنگ کرنے کے بعد بنا گیا ہو جیسے سوسی یا چھینٹ یا اور ریشمی کپڑے اور نہ سرمہ لگائے اور نہ کنگھی کرے اور نہ خوشبو لگائے لیکن جب حیض سے پاک ہوجایا کرے تب تھوڑا سا قسط اور اظفار لگالیا کرے تو کچھ مضائقہ نہیں۔ ف۲

۳۵۶۸ـ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ بُدَيْلٌ عَنِ

بیوی ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس عورت کا خاوند مرجائے وہ عورت نہ پہنے کسم کے رنگ کا کپڑا اور سرخ پھولوں سے

---

ف اور باب کی مناسبت اس حدیث میں یہ ہے تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فرمایا ہے اور بعضی روایتوں میں تُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ بھی آیا ہے اس سے معلوم ہوا کہ یہودیہ اور نصرانیہ پر اس قسم کا سوگ کرنا واجب نہیں۔

ف۲ کنگھی کرنے سے بناؤ سنگار کرنا خوشبو لگا کر بالوں میں مراد ہے اور قسط ایک چیز ہوتی ہے اس ملک میں اور عرب میں بھی ہوتی ہے اور اظفار بھی ایک خوشبو کی چیز ناخون کی صورت پر ہوتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْحَسَنِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا لَا تَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ مِنَ الثِّيَابِ وَلَا الْمُمَشَّقَةَ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَكْتَحِلُ

رنگا ہوا اور خضاب نہ کرے اور نہ سرمہ لگائے۔ فا

## بَابُ ۱۷۶۴ الْخِضَابِ لِلْحَادَّةِ

## باب سوگ والی کے خضاب کرنے کے بیان میں

۳۵۶۹ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تُحِدَّ عَلَى مَيِّتٍ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَخْتَضِبُ وَلَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا۔

ام عطیہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں جائز ہے کسی عورت کو اگر ایمان رکھتی ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر یہ بات کہ سوگ کرے کسی پر تین دن سے زیادہ مگر اپنے خاوند پر اور نہیں درست سوگ والی کو سرمہ لگانا اور نہ خضاب کرنا اور نہ رنگا ہوا کپڑا پہننا۔

## بَابُ ۱۷۶۵ الرُّخْصَةِ لِلْحَادَّةِ أَنْ تَمْتَشِطَ بِالسِّدْرِ

## اس باب میں بیان ہے اس بات کا کہ سوگ والی کے لیے رخصت ہے سر دھونے کی بیری کے پتوں سے۔

۳۵۷۰ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ الْمُغِيرَةَ بْنَ الضَّحَّاكِ يَقُولُ حَدَّثَتْنِي أُمُّ حَكِيمٍ بِنْتُ أَسِيدٍ عَنْ أُمِّهَا أَنَّ زَوْجَهَا تُوُفِّيَ وَكَانَتْ تَشْتَكِي عَيْنَهَا فَتَكْتَحِلُ الْجِلَاءَ فَأَرْسَلَتْ مَوْلَاةً لَهَا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَسَأَلَتْهَا عَنْ كُحْلِ الْجِلَاءِ فَقَالَتْ لَا تَكْتَحِلُ إِلَّا مِنْ أَمْرٍ لَا بُدَّ مِنْهُ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ أَبُو سَلَمَةَ وَقَدْ جَعَلْتُ عَلَى عَيْنِي صَبِرًا فَقَالَ مَا هَذَا يَا أُمَّ سَلَمَةَ

ام حکیم بنت اسید اپنی ماں سے روایت کرتی ہے کہ خاوند ان کا مر گیا تھا اور ان دنوں اس کی آنکھیں دکھتی تھیں تو وہ جلا کا سرمہ (یعنی اثمد جو آنکھوں کو جلا دیتا ہے) لگایا کرتی آخر اس نے اپنی آزاد کی ہوئی لونڈی کو ام المومنین ام سلمہ کے پاس بھیجا کہ پوچھے ان سے روشنی اور بصارت کے سرمے کے لیے بیوی ام سلمہ نے فرمایا مت لگاؤ کوئی سا سرمہ مگر جس وقت کوئی ایسی ہی ضرورت پیش آوے تو مضائقہ نہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے تھے ان دنوں جب ابو سلمہ مر گئے تھے میرے پاس اور میں نے اپنی آنکھ پر ایلوا لگایا تھا آپ نے پوچھا کیا چیز ہے یہ اے

فا یعنی سرخ رنگ کرنا بالوں کو مہندی سے یا ہاتھوں کو لگانا مہندی ان سب باتوں سے منع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قُلْتُ إِنَّمَا هُوَ صَبِرٌ يَا رَسُولَ اللهِ لَيْسَ فِيهِ طِيبٌ قَالَ إِنَّهُ يَشُبُّ الْوَجْهَ فَلَا تَجْعَلِيهِ إِلَّا بِاللَّيْلِ وَلَا تَمْتَشِطِي بِالطِّيبِ وَلَا بِالْحِنَّاءِ فَإِنَّهُ خِضَابٌ قُلْتُ بِأَيِّ شَيْءٍ أَمْتَشِطُ يَا رَسُولَ اللهِ قَالَ بِالسِّدْرِ تُغَلِّفِينَ بِهِ رَأْسَكِ۔

ام سلمہ میں نے کہا ایلوا ہے یارسول اللہ اور اس میں خوشبو نہیں آپ نے فرمایا اس سے منہ کو چمک ہوتی ہے اے ام سلمہ پھر نہ لگا یعنی اس کو لگانا منظور ہو تو رات کو لگا لینا اور سر نہ دھویا کرو خوشبو دار چیز سے اور نہ مہندی سے اس لیے کہ مہندی خضاب کرنے کی چیز ہے بیوی ام سلمہ نے پوچھا پھر کس چیز سے سر دھویا کروں یارسول اللہ آپ نے فرمایا بیری کے پتے لگایا کرو اپنے سر کو یعنی بیری کے پتے سے سر دھو کر کنگھی کیا کرو۔

## بَابُ ١٧٦٦ النَّهْيِ عَنِ الْكُحْلِ لِلْحَادَّةِ

## سوگ کرنے والی کو سرمہ لگانے کی ممانعت کا بیان۔

٣٥٧١۔ أَخْبَرَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ وَهُوَ ابْنُ مُوسَى قَالَ حُمَيْدٌ وَحَدَّثَتْنِي زَيْنَبُ بِنْتُ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَأَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللهِ إِنَّ ابْنَتِي رَمِدَتْ أَفَأَكْحُلُهَا وَكَانَتْ مُتَوَفًّى عَنْهَا فَقَالَ أَلَا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا ثُمَّ قَالَتْ إِنِّي أَخَافُ عَلَى بَصَرِهَا فَقَالَ لَا إِلَّا أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ تَحِدُّ عَلَى زَوْجِهَا سَنَةً ثُمَّ تَرْمِي عَلَى رَأْسِ السَّنَةِ بِالْبَعْرَةِ۔

ام سلمہؓ سے روایت ہے آئی ایک عورت قریش میں کی اور کہنے لگی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میری بیٹی کی آنکھوں میں درد ہے فرمائیں تو سرمہ لگا دوں اور تھی اس عورت کی بیٹی خاوند کے مرنے کی عدت میں آپ نے فرمایا چار ماہ دس دن پورے ہونے کے بعد لگانا پھر اس عورت نے کہا مجھے اس کی بینائی کے جانے کا خوف ہے پھر آپ نے فرمایا چار ماہ دس دن ہوئے بغیر نہیں جائز آپ نے فرمایا تم میں کی ہر ایک عورت جاہلیت کے زمانے میں سوگ کرتی تھی خاوند کا برس روز تک پھر برس تمام ہوتے ہی مینگنی پھینکتی تھی۔

٣٥٧٢۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدِ ابْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّهَا أَنَّ امْرَأَةً أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَتْهُ عَنِ ابْنَتِهَا مَاتَ زَوْجُهَا وَهِيَ تَشْتَكِي قَالَ قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ تَحِدُّ السَّنَةَ ثُمَّ تَرْمِي الْبَعْرَةَ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ وَإِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

حضرت حمید بن نافع نے بیان کیا اس حدیث کو زینب بنت ابی سلمہؓ سے زینب نے اپنی ماں سے ان کی ماں ام سلمہؓ نے فرمایا آئی ایک عورت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور پوچھا اس نے اپنی بیٹی کے لیے جس کا خاوند مر گیا تھا اور اس کی آنکھیں دکھتی تھی آپ نے فرمایا ہر ایک عورت تم میں سے سوگ کیا کرتی تھی برس دن تک پھر برس ہوتے ہی مینگنی پھینکتی یہ تو چار ماہ دس ہی دن ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۷۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْدَانَ بْنِ عِيسَى ابْنِ مَعْدَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ أَعْيَنَ قَالَ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ مَوْلَى الْأَنْصَارِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ قُرَيْشٍ جَاءَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ ابْنَتِي تُوُفِّيَ عَنْهَا وَقَدْ خِفْتُ عَلَى عَيْنِهَا وَهِيَ تُرِيدُ الْكُحْلَ فَقَالَ قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ تَرْمِي بِالْبَعْرَةِ عَلَى رَأْسِ الْحَوْلِ وَإِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا فَقُلْتُ لِزَيْنَبَ مَا رَأْسُ الْحَوْلِ قَالَتْ كَانَتِ الْمَرْأَةُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا هَلَكَ زَوْجُهَا عَمَدَتْ إِلَى شَرِّ بَيْتٍ لَهَا فَجَلَسَتْ فِيهِ حَتَّى إِذَا مَرَّتْ بِهَا سَنَةٌ خَرَجَتْ فَرَمَتْ وَرَاءَهَا بِبَعْرَةٍ

ام سلمہؓ سے روایت ہے آئی ایک عورت قریش میں سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگی میری بیٹی کا خاوند مرگیا ہے اور میں ڈرتی ہوں اس کی آنکھوں پر کچھ صدمہ نہ آجائے بیوی ام سلمہ فرماتی ہیں اس کا ارادہ یہ تھا کہ اس کی آنکھوں میں سرمہ لگانے کی اجازت دیویں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا پہلے تم میں سے ہر ایک عورت مینگنی پھینکا کرتی تھی سال تمام ہونے پر یہ تو چار ماہ اور دس ہی دن ہیں حمید بن نافع نے زینب بنت ام سلمہؓ سے پوچھا اس الحول کا کیا قصہ ہے زینب بنت ابو سلمہؓ نے بیان کیا کہ جاہلیت کے زمانے میں جب کسی عورت کا خاوند مرجاتا تھا وہ عورت اپنے گھروں میں سے سب سے برے گھر میں جا رہتی تھی جب سال تمام ہوجاتا تب باہر نکلتی تھی اپنی پیٹھ پیچھے مینگنی پھینک کر۔

۳۵۷۴- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ أُمَّ سَلَمَةَ وَأُمَّ حَبِيبَةَ أَتَكْتَحِلُ فِي عِدَّتِهَا مِنْ وَفَاةِ زَوْجِهَا فَقَالَتْ أَتَتِ امْرَأَةٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَتْهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ قَدْ كَانَتْ إِحْدَاكُنَّ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا تُوُفِّيَ عَنْهَا زَوْجُهَا أَقَامَتْ سَنَةً ثُمَّ قَذَفَتْ خَلْفَهَا بِبَعْرَةٍ ثُمَّ خَرَجَتْ وَإِنَّمَا هِيَ أَرْبَعَةُ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا حَتَّى يَنْقَضِيَ الْأَجَلُ۔

بیوی زینب بنت ابی سلمہؓ سے روایت ہے پوچھا کسی عورت نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا اور ام حبیبہؓ سے خاوند کے مرنے کی عدت گزارنے والی کو سرمہ لگانا درست ہے کہ نہیں انہوں نے بیان کی وہ حدیث جو اوپر گذر چکی ہے

## بَابُ الْقُسْطِ وَالْأَظْفَارِ لِلْحَادَّةِ

## قسط یعنی کٹ اور اظفار کے استعمال کرنے کا بیان سوگ والی کے لیے!

۳۵۷۵- أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ الدُّورِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ رَخَّصَ لِلْمُتَوَفَّى عَنْهَا عِنْدَ طُهْرِهَا فِي الْقُسْطِ وَالْأَظْفَارِ۔

ام عطیہ سے روایت ہے رخصت دی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو جس کا خاوند مرگیا ہو پاک ہونے کے وقت قسط اور اظفار کا استعمال کرنے کے لیے۔ ف

ف یعنی جب عورت سوگ میں ہو اپنے خاوند کے ان دنوں میں کسی خوشبو کا لگانا عورت کے لیے درست نہیں مگر خون کی بدبو دور کرنے کے لیے حیض سے پاک ہونے کے بعد قسط یا اظفار اپنے بدن کو مل لیا کرے تو درست ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۶۶۸ نَسْخِ مَتَاعِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا بِمَا فُرِضَ لَهَا مِنَ الْمِيْرَاثِ

## باب ہے بیان میں اس بات کے کہ جس عورت کا خاوند مر جاتا تھا اس کو خرچ دلایا جاتا تھا سال بھر کا پھر وہ منسوخ ہو گیا بسبب مقرر ہونے میراث کے۔

۳۵۷۶- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى السِّجْزِيُّ خَيَّاطُ السُّنَّةِ قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ النَّحْوِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِاَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ نَسَخَ ذٰلِكَ بِاٰيَةِ الْمِيْرَاثِ مِمَّا فُرِضَ لَهَا مِنَ الرُّبُعِ وَالثُّمُنِ وَنَسَخَ اَجَلَ الْحَوْلِ اَنْ جُعِلَ اَجَلُهَا اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَعَشْرًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِاَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ کے بیان میں کہا ابن عباس نے منسوخ ہو گئی یہ آیت میراث کی آیت سے جس میں بیان فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے عورت کے لیے چوتھائی حصہ اور آٹھواں حصہ اور منسوخ ہو گیا حکم ایک سال تک عدت میں رہنے کا چار ماہ اور دس دن کے حکم سے۔ ف۲

۳۵۷۷- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ فِيْ قَوْلِهِ عَزَّوَجَلَّ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا وَصِيَّةً لِاَزْوَاجِهِمْ مَتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ قَالَ نَسَخَتْهَا وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا۔

حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ کے بیان میں کہا عکرمہ نے منسوخ کر دیا اس آیت کو وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا نے ف۳

## بَابُ ۱۶۶۹ الرُّخْصَةُ فِيْ خُرُوْجِ الْمَبْتُوْتَةِ مِنْ بَيْتِهَا فِيْ عِدَّتِهَا لِسُكْنَاهَا

## رخصت دی گئی ہے تین طلاق والی کو عدت کے دنوں میں اپنے گھر سے دوسری جگہ جانے کی

۳۵۷۸- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ

حضرت عبدالرحمٰن بن عاصم سے روایت ہے فاطمہ بنت قیس نے بیان کیا اس سے تھی وہ فاطمہ ایک آدمی مخزومی کے

---

ف۲ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ الخ ترجمہ اور جو لوگ تم میں مر جاویں اور چھوڑ جاویں عورتیں وصیت کر دیں اپنی عورتوں کے واسطے خرچ دینا ایک برس کا نہ نکال دینا پھر اگر وہ نکل جاویں تو گناہ نہیں اس آیت کے فائدے میں شاہ عبدالقادر رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے یہ حکم جب تھا کہ مردے کے اختیار پر رکھا تھا وارثوں کو دلوانا اب سب کے حصے اللہ صاحب نے ٹھہرا دیے عورت کا بھی ٹھہرا دیا اب مردے کا دلوانا موقوف ہوا یہی غرض ابن عباس رضی اللہ عنہ کی بھی ہے۔

ف۳ اور ترجمہ دوسری آیت کا اور جو لوگ مر جاویں تم میں چھوڑ جاویں عورتیں وہ انتظار کروا دیں اپنے تئیں چار ماہ اور دس دن یعنی برس روز تک عدت میں رہنا موقوف ہوا فقط چار ماہ اور دس دن کافی ہیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَاصِمٍ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ قَيْسٍ اَخْبَرَتْهُ وَكَانَتْ عِنْدَ رَجُلٍ مِنْ بَنِي مَخْزُوْمٍ اَنَّهُ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا وَخَرَجَ اِلٰى بَعْضِ الْمَغَازِيْ وَاَمَرَ وَكِيْلَهُ اَنْ يُعْطِيَهَا بَعْضَ النَّفَقَةِ فَتَقَالَّتْهَا فَانْطَلَقَتْ اِلٰى بَعْضِ نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ عِنْدَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ طَلَّقَهَا فُلَانٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا بِبَعْضِ النَّفَقَةِ فَرَدَّتْهَا وَزَعَمَ اَنَّهُ شَيْءٌ تَطَوَّلَ بِهٖ قَالَ صَدَقَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَقِلِيْ اِلٰى اُمِّ كُلْثُوْمٍ فَاعْتَدِّيْ عِنْدَهَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ اُمَّ كُلْثُوْمٍ امْرَاَةٌ يَكْثُرُ عُوَّادُهَا فَانْتَقِلِيْ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهُ اَعْمٰى فَانْتَقَلَتْ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ فَاعْتَدَّتْ عِنْدَهُ حَتّٰى انْقَضَتْ عِدَّتُهَا ثُمَّ خَطَبَهَا اَبُو الْجَهْمِ وَمُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِيْ سُفْيَانَ فَجَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَاْمِرُهُ فِيْهِمَا فَقَالَ اَمَّا اَبُو الْجَهْمِ فَرَجُلٌ اَخَافُ عَلَيْكِ قَسْقَاسَتَهُ لِلْعَصَا وَاَمَّا مُعَاوِيَةُ فَرَجُلٌ اَمْلَقُ مِنَ الْمَالِ فَتَزَوَّجَتْ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ بَعْدَ ذٰلِكَ۔

پاس اس آدمی نے طلاق دی فاطمہ کو تین طلاقیں اور آپ چلا گیا کسی جہاد میں اور اپنے وکیل سے کہہ گیا کہ اس کو کچھ خرچ دے دینا اس وکیل نے کچھ دیا اور فاطمہ نے اس کو تھوڑا اور کم جان کر پھیر دیا اور گئی رسول اللہ صلعم کے گھر کسی بیوی کے پاس اتنے میں آئے رسول اللہ صلعم اور فاطمہ گھر میں موجود تھی اس وقت اور کہنے لگی یا رسول اللہ میں فاطمہ بنت قیس ہوں طلاق دی مجھے فلاں نے آدمی نے اور بھیجا کسی کے ہاتھ میرے پاس کچھ نفقہ میں نے پھیر دیا اس کو کم جان کر وہ آدمی کہتا ہے اتنا دینا بھی تمہارا احسان ہے آپ نے فرمایا سچ کہتا ہے وہ آدمی اب جا تو اپنی عدت پوری کر ام کلثوم کے یہاں یہ کہہ کر پھر فرمایا ام کلثوم کے گھر میں لوگوں کی آمد و رفت بہت ہے تو عبداللہ بن ام مکتوم کے یہاں چلی جا کیونکہ وہ اندھا آدمی ہے فاطمہ کہتی ہیں چلی گئی میں عبداللہ کے پاس وہیں پوری کی میں نے اپنی عدت پھر پورے ہو چکے عدت کے دن اس وقت پیغام بھیجا میرے پاس ابوجہم نے اور معاویہ بن ابی سفیان نے پھر گئی میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور صلاح لی میں نے آپ سے ان دونوں کے باب میں آپ نے فرمایا مجھے خوف ہے ابوجہم کے لٹھ کا اور معاویہ تو مفلس آدمی ہے فاطمہ کہتی ہے میں نے نکاح کر لیا اسامہ بن زید سے یہ بات سننے کے بعد۔

۳۵۷۹- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّهَا اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ اَبِيْ عَمْرِو بْنِ حَفْصِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ فَطَلَّقَهَا اٰخِرَ ثَلَاثِ تَطْلِيْقَاتٍ فَزَعَمَتْ فَاطِمَةُ اَنَّهَا جَاءَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْهُ فِيْ خُرُوْجِهَا مِنْ بَيْتِهَا فَاَمَرَهَا اَنْ تَنْتَقِلَ اِلَى ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ الْاَعْمٰى فَاَبٰى مَرْوَانُ اَنْ يُصَدِّقَ فَاطِمَةَ فِيْ خُرُوْجِ الْمُطَلَّقَةِ

فاطمہ بنت قیس سے روایت ہے تھی فاطمہ بنت قیس جورو ابی عمرو بن حفص کی پھر طلاق دیدی اس نے فاطمہ کو اخیر طلاق جو باقی رہ گئی تھی تین طلاقوں میں سے فاطمہ بیان کرتی ہے میں گئی رسول اللہ صلعم کے پاس اور اجازت چاہی میں نے نے اپنے گھر سے نکلنے کی پھر حکم دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے خاوند کے گھر سے چلے جانے کے لیے ابن ام مکتوم نابینا کے گھر کو راوی کہتا ہے مروان بن حکم نے انکار کیا اس مسئلہ کا اور فاطمہؓ کو اس بات کے بیان میں سچی نہ سمجھا اور عروہ فرماتے ہیں حضرت عائشہؓ نے بھی

www.sirat-e-mustaqeem.com



مِنْ بَيْتِهَا قَالَ عُرْوَةُ اَنْكَرَتْ عَائِشَةُ ذٰلِكَ عَلٰى فَاطِمَةَ۔

انکار کیا فاطمہؓ کی بات کا۔

٣٥٨٠۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ فَاطِمَةَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَوْجِيْ طَلَّقَنِيْ ثَلَاثًا وَاَخَافُ اَنْ يُقْتَحَمَ عَلَيَّ فَاَمَرَهَا فَتَحَوَّلَتْ۔

فاطمہؓ سے روایت ہے کہا میں نے یا رسول اللہ میرا خاوند طلاق دے چکا مجھ کو تین طلاقیں میں ڈرتی ہوں نہ آجاوے میرے پاس کوئی چور وغیرہ آپ نے حکم دیا اس کو وہ وہاں سے چلی آئی۔

٣٥٨١۔ اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ مَاهَانَ بَصْرِيٌّ عَنْ هُشَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ وَحُصَيْنٌ وَمُغِيْرَةُ وَدَاوُدُ بْنُ اَبِيْ هِنْدٍ وَاِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ وَذَكَرَ اٰخَرِيْنَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ فَسَاَلْتُهَا عَنْ قَضَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ طَلَّقَهَا زَوْجُهَا الْبَتَّةَ فَخَاصَمَتْهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةِ قَالَتْ فَلَمْ يَجْعَلْ لِيْ سُكْنٰى وَلَا نَفَقَةً وَاَمَرَنِيْ اَنْ اَعْتَدَّ فِيْ بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ۔

حضرت شعبی سے روایت ہے آئی میرے پاس فاطمہ بنت قیس پوچھا میں نے اس سے وہ فیصلہ جو کیا تھا رسول اللہ صلعم نے اس کے مقدمہ میں پھر بیان کیا اس قصے کو فاطمہ نے جھگڑا کیا میں نے اس مقدمہ میں اپنے خاوند کے وکیل سے رسول اللہ صلعم کے پاس اور گفتگو کی میں نے مکان اور نفقے کے لیے فاطمہؓ بیان کرتی ہیں نہ دلایا گیا مجھے مکان اور نہ نفقہ اور حکم کیا مجھ کو عدت گذارنے کے لیے ابن ام مکتوم کے گھر میں۔

٣٥٨٢۔ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْبَكْرِ بْنُ اِسْحٰقَ الصَّاغَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا عَمَّارٌ هُوَ ابْنُ رُزَيْقٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ طَلَّقَنِيْ زَوْجِيْ فَاَرَدْتُ النُّقْلَةَ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْتَقِلِيْ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ عَمِّكِ عَمْرِو بْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاعْتَدِّيْ فِيْهِ فَحَصَبَهُ الْاَسْوَدُ وَقَالَ وَيْلَكَ لِمَ تُفْتِيْ بِمِثْلِ هٰذَا قَالَ عُمَرُ اِنْ جِئْتِ بِشَاهِدَيْنِ يَشْهَدَانِ اَنَّهُمَا سَمِعَاهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاِلَّا لَمْ نَتْرُكْ كِتَابَ اللّٰهِ بِقَوْلِ امْرَاَةٍ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ۔

حضرت شعبی سے روایت ہے کہا فاطمہ بنت قیس نے طلاق دی خاوند نے مجھے میں ارادہ کیا اس کے گھر سے چلے جانے کا اور آئی میں رسول اللہ صلعم کے پاس آپ نے حکم دیا عمرو بن ام مکتوم کے گھر میں عدت گذارنے کے لیے یہ سن کر اسود نے فاطمہ کو کنکروں سے مارا اور کہا خرابی ہو تیری کیوں ایسا مسئلہ بیان کرتی ہے اور کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اگر لائے گی تو دو گواہ ایسے کہ گواہی دیں وہ دونوں کہ ہم نے سنا ہے رسول اللہ صلعم سے تو قبول کریں گا ہیں نہیں تیری بات کو نہیں تو ہم نہ چھوڑیں گے اللہ تعالیٰ کی کتاب کو ایک عورت کے کہنے پر اور وہ اللہ کی کتاب میں جو حکم ہے وہ یہ ہے لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ
ترجمہ یعنی مت نکالو ان کو ان کے گھروں سے اور وہ بھی نہ نکلیں مگر جو کریں صریح بے حیائی[2]

---

[1] یعنی مروان بن حکم کے نزدیک اور عائشہ کے نزدیک تین طلاق والی عورت کو گھر سے نکل کر جانا درست نہیں اس کی وجہ یہ کہ انہوں نے فاطمہ کے قصے کو غلط کہا ہے اور فاطمہ م

[2] یعنی نہ عورت کو گھر سے زبردستی کر کے مرد نکالے اور نہ خود باہر نکلے ہاں اگر کوئی کام بے حیائی کا کام کرے اس وقت نکال دینا مضائقہ نہیں حضرت عمر نے اس آیت کو دلیل پکڑ کر اس عورت سے کہا تو اپنے دعوے پر دو گواہ لائے گی تو ہم مانیں گے ورنہ آیت کے موافق جو ہم کو معلوم ہوتا ہے اس پر عمل کریں گے اور محدثین کے نزدیک فاطمہ بنت قیس کی حدیث صحیح ہے اس میں کچھ کلام نہیں حاصل یہ ہے مطلقہ مبتوتہ یعنی جس کو تین طلاق قطعی ہو گئی ہوں اس کے لیے نہ نفقہ ہے اور نہ سکنٰی اور مطلقہ رجعیہ کے لیے نفقہ بھی ہے اور سکنٰی بھی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## باب ۱۷۷۰ خروج المتوفى عنها بالنهار

## دن کو باہر نکلنا اس عورت کا جس کا خاوند مر گیا ہو یہ باب اس بات کے بیان میں ہے!

۳۵۸۳۔ اخبرنا عبد الحمید بن محمد قال حدثنا مخلد قال حدثنا ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر قال طلقت خالتہ فارادت ان تخرج الی نخل لها فلقیت رجلا فنهاها فجاءت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال اخرجی نخلک لعلک ان تصدقی و تفعلی معروفا۔

حضرت جابر سے روایت ہے طلاق ہوئی ان کی خالہ کو اور ان کی خالہ نے چاہا کہ جائے اپنے کھجوروں کے باغ کو ملا ان کو کوئی آدمی منع کیا اس نے باغ کے جانے سے پھر آئی جابر کی خالہؓ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا اس کو جا کر توڑ میوہ اپنی کھجوروں کا، البتہ تو صدقہ اور خیرات کریگی اور دیگی اس میں سے لوگوں کو بطور احسان کے۔

## باب ۱۷۷۱ نفقة البائنة

## اس باب میں بائن کے نفقے کا بیان ہے

۳۵۸۴۔ اخبرنا احمد بن عبد الله بن الحکم قال حدثنا محمد بن جعفر قال حدثنا شعبة عن ابی بکر بن حفص قال دخلت انا و ابو سلمة على فاطمة بنت قیس قالت طلقنی زوجی فلم یجعل لی سکنى و لا نفقة قالت فوضع لی عشرة اقفزة عند ابن عم له خمسة شعیر و خمسة تمر فاتیت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت له ذلک فقال صدق و امرنی ان اعتد فی بیت فلان و کان زوجها طلقها طلاقا بائنا

حضرت ابوبکر بن حفص سے روایت ہے گیا میں اور ابوسلمہ فاطمہ بنت قیس کے پاس بیان کیا فاطمہ نے ہم سے طلاق دی مجھے میرے خاوند نے اور نہ دیا مجھ کو رہنے کا گھر اور نہ کھانے کے لیے خرچ اور رکھ دیئے دس ناپ اپنے چچا کے بیٹے کے یہاں پانچ ناپ جو کے اور پانچ کھجور کے پھر آئی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور بیان کیا میں نے یہ حال آپ نے فرمایا وہ جو کہتا ہے وہی سچ ہے اور حکم کیا مجھ کو عدت کا فلانے کے گھر میں اور اس کے خاوند نے اس کو طلاق بائن دی تھی۔

## باب ۱۷۷۲ نفقة الحامل المبتوتة

## حاملہ مبتوتہ کے نفقہ کا بیان

۳۵۸۵۔ اخبرنا عمرو بن عثمان بن سعید بن کثیر بن دینار قال حدثنا ابی عن شعیب قال قال الزهری اخبرنی عبید الله بن عبد الله بن عتبة ان عبد الله بن عمرو بن عثمان طلق ابنة سعید ابن زید و امها حمنة بنت قیس البتة فامرتها خالتها فاطمة بنت قیس بالانتقال من بیت عبد الله بن عمرو و سمع بذلک مروان فارسل الیها فامرها ان ترجع الی مسکنها حتى

حضرت عبید اللہ بن عبد اللہ عتبہ سے روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن عثمان نے طلاق دی سعید بن زید کی لڑکی کو اور اس لڑکی کی ماں کا نام حمنہ بنت قیس تھا اور طلاق بتہ دی تھی اس کو یعنی ایسی طلاق جس سے بالکل علاقہ ٹوٹ جائے اور مرد کو اس کے ساتھ بغیر دوسری شادی کے نکاح ناجائز ہو اس عورت کی خالہ فاطمہ بنت قیس تھی اس نے اس کو کہلا بھیجا کہ عبد اللہ بن عمرو بن عثمان کے گھر میں مت رہ وہاں سے چلی آ پھر سنی یہ بات مروان نے تو عبد اللہ بن عمرو بن عثمان کی جورو کو کہلا بھیجا کہ پھر اپنے گھر میں آ کر رہے عدت پوری ہونے تک عبد اللہ بن عمرو کی

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَنْقَضِيَ عِدَّتُهَا فَأَرْسَلْتُ إِلَيْهِ تُخْبِرُهُ أَنَّ خَالَتَهَا فَاطِمَةَ أَفْتَتْهَا بِذٰلِكَ وَأَخْبَرَتْهَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْتَاهَا بِالْاِنْتِقَالِ حِيْنَ طَلَّقَهَا أَبُوْ عَمْرِو بْنُ حَفْصٍ الْمَخْزُوْمِيُّ فَأَرْسَلَ مَرْوَانُ قَبِيْصَةَ بْنَ ذُؤَيْبٍ إِلٰى فَاطِمَةَ فَسَأَلَهَا عَنْ ذٰلِكَ فَزَعَمَتْ أَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ أَبِيْ عَمْرٍو لَمَّا أَمَّرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ أَبِيْ طَالِبٍ عَلَى الْيَمَنِ خَرَجَ مَعَهُ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا بِتَطْلِيْقَةٍ وَهِيَ بَقِيَّةُ طَلَاقِهَا فَأَمَرَ لَهَا الْحٰرِثَ ابْنَ هِشَامٍ وَعَيَّاشَ ابْنَ أَبِيْ رَبِيْعَةَ بِنَفَقَتِهَا فَأَرْسَلَتْ إِلَى الْحٰرِثِ وَعَيَّاشٍ تَسْأَلُهُمَا النَّفَقَةَ الَّتِيْ أَمَرَ لَهَا بِهَا زَوْجُهَا فَقَالَا وَاللّٰهِ مَا لَهَا عَلَيْنَا نَفَقَةٌ إِلَّا أَنْ تَكُوْنَ حَامِلًا وَمَا لَهَا أَنْ تَسْكُنَ فِيْ مَسْكَنِنَا إِلَّا بِإِذْنِنَا فَزَعَمَتْ فَاطِمَةُ أَنَّهَا أَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَصَدَّقَهُمَا قَالَتْ فَقُلْتُ أَيْنَ أَنْتَقِلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ انْتَقِلِيْ عِنْدَ ابْنِ أُمِّ مَكْتُوْمٍ وَهُوَ الْأَعْمَى الَّذِيْ عَاتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ فِيْ كِتَابِهِ فَانْتَقَلْتُ عِنْدَهُ فَكُنْتُ أَضَعُ ثِيَابِيْ عِنْدَهُ حَتّٰى أَنْكَحَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَعَمَتْ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ ـ

جو روت نے کسی آدمی کی زبانی خبر دی مروان کو کہ مجھے میری خالہ فاطمہ نے فتویٰ دیا تھا گھر سے چلی جائیگا اور بیان کیا تھا مجھ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فتویٰ دیا تھا اس کو گھر سے چلی جانے کے لیے اس وقت جب طلاق دی تھی اس کو اس کے خاوند ابوعمرو بن حفص نے جب یہ قصہ سنا مروان نے اس وقت بھیجا قبیصہ بن ذویب کو (نام ہے آدمی کا) فاطمہ کے پاس پھر پوچھا قبیصہ نے اس وقت فاطمہ سے یہ قصہ اس نے بیان کیا کہ میرا خاوند تھا ابوعمرو وہ چلا گیا تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ یمن کو، ان دنوں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ کو یمن کا خلیفہ کیا تھا وہاں جاکر میرے خاوند نے طلاق کہلا بھیجی وہ طلاق جو باقی رہ گئی تھی اور حارث بن ہشام اور عیاش بن ابی ربیعہ کو کہدیا تھا کہ نفقہ دے دیں مجھ کو میں نے اپنا آدمی بھیجا ان کے پاس وہ خرچ مانگنے کے لیے جو میرے واسطے خاوند نے دینے کے لیے کہا تھا ان دونوں نے کہا واللہ ہمارے پاس اس کے لیے نفقہ نہیں مگر ہاں اگر وہ حاملہ ہوتی تو البتہ اس کے لیے نفقہ تھا اور اب وہ ہمارے گھر میں بھی نہ رہے جب تک ہم نہ کہیں فاطمہ کہتی ہے میں آئی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا آپ کے روبرو یہ ماجرا آپ نے انہی دونوں کو سچا ٹھیرایا میں نے پوچھا میں کہاں چلی جاؤں یارسول اللہ آپ نے فرمایا ابن ام مکتوم کے یہاں چلی جا اور ابن ام مکتوم وہی اندھا آدمی ہے جس کی خاطر عتاب کیا اللہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی کتاب میں پھر چلی گئی اس کے پاس میں رہتی تھی اس کے پاس اور اتار دیتی تھی اپنے کپڑے یعنی بسبب گرمی وغیرہ کے بے تکلف کپڑے اتار کر بیٹھ رہتی تھی پھر نکاح کرا دیا میرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

## باب ١٦٧٣ الاقراء

## قرء کسے کہتے ہیں

### (اور شارع نے کس معنے کے لیے بولا ہے)

٢٥٨٦- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ بْنُ أَبِيْ حَبِيْبٍ

فاطمہ بنت ابی حبیش سے روایت ہے آئی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور شکوہ کیا آپ کے پاس خون جاری ہونے کا آپ نے فرمایا اس کو یہ خون کسی رگ سے آتا ہے یعنی رحم سے نہیں آتا

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنِ الْمُنْذِرِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ فَاطِمَةَ ابْنَةَ اَبِيْ حُبَيْشٍ حَدَّثَتْهُ اَنَّهَا اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَتْ اِلَيْهِ الدَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَانْظُرِيْ اِذَا اَتَاكِ قُرْؤُكِ فَلَا تُصَلِّيْ فَاِذَا مَرَّ قُرْؤُكِ فَلْتَطَهَّرِيْ قَالَ ثُمَّ صَلِّيْ مَا بَيْنَ الْقُرْءِ اِلَى الْقُرْءِ

تو نظر رکھ جب آوے تجھ کو قرو یعنی حیض اس وقت نماز مت پڑھا کر جب گذر جاویں حیض کے دن اس وقت پاک ہو جایا کرے تو راوی بیان کرتا ہے آپ نے اس کو فرمایا ما بین دونوں حیضوں کے نماز پڑھا کر (ف۱)

## باب ۱۷۴ نَسْخُ الْمُرَاجَعَةِ بَعْدَ التَّطْلِيْقَاتِ الثَّلَاثِ

## اس باب میں تین طلاق کے بعد رجوع کرنے کے منسوخ ہونے کا بیان ہے!

۳۵۸۷۔ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ النَّحْوِيُّ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهِ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا وَقَالَ وَاِذَا بَدَّلْنَا اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ الْاٰيَةَ وَقَالَ يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ فَاَوَّلُ مَا نُسِخَ مِنَ الْقُرْاٰنِ الْقِبْلَةُ وَقَالَ وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلَاثَةَ قُرُوْءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ اَرْحَامِهِنَّ اِلٰى قَوْلِهِ اِنْ اَرَادُوْا اِصْلَاحًا وَذٰلِكَ بِاَنَّ الرَّجُلَ كَانَ اِذَا طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ فَهُوَ اَحَقُّ بِرَجْعَتِهَا وَاِنْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَنَسَخَ ذٰلِكَ وَقَالَ الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تفسیر میں اس آیت کے مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَا اَوْ مِثْلِهَا یعنی جو ہم موقوف کرتے ہیں ہم کوئی آیت یا بھلا دیتے ہیں تو پہنچاتے ہیں ہم اس سے بہتر یا اس کے برابر اور بیان کیا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد دوسری آیت کو یعنی وَاِذَا بَدَّلْنَا اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْا اِنَّمَا اَنْتَ مُفْتَرٍ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ یعنی اور جب بدلتے ہیں ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت کو اللہ بہتر جانتا ہے جو اتارتا ہے تو کہتے ہیں۔ تو تو بنا لاتا ہے یوں نہیں پر ان بہتوں کو معلوم نہیں یَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَاءُ وَيُثْبِتُ وَعِنْدَهٗ اُمُّ الْكِتَابِ یعنی مٹاتا ہے اللہ جو چاہے اور رکھتا ہے اور اسی کے پاس ہے اصل کتاب اس کے بعد ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پہلے جو حکم قرآن میں سے منسوخ ہوا وہ قبلہ تھا اور کہا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے وَالْمُطَلَّقَاتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْءٍ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ

---

ف۱۔ یعنی جب حیض کی مدت کے دن آئیں ان دونوں میں نماز چھوڑ دینا چاہیئے اور باقی دنوں میں نماز پڑھنا چاہیئے اور قرء کے معنے حیض کے بیان فرمائے ہیں اس حدیث میں۔)

ف۲۔ شاید ابن عباس کی غرض یہ ہے کہ منسوخ ہونے کا بھید خدائے تعالیٰ کو معلوم ہے اور دوسری یہ بات ہے کہ اس کو اپنے حکم میں تبدیل اور تغیر کا اختیار ہے جیسے دوسری آیت میں فرمایا ہے)

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْا اِصْلَاحًا

یعنی اور طلاق والی عورتیں انتظار کروا دیں اپنے تئیں تین حیض تک اوران کو حلال نہیں کہ چھپا رکھیں جو پیدا کیا اللہ نے ان کے پیٹ میں اگر ایمان رکھتی ہیں اللہ پر اور پچھلے دن پر اوران کے خاوند دل کو پہنچتا ہے پھیر لینا ان کا اتنی دیر میں اگر چاہیں صلح کرنی اس آیت کو بیان کرکے فرماتے ہیں یہ معاملہ یوں تھا کہ جو آدمی اپنی جورو کو طلاق دیتا تھا وہ آدمی اس کو اپنے نکاح میں لانیکا زیادہ مستحق تھا اگرچہ تین طلاقیں بھی دیتا تھا پھر اللہ جل شانہ نے منسوخ کیا اس حکم کو اور فرمایا اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ یعنی طلاق ہے دو بار تک پھر رکھنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا نیکی سے ف١

## بَابُ ١٧٧٥ الرَّجْعَةِ

## باب رجوع کرنیکے بیان میں عورت کی طرف سے

٣٥٨٨- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ يُوْنُسَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَاَتِيْ وَهِيَ حَائِضٌ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرُ فَذَكَرَ لَهٗ ذٰلِكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا فَاِذَا طَهُرَتْ يَعْنِيْ فَاِنْ شَاءَ فَلْيُطَلِّقْهَا قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ فَاحْتَسَبْتَ مِنْهَا فَقَالَ مَا يَمْنَعُهَا اَرَاَيْتَ اِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ قَالَ اَنْبَاَنَا يَحْيَى ابْنُ اٰدَمَ عَنِ ابْنِ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ ح وَ

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں طلاق دی میں نے اپنی جورو کو حیض کے ایام میں یہ بات ذکر کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ نے فرمایا اس سے کہہ کر رجوع کرلے پھر جب وہ پاک ہوجائیگی تو اس کو اختیار ہے چاہے رکھے اس کو یا طلاق دیدے ابن عمر رضی اللہ عنہ کے شاگرد نے پوچھا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کیا اس اول طلاق کا بھی حساب کیا جائیگا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کونسی چیز مانع ہے حساب کرنے سے تو سمجھ اگر کوئی عاجز ہو جائے یا حماقت کرے جو طلاق دی گئی ہے وہ تو حساب میں آئیگی۔ (ف١)

ف١ یعنی تین طلاق کے بعد رجوع کرنا جائز نہیں دو طلاق تک رجوع کرسکتا ہے یہاں اس حدیث کو اسی غرض کے واسطے لائے ہیں یعنی تین طلاق کے بعد رجوع پہلے تھا اب منسوخ ہوا الطلاق مرتان کے فرمانے سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٥٨٩ أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ وَمُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالُوا إِنَّ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ عُمَرُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى فَإِذَا طَهُرَتْ فَإِنْ شَاءَ طَلَّقَهَا وَإِنْ شَاءَ أَمْسَكَهَا فَإِنَّهُ الطَّلَاقُ الَّذِي أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ قَالَ تَعَالَى فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ۔

حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت ہے کہ طلاق دی ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی جورو کو حیض کے دنوں میں یہ بات ذکر کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے فرمایا کہ اس سے رجوع کرے اس کو دوسرا حیض آنے تک پھر جب وہ پاک ہو جائے اس کا جی چاہے طلاق دے اس کو یا درکھ رے اس واسطے کہ یہ طلاق اللہ کے حکم کے موافق ہے چنانچہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ یعنی طلاق دو ان کو عدت پر ف٢

٣٥٩٠ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا سُئِلَ عَنِ الرَّجُلِ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَيَقُولُ أَمَّا إِنْ طَلَّقَهَا وَاحِدَةً أَوِ اثْنَتَيْنِ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا ثُمَّ يُمْسِكَهَا حَتَّى تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقَهَا قَبْلَ أَنْ يَمَسَّهَا وَأَمَّا إِنْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَقَدْ عَصَيْتَ اللَّهَ فِيمَا أَمَرَكَ بِهِ مِنْ طَلَاقِ امْرَأَتِكَ وَبَانَتْ مِنْكَ امْرَأَتُكَ

حضرت نافع سے روایت ہے جب پوچھا جاتا مسئلہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ایسے آدمی کا جس نے طلاق دی اپنی جورو کو حیض میں ابن عمرؓ فرماتے ہیں اگر اس آدمی نے ایک طلاق، دی ہے یا دو تو ایسی صورت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا ہے رجوع کرے وہ آدمی اپنی جورو کی طرف یعنی اس کو اپنے سے جدا نہ کرے بلکہ روکے اس کو دوسرے حیض آنے تک پھر جب وہ پاک ہو جائے پھر طلاق دے اس کو پہلے جماع کرنے سے اور اگر اس آدمی نے تین طلاق دیدیں ایک بار حیض کے ایام میں اس نے بے شک نافرمانی کی اللہ کی اس امر میں جس کا اس کو حکم کیا تھا اللہ نے یعنی عورت کو طلاق دینے کا طریقہ اس کو بتایا تھا اس نے اس کے موافق کام نہ کیا لیکن عورت تین طلاق دینے سے مرد کے نکاح سے باہر ہو گئی۔

٣٥٩١ أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ عِيسَى مَرْوَزِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى قَالَ حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَأَمَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَاجَعَهَا۔

ترجمہ وہی جو اوپر گذر گیا۔

---

ف١ یعنی اگر رجوع کرنے سے عاجز ہو گیا اور اس عورت کو اپنی نادانی اور حماقت سے طلاق دے بیٹھا تو طلاق رائیگاں نہ جائیگی بلکہ حساب میں آئیگی۔

ف٢ طلاق دو عدت پر یعنی حیض ہیں حیض سے پہلے دو کہ سارا حیض گنتی میں آئے اور اس پاکی میں نزدیکی نہ کی ہو (موضح القرآن)

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۹۲- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْعَاصِمٍ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِيْهِ ابْنُ طَاؤسٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ يُسْاَلُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ حَائِضًا فَقَالَ اَتَعْرِفُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ حَائِضًا فَاَتٰى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ الْخَبَرَ فَاَمَرَهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا حَتّٰى تَطْهُرَ وَلَمْ اَسْمَعْهُ يَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا۔

حضرت ابن طاؤس اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں ان کے باپ نے سنا عبداللہ بن عمرؓ سے اس وقت جب پوچھا گیا مسئلہ اس آدمی کا جس نے طلاق دی اپنی عورت کو حیض میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے پوچھنے والے کو کہا تو عبداللہ بن عمر کو پہچانتا ہے کہ نہیں اس نے کہا ہاں پہچانتا ہوں ابن عمرؓ نے بیان کیا اس پوچھنے والے سے اس طرح کہ عبداللہ بن عمرؓ یعنی میں نے طلاق دی تھی اپنی عورت کو حیض میں اس بات کی خبر دی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ نے فرمایا کہ عبداللہ بن عمرؓ سے رجوع کرے پاک ہونے تک اس عورت کو راوی بیان کرتا ہے اس سے زیادہ نہیں بیان کیا اس نے مجھ سے فا

۳۵۹۳- اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَنْبَاَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ ح وَاَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُوْسَعِيْدٍ قَالَ نُبِّئْتُ عَنْ يَحْيَى بْنِ زَكَرِيَّا عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ عَمْرٌو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ طَلَّقَ حَفْصَةَ ثُمَّ رَاجَعَهَا وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔

ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طلاق دی حفصہ رضی اللہ عنہا کو پھر رجوع کر لیا تھا۔ فٰ

---

فٰ جیسے پہلی روایتوں میں اور باتیں زیادہ ہیں وہ اس روایت میں نہیں تو یہ مختصر ہے۔

فٰ ابن قیمؒ نے بیان کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام میں رجعت کا لفظ تین معنی پر آیا ہے ایک تو نکاح کے معنی کے لیے جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا اَنْ يَّتَرَاجَعَا یعنی وہ شخص اس کو یعنی عورت کو طلاق دے تب گناہ نہیں ان دونوں پر کہ پھر مل جائیں یعنی اگر وہ عورت کو دوسرے خاوند نے طلاق دی تو پہلا خاوند اس سے نکاح کرے تو گناہ نہیں اب یہاں رجعت کے معنی نکاح کرنے کے ہوئے اور دوسرے معنی یہ ہیں لوٹانا چیز کو طرف اس حال کے جس حال پر پہلے تھی جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو نعمان بن بشیر کو فرمایا تھا رجوع کر یعنی پھیر لے تو غلام جو دیا ہے تو نے اپنے ایک بیٹے کو اور دوسرے بیٹوں کا اس میں تو نے حق نہیں رکھا ابن قیمؒ فرماتے ہیں یہ رد کرنا ایسی چیز کا ہے جس میں ہبہ یعنی بخشش کرنی جائز نہیں اور تیسرے معنی رجعت کے وہ ہیں جو بعد طلاق کے ہوا کرتی ہے۔ جیسا کہ اوپر کی حدیثوں میں بیان ہوا

www.sirat-e-mustaqeem.com



# بَابٌ: كِتَابُ الْخَيْلِ

# کتاب گھوڑوں کے بیان میں!

۳۵۹۴- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ وَهُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ ابْنِ صَالِحِ بْنِ صَبِيحٍ الْمُرِّيُّ قَالَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ ابْنُ أَبِي عَبْلَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُرَشِيِّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ نُفَيْلٍ الْكِنْدِيِّ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَذَالَ النَّاسُ الْخَيْلَ وَوَضَعُوا السِّلَاحَ وَقَالُوا لَا جِهَادَ قَدْ وَضَعَتِ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا فَأَقْبَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِوَجْهِهِ وَقَالَ كَذَبُوا الْآنَ جَاءَ الْقِتَالُ وَلَا يَزَالُ مِنْ أُمَّتِي أُمَّةٌ يُقَاتِلُونَ عَلَى الْحَقِّ وَيُزِيغُ اللّٰهُ لَهُمْ قُلُوبَ أَقْوَامٍ وَيَرْزُقُهُمْ مِنْهُمْ حَتّٰى تَقُومَ السَّاعَةُ وَحَتّٰى يَأْتِيَ وَعْدُ اللّٰهِ وَالْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَهُوَ يُوحٰى إِلَيَّ أَنِّي مَقْبُوضٌ غَيْرُ مُلَبَّثٍ وَأَنْتُمْ تَتَّبِعُونِي أَفْنَادًا يَضْرِبُ بَعْضُكُمْ رِقَابَ بَعْضٍ وَعُقْرُ دَارِ الْمُؤْمِنِينَ الشَّامُ۔

حضرت سلمہ بن نفیل کندی سے روایت ہے ایک روز میں بیٹھا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس وقت کہا ایک آدمی نے یا رسول اللہ ذلیل کر دیا لوگوں نے گھوڑوں کو اور رکھ دیئے ہتھیار اور کہتے ہیں جہاد نہیں رہا اب اور موقوف ہوگئی لڑائی آپ نے یہ سن کر اس کی طرف سے منہ پھیرا اور فرمایا جھوٹے ہیں وہ ابھی ابھی آیا ہے حکم قتال کا اور ہمیشہ لڑتے رہیں گے میری امت کے لوگ حق بات پر یعنی دین کے واسطے اور پھیر دے گا اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں کو ان کے واسطے اور روزی دے گا خدائے تعالیٰ ان کو ان میں سے قیامت تک اور اللہ کے وعدے کے آتے تک اور خیر کو باندھ دیا ہے گھوڑوں کی پیشانی میں قیامت تک اور یہ بات مجھ کو وحی سے بتائی گئی ہے اور میری روح قبض کی جائیگی جلدی اور تم لوگ پیروی کرو گے میری متفرق جماعتیں ہو کر اور کٹ کر مرو گے آپس میں اور مقرر ہوگا گھر ایمان والوں کا شام میں۔ ف

۳۵۹۵- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا مَحْبُوبُ بْنُ مُوسٰى قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحٰقَ يَعْنِي الْفَزَارِيَّ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلُ مَعْقُودٌ فِي نَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْخَيْلُ ثَلَاثَةٌ فَهِيَ لِرَجُلٍ أَجْرٌ وَهِيَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھی ہے اللہ تعالیٰ نے گھوڑوں کی پیشانی میں خیر قیامت کے دن تک اور گھوڑے تین طور کے ہوتے ہیں ایک گھوڑے تو ایسے ہوتے ہیں جن کے باعث آدمی کو اجر اور ثواب حاصل ہوتا ہے اور ایک بچاؤ ہوتے ہیں مفلسی یا تکلیف سے اور ایک وبال ہوتے

ف گھوڑوں کی پیشانی میں خیر ایک تو اجر یعنی ثواب جو جہاد کرنے سے حاصل ہوتا ہے دوسرے غنیمت جو جہاد کرنے سے ملتی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



لرجل ستر وهي على رجل وزر فاما الذي هي له اجر فالذي يحتبسها في سبيل الله فيتخذها له ولا تغيب في بطونها شيئا الا كتب له بكل شيء غيبت في بطونها اجر ولو عرضت له مرج وساق الحديث ـ

۳۵۹۶ ـ اخبرنا محمد بن سلمة والحرث ابن مسكين قراءة عليه وانا اسمع واللفظ له عن ابن القاسم قال حدثني مالك عن زيد ابن اسلم عن ابي صالح السمان عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الخيل لرجل اجر ولرجل ستر وعلى رجل وزر فاما الذي هي له اجر فرجل ربطها في سبيل الله فاطال لها في مرج او روضة فما اصابت في طيلها ذلك في المرج او الروضة كان له حسنات ولو انها قطعت طيلها ذلك فاستنت شرفا او شرفين كانت آثارها وفي حديث الحرث وارواثها حسنات له ولو انها مرت بنهر فشربت منه ولم يرد ان تسقى كان ذلك حسنات فهي له اجر ورجل ربطها تغنيا وتعففا ولم ينس حق الله عز وجل في رقابها ولا ظهورها فهي لذلك ستر ورجل ربطها فخرا ورياء ونواء لاهل الاسلام فهي على ذلك وزر وسئل النبي صلى الله عليه وسلم عن الحمير فقال لم ينزل علي فيها شيء الا هذه الآية الجامعة الفاذة فمن يعمل مثقال ذرة خيرا يره ومن يعمل مثقال ذرة شرا يره ـ

ہیں ثواب تو وہ ہیں جو خدا کی راہ میں روکے جاویں اور جہاد کے لیے تیار رکھے جائیں ان کے پیٹ میں جو چیز جائے وہ ایک ثواب ہے ان کے مالک کے لیے اور اگر وہ چراگاہ میں چھوڑے جائیں چرنے کے لیے پھر بیان کیا حدیث کو اخیر تک ـ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کس آدمی کے لیے باعث اجر ہیں اور کس کے لیے ستر اور کس کے لیے گناہ اور وبال گھوڑوں سے اجر اور ثواب ہوتا ہے ایسے آدمی کو جس نے باندھا گھوڑوں کو اللہ کی راہ میں اور دراز کی رسی ان کی چراگاہ یا باغ میں اور جس قدر اس رسی کے سبب سے دور تک چرے گا اس کے واسطے نیکیاں لکھی جائیں گی اگر وہ رسی توڑ ایک اونچان دو اونچان چڑھیں اس کے ہر قدم اور لید پر نیکیاں لکھی جائیں گی اگر وہ کسی نہر پر جا نکلے اور پانی پیئے اور مالک کا ارادہ پانی پلانے کا نہ تھا تب بھی مالک کے واسطے نیکیاں لکھی جائیں گی تو ایسے گھوڑے باندھنا اجر ہے اور درست ان کے واسطے ہیں جو تجارت کے لیے باندھے اور زکوٰۃ ان کی ادا کرے اور گناہ اس کے واسطے ہیں جو فخر اور ریا اور مسلمانوں کی دشمنی کے لیے باندھے اور پوچھا کسی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے گدھوں کے باب میں آپ نے فرمایا اس مقدمے میں مجھ پر کچھ نہیں اترا مگر یہ آیت جو اکیلی تمام نیکیوں کو شامل ہے فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ ـ

---

ف: یعنی جو کوئی شخص ذرہ کے برابر نیکی کرے گا وہ اس کو پائیگا اور جو کوئی ذرہ برابر برائی کرے گا پائے گا اس کو اس آیت سے یہ بات ثابت ہوئی کہ تھوڑی سی نیکی بھی تلف نہیں کی جائیگی تو خدا کی راہ میں گدھوں کا باندھنا اور ان سے کام لینا بیکار نہیں ہو سکتا ـ

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ١٧٧٧ حُبِّ الْخَيْلِ

۳۵۹۷- اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ حَفْصٍ قَالَ حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَاءِ مِنَ الْخَيْلِ۔

## یہ باب ہے گھوڑوں کے شوق اور محبت کے بیان میں

حضرت انس سے روایت ہے عورت کے بعد گھوڑے سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہ تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو

## بَابُ ١٧٧٨ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ شِيَةِ الْخَيْلِ

۳۵۹۸- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الْبَزَّازُ هِشَامُ بْنُ سَعِيدٍ الطَّالَقَانِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُهَاجِرٍ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ عَقِيلِ بْنِ شَبِيبٍ عَنْ اَبِي وَهْبٍ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاَسْمَاءِ الْاَنْبِيَاءِ وَاَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَارْتَبِطُوا الْخَيْلَ وَامْسَحُوا بِنَوَاصِيهَا وَاَكْفَالِهَا وَقَلِّدُوهَا وَلَا تُقَلِّدُوهَا الْاَوْتَارَ وَعَلَيْكُمْ بِكُلِّ كُمَيْتٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَشْقَرَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَدْهَمَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ۔

## کون سے رنگ کا گھوڑا بہتر ہے

حضرت ابو وہب کہ حاصل تھی ان کو صحبت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نام رکھو تم نبیوں کے ناموں پر اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ہے نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن اور باندھو گھوڑے اور طو ہاتھ ماتھے پران کے اور پٹھے پر اور ڈالو گلے میں ان کے لٹکن اور پہناؤ گلے میں ان کے تانت اور التزام کرو کمیت گھوڑا اپنے کا جس کی پیشانی اور اگلے پچھلے پاؤں سفید ہوں یا سرخ رنگ کا گھوڑا اوجس کی پیشانی سفید ہو اور اگلے پچھلے پاؤں بھی سفید ہوں۔

## بَابُ ١٧٧٩ الشِّكَالِ فِي الْخَيْلِ

۳۵۹۹- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح وَاَنْبَاَنَا اِسْمَاعِيلُ ابْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ مِنَ الْخَيْلِ وَاللَّفْظُ لِاِسْمَاعِيلَ۔

## گھوڑوں میں شکال گھوڑا رکھنا کیسا ہے

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شکال گھوڑے سے کراہیت کرتے تھے۔ ف

---

ف شکال اس گھوڑے کو کہتے ہیں جس کے تین پاؤں سفید ہوں اور چوتھا پاؤں اور رنگ کا ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۰۰- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَرِهَ الشِّكَالَ مِنَ الْخَيْلِ قَالَ أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الشِّكَالُ مِنَ الْخَيْلِ أَنْ تَكُونَ ثَلَاثُ قَوَائِمَ مُحَجَّلَةً وَوَاحِدَةٌ مُطْلَقَةً أَوْ تَكُونَ الثَّلَاثَةُ مُطْلَقَةً وَرِجْلٌ مُحَجَّلَةً وَلَيْسَ يَكُونُ الشِّكَالُ إِلَّا فِي رِجْلٍ وَلَا يَكُونُ فِي الْيَدِ۔

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے ناپسند کرتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شکال گھوڑے کو اور ابو عبدالرحمٰن فرماتے ہیں شکال اس گھوڑے کو کہتے ہیں جس کے تین پاؤں سفید ہوں اور چوتھا پاؤں کسی اور رنگ کا ہو یا تین پاؤں اور رنگ کے ہوں اور ایک پاؤں سفید ہو (جسے ارجل بھی کہتے ہیں بشرطیکہ پیشانی پر سفیدی نہ ہو) اس قسم کا گھوڑا منحوس ہوتا ہے یا اس میں کوئی عیب ہوتا ہے جس سے ضرر پہنچے گا اور شکال ہمیشہ پاؤں میں ہوتا ہے ہاتھ میں نہیں ہوتا۔

## بَابٌ ۱۷۸۰ شُؤْمِ الْخَيْلِ

## اس باب میں گھوڑوں کے شوم اور نحس ہونیکا بیان ہے

۳۶۰۱- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشُّؤْمُ فِي ثَلَاثَةٍ الْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ وَالدَّارِ۔

حضرت سالم اپنے باپ ابن عمر سے روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شومی اور نحوست تین چیزوں میں ہوتی ہے عورت میں اور گھوڑے میں اور گھر میں۔ ف ا

۳۶۰۲- أَخْبَرَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مَعْنٌ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ وَالْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ وَاللَّفْظُ لَهُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حَمْزَةَ وَسَالِمٍ ابْنَيْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الشُّؤْمُ فِي الدَّارِ وَالْمَرْأَةِ وَالْفَرَسِ۔

ترجمہ دونوں حدیثوں کا

۳۶۰۳- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ

حضرت جابر سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر نحوست کچھ ہو تو مکان اور

ف ا گھوڑے کی شومی اور نحوست یہ کہ عیب دار ہو یعنی کاٹے یا لات مارے اور عورت کی شومی یہ ہے کہ زبان دراز یا بد خلق ہو اور گھر کی شومی یہ کہ اچھے پڑوس میں نہ ہو یا دھوپ اور جاڑے اور برسات وغیرہ کا آرام نہ ہو۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنْ یَکُ فِیْ شَیْءٍ فَفِی الرَّبْعَةِ وَالْمَرْاَةِ وَالْفَرَسِ۔

عورت اور گھوڑے میں ہو گی اور جو نہ ہو تو کسی چیز میں نہیں ہے۔

## بَابُ ۱۷۸۱ بَرَکَةِ الْخَیْلِ

## اس باب میں گھوڑے کی برکت کا بیان ہے

۳۶۰۴ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ اَنْبَاَنَا النَّضْرُ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی التَّیَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسًا ح وَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا یَحْیٰی قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُو التَّیَّاحِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَرَکَةُ فِیْ نَوَاصِی الْخَیْلِ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑوں کی پیشانی میں برکت ہے۔

## بَابُ ۱۷۸۲ فَتْلِ نَاصِیَةِ الْفَرَسِ

## گھوڑوں کی پیشانی کو گوندھنے کا بیان

۳۶۰۵۔ اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰی قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ قَالَ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِیْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ جَرِیْرٍ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَفْتِلُ نَاصِیَةَ فَرَسٍ بَیْنَ اُصْبُعَیْهِ وَیَقُوْلُ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ الْاَجْرُ وَالْغَنِیْمَةُ۔

حضرت جریر سے روایت ہے دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بل دیتے تھے گھوڑے کی پیشانی کے بالوں کو اپنی انگلیوں سے اور فرماتے تھے باندھی گئی ہے خیر گھوڑوں کے ماتھوں میں قیامت تک وہ خیر اجر اور غنیمت ہے۔

۳۶۰۶۔ اَخْبَرَنَا قُتَیْبَةُ بْنُ سَعِیْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّیْثُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَیْلُ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ۔

ترجمہ اوپر گزرا ہے

۳۶۰۷۔ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ اَبُوْ کُرَیْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ حُصَیْنٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ۔

ترجمہ اوپر گذر چکا ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۰۸۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰی وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ عَدِیٍّ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ حُصَیْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ۔

ترجمہ اوپر گذر چکا ہے

۳۶۰۹۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ جَعْفَرٍ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ عُرْوَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ

۳۶۱۰۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِیٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ قَالَ اَنْبَاَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ حُصَیْنٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ اَبِی السَّفَرِ اَنَّهُمَا سَمِعَا الشَّعْبِیَّ یُحَدِّثُ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَیْلُ مَعْقُوْدٌ فِیْ نَوَاصِیْهَا الْخَیْرُ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ۔

ترجمہ ان دونوں کا بھی اوپر گذر چکا ہے

## بَابُ ۱۷۸۳ تَاْدِیْبِ الرَّجُلِ فَرَسَهٗ

## اس بات کا بیان ہے ادب دے آدمی اپنے گھوڑے کو

۳۶۱۱۔ اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ مُجَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِیْسَی بْنُ یُوْنُسَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ یَزِیْدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ سَلَّامٍ الدِّمَشْقِیُّ عَنْ خَالِدِ بْنِ یَزِیْدَ الْجُهَنِیِّ قَالَ کَانَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ یَمُرُّ بِیْ فَیَقُوْلُ یَا خَالِدُ اخْرُجْ بِنَا نَرْمِیْ فَلَمَّا کَانَ ذَاتَ یَوْمٍ اَبْطَاْتُ عَنْهُ فَقَالَ یَا خَالِدُ تَعَالَ اُخْبِرْكَ بِمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْتُهٗ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ الْجَنَّةَ صَانِعَهٗ یَحْتَسِبُ فِیْ صُنْعِهِ الْخَیْرَ وَالرَّامِیَ بِهٖ وَمُنَبِّلَهٗ وَارْمُوْا

حضرت خالد بن یزید جہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے عقبہ بن عامرؓ گذرتے تھے میرے نزدیک سے اور کہتے اے خالد چل ہمارے ساتھ تیراندازی کریں گے ایک روز دیر کی میں نے کہا مجھ سے اے خالد آمیں سناؤں تجھ کو وہ بات جو فرمائی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ داخل کرے گا ایک تیر کے سبب سے تین آدمیوں کو جنت میں بنانیوالے کو اگر اس نے اس کے بنانے میں نیکی کی نیت کی ہو گی اور پھینکنے والے کو اس تیر کے اور بھال لگانے والے کو اور فرمایا تیراندازی کرو اور سواری کرو اور میرے نزدیک تیراندازی محبوب ہے سواری کرنے سے اور تین کھیلوں کے سوائے کوئی کھیل نہ کھیلنا چاہیے

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَارْكَبُوا وَأَنْ تَرْمُوا أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ أَنْ تَرْكَبُوا وَلَيْسَ اللَّهْوُ إِلَّا فِي ثَلَاثَةٍ تَأْدِيبِ الرَّجُلِ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتِهِ امْرَأَتَهُ وَرَمْيِهِ بِقَوْسِهِ وَنَبْلِهِ وَ مَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ فَإِنَّهَا نِعْمَةٌ كَفَرَهَا أَوْ قَالَ كَفَرَ بِهَا۔

اوّل یہ کہ ادب دے آدمی اپنے گھوڑے کو اور دوسرے کھیلنا اپنی جورو سے اور تیسرا کھیل تیر اور کمان کا اور جس نے چھوڑ دی تیراندازی سیکھنے کے بعد نفرت سے اس نے ناشکری کی ایک نعمت کی یا یوں فرمایا اس نے ناشکری کی اس کی۔

## باب ۱۶۸۴ دَعْوَةِ الْخَيْلِ

## گھوڑے کی دعا کا بیان (یعنی وہ کیا دعا کرتا ہے)

۳۶۱۲۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ أَنْبَأَنَا يَحْيَى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ حُدَيْجٍ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ فَرَسٍ عَرَبِيٍّ إِلَّا يُؤْذَنُ لَهُ عِنْدَ كُلِّ سَحَرٍ بِدَعْوَتَيْنِ اللَّهُمَّ خَوَّلْتَنِي مَنْ خَوَّلْتَنِي مِنْ بَنِي آدَمَ وَجَعَلْتَنِي لَهُ فَاجْعَلْنِي أَحَبَّ أَهْلِهِ وَمَالِهِ إِلَيْهِ أَوْ مِنْ أَحَبِّ مَالِهِ وَأَهْلِهِ إِلَيْهِ۔

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو گھوڑا عربی ہے (یا کسی اور ملک کا گھوڑا جو عمدہ ہو اور جہاد کی نیت سے رکھا جائے) اس کو ہر صبح دو دعائیں کرنے کی اجازت ہوتی ہے یا اللہ تو آدمیوں میں سے جسے مجھ کو سپرد کرے اور عطا فرماوے تو مجھے عزیز کر دے اس کے نزدیک اس کے گھر والوں اور اس کے مال میں سب سے زیادہ مجھ سے محبت کرے۔

## باب ۱۶۸۵ التَّشْدِيدِ فِي حَمْلِ الْحَمِيرِ عَلَى الْخَيْلِ

## گھوڑیوں کو گدھوں سے جفتی کرانا بری بات ہے خچر پیدا کرنے کے لیے

۳۶۱۳۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ أَبِي الْخَيْرِ عَنِ ابْنِ زُرَيْرٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ أُهْدِيَتْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَرَكِبَهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَوْ حَمَلْنَا الْحَمِيرَ عَلَى الْخَيْلِ لَكَانَتْ لَنَا مِثْلُ هَذِهِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا يَفْعَلُ ذَلِكَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ۔

حضرت علی ابن طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ہدیہ بھیجا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کسی نے خچر پھر سوار ہو گئے آپ اس پر اور کہنے لگے حضرت علی رضی اللہ عنہ اگر چھوڑ دیں ہم گدھوں کو گھوڑیوں پر تو ہو جائیں گے ہمارے پاس ایسے خچر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سن کر ایسا کام وہ کرتے ہیں جو بے علم ہوتے ہیں۔ ف

ف گھوڑے کی تو بی نہیں جانتے گھوڑے سے وہ کام نکل سکتے ہیں جو ہرگز خچر سے نکل سکتے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۱۴- اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَبِي جَهْضَمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ اَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ قَالَ لَا قَالَ فَلَعَلَّهُ كَانَ يَقْرَاُ فِي نَفْسِهِ قَالَ خَمْشًا هٰذِهٖ شَرٌّ مِنَ الْاُولٰى اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدٌ اَمَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِاَمْرِهٖ فَبَلَّغَهُ وَاللّٰهِ مَا اخْتَصَّنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشَيْءٍ دُوْنَ النَّاسِ اِلَّا بِثَلَاثَةٍ اَمَرَنَا اَنْ نُسْبِغَ الْوُضُوْءَ وَاَنْ لَا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَلَا نُنْزِيَ الْحُمُرَ عَلَى الْخَيْلِ -

www.KitaboSunnat.com

روایت ہے عبداللہ بن عبیداللہ بن عباسؓ سے تھا میں نزدیک ابن عباسؓ کے اس وقت پوچھا کسی آدمی نے ان سے کیا پڑھتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز میں کچھ ابن عباس ؓ عنہما نے اس کے جواب میں کہا نہیں پڑھتے تھے وہ شخص بولا شاید دل میں پڑھ لیتے ہوں گے انہوں نے کہا تیرا بدن یا تیرا منہ چھلے (یہ بددعا ہے) تو نے پہلے سے بھی برا کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ جل جلالہ کے ایک بندے تھے جیسا خدا تعالیٰ نے ان کو حکم کیا انہوں نے لوگوں کو پہنچا دیا قسم اللہ کی آپ نے ہم اہل بیت سے کوئی خاص بات نہیں کہی مگر تین باتوں کا ہم کو حکم دیا ایک تو یہ کہ وضو کو پورا کریں دوسرے یہ کہ صدقہ کا مال نہ کھاویں تیسرے یہ کہ گدھوں کو گھوڑیوں پر نہ چھوڑیں (اس باب سے یہی اخیر حکم مقصود ہے)۔

## بَابُ ۱۷۸۶ عَلَفِ الْخَيْلِ

## گھوڑوں کو دانہ اور گھاس دینے کی خوبی اور اجر کا بیان

۳۶۱۵- قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ حَدَّثَنِيْ طَلْحَةُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ سَعِيْدًا الْمَقْبُرِيَّ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِيْمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيْقًا لِوَعْدِ اللّٰهِ كَانَ شِبَعُهٗ وَرِيُّهٗ وَبَوْلُهٗ وَرَوْثُهٗ حَسَنَاتٍ فِيْ مِيْزَانِهٖ -

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے باندھا گھوڑا اللہ کی راہ میں اللہ پر ایمان رکھ کر اور اس کے وعدول کو سچا جان کر کھانا اور پانی پینا اور پیشاب کرنا اور لید کرنا اس گھوڑے کا نیکیاں ہو کر داخل ہوں گے ترازو میں اس کے۔ ف۱

## بَابُ ۱۷۸۷ غَايَةِ السَّبَقِ لِلَّتِيْ لَمْ تُضْمَرْ

## جس گھوڑے کو اضمار نہیں کیا گیا اس کے دوڑانے کی انتہاء کا بیان

۳۶۱۶- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

ف۱ یعنی قیامت کے دن جب لوگوں کے اعمال تولے جاویں گے اس وقت ان چیزوں کے وزن کے برابر نیکیاں اس آدمی کو دی جاویں گی اس جگہ نیکیوں ہی کا کام ہے جس کی نیکیاں زیادہ ہوں وہی بڑا آدمی ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَیْنَ الْخَیْلِ یُرْسِلُھَا مِنَ الْحَفْیَاءِ وَکَانَ اَمَدُھَا ثَنِیَّۃَ الْوَدَاعِ وَسَابَقَ بَیْنَ الْخَیْلِ الَّتِیْ لَمْ تُضْمَرْ وَکَانَ اَمَدُھَا مِنَ الثَّنِیَّۃِ اِلٰی مَسْجِدِ بَنِیْ زُرَیْقٍ

سے گھوڑ دوڑ کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑا گھوڑوں کو حفیا سے (نام ایک موضع کا ہے) اور تھی انتہا اور مقام ٹھیراؤ کا ان گھوڑوں کے واسطے) ثنیۃ الوداع کہ نام ہے ایک محلے یا پہاڑ کا قریب مدینہ طیبہ کے ف۱ ف۲ اور گھوڑ دوڑ کرائی ان گھوڑوں کی جو اضمار نہیں کئے گئے تھے ثنیہ سے بنی زریق کی مسجد تک۔)

## بَابُ ۱۷۸۸ اِضْمَارِ الْخَیْلِ لِلسَّبَقِ

## اضمار کرنے کی عادت ڈالنا گھوڑوں کو

۳۶۱۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَۃَ وَالْحٰرِثُ بْنُ مِسْکِیْنٍ قِرَاءَۃً عَلَیْہِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ قَالَ حَدَّثَنِیْ مَالِکٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَابَقَ بَیْنَ الْخَیْلِ الَّتِیْ قَدْ اُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْیَاءِ وَکَانَ اَمَدُھَا ثَنِیَّۃَ الْوَدَاعِ وَسَابَقَ بَیْنَ الْخَیْلِ الَّتِیْ لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِیَّۃِ اِلٰی مَسْجِدِ بَنِیْ زُرَیْقٍ وَاَنَّ عَبْدَ اللّٰہِ کَانَ مِمَّنْ سَابَقَ بِھَا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے گھوڑ دوڑ کرائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان گھوڑوں کی جن کو اضمار ف۳ کر کے لاغر اور دبلا کر رکھا تھا اور تھی حد گھوڑ دوڑ کی حفیا سے لے کر ثنیۃ الوداع تک ایسے گھوڑوں کے لیے اور گھوڑ دوڑ ان گھوڑوں کی جن کو اضمار نہیں کیا تھا ثنیہ سے بنی زریق کی مسجد تک کرائی تھی اور عبداللہ اس گھوڑ دوڑ میں شامل تھے

## بَابُ ۱۷۸۹ السَّبَقِ

## گھوڑ دوڑ کے بیان میں ہے یہ باب

۳۶۱۸۔ اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ ابْنِ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِیْ نَافِعٍ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِیْ نَصْلٍ اَوْ حَافِرٍ اَوْ خُفٍّ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شرط نہیں کی مگر تیر یا اونٹ یا گھوڑے میں۔ ف۴

---

ف۱ حفیا سے ثنیہ تک پانچ یا چھ میل کا فاصلہ ہے۔

ف۲ ثنیہ سے بنی زریق کی مسجد ایک میل ہے۔

ف۳ اضمار کہتے ہیں گھوڑے کو خوب کھلا کر موٹا کرنا پھر اس کے دانہ گھاس کم دینا اور ایک مکان میں بند رکھنا اور گرم کپڑا اوڑھانا تاکہ عرق آن کر دبلا ہو جاوے اور گوشت کم ہو کر مضبوط اور شرط کے قابل ہو ۱۲)

ف۴ نصل بھال کو کہتے ہیں یہاں تیر اندازی کرتے [illegible]

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۱۹۔ اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَبُوْعُبَيْدِاللّٰهِ الْمَخْزُوْمِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ اَبِيْ نَافِعٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِيْ نَصْلٍ اَوْ

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

۳۶۲۰۔ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ يَعْقُوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ مَرْيَمَ قَالَ اَنْبَاَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدِاللّٰهِ مَوْلَى الْجُنْدَعِيِّيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ لَا يَحِلُّ سَبَقٌ اِلَّا عَلٰى خُفٍّ

حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نہیں حلال شرط کرنا مگر اونٹ میں اور گھوڑے میں۔

۳۶۲۱۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ خَالِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَةٌ تُسَمَّى الْعَضْبَاءَ لَا تُسْبَقُ فَجَاءَ اَعْرَابِيٌّ عَلٰى قَعُوْدٍ فَسَبَقَهَا فَشَقَّ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَلَمَّا رَاٰى مَا فِيْ وُجُوْهِهِمْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سُبِقَتِ الْعَضْبَاءُ قَالَ اِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَا يَرْتَفِعَ مِنَ الدُّنْيَا شَيْءٌ اِلَّا وَضَعَهٗ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تھی ایک اونٹنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نام اس کا عضبا تھا وہ شرط میں ہارتی نہ تھی اتفاقاً ایک اعرابی یعنی باہر کا آدمی آیا اور اس کی سواری میں ایک جوان غریب اونٹ تھا وہ بڑھ گیا اس اونٹنی سے یہ بات شاق ہوئی مسلمانوں پر جب لوگوں کے چہروں کو آپ نے دیکھا کہ وہ رنجیدہ ہیں تو پوچھا انہوں نے یارسول اللہ عضباء پیچھے رہ گئی آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ ضرور جب کسی شے کو بہت بڑھاتا ہے تو اس کو گھٹاتا بھی ہے۔

۳۶۲۲۔ اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِي الْحَكَمِ مَوْلٰى لِبَنِيْ لَيْثٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِيْ خُفٍّ اَوْ حَافِرٍ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزر گیا

## بَابُ ۱۷۹ الْجَلَبِ — جلب کا بیان

۳۶۲۳۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ بَزِيْعٍ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت

(بقیہ حاشیہ) گھوڑے کے سم کو کہتے ہیں یہاں گھوڑا مراد ہے غرض یہ ہے اس حدیث سے یہ بات معلوم ہوئی گھوڑا دوڑ کرانا اس میں شرط لگانا بطور جواز کے جائز ہے اور شرط بطور جواز حقیقت میں شرط نہیں بلکہ انعام ہوتا ہے جیسے خلیفہ حکم دے دو شخصوں کو تم میں جو کوئی بڑھ جاوے گا اس کو اتنے روپے انعام ملیں گے یا اور کوئی شخص کہے یا دونوں شخصوں میں ایک آدمی اپنے ذمے پر کچھ مقرر کر لے اور ہار جائے تو دوسرے کو اتنے روپیے دیوے)

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ قَالَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا

ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جلب اور جنب اور شغار نہیں اسلام میں اور جس آدمی نے لوٹ کی وہ آدمی نہیں ہمارے بیں کا۔ ف

## بَابُ ۱۶۹۱ الْجَنَبِ

## جنب کا بیان

۳۶۲۴- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي قَزَعَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ وَلَا شِغَارَ فِي الْإِسْلَامِ

ترجمہ اوپر بیان ہو چکا ہے

۳۶۲۵- أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ حَدَّثَنِي شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَابَقَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ فَسَبَقَهُ فَكَأَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ مِنْ ذَلِكَ فَقِيلَ لَهُ فِي ذَلِكَ فَقَالَ حَقٌّ عَلَى اللَّهِ أَنْ لَا يَرْفَعَ شَيْءٌ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا إِلَّا وَضَعَهُ اللَّهُ -

ترجمہ اس حدیث کا بھی بیان اوپر گذر چکا ہے مگر اس میں اونٹنی کا ذکر نہیں اتنا ہے کہ آپ نے شرط کی ہے ایک گنوار سے وہ جیت گیا صحابہ رنجیدہ ہوئے تو آپ نے فرمایا جو کوئی بڑھ جاوے تو خدا اس کو ضرور گھٹاتا ہے۔

---

## بَابُ ۱۶۹۲ سُهْمَانِ الْخَيْلِ

## گھوڑوں کا دوہرا حصہ ہے اسباب میں اس کا بیان ہے

۳۶۲۶- قَالَ الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّهُ كَانَ

حضرت عباد بن عبد اللہ ابن الزبیرؓ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں ان کا دادا بیان کرتے ہیں تقسیم کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر کے سال میں تو چار حصے

---

ف جلب یہ کہ اپنے گھوڑے کے پیچھے گھوڑ دوڑ میں کسی آدمی کو لگا دے اس کو ڈانٹتا رہے اور جلدی دوڑے اور جنب یہ کہ اپنے پہلو میں دوسرا رکھے [illegible] شغار کا بیان [illegible]

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَقُوْلُ ضَرَبَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ خَيْبَرَ لِلزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ اَرْبَعَةَ اَسْهُمٍ سَهْمًا لِلزُّبَيْرِ وَسَهْمًا لِذِي الْقُرْبٰى لِصَفِيَّةَ بِنْتِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اُمِّ الزُّبَيْرِ وَسَهْمَيْنِ لِلْفَرَسِ۔

دیئے زبیر بن عوام کو ایک حصہ ان کا اور ایک حصہ ناطے والوں کا واسطے صفیہ بنت عبدالمطلب کے وہ صفیہ جو ماں تھیں زبیر بن عوام کی اور دُو حصے گھوڑے کے۔

# ١٤٩٣ كِتَابُ الْاَحْبَاسِ

# کتاب بیان وقف کرنے کے اپنے مال کو اللہ کی راہ میں

٣٦٢٧۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحٰرِثِ قَالَ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا عَبْدًا وَلَا اَمَةً اِلَّا بَغْلَتَهُ الشَّهْبَاءَ الَّتِيْ كَانَ يَرْكَبُهَا وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا جَعَلَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللهِ قَالَ قُتَيْبَةُ مَرَّةً اُخْرٰى صَدَقَةً۔

حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت نہیں چھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دینار اور نہ درہم اور نہ غلام اور نہ لونڈی مگر ایک سفید خچر جس پر سوار ہوا کرتے تھے اور ہتھیار اور زمین لگا دی تھی اللہ کے راہ میں مصنف فرماتے ہیں دوسری بار میرے استاد قتیبہ نے بیان کیا کہ ان چیزوں کو صدقہ کر دیا تھا۔

٣٦٢٨۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحٰرِثِ يَقُوْلُ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بَغْلَتَهُ الْبَيْضَاءَ وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً۔

حضرت عمرو بن حارث رضؓ سے روایت ہے نہیں چھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے خچر سفید کے اور ہتھیار اور زمین کے جس کو صدقہ کر گئے تھے۔

٣٦٢٩۔ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ يَقُوْلُ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَكَ اِلَّا بَغْلَتَهُ الشَّهْبَاءَ وَسِلَاحَهُ وَاَرْضًا تَرَكَهَا صَدَقَةً۔

حضرت عمرو بن حارث رضی اللہ عنہ سے روایت ہے دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال نہیں چھوڑا تھا آپ نے کچھ سوائے ایک خچر شہباء کے اور ہتھیاروں کا اور زمین کو چھوڑ گئے تھے صدقہ کر کے۔ ف

## ١٤٩٤ بَابُ الْاَحْبَاسِ كَيْفَ يُكْتَبُ الْحُبُسُ وَذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلَى ابْنِ عَوْنٍ فِيْ خَبَرِ ابْنِ عُمَرَ فِيْهِ

## اس باب میں اس کا بیان ہے کہ وقف کس طرح پُر کرنا چاہیئے اور ذکر ہے راویوں کے اختلاف کا ابن عمر کی حدیث

ف: شہباء اس رنگ کے اونٹ یا گھوڑے وغیرہ کو کہتے جس کے رنگ میں سفیدی غالب ہو سیاہی سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۳۰۔ اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَنْبَانَا اَبُوْ دَاؤدَ الْحَفَرِیُّ عُمَرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا مِّنْ اَرْضِ خَيْبَرَ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اَصَبْتُ اَرْضًا لَمْ اُصِبْ مَالًا اَحَبَّ اِلَيَّ وَلَا اَنْفَسَ عِنْدِيْ مِنْهَا قَالَ اِنْ شِئْتَ تَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلٰى اَنْ لَا تُبَاعَ وَلَا تُوْهَبَ فِي الْفُقَرَآءِ وَذِي الْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَالضَّيْفِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ بِالْمَعْرُوْفِ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ مَالًا وَيُطْعِمُ۔

حضرت ابن عمر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہا حضرت عمرؓ نے ہاتھ لگی مجھ کو ایک زمین خیبر میں آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا لی ہے مجھ کو ایک زمین بہت نفیس نہیں ملا تھا مجھ کو کوئی مال اس سے بہتر اور محبوب زیادہ میرے نزدیک آپ نے فرمایا اگر تیرا جی چاہے اس کو صدقہ کر سکے لیے تو صدقہ کر اس کو اس طور پر کہ نہ بیچی جاوے اور نہ ہبہ اور نہ بخشش کی جاوے وہ زمین اور صرف ہو وہ صدقہ فقیروں اور ناطے والوں کو اور گردن کے چھوڑاتے میں اور مہمان اور مسافر کو اور مضائقہ نہیں اگر کھاوے اس میں سے وہ شخص جو متولی ہووے اس پر لیکن بطور مشروع اور انصاف کے کھاوے نہ بطور ربا لمال رہنے کے اور کھلاوے دوسروں کو ف

۳۶۳۱۔ اَخْبَرَنِیْ هٰرُوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ اَيُّوْبَ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ۔

حضرت ابن عمر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح پر روایت کرتے ہیں

---

۳۶۳۲۔ اَخْبَرَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ وَهُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ اَصَابَ عُمَرُ اَرْضًا بِخَيْبَرَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَبْتُ اَرْضًا لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَنْفَسَ عِنْدِيْ فَكَيْفَ تَاْمُرُ بِهٖ قَالَ اِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ اَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلٰى اَنْ لَا تُبَاعَ وَلَا تُوْهَبَ وَلَا تُوْرَثَ فِي الْفُقَرَآءِ وَالْقُرْبٰى وَالرِّقَابِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالضَّيْفِ وَابْنِ السَّبِيْلِ لَا جُنَاحَ عَلٰى مَنْ وَلِيَهَا اَنْ يَّاْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوْفِ

حضرت ابن عمرؓ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں بیان کیا عبد اللہ بن عمرؓ نے ملی ایک زمین حضرت عمرؓ رضی اللہ عنہ کو خیبر میں تو آئے حضرت عمرؓ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہنچی ہے ایک زمین مجھ کو نہیں ملا تھا دیسا مال کبھی اور بہت نفیس چیز ہے میرے نزدیک آپ کیا فرماتے ہیں اس زمین کے واسطے آپ نے فرمایا اگر وقف کرنا چاہتا ہے تو اس زمین کو تو روک رکھ اصل کو اور جو کچھ اس میں سے حاصل ہو اس کو خیرات کر دے تو صدقہ کر دیا حضرت عمرؓ نے اس زمین کی آمدنی کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے کے بموجب اور فرمایا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ کر اس کو اس طور پر کہ نہ بیچی جاوے نہ بخشش میں دی جاوے اور نہ ورثہ میں دی جاوے اور خیرات دی جاوے فقیروں کو اور ناطے والوں کو

---

ف یعنی کھانے کی مقدار سے زیادہ نہ لیوے ...

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَيُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهِ ۔

اور آزاد کرنے میں بردوں کے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور مہمان کی تواضع میں اور مسافروں کے خرچ میں اور مضائقہ نہیں اگر کھاوے اس میں سے متولی اس زمین کا دستور اور انصاف کے طور پر اور کھلاوے اپنے دوست کو لیکن مالدار نہ بنے اس آمدنی سے۔

---

۳۶۲۳- أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ وَأَنْبَأَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ قَالَ حَدَّثَنَا بِشْرٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ أَصَابَ عُمَرُ أَرْضًا بِخَيْبَرَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْمَرَهُ فِيهَا فَقَالَ إِنِّي أَصَبْتُ أَرْضًا كَثِيرًا لَمْ أُصِبْ مَالًا قَطُّ أَنْفَسَ عِنْدِي مِنْهُ فَمَا تَأْمُرُ فِيهَا قَالَ إِنْ شِئْتَ حَبَسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى آنَّهُ لَا تُبَاعُ وَلَا تُوهَبُ فَتَصَدَّقَ بِهَا فِي الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبَى وَفِي الرِّقَابِ وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ يَعْنِي عَلَى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ أَوْ يُطْعِمَ صَدِيقًا غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ اللَّفْظُ لِإِسْمٰعِيلَ۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے ملی تھی ایک زمین حضرت عمر رضی اللہ کو خیبر میں آئے حضرت عمرؓ نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مشورہ اور صلاح لینے کو اس زمین کے معاملے میں کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مجھے ہاتھ لگی ایک زمین بہت پڑی ہیں نے نہیں پایا تھا اتنا عمدہ مال کبھی آپ کیا فرماتے ہیں اس زمین کے باب میں آپ نے فرمایا اگر وقف کرنا چاہتا ہے تو روک رکھ اصل کو زمین کے اور تصدق کر آمدنی کو اس کی ابن عمر فرماتے ہیں صدقہ کر دیا اس زمین کو حضرت عمرؓ نے جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا یعنی حکم کیا تھا ان کو وقف کر اس زمین کو اس شرط پر کہ نہ بیچی جاوے اور نہ بخشش کی جاوے اور خیرات کر تو اسی آمدنی کو فقیروں میں اور ناطے والوں میں اور بردوں کے آزاد کرنے میں اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں اور مسافر اور مہمان کے خرچ میں اور گناہ نہیں متولی کو اس سے کھانا یا کھلانا دوست کو لیکن متمول نہ بنے اس مال سے۔

---

۳۶۲۴- أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ عُمَرَ أَصَابَ أَرْضًا بِخَيْبَرَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْمِرُهُ فِي ذٰلِكَ فَقَالَ إِنْ شِئْتَ حَبَّسْتَ أَصْلَهَا وَتَصَدَّقْتَ بِهَا فَحَبَّسَ أَصْلَهَا أَنْ لَا تُبَاعَ وَلَا تُوهَبَ وَلَا تُورَثَ فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى الْفُقَرَاءِ وَالْقُرْبَى وَالرِّقَابِ وَفِي الْمَسَاكِينِ وَابْنِ السَّبِيلِ وَالضَّيْفِ لَا جُنَاحَ عَلَى مَنْ وَلِيَهَا أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا بِالْمَعْرُوفِ أَوْ يُطْعِمَ صَدِيقَهُ غَيْرَ مُتَمَوِّلٍ فِيهِ۔

ترجمہ اس حدیث کا بھی وہی ہے جو اوپر گزر چکا لیکن اس میں ایک لفظ مسکین کا زیادہ ہے اور مسکین کے معنے غریب اور عاجز۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۳۵۔ اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ قَالَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ قَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ اِنَّ رَبَّنَا لَيَسْاَلُنَا عَنْ اَمْوَالِنَا فَاُشْهِدُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ قَدْ جَعَلْتُ اَرْضِيْ لِلّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْعَلْهَا فِيْ قَرَابَتِكَ فِيْ حَسَّانَ بْنِ ثَابِتٍ وَ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب اتری یہ آیت لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ۔ یعنی ہر گز نیکی کی حد کو نہ پہنچو گے تم جب تک نہ خرچ کرو کچھ ایک جس سے محبت رکھتے ہو۔ؔ۱ کہا ابو طلحہ نے یعنی آیت اترنے کے بعد ہمارا رب چاہتا ہے کہ لیوے ہمارے مال میں سے آپ گواہ رہو یا رسول اللہ میں نے کر دی اپنی زمین اللہ کی راہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابو طلحہ کر دے اس زمین کو اپنے قرابت کے صرف میں یعنی حسان بن ثابت اور ابی بن کعب کے صرف میں مقرر کر دے اس کو۔ ؔ۲

## بَابُ حَبْسِ الْمُشَاعِ [۱۶۹۵]

## جو جائیداد مشترک اور تقسیم نہ ہوئی ہو اس کے وقف کا باب

۳۶۳۶۔ اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْمِائَةَ سَهْمٍ الَّتِيْ لِيْ بِخَيْبَرَ لَمْ اُصِبْ مَالًا قَطُّ اَعْجَبَ اِلَيَّ مِنْهَا قَدْ اَرَدْتُّ اَنْ اَتَصَدَّقَ بِهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْبِسْ اَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَتَهَا ۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہا عمر رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے سو حصے ہیں خیبر میں اور نہیں ملا ہے ویسا مال مجھ کو کبھی اور وہ مال مجھ کو بہت پسند ہے کہ صدقہ کر دوں اس کو آپ نے فرمایا روک رکھ اصل اس کی اور بخشش کر پھل اس کے۔

۳۶۳۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَلَنْجِيُّ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے آئے عمر رضی اللہ عنہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا یا رسول اللہ مجھ کو ایسا مال ہاتھ لگا ہے نہ ہاتھ لگا تھا مجھ کو ویسا

---

ؔ۱ یعنی جس چیز سے دل بہت لگا ہو اس کا خرچ کرنا بڑا درجہ ہے اور ثواب ہر چیز میں ہے شاید یہود کے ذکر میں یہ آیت اس واسطے فرمائی کہ ان کو اپنی ریاست بہت عزیز تھی جس کے تھامنے کو نبی کے تابع نہ ہوتے تھے جب تک وہی نہ چھوڑیں اللہ کی راہ میں درجہ ایمان کا نہ پاویں موضح القرآن۔

ؔ۲ وقف کرنے کا رواج جاہلیت کے زمانے میں نہ تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کے فائدے اور بھلائی کے واسطے یہ طریقہ جاری کیا امام شافعیؒ فرماتے ہیں اسی آدمیوں سے بھی زیادہ تھے وہ انصار اصحاب رسول اللہ صلی اللہ کے جنہوں نے وقف کئے صدقات ابو طلحہ نے بھی بیرحا کو وقف کیا تھا۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



جَاءَ عُمَرُ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَصَبْتُ مَالًا لَمْ أُصِبْ مِثْلَهُ قَطُّ كَانَ لِي مِائَةُ رَأْسٍ فَاشْتَرَيْتُ بِهَا مِائَةَ سَهْمٍ مِنْ خَيْبَرَ مِنْ أَهْلِهَا وَإِنِّي قَدْ أَرَدْتُ أَنْ أَتَقَرَّبَ بِهَا إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ فَاحْبِسْ أَصْلَهَا وَسَبِّلِ الثَّمَرَةَ.

٣٦٣٨- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُصَفَّى بْنِ بُهْلُولٍ قَالَ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ سَالِمٍ الْمَكِّيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَرْضٍ لِي بِثَمْغٍ قَالَ احْبِسْ أَصْلَهَا وَسَبِّلْ ثَمَرَتَهَا.

## بَابُ ١٤٩٦ وَقْفِ الْمَسَاجِدِ

٣٦٣٩- أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ جَاوَانَ أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي تَمِيمٍ وَذَاكَ إِنِّي قُلْتُ لَهُ أَرَأَيْتَ اعْتِزَالَ الْأَحْنَفِ ابْنِ قَيْسٍ مَا كَانَ قَالَ سَمِعْتُ الْأَحْنَفَ يَقُولُ أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ وَأَنَا حَاجٌّ فَبَيْنَا نَحْنُ فِي مَنَازِلِنَا نَضَعُ رِحَالَنَا إِذْ أَتَى آتٍ فَقَالَ قَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ فِي الْمَسْجِدِ فَاطَّلَعْتُ فَإِذَا يَعْنِي النَّاسَ مُجْتَمِعُونَ وَإِذَا بَيْنَ أَظْهُرِهِمْ نَفَرٌ قُعُودٌ فَإِذَا هُوَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ

مال میرے پاس تو سو راسیں تھیں (اونٹ یا اور کچھ) تو میں نے وہ دیکر سو حصے خرید کر لئے خیبر کی زمین میں وہاں کے لوگوں سے جو مالک تھے اس ملک کے اور میں چاہتا ہوں اللہ عزت اور بزرگی والے کا تقرب یعنی نزدیکی بسبب اس مال کے آپ نے فرمایا روک رکھو اصل کو اس مال کے اور خیرات کر تو اس کے فائدے کو۔ ف۱

ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا

صرف اس میں ہے کہ وہ مال ثمغ میں ہے

## باب مسجد کے واسطے وقف کرنے کے بیان میں

حضرت معتمر بن سلیمان رض اپنے باپ سے سن کر روایت کرتے ہیں اور ان کے باپ نے سنا حصین رض بن عبدالرحمان سے اور حصین بن عبدالرحمان رض نے عمرو بن جاوان تمیمی سے راوی کہتا ہے وہ بات یوں ہوئی تھی کہا میں نے اس کو یعنی حصین بن عبدالرحمن کو بیان کر تو اعتزال احنف رض بن قیس کا کس طرح ہوا کہا عمرو رض بن جاوان نے سنا میں نے احنف سے یوں کہتے تھے آیا میں مدینہ طیبہ کو حج کو جاتے وقت ہم تھے ڈیروں میں رکھتے تھے اسباب اتار کر اتنے میں کوئی آدمی کہنے لگا لوگ جمع ہو رہے ہیں مسجد میں وہاں جا کر میں نے دیکھا کہ لوگوں کا مجمع ہے کچھ لوگ ان میں بیٹھے ہیں دیکھا تو ان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی تھے اور زبیر اور طلحہ اور سعد رض ابی وقاص رحمت کرے اللہ ان پر وہاں حاضر تھے میرے

ف۱ اللہ کا تقرب ہونا یہ ہے کہ مقبول ہو جاوے بندہ خدا کے نزدیک تاکہ اللہ تعالی عنایت کرے اصل کا روک رکھنا یعنی اس زمین وغیرہ کو کسی کے ملک میں نہ کرے بلکہ جو اس میں سے حاصل اور آمدنی ہو اس کو خیرات کر دیا کرے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَسَعْدُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ فَلَمَّا قُمْتُ عَلَيْهِمْ قِيْلَ هٰذَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ قَدْ جَاءَ قَالَ فَجَاءَ وَ عَلَيْهِ مُلَيَّةٌ صَفْرَاءُ فَقُلْتُ لِصَاحِبِيْ كَمَا اَنْتَ حَتّٰى اَنْظُرَ مَا جَاءَ بِهٖ فَقَالَ عُثْمَانُ اَهٰهُنَا عَلِيٌّ اَهٰهُنَا الزُّبَيْرُ اَهٰهُنَا طَلْحَةُ اَهٰهُنَا سَعْدٌ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَّبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَابْتَعْتُهٗ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنِّيْ ابْتَعْتُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ قَالَ فَاجْعَلْهُ فِيْ مَسْجِدِنَا وَ اَجْرُهٗ لَكَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَّبْتَاعُ بِئْرَ رُوْمَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدِ ابْتَعْتُ بِئْرَ رُوْمَةَ قَالَ فَاجْعَلْهَا سِقَايَةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ وَ اَجْرُهَا لَكَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يُّجَهِّزُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى مَا يَفْقِدُوْنَ عِقَالًا وَّلَا خِطَامًا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ ۔

کھڑے ہونے کے بعد یہ آواز آئی کہ یہ لو عثمان بن عفان بھی آ گئے جب آئے ان کے اوپر ایک چادر زرد تھی میں نے اپنے ساتھ والے کو کہا جیسا کہ تو ہے اسی طرح رہ یعنی اپنے حال پر میں دیکھوں عثمان کیا کہتے ہیں پھر کہا حضرت عثمانؓ نے کیا یہاں علی ہیں اور زبیر بھی ہیں اور طلحہ بھی ہیں اور سعد بن ابی وقاص بھی ہیں سب نے کہا ہاں ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں پوچھتا ہوں تم سے اس اللہ کو درمیان دے کر جس کے سوا کوئی معبود برحق نہیں کیا تم کو معلوم نہیں یہ بات کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جو کوئی خرید دے مربد فلانے لوگوں کا اللہ مغفرت کرے اس کی میں نے مول لیا اس کو پھر آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ میں نے خرید لیا ہے مربد فلانے لوگوں کا آپ نے فرمایا کر دے تو اس کو وقف ہماری مسجد کے واسطے تجھ کو اس کا اجر اور ثواب ملے گا سب نے کہا بے شک پھر عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں تم کو قسم دیتا ہوں اس اللہ کی جس کے سوا کوئی سچا معبود نہیں تم جانتے ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص خرید کرے بیر رومہ (ایک کنواں ہے مدینہ میں جس کا پانی شیریں تھا) تمام خدا اس کو بخشے پھر آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ میں نے خرید لیا ہے بیر رومہ کو آپ نے فرمایا وقف کر دے اس کو مسلمانوں کے پانی پینے کے لیے تجھ کو اس کا اجر ملے گا سب لوگوں نے گواہی دی اور کہا کہ ہاں پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میں سوال کرتا ہوں تم سے بیچ اس اللہ کے جس کے سوائے کوئی سچا معبود نہیں کیا تم نہیں جانتے یہ بات جو فرمائی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی تیاری کرا دے جیش عسرت کی یعنی جنگ تبوک کے لشکر کی اللہ تعالیٰ مغفرت کرے اس کی پھر میں نے تیاری کرا دی اس کی یہاں تک کہ نہ باقی رکھی اس لشکر کے لوگوں کو حاجت ایک [illegible] پاؤں باندھنے کے اور [illegible] کہ ان حاجتوں نے کہا ہاں [illegible] حضرت عثمان ان لوگوں کی گواہی کے [illegible] اے اللہ تو گواہ رہ اے اللہ تو گواہ رہ اے اللہ تو گواہ رہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٦٤٠ - أَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيسَ قَالَ سَمِعْتُ حُصَيْنَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَرَ بْنِ جَاوَانَ عَنِ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ خَرَجْنَا حُجَّاجًا فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَنَحْنُ نُرِيدُ الْحَجَّ فَبَيْنَا نَحْنُ فِي مَنَازِلِنَا نَضَعُ رِحَالَنَا إِذْ أَتَانَا آتٍ فَقَالَ إِنَّ النَّاسَ قَدِ اجْتَمَعُوا فِي الْمَسْجِدِ وَفَزِعُوا فَانْطَلَقْنَا فَإِذَا النَّاسُ مُجْتَمِعُونَ عَلَى نَفَرٍ فِي وَسَطِ الْمَسْجِدِ وَإِذَا عَلِيٌّ وَالزُّبَيْرُ وَطَلْحَةُ وَسَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ فَإِنَّا لَكَذٰلِكَ إِذْ جَاءَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ عَلَيْهِ مُلَاءَةٌ صَفْرَاءُ قَدْ قَنَّعَ بِهَا رَأْسَهُ فَقَالَ أَهٰهُنَا عَلِيٌّ أَهٰهُنَا طَلْحَةُ أَهٰهُنَا الزُّبَيْرُ أَهٰهُنَا سَعْدٌ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَإِنِّي أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ تَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِي فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ فَابْتَعْتُهُ بِعِشْرِينَ أَلْفًا أَوْ بِخَمْسَةٍ وَعِشْرِينَ أَلْفًا فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ اجْعَلْهَا فِي مَسْجِدِنَا وَأَجْرُهُ لَكَ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ يَبْتَاعُ

حضرت احنف بن قیس سے روایت ہے نکلے ہم گھر سے حج کرنے کے ارادے سے اور پہنچے ہم مدینہ طیبہ کو ہم لوگ اپنے ٹھکانوں میں اپنا اسباب اتار رہے تھے اتفاقاً ایک آدمی آ کر کہنے لگا لوگ مسجد میں جمع ہوئے ہیں اور گھبرا گئے ہیں پھر گئے ہم تو کیا دیکھتے ہیں چند لوگ بیچ میں ہیں اور ان کے پاس آدمی جمع ہیں علیؓ اور زبیر اور طلحہ اور سعد بن ابی وقاص بھی ان ہی میں تھے ہم کو کچھ دیر نہیں ہوئی تھی اتنے میں حضرت عثمان بن عفان آئے ان کے اوپر ایک زرد چادر تھی اس سے ڈھانکے ہوئے تھے سر اپنا آ کر کہنے لگے کیا یہاں علیؓ ہیں کیا یہاں طلحہ ہیں اور زبیر اور سعد بن ابی وقاص کو بھی ایسے ہی پوچھا انہوں نے کہا ہاں ہم موجود ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا میں قسم دیتا ہوں تم کو اللہ کی جس کے سوائے کوئی معبود برحق نہیں تم نہیں جانتے کیا اس بات کو جو فرمائی تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون خریدتا ہے مربد فلانے لوگوں کا اللہ مغفرت کرے اس کی تو خرید میں نے اس جگہ کو بیس ہزار میں پھر آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور خبر دی آپ کو اس کے خریدنے کی آپ نے فرمایا وقف کر دے تو اس کو ہماری مسجد کے واسطے تجھ کو اس کا اجر ہو گا ان صاحبوں نے کہا اللہ کا نام لے کر ہاں پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے میں قسم دیتا ہوں تم کو اس اللہ کی جس کے سوائے کوئی معبود نہیں کیا تم کو معلوم نہیں یہ بات کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کون خریدتا ہے بیر رومہ کو اللہ مغفرت کرے اس کی پھر خریدا میں نے اس کو اتنے مال سے پھر آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے آپ کے

(حاشیہ صفحہ گزشتہ)

---

ف۱. بنی فلاں سے مراد ایک انصار کی جماعت ہے کہ قریب مسجد نبوی کے رہتے تھے ان کی ایک زمین تھی مسجد کے قریب مسجد کو بڑھانے کے واسطے اس زمین کا لینا ضروری تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اس زمین کو خریدا تھا اور بیر رومہ نام ایک کنوئیں کا ہے کہ لاکھ درہم کو حضرت عثمان رضؓ نے اس زمین کو خریدا تھا جیش العسرت تبوک کی لڑائی پر جو لشکر گیا تھا اس لشکر کو تنگی کا لشکر کہتے تھے اس واسطے کہ ان دنوں مسلمانوں پر بہت عسرت اور تنگی تھی یہاں غرض یہ ہے کہ مسجد کے واسطے وقف کرنا کسی چیز کا جائز ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



بِئْرَ رُوْمَةَ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ فَابْتَعْتُهٗ بِكَذَا وَكَذَا فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدِ ابْتَعْتُهَا بِكَذَا وَكَذَا قَالَ اجْعَلْهَا سِقَايَةً لِّلْمُسْلِمِيْنَ وَاَجْرُهَا لَكَ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَظَرَ فِيْ وُجُوْهِ الْقَوْمِ فَقَالَ مَنْ جَهَّزَ هٰؤُلَآءِ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ يَعْنِيْ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَجَهَّزْتُهُمْ حَتّٰى مَا يَفْقِدُوْنَ عِقَالًا وَّلَا خِطَامًا قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ اللّٰهُمَّ اشْهَدْ۔

رو برو آکر میں نے خرید لیا اس کو اتنے داموں سے آپ نے فرمایا وقف کر دے اس کو مسلمانوں کے پانی پینے کے لیے اس کا اجر تجھ کو ہوگا ان سب صاحبوں نے کہا ہاں پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میں قسم دیتا ہوں تم کو اللہ کی جس کے سوائے کوئی معبود برحق نہیں کیا تم کو معلوم نہیں وہ وقت لوگوں کا منہ دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کون تیاری کراتا ہے ان لوگوں کی یعنی لشکر عسرت کی پھر تیاری کرا دی میں نے ان کی اور رہا تی نہ رکھی ان کے لیے حاجت ایک رسی کی جس سے پاؤں باندھتے ہیں جانور کا اور مہار بناتے ہیں اونٹوں کی انہوں نے کہا ہاں بے شک تب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ۔ یعنی اے اللہ تو گواہ رہ اس پر اے اللہ تو گواہ رہ اس پر۔

٣٦٤١۔ اَخْبَرَنِيْ زِيَادُ بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي الْحَجَّاجِ عَنْ سَعِيْدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ حَزْنٍ الْقُشَيْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُ الدَّارَ حِيْنَ اَشْرَفَ عَلَيْهِمْ عُثْمَانُ فَقَالَ اَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَبِالْاِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَلَيْسَ بِهَا مَآءٌ يُسْتَعْذَبُ غَيْرَ بِئْرِ رُوْمَةَ فَقَالَ مَنْ يَّشْتَرِيْ بِئْرَ رُوْمَةَ فَيَجْعَلُ فِيْهَا دَلْوَهٗ مَعَ دِلَآءِ الْمُسْلِمِيْنَ بِخَيْرٍ لَّهٗ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِيْ فَجَعَلْتُ دَلْوِيْ فِيْهَا مَعَ دِلَآءِ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَنْتُمُ الْيَوْمَ تَمْنَعُوْنِيْ مِنَ الشُّرْبِ مِنْهَا حَتّٰى اَشْرَبَ مِنْ مَّآءِ الْبَحْرِ قَالُوا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَالْاِسْلَامِ هَلْ

حضرت ثمامہ بن حزن قشیری سے روایت ہے میں حاضر تھا گھر میں حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس وقت پر جب اوپر سے جھانکا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے لوگوں کو اور کہا میں پوچھتا ہوں تم کو بحق اللہ کے اور اسلام کے کیا تم نہیں جانتے یہ بات جب آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ کو وہاں میٹھا پانی نہ تھا کسی کنوئیں میں سوائے بیر رومہ کے آپ نے فرمایا تھا کون خریدتا ہے بیر رومہ کو اس طرح پر کہ ڈالے ڈول اپنا مسلمانوں کے ڈول کے ساتھ ف۱ یعنی جو کوئی ایسا کرے گا ملے گا اس کو جنت میں اس سے بہتر اس وقت خریدا میں نے اس کو اپنے ذاتی مال سے پھر کر دیا میں نے اپنا ڈول سب مسلمانوں کے ڈول کے برابر یعنی اپنا دعوے اس پر کچھ نہ رکھا آج تم منع کرتے ہو اس میں کا پانی پینے سے مجھے اور میرا یہ حال ہے میں پیتا ہوں پانی سمندر کا کہا سب لوگوں نے کہا اللّٰهُمَّ نَعَمْ

ف۱ یعنی مول لیوے اور مسلمانوں کے لیے وقف کر دے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



تَعْلَمُوْنَ أَنِّي جَهَّزْتُ جَيْشَ الْعُسْرَةِ مِنْ مَالِي قَالُوْا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَأَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَ الْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْمَسْجِدَ ضَاقَ بِأَهْلِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَشْتَرِي بُقْعَةَ آلِ فُلَانٍ فَيَزِيْدُهَا فِي الْمَسْجِدِ بِخَيْرٍ لَهُ مِنْهَا فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ صُلْبِ مَالِي فَزِدْتُهَا فِي الْمَسْجِدِ وَأَنْتُمْ تَمْنَعُوْنِي أَنْ أُصَلِّيَ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ قَالُوْا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللّٰهِ وَ الْإِسْلَامِ هَلْ تَعْلَمُوْنَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى ثَبِيْرٍ ثَبِيْرِ مَكَّةَ وَمَعَهُ أَبُوْ بَكْرٍ وَّ عُمَرُ وَ أَنَا فَتَحَرَّكَ الْجَبَلُ فَرَكَضَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرِجْلِهِ وَ قَالَ اسْكُنْ ثَبِيْرُ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَّ صِدِّيْقٌ وَ شَهِيْدَانِ قَالُوْا اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ شَهِدُوْا لِي وَ رَبِّ الْكَعْبَةِ يَعْنِي أَنِّي شَهِيْدٌ۔

یعنی ہاں جیسا تم کہتے ہو اسی طرح ہے پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے میں سوال کرتا ہوں تم سے خدا اور اسلام کا واسطہ دے کر کیا تم کو معلوم نہیں کہ میں نے تیاری کرائی تھی تنگی کے زمانے میں لشکر کی اپنے مال سے سب نے کہا کہ ہاں کرائی تھی پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے میں دریافت کرتا ہوں تم سے اللہ اور اسلام کا واسطہ دے کر کیا تم کو معلوم نہیں جب مسجد میں لوگوں کی کثرت سے گنجائش نہیں رہی تھی اس وقت فرمایا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جو کوئی مول لیوے جگہ فلانے لوگوں کی اور ملا دیوے اس جگہ کو مسجد میں۔ اس نیکی کے بدلے جگہ ملیگی خریدنے والے کو بہشت میں میں نے مول لی وہ زمین اپنے ذاتی مال سے اور ملا دیا اس زمین کو مسجد میں اب تم منع کرتے ہو مجھ کو دو رکعت نماز پڑھنے سے اس میں سب نے کہا ہاں پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے میں پوچھتا ہوں تم سے اللہ اور اسلام کو درمیان دے کر اس روز کی بات جس روز کھڑے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکے کے پہاڑ پر جس کا نام ثبیر ہے اور آپ کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ اور میں اس پہاڑ پر کھڑے تھے اس وقت وہ پہاڑ ہلنے لگا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ کہہ کر اس کو لات ماری تھی کہ ٹھہر اے ثبیر تیرے پر ہیں نبی اور صدیق اور دو شہید سب نے کہا ہاں پھر حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اللہ اکبر کہہ کر کہا ان لوگوں سے گواہی دو میرے باب میں گواہی دو۔ کعبے کے رب کی قسم میں شہید ہوں

۳۶۴۲۔ أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ بَكَّارِ بْنِ رَاشِدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ أَنَّ عُثْمَانَ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ حِيْنَ حَصَرُوْهُ فَقَالَ أَنْشُدُ بِاللّٰهِ رَجُلًا سَمِعَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمان سے روایت ہے عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے جھانکا مکان پر سے لوگوں کی طرف جس دن کہ گھیر لیا تھا۔ لوگوں نے ان کا گھر اور کہا میں سوال کرتا ہوں اس آدمی سے جس نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جبل کے روز کا کلام وہ کلام جو فرمایا تھا پہاڑ کے ہلنے کے وقت اور فرمایا تھا اس پر لات مار کر ٹھہر اے پہاڑ کیونکہ تیرے پر نہیں ہے کوئی سوائے نبی یا صدیق یا دو شہید کے اور میں بھی اس وقت ساتھ تھا رسول اللہ

www.sirat-e-mustaqeem.com



الْجَبَلِ حِيْنَ اهْتَزَّ فَرَكَلَهُ بِرِجْلِهِ وَقَالَ اسْكُنْ فَإِنَّهُ لَيْسَ عَلَيْكَ إِلَّا نَبِيٌّ أَوْ صِدِّيْقٌ أَوْ شَهِيْدَانِ وَأَنَا مَعَهُ فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُ بِاللّٰهِ رَجُلًا شَهِدَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَيْعَةِ الرِّضْوَانِ يَقُوْلُ هٰذِهٖ يَدُ اللّٰهِ وَهٰذِهٖ يَدُ عُثْمَانَ فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُ بِاللّٰهِ رَجُلًا سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جَيْشِ الْعُسْرَةِ يَقُوْلُ مَنْ يُنْفِقُ نَفَقَةً مُتَقَبَّلَةً فَجَهَّزْتُ نِصْفَ الْجَيْشِ مِنْ مَالِيْ فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُ بِاللّٰهِ رَجُلًا سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَزِيْدُ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ بِبَيْتٍ فِي الْجَنَّةِ فَاشْتَرَيْتُهُ مِنْ مَالِيْ فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُ بِاللّٰهِ رَجُلًا شَهِدَ رُوْمَةَ تُبَاعُ فَاشْتَرَيْتُهَا مِنْ مَالِيْ فَأَبَحْتُهَا لِابْنِ السَّبِيْلِ فَانْتَشَدَ لَهُ رِجَالٌ۔

۳۶۴۳۔ أَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ أَبُوْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ قَالَ حَدَّثَنِيْ زَيْدُ بْنُ أَبِيْ أُنَيْسَةَ عَنْ أَبِيْ إِسْحٰقَ عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ قَالَ لَمَّا حُصِرَ عُثْمَانُ فِيْ دَارِهٖ اجْتَمَعَ النَّاسُ حَوْلَ دَارِهٖ قَالَ فَأَشْرَفَ عَلَيْهِمْ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ۔

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لوگوں نے ان کی بات کی تصدیق کی پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے میں دریافت کرتا ہوں اس آدمی سے جو حاضر تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس بیعت رضوان کے دن فرماتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہاتھ اللہ کا ہے اور یہ ہاتھ عثمان کا ہے سب لوگوں نے اس بات کی تصدیق کی پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے میں پوچھتا ہوں اس آدمی سے جس نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جیش عسرت کے دن فرماتے تھے رسول اللہ علیہ وسلم کون ہے ایسا جو خرچ کرے مال مقبول کو میں نے یہ بات سن کر تیاری کرا دی تھی آدھے لشکر کی اپنے مال سے سب لوگوں نے حضرت عثمان کی بات کا اقرار کیا پھر کہا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے میں کہتا ہوں اس آدمی سے جس نے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے کہ کون آدمی ہے ایسا جو بڑھا دے اس مسجد کو جنت کے گھر کے بدلے میں پھر مول لے لیا میں نے اس زمین کو اپنے مال سے پھر لوگوں نے اس بات کی تصدیق کی پھر کہا حضرت عثمانؓ نے میں دریافت کرتا ہوں اُس آدمی سے جو حاضر تھا بیر رومہ کے مول لینے کے وقت میں نے خریدا تھا اس کو اپنے مال سے اور مباح کر دیا تھا مسافروں کے لیے لوگوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی۔

حضرت ابو عبدالرحمٰن سلمی سے روایت ہے جب بند کئے گئے حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ اپنے گھر میں جمع ہو گئے لوگ گھر پر ان کے چاروں طرف اس وقت جھانک کر دیکھا حضرت عثمان رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے لوگوں کو اور بیان کیا ابو عبدالرحمان نے ساری حدیث کو جو اوپر گزر چکی ہے ف ۱

ف ۱۔ حضرت عثمان پر جو بلوہ ہوا وہ مشہور ہے اس کے بیان کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے یہاں اس حدیث کو وقف کے بیان کرنے کے لیے لائے ہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



# كِتَابُ الْوَصَايَا

# کتاب وصیتوں کے بیان میں

## ۱۹۷ بَابُ الْكَرَاهِيَةِ فِي تَأْخِيرِ الْوَصِيَّةِ

## اور اس بات کے بیان میں کہ دیر کرنا وصیّت میں مکروہ ہے

۳۶۴۴۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَعْظَمُ أَجْرًا قَالَ أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ تَخْشَى الْفَقْرَ وَتَأْمُلُ الْبَقَاءَ وَلَا تُمْهِلْ حَتّٰى إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ قُلْتَ لِفُلَانٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلَانٍ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا اور پوچھا کون سی خیرات اجر اور ثواب میں بڑھ کر ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ نے فرمایا صدقہ کرے تو ایسے وقت پر کہ حاصل ہو تجھ کو صحت اور حرص ہو تجھ کو مال کی اور ڈر ہو محتاجی کا اور امید ہو زندگی اور بقا کی اور دیر نہ کرے تو اُس وقت تک جب جان حلق میں آجاوے تو کہنے لگے اتنا فلانے کو دینا وہ فلانے ہی کا تھا (یعنی مرتے وقت صدقہ دینا ثواب اتنا نہیں ہے)

۳۶۴۵۔ أَخْبَرَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّكُمْ مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا مِنَّا أَحَدٌ إِلَّا مَالُهُ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِ وَارِثِهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْلَمُوا أَنَّهُ لَيْسَ مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا مَالُ وَارِثِهِ أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنْ مَالِهِ مَالُكَ مَا قَدَّمْتَ وَمَالُ وَارِثِكَ مَا أَخَّرْتَ۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون سا آدمی تم میں ایسا ہے جس کو وارث کا مال زیادہ دوست اور پیارا ہے اپنے مال سے لوگوں نے عرض کیا ہم میں سے تو ایسا کوئی نہیں یا رسول اللہ جس کو وارث کا مال دوست اور پیارا زیادہ ہو اپنے مال سے آپ نے فرمایا تم سمجھو اس بات کو بلکہ تم میں سے ہر ایک آدمی ایسا ہے کہ اس کو پیارا ہے وارث کا مال اس کے مال سے جاننے کی بات یہ ہے انسان کا مال وہ ہے جس کو اپنے روبرو بھیج دیا اور وارث کا مال وہ ہے جس کو چھوڑ گیا اپنے پیچھے ف۱

۳۶۴۶۔ أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ

حضرت مطرف نے اپنے باپ سے اور ان کے باپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا أَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ۔

---

ف۱ اس سے معلوم ہوا جس کو دلوانا منظور ہو اپنے روبرو دلوا دیوے دوسرے کے بھروسہ پر نہ چھوڑ جاوے اسی واسطے وصیت میں تاخیر کرنا اچھا نہیں آدمی کو اس حدیث کے نکتہ کی طرف غور کرنا چاہیے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ قَالَ يَقُوْلُ ابْنُ اٰدَمَ مَالِيْ مَالِيْ وَاِنَّمَا مَالُكَ مَا اَكَلْتَ فَاَفْنَيْتَ اَوْ لَبِسْتَ فَاَبْلَيْتَ اَوْ تَصَدَّقْتَ فَاَمْضَيْتَ۔

یعنی غفلت میں رکھا تم کو بہتایت کی حرص نے جب تک جا دیکھیں قبریں یہ فرما کر یوں فرمایا انسان کہتا ہے میرا مال میرا مال تیرا مال تو اے انسان وہ ہے جو تو نے کھا کر فنا کر دیا یا پہن کر پرانا کر دیا یا خیرات میں دے دیا اور جو بینت کر رکھ چھوڑا وہ تیرا مال نہیں ہے۔

۳۶۴۷۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اِسْحٰقَ سَمِعَ اَبَا حَبِيْبَةَ الطَّائِيَّ قَالَ اَوْصٰى رَجُلٌ بِدَنَانِيْرَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسُئِلَ اَبُوالدَّرْدَاءِ فَحَدَّثَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الَّذِيْ يُعْتِقُ اَوْ يَتَصَدَّقُ عِنْدَ مَوْتِهِ مَثَلُ الَّذِيْ يُهْدِيْ بَعْدَ مَا يَشْبَعُ۔

حضرت ابو حبیبہ طائی سے روایت ہے کسی شخص نے وصیت کی کچھ اللہ کی راہ میں دینے کی ابو درداء صحابی سے پوچھا اس مسئلہ کو انہوں نے بیان کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ حدیث فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو آدمی کوئی بردہ آزاد کرتا ہے یا صدقہ دیتا ہے موت کے وقت اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص ہدیہ دیوے پیٹ بھر کر کھا لینے کے بعد ف ا

۳۶۴۸۔ اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهُ شَيْءٌ يُوْصِيْ فِيْهِ اَنْ يَبِيْتَ لَيْلَتَيْنِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرد مسلمان کو نہیں پہنچتا یہ امر کہ دو راتیں گزارے اور وصیت نامہ لکھ کر نہ رکھے ان چیزوں کے لیے جن چیزوں میں اُس کو وصیت کرنا ضرور تھا ف ۲

۳۶۴۹۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهُ شَيْءٌ يُوْصِيْ فِيْهِ يَبِيْتُ لَيْلَتَيْنِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ۔

ترجمہ دونوں حدیثوں کا ایک ہے

۳۶۵۰۔ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا حِبَّانُ قَالَ اَنْبَاَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ

حضرت ابن عون نے نافع سے اور نافع نے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا ابن عون نے

---

ف ا۔ یعنی جب پیٹ بھر گیا اس وقت کسی کو دیا تو کیا دیا خوبی اور بڑائی کی تو یہ بات ہے کہ اپنی حاجت کے وقت دوسرے کو دے اس سے معلوم ہوا کہ مرنے سے پہلے ہی وصیت کرنا چاہیے

ف ۲ جمہور کے نزدیک وصیت پہلے سے لکھ کر رکھنا مستحب ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ جس آدمی پر حقوق اور ادائیگی وغیرہ زیادہ ہوں اس کو واجب ہے کہ وصیت لکھ کر رکھے کہ بعد اس کے جھگڑا نہ پڑے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَوْلَهُ ۔

قول کو ف۱

۳۶۵۱- اَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى قَالَ اَنْبَاَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ تَمُرُّ عَلَيْهِ ثَلَاثُ لَيَالٍ اِلَّا وَعِنْدَهُ وَصِيَّتُهُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ مَا مَرَّتْ عَلَيَّ مُنْذُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذٰلِكَ اِلَّا وَعِنْدِي وَصِيَّتِي ۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نہیں لائق ہے مسلمان آدمی کو کہ گزر جاویں اس کو تین راتیں اور وصیت اس کے پاس نہ ہو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے جس دن سے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنی ہے اس دن سے میری وصیت میرے پاس موجود رہتی ہے۔

۳۶۵۲- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْوَزِيرِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ وَهْبٍ قَالَ اَخْبَرَنِي يُونُسُ وَعَمْرُو بْنُ الْحٰرِثِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ لَهُ شَيْءٌ يُوصِي فِيهِ فَيَبِيتُ ثَلَاثَ لَيَالٍ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ عِنْدَهُ مَكْتُوبَةٌ ۔

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں لائق کسی مسلمان کو جس کے پاس ایسی چیز ہو جس میں وصیت کرنے کی حاجت ہو وہ مسلمان تین راتیں گزار دے اور اُس چیز کے لیے وصیت نامہ لکھا ہوا اس کے پاس نہ ہو ف۲

## بَابُ ۱۹۸ هَلْ اَوْصَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

## نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کچھ وصیت کی تھی یا نہیں

۳۶۵۳- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحٰرِثِ قَالَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ حَدَّثَنَا طَلْحَةُ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ اَبِي اَوْفٰى اَوْصٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قُلْتُ كَيْفَ كَتَبَ عَلَى الْمُسْلِمِينَ الْوَصِيَّةَ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے پوچھا میں نے ابن ابی اوفیٰ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بھی کچھ وصیت کی تھی یا نہیں انہوں نے جواب دیا نہیں طلحہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے کہا ابن ابی اوفیٰ سے پھر وصیت کیسے فرض ہوئی مسلمانوں کے لیے اس وقت ابن ابی اوفیٰ نے کہا وصیت کی تھی آپ نے اللہ کی

---

ف ایک قول تو ابن عمر رضی اللہ عنہ کا آگے کی حدیث میں مذکور ہے اور دوسرے قول ابن منذر کی روایت میں آیا ہے وہ قول یہ ہے جب مرض الموت میں پوچھا گیا ابن عمر رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے کہ آپ کچھ وصیت نہیں کرتے انہوں نے فرمایا اپنے مال میں جو کچھ میں نے کیا ہے وہ خدا کو خوب معلوم ہے۔

ف۲ بعض روایتوں میں دو راتیں اور بعض میں تین ہیں غرض اس سے یہ ہے کہ زمانہ قلیل گزر جاوے تو معاف ہے لیکن قلیل کی بھی حد ہے تین رات تک۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ اَوْصٰى بِكِتَابِ اللّٰهِ۔

۳۶۵۴ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اٰدَمَ قَالَ حَدَّثَنَا مُفَضَّلٌ عَنِ الْاَعْمَشِ وَاَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاَحْمَدُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا وَلَا شَاةً وَلَا بَعِيْرًا وَلَا اَوْصٰى بِشَيْءٍ۔

کتاب کی وصیت
حضرت عائشہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دینار اور درہم اور بکری اور اونٹ کچھ نہیں چھوڑا اور نہ کسی چیز کی وصیت کر کے گئے۔

۳۶۵۵ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْهَمًا وَلَا بَعِيْرًا وَلَا شَاةً وَمَا اَوْصٰى۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزرا۔

۳۶۵۶ اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْهُذَيْلِ وَاَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَا حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَيَّاشٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا تَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِرْهَمًا وَلَا دِيْنَارًا وَلَا شَاةً وَلَا بَعِيْرًا وَلَا اَوْصٰى لَمْ يَذْكُرْ جَعْفَرٌ دِيْنَارًا وَلَا دِرْهَمًا۔

اس حدیث کا ترجمہ وہی ہے جو اوپر گزرا مگر اس حدیث میں ایک استاد نے دینار اور درہم کا لفظ ذکر کیا اور دوسرے استاد نے نہیں ذکر کیا (اللہ تعالیٰ جزا دے بہت بڑی جزا۔ ان محدثوں کو کیا محنت اور محبت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لفظ مبارک کو یاد رکھتے تھے)

---

(۱) طلحہ بن مطرف کی غرض یہ تھی کہ قرآن شریف میں اللہ جل شانہ نے فرمایا کُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَ نِ الْوَصِيَّةُ الخ یعنی حکم ہوا تم پر جب حاضر ہو کسی کو تم میں سے موت اگر کچھ مال چھوڑے تو دیکر مرے ماں باپ کو اور ناتے والوں کو دستور سے یہ ضرور ہے پرہیزگاروں کو۔

(۲) کفر کی رسم میں مردے کے وارث اولاد کے سوا کوئی نہ تھے اور اولاد میں بھی فقط بیٹا سو اللہ صاحب نے اولاد ہی وارث رکھی پر مردے کو ضرور ہوا کہ ماں باپ اور ناتے والوں کو موافق حاجت اپنے روبرو دلوا جائے یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا پھر اللہ نے سب ناتے والوں اور ماں باپ کا حصہ مقرر کر دیا اور وصیت فرض نہ رہی۔ (موضح القرآن) عبداللہ بن ابی اوفیٰ نے یہ بات سن کر ان کو جواب دیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اللہ کی کتاب پر عمل کرنے کی وصیت کی تھی کیونکہ آپ کے پاس کچھ مال نہ تھا جس کے لیے وصیت کرتے اس سے معلوم ہوا کہ وصیت کرنے کے لیے کچھ مال ضرور نہیں بلکہ جس امر میں خیر اور بھلائی دیکھے اس کی ہی وصیت کر جاوے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۶۵۷- أخبرنا عمرو بن علي قال حدثنا أزهر قال أنبأنا ابن عون عن الأسود عن عائشة قالت يقولون إن رسول الله صلى الله عليه وسلم أوصى إلى علي رضي الله عنه لقد دعا بالطست ليبول فيها فانخنثت نفسه صلى الله عليه وسلم وما أشعر فإلى من أوصى۔

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے لوگ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا وصی کیا علی رضی اللہ عنہ کو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حالت اس وقت ایسی تھی کہ منگوایا گیا آپ کے پیشاب کرنے کے لیے طشت اس کے بعد آپ کی روح مبارک پرواز ہوگئی اور میں تو نہیں جانتی کہ آپ نے کسی کو وصیت کی ہو۔

۳۶۵۸- أخبرني أحمد بن سليمان قال حدثنا عارم قال حدثنا حماد بن زيد عن ابن عون عن إبراهيم عن الأسود عن عائشة قالت توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم وليس عنده أحد غيري قالت ودعا بالطست۔

حضرت عائشہ رضی سے روایت ہے وفات پائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہیں تھا آپ کے پاس کوئی اور بیان کیا نیز بی بی عائشہ نے منگوایا گیا تھا طشت اس وقت۔

## باب ۱۷۹۹ الوصية بالثلث

## باب تہائی مال کی وصیت کرنے کے بیان میں

۳۶۵۹- أخبرني عمرو بن عثمان بن سعيد قال حدثنا سفيان عن الزهري عن عامر بن سعد عن أبيه قال مرضت مرضا أشفيت منه فأتاني رسول الله صلى الله عليه وسلم يعودني فقلت يا رسول الله إن لي مالا كثيرا وليس يرثني إلا ابنتي أفأتصدق بثلثي مالي قال لا قلت فالشطر قال لا قلت فالثلث قال الثلث كثير إنك أن تترك ورثتك أغنياء خير لهم من أن تتركهم عالة يتكففون الناس۔

حضرت عامر بن سعد اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ بیمار ہوا میں سخت بیمار قریب المرگ ہو گیا تھا تو آئے میری عیادت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے پاس مال بہت ہے اور میری ایک لڑکی کے سوا اس کا کوئی وارث نہیں آپ فرما دیں تو دو تہائی مال اس میں سے خیرات کر دوں آپ نے فرمایا دو تہائی مت خیرات کر میں نے کہا آدھا مال آپ نے فرمایا آدھا بھی نہیں پھر میں نے کہا ایک تہائی خیرات کروں آپ نے فرمایا ہاں ایک تہائی اور ایک تہائی بھی بہت ہے اس لیے کہ اگر تو اپنے وارثوں کو مال دار چھوڑ جاوے تو بہتر ہے اس سے کہ تو ان کو محتاج چھوڑ جاوے اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں (یعنی بھیک مانگیں اور سوال کریں

۳۶۶۰- أخبرنا عمرو بن منصور وأحمد بن سليمان واللفظ لأحمد قال حدثنا أبو نعيم قال حدثنا سفيان عن سعد بن إبراهيم عن

حضرت سعد بن ابی وقاص سے روایت ہے آئے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میری عیادت کے لیے ان دنوں میں مکے میں تھا میں نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ فرمادیں

www.sirat-e-mustaqeem.com



عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ قَالَ جَاءَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي وَأَنَا بِمَكَّةَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ قَالَ لَا قُلْتُ فَالشَّطْرَ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثَ قَالَ الثُّلُثَ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ يَتَكَفَّفُونَ فِي أَيْدِيهِمْ۔

۳۶۶۱- أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُهُ وَهُوَ بِمَكَّةَ وَهُوَ يَكْرَهُ أَنْ يَمُوتَ بِالْأَرْضِ الَّذِي هَاجَرَ مِنْهَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحِمَ اللَّهُ سَعْدَ بْنَ عَفْرَاءَ أَوْ يَرْحَمُ اللَّهُ سَعْدَ بْنَ عَفْرَاءَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ إِلَّا ابْنَةٌ وَاحِدَةٌ قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ (صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ) أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ قَالَ لَا قُلْتُ النِّصْفَ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثَ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ مَا فِي أَيْدِيهِمْ۔

۳۶۶۲- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنِي بَعْضُ آلِ سَعْدٍ قَالَ مَرِضَ سَعْدٌ فَدَخَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ قَالَ لَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ۔

۳۶۶۳- أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ

تو میں سارا مال اپنا خیرات کر جاؤں آپ نے فرمایا سارا مال مت خیرات کریں میں نے کہا آدھا خیرات کر دوں آپ نے فرمایا آدھا بھی مت خیرات کریں میں نے کہا تہائی خیرات دیتا ہوں آپ نے فرمایا تہائی خیرات کر دے اور تہائی بہت ہے تو اپنے وارثوں کو غنی اور بے پرواہ چھوڑ جاوے تو بہتر ہے اس سے کہ رہ جاویں تیرے بعد محتاج لوگوں کے ہاتھ دیکھتے رہیں

حضرت عامر بن سعد اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کی عیادت کو آئے جب وہ مکہ میں تھے اور برا جانتے تھے اس بات کو جس جگہ سے ہجرت کریں پھر وہیں مریں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دعا دی اس طرح رحم کرے اللہ سعد بن عفرا پر اللہ رحم کرے سعد بن عفرا پر اور نہیں تھی ان کی کچھ اولاد سوائے ایک بیٹی کے کہا انہوں نے یا رسول اللہ میں وصیت کر جاتا ہوں اپنے سارے مال میں آپ نے فرمایا نہ سارے مال میں وصیت مت کر میں نے کہا آدھے میں کروں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا

آپ نے فرمایا آدھے میں بھی مت کرو وہ کہتے ہیں پھر میں نے کہا تہائی میں کروں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا تہائی میں کر کیونکہ تہائی بھی بہت ہے پھر آپ نے ان کو نصیحت فرمائی اور بیان کیا تو اپنے وارثوں کو غنی اور مالدار چھوڑ جائے تو اچھا ہے اس سے کہ ان کو محتاج اور دوسروں کا دست نگر چھوڑ جاوے۔

حضرت سعد بن ابراہیم کہتے ہیں بیان کی مجھ سے یہ حدیث سعد کی آل میں سے ایک شخص نے اس طرح پر کہ بیمار ہوئے سعد اور تشریف [illegible] سعد نے آپ سے عرض کیا یا رسول اللہ میں سارا مال خیرات کر جاتا ہوں آپ نے فرمایا مت کر سارے مال کو خیرات اور بیان کی راوی نے تمام حدیث۔

حضرت عامر بن سعد اپنے باپ سے روایت

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْكَبِيرِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ قَالَ حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ مِسْمَارٍ قَالَ سَمِعْتُ عَامِرَ بْنَ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ اشْتَكَى بِمَكَّةَ فَجَاءَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا رَآهُ سَعْدٌ بَكَى وَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَمُوتُ بِالْأَرْضِ الَّتِي هَاجَرْتُ مِنْهَا قَالَ لَا إِنْ شَاءَ اللَّهُ وَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ لَا قَالَ يَعْنِي بِثُلُثَيْهِ قَالَ لَا قَالَ فَنِصْفَهُ قَالَ لَا قَالَ فَثُلُثَهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَتْرُكَ بَنِيكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَتْرُكَهُمْ عَالَةً يَتَكَفَّفُونَ النَّاسَ۔

کہتے ہیں بیمار ہوئے وہ مکے میں پھر آئے ان کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب دیکھا سعد نے آپ کو رو دئیے اور کہا یا رسول اللہ میں مرتا ہوں ایسی جگہ جہاں سے ہجرت کر چکا تھا آپ نے فرمایا ان شاء اللہ تعالیٰ ایسا نہیں ہوگا اور کہا سعد نے یا رسول اللہ میں وصیت کرتا ہوں میرا سارا مال اللہ کی راہ میں دیا جاوے آپ نے فرمایا سارے مال کی وصیت نہ کر پھر عرض کیا دو تہائی اس مال کی پھر آپ نے فرمایا نہ دو تہائی بھی نہیں پھر پوچھا آدھا اس مال میں سے آپ نے فرمایا آدھا بھی نہیں پھر اس نے کہا تہائی مال آپ نے فرمایا تہائی مال میں وصیت کر کیونکہ تہائی بھی بہت ہے پھر آپ نے ان کو فرمایا تیرے وارث تیرے پیچھے غنی اور آسودہ رہیں یہ بات اچھی ہے بالکہ محتاج اور لوگوں کے دست نگر رہیں یہ بات بھلی ہے

۳۶۶۴۔ أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ أَنْبَأَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ عَادَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَرَضِي فَقَالَ أَوْصَيْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ بِكَمْ قُلْتُ بِمَالِي كُلِّهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ فَمَا تَرَكْتَ لِوَلَدِكَ قُلْتُ هُمْ أَغْنِيَاءُ قَالَ أَوْصِ بِالْعُشْرِ فَمَا زَالَ يَقُولُ وَأَقُولُ حَتَّى قَالَ أَوْصِ بِالثُّلُثِ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ أَوْ كَبِيرٌ۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے مجھے پوچھنے کو آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیماری میری میں میری آپ نے فرمایا کچھ وصیت کی ہے تو نے میں نے کہا ہاں کی ہے آپ نے پوچھا کس قدر میں نے کہا سارا مال میرا اللہ کی راہ میں صرف کیا جاوے آپ نے فرمایا تو نے اپنی اولاد کے واسطے نہ رکھا وہ مال میں نے کہا میری اولاد غنی ہے محتاج نہیں آپ نے فرمایا وصیت کر تہائی مال میں اور تہائی بہت ہے یا بڑا حصہ ہے راوی کو شک ہے یعنی کثیر فرمایا یا کبیر فرمایا

۳۶۶۵۔ أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَعْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَادَهُ فِي مَرَضِهِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ قَالَ لَا قَالَ فَالشَّطْرُ قَالَ لَا قَالَ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ أَوْ كَبِيرٌ۔

ترجمہ اوپر گزر چکا ہے

۳۶۶۶ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الْفَحَّامُ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَبِيعَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَى

ترجمہ اس حدیث کا بھی اوپر گزر چکا ہے

www.sirat-e-mustaqeem.com



سَعْدٌ أَيَعُودُهُ فَقَالَ لَهُ سَعْدٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُوصِي بِثُلُثَيْ مَالِي قَالَ لاَ قَالَ فَأُوصِي بِالنِّصْفِ قَالَ لاَ قَالَ فَأُوصِي بِالثُّلُثِ قَالَ نَعَمِ الثُّلُثَ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ أَوْ كَبِيرٌ إِنَّكَ أَنْ تَدَعَ وَرَثَتَكَ أَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِنْ أَنْ تَدَعَهُمْ فُقَرَاءَ يَتَكَفَّفُونَ.

٣٦٦٧- أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَوْ غَضَّ النَّاسُ إِلَى الرُّبُعِ لأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الثُّلُثُ كَثِيرٌ أَوْ كَبِيرٌ.

حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے اگر کم کریں لگ وصیت میں چوتھائی تک تو مناسب ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا وصیت کر ثلث میں اور ثلث بہت ہے ف۱

٣٦٦٨- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى قَالَ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ قَالَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ أَبِيهِ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَهُ وَهُوَ مَرِيضٌ فَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ لِي وَلَدٌ إِلاَّ ابْنَةٌ وَاحِدَةٌ فَأُوصِي بِمَالِي كُلِّهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ قَالَ فَأُوصِي بِنِصْفِهِ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لاَ قَالَ فَأُوصِي بِثُلُثِهِ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيرٌ.

حضرت سعد بن مالک رض سے روایت ہے آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس جب وہ بیمار تھے کہا سعد بن مالک نے میری اولاد نہیں مگر ایک لڑکی ہے میں چاہتا ہوں وصیت کردوں اپنے سارے مال میں آپ نے فرمایا سارے مال میں وصیت مت کر انہوں نے کہا آدھے مال میں آپ نے فرمایا آدھے مال میں بھی نہیں انہوں نے کہا تہائی مال میں وصیت کردوں آپ نے فرمایا تہائی مال میں کر اور تہائی بہت ہوتا ہے۔

٣٦٦٩- أَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ زَكَرِيَّا بْنِ دِينَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ شَيْبَانَ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ أَبَاهُ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ سِتَّ بَنَاتٍ وَتَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا فَلَمَّا حَضَرَ جِدَادُ النَّخْلِ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ قَدْ عَلِمْتَ أَنَّ وَالِدِي اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ دَيْنًا كَثِيرًا

حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے شہید ہوئے ان کے باپ احد کے دن (نام ایک جگہ کا ہے جہاں جنگ ہوئی تھی) اور چھوڑیں چھ لڑکیاں اور چھوڑ گئے ان پر قرض اپنا جب کھجور کاٹنے کا وقت ہوا تو آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے آپ کو معلوم ہے میرا باپ شہید ہوا احد کے دن اور رہ گیا اس پر قرض بہت سے میں چاہتا ہوں کہ دیکھیں آپ کو قرضخواہ ف۲

ف۱ آپ نے ثلث یعنی تہائی کو بہت فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ اگر چوتھائی مال میں وصیت کریں تب بھی جائز ہے بلکہ بہتر ہے۔)

ف۲ یعنی قرضخواہ جس وقت آپ کو میرے گھر میں دیکھیں گے شاید مجھ پر رعایت کچھ کریں گے)

www.sirat-e-mustaqeem.com



وَإِنِّي أُحِبُّ أَنْ تَرَاكَ الْغُرَمَاءُ قَالَ اذْهَبْ فَبَيْدِرْ كُلَّ تَمْرٍ عَلَى نَاحِيَةٍ فَفَعَلْتُ ثُمَّ دَعَوْتُهُ فَلَمَّا نَظَرُوا إِلَيْهِ كَأَنَّمَا أُغْرُوا بِي تِلْكَ السَّاعَةَ فَلَمَّا رَأَى مَا يَصْنَعُونَ أَطَافَ حَوْلَ أَعْظَمِهَا بَيْدَرًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ أَصْحَابَكَ فَمَا زَالَ يَكِيلُ لَهُمْ حَتَّى أَدَّى اللّٰهُ أَمَانَةَ وَالِدِي وَأَنَا رَاضٍ أَنْ يُؤَدِّيَ اللّٰهُ أَمَانَةَ وَالِدِي لَمْ تَنْقُصْ تَمْرَةً وَاحِدَةً۔

آپ نے فرمایا جابرؓ کو جاتو اور ڈھیر لگا ہر قسم کی کھجوروں کا علیحدہ علیحدہ پھر میں نے آپ کے فرمانے کے مواقق کیا اس کے بعد بُلا لایا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب دیکھا ان لوگوں نے آپ کو اس وقت وہ لوگ اور زیادہ شیر ہوئے میرے پر یعنی تشدد کرنے لگے مطلبے میں جب آپ نے ان کی یہ حالت دیکھی تو آپ سب سے بڑے ڈھیر کے گرد پھرے تین بار پھر بیٹھ گئے اس پر اور فرمایا مجھ کو بلا لا میرے پاس اپنے قرض خواہوں کو جب وہ لوگ آ گئے آپ ناپ ناپ کر ان لوگوں کو دینے لگے یہاں تک دیا کر ادا کر دیا اللہ تعالیٰ نے امانت یعنی قرض کو جو میرے باپ پر تھا اور میں اپنے جی میں راضی تھا اس بات پر کہ کسی طرح میرے باپ کا قرض ادا ہو جاوے تو اچھا ہے اس میں ایسی برکت ہوئی گویا کہ ایک کھجور بھی اُس میں سے نہ گھٹی ف

## بَابُ [۱۸۱] قَضَاءِ الدَّيْنِ قَبْلَ الْمِيرَاثِ وَذِكْرُ اخْتِلَافِ أَلْفَاظِ النَّاقِلِينَ لِخَبَرِ جَابِرٍ فِيهِ

## قرض ادا کرنا مقدم ہے میراث پر

اس باب میں اس کا بیان اور جابرؓ کی خبر نقل کرنے والوں نے جو اس خبر کے لفظوں میں اختلاف کیا ہے اس باب میں اس کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔

٣٦٧٠۔ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلَّامٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ وَهُوَ الْأَزْرَقُ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ أَبَاهُ تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أَبِي تُوُفِّيَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ وَلَمْ يَتْرُكْ إِلَّا مَا يُخْرِجُ نَخْلُهُ وَلَا يَبْلُغُ مَا يُخْرِجُ نَخْلُهُ مَا عَلَيْهِ مِنَ الدَّيْنِ دُونَ سِنِينَ فَانْطَلِقْ مَعِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ لِكَيْ لَا يَفْحُشَ عَلَيَّ الْغُرَّامُ فَأَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدُورُ

حضرت جابرؓ سے روایت ہے وفات پائی ان کے باپ نے اور ان پر قرض تھا لوگوں کا جابر کہتے ہیں آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے میرا باپ مر گیا اور اُس پر لوگوں کا قرض ہے اور کھجوروں کے باغ کی آمدنی کے سوائے کچھ چھوڑ کر نہیں گیا اور آمدنی بھی اتنی نہیں کہ کئی برس کے وسے ادا کرے اس کے قرض کو آپ چلئے یا رسول اللہ میرے ساتھ تاکہ کچھ زبان درازی نہ کریں قرض خواہ میرے پر یہ بات سُن کر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور دورہ کرنے لگے ہر ہر ڈھیر پر

ف اس حدیث کے بیان کرنے سے یہ غرض ہے کہ وصیت اور میراث قرض ادا کرنے کے بعد ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



بَيْدَرًا بَيْدَرًا حَوْلَهُ وَدَعَا لَهُ ثُمَّ جَلَسَ عَلَيْهِ وَدَعَا الْغُرَّامَ فَأَوْفَاهُمْ وَبَقِيَ مِثْلُ مَا أَخَذُوا۔

اور سلام کیا ہر ایک کے گرد پھر بیٹھ گئے اس کے اوپر اور قرض والوں کو بلا کر دینا شروع کیا پس پورا کر دیا ان کا قرض اور باقی رہ گیا اتنا ہی جتنا وہ لے گئے ف۱

۳۶۷۱۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَابِرٍ قَالَ تُوُفِّيَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ قَالَ وَتَرَكَ دَيْنًا فَاسْتَشْفَعْتُ بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غُرَمَائِهِ أَنْ يَضَعُوا مِنْ دَيْنِهِ شَيْئًا فَطَلَبَ إِلَيْهِمْ فَأَبَوْا فَقَالَ لِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبْ فَصَنِّفْ تَمْرَكَ أَصْنَافًا الْعَجْوَةَ عَلَى حِدَةٍ وَعِذْقَ ابْنِ زَيْدٍ عَلَى حِدَةٍ وَأَصْنَافَهُ ثُمَّ ابْعَثْ إِلَيَّ قَالَ فَفَعَلْتُ فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ فِي أَعْلَاهُ أَوْ فِي أَوْسَطِهِ ثُمَّ قَالَ كِلْ لِلْقَوْمِ قَالَ فَكِلْتُ لَهُمْ حَتَّى أَوْفَيْتُهُمْ ثُمَّ بَقِيَ تَمْرِي كَأَنْ لَمْ يَنْقُصْ مِنْهُ شَيْءٌ۔

حضرت جابرؓ سے روایت ہے وفات پائی عبداللہ بن عمرو بن حرام نے اور باقی رہا ان پر دین لوگوں کا میں گیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس اس لیے کہ لوگوں کو کہہ کر کچھ قرض تخفیف کرادیں جب آپ نے ان کو کہا کہ اس بات کی طرف آؤ یعنی کچھ کم کرو ان لوگوں نے انکار کیا اس وقت آپ نے فرمایا جا تو اے جابر اور جدا کر ہر قسم کی کھجوروں کو یعنی عجوہ کو جدا رکھ (قسم ہے کھجوروں کی) اور عذق بن زید کو علیحدہ کر اسی طرح سب قسموں کو جدا رکھ اتنا کام کر کے میرے پاس آدمی بھیج جابرؓ کہتے ہیں میں نے آپ کے فرمانے کے موافق کیا پھر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور بیٹھ گئے سب سے اعلا ڈھیر پر یا بیچ کے ڈھیر پر راوی کا شک ہے یعنی اعلا کہا یا اوسط اور بیٹھ جانے کے بعد آپ نے فرمایا ناپ کر دے لوگوں کو جابرؓ کہتے ہیں میں ناپ ناپ کر دینے لگا ان کو یہاں تک کہ پورا کر دیا ان کا قرض جو کچھ تھا اور باقی رہ گئیں گویا کہ کچھ ان میں گھٹا ہی نہیں۔

۳۶۷۲۔ أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُونُسَ بْنِ مُحَمَّدٍ حَرَمِيٌّ قَالَ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَمَّارِ ابْنِ أَبِي عَمَّارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ كَانَ لِيَهُودِيٍّ عَلَى أَبِي تَمْرٌ فَقُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ حَدِيقَتَيْنِ وَتَمْرُ الْيَهُودِيِّ يَسْتَوْعِبُ مَا فِي الْحَدِيقَتَيْنِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ الْعَامَ نِصْفَهُ وَتُؤَخِّرَ نِصْفَهُ فَأَبَى الْيَهُودِيُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ الْجِدَادَ فَآذِنِّي فَآذَنْتُهُ فَجَاءَ هُوَ وَأَبُو بَكْرٍ فَجَعَلَ يُجَدُّ وَيُكَالُ

حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے میرے باپ نے ایک یہودی سے کھجوریں قرض لی تھیں اور قرض ادا نہیں ہوا تھا وہ احد کی لڑائی میں مارے گئے جب وہ مر گئے ان کے باغ باقی رہ گئے اور دو تو باغوں کی آمدنی جو کچھ تھی وہ یہودی کی کھجوروں سے زیادہ نہ تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودی سے فرمایا کیا اتنی مہلت دے سکتا ہے تو کہ آدھا اس سال میں لے آدھا قرض دوسرے سال میں یہودی نے انکار کیا آپ نے فرمایا جابرؓ کو کاٹنے کے وقت مجھے خبر کر سکتا ہے میں نے آپ کو خبر دی پھر آپ اور ابوبکرؓ آئے اور ناپ کر دینا شروع کیا کھجور کے

ف۱ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم مبارک کی برکت سے اس میں کچھ کمی نہ ہوئی بلکہ جتنا تھا اتنا ہی رہا آپ کے معجزے کے سبب سے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



مِنْ اَسْفَلِ النَّخْلِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُوْ بِالْبَرَكَةِ حَتّٰى وَفَيْنَاهُ جَمِيْعَ حَقِّهٖ مِنْ اَصْغَرِ الْحَدِيْقَتَيْنِ فِيْمَا تَحْسِبُ عَمَّارٌ ثُمَّ اَتَيْتُهُمْ بِرُطَبٍ وَّمَآءٍ فَاَكَلُوْا وَشَرِبُوْا ثُمَّ قَالَ هٰذَا مِنَ النَّعِيْمِ الَّذِيْ تُسْئَلُوْنَ عَنْهُ ۔

۳۶۷۳- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى عَنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْوَهَّابِ قَالَ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تُوُفِّيَ اَبِيْ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ فَعَرَضْتُ عَلٰى غُرَمَآئِهٖ اَنْ يَّاْخُذُوا الثَّمَرَةَ بِمَا عَلَيْهِ فَاَبَوْا وَلَمْ يَرَوْا فِيْهِ وَفَآءً فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ قَالَ اِذَا جَدَدْتَهٗ فَوَضَعْتَهٗ فِي الْمِرْبَدِ فَاٰذِنِّيْ فَلَمَّا جَدَدْتُهٗ وَوَضَعْتُهٗ فِي الْمِرْبَدِ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَآءَ وَمَعَهٗ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ فَجَلَسَ عَلَيْهِ وَدَعَا بِالْبَرَكَةِ ثُمَّ قَالَ ادْعُ غُرَمَآءَكَ فَاَوْفِهِمْ قَالَ فَمَا تَرَكْتُ اَحَدًا لَّهٗ عَلٰى اَبِيْ دَيْنٌ اِلَّا قَضَيْتُهٗ وَفَضَلَ لِيْ ثَلَاثَةَ عَشَرَ وَسْقًا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَضَحِكَ وَقَالَ ائْتِ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَاَخْبِرْهُمَا ذٰلِكَ فَاَتَيْتُ اَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَاَخْبَرْتُهُمَا فَقَالَا قَدْ عَلِمْنَا اِذَا صَنَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعَ اَنَّهٗ سَيَكُوْنُ ذٰلِكَ ۔

نیچے سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برکت ہونے کے لیے دعا کر رہے تھے یہاں تک کہ پورا کر دیا گیا سارا حق اس کا ہماری طرف سے سب سے چھوٹے باغ میں سے (اور بڑا باغ سالم بچ رہا یہ برکت تھی) جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں پھر لایا میں ان کے پاس کھجوریں تازی اور پانی پینے کے لیے جب سب کھا پی چکے آپ نے فرمایا یہ وہ نعمت ہے جس کا تم سے سوال ہوگا۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وفات پائی میرے باپ نے اور اس پر قرض تھا لوگوں کا میں نے اپنے باپ کے قرض خواہوں کو بلا کر کھجوریں دیکھائیں اور ان سے کہا اس کے بدلے یہ کھجوریں لے لو انہوں نے انکار کیا اس لیے کہ ان کو وہ مقدار تھوڑی نظر آئی جابر کہتے ہیں میں آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور ذکر کیا میں نے یہ ماجرا آپ کے روبرو آپ نے فرمایا جب تو کھجوریں توڑے اور جمع کرے ان کو مربد میں یعنی کھریان میں اس وقت خبر کرنا مجھ کو جابر کہتے ہیں جب میں نے کھجوریں جھاڑیں اور جمع کیا ان کو مربد یعنی زمین میں تو آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پھر آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے آکر بیٹھ گئے اس پر اور دعا کی برکت ہونے کے لیے پھر فرمایا بلا لا اپنے قرض خواہوں کو اور دے اس میں سے ان کو جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جس جس کا قرض میرے باپ پر تھا سب کا میں نے ادا کر دیا کسی کو باقی نہ رکھا اور بچ رہی میرے لیے تیرہ وسق (نام ہے ایک مقدار کا جس کے ساٹھ صاع ہوتے ہیں) اس بات کا ذکر کیا میں نے آپ کے روبرو یہ بات سن کر آپ ہنسے اور فرمایا جا ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کو بھی اس بات کی خبر دے جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں آیا ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اور خبر دی ان کو اس کی ان دونوں نے فرمایا ہم کو معلوم ہو گیا تھا جو کچھ کر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور اس کا نتیجہ یہ ہی ہونے والا تھا ف۔

ف جابر کی خبروں میں جو کچھ اختلاف ہوا وہ لفظی اختلاف ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابُ ۱۸۰۱ إِبْطَالِ الْوَصِيَّةِ لِلْوَارِثِ

## وارث کے لیے وصیت کرنا باطل اور ناجائز ہے

۳۶۷۴۔ أَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ وَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ۔

حضرت عمرو بن خارجہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے خطبہ پڑھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے دیا ہے حق ہر حق والے کا نہیں جائز وصیت واسطے وارث کے۔ ف۱

۳۶۷۵۔ أَخْبَرَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ مَسْعُودٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ قَالَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ أَنَّ ابْنَ غَنْمٍ ذَكَرَ أَنَّ ابْنَ خَارِجَةَ ذَكَرَ لَهُ أَنَّهُ شَهِدَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلَى رَاحِلَتِهِ وَإِنَّهَا لَتَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا وَإِنَّ لُعَابَهَا لَيَسِيلُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خُطْبَتِهِ إِنَّ اللّٰهَ قَدْ قَسَمَ لِكُلِّ إِنْسَانٍ قِسْمَهُ مِنَ الْمِيرَاثِ فَلَا تَجُوزُ لِوَارِثٍ وَصِيَّةٌ۔

حضرت ابن خارجہ رض سے روایت ہے حاضر ہوا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آپ لوگوں کو خطبہ سنا رہے تھے اپنی سواری کے اوپر اور وہ جگالی کر رہی تھی اور لعاب منھ سے بہہ رہا تھا پھر فرمایا آپ نے اپنے خطبہ میں اللہ تعالیٰ نے تقسیم کیا حق ہر ایک انسان کا جو کچھ حصہ تھا اس کا میراث میں پس اب جائز نہیں کہ کوئی اپنے وارث کو وصیت کرے۔

۳۶۷۶۔ أَخْبَرَنَا عُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ أَنْبَأَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ اسْمُهُ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ وَلَا وَصِيَّةَ لِوَارِثٍ۔

ترجمہ وہی جو اوپر گذر چکا ہے

## بَابُ ۱۸۰۲ إِذَا أَوْصَى لِعَشِيرَتِهِ الْأَقْرَبِينَ

## جب وصیت کرے کوئی اپنے ناتے والوں کو جو قریب ہوں اس کے ناتے میں تو کس طرح کرے ان کو اس باب میں اس کا بیان ہے

ف۱ یعنی وارث کا حصہ اس مال میں اللہ نے مقرر کر دیا پھر وصیت کر کے اور دلوانا اچھا نہیں کیونکہ دوسروں کے حق میں فساد پڑتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



۳۵۷۷- اخبرنا اسحق بن ابراهيم قال حدثنا جرير عن عبد الملك بن عمير عن موسى بن طلحة عن ابي هريرة قال لما نزلت وانذر عشيرتك الاقربين دعا رسول الله صلى الله عليه وسلم قريشا فاجتمعوا فعم وخص فقال يا بني كعب بن لؤي يا بني مرة بن كعب يا بني عبد شمس ويا بني عبد مناف ويا بني هاشم ويا بني عبد المطلب انقذوا انفسكم من النار ويا فاطمة انقذي نفسك من النار اني لا آمِلك لكم من الله شيئا غير ان لكم رحما سابلها ببلالها۔

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے جب اتری یہ آیت وانذر عشیرتک الاقربین یعنی ڈراؤ اے محمدؐ اپنے ناتے والوں کو اس وقت بلایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کو آپ کے بلانے سے سب لوگ جمع ہو گئے پہلے عام سب کو ڈرایا پھر اپنے خاص ناتے والوں کو ڈرایا اور فرمایا اے کعب بن لوئی کی اولاد کے لوگو اور اے مرہ بن کعب کی اولاد والو اور اے عبد شمس کے ناتے والو اور عبد مناف کے قبیلے والو اور اے ہاشمی لوگو اور اے عبد المطلب کے بیٹو نکالو تم سب اپنی جان کو آگ میں سے پھر خاص اپنے صاحب زادی کو اے فاطمہ بچا اپنے تئیں آگ سے مالک نہیں تمہارے بچانے کا اللہ کے عذاب سے مگر البتہ تمہارا حق ہے برادری اور ناتے کے سبب سے میں ملاؤں گا اس کو تازہ کر کے۔

۳۶۷۸- اخبرنا احمد بن سليمان قال حدثنا عبيد الله بن موسى قال انبانا اسرائيل عن معاوية وهو ابن اسحق عن موسى بن طلحة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا بني عبد مناف اشتروا انفسكم من ربكم اني لا املك لكم من الله شيئا يا بني عبد المطلب اشتروا انفسكم من ربكم اني لا املك لكم من الله شيئا ولكن بيني وبينكم رحم انا بالها ببلالها۔

حضرت موسیٰ بن طلحہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے عبد مناف کی اولاد چھڑاؤ اپنی جانوں کو اپنے رب سے میں مالک نہیں تمہارے چھڑانے کا اللہ سے کسی طرح اے عبد المطلب کے بیٹو بچالو تم اپنی جانوں کو اپنے رب سے میں مالک اور قابض نہیں تمہارے بچانے پر اللہ کی پکڑ سے ایک رتی برابر لیکن مجھ میں اور تم میں ایک رحم یعنی ناتے داری کا واسطہ ہے البتہ میں ملاؤں گا اس کو تر و تازگی سے۔

۳۶۷۹- اخبرنا سليمان بن داود عن ابن وهب قال اخبرني يونس عن ابن شهاب قال اخبرني سعيد بن المسيب وابو سلمة بن عبد الرحمن عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حين انزل عليه وانذر عشيرتك الاقربين قال يا معشر قريش اشتروا انفسكم من الله لا اغني عنكم من الله شيئا يا بني عبد المطلب لا اغني عنكم من الله شيئا يا عباس بن عبد المطلب لا اغني عنك من الله شيئا يا صفية عمة رسول

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اتری آیت وَاَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ یعنی ڈراؤ اے محمد اپنے رشتہ داروں کو اللہ کے عذاب سے آپ نے موافق حکم کے تعمیل کی اور فرمایا لوگوں کو اے قریش کی جماعت والو تم بچاؤ اپنی جانوں کو اللہ سے یعنی اللہ کے عذاب سے میں کام نہ آؤں گا تمہارے خدا کی پکڑ کے سامنے رتی برابر اے عبد المطلب کی اولاد کے لوگو میں کام نہ آؤں گا تمہارے اللہ کے عذاب کے روبرو ذرہ بھر اے عباس عبد المطلب کے بیٹے میں کام میں نہ آؤں گا تیرے اللہ کی گرفت کے وقت

www.sirat-e-mustaqeem.com



اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا اغنی عنک من
اللہ شیئا یا فاطمۃ بنت محمد سلینی ما
شئت لا اغنی عنک من اللہ شیئا۔

اے صفیہ تو پھوپھی ہے رسول اللہ کی جب وقت پڑے
تجھ پر اللہ کے روبرو میں کام میں نہ آؤں گا تیرے اس وقت
میں کچھ اے فاطمہ تو بیٹی ہے محمدؐ کی مانگ جو تیرا جی چاہے
لیکن کام نہ آؤں گا تیرے اللہ کے آگے۔

۳۶۸۰۔ اخبرنا محمد بن خالد قال حدثنا بشر
ابن شعیب عن ابیہ عن الزھری قال اخبرنی سعید
ابن المسیب وابو سلمۃ بن عبد الرحمن ان ابا
ھریرۃ قال قام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
حین انزل علیہ وانذر عشیرتک الاقربین فقال یا
معشر قریش اشتروا انفسکم من اللہ لا اغنی عنکم من
اللہ شیئا یا بنی عبد مناف لا اغنی عنکم من اللہ
شیئا یا عباس بن عبد المطلب لا اغنی عنک من
اللہ شیئا یا صفیۃ عمۃ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم لا اغنی عنک من اللہ شیئا یا فاطمۃ
سلینی ما شئت لا اغنی عنک من اللہ شیئا۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزر چکا ہے۔

۳۶۸۱۔ اخبرنا اسحق بن ابراھیم قال
انبانا ابو معاویۃ قال حدثنا ھشام وھو
ابن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت لما
نزلت ھذہ الآیۃ وانذر عشیرتک الاقربین
قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا فاطمۃ
ابنۃ محمد یا صفیۃ بنت عبد المطلب یا
بنی عبد المطلب لا اغنی عنکم من اللہ شیئا
سلونی من مالی ما شئتم۔

ترجمہ اوپر گزر چکا ہے لیکن اس روایت میں من مالی کا
لفظ زیادہ ہے اس کا مطلب یہ ہے یعنی میرے
مال میں سے جو کچھ تم چاہو وہ مانگو میں دے
سکتا ہوں اس پر مالی زیادہ ہے اس کا
مطلب یہ ہے یعنی میرے مال میں سے جو کچھ
تم چاہو وہ مانگو میں دے سکتا ہوں
ف

---

ف تمام ہوا بیان رشتہ والوں کے واسطے وصیت کرنے کا اس سے معلوم ہوا رشتہ والوں کے لیے وصیت یہ ہی ہے
کہ ان کو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے ڈرا دے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



## بَابٌ ۱۸۰۳ إِذَا مَاتَ الْفُجَاءَةَ هَلْ يُسْتَحَبُّ لِأَهْلِهِ أَنْ يَتَصَدَّقُوا عَنْهُ

## اگر کوئی شخص مر جاوے اس کے وارثوں کو اس کی طرف سے صدقہ کرنا مستحب ہے یا نہیں اس باب میں اس کا بیان ہے

۳۶۸۲- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أُمِّي افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا وَإِنَّهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ تَصَدَّقَتْ أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَتَصَدَّقَ عَنْهَا.

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کسی آدمی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ماں کا یکایک دم نکل گیا میں جانتا ہوں اگر وہ بات کر سکتی تو البتہ خیرات کرتی تو میں خیرات کروں اس کی طرف سے آپ نے فرمایا ہاں پھر صدقہ دیا اس نے اس کی طرف سے۔

۳۶۸۳- أَنْبَأَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ عَنْ مَالِكٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ خَرَجَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ وَحَضَرَتْ أُمَّهُ الْوَفَاةُ بِالْمَدِينَةِ فَقِيلَ لَهَا أَوْصِي فَقَالَتْ فِيمَ أُوصِي الْمَالُ مَالُ سَعْدٍ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ سَعْدٌ فَلَمَّا قَدِمَ سَعْدٌ ذُكِرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَلْ يَنْفَعُهَا أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ فَقَالَ سَعْدٌ حَائِطُ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ عَنْهَا لِحَائِطٍ سَمَّاهُ.

حضرت سعید بن عمرو سے روایت ہے انہوں نے سنا اپنے باپ عمرو سے انہوں نے اپنے دادا سعید بن سعد سے کہ سعد بن عبادہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے ان کی ماں مدینہ طیبہ میں تھی وہ مرنے لگیں کسی نے کہا کچھ وصیت کر دو انہوں نے کہا میں سعد کے مال میں کیا وصیت کروں وہ وفات پا چکیں تھیں جب سعد آئے لوگوں نے سعدؓ کے روبرو یہ ذکر کیا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا اگر میں کچھ صدقہ کروں اپنی ماں کی طرف سے تو اس کو نفع پہنچے گا یا نہیں آپ نے فرمایا ہاں نفع پہنچے گا اس وقت سعد نے کہا فلانہ فلانہ باغ نام لے کر کہا ان باغوں کا کر خیرات کیا میں نے ان کو اپنی ماں کی طرف سے۔

## بَابُ ۱۸۰۴ فَضْلِ الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَيِّتِ

## بزرگی صدقہ کرنے کی میت کی طرف سے

۳۶۸۴- أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ قَالَ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا مَاتَ الْإِنْسَانُ انْقَطَعَ عَمَلُهُ إِلَّا مِنْ ثَلَاثَةٍ مِنْ صَدَقَةٍ جَارِيَةٍ وَعِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهِ وَوَلَدٍ صَالِحٍ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انسان مر جاتا ہے موقوف ہو جاتا ہے عمل اس کا یعنی کوئی کام نہیں کر سکتا جس کا فائدہ اس کو ملے مگر تین چیز کا فائدہ جاری رہتا ہے اول تو صدقہ جاریہ دوسرے وہ علم جس کے سبب سے فائدہ پہنچا لوگوں کو

www.sirat-e-mustaqeem.com



يَدْعُو لَهُ ۔

۳۶۸۵۔ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ قَالَ أَنْبَأَنَا إِسْمَاعِيلُ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَبِي مَاتَ وَتَرَكَ مَالًا وَلَمْ يُوصِ فَهَلْ يُكَفِّرُ عَنْهُ أَنْ أَتَصَدَّقَ عَنْهُ قَالَ نَعَمْ ۔

۳۶۸۶۔ أَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ سَعِيدٍ قَالَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنِ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ الثَّقَفِيِّ قَالَ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنَّ أُمِّي أَوْصَتْ أَنْ تُعْتَقَ عَنْهَا رَقَبَةٌ وَإِنَّ عِنْدِي جَارِيَةً نُوبِيَّةً أَفَيُجْزِئُ عَنِّي أَنْ أُعْتِقَهَا عَنْهَا قَالَ ائْتِنِي بِهَا فَأَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ رَبُّكِ قَالَتِ اللَّهُ قَالَ مَنْ أَنَا قَالَتْ أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ قَالَ فَأَعْتِقْهَا فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ ۔

۳۶۸۷۔ أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عِيسَى قَالَ أَنْبَأَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ سَعْدًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَلَمْ تُوصِ أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ ۔

۳۶۸۸۔ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْأَزْهَرِ قَالَ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ قَالَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَقَ قَالَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُمَّهُ تُوُفِّيَتْ أَفَيَنْفَعُهَا إِنْ تَصَدَّقْتُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّ لِي مَخْرَفًا فَأُشْهِدُكَ أَنِّي قَدْ تَصَدَّقْتُ بِهِ عَنْهَا

تیسرے اولاد نیک جو دعا کرے اپنے باپ کے لیے ف۱

حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے کسی آدمی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میرا باپ مر گیا ہے اور مال بھی چھوڑ گیا ہے لیکن وصیت نہیں کر گیا اگر میں اُس کی طرف سے صدقہ دوں تو اس کے لیے صدقہ کفارہ اور موجب نجات کا ہو سکتا ہے آپ نے فرمایا ہاں ہو سکتا ہے۔

حضرت شرید بن سوید ثقفی رض سے روایت ہے آیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا میں نے میری ماں نے وصیت کی تھی ایک بردہ آزاد کرنے کی اور میرے پاس ایک لونڈی ہے حبش کے ملک کی کیا جائز ہے اگر میں آزاد کروں اس لونڈی کو اس کی طرف سے آپ نے فرمایا اس کو میرے پاس لے کر آ پھر لے گیا میں آپ کے پاس اس کو آپ نے اس سے کہا تیرا رب کون ہے اس نے کہا میرا رب اللہ ہے پھر پوچھا اس سے میں کون ہوں اس نے کہا آپ اللہ کے رسول ہیں آپ نے فرمایا آزاد کر دے اس کو کیونکہ یہ ایمان والی ہے ف۲

حضرت ابن عباس سے روایت ہے سعد نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ میری ماں مر گئی اور کچھ وصیت نہیں کر گئی میں اس کی طرف سے خیرات کروں آپ نے فرمایا ہاں کر۔

حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کسی آدمی نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ماں مر گئی ہے اگر اس کے واسطے کچھ صدقہ دیا جاوے تو فائدہ ہوگا اس کو اس خیرات کا آپ نے فرمایا ہاں ہوگا اس آدمی نے کہا میرا ایک باغ ہے وہ باغ میں نے صدقہ کیا اس کی طرف سے اور اس پر آپ گواہ رہیے یا رسول اللہ۔

ف۱ صدقہ جاریہ جیسا مسجد اور تالاب اور مسافر خانہ وغیرہ اس کا ثواب آدمی کو ہمیشہ پہنچتا رہتا ہے۔

ف۲ اس سے معلوم ہوا کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ کو اپنا رب اور پیدا کرنے والا جانے اور رسول کی رسالت پر گواہی دے وہ شخص مومن ہے بشرطیکہ ارکان اسلام کا انکار کرے اور مومن کے ساتھ رعایت کرنا چاہیے جہاں تک بن آوے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



٣٦٨٩۔ أَخْبَرَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ أَفَيُجْزِئُ عَنْهَا أَنْ أُعْتِقَ عَنْهَا قَالَ أَعْتِقْ عَنْ أُمِّكَ ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے سعد بن عبادہ آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ میری ماں مرگئی اس پر ایک نذر تھی کیا مجھ کو جائز ہے اس کی طرف سے آزاد کرنا آپ نے فرمایا آزاد کر اس کی طرف سے ف۱

---

٣٦٩٠۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ عَنْ عِيسَى قَالَ حَدَّثَنَا عِيسَى وَهُوَ ابْنُ يُونُسَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَهُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّهُ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهِ عَنْهَا ۔

حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے سعد بن عبادہ نے مسئلہ پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نذر کا جو تھی ان کی ماں کے ذمہ اور وہ مرگئی تھی ادا کرنے سے پہلے آپ نے فرمایا ادا کر تو اے سعد اپنی ماں کی طرف سے اس نذر کو ۔

---

٣٦٩١۔ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ صَدَقَةَ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَهُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّهُ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ فَمَاتَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهِ عَنْهَا ۔

ترجمہ دونوں حدیثوں کا ایک ہی ہے

٣٦٩٢۔ أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ مَزْيَدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ قَالَ أَخْبَرَنِي الزُّهْرِيُّ أَنَّ عُبَيْدَ اللَّهِ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اسْتَفْتَى سَعْدٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَذْرٍ كَانَ عَلَى أُمِّهِ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ أَنْ تَقْضِيَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهِ عَنْهَا ۔

ترجمہ اس حدیث کا بھی اوپر کی حدیثوں سے ظاہر ہے ۔

---

ف۱ یعنی ان کی ماں نے ایک بردہ آزاد کرنے کی نذر مانی تھی اس واسطے آپ نے فرمایا کہ آزاد کر اس کی طرف سے بردہ ۱۲

www.sirat-e-mustaqeem.com


## باب ۱۰۵: ذِكْرُ الْاِخْتِلَافِ عَلَى سُفْيَانَ

## ذکر اختلاف کا جو واقع ہوا ہے سفیان پر

۳۶۹۳- قَالَ الْحٰرِثُ بْنُ مِسْكِيْنٍ قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ اسْتَفْتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى اُمِّهٖ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهٗ فَقَالَ اقْضِهٖ عَنْهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے تو اُنے پوچھا سعد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نذر کے باب میں تھی وہ نذر سعد بن عبادہ کی والدہ پر اور وہ مرگئیں تھیں اس نذر کے ادا کرنے سے پہلے جب سعد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا ذکر کیا آپ نے فرمایا تو ادا کر دے نذر کو اپنی ماں کی طرف سے ف۱

۳۶۹۴- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ سَعْدٍ اَنَّهٗ قَالَ مَاتَتْ اُمِّيْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اَقْضِيَهٗ عَنْهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سعد بن عبادہ کہتے تھے مرگئی تھی میری ماں اس پر نذر تھی میں نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ نے حکم کیا مجھ کو کہ ادا کر تو اس کی طرف سے وہ نذر۔

۳۶۹۵- اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اسْتَفْتَى سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَذْرٍ كَانَ عَلٰى اُمِّهٖ فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ تَقْضِيَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْضِهٖ عَنْهَا۔

ترجمہ وہی جو اوپر گزر چکا ہے

۳۶۹۶- اَخْبَرَنَا هٰرُوْنُ بْنُ اِسْحٰقَ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ هِشَامٍ هُوَ ابْنُ عُرْوَةَ عَنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اُمِّيْ مَاتَتْ وَعَلَيْهَا نَذْرٌ وَلَمْ تَقْضِهٖ قَالَ اقْضِهٖ عَنْهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے سعد بن عبادہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ میری ماں مرگئی ہے اور اس کے اوپر نذر رہ گئی ہے ادا کر کے نہیں گئی آپ نے فرمایا کہ تو ادا کر دے اس کی طرف سے۔

۳۶۹۷- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ هِشَامٍ عَنْ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میری ماں مرگئی ہے کیا

---

ف۱ اس حدیث کے لفظوں میں اور اوپر کی حدیثوں کے لفظوں میں ذرا سا فرق ہے چنانچہ دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ سَقْيُ الْمَاءِ۔

میں کچھ خیرات کروں اس کی طرف سے آپ نے فرمایا ہاں کر میں نے عرض کیا کون سے صدقہ کا ثواب بڑھ کر ہے آپ نے فرمایا پانی پلانے کا ثواب بڑھ کر ہے۔

۳۶۹۸۔ أَخْبَرَنَا أَبُو عَمَّارٍ الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ عَنْ وَكِيعٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ سَقْيُ الْمَاءِ۔

حضرت سعد بن عبادہ سے روایت ہے میں نے کہا یا رسول اللہ کون سا صدقہ افضل ہے آپ نے فرمایا پانی پلانا (یعنی جہاں پانی کی احتیاج ہو وہاں تالاب بنوانا یا نہر لانا یا کنواں کھدوانا اور صدقوں سے ثواب میں بڑھ کر ہے کیونکہ پانی سے زندگی ہے سب کی۔

۳۶۹۹۔ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ حَجَّاجٍ قَالَ سَمِعْتُ شُعْبَةَ يُحَدِّثُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ أَنَّ أُمَّهُ مَاتَتْ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّ أُمِّي مَاتَتْ أَفَأَتَصَدَّقُ عَنْهَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَأَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ قَالَ سَقْيُ الْمَاءِ فَتِلْكَ سِقَايَةُ سَعْدٍ بِالْمَدِينَةِ۔

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کہا سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے یا رسول اللہ میری ماں مرگئی ہے میں کچھ خیرات کروں اس کی طرف سے آپ نے فرمایا ہاں کر سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نے پوچھا کون سا صدقہ ثواب میں بڑھ کر ہے آپ نے فرمایا پانی پلانا تو سعد ہی کی سبیل ہے اب تک مدینہ میں۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْوِلَايَةِ عَلَى مَالِ الْيَتِيمِ [۱۸۲]

## یتیم کے مال کا والی ہونے کی ممانعت کے بیان میں

۳۷۰۰۔ أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي جَعْفَرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي سَالِمٍ الْجَيْشَانِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَبَا ذَرٍّ إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي لَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ عَلَى مَالِ يَتِيمٍ۔

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اے ابو ذر میں دیکھتا ہوں تجھ کو ضعیف اور میں چاہتا ہوں تیرے لیے وہ چیز جو چاہتا ہوں اپنے نفس کے لیے سرداری نہ کرنا دو آدمیوں کی اور والی نہ ہونا مال پر یتیم کے ف

ف اس سے معلوم ہوا کہ سرداری اور ولایت سے مال یتیم کی پرہیز کرنا چاہیے خصوصاً جو شخص طاقت نہ رکھے اس کام کے نبھانے کی۔

www.sirat-e-mustaqeem.com


## باب ۸۰۱ مَا لِلْوَصِيِّ مِنْ مَّالِ الْيَتِيْمِ إِذَا قَامَ عَلَيْهِ

## کیا وصی کو بھی کچھ پہنچ سکتا ہے یتیم کے مال میں سے جب کہ وہ مقرر ہووے اس مال پر

۳۷۰۱ - اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ فَقِيْرٌ لَيْسَ لِيْ شَيْءٌ وَلِيْ يَتِيْمٌ قَالَ كُلْ مِنْ مَالِ يَتِيْمِكَ غَيْرَ مُسْرِفٍ وَلَا مُبَاذِرٍ وَلَا مُتَاَثِّلٍ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہے آیا ایک آدمی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہنے لگا میں فقیر ہوں نہیں میرے پاس کچھ چیز اور میرے پاس یتیم بھی ہے آپ نے فرمایا اس کو کھا لیا کر مال میں سے یتیم کے لیکن اسراف نہ کرنا اور بے جا نہ کھانا اور اپنے لیے مال نہ جوڑنا۔

۳۷۰۲ - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ حَكِيْمٍ قَالَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُدَيْنَةَ عَنْ عَطَاءٍ وَهُوَ ابْنُ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ وَاِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا قَالَ اجْتَنَبَ النَّاسُ مَالَ الْيَتِيْمِ وَطَعَامَهٗ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَشَكَوْا ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ اِلٰى قَوْلِهٖ لَاَعْنَتَكُمْ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جس وقت یہ آیت اتری وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ وَاِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اور پاس نہ جاؤ یتیم کے مال کے مگر جس طرح بہتر ہو[ف] اور جو لوگ کھاتے ہیں مال یتیموں کے ناحق وہ نہیں کھاتے ہیں اپنے پیٹ میں مگر آگ ان آیتوں کو سن کر لوگ ڈر گئے اور کنارہ اور پرہیز کرنے لگے مال سے یتیم کے اور کھانے سے یتیم کے لیکن یہ پرہیز مشکل اور کٹھن ہو گیا مسلمانوں پر آخر شکایت بیان کی لوگوں نے اس تکلیف کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روبرو پھر اتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ لَاَعْنَتَكُمْ۔ تک اور لوگ پوچھتے ہیں تجھ سے یتیموں کا حکم تو کہہ سنوارنا ان کا بہتر ہے اور اگر خرچ ملا رکھو ان کا تو تمہارے بھائی ہیں اور اللہ کو معلوم ہے خرابی کرنے والا اور سنوارنے والا اگر چاہتا اللہ تم پر مشکل ڈالتا اللہ زبردست

---

ف مگر جس طرح بہتر ہو یعنی اس کے مال کو سنوارے تو مضائقہ نہیں۔

www.sirat-e-mustaqeem.com



ہے تدبیر والا ف

٣٧٠٢- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ قَالَ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَا عَطَاءُ ابْنُ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ قَوْلِهٖ اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتَامٰى ظُلْمًا قَالَ كَانَ يَكُوْنُ فِيْ حَجْرِ الرَّجُلِ الْيَتِيْمُ فَيَعْزِلُ لَهٗ طَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ وَاٰنِيَتَهٗ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ فَاَحَلَّ لَهُمْ خُلْطَتَهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے بیان میں اور شان نزول اس آیت کے اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی ظُلْمًا - یعنی جو لوگ کہ کھاتے ہیں مال یتیموں کے ظلم سے ابن عباس فرماتے ہیں اس آیت شریف کے اترنے کے بعد جس آدمی کی پرورش میں یتیم تھا اس نے اس یتیم کا کھانا اور پینا اور برتن سب جدا کر دیئے آخر یہ بات مشکل ہوگئی مسلمانوں پر اس وقت یہ آیت اتاری اللہ عزت اور بزرگی والے نے وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ۔ یعنی اگر خرچ ملا رکھو ان کا تو تمہارے بھائی ہیں دین کے ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر اللہ تعالیٰ نے اجازت دی ان کو کہ یتیموں کو شامل کرلیں اپنے کھانے پینے میں

## بَابُ ١٨٠٨ اجْتِنَابِ اَكْلِ مَالِ الْيَتِيْمِ
## یتیم کا مال کھانے سے پرہیز کرنا چاہیے

المکتبۃ الرحمانیۃ لاہور 05433

٣٧٠٣- اَخْبَرَنَا الرَّبِيْعُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِي الْغَيْثِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اجْتَنِبُوا السَّبْعَ الْمُوْبِقَاتِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا هِيَ قَالَ الشِّرْكُ بِاللّٰهِ وَالشُّحُّ وَقَتْلُ النَّفْسِ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَكْلُ الرِّبَا وَاَكْلُ مَالِ الْيَتِيْمِ وَالتَّوَلِّيْ يَوْمَ الزَّحْفِ وَقَذْفُ الْمُحْصَنَاتِ الْغَافِلَاتِ الْمُؤْمِنَاتِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات چیزیں آدمی کو ہلاک کرتی ہیں ان سے بچتے رہو کسی نے پوچھا وہ کون سی چیزیں ہیں یا رسول اللہ آپ نے فرمایا کسی کو اللہ کا شریک بنانا اور دوسرے جادو کرنا اور تیسرے مار ڈالنا جان کا وہ جان جس کا مارنا اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہے مگر کسی حق کے سبب مار ڈالی جاوے وہ جان تو مضائقہ نہیں۔ اور چوتھا سود کھانا۔ اور پانچواں یتیم کا مال کھانا اور چھٹے پیٹھ دینی لڑائی کے وقت اور ساتویں زنا کی تہمت لگانا پاک دامن عورتوں کو جو بے خبر ہیں بری باتوں سے اور ایمان والیاں ہیں۔

ف یتیموں کے حق میں پہلے تقید اترا کہ جو کوئی ان کا مال کھاوے اس نے اپنے پیٹ میں آگ بھری۔ پھر جو کوئی یتیموں کے رکھنے والے تھے ان کے مال اور خرچ کھانے پینے کا جدا رکھنے لگے کہ ہمارے خرچ میں کوئی چیز نہ آجاوے پھر سخت مشکل پڑی کہ ایک چیز یتیم کے واسطے تیار کی اس کے کام میں نہ آئی تو ضائع ہوئی یہ حکم اترا کہ خرچ اپنا ان کا ملا رکھو تو مضائقہ نہیں۔ کہ ایک وقت ان کی چیز آپ خرچ کرے تو دوسرے وقت اپنی چیز ان کے کام لگائے لیکن نیت چاہیے سنوارنے کی اللہ نیت دیکھتا ہے (موضح القرآن) اس فائدے سے حدیث کا مطلب بخوبی واضح ہو گیا ہے اور کچھ لکھنے کی حاجت نہیں۔

تمت بالخیر

www.sirat-e-mustaqeem.com